بعون صناع مکین و مکان و فضل خلاق زمین و آسمان

کیمیای عناصری

ترجمہ اردو

قرابادین قادری

مطبع نامی منشی نولکشور لکھنؤ میں مزین بہ طبع ہوا

لله جز - ۵ ورق

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ایسی تعریف کہ لائق جناب مستطاب حضرت باری تعالے
کے ہو سوا اُس ذات پاک کے اور کسی سے نہین ہو سکتی ہی
پس زبانین بندون کی ایسی ذات پاک کو سوائے لا احصی
ثنا ء علیک کے کیا تعریف کرین پاک ہی اللہ حکمت والا
بزرگ کہ اُسی کے لئے بزرگی و جبروت ہی اور دُرود
بے انتہا کہ ایزد معبود نے امر یا ایہا الذین آمنوا صلوا علیہ
وسلموا تسلیما کے ساتھ اُسکا حکم فرمایا لائق ہمارے پیغمبر
کی درگاہ عرش بارگاہ کے ہی جو تمام پیغمبرون کا بادشاہ
محمد رسول اللہ ہی اور درود بھیجے اللہ اُنپر اور انکی اولاد پر
کہ مقصود پیدائش آدم اور مراد آفرینش عالم سے وجود
فیض آمود اُنکا تھا اور اُنپر اور اُنکی اولاد پر بزرگتر درود
ہین درمیان ملک و ملکوت کے بعد حمد و نعت کے
رائے بعداقت پیرائے پر طالبون حرف تحقیق اور

حکیمون صاحب تدقیق کے پوشیدہ نہ رہے کہ بڑا
وسیلہ اور بڑی بزرگی نزدیک خالق تعالے کے
خدمت کرنا اُسکے مخلوق کی ہی خواہش دل و خاکساری
سے اسی لیے کہ خدمت و بزرگداشت خلائق کی کہ خاص
واسطے خوشی خدا کے ہو حقیقت مین پرستش و تعظیم
خالق المخلوقات کی ہی بڑی ہی بزرگی اُسکی اور
ظاہر ہی کہ جو عیادت یعنی پوچھنا بیمار کا کہ صرف
دریافت کرنا حال کا اور خوشخبری دینا ہی عبادت
ہوا اور سنت ٹھہرا پس مرتبہ مباشرت علم ابدان
کا کہ شامل اقسام خدمتون اور وسیلہ حاصل ہونے
انواع عبادتون اور نیکیون کا ہی اگر اللہ ہو اور درگاہ
مین واہب العطیات کے درجہ قبولیت کا پائے
یقیناً سب مرتبون عبادات سے زیادہ ہوگا

بلحاظ اس بات کے فقیر محبت کا طریقہ رکھنے والے اقرار
کرنے والے محمد اتی سید محمد اکبر عرف محمد ارزانی
نے بعد حاصل کرنے اور علوم کے تحقیق مسائل طب مین
کوشش پوری کی اور تجربہ و عمل مین محنت تمام خرچ
کی اور خدمت کرنی بندون کی سعادت جاتی اور اس
بہت سے کہ اس فقیر بے سروپا کو بعد نکلنے کے اس
تنگناے دنیا سے بھی آدمیون کی دعا سے حصہ ملے کئی کتابین
اس علم مین تصنیف کین کہ اس عاجز کے گمان مین ہر ایک
کتاب خالی حسن و لطافت سے نہین ہی بخشش کریم کارساز
رحیم بندہ نواز سے امید یہ ہی کہ مولفات اس
حقیر ترین مخلوقات کے قیامت تک رائج رکھکر
خلائق کو انسے فائدہ مند کرے اور اس گنہگار
کو اپنے فضل سے بسبب خوشنودی مخلوقات
کے سرافراز کرے اور نہین ہی مجکو توفیق مگر جانب
خدا سے تصنیفات پہلی ان کتابون سے تلخیص طب النبی ہی
کہ ملا جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے اقوال اطبا
کو ساتھ احادیث شریفہ کے موافق کرکے جمع کیا ہی
تالیف دوسری طب الاکبر ہی۔ تیسری مفرح القلوب
ہی چوتھی میزان الطب پانچوین تعارف الامراض
چھٹی مجربات اکبری اور اس زمانے مین کہ سنہ
ایک ہزار ایک سو چھبیس ہجری مین ملہم غیب سے
اس بات پر مامور ہوا کہ ایک قرابادین ایسی لکھے کہ
کہ بسبب کثرت فائدون کے آجتک کسی نے نہ لکھی
ہو اور جو کہ عمدہ غرض سب ترکیبون سے نکالنا انکا
آسانی سے وقت حاجت کے تھا اور اس امر کا حاصل
ہونا تحریر مین ترکیبون کی ذیل مین بیماریون مخصوصہ کے
احسن نظر آتا تھا اسی ترتیب سے ساتھ رعایت حروف
تہجی کے ہر جگہ مرتب کیا اور جو کچھ کہ ساتھ ہر عضو کے
مخصوص تھا اسکو اسی جگہ لکھا اور مشترک النفع کو بحث
مین مقدم رکھا اور مجربات ہندیہ کو ترتیب علل حرف
دال مین ہر جگہ مخصوص کیا اور کشادگی مین کلام کے کہ
مقام طب کو لازم ہی کسی چیز کو بقدر ضروری نہین
چھوڑا چنانچہ حکیمون ارجمند اور طبیبون طبع بلند پر
حسن سعی اس مستمند کا نہ چھپے گا۔ شعر
از عزیزان دعا طمع دارم ۔ زانکہ بس عاجز و گنہگارم
اور اس سبب سے کہ یہ فقیر مرید جناب معارف مآب
محبوب سبحانی مقبول بارگاہ یزدانی خلاصہ خاندان نبوی
نقاوۂ دودمان مرتضوی حضرت سید عبد القادر جیلانی
کا ہی راضی ہو اللہ انسے اور فائدہ دے ہمکو انکی روح
پاک کی برکتون سے اس نسخے کو یہ قرابادین قادری
مسمی کیا امید درگاہ شفا دینے والے بیماریون سے
وہ ہی کہ برکت اہلبیت کرام و اولیاے عظام سے
تمام خلق کو فائدہ مند کرے اپنے احسان و کرم سے
اور جاننا چاہیئے کہ قرابادین لفظ یونانی ہی کہ ادویہ
مرکب پر اطلاق کرتے ہین اور اس رسالے مین
تیئس باب ہین۔

باب پہلا بیچ بیان ادویہ سر کے

حرف الالف

کہ ترکیب مسطور نہایت کڑوی ہو اس نام سے کشنیز کو کس لیے کہ جزو اعظم اس تر کا ہڑ کا پوست بہیڑے جو ایا ایج صاحب آملہ مقشر سب اجزا وزن مین برابر چہانکر روغن بادام یا گھی مین چرب کر کے ساتھ شہد یا قند مقوم یا مویز منقی یا کشمش کوفتہ کے ملائین مقدار شیرینی اگر دو چند کرین فعل دوا کا پورا ہوتا ہی اور شیرینی اگر دو چند وزن ادویہ کے ہو تو فعل دوا کا کامل تر ہوتا ہی اور سہ چند بھی کر سکتے ہین تو لشباعت کم ہو جائے اور جس قدر شہد زیادہ ہو حرارت و لطافت اطریفل کی زیادہ ہوتی ہی اور فصل مین گرمی کی عوض شہد کے قند اولیٰ ہی اور سردی کے ایام مین شہد بہتر ہی اور شہد خام حرارت و حدت مین زیادہ اور دوائیت سے نزدیک ہی اور شہد کف گرفتہ عکس اُسکا ہی خصوصاً اگر شہد کو ساتھ پانی کے جوش کرین اور جو اطریفل کہ مویز منقی سے بنایا جائے واسطے تقویت جگر کے مخصوص ہی اور جو اطریفل کہ تینون ہڑین اسمین ہڑین ہون بہ نسبت اُس اطریفل کے کہ ہڑ کابلی اکیلی اسمین ہو قوی زیادہ ہی اور جب رکھنا اطریفل کا مدت دراز تک مطلوب ہو روغن بادام واسطے چرب کرنے کے بہتر ہی اسلیے کہ روغن مذکور تعفن سے بعید ہی اور اگر دیر تک رکھنا منظور نہین ہی روغن گاؤ بہتر ہی اسلیے کہ روغن گاؤ مزاج انسانی سے مشاکلت رکھتا ہی اور استعمال اطریفلات کا بطریق دوام کے نہ چاہیے کہ معدے کو ضعیف کرتا ہی اور بعد

تیار ہوے نہ دوے کا استعمال مین اطریفل کے شرط ضروری نہین ہی اور بعض اطبا آملہ کو دودھ مین پرورده کر کے اطریفل مین ڈالتے ہین لیکن اولیٰ یہ ہی کہ بدون پرورده کرنے کے یعنی جیسا ہی ویسا ہی ڈالین مقدار شربت اطریفل کا دو درم سے پانچ درم تک ہی۔

اطریفل کشنیز۔ کہ درد سر اور آنکھ کے درد اور کان کے درد کو بسبب بخارات کے ہو دور کرتا ہی اور معدے کو بھی قوت دیتا ہی نسخہ اس کا بعینہ نسخہ اطریفل صغیر کا ہی ساتھ زیادہ کرنے کشنیز کے اور وزن کشنیز کا اصل مین برابر اُسکے ایک جزو کے ہی یعنی سب اجزا مع کشنیز وزن مین برابر ہون اور بعض لوگون نے وزن کشنیز کا زیادہ کیا ہی یہانتک کہ برابر وزن سب اجزا کے کیا ہی اور جلد منع کرنے مین بخارات کے اثر سے خالی نہین ہی لیکن جس اطریفل کو کہ اُسمین کشنیز بہت ہی مقدار مین بہت اور بہت دن نہ کھائین اس لیے کہ نسیان پیدا نہ کرے۔

فائدہ۔ مستعمل اطریفل مین تخم کشنیز ہی اور مراد کشنیز خشک سے نزدیک اطبا کے یہی ہی نہ یہ کہ بعض اطبا نے زعم کیا ہی کہ برگ کشنیز تر کو خشک کر کے کام مین لائین

اطریفل کبیر۔ کہ واسطے تقویت دماغ اور اصلاح سودا کے مفید ہی اور ریاح لوا سیر اور نفخ معدہ اور برص و بہق کو بھی نافع ہی کابلی ہڑ

کابلی ہڑ کا پوست بہیڑے کا پوست آنولا مقشر تخم کرفس جبلی ہر ایک چھ درم شیطرج ہندی نانخواہ صعتر ہر ایک دو اوقیہ سنبل الطیب حماما ہیل وج ہر ایک تین درم دار چینی دو درم فلفل سیاہ و سفید نارمشک ملح ہندی ہر ایک آدھا اوقیہ خردل ڈیڑھ اوقیہ خبث الحدید تین اوقیہ نوشادر آدھا درم روغن بادام مین چرب کرکے ساتھ شہد کے کہ تین حصے ادویہ کے ہو ملائین اور دو نسخے اسی اطریفل کبیر کے ادویۂ معدہ مین لکھے جائینگے۔

اطریفل افتیمونی - کہ واسطے مواد سوداوی تنقیۂ دماغ کے اور واسطے جنون اور امراض باردہ دماغی کے نافع ہی مقدار شربت اُسکی دو مثقال سے پانچ مثقال تک ہی کابلی ہڑ کا پوست آنولا مقشر بہیڑے کا پوست ہر ایک دس مثقال تربد موصوف افتیمون سنا مکی ہر ایک پانچ مثقال شیطرج بسفائج اسطوخودوس گل سرخ ہر ایک تین مثقال انیسون نمک ہندی ہر ایک دو مثقال شہد تین حصے۔

اطریفل زمانی - کہ منقی دماغ و مسہل اخلاط ثلثہ ہی بدا ومت اُسکی واسطے قطع نزلہ کے مجرب اور مانع صعود بخارات کا ہی اور واسطے اقسام مالیخولیا خصوصاً مراقی کے اور واسطے قولنج کے نافع اور پاک کرنے والا معدے کا ہی اور قوت اُسکی دو برس تک باقی رہتی ہی اور مقدار شربت اُسکے واسطے اسہال کے چار مثقال سے چھ مثقال تک اور بشرط مداومت ہر روز ایک مثقال سے دو مثقال تک ہی اور یہ اطریفل نافذیا سے بہتر ہی اور مسہل بے زحمت و صاحب کابلی ہڑ کا پوست ہڑ سیاہ افتیمون بصل الفار بریان سقمونیا دس مثقال تربد موصوف کشنیز خشک (ہندا[12]) ن ہر ایک سوا مثقال بہیڑے کا پوست آنولا مقشر گل سرخ طباشیر اسارون گل نیلوفر ہر ایک پانچ مثقال صندل سفید کتیرا ہر ایک تین مثقال روغن بادام شیرین تیس مثقال ان ادویہ کو کوٹ کر چھان کر روغن سے چرب کرین اور عناب سو عدد سپستان سو عدد گل بنفشہ دس مثقال پانی مین جوش کرکے چھانین اور ڈیڑھ وزن شیرۂ بلیلہ اور ایک وزن شہد کف گرفتہ کے ساتھ قوام کرین پھر ادویۂ مذکور الصدر اور مشک اور ورق طلا اور ورق نقرہ ڈالکر اطریفل تیار کرین

اطریفل - کہ وسواس و مالیخولیا کو فائدہ کرتا ہی پوست بلیلہ کابلی پوست ہلیلہ آملہ مقشر ہر ایک دس درم افسنتین سنا مکی شیطرج افتیمون بسفائج تربد موصوف اسطوخودوس ہر ایک پانچ درم مصطگی سنبل الطیب جوزبوا ہر ایک دو درم گاؤزبان تخم فرنجمشک حجر لاجورد حجر ارمنی مغسول بادرنجبویہ ہر ایک چار درم تخم کرفس انیسون ہر ایک تین درم کوٹ کر چھان کر روغن بادام سے چرب کرکے ساتھ شہد مصفی یا مویز منقی کے ملاکر اطریفل تیار کرین -

فائدہ - اطریفل معرب تریپھلے کا ہی اور تریپھلا ہندی مین ہلیلہ بلیلہ آملہ کو کہتے ہین -

ایارج فیقرا - وہ دوا ہی کہ پہلے تالیف ہوئی اور ایارج بکسر ہمزہ لفظ یونانی ہی بمعنی شریف اور تفسیر اُسکی دوائے الٰہی ہی کس لیے کہ بسبب بزرگی قدر اُسکی کے منسوب بحق کیا ہی اور فیقرا بمعنی تلخ ہی اور اسی سبب سے

کہ ترکیب مسطور نہایت کڑوی ہی اس نام سے مسمّیٰ ہوئی
کس لیے کہ جزو اعظم اس ترکیب مین یا صبر ہی یا حضض
جو ایارجہ صاحب صبر ہی وہ مسہل ہی اور جو صاحب حضض ہی (ایلوا ۱۲ رسوت ۱۲)
بعض خون ہی اور جو تاویل لفظ ایارج فیقرا کے ساتھ
مسہل ملح کے ہی اُس صورت مین درست ہوتی ہی
کہ اُسمین صبر پڑا ہو نہ حضض اور جو نسخہ اسکا کہ بقراط نے
تالیف کیا اور سب ترکیبون پر مقدم ہی یہ ہی سنبل الطیب
دارچینی سلیخہ حب بلسان عود بلسان مصطگی اسارون
زعفران ہر ایک ایک جزو یعنی مساوی الوزن صبر
سقوطری دو چند یا سہ چند سب اجزا کا مقدار شربت
دو درم ساتھ شہد اور گرم پانی کے وقت سونے کے
اُس حالت مین کہ معدہ پر نہو اور کہتے ہین کہ یہ ایارج
گردے کو مضر کرتی ہی اور مصلح اُسکا عناب ہی اور
کہتے ہین کہ ایارجون کا حق وہ ہی کہ وقت استعمال کے
افتیمون کے پانی مین حل کرین بالجملہ ایارج فیقرا تنقیہ
فضول دماغی اور دور کرنے فالج ولقوہ و استرخاء
وثقل زبان کے مجرب ہی اور واسطے تنقیۂ طبقات
معدہ اور کھولنے قولنج اور دور کرنے قی قولنجی اور
رفع کرنے وجع مفاصل کے بھی نافع ہی اور غرغرہ
کرنا اُس سے بعد اسہال کے جلب مین رطوبات کے
اور دور کرنے لقوے کے مفید ہی اور پر مرغ کا
روغن مین چرب کرکے شہد مین آلودہ کرکے ایارج
مین اُسکو آغشتہ کرکے حلق مین ڈالنا بڑا مقئی ہی اور
اطبا نے موافق خواہش حاجت کے اور دلائل (قی آور ہو ۱۲)
وقت کے اس نسخہ مین بہت تصرف کیا ہی چنانچہ

داخل صداع حارمین اور نزدیک غثیان اور قی کے
گل سرخ منزوع الاقماع بدلے زعفران کے کیا ہی اور
نزدیک حاجت تلطیف شدید کے عوض اسارون کے
کبابہ مقرر کیا ہی اور واسطے منع کرنے تہیج کے کہ جو
لازم ہی اور واسطے دفع کرنے اُسکی دشمنی کے امعا سے
ضعیف الامعا کے لیے اذخر کو زیادہ کرنا واجب جانا
ہی اور بعض اطبا نے واسطے اسی غرض کے مقل (کوگل ۱۲)
ایک جزو داخل کیا ہی اور واسطے تنقیۂ کبد کے عصارہ
غافث زیادہ کیا ہی اور بعضون نے واسطے تلطیف
خلط غلیظ کے قرنفل جوزبوا بسباسہ بڑھایا ہی اور
واسطے تنقیۂ دماغ کے سودا سے اسطوخودوس
زیادہ کیا ہی اور وقت حاجت کے ساتھ نکالنے
بلغم کثیر کے شحم حنظل ملاتے ہین اور ایارج مشحم کہتے
ہین اور جاننا چاہیے کہ عمل ایارج دیر مین ہوتا ہی مگر یہ کہ
اُسکو شہد مین ملائین اور جس ایارج مین صبر مغسول پڑا
ہو ضعیف الاثر ہی لیکن گرم مزاج کو مفید ہی اور [illegible]
خاصۃً کہ آب کاسنی کے ساتھ دھویا ہو اور طریق رکھنے
ایارج کا تین طرح پر ہی ایک وہ کہ اُسی طرح سفوف
کے مانند ہو قوت اسکی زیادہ تین مہینے سے نہین
رہتی ہی دوسرا وہ کہ دو وزن شہد اُسمین ملائین
یہ امعن اور اسہال مین قوی تر ہی قوت اسکی چار
برس تک رہتی ہی تیسرا وہ کہ مقل کے پانی مین گھول کر
قرص بنائین اور چھاؤن مین خشک کرین اور شیخ الرئیس
نے اسی کو اختیار کیا ہی اور یہ رنج و ضرر سے
سالم تر ہی اور شیخ الرئیس نے کہا ہی کہ یہ طریق سب سے

بہتر دیکھا گیا قوت اسکی چھ مہینے تک باقی رہتی ہی
اور استعمال صبر کا امتلائے معدہ مین روا نہین ہی

ایارج فیقرا۔ کہ رطوبات دماغی کو خشک کرے
درد صداع بلغمی وسوداوی کو دور کرے اور لوبا
وحمیات کہنہ کو دفع کرے اذخر انیسون قسط خیطانا
(کوٹھ ۱۲ اکھان بیلا ۱۲)
قصب الذریرہ سلیخہ عصارہ افسنتین شاہترہ زعفران
(جوانیا ۱۲ چیچ ۱۲)
جعدہ ہر ایک ایک درم حضض عصارہ غافث ہر ایک
(ثبا ایک ۱۲)
تین درم مقدار شربت ڈیڑھ درم یہ ایارج مؤلف
یحیی ابن ماسویہ کی ہی اور نسخہ دوسرا بھی اُسی کا ہی
کہ حضض اُسمین برابر سب اجزا کے ہی بواسیر مین لکھا
جائیگا اور یہ نسخہ شدید القبض ہی۔

ایارج فیقرا۔ کہ واسطے تنقیۂ فضول سر کے
مجرب ہی اور علل رویہ دماغی کو نفع کرتی ہی شحم حنظل
دس مثقال کندر فلفل ابیض فلفل اسود دار فلفل ہر ایک
چار مثقال زعفران مر صبر اشق حاشا ہر ایک ایک
مثقال سقمونیائے مشوی چھ مثقال عصارہ افسنتین
دو مثقال کوٹ کر چھان کر پانی مین بنائین مقدار
شربت چار مثقال ہی۔

ایارج جالینوس۔ کہ صرع و مالیخولیا و فالج و سکتہ
و رعشہ و لقوہ و تشنج و صداع و شقیقہ و دوار و صمم و
درد گوش کو نافع ہی و عسر النفس و درد گردہ و درد
مثانہ و نقرس و مفاصل و عرق النسا و داء الحیہ و داء الثعلب
و قروح کہنہ دبد و استرخاء مثانہ و امراض بلغمی و
سوداوی و سلس البول کو مفید ہی و منقی اخلاط
غلیظہ و لزجہ و مدر حیض ہی اور سب منافع مین ایارج
لوغاذیا سے بہتر ہی اور مسہل بے زحمت و صاحب
برکت شحم حنظل غاریقون بصل الفار بریان سقمونیا
(کندا ۱۲)
مشوی خربق سیاہ فربیون غاریقون ہر ایک سولہ
درم بسفائج کماذریوس افتیمون سلیخہ ہر ایک سات
درم سکبینج زراوند طویل و مدحرج فلفل سیاہ فلفل سفید
دار فلفل دار چینی جاؤشیر جند بیدستر فطراسالیون ہر ایک
چار درم کوٹ کر چھان کر ساتھ سہ چند شہد کے تیار کرین
مقدار شربت چار مثقال ساتھ اُس جوشاندہ کے کہ مناسب
ہر مرض کے ہو قوت اُسکی چار برس تک باقی رہتی ہی
اور تیس برس تک بھی لوگون نے کہا ہی اور بہتر یہ ہی
کہ شہد اسمین خام ہو یعنی آتش نادیدہ۔

ایارج۔ کہ اُسکو ایارج بوقیقراطس کہتے ہین درد
سر کو کہ بخار فاسد سے ہو دور کرے اور واسطے رطوبت
معدہ و غم و خوف و سائر علل سوداوی و بلغمی کے
نافع ہی اور مقدار شربت اُسکے موافق ایارج جالینوس
کے ہی خبطیانا سنبل زراوند مدحرج سلیخہ دارچینی ہر ایک
آدھا درم عطر اسالیون کماذریوس فلنجمویہ اسطوخودوس
ہر ایک ایک درم مرصافی چار درم حب البلسان زعفران
ہر ایک ڈیڑھ درم صبر اٹھارہ درم شحم حنظل چھ درم
ساتھ شہد کے بنائین۔

ایارج لوغاذیا۔ برابر منافع ایارج جالینوس
کے ہی باب اورام و بثور مین مذکور ہوگی۔

انقرودیا کبیر۔ کہ فالج و لقوہ و صرع و نسیان
اور سب امراض بلغمی کو نافع ہی اور تقویت ہضم و
باہ کے لیے مفید عاقرقرحا شونیز قسط فلفل دار فلفل

وج ہر ایک دس درم سداب جنطیانا حلتیت زراوند
مدحرج حب الغار جند بید ستر خردل شیطرج ہندی
ہر ایک پانچ درم عسل بلادر ساڑھے چار درم
ادویہ کو کوٹ کر چھان کر روغن اخروٹ سے
چرب کرکے سہ چند شہد صاف مین بنائین اور بعد
چھ مہینے کے استعمال کرین بعد اسکے کہ جو مین
اُسکو رکھا ہو مقدار شربت ایک مثقال ہو۔

انقرو یا صغیر۔ منافع اسکے قریب کبیر کے ہین
ہڑ سیاہ بہیڑے کا پوست آملہ مقشر ہر ایک دس درم
سعد سنبل کندر وج فلفل زنجبیل عسل بلادر ہر ایک
پانچ درم ادویہ کو کوٹ کر چھان کر روغن اخروٹ
مین چرب کرکے سہ چند وزن شہد کے ساتھ بنائین
اور بعد چھ مہینے کے استعمال کرین۔

انقرو یا۔ کہ مصروع کو نہایت نافع ہو پوست
ہڑ کابلی پوست بہیڑے کا آملہ مقشر کشنیز خشک اسطوخودوس
ہر ایک پانچ درم جند بید ستر عود صلیب صعتر شہد
بلادر ہر ایک تین درم سہ چند وزن شہد صاف
مین بطریق معہود بنائین بعد چرب کرنے کے روغن
اخروٹ سے۔

فائدہ۔ انقرو یا لفظ رومی ہو یعنی مشابہ دل کے
اور جو بلادر کی شکل صنوبری ہو انقرو یا نام بلادر کا
رکھا گیا اور جو بلادر جزو اعظم اس ترکیب کا ہو انقرو یا (بھلاوان ۱۲)
نام اسی مرکب کا بھی رکھا گیا اور اسی معجون انقرو یا کو
معجون بلادر بھی کہتے ہین اور بسبب دفع کرنے اس
معجون کے بہو مین دواء الشعر بھی کہتے ہین۔

انوشدارو۔ دواے ہندی ہو اور بدون ہمزہ
کے یعنی نوشدارو بھی کہتے ہین تقویت مین دماغ اور جمیع
اعضاے رئیسہ کے مجرب ہو اور دور کرنیوالی خفقان
وخوف کی اور اچھا کرنے والی رنگ کی اور خوشبو
کرنے والی بدن کی اور پسینے کی اور زیادہ کرنیوالی
باہ و شہوت کی ہو اور دوام استعمال اسکا نہایت نشاط
پیدا کرنے والا ہو یہانتک کہ کثرت ضحک وطیب نفس سے
ایک حالت مشابہ رعونت کے عارض کرتا ہو اور بڑھاپے
کو دیر مین لاتا ہو اور صاحب ذخیرہ کہتا ہو کہ مین نے اسکو
امر باہ مین اور تقویت دل مین عجیب الاثر پایا ہو اور
یہ فقیر بھی مصدق اسکے اثر کا ہو اور تقویت جگر وسوء القنیہ
مین قوی الاثر دیکھا ہو قبل طعام کے اور بعد اُسکے کھا سکتے
ہین مقدار شربت اسکا ایک درم سے تین درم تک ہو
گل سرخ اقماع سے پاک کیا گیا چھ درم سعد کوفی پانچ
درم قرنفل مصطگی اسارون سنبل ہر ایک تین درم زرنب
بسباسہ قاقلتین یعنی بڑی اور چھوٹی الائچی جوزبوا قرفہ
زعفران ہر ایک دو درم آملہ مقشر ایک رطل قند وعسل
بالمناصفہ دو رطل بدستور معروف کے معجون بنائین اور
بعضے اطبا نے آملہ کو برابر سب اجزا کے کہ ثلث رطل
سے کچھ زیادہ ہوتا ہو تحریر کیا ہو اور بعضے اطبا نے تیز بینی
مین کمی کی ہو اور قند اکیلا آدھا وزن آملہ کا کہ آدھا
رطل ہو مرقوم ہو اور بعضے قند کو ہم چند آملہ
کے کہ ایک رطل ہو داخل کرتے ہین بالجملہ زیادتی
وکمی گرمی دوا کی موافق کمی و زیادتی آملے کے
ہو اور جسمین شیرینی کمتر ہو دوائیت اُسپر غالب ہو

اور جسمین شیر بہی زیادہ ہی مرغوب ہونے مین زیادہ ہی
اور جسمین شہد بڑا ہو گرم ولطیف زیادہ ہی اور بہت
دنون تک تغیر سے محفوظ رہتی ہی اور انوشدار و ے
کندی فصل گرما مین اور محرور المزاج کو مناسب ہی صاحب
تحفۃ المومنین نے اُس انوشدار و کو کہ آنولا اسمین
برابر سب اجزا کے ہو جوارش کندی نام رکھا اور
اُسکے سوا انوشدار و ے ہندی اور صاحب تحفہ نسی
وغیرہ تفاوت سے نوشدار و ے ہندی کو نوشدار و ے
کندی کہتے ہین بدون تفاوت کے اور ہو سکتا ہی کہ اصل
نسخہ ہندی ہو اور کندی مروج اُسکا ہوا ہو اور یہ بھی احتمال
ہی کہ کندی نے اسمین کچھ تصرف کیا ہو اس سبب سے
اُسکے نام سے مشہور رہا ہو اور مطلب ایک ہی دونون
کلام مین تناقض نہین ہی اور طریق اسکے بنانے کا یون
ہی کہ آنولا کو دودھ مین گاے یا بھینس یا بکری کے بھگوے
اگر آنولا خشک ہو ایک رات دن اور اگر تر ہو تین رات
دن بعد اُسکے آنولا کو پانی سے خوب دھوے یہانتک
کہ زہومت وسومت دودھ کی جاتی رہے اور آنولا
نرم ہوجائے بعد اُسکے آنولے کو نو رطل پانی شیرین مین
اسقدر جوش کرے کہ گلجائے پھر اُسکو ملکر چھلنی آہنی یا
مسی قلعی دار مین چھانے یہانتک کہ مغز اُسکا بالکل نکل
آئے پس قند وعسل ڈالکر قوام کرے بعد قوام کے
ادویہ کو کوٹ کر چھان لیا ہو ملا کر سبز باسن مین رکھے اور
چاہیے کہ آنولا پرانا نہو اور اگر تر و تازہ ملے بہتر ہی اور
اجزا نوشدار و کے جس قدر باریک کرے اچھا ہی مگر اس
صورت مین کہ اُس سے فقط معالجہ معدے کا
منظور رہوا اور بعض اطبا نے نسخہ مذکور مین مشک ایک
مثقال مروارید ناسفتہ فرنجمشک ساذج ہندی ہر ایک
دو درم زیادہ کیا ہی پس اس حالت مین نوشدار و ے
لولوئی نام ہوتا ہی اور تقویت مین بالغ تر ہو جاتی ہی
اور اس درویش نے عوض آنولے کے سفرجل یعنی بہی اسی
وزن سے اور اسی طریق سے بغیر دودھ مین بھگونے
کے ڈالی ہی اور اسے دور کرنے مین اسہال مزمن
معدے کے اور دفع کرنے مین ڈکار دخانی کے عجیب الاثر
دیکھا ہی اور نوشدار و ے سفرجلی نام کیا ہی اور جاننا
چاہیئے کہ نوشدار و آنولے کی یا سفرجل کی حرارت سے
خالی نہین ہی اور ملانا طباشیر کا نوشدار و مین وقت استعمال
کے معدل حرارت اور معین حبس ہی اور صندل سفید
بدستور اور کافور دونون سے قوی زیادہ ہی

انوشدار و ے لولوئی - کہ سب نسخون
مین بہتر ہی اور تقویت مین اعضاے رئیسہ و ازالہ
ضعف معدہ وبدن کے اور دفع کرنے مین نقاہت
کے اور شہوت کے ہیجان مین لانے کے لیئے
مجرب ہی طباشیر سفید ابریشم مقرض مصطگی زعفران
سنبل مروارید کہربا گل سُرخ ہر ایک تین مثقال یاقوت
ریوند اسارون سعد عود ہندی اذخر صندل سفید پوست
ترنج ساذج بسد یشب سبز تخم بادرنجبویہ درونج
ہیل زرشک بیدانہ عنبر اشہب ورق طلا ورق نقرہ
ہر ایک دو درم آنولا نوے درم قند و عسل و بالمناصفہ
دونا سب دواؤن کا۔

انتباہ - نسخے نوشدار و کے بہت ہین یہان لکھا گیا ہی

اور اُن نسخون کے کہ خلاصہ تھے ۔

حرف الباء

پاشویہ کہ صداع و سرسام و جمیع آلام دماغی کو بسبب جذب کرنے مواد کے نیچے کی طرف نافع ہو اور حمیات کو بھی آخر نوبتون مین بسبب کھولنے مسام کے اور بہانے پسینے کے اور جذب کرنے حرارت کے باطن سے طرف ظاہر کے جلد تر مرتبہ انحطاط کو پہونچاتا ہو لیکن استعمال اُسکا عین شدت حمی مین کہ مفرط الحرارت ہونہ چاہیئے تو بسبب گرمی پانی کے کرب زیادہ ہوجاتے اور اگر ضرورت ہووے پاشویہ کہ جسکا پانی مائل بسردی ہو استعمال کرین اور ہر حالت مین پاشویہ کرنے کے وقت ایک چادر درمیان ظرف آب اور منھ مریض کے حائل کرین تو بخار پانی کا دماغ مین نہ پہونچے اور اصل پاشویہ مین پانی گرم ہر اکیلا اور واسطے تقویت جذب کے دوائین بھی پانی مین جوش کرتے ہین لیکن جو پاشویہ صداع گرم اور تپ مین استعمال کرتے ہین یہ ہو گل بنفشہ ایک جزو گل خطمی دو جزو گل نیلوفر ایک جزو شگوفہ یا برگ بید ایک مٹھی سبوس گندم تین مٹھی اور اگر مریض بادر ہو بابونہ و نخود دو سمہ واکلیل الملک ومانند اسکے جوش کرین اور طریق بنانے پاشویہ کا یہ ہو کہ ادویہ پانی مین جوش کرین بس صاف کرکے ایک باسن مین ڈالین اور دونون پاؤن اُسمین رکھین اور پنڈلیان لیں اعلیٰ سے اسفل تک اور جب تک اچھا معلوم ہو اور طبیعت برداشت کرے دونون پاؤن اُسمین رکھین اور ابھی تک کہ تھوڑی گرمی پانی مین باقی ہو دونون پاؤن اُس سے نکال کر رومال سے خشک کرین اور احسن یہ ہو کہ باسن ایسا عمیق ہو کہ اسمین دونون پاؤن زانو تک غرق رہین اور مکرر کرنا پاشویہ کا رات دن مین دو تین مرتبہ ہو سکتا ہو ۔

فائدہ رکھنا دونون ہاتھ کا اُس پانی مین جذب بخار کا دماغ اور دل سے کرتا ہو اور جسوقت حرارت شدید ہو اور جذب ابخرہ ضرور ہو دھوتا ہاتھ پاؤن کا بہتر ہو اُنکے غرق کرنے سے اسلیے کہ ہاتھ پاؤن کا رکھنا پانی گرم مین وقت حرارت قوی کے کرب پیدا کرتا ہو اور جاننا چاہیے کہ جب دونون پاؤن واسطے جذب مواد کے باندھے جائین واجب ہو کہ وقت کھولنے کے پاؤن کو پہلے گرم پانی مین رکھین تو ابخرہ منجذبہ اسفل سے نکل جائین اور اوپر کے جانب صعود نہ کرین اور یہ قاعدہ ضروری و واجب الحفظ ہو اسلیے کہ بعد باندھنے اطراف کے اگر وقت کھولنے کے گرم پانی مین اطراف (دست و پا) نہ رکھین ابخرہ منجذبہ دفعۃً سر کی طرف جا کر آفت قوی زیادہ پہلے سے پیدا کرینگے ۔

بخور ۔ کہ مقوی ذہن و دماغ ہو اور صاف کرنے والا حواس کا اور دور کرنے والا خفقان و غشی کا ہو عود ہندی قسط شیرین صندل سفید ہر ایک ایک جزو مشک کافور ہر ایک آدھا جزو کوٹ کر چھان کر گلاب مین گھول کر گولیان بنائین اور وقت حاجت کے اُس سے بخور کرین ۔

بخور ۔ کہ کثیر غش کو فائدہ کرتا ہو لیکن چاہیئے کہ بعد

تین دن کے بخور کرین حاشا فودنج دونون برابر سر کے مین پکائین اور نزدیک ناک کے رکھین تو اخلاط کو دفع کرے ۔

ایضاً ۔ واسطے اعانت کے اوپر قطع اخلاط غلیظہ کے سفید ہر بال آدمی کے جلا کر پیسین بعد اُسکے سرکے مین ملا کر اوپر پیشانی کے طلا کرین ۔

بخور ۔ کہ صداع حار مادی کو فائدہ کرتا ہی بنفشہ نیلوفر شاخین خطمی کی جو متفشر ہوکوفتہ تراشہ کیدوسے ترسب ادویہ یا جو کچھ اُنسے میسر ہو پانی مین پکائین اور طاس مین گرائین اور تھوڑا روغن بنفشہ یا روغن گل اُسمین ملا کر نزدیک بیمار کے رکھین اور کہین کہ بیمار ایک چادر سر پر لپیٹ کے منھ کو اُسکے قریب رکھے اور پانی کو ہلاتے رہین تو بخار اُسکا دماغ تک پہونچے ایک دن مین دو تین مرتبہ یہ عمل کرنا چاہیے اور ہاتھ پانون کو پانی گرم سے دھونا چاہیئے ۔

بخور ۔ کہ صداع بارد سافج و مادی کو نفع کرے مرزنجوش فودنج بابونہ اکلیل الملک قیصوم شبت شیح تمام غبار ادویہ کوٹ کر پکائین اور سر کو لپیٹ کر انکباب کرین یعنی بھپارا لین اور نطول بھی کرنا اس پانی کا سر پر نافع ہی ۔

بخور ۔ کہ صداع ریحی کو مفید ہی رازیانہ پانی مین پکا کر انکباب کرین ۔

بخور ۔ کہ زکام گرم کو فائدہ کرے باقلے کو سرکے مین بھگو کر بعد اسکے انگیٹھی مین ڈالکر تبخیر کرین اور تدخین ورق آس و گل سرخ کی بھی زکام حار کو نافع ہی ۔

بخور ۔ کہ زکام و نزلہ سرد کو فائدہ کرے بابونہ اکلیل الملک مرزنجوش پانی مین پکا کر انکباب کرین اور اگر تبھر کو گرم کر کے شراب مین ڈالین اور انکباب کرین یہی عمل کرتا ہی اور تدخین قسط و شونیز سے نافع ہی اور اسی طرح تدخین سندروس و ظرفا و عود سے اکیلے اکیلے یا اکٹھا مفید ہی ۔

بخور ۔ کہ زکام و نزلہ گرم کو قطع کرے سبوس گندم باقلا آرد جو صندل سفید گل جھاؤ گل سرخ گل بنفشہ ہر ایک دو درم کافور ایک دانگ ادویہ کو سرکے مین بھگو کر خشک کرین بعد اسکے کوٹ کر چھانکر وقت حاجت کے گلاب مین بھگو کر گولیان بنائین بعد اسکے جلا کر ناک مین بخارات اسکے پہونچائین

بخور ۔ کہ زکام و نزلہ سرد کو فائدہ دے کندر مر میعہ یا لبنی قسط سندروس مساوی الوزن کوٹ کر چھانکر گولیان بنا کر تبخیر کرین کہ ایک ساعت مین قطع سیلان کرتا ہی اور جاننا چاہیئے کہ تبخیر وہ ہی کہ اجزاے مائی اور ہوائی اور ناری دوا سے جدا ہون اور تدخین وہ ہی کہ اجزاے ارضی و ہوائی و ناری دوا سے علحدہ ہون لیکن طب مین عموماً بطور ترادف کے ذکر کیے جاتے ہین یعنی دونون سے ایک معنی لیتے ہین ۔

فائدہ مصروع کو دھونی شاخ بکری اور قنہ اور تخم السی کی صرع کو جنبش مین لاتی ہی اسی طرح سونگھنے اور دھونی کرنے حنفسا کو ذراریح لپسے ہوے سے اور اسیطرح سونگھنے اصل نفاخ سے کہ ساتھ مشک کے مخلوط ہو لیس مصروع کو ان چیزون سے پرہیز کرنا واجب ہی اور اطبا نے کہا ہی کہ حاشا کو نزدیک صاحب صرع کے حالت صرع مین جلائین اگر ہوش مین آئے اور افاقہ ہوجاے دلیل اسکے اچھے ہونے کی ہی اور اگر افاقہ نہو اچھا نہو گا ۔

ہر شعشا معنی اسکے برّ الساعت ہین اور حق یہ ہی کہ اثر اسکا بعض بیماریون مین فی الفور ظاہر ہوتا ہی اگرچہ بعض بیماری مین ایک دن اور ایک مہینا اور ایک برس مین بھی عمل کرتا ہی و بالجملہ یہ ترکیب عجیب و کثیر النفع واسطے زکام و تاریکی چشم و نزلہ و دوار و طنین و لقوہ و فالج و صرع و رعشہ و سبات سہری و نسیان و مالیخولیا و وسواس و قطرب و استحاش سوداوی سہر مفرط و ہذیان و خوابہاے پریشان و مضرت خمار و ضعف اعصاب و استرخاے لثہ و بلادت ذہن و بحر تقہ و سیلان لعاب و نزف دم و قولنج و مغص و درد معدہ و کبد و سینہ و سدہ کبد و ضعف کبد و انواع استسقا و لاغری بدن و کثرت دبدن و بدبوئی عرق و کسل و استرخاے اقسام اعیا و ضعف دل و خفقان کے مفید ہی اور واسطے تقویت باہ اور پگھلانے بلغم کے اور تفتیت حصاۃ مثانہ کے اور ادرار بول رکے ہوے کے اور اُتارنے ریت کے اور تعدیل اصناف سوء مزاج معدہ و دل کے اور تجوید ہضم کے اور ظاہر کرنے خواہش طعام کے اور تسکین آلام مفرط داخلی و خارجی کے نافع اور تناوب و تمطی و سرعت انزال کو مانع ہی اور ہمیشہ استعمال کرنا اسکا بعد انزال کے امان دیتا ہی مضرت سرعت انزال سے اور قلع حمیات کہنہ اور دفع نفس الانتصاب و سعال بارد و سل کے واسطے سودمند ہی اور رفاد زہر جملہ سموم کا ہی فلفل سیاہ فلفل سفید بزر البنج سفید ہر ایک بیس مثقال افیون مصری دس مثقال زعفران پانچ مثقال سنبل عاقرقرحا فرفیون ہر ایک ایک مثقال ادویہ کو جدا جدا کوٹین اور وزن کرین اور ساتھ شہد صاف کے کہ سہ چند سب ادویہ کا ہو ملائین اور تین مہینے جو مین رکھین اور بعد اسکے استعمال کرین مقدار شربت نہایت کار آدھا مثقال اور اقل ایک دانگ ہی قوت اسکی پانچ برس تک باقی رہتی ہی اور اس نسخے کا مؤلف شیخ الرئیس ہی اطبا نے اس نسخے کی مدح کو بہت مبالغہ کیا ہی اس مختصر مین جو صاحب شفاء الاسقام نے لکھا تھا مرقوم ہوا اور جس برشعشا کو کہ ابو البرکات نے تالیف کیا ہی اور صاحب تحفۃ المومنین نے لکھا ہی کہ سب نسخون سے یہ بہتر اور مجرب ہی یہ ہی دار فلفل دارچینی جنطیانا سلیخہ جند بیدستر ہر ایک چار درم سنبل تفاح اذخر زراوند طویل ہر ایک دس درم افیون ڈیڑھ اوقیہ زعفران پانچ درم انیسون فلفل سیاہ ساڑھے بائیس مثقال تخم کرفس بزر البنج ہر ایک پندرہ مثقال مجیٹھ و اسارون ہر ایک ساڑھے دس مثقال زنجبیل فودنج خشک ہر ایک سات درم روغن بلسان یا روغن گل دس درم عسل چار سو اور پچاس مثقال اور طریق بنانے کا وہی ہی جو اوپر بیان ہوا اور یہ بھی صاحب تحفہ نے لکھا ہی کہ صاحب سل کو مقدار ایک نخود کے ساتھ گرم پانی کے نہار اور وقت خواب کے دین زمانۂ بارد مین پندرہ دن اور زمانۂ گرم مین تین دن ایک ایک مرتبہ ساتھ گرم پانی و روغن بادام شیرین و مصری کے اور صداع بارد و لقوہ مین بقدر ایک حبہ کے ساتھ پانی مرزنجوش کے سعوط کرین یعنی ناس دین

اور امراض حلق مین بقدر ایک جبہ کے منہ مین رکھکر پانی
اُسکا نگلین اور پرانی کھانسی وتازہ بلغمی مین ساتھ عصارہ
مرزنجوش کے مقدار ایک جبہ او ضیق النفس ورَبو مین
ساتھ پانی زیرہ واصل السوس کے اور وجع الفواد و
ورد امعا مین ساتھ پانی رطبہ کے اور اگر رطبہ نہ ملے ساتھ
جوشاندۂ زیرہ کے اور درد مین (اسپست) تلی کے ساتھ گلاب وسرکہ
خمر کے اور درد پہلو مین ساتھ شربت اصول کے اور
اور درد مین جگر کے ساتھ پانی اور شہد کے اگر مادہ
بارد سے ہو اور اگر درد جگر سدہ سے ہو ساتھ ماء الاصول
کے اور اسہال مین ساتھ ماء الآس کے جسوقت ضبط
شکم جو دنہ کر سکے اور درد تہیگاہ مین ساتھ ایسے پانی
کے کہ دھوپ مین گرم ہوا ہو ایام گرما مین اور ساتھ
گلاب نیمگرم کے ایام سرما مین اور حمیات لرزہ مین
جسوقت وجع الفواد ہو ساتھ پانی کے اور تپ مرکب
مین ساتھ جوشاندہ انیسون کے اور زحیر مین ساتھ
پانی اسپغول کے اور ساتھ پانی نیم گرم کے اور
حصاۃ مین ساتھ پانی سیداب کے یا ساتھ پانی برگ
ترب کے اور سہر مین ساتھ جوشاندۂ (ختمی) خشخاص کے اور
بواسیر مین ساتھ پانی کراث (گندنا) کے اور ثقل زبان مین
ساتھ پانی سماق کے اور غم کہ بدون سبب کے ہو
اُسمین ساتھ پانی کاسنی کے اور ضعف باہ مین واسطے
قوت باہ کے ساتھ پانی نخود کے کہ جوش کیا ہو تھرس
مین بقدر ایک جبہ کے ہر دن کھایا کرین ۔ اور انفاس
مین ساتھ پانی میتھی کے اور تناول افیون مین
ساتھ جوشاندے دارچینی کے اور تناول

کافور مین ساتھ جوشاندے عود کے اور لذع عقرب
مین ساتھ عسل کے اور سانپ کے کاٹے ہوے کو
ایک جبہ دین اور جب قی آئے اور دین اسی طرح
دیتے رہین یہان تک کہ قی ساکن ہوجاے اور نشانی
دفع ہونے زہر سانپ کی یہ ہر کہ ملسوع یعنی مار گزیدہ
سوجاے اور اسی طور سے ہر مسموم کو کھلائین اور فساد
کہ گردون مین ہو ساتھ جوشاندہ بھوسی کے اور ادرار
حیض کے لئے ساتھ پانی سماق کے اور احتباس حیض
کے لیے ساتھ جوشاندۂ عناب ومویز کے اور دفع قولنج
کے واسطے ساتھ جوشاندۂ اصل السوس کے دین
پختہ جوشش ۔ کہ حفظ کو زیادہ کرے اور لقوہ ونسیان
کو دور کرے اور برد معدہ وجگر اور درد پشت ومفاصل و
قولنج اور درد گردہ ومثانہ کو مفید ہر اور تصفیۂ رنگ اور
خوشبو کرنے دہن اور تقویت باہ اور معدہ اور دور
کرنے ریاح اور ادرار بول کے لیے نافع ہر اور پانی انگور
پختہ (آب) کا سومن گوشت گوسفند نقلی (پیلا) فربہ بیس من عود خام
دس درم جوز بوا زعفران مصطگی خولنجان ہر ایک
پانچ درم جوز بوا کبابہ سعد زرنباد قرنفل (نیچہ) بسباسہ ہر ایک
تین درم زنجبیل سنبل دارچینی عاقرقرحا سلیخہ ہر ایک
ایک درم شہد دس رطل گوشت گوسفند کو پہلے انگور
کے پانی مین جوش کرین یہانتک کہ گل جاے
بعد اسکے ادویہ نیمکوفتہ کرکے کیسہ مین رکھین اور سر
کیسہ کا ڈھیلا باندھین اور پانی مذکور مین ڈالین
اور ہر لحظہ ہاتھ سے ملین اور گلاب آدھا رطل اضافہ
کرکے صاف کرین پھر خم یعنی مٹکے مین ڈالین اور

بعد چھ مہینے کے استعمال کرین اور اگر چاہین گوشت مرغ و کبوتر بچہ و چکور وغیرہ زیادہ کر کے گوشت گوسفند سے کچھ کم کر دین —

حرف التاء

تریاق فاروق — نام اُس مرکب کا ہی جو بالخاصیت زہرون کا مقابلہ کرے اور ازالہ امراض کا خاصیت سے کرے اور منجملہ بڑے تریاقون کے تریاق فاروق ہی یعنی فرق کرنے والا درمیان قوت طبیعت کے اور قوت زہر کے اور وہ یعنی تریاق فاروق باوجود دفع سم کے ازالہ امراض دماغی وغیرہ کا بھی کرتا ہی جیسا کہ مشہور ہی اور کتب مین مسطور ہی اور جو بنانا اسکا بسبب نہ ملنے اُسکے اجزا کے دشوار بلکہ متعذر ہی اُسکا نسخہ نہ لکھا اور اُسکے خواص کو ضبط نہ کیا اور اس سبب سے کہ اس ملک مین لوگ عرب اور فرنگ سے بہت لاتے ہین اور تغلب کر کے بیچتے ہین نشانیان تریاق فاروق اصیل کی لکھنا واجب جانا پس علامات و امتحان اُسکے یہ ہین کہ اگر کتے یا چوزہ مرغ کو تھوڑا سا بیش کھلائین یا سانپ سے کٹوائین بعد اسکے کہ زہر ہوتا ہو تریاق کھلائین اسی وقت زہر کو دفع کرے اور اگر کسی شخص کو سقمونیا کھلائین جب وہ اپنا عمل کرے یعنی دست لاوے بقدر کنار کے تریاق کھلائین فوراً اسہال کو بند کر دے اور اسی طرح قے شدید غالب کو بند کر دے اور اگر منہ مین افعی کے ڈالین افعی مر جاوے اور اگر سوراخ مین سانپون کے ڈالین سب سانپ بھاگ جائین اور اگر منہ مین چبا کر پانی منہ کا اوپر بچھو کے ڈالین بچھو مر جاوے اور اگر بمقدار باقلا کے اُس طاس مین کہ خون بستہ سے پُر ہو ڈالین اور اُنگلی سے اسمین حل کرین بعد ایک ساعت کے سب خون بستہ پگھل جاوے پس جو تریاق کہ ان اوصاف سے خالی ہو تریاق نہین ہی اور اگر تریاق اصیل ہو لیکن نہایت کہنگی سے ایسا ہو گیا ہو زہر کے کام نہ آویگا اور تریاق ساٹھ برس تک اپنے کمال پر رہتا ہی بعد اسکے حکم معاجین کبار کا رکھتا ہی اور زہر کو نفع نہین کرتا ہی اور بعض اطبا نے کہا ہی کہ نفع اُسکا محرور المزاج اور مبرود المزاج دونون کو ہی اور صاحب اقسرائی کہتا ہی کہ یہ نہین ہی بلکہ ضرر اُسکا محرور المزاج مین عظیم ہی اور حق یہ ہی کہ جو تریاق اصیل نایاب ہی دعوے اقسرائی کا صحیح اور درست ہوگا ورنہ تجربہ اسکا کہ علامہ قرشی کو مسہل کرنے پر ریوند کے تخطیہ کرتا ہی اپنی شرح مین تجربہ قدما سے کہ بانی اُس تریاق کے ہین فرق بعید رکھتا ہی۔

تریاق النزلہ — منع کرنے مین انصباب مواد کے اور رفع کرنے مین کھانسی کے مجرب ہی تخم کاہو دس درم بزر البنج سفید پوست خشخاش ہر ایک پندرہ درم خشخاش سفید بیس درم گل گاؤزبان تخم مورد کشنیز خشک ہر ایک پانچ درم اسطوخودوس اڑھائی درم سب کو پانی مین بھگو کر جوش کرین اور نبات سفید ڈیڑھ سو درم اضافہ کر کے قوام کرین اور گل سرخ و کشنیز خشک و رب السوس و نشاستہ

وصمغ عربی وکتیرا ومرصافی ہر ایک اڑھائی درم خوب
باریک پیسکر ملاوین مقدار شربت تین مثقال ہی —

حرف الثاء

ثنا دریطوس ـ ایک معجون ہی کہ نام پر ایک بادشاہ
یونان کے کہ اُسکا بنانے والا تھا موسوم ہوئی ہی اور
واسطے صداع وصرع ولقوہ ورعشہ وفالج اور جمیع
امراض کہنہ ومزمنہ اور انواع سوء مزاج بارد رطب
اور اوجاع معدہ وکبد وطحال وگردہ ورحم وتاریکی
چشم وربو وجذام وبرص وقولنج واستسقا کے کہ
کہ برودت وضعف جگر سے ہو نافع ہی اور اسہال
بدون تکلیف لاتی ہی اور ادرار حیض وبول کرتی ہی
اور سنگ گردہ ومثانہ کو نکالتی ہی اور حرارت غریزی
کو قوت دیتی ہی اور بدن کو اخلاط فاسدہ سے پاک
کرتی ہی اور ریح کو توڑتی ہی اور سدہ تلی اور جگر کا
کھولتی ہی اور رنگ کو اچھا کرتی ہی صبر سقوطری پندرہ
درم غاریقون بیس درم زعفران دارچینی وج مصطگی
روغن بلسان ہر ایک تین درم ریوند چینی ڈیڑھ درم
عود بلسان فرفیون فلفل سیاہ وسفید دار فلفل
مر مکی جنطیانا حب بلسان فقاح اذخر حماما ہر ایک
دو درم کمادریوس قسط افتیمون ہر ایک چار درم
اسارون سلیخہ سقمونیا ہر ایک چھ مثقال سنبل
ساڑھے تین درم ادویہ کوٹ کر چھان کر روغن
بلسان سے چرب کرکے ساتھ سہ چند شہد کے ملاوین
مقدار شربت چار مثقال ہی اور قوت اُسکی چار
برس تک باقی رہتی ہی —

ثنا دریطوس دیگر ـ کہ منافع مین قریب ثنا دریطوس
اول کے ہی صبر سقوطری تیس درم غاریقون بائیس
درم وج زعفران دارچینی سلیخہ مصطگی تخم سنجان ہر ایک
تین درم کمادریوس فلفل سفید اسارون عود بلسان
ہر ایک دو درم فلفل سیاہ جندبیدستر ہر ایک چار
درم ریوند چینی سنبل ہر ایک ساڑھے چار درم عسل
سہ چند سب دواؤن کا مقدار شربت چار درم ساتھ
گرم پانی کے —

حرف الجیم

جلاب ـ حرف المیم مین کہ ساتھ لفظ ماء السکر کے
مذکور ہوگا —

جوارش ـ بضم جیم وکسر رائے مہملہ وشین معجمہ معرب
گوارش کی ہی بمعنی ہاضوم یعنی ہضم کرنے والی اور اس
لفظ مین بعد شین کے نون لانا تصحیف ہی یعنی غلط ہی
اور فرق جوارش اور معجون مین یہ ہی کہ اجزا جوارش
کے اکثر خوش مزہ وخوشبو ہوتے ہین بخلاف معجون
کے کہ اُسمین یہ قید نہین ہی فرق دوسرا یہ ہی کہ قوام
بعضی جوارشون کا اسقدر غلیظ کرتے ہین کہ بعد خشک
ہونے کے اُنگلی سے توڑ نہین سکتے پس ادویہ کو ملاکر
اوپر پتھر یا طباق کے پھیلا کے ٹکڑے ٹکڑے
کاٹتے ہین بخلاف معجون کے کہ قوام اُسکا اس حد تک
نہین پہونچاتے —

جوارش کہ حفظ کو زیادہ کرتی ہی اور نسیان کو

از غیاث اللغات

دور کرتی ہی زنجبیل نانخواہ ہر ایک دو درم شونیز ہلیلہ کابلی ہر ایک پانچ درم شہد دو چند شربت ایک مثقال۔

جوارش جالینوس اسکے خواص بہت ہین اور مقوی سب اعضا کی اور خوشبو کرنے والی دہن کی اور کاسر ریاح کی اور مانع بہت آنے پیشاب کی کہ بسبب سردی مثانے کے آتا ہو اور رافع سعال بلغمی دبواسیر و نقرس و قوبا و بہق و حصاۃ گردہ و مثانہ کی اور حافظ بالون کی سیاہی کی ہی اور تقویت باہ کے لیے مجرب ہی اور کہا ہی کہ جو کوئی بیس دن اس جوارش کے کھانے کی مداومت کیے سب امراض مذکورہ سے امین رہے سنبل قاقلہ سلیخہ خولنجان قرنفل سعد زنجبیل فلفل سیاہ دار فلفل قسط بحری عود بلسان اسارون تخم مورد قصب الذریرہ زعفران ہر ایک دو درم مصطگی دس درم قند سفید برابر سب اجزا کے شہد دو چند ادویہ کے مقدار شربت دو مثقال سے تین مثقال تک قبل طعام کے اور بعد اس کے بھی کھلا سکتے ہین اور بعض اطبا نے جنطیانا تین مثقال اسمین اضافہ کیا ہی۔

جوارش مفرح — کہ تالیف کندی کی ہی اور نزدیک اطبا کے نوشدارو ہندی یہی ہی اور بعض طبیب فرق کرتے ہین اور کہتے ہین کہ اجزا دونون کے واحد ہین مگر وزن مین آنولے کے تفاوت ہی اسلیے کہ نوشدارو مین آنولہ سہ چند اور اجزا کا ہی تھوڑا سا کم اور اس مفرح مین آنولہ ہمچند اور اجزا کا ہی چنانچہ نوشدارو مین بھی کہا گیا ہی۔

جلنجبین گاؤزبانی — کہ واسطے تفریح دماغ و دفع مادہ سودا اور تقویت دل کے مجرب ہی گل گاؤزبان تازہ ایک من قند سفید دو من بطریق معروف بنائین اور اگر پھول تازہ نہ ملین خشک پھول گلاب مین تر کرکے بنا سکتے ہین اور گلقند کہ گل بہ یعنی بہی کے پھولون سے بدستور مسطور بناتے ہین وہ بھی واسطے تقویت دل و دماغ کے بے نظیر اور شدید التفریح ہی ادویہ معدہ مین آئیگا۔

حرف الحاء

حب بنفشہ — کہ صداع گرم اور رمد کو نافع ہی بنفشہ دو درم تربد ایک درم رب السوس آدھا درم محمودہ مشوی ربع درم کتیرا ایک دانگ یہ سب ایک مقدار شربت ہی۔

فائدہ قاعدہ حبوب مین یہ ہی ایک دن پہلے کھانے سے بنائین اور سایہ مین خشک کرین اور ابھی کہ نرمی انمین باقی ہو تناول کرین کہ حبوب خشک حلق و مری کو تکلیف دیتے ہین اور معدے مین جلد نہین گھلتے ہین اور جو حبوب کہ فوراً بنائے جاتے ہین بسبب زیادتی نرمی کے مری مین چپک جاتے ہین اور جلد معدے مین نہین جاتے ہین اور جلد حل ہوجاتے ہین اور یہ امر مطلوب نہین ہوتا ہی اسوجہ سے کہ اکثر حبوب مین وزن دواؤن کے زیادہ ایک شربت سے نہین لکھتے ہین۔

حب اتفاقیہ کہ واسطے صداع و شقیقہ و ثقل سر و درد چشم و مفاصل کے مجرب ہی تربد موصوف ایک جزو سورنجان زرد ہلیلہ زرد ہر ایک آدھا جزو گلسرخ بنفشہ افتیمون ملح ہندی انیسون تمر ہندی ... مشوی بوزیدان تقل غاریقون سکبینج

ہر ایک تہائی ایک جزو کی حبوب بنائین مقدار شربت اڈھائی درم۔

حبّ شبیار۔ کہ تنقیہ سر و ناحیہ دل کا کرے سوداے بلغمی سے تربد موصوف افتیمون غاریقون اسطوخودوس ہلیلہ کابلی ہر ایک ایک جزو ایارج فیقرا ڈیڑھ جزو عود ہندی آدھا جزو گولیان بنائین مقدار شربت ایک مثقال سے دو درم تک ہی اور اگر تولد سودا کا صفرا سے ہو اسطرح گولیان بنائین تربد موصوف افتیمون سنا مے مکی شاہترہ ہر ایک ایک جزو صبر دو جزو لاجورد مغسول گل سرخ ہر ایک دو ثلث ایک جزو کا مصطگی زرد ہڑ کا پوست ہر ایک ایک جزو اور ثلث جزو ساتھ میٹھے پانی کے گولیان بنائین مقدار شربت چار درم اور جو مادہ علت کا سوداے محض ہو یہ نسخہ بنائین پوست ہلیلہ کابلی افتیمون شحم حنظل ہر ایک ایک جزو فیقرا ڈیڑھ جزو اسطوخودوس دو ثلث ایک جزو سے خربق سیاہ ربع جزو مصطگی عود خام بسفائج ہر ایک آدھا جزو حجر ارمنی مغسول ثلث جزو کوٹ کر چھانکر ساتھ پانی سیب شیرین کے گولیان بنائین مقدار شربت دو درم ہی۔

فائدہ۔ جو یہ گولیان رات کو مستعمل ہوتی ہین اس نام سے موسوم ہوئین ہین اور جو دوا کہ واسطے تنقیۂ دماغ اور آنکھ اور کان کے استعمال کرین چاہیے کہ رات کو استعمال کرین سونے کے وقت تو بسبب سکون و نوم کے توقف دوا معدے مین زمانۂ دراز تک ہوا اور مواد دماغی قرار واقعی منجذب ہوا اور مریض اگر صاحب دولت اور گولیان کڑوی نہ نگل سکے گولیون کو

جلاب مقوم یا شہد مین آلودہ کر کے کھلائین۔

حبّ شبیار نوع دیگر۔ کہ درد سر کو اور تاریکی آنکھ کو دور کرے اور باصرہ کو قوت دے اور درد معدہ کو زائل کرے صبر سقوطری تین درم گل سرخ زرد ہڑ مصطگی تربد ہر ایک ایک درم سقمونیا ے مشوی آدھا درم کوٹ کر چھانکر گولیان بنائین مقدار شربت ایک مثقال سے تین مثقال تک ہی۔

حبّ صبر۔ کہ صداع بلغمی و دودی کو نافع ہی صبر سقوطری چھ درم مصطگی چار درم گل سرخ تین درم و ثلث درم تربد موصوف دس درم کوٹ کر چھان کر بقدر نخود گولیان بنائین مقدار شربت دس گولی سے پندرہ گولی تک اور ایک نسخہ حب صبر کا کہ فالج و لقوہ کو نفع کرتا ہی بحث وجع مفاصل مین آئیگا۔

حبّ۔ کہ مالیخولیا کو فائدہ کرتی ہی ایارج فیقرا افتیمون ہر ایک چار درم غاریقون حجر لاجورد غیر مغسول ہر ایک دو درم سقمونیا ے مشوی ایک درم قرنفل بحری بیس عدد کوٹ کر چھان کر بہی کے پانی مین گولیان بنائین اور ہر ہفتے مین ایک مرتبہ کھلائین مقدار شربت ایک مثقال ہی۔

حبّ کوتوالی۔ کہ اعضاے رئیسہ اور سر اور معدے کو اخلاط سے پاک کرے اور فالج و لقوہ و داء الثعلب کو نافع ہی اور جو ایک درم اس گولی کو ایک درم ایارج فیقرا مین ملا کر کھائین آنکھ کو روشن کرے اور مانع نزول آب ہو اور اخلاط فاسدہ کو بدن سے نکالے صبر سقوطری سقمونیا ے مشوی شحم حنظل عصارہ افسنتین مصطگی

ہر ایک ایک دانگ مقل ڈیڑھ دانگ کیترا آدھا دانگ پانی مین گولیان بنائین یہ ایک مقدار شربت ہی -

حب ایارج - کہ سبات کو اگر برودت و رطوبت سے ہو منع کرے فیقرا ایک درم شحم حنظل ربع درم تربد موصوف آدھا درم افتیمون ثلث درم مقل ایک دانگ سقمونیا آدھا دانگ ساتھ پانی کرنس کے گولیان بنائین -

حب ایارج بہ نسخۂ دیگر - یہ منسوب طرف ابن ماسویہ کے ہی واسطے امراض دماغی خصوصاً بلغمی کے بہت نافع ہی اور تنقیہ دماغ کا بھی کرتی ہی اور تیزی قوت باصرہ کی زائد کرتی ہی ایارج فیقرا چھ درم ہلیلہ زرد و تربد ہر ایک چار درم انیسون ملح ہندی ہر ایک اڑھائی درم غاریقون دو درم شحم حنظل ایک درم کوٹ کر چھان کر بموجب دستور کے گولیان بنائین اور سقمونیا بقدر حاجت کے واسطے صفراوی مزاج کے اضافہ کرین قوت اسکی دو برس تک باقی رہتی ہی مقدار شربت اسکا ایک مثقال ہی -

حب قوقایا - کہ حب جالینوس بھی اسکو کہتے ہین صداع و درد چشم کو نافع ہی اور فضلات غلیظہ کو نکالتی ہی اور قائم مقام ایارجات کبار کے ہی صبر سقوطری عصارہ افسنتین مصطگی ہر ایک ایک مثقال سقمونیاے مشوی شحم حنظل ہر ایک ادھا درم کوٹ کر چھان کر کرفس کے پانی مین گولیان بنائین مقدار شربت ایک مثقال ہی -

فائدہ - قوقایا زبان سریانی مین سر کو کہتے ہین چونکہ گولی منقی سر کی ہی اس نام سے مسمّٰی ہوئی -

حب قوقایا نوع دیگر - تالیف محمد ابن زکریا واسطے صداع و امراض رطبہ دماغی کے مفید ہی ایارج فیقرا ایک درم تربد موصوف سقمونیاے مشوی اسطوخودوس افسنتین ہر ایک آدھا درم شحم حنظل ثلث درم جملہ ایک مقدار شربت ہی -

حب - کہ صداع کو دور کرے مجرب ہی ایارج فیقرا ہلیلہ کابلی غاریقون ہر ایک ایک جزو بطور شبیار کے کھائین

حب کہ واسطے دوار کے مجرب ہی اسطوخودوس ایارج فیقرا ہر ایک ایک درم شحم حنظل ایک دانگ غاریقون آدھا مثقال ملح ہندی دو دانگ بدستور مشہور گولیان بنائین

حب - کہ رعشہ و فالج کو فائدہ کرے ایارج فیقرا تربد موصوف ہر ایک ایک درم ملح ہندی دو دانگ شحم حنظل ربع درم کوٹکر چھانکر پانی مین بنائین اور گرم پانی کے ساتھ کھائین

حب فرفیون - کہ رعشہ و فالج و برص جمیع امراض بارد و بلغمی کو فائدہ بخشتی ہی فرفیون غاریقون مقل سکبینج شحم حنظل ہر ایک ایک جزو صبر سقوطری دو جزو سواے مقل و سکبینج کے باقی اجزا کو کوٹ کر ریشمی کپڑے مین چھانین اور مقل سکبینج کو گندنہ کے پانی مین حل کر کے ادویہ کو آمیز کر کے گولیان بنائین مقدار شربت واسطے قوی کے دو درم اور واسطے ضعیف کے ایک مثقال ہی -

حب افتیمون - کہ مالیخولیا و امراض سوداوی کو فائدہ کرے افتیمون دس درم غاریقون بسفایج ہر ایک پانچ درم شحم حنظل اڑھائی درم ملح نفطی قرنفل ہر ایک ایکدرم کوٹکر چھان کر پانی مین گولیان بنائین مقدار شربت اڑھائی درم ہی -

حب برملی - تنقیہ سر و اطراف کا بخوبی کرے اور اورام کو سود مند ہی وقت خواب کے کھائین شحم حنظل صبر سقوطری

ہر ایک سات درم زعفران سنبل دار چینی حب بلسان
اسارون مصطگی افسنتین سقمونیا تربد موصوف ہر ایک
ایک درم سلیخہ آدھا درم ادویہ کو پارچہ بیز کرکے ہتھیلی مین
روغن بادام شیرین لگا کر گولیان بموجب دستور کے
بنائین مقدار شربت دو درم ہی۔
فائدہ برمک وزیر عبد الملک ابن مروان کا تھا اُسکے
نام سے یہ گولیان مشہور ہوئین۔
حب منتن کبیر کہ فالج ولقوہ وقولنج ووجع مفاصل
ونقرس کو وریاح غلیظہ وبلغم خام ودرد پشت کو فائدہ
کرے اور مدرطمث ہی سکبینج اشق جاؤشیر مقل شحم حنظل
حرمل صبر سقوطری تربد موصوف پوست ہلیلہ زرد وانزروت
جملہ اجزا برابر پہلے انزروت کو پانی مین حل کرین بعد
اسکے ادویہ کو کوٹ چھان کے اسمین ملاکر گولیان بنائین
مقدار شربت دو درم ہی۔
حب منتن کبیر دیگر۔ کہ وہ قائم مقام ایارجات کبار
کے ہی اور منفعت مین برابر پہلے نسخے کے ہی ایارج فیقرا
دس درم شحم حنظل شبرم قنطوریون دقیق ماہی زہرج ہر ایک
پانچ درم فرفیون دو درم ونصف جند بیدستر زنجبیل حلتیت
سکبینج جاؤشیر شیطرج خردل مقل ہر ایک ایک درم
موافق معمول کے گولیان بنائین۔
حب منتن صغیر بارد۔ کہ ایام گرما مین استعمال کرتے
ہین تخم حنظل ربع درم کتیرا سورنجان بوزیدان ماہی
زہرج ہر ایک ثلث درم ہلیلہ نصف درم بموجب معمول کے
گولیان بنائین اور یہ ایک مقدار شربت ہی۔
حب ذہب۔ کہ تنقیہ مواد حارہ سر کا کرے صبر دس درم
تربد موصوف سات درم مصطگی گلسرخ ہر ایک اڑھائی
درم زعفران نصف درم پوست ہلیلہ زرد پانچ درم
سقمونیا تین درم ونصف مقدار شربت دو مثقال ہی۔
حب ذہب دیگر۔ واسطے اوجاع سر اور جلاے بصر
اور تنقیہ بدن کے بہت مفید ہی صبر سقوطری بیس درم
پوست ہلیلہ زرد دس درم مصطگی کتیرا زعفران سقمونیاے
مشوی ہر ایک تین درم گلسرخ پانچ درم مقدار شربت
دو درم ونصف ہی بموجب معمول کے گولیان بنائین
حب ذہب دیگر۔ کہ صداع ودرد ابتداے نزول الماء
کو فائدہ کرے صبر سقوطری سقمونیاے مشوی ہر ایک
ایک مثقال پوست ہلیلہ زرد تخم کاسنی ہر ایک دو مثقال
تربد موصوف سات مثقال مقدار شربت ڈیڑھ درم ہی۔
حب ذہب۔ تالیف شیخ الرئیس حسین ابن عبد اللہ بن
سینا کی واسطے تنقیہ اخلاط ثلاثہ کے سر اور بدن سے اور
واسطے حفظ صحت وتفتیح سدد وعسر نفس ودرد پہلو وپشت
پاک کے اور واسطے تیزی باصرہ وہضم طعام وادرار بول ودفع
بخار کے نافع ہی اور مداومت اسکی جمیع ادویہ سے مغنی ہی
مقدار شربت دو مثقال تک ہی صبر سقوطری بیس درم
پوست ہلیلہ کابلی دس درم گلسرخ پانچ درم سقمونیاے
مشوی زعفران مصطگی کتیرا ہر ایک تین درم عنبر ورق طلا
ہر ایک چار قیراط مرجان یاقوت سرخ مروارید ہر ایک
تین قیراط ادویہ کو کوٹ کر چھان کر ساتھ گلاب وعرق بید
وکرفس وسونف کے گولیان بنائین قوت اسکی دو برس تک
باقی رہتی ہی اور مولف تذکرہ نے واسطے بلغمی مزاجون اور
اصحاب ریاح کے عود سنبل اسارون ہر ایک

چار درم زیادہ کیا ہے اور واسطے درد مفاصل و عرق النساء وغیرہ کے غاریقون و اشق و تربد و انزروت و عاقرقرحا و سورنجان ہر ایک تین درم اور واسطے صفراوی مزاج کے اصل نسخہ مین ہلیلہ زرد و بنفشہ ہر ایک پانچ درم اور واسطے بخار کے مرزنجوش و کشنیز ہر ایک پانچ درم اور واسطے ضعف جگر کے طباشیر بدل مرزنجوش اور واسطے سوداوی مزاجون کے اصل نسخہ مین حجر لاجورد یا حجر ارمنی نصف درم زیادہ کیا ہے۔

حب فالج — واسطے ایسے شخص کے کہ فالج جانب راست مین ہو اور کلام نہ کر سکتا ہو اور زبان اسکی ثقل ہو گئی ہو مجرب ہے تربد موصوف ایارج فیقرا ہر ایک چھ مثقال سورنجان حب النیل ہر ایک تین مثقال شحم حنظل شیطرج ہر ایک دو مثقال بوزیدان وج عاقرقرحا دار فلفل ہر ایک ڈیڑھ مثقال سکبینج جاؤشیر مقل ازرق فرفیون جندبیدستر ہر ایک آدھا مثقال ادویہ کوٹ کر چھان کر اور صموغ کو پانی مین حل کر کے سب کو ملا کر گولیان بنائین مقدار شربت تین درم ساتھ گرم پانی کے

حب شیطرج — واسطے فالج و لقوہ و درد مفاصل و عصب و احتباس طمث کے نافع ہے تربد موصوف دس درم صبر بیس درم زنجبیل خردل سفید شیطرج ہندی ملح ہندی وج ہر ایک دو درم فلفل دار فلفل عاقرقرحا ہر ایک ایک درم فانیذ چار درم کلم کے پانی مین گولیان بنائین مقدار شربت تین درم تک ہے ساتھ گرم پانی کے

حب سکبینج تالیف جالینوس کی واسطے لقوہ و فالج و جمیع امراض بارده استسقا کے نافع ہے تینون ہڑ من آنولہ ہر ایک چھ درم زنجبیل دارچینی ہر ایک پانچ مثقال فلفل دار فلفل اسارون ہر ایک تین مثقال مر صافی تخم کرفس نانخواہ وج سلیخہ شیطرج حب بلسان ہر ایک دو مثقال مصطگی سولہ مثقال غاریقون دس مثقال شکر طبرزد بیس مثقال صبر سقوطری چودہ مثقال مقل کو پانی مین حل کر کے ادویہ کو بعد کوٹنے و چھاننے کے اسمین ملا کر گولیان بنائین مانند مرچ سیاہ کے مقدار شربت دو مثقال تک ہے ساتھ پانی گرم کے وقت خواب کے۔

فائدہ — چاہیے کہ قبل و بعد استعمال اس حب کے پرہیز کرین۔

حب اصطمخیقون کہ تنقیہ سر کا کرے اخلاط ثلاثہ سے اور معنی اصطمخیقون کے منقی یعنی پاک کرنے والا ہے ایارج فیقرا حب النیل صبر ہر ایک دس درم پوست ہلیلہ زرد افتیمون بسفایج سقمونیا مشوی ہر ایک پانچ درم شحم حنظل تین درم و ثلث سنا مکی مقل ہر ایک دو درم سونف کے پانی مین گولیان بنائین مقدار شربت تین درم سے چار درم تک ہے ساتھ پانی انیسون کے۔

حب اصطمخیقون دیگر — واسطے تنقیہ سر و بدن کے اخلاط بارده سے اور واسطے حفظ صحت و دفع وسواس و امراض سوداویہ و خفقان و ضعف معدہ و گردہ کے نافع ہے صبر پندرہ مثقال بسفایج افتیمون ہر ایک چھ مثقال سقمونیا مشوی غاریقون شحم حنظل ہر ایک تین مثقال سنبل سلیخہ زعفران حب بلسان ملح ہندی وج اسارون عصارہ افسنتین عود مصطگی بیخ اذخر زراوند مدحرج

دارچینی ہر ایک ایک مثقال اور بعض اطبا ایارج زیادہ کرتے ہین اور بعضے ہلیلہ و تربد۔

حب اصطمخیقون دیگر۔ کہ تنقیہ دماغ و بدن مین اخلاط ناشہ سے عجیب الاثر ہی پوست ہلیلہ کابلی چھ درم آنولہ افسنتین غاریقون ہر ایک تین درم اسارون انیسون تخم کرفس ہر ایک دو درم تربد موصوف سات درم افتیمون پانچ درم ایارج فیقرا نو درم قرنفل ایک درم فانیذ چار درم پہلے فانیذ کو پانی مین حل کرکے دو درم سقمونیا اسمین حل کرین بعد اسکے ادویہ کوٹ کر چھان کر ملائین اور گولیان بنائین مقدار شربت تین درم سے چار درم تک۔

حب صرع۔ ایارج فیقرا آدھا مثقال افتیمون اسطوخودوس بسفائج نمک ہندی غاریقون ہر ایک آدھا دانگ تربد موصوف پوست ہلیلہ زرد شحم حنظل کتیرا اسقمونیا ہر ایک ایک دانگ کوٹ چھان کر پانی مین گولیان بنائین جملہ ایک مقدار شربت ہی ساتھ جوشاندہ اسطوخودوس کیوڑ کے کھائین۔

حب صرع دیگر۔ صبر ایک درم غاریقون آدھا درم شحم حنظل دو دانگ سقمونیا مشوی ڈیڑھ دانگ مصطگی سنبل ہر ایک ایک دانگ گولیان بناکر ساتھ جوشاندہ اسطوخودوس کے کھائین۔

حب واسطے استرخا اور صرع کے ایارج فیقرا تربد موصوف غاریقون ہر ایک ایک درم عود صلیب بوزیدان اسطوخودوس آدھا درم شحم حنظل مصطگی ہر ایک ایک دانگ سقمونیائے مشوی آدھا دانگ سونف کے پانی مین گولیان بنائین اور یہ ایک مقدار شربت ہی۔

حب۔ کہ ازالۂ رعشہ مین خاصیت عجیب رکھتی ہی عاقرقرحا جندبیدستر شیطرج بزرالبنج ہر ایک تین درم سکبینج تخم حنظل ہر ایک چار درم ایارج فیقرا پانچ درم مقدار شربت اڑھائی درم

حب سبات سہری۔ بنفشہ دو درم پوست ہلیلہ زرد تربد موصوف ہر ایک ایک درم نمک ہندی سونف تخم کرفس ہر ایک آدھا درم سقمونیا مشوی ڈیڑھ دانگ خالص پانی مین گولیان بنائین اور یہ ایک مقدار خوراک ہی اور اگر چاہین دو خوراک کرین۔

حب لقوہ۔ تربت موصوف ڈیڑھ درم ایارج فیقرا افتیمون ہر ایک چار دانگ سورنجان آدھا درم ماہیزہرج زنجبیل ہر ایک دو دانگ سقمونیا مشوی مقل ہر ایک ایک دانگ ساتھ پانی کے گولیان بنائین اور یہ ایک شربت ہی

حب تشنج و رعشہ۔ سغرجلی مسہل تین درم تربد موصوف ڈیڑھ درم سورنجان چار دانگ بوزیدان ماہیزہرج قنطوریون دقیق ہر ایک ایک درم پانی مین گولیان بنائین یہ بھی ایک شربت ہی۔

حب اختلاج۔ تربد موصوف ایک درم و چار دانگ افتیمون آدھا درم عصارۂ غافث افسنتین ہر ایک ڈیڑھ دانگ شحم حنظل مقل انیسون مصطگی ہر ایک ایک دانگ پانی مین گولیان بنائین یہ بھی ایک شربت ہی۔

حب لاجورد۔ کہ مالیخولیا و جمیع امراض سوداوی کو نافع ہی لاجورد مغسول تین درم قرنفل انیسون سقمونیا مشوی ہر ایک ایک درم غاریقون پانچ درم افتیمون بسفائج ہر ایک چار درم ایارج فیقرا چھ درم کرفس کے پانی مین گولیان بنائین مقدار شربت تین درم ساتھ ماءالجبن کے

حب۔ کہ لقوہ ورعشہ وفالج کو نافع ہی فلفل زنجبیل دارفلفل شیر آملہ سعد مصطگی دارچینی سنبل سلیخہ اسارون ہر ایک دو درم صبر بیس درم کرفس کے پانی مین گولیان بنائین مقدار شربت اڑھائی درم۔

حب۔ کہ دماغ وبدن کو امراض سوداوی و صفراوی سے پاک کرے پوست ہلیلہ زرد چھ درم پوست ہلیلہ آنولہ مقشر گلسرخ نمک ہندی ہر ایک دو درم ایارج فیقرا پانچ درم شاہترہ سقمونیا مشوی عصارۂ افسنتین نمک ہر تین درم تخم کرفس آدھا درم غاریقون چار درم کوٹکر چھان کر کاسنی کے پانی مین گولیان بنائین مقدار شربت تین درم۔

حب منشط۔ اسارون سنبل مصطگی زعفران ہر ایک دو مثقال زرانباد حب الغار عاقرقرحا قرنفل صمغ عربی ہر ایک ایک مثقال بزرالبنج سفید فلفل ہر ایک تین مثقال افیون پانچ مثقال فرفیون آدھا مثقال تخم کرفس دارچینی ریوند ہر ایک دو مثقال لبسباسہ ایک مثقال گلاب مین گولیان بنائین۔

حب نشاط۔ کہ تعدیل مزاج سوداوی کی کرے اور نزلات وکھانسی گرم وسل کو نافع اور ہاضمے کو قوت دے ونشاط لائے ومحرورون کی باہ کو زائد کرے اور اسہال کو بند کرے کتیرا صمغ عربی رب السوس نشاستہ ہر ایک پانچ مثقال افیون سات مثقال حب المحلب مروارید کہربا یاقوت ہر ایک ایک مثقال ساتھ لعاب بہیدانہ کے گولیان بنائین اور کبھی ایک دانگ مشک خالص اضافہ کیا جاتا ہی۔

حب نزلہ۔ زعفران بزرالبنج کتیرا افیون صمغ عربی تخم کاہو بیخ لفاح رب السوس نشاستہ ہر ایک وزن مین برابر بموجب دستور کے گولیان بنائین۔

حب۔ کہ واسطے نزلہ وزکام کے مجرب ہی صمغ عربی کتیرا النشاستہ دارچینی ہر ایک پانچ مثقال رب السوس دو مثقال جندبیدستر ایک مثقال ونصف افیون تین مثقال زعفران ایک مثقال بقدر مرچ سیاہ کے گولیان بنائین کمتر اس سے مقدار خوراک دو عدد تک ہی۔

حب۔ واسطے اُس شخص کے کہ زکام ونزلہ اُسکو اکثر رنج دیتا ہو بہت مفید ہی کتیرا صبر مغسول تربد موصوف رب السوس سب وزن مین برابر کوٹ کر چھان کر گولیان بنائین مقدار شربت دو درم بوقت خواب کے۔

حب دیگر۔ کہ نشہ کرے اور بھوک لگاے اور قوت باہ کی زائد کرے اور امساک مین نظیر نہین رکھتی ہی پوست اترج[1] فرنجمشک سنبل کبابہ قرنفل لبسباسہ سعد زرنباد کشنیز خشک جوزماثل بزرالبنج نمک[2] عنبر[3] ہر ایک ایک مثقال مصطگی گلسرخ صندل وج[4] جوزبوا بیخ لفاح راہ فرنسین[5] زعفران ہر ایک تین مثقال جندبیدستر گاوزبان[6] ہر ایک آدھا مثقال ورق نقرہ ورق طلا ہر ایک پچیس عدد ساتھ گلاب کے گولیان بنائین۔

حب الشفا۔ کہ محافظت قوت نفسانی وطبعی کی کرے اور بدلا افیون کا ہی زنجبیل جوزبوا ہر ایک دو درم دارچینی تین درم جوزماثل نو درم کوٹ کر چھان کر ساتھ دو چند شہد معقود کے ملا کر گولیان بنائین بمقدار فلفل شیا کے مقدار شربت ایک حب ہی۔

حب الشفا دیگر۔ کہ واسطے درد سر کہنہ وجدید وگرم و

[1] ترنج
[2] ناگرموتھ
[3] نربچور
[4] دعتورا
[5] اِلٰہ
[6] اسمِ جدوار

سرد کے نافع ہی اور علل باردہ وحارہ کے لیے اور حمیات مزمنہ ونائبہ کے واسطے مفید ہی اور حمیات مین قبل از نوبت دے سکتے ہین اور واسطے تسکین درد قولنج کے مجرب ہی مداومت اسکی عمر طبعی کو پہونچاتی ہی بشرط توافق تقدیر تدبیر کے اور صحت کی حافظ ہی اور شکنج بدن کی مزیل ہی اور جوانی کو برقرار رکھتی ہی اور اگر افیونی افیون کو ترک کرنا چاہے اس حب کے استعمال سے ترک کر سکتا ہی تخم جوز ماثل یعنی دھتورہ بارہ درم ریوند چینی آٹھ درم زنجبیل صمغ عربی ہر ایک چار درم پہلے صمغ کو پانی مین حل کرین پس ادویہ کو ٹکر چھان کر اُسمین ملا کر بقدر نخود کے گولیان بنائین مجرب وعظیم النفع ہی۔

حب الشفا دیگر۔ کہ مسمی بہ حب بدل ہی واسطے درد سر مزمن وضعف معدہ وجگر کے اور قطع عادت افیون کے نافع ہی دھتورہ سیاہ ایک مثقال زنجبیل دو مثقال ریوند تین مثقال بقدر نخود حب بنائین اور دو سے تین عدد تک بقدر مزاج ہر ایک شخص کے دیسکتے ہین۔

حب۔ کہ نشاط لائے اور منوم اور مشہی وقوی لامساک ہی زبیب سو عدد بیخ شوکران تین مثقال پہلے شوکران کو کوٹکر زبیب کو اُسمین آلودہ کر کے ڈیڑھ سو مثقال پانی مین جوش کرین یہانتک کہ پانی بالکل جذب ہو جاے بعد اُسکے گولیان بنائین اور وقت حاجت کے موافق ایک حبہ کے کھائین اور اگر نشہ زیادہ چاہین برگ شیرازی کہ ورق الخیال یعنی بھنگ ہی جوش کرنے مین زیادہ کرین۔

حب عنبر۔ کہ تقویت مین دماغ اور سب اعضاے رئیسہ کے اور خوشبودار کرنے مین منھ کے نافع ہی اور واسطے لقوہ کے مجرب ہی چھ ساعت مین نعوظ کرتا ہی اور دھونا بدن کا سرد پانی مین دور کرنیوالا نعوظ کا ہی اور رکھنا اُسکا منھ مین سبب دوام نعوظ کا اور خوشبو ہونے منھ کا ہی نیبر مایہ شتر اعرابی تین مثقال مشک مصطگی قرنفل ہر ایک ایک مثقال عنبر اشہب خصیۃ الثعلب خولنجان ہر ایک دو مثقال کوٹ کر چھان کر بقدر فندق کے گولی بناے اور ہر دن ایک گولی کھاے پیچھے اُسکے شراب یا دودھ تازہ یا پانی ترہ تیزک یا پانی نخود خام کا تناول کرے اور یہ گولی آدھی مثقال تک دیسکتے ہین لیکن مرطوب المزاج کو زیادہ اس سے بھی۔

حقنہ لینہ۔ کہ سرسام وجمیع امراض گرم دماغی وغیرہ دماغی وحمیات کو فائدہ دیتا ہی عناب سپستان شعیر مقشر نیم کوفتہ گل بنفشہ سبوس گندم خطمی اکلیل الملک ہر ایک ایک کف انجیر پانچ عدد بیخ تین رطل پانی کے جوش کرین جب ایک رطل پانی رہجاے ملکر صاف کرین اور شکر سرخ پانچ درم روغن بنفشہ بادام روغن کنجد ہر ایک دس درم آبگامہ پانچ درم اضافہ کر کے نیم گرم دو مرتبہ حقنہ کرین اور اگر اندک قوی منظور ہو مغز فلوس سات درم داخل کرین۔

حقنہ دیگر۔ کہ استرخا وفالج وسکتہ وجمیع امراض بلغمی کو نافع ہی سنا مکی پانچ درم شبت بابونہ کافیشہ نیم کوفتہ بید انجیر نیم کوفتہ ہر ایک ایک کف برسیاوشان بادرنجبویہ قنطوریون دقیق ہر ایک دو درم شکر سرخ پندرہ درم آبگامہ دس مثقال آب برگ چقندر روغن زیت ہر ایک دس درم نمک ہندی بورہ ارمنی ہر ایک آدھا درم بطریق

معہود عمل کرین -

فائدہ - معالجۂ امراض دماغی مین بہترین معالجات حقنہ ہی کم کرنا اور زیادہ کرنا ادویہ کی مفوض اوپر رائے معالج کے ہی

حقنہ - کہ واسطے سکتہ کے قوی الاثر ہی تخم حنظل بخور مریم قنطوریون دقیق عرطینثا خربق سفید ہر ایک ایک کف مین رطل پانی مین پکائین کہ ایک رطل رہجائے پس ملکر صاف کرین اور نصف رطل اس سے لیکر حقنہ کرین اور اگر حقنہ جلد نکل آئے نصف رطل باقی سے پھر حقنہ کرین تو رطوبت خوب نکل آئے اور یہ حقنہ وقت بیماری کے استعمال کرتے ہین -

حقنہ - کہ واسطے لیثرغس کے کثیر النفع ہی تخم حنظل قرطم نیم کوفتہ کتان تخم انجرہ پوست بیخ کبر ہر ایک ایک کف فودنج ایک دستہ تین رطل پانی مین یہانتک پکائین کہ ایک رطل پانی رہجائے پس ملکر صاف کرین نصف رطل اس سے ساتھ نصف اوقیہ زیت کے حقنہ کرین

خشایش حارہ کہ صداع بارد و امراض دماغی کے لیے اُنسے انکباب کرتے ہین واسطے تحلیل و امتحان کے بابونہ اکلیل الملک نمام حلبہ مرزنجوش نخالہ خطمی قیصوم شبت شیح ارمنی سب کو بعضی کو بیخ قیتم سر لبستہ کے پکاکر سر کو اُسکے بخار پر رکھین -

خشایش باردہ - کہ واسطے تبرید و ترطیب دماغ کے اور صداع گرم و سرسام اور سب امراض گرم دماغی کے لیے اور اُن بیماریون کے واسطے جو خشکی سے پیدا ہوتی ہین انکباب کرتے ہین ورق کدو یا تراشہ اُسکا کاہو تر اور تخم اُسکے کوکنار اور تخم اُسکے بنفشہ نیلوفر نفاخ شاہسفرم اطراف خلاف جملہ یا جو یا تھو آئے پانی مین پکاکر انکباب کرین اور اُس پانی سے نطول بھی کرین -

حرف الدال

دیا قوذہ - کہ منع نزلات کرے اور سرفۂ خشک کو نہایت نافع ہی اور وہ عبارت ہی شربت خشخاش سے کہ اسمین تخم خشخاش کو ساتھ پوست کے پکایا ہو کوکنار مع تخم بیس عدد تخم خطمی کتیرا صمغ عربی تخم خبازی بہیدانہ شہرین ہر ایک پانچ درم اصل السوس بیس درم اسپغول دس درم سب کو چھ رطل آب باران مین بھگوئین دو رات دن بعد اُسکے نرم آگ پر پکائین جب آدھا رہ جاے صاف کر کے ایک من قند سفید داخل کر کے قوام کرین -

دیا قوذہ دیگر - تخم خشخاش سفید و سیاہ مع پوست ہر ایک دس مثقال بنفشہ صمغ عربی ہر ایک پانچ مثقال اصل السوس تین درم آب انار شیرین بیس مثقال قند سفید سو درم بموجب رسم کے شربت بنائین اور نسخ دیگر دیا قوذہ کے بحث شربت مین مذکور ہونگے -

دواء السنہ - کہ اسکو دار الملوک بھی کہتے ہین حواس کو قوی کرے اور دماغ کو بھی اور واسطے اوجاع مفاصل و بواسیر دلو اسیر و برص و بہق سفید و سیاہ و جذام کے نافع ہی اور باہ کو زیادہ کرے اور جو شخص اسکو استعمال کرے ایک برس تک بال اسکو سوا اُن بالون کے کہ سفید ہوگئے ہون اور سفید ہونگے اور یہ معجون تالیف اطباے عرب سے ہی لسبب استعمال کرنے اس معجون کے ایک

برس تک دوا۔ اسنہ نام رکھا گیا اور بسبب جلالت قدر
کے دوا الملوک نام رکھا ہی ہلیلہ سیاہ بلیلہ آملہ ہر ایک
تیس مثقال شونیز چوبیس مثقال فلفل اشق دار فلفل زنجبیل
فلفلموىہ ہر ایک بائیس مثقال قاقلہ نار مشک سعد
پیپلامور ۱۲ ہر ایک دو مثقال کبابہ عسل بلادر ہر ایک چھ مثقال
فانیذ چھ سو مثقال پہلے فانیذ کو پانی مین قوام کرین پس
ادویہ کوٹ کر چھان کر مع عسل بلادر کے ملا کر اقراص
بنائین ہر ایک بقدر دو مثقال اور ایک دانگ کے
اور ہر صبح ایک قرص اُنسے کھائین اور جس سال مین
کہ یہ معجون استعمال کرین حموضات و لبنیات سے پرہیز کرین
دوا کہ بیہوشی لائے اور سہر مفرط کو زائل کرے اور یہ دوا
وقت کاٹنے عضو کے بلحاظ عدم ادراک درد کے مستعمل
ہوتی ہی اور بہت نادر ہی اور علم جراحی مین جزو اعظم ہی
افیون بزر البنج بیخ لفاح جوز ماثل تخم کاہو سب کو برابر
لیکر سوائے افیون کے نیمکوفتہ کرین اور سب کو پانی
مین جوش کرین پس تھوڑے گیہون اس جوشاندے
مین بھگوئین یہانتک کہ گیہون جوشاندے کو بالکل
جذب کرلین پھر ادویہ مسطور مکرر لیکر پانی مین جوش
کرین اور گیہون مذکور کو اس جوشاندے مین پھر
بھگوئین یہانتک کہ جذب کرلین اسی طرح پانچ مرتبے
تک گیہون کو جوشاندہ جدید مین ان ادویہ کے بھگو کر
گیہون کو بعد جذب کے شیشے مین رکھین اور وقت
احتیاج کے ایک دانگ سے دو دانگ تک ان
گیہون سے پیسکر کھلائین اور جب چاہین کہ ہوش آئے
کئی قطرے سرکے کے ناک مین ڈالین کہ جب ناک
کی جڑ مین اثر سرکے کا پہونچیگا افاقہ ہوگا۔

دوا دیگر۔ کہ یہی عمل کرتی ہی افیون پانچ درم خشخاش
سیاہ دس درم تخم کاہو بیس درم جملہ بیچ تین رطل پانی کے
جوش کرین جب ایک رطل رہے گیہون ربع رطل اسمین
جوش کرین یہانتک کہ پانی گیہون مین جذب ہوجاوے
پس خشک کرکے رکھ لین اور وقت حاجت کے ایک
مثقال کوٹ کر جسکو کھلائین بیہوش ہوجائیگا۔

دوا دیگر۔ شوکران تخم کاہو ہر ایک تین درم بزر البنج
خشخاش سیاہ ہر ایک پانچ مثقال جملہ کوٹکر چھانکر ساتھ قند
مقوم کے ملائین ایک مثقال اس دوا سے بیہوشی لاتی ہی

دوا المسک حلو۔ واسطے صرع و فالج و لقوے کے
مفید ہی اور سب اقسام اُسکے علل قلب مین مذکور ہونگے
اسلئے کہ ذکر کرنا اُنکا وہان لائق ہی۔

دوا ہندی۔ کہ درد صفراوی کو نافع ہی آملہ برنگ گلو
زنجبیل صندل سفید بیخ سوسن مویز بنات کشمش ہر ایک
آدھا درم کوٹ کر چھان کر ساتھ شیر و شہد و روغن گاؤ
کے ملا کر کھائین اور اگر کفایت نہ کرے مسہل دین۔

نوع دیگر۔ کاکجنگ کہ اسکو مسی بھی کہتے ہین مع شاخ
اور پتے اُسکے کوٹکر پانی مین جوش کرکے بخار اُسکا
سر کو پہونچائین آہستہ آہستہ اور صندل سفید بیخ بیدانجیر
پانی مین پیسکر طلا کرین۔

دوا۔ کہ درد سر خونی کو مفید ہی بیت پاپڑا کشنیز مویز ہر ایک
دو دو درم جوش کرکے پلائین۔

نوع دیگر۔ بیخ بانسہ پانچ درم کوٹکر جوش کرین اور
چھ درم عسل اُسمین ڈالکر شیر گرم پلائین اور اگر پہلے

اس دوا کے فصد یا حجامت پس سر کی کرین نہایت نافع ہی

دوا۔ کہ درد سر بلغمی کو اور اس درد سر کو کہ سبب اوسکا سردی ہو دفع کرے قرنفل زنجبیل فلفل کو اوپر پیشانی کے طلا کرین اور سر کو چھپائین اور غذا کم کھائین۔

دیگر۔ ہلیلہ زنجبیل کشنیز ہر ایک ایک درم پانی مین جوش کر کے ایک ہفتہ تک کھلائین۔

نوع دیگر۔ فلفلین بیخ سوسن زنجبیل مویز زیرہ سفید تخم کرفس ہر ایک ایک درم جوش کر کے شیر گرم پیئن۔

نوع دیگر۔ زرد چوب قرنفل کافور مشک ہر ایک ایک دانگ ساتھ روغن گاؤ کے ناک مین ٹپکائین۔

نوع دیگر۔ کلونجی اور شکر اور روغن گاؤ لیکر حلوا اوسکا بنا کر کھائین درد سر کہ ریح و بلغم سے ہو دور ہو۔

نوع دیگر۔ گل بچکند کو پانی مین پیس کر گرم کر کے طلا کرین

دوا۔ کہ دوران سر صفراوی و خونی کو نافع ہی سیر بھوکا کشنیز ہلیلہ زرد ہر ایک دو درم جو کوب کر کے پانی مین جوش کرین جب تھوڑا پانی رہجائے صاف کر کے پیئن ایک ہفتے تک لیکن دموی مین نکالنا خون کا مقدم کرین۔

دیگر۔ کہ دوار کو اگر سبب اوسکا حرارت ہو نافع ہی خشخاش سے شیرہ نکالکر مصری اوسمین ڈالکر حریرہ اوسکا پکائین اور بقدر مناسب کھائین۔

دیگر۔ کہ دوار سرد بلغمی و ریحی کو نافع ہی عاقرقرحا دس درم فلفل گرد بیس درم کوٹ کر چھان کر ساتھ شہد کے مقدار نیم درم کے گولیان بنائین اور صبح شام ایک گولی کھائین اور ترشی سے پرہیز کرین۔

دوا۔ کہ واسطے سب اقسام دوار کے نافع ہی زرد چوب شکر تری ہر ایک نو درم روغن گاؤ پچیس درم سب کو ملا کر صبح کو کھائین اور غذا کھچڑی مونگ و برنج کی گھی ملا کر کھائین اور اگر ان تدابیر سے دوار دفع نہو تو مارک یا جانب گردن پر داغ دینا فائدہ کرتا ہی۔

دیگر۔ کہ دوار صفراوی کو مفید ہی تخم خشخاش شیرہ نکالکر مصری سے شیرین کر کے دو تین جوش دیکر پلائین۔

دوا۔ کہ فالج کو مفید ہی برگ راسن اسگند زنجبیل گلو دیودار بیخ بید انجیر سنبھالو ہر ایک ایک درم جو کوب کر کے چار سیر پانی مین جوش کرین جب آدہ سیر رہے شیر گرم پلائین اور ہمیشہ روغنہاے گرم ملین اور جوزبوا قرنفل عاقرقرحا زنجبیل کو جو اوسے حاضر ہو منہ مین رکھیں اور بعد ایک ہفتے کے تبدریج تنقیۂ بلغم کرین۔

فائدہ۔ مراد وزن سیر سے چوبیس تولہ ہی۔

دوا۔ کہ لقوی کو مفید ہی پہلے دنون مین فاقہ کرین جوزبوا وغیرہ کہ فالج مین مذکور ہین منہ مین رکھین اور ماش سیاہ کی روٹی بنا کر ایک طرف توے پر لگا کر کچی طرف روغن بیدانجیر یا روغن کنجد کہ عاقرقرحا اسمین پیس کر چھڑکا ہو ملکر پس گردن اور دونون طرف گلے پر باندھین اور روغن ناریل اور روغن دھتورہ اوپر منہ و گردن کے ملین اور جب چار دن نہایت سات دن گذر جائین مسہل دین اور بعد مسہل کے روغن بادام و مشک و عنبر منہ پر ملین اور یہ دوا کھلائین قسط زنجبیل کبابہ دیودار ہر ایک تین درم بھنگرہ فلفل گرد عاقرقرحا کج بیل تخم سن کہ اس سے رسی بناتے ہین ہر ایک نو درم کوٹ کر چھانکر ہر چند سب اجزا کے نقل ازرق ملا کر بمقدار دس درم کے ساتھ

عسل کے گولہ بنائین ایک گولہ صبح اور ایک شام کو ساتھ نیمگرم پانی کے کھلائین اور چاہیئے کہ نوشادر پیسکر ساتھ سکنجبین کے غرغرہ کرین اور تاریک گھر مین بٹھائین اور یہ روغن ناک مین ڈالین برگ نیم جھنیڈا دستی پت پاپڑہ تر پھلا دار چوبہ چوک موتھہ گرد بالا دہمایہ سونٹھ مرچ تراہما صندل سرخ جوز برابر روغن گاؤ بدستور چہارم حصہ جملہ ادویہ کا پانی بقدر متعارف موافق رسم کے پکائین جب اور روغن رہین اور ناک مین ٹپکائین اور اگر سر پر ملین اور کان مین ڈالین انفع ہی اور غرغرہ وسعوط بعد تنقیہ کے کرنا چاہیئے اور جاننا چاہیئے کہ اگر تقویٰ قوی ہو اور مادہ ہیجان مین ہو سکتہ ہو جائیگا شائد کہ ہلاک کرے ایسے لقوے مین چار دن تک خطرہ ہی نہ ہر تقوے مین —

دوا - کہ سکتہ بلغمی کو مفید ہی جس حیلے سے ہو سکے منھ کھول کر گوے لشمین اعنی گیند بالون کا منھ مین رکھین تو منھ کھلا رہے اور پر مرغ کا گھی مین چرب کر کے حلق مین ڈالین تو تلی پیدا ہو اسوقت بشت دگندک وشہد ہر ایک بقدر حاجت کے لیکر لطریق معمول مرتب کر کے حلق مین گرا دین تو قی خوب آئے اور شحم حنظل و مغز بید انجیر کا حقنہ کرین اور چھکنی کہ دوائے عطسہ اور مشہور ہی ناک مین پھوکین اور تخم سپندان گرد ساتھ سر کے کے پیس کر پیشانی پر ملین اور بال سر کے مونڈ کر گرم توا نزدیک سر کے رکھین یا نمدہ اوپر سر کے رکھکر توا گرم اسپر رکھین اور اگر بال سر کے مونڈ کر پھپناک پیشاب مین آدمی کے پیسکر وہان رکھین جلد ہوش آئے اور یہ مجرب ہی

اور سکتہ دموی کا سوا فصد کے کوئی اور علاج نہین ہی اور فرق درمیان سکتہ قوی و موت کے بہت ہین امتحان آسان یہ ہی کہ آئینہ صاف نزدیک مریض کی ناک کے رکھین اگر آئینے مین غبار آجاے مریض زندہ ہی ورنہ مردہ ہی اسلیئے کہ آدمی جب تک کچھ رمق زندگی سے رکھتا ہی اسکو تنفس لازم ہی اگرچہ تنفس پوشیدہ ہو

دوا - کہ بے حسی عضا کو نافع ہی اور اس مرض کو عربی مین خدر اور ہندی مین بہرا اور سن بہری کہتے ہین اگر یہ مرض بلغم سے ہو پہلے قی کرائین کئی دفعہ بعد اسکے حقنہ کرین کئی مرتبہ بعد اسکے بیخ نیل کوٹ کر چھان کر ہر صبح کو دو درم ساتھ گرم پانی کے چھ مہینے تک بدوام کھلائین اور درمیان اس مدت کے کبھی کبھی تنقیہ کرتے رہین اور سب ترشیون سے پرہیز کرین اور اگر عضو خدر قابل پچھنے لگانے کے ہو پچھنے ہلکے لگائین اور توتیا سبز و نوشادر لیمو کے پانی مین پیسکر ملین اور اگر حاجت ہو دوسری دفعہ بھی یہی کرین اور اگر خدر لسبب کثرت خون کے ہو خون بہت نکالین اور طعام کم کھائین —

دوا - کہ سبات یعنی خواب مفرط کو فائدہ کرے اس شرط سے کہ بلغم سے ہو فلفل گرد باریک کر کے نے مین رکھکر ناک مین پھونکین اور تخم کٹائی وچھکنی بدستور ناک پھونکین تو چھینک آوے اور دماغ پاک ہو اور اگر خون سے ہو فصد کرین —

دوا - کہ کابوس کو فائدہ کرے اور کابوس وہ مرض ہی کہ آدمی خواب مین دیکھے کہ کوئی بھاری چیز اسپر گری ہو اور دم تنگی کرتا ہی اور ترک گیا ہی پس پہلے فصد

باسلیق کرین بعد اُسکے سنا پانچ درم ہلیلہ سیاہ دو درم جوش کرکے پانی صاف اُسکا لیکر شیر گرم پیٔین بعد اُسکے جوز القی و نمک لاہوری سے قی کرائین بعد اُسکے یہ دوا استعمال کرین ترپھلا ملیٹھی ہر ایک نصف درم مصطگی دارچینی ہر ایک ایک درم تربد دو درم سونٹھ چار درم گل شکر ڈیڑھ درم ادویہ کوٹ کر چھان کر روغن بادام یا گھی مین چرب کرکے سہ چند شہد مین ملاکر تیار کرین اور چھ درم ہر دن نہار کھائین ـ

دوا ـ کہ صرع کو مفید ہی اگر غلبۂ خون سے ہو رگ سر رو سافن کی کھولین اور پنڈلیون پر حجامت کرین اور ساتھ جوشاندہ ہلیلہ کے طبع ملائم کرین اور اگر بلغم سے یا ریح سے ہو دودھ مدار کا کف پا مین ملین اور مرچ سیاہ پیسکر اُسپر چھڑکین اور ستپے آگ یعنی مدار کے اُسپر چالیس دن تک باندھین اور اس مدت مین پانٔون نہ دھوئین مجرب ہی ـ

دیگر ـ پسینا مست ہاتھی کے کان کی لوکا روئی مین لیکر خشک کرین اور وقت صرع کے اس روئی کو پانی مین بھگو کر ناک مین ٹپکائین اور یہ عمل اکثر کرین ـ

دیگر ـ بیخ کھرنی تج فلفل نمک لاہوری پیشاب مین بکری کے پیسکر سعوط کرین ـ

دیگر ـ مہرہ گاؤ کہ ہندی مین گاو زوھن کہتے ہین ہر دن تھوڑا سا جوش کرکے کھلائین ـ

دیگر ـ عاقرقرحا پیسکر ایک حصہ چار حصہ شہد مین ملاکر ہر دن ایک درم کھلائین اور اگر صرع بمشارکت معدہ ہوتے کرین اور سنبل گلسرخ و مصطگی و کندر خوب پیسکر اور شکم کے طلا کرین ـ

دیگر ـ کہ سب اقسام صرع کو مفید ہی ملخ یعنی ٹڈی کو کہ اوپر درخت آگ کے ہوتی ہی اور رنگ گونا گون رکھتی ہی اور اُڑ نہین سکتی ہی لیکر خشک کرین اور برابر اُسکے مرچ سیاہ دونون کو کوٹ کر چھان کر نگاہ رکھین اور وقت صرع کے ناک مین ڈالین مجرب ہی اور جو صرع کہ لڑکون کو ہوتی ہی حاجت علاج کی اُسمین نہین ہی اسلیئے کہ بعد بلوغ کے اکثر خود بخود دور ہو جاتی ہی لیکن اُسکی دایہ کو اشیاے بلغم افزا سے اور جماع سے پرہیز کرنا لازم ہے ـ

دوا ـ کہ مالیخولیا کو نافع ہی ہو بیر کسیلی کچور زرنجبیل فلفلین موتھا ایک ایک سیر کسیلا دو سیر عاقرقرحا بسباسہ جوز بوا قرنفل مصطگی خولنجان کبابہ ہاے بزرگ الائچی پوست خشخاش فوفل چوک میدہ مہامیدہ جترک بالا نانخواہ ریگ ترہنی اجمود ہر ایک پانچ درم گل دھاوا چار سیر سب کو جوکوب کرکے پانچ من پانی مین جوش کرین جب آدھا رہ جاے اُتارلین اور بعد سرد ہونے کے قند ہندی یعنی گڑ ایک من مویز طائفی دس سیر اُسمین ڈالکر چکنے باسن مین مٹی کے رکھکر گھوڑے کی لید مین گاڑین اور بعد بیس دن کے ہاتھ سے ملکر صاف کرین اور چکنے باسن مین رکھین اور ہر دن ایک پیالہ شام کو اور ایک پیالہ صبح کو کھائین اور ترشی اور بادی چیز دن سے پرہیز کرین چالیس دن مین فائدہ خوب ہوگا اور اوپر بیان ہو چکا ہی کہ مراد سیر سے چوبیس تولہ ہی اور اگر یہ دوا بعد کھانے مسہل کے استعمال کرین بہتر ہی اور اس مرض مین روغن بنفشہ

بنفشہ

ونیلوفر ہمیشہ ناک مین ٹپکائین اور غذائین چکنی تناول کرین اور رنج سے اور جس چیز سے خشکی ہوتی ہی پرہیز کرین اور تنویم یعنی بنیند نہ آنے مین کوشش کرین اور ہر چالیس دن مین فصد اسیلم بھی کرتے رہین لیکن خون کم نکالین اور بالکل ترطیب و تقویت مین کوشش کرین —

فائدہ — عشق ایک قسم مالیخولیا سے ہی تدبیر اُسکی موافق تدبیر مالیخولیا کے ہی اور حتی المقدور ملاقات مین معشوق کے کوشش کرنا اور جماع عشق مین کرنا نہایت مفید ہی بخلاف مالیخولیا کے کہ وہان جماع کے سوا کبھی کبھی بشرط توقان یعنی غلبۂ شہوت کی اجازت نہین —

دوا — کہ نسیان کو مفید ہی کندر زیرہ دارفلفل ہر ایک تین درم کوٹ کر چھان کر ساتھ دو چند شہد کے تیار کرین اور صبح و شام کھائین —

دیگر — پہلے روغن مال کنگنی کا اوپر برگ تنبول[۱۲] کے ملین پھر مقدار ایک حبہ کے پارہ اُسپر رکھکر ملین کہ فی الفور مضمحل ہو جائیگا اُس پان کا بیڑا بموجب معمول کے بنا کر کھائین اور مداومت کرین مجرب ہی اور اگر یہ تدبیر مفید نہو مسہل توی دین —

دوا — کہ اختلاج کو نافع ہی روغن ناردین وغیرہ ملین اور تنقیہ کرین اگر زیادہ ہو اور دیر تک رہتا ہو اور روغن ناردین مجرب ہی اور معمول اہل ہند کا ہی اور اہل یونان مین کہ روغن ناردین مستعمل ہی برابر اُسی کے ہی عمل مین —

دوا — کہ زکام و نزلہ کو نافع ہی اگر حرارت سے ہو فصد کرین پھر تلین اور شربت خشخاش کی مداومت کرین اور یہ حب منہ مین رکھین کتیرا نشاستہ ہر ایک دو درم افیون نصف درم حبوب بنائین اور رات کو منہ مین رکھکر پانی اُسکا بلع کرین کہ خواب لاتا ہی اور نزلے کو بند کرتا ہی اور اگر برودت سے ہو ارزن کو گرم کر کے اور کپڑے مین لپیٹ کر اوپر تالو کے رکھین یا کپڑا یا اینٹ پختہ گرم کر کے ہیر پر رکھین اور قسط و شونیز ولادن و عود ساتھ لبان کے جلا کر بخار اُسکا ناک مین پہونچائین اور عود و مشک و زعفران و کندر و سندروس کو چینیا[۱۲] کپڑے مین باندھ کر سونگھین —

دیگر — کہ یہی اثر رکھتی ہی شونیز نانخواہ کپڑے مین باندھکر لحظہ لحظہ ہاتھ سے ملکر سونگھین اور اگر جلا کر اُسکا دھوان لین بہتر ہی —

دیگر — کاغذ فلفل زیرہ سیاہ الائچی قرنفل تیرج کو جلا کر دھوان اُسکا دماغ کو پہونچائین —

دیگر — کوکنار دو درم زنجبیل ایک درم گل دھانگی آدھا درم دو سیر پانی مین جوش کرین جب آدھ سیر رہے وقت خواب کے شیر گرم کئی دفع پئین —

دیگر — زکام سرد کو کہ ساتھ کھانسی شدید کے ہو نفع دے زنجبیل گلو بانسہ[۱۲] بھارنگی کاکڑا سینگی دھمایہ بھکر پول ہر ایک ایک درم جو کوب کر کے چار سیر پانی مین جوش کرین جب آدھ سیر رہی نیمگرم پئین سات دن تک اسی طرح کرین اور غذا سوائے پانی مونگ کے اور نہ کھائین مجرب ہی —

حرف الراء

[۱۲] [illegible]

رب خشخاش - تالیف قدما سے واسطے نزلات گرم کے نہایت نفع بخشتا ہی کوکنار مع تخم بائیس عدد کوٹ کر ایک رات دن نوسو مثقال پانی مین ترکرین صبح کو جوش کرین جب آدھا رہجاے صاف کرکے ساتھ ڈیڑھ سو درم شکر یا شہد یا مثلث کے قوام کرین کہ مانند لعوق غلیظ کے ہو بعد اُسکے اقاقیا و زعفران و مازو و لحیۃ التیس ہر ایک ایک درم کوٹ کر چھانکر اُسمین ملائین -

فائدہ - رب نزدیک اطبا کے وہ ہی کہ نباتات و اثمار کو کوٹ کر پانی اُنکا نکال لین یا اُنکو جوش کرکے جوشاندہ اُنکا نکالین پس اس پانی یا جوشاندے کو پکائین تو غلیظ ہو جاے اور آدھا رہجاے تھوڑی سی شیرینی بھی داخل کرکے قوام کرین اسلیے کہ فواکہ بعض شہردن مین مائیت لطیف بہت رکھتے ہین وقت طبخ کے وہ مائیت بالکل ہوا ہو جاتی ہی اور غلیظ نہین ہوتی ہی جب شکر نہ ملائی جاے بخلاف شربت کے کہ ملانا مٹھائی کا اُسمین یا اور مائعات ہین بدون اسکے کہ جوش کرنے سے اُنکو کم کرین شروط ہی خواہ وہ مائع عصارہ ہو یا جوشاندہ وغیرہ اور یہ فرق درمیان رب و شربت کے باعتبار اکثر کے ہی ورنہ بطور مجاز کے رُب کا اوپر شربت غلیظ القوام کے بھی اطلاق کرتے ہین چنانچہ ابھی رب مین مذکور ہوا اسی طرح شربت کو اوپر رُب کے اطلاق کرتے ہین چنانچہ اشربہ مین مذکور ہوگا -

روغن قسط - کہ فالج و لقوے کو فائدہ دے اور معدہ و جگر سرد کو نافع ہی اور سیاہی بالون کی نگاہ رکھتا ہی اور اعصاب کو قوت دیتا ہی قسط دس درم فلفل فرفیون ہر ایک تین درم عاقر قرحا چار درم جند بید ستر اڑھائی درم شراب کہنہ سو درم روغن زیت پچاس درم قسط و مرچ و عاقر قرحا کوٹ کر شراب مین بھگوئین ایک رات تک اور صبح کو جوش کرین جب آدھا رہ جاے روغن زیت ملائین اور اس قدر جوش کرین کہ شراب بالکل جاتی رہے فقط روغن رہ جاے پس جند بید ستر و فرفیون کوٹ کر چھان کر اُسمین ڈالکر اُسی وقت آگ سے اُتار لین -

روغن شونیز - کہ فالج اور لقوے اور تشنج کو فائدہ کرتا ہی شونیز بیس درم مغز بادام تلخ بیس درم ملاکر کوٹ کر روغن نکالین -

روغن فرفیون - کہ فالج و استرخا کو اور سب دردون کو کہ سردی سے ہون فائدہ کرتا ہی قسط دس درم کندش چالیس درم جند بید ستر پانچ درم پودینہ کوہی خشک بارہ درم عاقر قرحا سات درم مویزج تین درم سب کو ہمکوب کرکے چار سو درم شراب کہنہ مین پکائین جب تین حصہ جلکر ایک حصہ رہ جاے نصف اسکے روغن حسری ملاکر پھر پکائین تو شراب بالکل جل کر روغن رہے پس اٹھارہ درم روغن مین دو درم فرفیون تازہ ڈالین اور ایک جوش دیکر اُٹھا رکھین -

روغن - کہ تشنج کو خوب نفع کرتا ہی روغن زنبق ایک رطل فرفیون تازہ ایک اوقیہ حل کرکے سرپر ہمکرم ڈالین اور ملین -

روغن بید انجیر - گرم و خشک ہی تیسرے درجے مین

واسطے بیماریون بارده دماغی کے فائده کرتا ہی اور مسہل بلغم و مخرج حب القرع و منقی اعصاب کا رطوبات لزجہ سے ہی اور واسطے ورم اسفل و انقلاب رحم و حبس بول و قولنج بلغمی وریحی کے فائده مند ہی مقدار شربت پانچ درم تک ہی بدل اسکا روغن ترب و روغن کتان ہی اور ابن زکریا نے کہا ہی کہ جسوقت روغن بیدانجیر کو کسی بیماری مین دین چاہیئے کہ اوپر تالو اس شخص کے پہلے روغن بنفشہ لگائین تو سر کو تر رکھے اور بخارات کو سر سے منع کرے بیدانجیر کو بریان کر کے خوب کوٹین اور پانی مین جوش کرین اور کف نکالکر ایک ظرف مین رکھتے جائین یہانتک کہ بالکل کف نکل آئے زرد پانی ره جاے پس کف کو جوش کرین تو روغن صاف نکل آئے اور طریق دوسرا وه ہی کہ بطور روغن کنجد کے نکالین ۔

روغن بیدانجیر مرکب ۔ کہ فالج اور لقوے کو نفع کرے اور سدہ جگر و طحال کو کھولے اور قولنج کو دفع کرے نانخواه صعتر فودنہ کوہی تخم کرفس انیسون مصطگی اسارون ہر ایک بیس درم بیخ کرفس بیخ بادیان بیخ سوسن آسمانجونی راسن خشک ہر ایک دس درم شیطرج مقل ہر ایک پانچ درم سلبنیج جاؤشیر زرنباد درونج ہر ایک تین درم زنجبیل دارچینی قاقلہ خیر بوا کبابہ دار فلفل جوز بوا بسباسہ شونیز قسط کرویا ہر ایک چار درم جملہ نیمکوب کر کے پانی مین ایک رات دن بھگو کر جوش کرین تو دوا گھلجاے پس ملکر ڈیڑھ سو درم روغن بیدانجیر ملا کر جوش کرین تو پانی جلکر روغن ره جاے مقدار شربت دو درم سے تین درم تک ساتھ ماء الاصول کے ہی اور

اُسی روغن سے تدہین بھی کرین ۔

روغن کدو ۔ سرد و تر ہی سونگھنا اور ملنا اور ٹپکانا اسکا ناک اور کان مین سہر یعنی بیخوابی و یبوست دماغ کو دفع کرتا ہی اور سرسام و مالیخولیا کو نفع کرتا ہی اور یہ روغن دو طرح بنایا جاتا ہی ایک وه کہ تازه کدو لیکر پوست اسکا چھیل ڈالین باقی لحم و شحم و تخم کو کوٹ کر پانی اسکا لین اور چہارم حصہ اسکا روغن کنجد ملا کر نرم آگ پر جوش کرین جب پانی جلکر روغن ره جاے اُٹھا رکھین اور اگر بجاے روغن کنجد کے روغن بادام شیرین ڈالین نہایت لطیف ہو جاتا ہی تناول اسکا محموم کو بھی مفید ہی دوسرے وه کہ مغز تخم کدو سے شیرین سے روغن نکالین مانند روغن بادام کے اور یہ روغن لطیف تر و قوی تر و سرد تر و رطب تر ہوتا ہی اور تناول اسکا حمیات مین نافع تر ہی اور اگر سرطان نہری شیرین پانی مین پکا کر سرد کرین اور روغن مغز تخم کدو اسمین ملا کر کان مین ٹپکائین ۔ صداع التہابی کو بہت فائده کرتا ہی اور اگر روغن تخم کدو ساتھ شیرۂ تخم کدو سے تازه کے پکائین بہت ملطف ہی برودت اسکی بہ نسبت اُس روغن کنجد و روغن بادام کے کہ کدو کا پانی اسمین پکایا ہو زیاده ہی لیکن بہ نسبت روغن تخم کدو کے کہ ساتھ شیرۂ کدو کے نہ پکایا جاے گرم ہی بہ سبب حاصل کرنے گرمی کے طبخ سے ۔

روغن بادام شیرین معتدل مائل بہ برودت کثیر الرطوبت ہی واسطے یبوست دماغ و صداع و سرسام و تشنج یبسی و سہر کے نافع ہی مرو خا و سعوطاً اور واسطے ضربان گوش کے قطوراً اور واسطے ورم ودقی کے تدہیناً اور

واسطے عسر بول وحصاۃ واوجاع مثانہ ورحم واختناق رحم کے زرقاً اور جہت سعال مزمن ورلبو وذات الجنب وقولنج کے اور کاٹنے کتے باؤلے کے اور خشونت حلق کے اکلاً اور مضر ہی احشائے ضعیفہ کو اور مصلح مصالح ہی اُسکی اور ملانا اسکا ساتھ ادویہ مسہلہ کے کاسر حدت ادویہ ہی اور مانع ہی تشبث ادویہ کو ساتھ امعا کے۔

روغن بادام تلخ ۔ گرم ہی دوسرے درجے مین اور یابس ہی اور واسطے صداع بارد کے ملنا اور واسطے تفتیت حصاۃ کے کھانا اور احلیل مین ٹپکانا نافع ہی اور قطور اسکا کان مین مسکن درد گوش کا ہی اور پینا اسکا مفتح اور دافع قولنج ہی طریق نکالنے روغن بادام کا معروف ہی۔

روغن بنفشہ ۔ سرد تر ہی اور نافع صداع حار یابس ومنوم اصحاب سہر ومزیل یبوست دماغ ہی تدہین اسکی جرب کو مفید ہی اور ملین صلابت مفاصل واعصاب وسہل حرکات مفاصل وحافظ صحت اظفار ہی اور اس روغن کو بھی دو طرح نکالتے ہین ایک وہ کہ گل بنفشہ تازہ کو روغن کنجد مین پروردہ کرین چنانچہ روغن گل مین مفصل آئیگا دوسرے وہ کہ کنجد کو گل بنفشہ مین پروردہ کرین جیسا اور پھولون مین پروردہ کرتے ہین بعد اسکے کنجد سے روغن نکالین ۔

روغن بنفشہ بادام ۔ سرد تر اور واسطے رفع کرنے بیخوابی کے نافع تر اور پر دو طعون سے ہی اور یہ بھی دو طرح بنایا جاتا ہی ایک وہ کہ گل بنفشہ تر کو روغن بادام مین پروردہ کرین دوسرے وہ کہ مغز بادام کو گل بنفشہ مین پروردہ کرکے روغن نکالین اور طریق پروردہ کرنے مغزون کا پھولون مین مشہور اور رائج ہی اور ایک طریق خاص بنفشہ بادام مین زیادہ کیا ہی وہ یہ ہی کہ مغز بادام شیرین کو پانی مین گرم رکھین اسقدر کہ تھوڑا نرم ہوجاے پس پوست سرخ اسکا دور کرکے دو ٹکڑے کرین پس ہر ٹکڑے کے چار ٹکڑے کرکے اوپر چھلنی کے رکھین اور پھول بنفشہ تازہ کرکے آپس ملاکر رکھین اور چھلنی کو اوپر ایسے چولھے کے رکھین اور اسکے قعر مین آگ ہو اور درمیان آگ کے اور چھلنی کے اسقدر فرق ہو کہ گرمی آگ کی فقط چھلنی تک پہونچے لیکن چھلنی نہ جلے اور اس درمیان مین بادام کے ٹکڑون اور پھولون ملے ہوے کو حرکت اور جنبش دیتے رہین یہانتک کہ پھول سفید ہوجائین اور رطوبت انمین باقی نہ رہے اور مغز بادام مین بو پھولون کی آجاے پس ایک ظرف محفوظ مین رکھین اور وقت حاجت کے مغز بادام مذکور سے روغن نکالین اور اس روغن کو مصر وشام مین روغن بنفشہ عراقی کہتے ہین ۔

روغن گل ۔ مرکب القوی ہی اور نزدیک جالینوس کے معتدل ہی اور بالجملہ رادع وقابض وموافق مواد حارہ وباردہ ومقوی اعضاء محلل اخلاط فاسدہ ومسکن اوجاع ہی طلا کرنا اسکا ساتھ سرکے کے اور تخلخہ اسکا ساتھ سرکے اور گلاب کے رافع صداع ورادع بخارات دماغی اور مانع اورام دماغی ہے

ابتدا مین اور نطول اُسکا اوپر سر کے مقوی دماغ ہی اور پینا اُسکا التہاب معدہ کو تسکین دیتا ہی اور استعمال اسکا اوپر زخمون کے جمانے والا گوشت زخمون عمیق کا ہی اور مجفف رطوبات کا اور مصلح اُنکی خباثت کا اور حقنہ کرنا اسکا رافع قرحۂ امعا کا ہی مضمضہ اس سے مسکن درد دندان ہی اور تناول اسکا حابس اسہال و مسہل مادۂ لزجہ و رافع زحیر و درد امعا ہی اور چرب کرنا اس سے ادویۂ حابسہ اسہال کو مقوی اُنکے فعل کا ہی اور قطور اُسکا واسطے درد گوش کے مفید ہی اور تدہین اس سے ساتھ سرکے اور پانی مورد کے رافع عرق ہی اور فادزہر قروح و جوشش گرم کا ہی اور کھانا اُسکا دافع ضرر تناول چونے و زرنیخ و صابون و ذراریح وغیرہ کا ہی اور بدل اسکا آدھا وزن اُسکا روغن بنفشہ اور ہموزن اُسکا روغن بید اور مقدار شربت اسکا ایک اوقیہ اور طریق اسکے بنانے کے بھی دو ہین ایک وہ کہ پنکھڑیان گل سرخ تازہ کی اقماع سے پاک کر کے روغن کنجد یا زیت الانفاق مین ڈال کے باسن مین شیشے کے رکھکر دھوپ مین رکھین جب پھول سفید ہو جائین نشانی زوال کی اُنکے اثر کی ہی پس اُنکو نکال کر اور پھول تازہ ڈالین سات مرتبہ تک تجدید کرین اور یہ فصل گرما مین بیس دن مین اور فصل سرما مین چالیس دن مین تیار ہوتا ہی اور روغن گل خام یہی ہی اور تبرید مین ابلغ ہی اور بعض لوگ شیشۂ مذکور کنوین مین لٹکاتے ہین اسطرح کہ درمیان شیشے اور پانی کے فاصلہ ایک گز کا رہے اور اس مدت مین تجدید پھولون کی کرتے ہین یہان تک کہ روغن قوت پھولون کی کما حقہ پی لے اور یہ قسم سرد تر اس روغن سے ہی کہ شمس ہو طریق دوسرا وہ ہی کہ پھول تازہ کوٹکر شیرہ لین اور آدھا اسکا یا مثل اسکے روغن کنجد یا روغن زیتون ملا کر جوش کرین یہان تک کہ روغن رہ جائے اُسکو روغن گل مطبوخ کہتے ہین گرمی اُسکی سردی پر غالب ہی خصوصاً جو روغن کہ زیت الانفاق سے بنایا ہو اور روغن گل زیتی سوا امراض باردہ کے استعمال نہین کر سکتے بخلاف کنجدی کے بیماریون گرم کے اور بیماریون باردہ دونون مین استعمال کرتے ہین خواہ مطبوخ ہو خواہ غیر مطبوخ اور جاننا چاہیئے کہ روغن گل بعد ایک سال کے متغیر ہو جاتا ہی پس علاج مین نیا استعمال کرنا چاہیئے مگر کہنہ کو اگر ساتھ گلاب کے جوش کرین فعل اُسکا قوی ہو جاتا ہی اور روغن گل ساتھ سرکے کے پینا رافع جرب یابس کا ہی روغن گل بادام معتدل ہی حرارت و برودت مین اور دماغ کو نافع ہی اور فہم کو زیادہ کرتا ہی اور درد سر کو کہ گرمی سے ہو فائدہ مند ہی اور اسہال مراری کو باز رکھتا ہی اور جو سر کے مین لگائین تو جرب اور حکہ کو نافع ہی اور طریقہ اسکے بنانے کا مانند روغن بنفشہ بادام کے ہی -

روغن لبوب سبعہ - کہ نہایت مرطب ہی اور واسطے امراض یابسہ دماغی و صداع و مالیخولیا و جذام کے نافع ہی مرو خاد شرباً و سعوطاً اگر بقدر نصف درم کے

تسعیط کرین فوراً اثر کرے مغز فندق پستہ بادام شیرین

کنجد مقشر مغز چلغوزہ مغز تخم کدوے شیرین مغز جوز وزن

مین برابر کوٹ کر گرم کر کے نچوڑین تو روغن نکل آئے

اور نسخہ ابن عیسیٰ مین عوض مغز جوز کے مغز بادام

تلخ ہی۔

روغن مبارک ۔ کہ اسکو روغن لقوہ بھی کہتے ہین

واسطے لقوہ وفالج وکزاز وعرق النسا ودوالی ونقرس

کے اور تحلیل ریاح اور تہیج باہ واشتہائے طعام

کے نافع ہی قطور اُسکا واسطے گرانی سمع وصمم وسدہ

صماخ کے ایک دن مین موثر ہی اور فرزجہ اُسکا واسطے

امراض رحم کے مفید ہی اور مولف تذکرہ کہتا ہی کہ

منبت ارواح کا اور عاقد ہی حابہ شونیز برابر توے

جدید مین بریان کرین یہانتک کہ قریب تغیر کے

پہونچے مگر جلنے نہ پائے پس زیت کو تھوڑا تھوڑا اُسپر

ڈالین مگر آگ نرم ہو یہانتک کہ تین حصے روغن کو

اپنے وزن کی برابر جذب کرے پس روغن کو اس سے

قرع وانبیق سے یا اور آلہ سے تقطیر کرین۔

روغن جوز ۔ قوی الحرارت ہی واسطے فالج اور لقوے

وامزجۂ باردہ کے نافع ہی مرداً وسعوطاً اور آکلہ و

نواصیر وعزب کو مفید ہی اور طریق اسکے نکالنے کا

مانند طریق نکالنے روغن بادام کے ہی۔

روغن مجموعہ ۔ کہ تمام بیماریون بارد مین مستعمل ہی

اور باعتدال اثر کرتا ہی اور پوست کو عضو مین پیدا

نہین کرتا ہی روغن خیری روغن یاسمین روغن قسط

روغن سوسن روغن بید انجیر روغن خستہ زرد آلو

روغن غار جملہ برابر وزن مین لیکر ملائین اور تھوڑا سا

جند بیدستر ومشک اُنمین ڈالین اور جوش خفیف دین

اور نگاہ رکھین اور ملین۔

روغن سداب ۔ واسطے صداع وصرع بارد و درد کمر

و ورک ومثانہ وکلیہ وساقین کے اور واسطے ادرار

حیض اور بول کے اور واسطے تحلیل ریاح کے

اور واسطے دور ہونے درد گوش کے نافع ہی سماداً

وشرباً وقطوراً واحتقاناً پانی سداب تازہ کا تین اوقیہ

روغن کنجد یا روغن زیت ایک اوقیہ یا دو اوقیہ جوش

کرین یہانتک کہ روغن رہجائے [illegible] بعض

لوگ خردل وحب الرشاد وعاقرقرحا ہر ایک ایک

درم ملاتے ہین وقت طبخ کے۔ [ہاون ١٢]

روغن ۔ کہ جب سر پر ملین اور تھوڑا ناک مین ٹپکائین

خواب لائے جوز ماثل خربق سیاہ ہر ایک ایک جزو

پوست خشخاش بزرالبنج تخم کاہو ہر ایک دو جزو کو نکر

پانی مین جوش کر کے صاف کرین اور اس پانی کو تہائی

روغن کدو کے جوش دین کہ روغن رہجائے پس صاف

کر کے رکھین وقت خواب کے کلہ ونافوخ کف پا مین ملین

روغن دیگر ۔ کہ جو سر وکف پا کو اُس سے چرب کرین

خواب لائے تخم خشخاش بو وادہ دو رطل تخم کاہو

آدھا رطل ملا کر بطریق کنجد کے روغن نکالین اور وقت

خواب کے استعمال کرین۔

روغن بلادر ۔ واسطے استرخائے عصب وفالج

ولقوہ وامراض باردہ کے نافع ہی اور نہایت محلل

ریاح ہی سنبل ہیل فلفل وج شیطرج راسن دار فلفل

بلادر جوز القی بیخ سوسن آسمانجونی رازیانہ زرنباد درونج ہر ایک پندرہ مثقال نیمکوب کرکے ساتھ دودہ تازہ اور پانی کے کہ ہر ایک پانچ سو مثقال ہوں ساتھ روغن کنجد اڑھائی سو مثقال کے جوش کرین تاکہ پانی دودہ جلکر روغن رہ جاوے -

روغن خس - ترطیب دماغ وتنویم کے لیے اور واسطے مالیخولیا وصرع بلبسی و منع کرنے مستی شراب کے نافع ہی اور صلابات کو تحلیل کرتا ہی شیرہ کاہو دو حصے روغن کنجد یا روغن بادام شیرین ایک حصہ جوش کرین کہ روغن رہ جاوے -

روغن خشخاش - کہ منوم و مخدر و مسکن صداع واوجاع حارہ ہی تدہیناً و مزیل نزلہ و سرفہ گرم کا ہی شرباً اور دافع درد اور ورم گرم گوش کا ہی قطوراً اور طریق اسکے بنانے کے تین ہین ایک وہ کہ گل خشخاش کو روغن کنجد مین پرورده کرین دوسرا وہ کہ شیرہ برگ و گل خشخاش کو ساتھ روغن کنجد کے بدستور معلوم جوش کرین تیسرا وہ کہ خشخاش کے تخم سے روغن نکالین -

فائدہ - روغن تخم خشخاش مسدد ہی اور تنویم مین قوی تر ہی -

روغن - کہ سبات کو دور کرے اور سہر مفرط لاوے جب سر پر ملین نوشادر نمک نفطی تخم سپندان تخم حرمل اذخر فلفل سیاہ زنجبیل کا کنج وزن مین سب برابر نیمکوب کرکے پانی مین جوش کرین یہان تک کہ گھل جاوے پھر صاف کرکے برابر اسکے روغن بید انجیر ملاکر پکائین کہ پانی جلکر روغن رہ جاوے -

روغن ریحان - کہ فالج و دردزانو کو نفع کرتا ہی شرباً وضماداً پانی ریحان کا دو جزو روغن کنجد ایک جزو جوش کرین یہان تک کہ روغن رہ جاوے -

روغن - کہ تبرید و ترطیب دماغ کے و تنویم کے لیے اور دور کرنے مین یبوست کے اور واسطے صداع گرم کے بلیغ ہی مغز تخم کدو مغز تخم خیارین مغز بادام شیرین تخم خشخاش کنجد مقشر تخم کاہو جملہ برابر روغن کھینچکر سر پر ملین اور سعوط کرین بقدر آدھے درم کے کہ فوراً نفع کرتا ہی -

روغن ناردین - کہ سب روغنون مین اشرف ہی اور کثیر المنافع اور قطوراً اسکا ناک مین مزیل صداع وشقیقہ باردہ کا اور کان مین مسکن وجع گوش اور احلیل مین امراض مثانہ کو نافع ہی اور تدہین اُس سے اوجاع باردہ و قولنج و مغص ریحی و ریاح غلیظ و نفخ احشا کو مفید ہی اور محسن لون و مسخن رحم ہی قصب الذریرہ ورق الغار سعد عود بلسان لک سادج ہندی برگ مورد ناردین یعنی سنبل رومی اذخر راسن ایہل قردمانا مرزنجوش مساوی الوزن نیمکوب کرکے پانی وشراب مین ایک رات دن بھگوئین بعد اسکے صاف کرین اور روغن کنجد ڈالکر جوش کرین کہ پانی جلکر روغن باقی رہے -

روغن بابونہ - گرم باعتدال اور مجفف باعتدال ہی جو صداع کہ احتقان سے ابخرہ دن کے سر مین ہو تدہین اسکی اکیلی یا روغن گل وسرکے مین ملاکر نافع ہی اور درد مسکن اوجاع و محلل اورام باردہ و ریاح و دافع

اعیاد درد گرم و مفاصل و نقرس ہی اور مفتح سدد مسام سر ما سے ہوا اور اسکی خاصیت ہی کہ تحلیل بدون جذب کے کرتا ہی طریق بنانے اس روغن کا وہی ہی کہ روغن گل مین مذکور ہوا

روغن آس ۔ بارد یابس ہی اور مانع ہی قروح رطبہ کا کہ سر مین ہون اور مانع خزاز اور شدد و مقوی اعضا اور مانع انصباب مواد و مقوی منابت شعر و مسودہ شعر و مزیل استرخاے مفاصل و حابس عرق و بول و رافع یبس و شقوق و سیج کا اور بواسیر کو مفید ہی طریق بنانے اس روغن کا یون ہی کہ پانی مورد کا تین جزو روغن کنجد ایک جزو آپس مین ملا کر جوش کرین کہ پانی جلکر روغن رہ جاے اور اگر روغن کنجد کے عوض روغن زیت ڈالین سردی اسکی کم ہوتی ہی اور جب واسطے محافظت بالون کے استعمال کرنا چاہین تھوڑا سا لادن بھی اسمین داخل کرین ۔

روغن آجر ۔ کہ لقوہ و فالج و امراض باردہ کو نفع کرتا ہی نام اسکا دہن المبارک ہی اور اسکے بہت سے خواص ہین اور گرم و تر ہی اور لطیف تر نفط سفید سے ہی اور واسطے کاٹنے بچھو کے اور واسطے ایسے شخص کے کہ اسکو افیون اور اجوائن خراسانی کھلائی ہو بہت فائدہ کرتا ہی اینٹ پختہ سرخ آب نادیدہ کوٹ کر اس کے ٹکڑون کو ساتھ بادام کے ملائین اور آگ مین ڈالین کہ سرخ ہو جائین پس زنبور سے ہر ٹکڑے کو لیکر روغن زیت مین ڈالین کہ سرد ہو جاے پھر ان ٹکڑون کو پیسین اور شیشے مین کہ گل حکمت کیا ہو ڈالکر بال گھوڑے کے تیلشے کے منھ مین رکھکر بطریق معروف کے ٹپکائین جیسا کہ چویا ٹپکاتے ہین بعد اسکے احتیاط سے اور شیشے مین رکھکر وقت حاجت کے استعمال کرین شربا دم روغا ۔

حرف السین

سکنجبین افتیمونی ۔ کہ مالیخولیا و اصحاب توحش و صرع کو نافع ہی اور یہ سکنجبین بیماری کو ساتھ آہستگی کے پاک کرتی ہی مادے کو منضج و یکر مستعد کرتی ہی کہ ادنی مسہل سے نکلجاے اور اسکے بعض نسخون کے اوزان مین تفاوت اور اجزا مین کمی زیادتی بھی ہی افتیمون دس درم بسفائج فستقی تربد سفید ہر ایک چھ درم گاؤزبان پرسیاوشان ایرسا تخم کاسنی کشوث پوست بیخ کاسنی ہر ایک پانچ درم حاشا برگ گل سرخ کمافیطوس ہر ایک چار درم تخم بادروج فرنجمشک بادرنجبویہ درونج عقربی زرنباد بہمن سرخ بہمن سفید ساذج ہندی قاقلہ سنبل ہر ایک تین درم گلقند آفتابی ہموزن ادویہ کے سرکے اور پانی مین ایک رات دن بھگو کر جوش کرین اور ساتھ ایک من قند کے قوام کرین ۔

سکنجبین افتیمونی دیگر ۔ اسطوخودوس رازیانہ تخم شاہترہ ہر ایک پانچ درم افتیمون بسفائج فستقی سنا مکی ہلیلہ کابلی ہر ایک دس درم کوفتنی کو نیمکوب کر کے پچاس درم سرکے مین بھگوین اور ساتھ نصف من قند کے قوام کرین اور یہ سکنجبین منافع مین قریب سکنجبین پہلی کے ہی ۔

سکنجبین افتیمونی۔ کہ ماء الجبن مین مستعمل ہوتی ہی واسطے علاج امراض سوداوی ومالیخولیا کے افتیمون گاوزبان فرنجمشک ہرایک دس درم افتیمون کو تھیلی مین رکھکر باقی اجزا کو یون ہی ایک رات پچاس درم سرکے مین بھگوئین صبح کو جوش دیکر صاف کرین اور ساتھ نصف من قند کے قوام کرین اور ماء الجبن مین ملاکر پلائین

سفوف ارسطاطالیس۔ کہ واسطے بادشاہ اسکندر کے بنایا تھا وسواس ومالیخولیا اور زردی کو منھ کے اور نسیان کو نافع ہی اور واسطے ذرب وہضم طعام کے اور خوشبو کرنے منھ کے اور تقویت دل کے مفید ہی قرفہ بساذج عود بیل اسارون مصطگی ہلیلہ کابلی فرنجمشک نارمشک زیرہ کرمانی دارچینی اشنہ فلفل دارفلفل زنجبیل قرنفل انار دانہ جوز بوا کافور قاقلہ ہرایک دو درم عنبر اشہب مشک خالص ہرایک ایک درم نبات سفید چھ حصے سب ادویہ کے مقدار شربت ایک درم سے تین درم تک ہی ساتھ پانی سرد کے نہار منھ کھلائین اور کھلانا اسکا بعد غذا کے زیادہ نافع ہی۔

فائدہ۔ سفوف کی ترکیب اور ترکیبون سے مقدم ہی مخترع اسکا بقراط شاگرد اسقلیبوس کا ہی نہ بقراط طبیب مشہور اور بعد سفوف کے معجون نے ترکیب پائی ہی اور استعمال کرنا سفوف کا ساتھ ضعف معدہ وشدت امتلا کے درست نہین ہی مگر اسوقت کہ سفوف لطیف لذیذ سریع النفوذ ہو۔

سفوف۔ کہ سودا کو نکالے اور مالیخولیا کو فائدہ کرے ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ افتیمون اسطوخودوس بسفائج گاوزبان نمک ہندی جملہ برابر مقدار شربت پانچ درم تک ہی

سفوف کہ خمار کو رفع کرے تخم کاسنی تخم کرنب زرشک منقی سماق عدس مقشر گل سرخ طباشیر مساوی الوزن کوٹکر چھان کر سفوف بنائین مقدار شربت تین درم ہی ساتھ ایک سبوح کافور کے کہ آب انار مین حل کیا ہو۔

سفوف۔ کہ مداومت اسکی دماغ ودل سرد کو قوت دے اور تفریح لائے اور حفاظت صحت کرے اور علل بارد کو دور کرے دارچینی بادیان مصطگی انیسون زرنباد جملہ برابر نبات سہ چند سب ادویہ کے مقدار شربت دو درم سے تین درم تک ہی۔

سفوف۔ کہ نسیان کو نافع ہی اور واسطے تنقیہ دماغ وتصفیۂ آواز کے اور زائد کرنے حرارت غریزی کے نانخواہ ہندی کندر سات درم مصطگی چار درم دارچینی دارفلفل گاوزبان بادرنجبویہ ہرایک ایک درم کاکنج گیارہ عدد شکر سفید برابر سب ادویہ کے مقدار شربت دو درم ساتھ گرم پانی کے اور فصل گرما مین بفاصلہ ایک دن کے کھلائین۔

سفوف کبریت۔ واسطے نسیان وتقویت دماغ جملہ اعضاے رئیسہ کے اور انتعاش حرارت غریزی کے نافع ہی اور مداومت اسکی باعث درازی عمر کی ہی اور حموضات ولبنیات اور ترشیون سے پرہیز لازم ہی گندک زرد دو مثقال نانخواہ تین مثقال جوز بوا اڑھائی مثقال زنجبیل فلفل ہرایک آدھا مثقال نبات سفید سہ چند ادویہ کے مقدار شربت دو مثقال سے تین مثقال تک اور بعضے نسخے مین جوز بوا بھی دو

مثقال ہر اور جاننا چاہیئے کہ استعمال کبریت کا بدون غسل کے اچھا نہین ہر اور طریق اُسکے غسل کا یون ہی کہ ایک باسن مین دودھ رکھکر اوپر اُس ظرف کے کپڑا باندھین اور اوپر اُس کپڑے کے کبریت کو ریزہ ریزہ کرکے رکھین اور ایک ہلکا توا اسپر رکھکر اوپر توے کے آگ کوئلے کی رکھین تو گندک پگھلکر دودھ مین گرے اسی طرح تین مرتبے یا پانچ مرتبے کرین اور چاہیے کہ اوپر کنارون کپڑے کے آٹا لگائین کہ توا کپڑے سے نہ ملے ورنہ جل جائیگا۔

سفوف — کہ خواب لاے کندر عود خام ہر ایک ایک درم خشخاش دس درم تخم کاہو پانچ درم زعفران ایک درم نبات بیس درم مقدار شربت ایک درم ہی۔

سفوف مروارید — کہ دفع امراض دماغی و قلبی مین اور وسواس و خفقان کے لیے نفع عجیب کرتا ہی اور مفرح اور استعمال اسکا حوامل کو واسطے حفاظت جنین کے مفید ہی ہلیلہ کابلی گاؤزبان ہر ایک دو درم بہمنین درونج عقربی تخم ریحان بادرنجبویہ زرورد مصطگی ہر ایک پانچ درم حجر ارمنی یا لاجورد گل ارمنی ابریشم مقرض ہر ایک تین درم ذہب فضہ یاقوت مرجان مروارید ناسفتہ ہر ایک ایک مثقال کوٹکر ریشمین کپڑے مین چھان کر استعمال کرین ایک درم سے دو درم تک ساتھ عرق گاؤزبان یا شربت حماض کے

سفوف مروارید دیگر — کہ بہت اجزا ہین اور توحش کو نافع ہر ادویۂ دل مین مذکور ہوگا۔

سفوف بخارہ — کہ معدے سے طرف دماغ کے بخارات کو آنے نہ دیوے اور دل کو قوت دیوے اور اخلاط کو طرف آنکھون کے اور سر کے صعود نہ کرنے دیوے اور ضعف چشم کو نافع ہی ہلیلہ کابلی مغز فندق بریان ہر ایک ایک اوقیہ کشنیز خشک کہ سرکے مین بھگوکر سائے مین خشک کیا ہو گاؤزبان اصل السوس پوست زرد اُترج تخم کاسنی آملہ منقی ہلیلہ سیاہ ہر ایک پانچ درم صندل مقاصری عود طباشیر لک بسد مروارید ناسفتہ ہر ایک دو درم رازیانہ تخم بادرنجبویہ ہر ایک تین درم سواے تخم بادرنجبویہ کے سب اجزا کو جدا جدا کوٹین اور برابر سب اجزا کے شکر سفید ملائین اور ہر رات کو وقت خواب کے چار درم کھائین۔

سفوف سودا — کہ مبارک نافع ہی واسطے مالیخولیا و وسواس کے اور جمیع امراض سوداوی کے مانند بہق اسود و جذام و اورام سوداویہ و جرب و حکہ و قوبا وغیرہ کے حجر لاجورد دو درم حجر ارمنی مغسول ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ زرد ہر ایک چار درم افتیمون کہ روغن بادام مین چرب کیا ہو بسفائج فستقی ہر ایک سات درم سنا مکی گل بنفشہ ہر ایک پانچ درم تخم شاہترہ چھ درم تخم بالنگو تین درم ادویہ کو ٹکر چھانین سواے ہلیلہ جات کے کہ انکو پارچہ بیز نہ کرین اور سواے تخم بالنگو کے کہ اُسکو ناکوفتہ ملائین اور برابر وزن سب دواون کے شکر سفید ملا کر چار درم سے سات درم تک ساتھ عرق گاؤزبان نیمگرم و شکر کے پھانکین اور اگر سدس درم سقمونیا اُسمین زیادہ کرین

اسہال مین اقوی ہوگا۔

سفوف مبارک - کہ تنقیہ دماغ مین نافع تر ہی اور معروف بہ قرص بنفشہ ہی اور واسطے اسہال اخلاط ثلثہ کے خصوصاً بلغم کے مفید ہی سنا مکی گل بنفشہ عراقی بسفائج فستقی تربد موصوف ہلیلہ سیاہ ہر ایک ایک درم زنجبیل مقل ازرق انیسون رب السوس ہر ایک ربع درم شکر سفید برابر جملہ اجزا کے سب اجزا کو کوٹکر چھان کر ساتھ عرق گاؤزبان نیمگرم کے کھائین اگر سقمونیا ایک دانگ بڑھائین قوی ہو اور اگر صبر سقوطری آدھا درم اضافہ کرین بہت قوی ہو اور نہایت نفع کرے تنقیہ دماغ کے لیے۔

سفوف - کہ سوداے دماغ و بدن کو پاک کرے اور بلغم غلیظ سے بھی تربد موصوف افتیمون ملح ہندی ہر ایک ایک درم خوب کوٹکر ساتھ پانی نیمگرم کے کھائین

سفوف - کہ دماغ و سینہ و شش کو فائدہ کرے اور اسہال لاے مغز بادام شیرین فانیذ غنجد ہر ایک پانچ جزو بنفشہ اصفہانی ایک جزو کشنیز خشک نصف جزو کوٹ کر چھان کر پانچ درم وقت خواب کے کھائین

سفوف جامع النفع - کہ نسیان وغیرہ کو نفع کرتا ہی اور مسمی ہی بہ ملح سلیمانی ادویہ معدہ مین بیان ہوگا

سعوط - کہ صرع کو ایک مرتبہ مین دفع کرے مرواریہ محلول ناک مین ٹپکائین

سعوط - کہ صداع گرم و خشک کو نافع ہی پانی کاہو کا روغن نیلوفر ہر ایک ایک جزو دودھ عورت کا دو جزو آپس مین ملاکر ناک مین ٹپکائین اور علیل سے کہین کہ استنشاق کرے یعنی دم اوپر کھینچے تو دوا دماغ مین پہونچے اور یہ قاعدہ سب سعوطون مین ہی۔

سعوط - کہ صداع حار سافج و تشنج یبسی نفع دے روغن بنفشہ یا بادام روغن نیلوفر روغن تخم کدو آب کاہو آب کاسنی شیرۂ اذخر مساوی الوزن ملاکر ناک مین ٹپکائین

سعوط - کہ صداع گرم و سرسام کو فائدہ کرے آب مورد عرق بید صندل کافور ہر ایک کو بقدر معلوم لیکر باہم ملاکر ناک مین ٹپکائین۔

سعوط - کہ صداع و شقیقہ کو و درد گوش کہ گرمی سے ہو فائدہ کرتا ہی افیون کافور بیخ بابونہ کوٹکر چھانکر مانند مسور کے گولیان بناکر رکھین وقت حاجت کے ایک گولی یا دو گولی ساتھ روغن بنفشہ کے حل کرکے ناک مین ٹپکائین اور واسطے درد گوش کے کان مین ڈالین۔

سعوط - کہ جنون کو جو احتراق مادہ سے ہو مفید ہی عنب الثعلب کو کوٹ کر نچوڑین پھر جوش کرکے صاف کرین اور ساتھ روغن نیلوفر کے یا سپیدی بیضہ کے یا دودھ عورت کے ناک مین ٹپکائین۔

سعوط - کہ صداع کو جو گرمی آفتاب سے ہو فائدہ کرے کافور ایک حبہ پانی کاہو اور تھوڑے سرکے مین حل کرین اور روغن کدو ملاکر ناک مین ٹپکائین۔

سعوط - کہ صداع ریحی و شقیقۂ بارد کو فائدہ کرے روغن بادام تلخ یا روغن خستہ زرد آلو تلخ کو ساتھ پانی مرزنجوش کے ناک مین ٹپکائین۔

سعوط - کہ صداع بلغمی و ریحی و دوار بارد کو نافع ہی

صبر مرکندہ حضض جندبیدستر صعتر زعفران فلفل سپید دارفلفل ہر ایک ایک درم کندش دو درم مشک نیم درم کوٹکر چھان کر ساتھ پانی مرزنجوش کے قرص بنائین اور وقت حاجت کے مرزنجوش کے پانی مین پیسکر ناک مین ٹپکائین۔

سعوط۔ کہ شقیقہ وصداع بارد کو نافع ہی فرفیون جندبیدستر برابر لیکر کوٹین اور روغن زنبق مین گداز کرکے ناک اور کان مین ٹپکائین اور قطور اس روغن کا کان مین واسطے درد کان کے بھی مفید ہی۔

سعوط۔ کہ صداع بارد ونسیان کو فائدہ کرتا ہی درمنہ ترکی جوز بوا مرزنجوش قرنفل ہر ایک ایک درم تبت چار درم کوٹکر چھان کر ساتھ پانی مرزنجوش کے ناک مین ڈالین۔

سعوط۔ کہ سکتہ اور لقوے کو فائدہ کرے آب سداب آب مرزنجوش تنہا اور مرکب ناک مین ٹپکائین اور زہرہ کلنگ اور زہرہ طیور دیگر کا تنہا یا ساتھ پانی مرزنجوش کے یا ساتھ پانی سداب کے قوی تر ہی اور جندبیدستر ساتھ ماء العسل کے بدستور۔

سعوط۔ کہ لقوے اور فالج کو فائدہ کرتا ہی صبر شونیز بورہ ارمنی جبلہ برابر کوٹ کر چھان کر ساتھ پانی چقندر کے ناک مین ڈالین بعد گذرنے چالیس دن کے۔

سعوط۔ کہ فالج اور لقوے اور شقیقہ مزمن اور جمیع امراض بارد رطب کو کہ سر اور آنکھ مین ہون نفع کرتا ہی حنظل تکمی مرکی ہر ایک دس درم عدس مقشر صعتر ہر ایک پانچ درم صمغ سداب زہرہ کلنگ جاوشیر

جندبیدستر شونیز ہر ایک تین درم نبات زعفران ہر ایک دو درم فرفیون صبر ہر ایک نصف درم کوٹ کر ساتھ پانی خالص کے قرص بنائین ہر ایک قرص مقدار عدس کے اور بوقت حاجت کے ایک قرص کو مرزنجوش کے پانی مین اور روغن بنفشہ بادام مین پیسکر ناک مین ڈالین۔

سعوط۔ کہ صداع بلغمی وفالج ولقوے کو فائدہ مند ہی خربق سفید چار درم شونیز صبر فرفیون جاوشیر ہر ایک ایک درم مرصافی تین درم اشق کندش بورۂ ارمنی ہر ایک دو درم جندبیدستر زعفران ہر ایک ڈیڑھ درم کوٹکر چھان کر ساتھ پانی چقندر کے گولیان بنائین اور بقدر دو گولی کے تین گولی تک ساتھ روغن خیری کے سعوط کرین اور ان گولیون کو حب السعوط کہتے ہین

سعوط۔ کہ سبات واخذہ کو نفع دیتا ہی روغن نرگس روغن زنبق مرکب یا تنہا ناک مین ٹپکائین۔

سعوط۔ کہ لقوہ اور فالج اور صداع بارد اور شقیقہ مزمن کو نافع ہی فوتنج جبلی کندش عراقی قنطوریون دقیق مرزنجوش یا ابس ایرسا ہر ایک ایک جزو کوٹکر چھان آب گیاہ نمام مین گولیان باندھین سائے مین خشک کرکے وقت حاجت بقدر نخود اٹھین سے آب مرزنجوش کے ساتھ ملا کر اور دو دو آمیز کرکے ناک مین ٹپکائین یہ کثیر النفع ہی۔

سعوط۔ کہ رطوبات غلیظۂ دماغ کو تحلیل اور تبلا کرکے ریزش کو بہاتا ہی اور سب امراض بلغمیہ کو نافع ہی اور پانی جڑ قثاء الحمار کا ایک ملعقہ محمودہ چار حبہ

باہم ملا کر دونون نتھنون مین تین تین قطرے ٹپکائین ۔
فائدہ ۔ جاننا چاہئے کہ پانی پھل قثاء الحمار کا بہت قوی ہی اور اسکی جڑ سے اگر پانی پھل کا تسعیط کرین تو مناسب ہی کہ پہلے روز ایک نتھنے مین ٹپکائین اور دوسرے دن دوسرے نتھنے مین تو بے اذیت ہوے اور جو تالو یا اندر ناک کے اس سعوط سے ورم پیدا ہو چاہئے کہ شب یمانی باریک پیسکر بذریعہ نلکی کے ناک مین پہونچائین اور واضح ہو کہ تنقیہ دماغ کا سعوط کے ساتھ بہتر ہی حقنہ اور مسہل سے اسلیئے کہ حقنہ اور مسہل سے بدن ضعیف ہوتا ہی اور مادۂ دماغی تھوڑا نکلتا ہی اور سعوط سے مادہ کثیر دماغ سے خارج ہوتا ہی بدون عارض ہونے ناتوانی کے بدن مین لیکن پہلے واجب ہی کہ مسہل اور حقنہ سے تقلیل مواد کی کرین اسکے بعد تسعیط کرین تو بے آفت ہو کیونکہ تنقیہ عضو خاص کا بے تنقیۂ عام کے منع ہی خصوصاً وقت زیادتی مواد کے اور معلوم کرین کہ سعوط مذکور بعضے امزجہ مین فوراً عمل نہین کرتا ہی بلکہ بعد ایک دو ساعت کے اثر کرتا ہی اور بعضے امزجہ مین بقدر عادت کے بالکل اثر نہین کرتا ہی مانند مسہل کے کہ بعضون مین عمل نہین کرتا ہی اس صورت مین تسعیط مکرر کرنا اور مقدار مین زیادہ کرنا لازم ہی ۔

سعوط ۔ کہ رطوبات دماغ کو پاک کرے شونیز فلفل کندش ہر ایک سے قدرے لیکر سرکہ اور روغن گل مین ملا کر ناک مین ٹپکائین اور سر کو مائل بہ پشت بلند رکھین تا دو گھڑی خوب رطوبت کو نکالے ۔

سعوط ۔ اس صداع کو دفع کرے جو بسبب بدبو اور سڑاہند سے ہوا کے ہو مومیائی جوزبوا عنبر اشہب مشک قدرے لیکر گلاب مین ملا کر ناک مین ٹپکائین ۔

سعوط ۔ کہ حافظہ کو قوت دے اور جو ہمیشہ استعمال کرین بال سر اور ڈاڑھی کے سیاہ کرے مغز سر کلنگ ایک دانگ زہرہ کلنگ ایک قیراط ساتھ روغن زنبق کے سعوط کرین اور ایک ساعت چت لیٹین ۔

سعوط ۔ کہ ریاح دماغی کو تحلیل کرے اور سدہ بلغمی کو کھولے مومیائی جندبیدستر مشک فرفیون برابر کوٹ کر چھانکر بقدر ایک حبہ روغن زنبق وغیرہ کے ساتھ سعوط کرین

حرف الشین

شموم ۔ کہ سرسام گرم کو نافع ہی آب سیب آب بہی آب آس تر گلاب صندل سپید لیکر سب کو باہم ملائین اور کافور تھوڑا ملا کر سونگھین اور سونگھنا بنفشہ اور نیلوفر کا بیشتر صداع گرم اور سرسام کو نافع ہی ۔

شموم ۔ دوار کو کہ باعث سوء مزاج بارد اور رطب ہو نافع ہو مشک نافج تمام مرزنجوش سداب تنہا سونگھین یا مرکب کرکے

شموم ۔ کہ صداع بارد اور نسیان کو نفع دے جوزبوا شیح قرنفل مرزنجوش ہر ایک ایک جزو لبیاسہ چار جزو کوٹکر ساتھ پانی سیب کے ملا کر سونگھین ۔

شموم ۔ نافع زکام بارد بلغمی شونیز ایک شبانہ روز سرکہ مین تر کرکے خشک کرین پھر بریان کرکے کوٹین نیلے کپڑے مین باندھکر سونگھین ۔

شموم ۔ کہ صرع کو سودمند ہی آب شبت مرزنجوش ملا کر ہمیشہ سونگھین

شموم ۔ جو نیند لائے ریحان گلاب مین لا کر معطر کرکے دور سے سونگھین

شموم ۔ جسکا نام غالیہ ہی اور معتدل ہی واسطے تقویت

دماغ کے مفید عنبر اشہب ایک درم عود ہندی دو درم صندل مقاصری تین درم عنبر کو گلاب گرم مین ڈالین اور عود اور صندل باریک پیسکر ملائین اور سونگھین۔

شموم۔ گرم کہ امراض باردہ دماغی کو سودمند ہر اور اسکو بھی غالیہ کہتے ہین عنبر اشہب یا ازرق دو درم مشک ایک درم روغن بان مین ڈالین اور سونگھین

شموم۔ کہ مصروع کو سودمند ہر اور جو سرکہ انگوری مین گوندھکر خمیر کرین وقت صرع کے اور بغیر حال صرع کے سونگھین اور غیر حال صرع کے سونگھنا اچھا ہر یعنی مختار اطبا یہی ہر۔ جاننا چاہیے کہ سونگھنا عاقرقرحا سودہ کا جو مصروع کو چھینک لاوے امید ہر کہ جلد اچھا ہو اور جانو کہ سونگھنا عنبر کا واسطے تقویت دماغ بارد کے بمثل ہر اور سونگھنے والی چیزون کو تعدیل مزاج دماغ مین تاثیر قوی ہر پس بموجب حاجت کے سوء مزاج بارد کو چیزہاے خوشبو گرم ہون جیسے یاسمین نرگس سوسن نمام عنبر عود مشک اور چیزین مجاری دماغ کی کشادہ کرنے والی جیسے شونیز معتر فمد اور مانند انکے اور سوء مزاج حار کے لیئے چیزین چھینک لانے والی سرد ہون جیسے ورد بنفشہ نیلوفر گلاب اور فواکہ باردہ اور مانند اسکے اور صندل کافور اور مثل اسکے استعمال کرین ہمیشہ تو نفع تمام ہو۔

شربت خشخاش۔ واسطے صداع اور سرسام اور منع نزلات حارہ اور ریش سینہ اور پھیپھڑے کے نافع ہر اور بیشتر خواب لاتا ہر اور اخلاط محترقہ کا معدل اور مسکن حرارت مزاج اور درد سینہ اور سر کا ہر اور جو ساتھ شربت ورد مکرر کے ملاکر بعد فصد اور استفراغ خون کثیر کے دین ناتوانی دور کرے اور سب قوی کو قوت دے مقدار استعمال شربت خشخاش کا بیس مثقال ہر اور قوت اسکی دو برس تک باقی رہتی ہر جبکہ قوام اسکا گاڑھا ہو اور ہواے رطب باران سے متعفن نہونے پاوے خشخاش کلان مع تخم سو عدد نیمکوب کرین یا پوست کو جدا نیمکوب کرین اور تخم کو نرم پیسین اور ساتھ اڑھائی من پانی مینھ کے پکائین اور صاف کرکے ڈیڑھ من قند ڈالکر قوام کرین اور فرق شربت و رب کا بیان رب مین گذرا ہی

شربت خشخاش۔ کہ نزلہ بارد کو اور اس شخص کو کہ خون ڈالے مفید ہر خشخاش تازہ کہ درخت مین لگے ہون اور بہت خشک نہوے ہون سو عدد لے اور نیمکوب کرکے سات من مینھ کے پانی یا آب شیرین چشمہ صاف مین بھگوئین تین رات دن تک پھر دھیمی آنچ مین جوش دین تو گلجاوے ملکر چھان لین اور مقابل مین ہر دو من پانی کے تیس سیر شہد اور تیس سیر میفختج ڈالین اور قوام کرین پھر فادینا زعفران مرگکنار عصارہ لحیۃ التیس ہر ایک ایک درم باریک پیسکر ملائین اور جو سینہ مین خلط ہو بجاے منفخج کے شہد ملائین اور شربت خشخاش کہ ساتھ تخم اور پوست کے ترتیب دیا گیا ہو اسکو یونانی دیاقوذا کہتے ہین۔

شربت خشخاش۔ واسطے نزلۂ حار اور درد سینہ کے نافع ہر تخم خشخاش پیسکر شیرہ گاڑھا لین اور قند کو جدا قوام کرین جب تیار ہوجاوے آگ سے اتار کر جب تک شیرہ گرم ہے شیرہ خشخاش کو قوام قند مین ڈالین اور کفچہ سے ملاکر نرم آگ پر رکھین تو قوام بھر ہوجاوے اور جو نور بنانا ہو سخت قوام کرین دیر تک رہیگا اور جلد خراب نہوگا برت مین

شربت بنفشہ — واسطے درد سر گرم اور درد چشم اور درد گردہ اور تپ اور کھانسی اور ذات الجنب اور ذات الصدر اور ذات الریہ کے مفید ہی اور ادرار بول اور سینے کو نرم کرے اور جوش خون کو کم کرے اور پیٹ کو ملائم کرے خاصۃً اگر مکرر کیا جاوے اور صاحب شفاء الاسقام نے لکھا ہی کہ شربت بنفشہ معدہ کو ردی وضعیف کرتا ہی اور متلی لاتا ہی خصوص جبکہ اقماع سے پاک نہو حاصل ہی کہ بنفشہ کو اقماع سے پاک کرین پس طبخ دین کہ غثیان نہ لائے اور جو تر کرنا اسکا گلاب مین ممکن ہو فہو المراد والا نصف یا ربع وزن اسکا گل سرخ ممزوج کرکے جوش کرین یا وقت احتیاج کے گلاب ملا کے کام مین لائین کہ معدے کو مناسب ہو اور شربت نیلوفر نعم البدل ہی اور طریق بنانے اسکے کا یہ ہی کہ سیر بنفشہ تازہ نیم رطل دو رطل پانی مین تر کرین ایک رات دن پس جوش کرین کہ پہونچے ثلث کو ملکر صاف کرین اور ایک رطل اور نزدیک بعضون کے نیم رطل قند ملا کر قوام دین اور جو چاہین کہ مسہل ہو بنفشہ کو دو بار یا تین بار اسی مقدار پر بعد تر کرنے کے جوش کرین اور اس صورت مین پانی بہت ڈالنا چاہیے اور طریقے اور تقدیرین کہ مکرر کرنے کے اس درویش نے مقرر کئے ہین یہ ہین کہ تین رطل گل بنفشہ اسقدر گلاب مین تر کرین کہ تر ہو جائے ایک رات دن پس اسکے تین حصہ کرین اور ایک حصہ اسکا کہ ایک رطل ہوتا ہی تر کیے ہوے نو رطل پانی مین جوش کرین اور جو دو نیم رطل پانی جل جائے بنفشہ کو ملکر دور کرین اور ایک رطل بنفشہ اور دو حصے سے ڈالین اور جوش کرین تو اڑھائی رطل اور پانی جل جاوے پس اسکو بھی مل کر دور کرین اور تیسرا حصہ ڈالین اور جوش کرین یہانتک کہ دو نیم رطل اور جل جائے اور جب ڈیڑھ رطل پانی رہے پس ملکر صاف کرکے ڈیڑھ رطل قند ملا کر قوام دین اور اگر بنفشہ تر میسر نہ آئے ایک رطل بنفشہ خشک سات رطل پانی مین بلکہ زیادہ مین جوش کرین اور جو پانی چہارم حصہ رہے یا کم دو رطل قند ملا کر قوام کرین اور جانین کہ بنفشہ خشک نکلنے مین قوت کی محتاج طبخ کثیر کا ہی بخلاف تر کے اور جو خشک کو مکرر کرین پانچ مرتبے تکرار کرنا چاہیئے اور وزن پانی کا جو کچھ بنفشہ تر مین مرقوم ہوا ہی اس جگہ بھی اسی قیاس پر افزون کرکے مرتب کرین اور بعضے بنفشہ خشک ایک جزو اور قند چار جزو کرتے ہین اور جاننا چاہیے بنفشہ ولایتی نہایت قوی تر ہی بنفشہ سے اور جگہ کے اور تفاوت اسکے مقدار اور مقدار قند کا بعید نہین ہی اسی علت سے ہو نسخون مین

شربت نیلوفر صداع گرم و سرسام و تپ صفراوی و عطش مفرط و ذات الجنب و ذات الریہ کو فائدہ دیوے اور طبع کو نرم کرے اور اکثار اسکا مضر باہ ہی اور طریق بنانے اسکے کا وہی ہی جو بنفشہ مین گذرا خواہ تر سے بنائین خواہ خشک سے مکررًا و غیر مکررًا اور بعضے نیلوفر کو مقطر کرتے ہین ساتھ رسم گلاب کے اور ایک من اس عرق سے ساتھ دو من شکر کے قوام مین لائین اور تر کرنا نیلوفر گلاب مین اور بعد اسکے پانی مین پکا کر شربت بنانا مقوی فعل اسکے کا ہی نفعًا یا ضررًا اور بہت لوگ گل نیلوفر کو اگر خشک ہی ایک اوقیہ اور اگر تازہ ہی تک چہار سلیک جوش کرتے ہین اور ساتھ ایک من قند کے شربت پکاتے ہین

اور معمول عطاروں کا بھی ہی اور اثر مین ضعیف ہی اور خواص شربت نیلوفر سے ہی کہ باوجود برودت کے تلطیف کرتا ہی نہ تکثیف ۔

کذا فی شفاء الاسقام ۔ اور دوسری خاصیت اُسکی یہ ہی کہ باوجود جلادت کے مستحیل طرف صفرا کے نہین ہوتا ہی بخلاف اور شربتون غیر حامض کے معدہ صفراوی مین اکثر مستحیل طرف صفرا کے ہو جاتے ہین جو ساتھ اور کسی چیز کے کہ کاسر صفرا ہو ممزوج نہون اور جانین کہ امتزاج حموضات و استکثار شیرہ ہاے مبرودہ اور پانی کا ساتھ اشربۂ مذکورہ کے مانع مستحیل ہونے انکے کا ہی ۔

شربت نارنج ۔ دماغ کو قوت دے اور دردسر کو دور کرے اور پیاس کو بجھاے آب نارنج ایک من جوش کرین یہانتک کہ نصف رہی اور کف زرد اُسکا پھینکتے جائین جب صورت اصلی قبول کرے ساتھ دو من قند سفید کے شربت پکائین

شربت غورہ ۔ کہ خمار کو دفع کرے اور تپ گرم اور پیاس کو نافع ہی آب غورہ کو جوش کرین یہانتک کہ نصف رہی اور کف دور کرتے جائین اور ایک ساعت آگ سے اتار کے بار دیگر پھر چڑھائین اور ساتھ ایک من پانی کے ایک من قند سفید اضافہ کرکے شربت پکائین ۔

شربت لیمو ۔ کہ دفع خمار کا کرے اور صداع گرم کو زائل کرے اور صفرا کو توڑے اور معدے کو قوت دے اور اسہال لاے اور ہاضمے کو قوت دے آب لیمو دو رطل جوش کرین یہان تک کہ نصف رہے پس ساتھ تین رطل قند سفید کے قوام مین لائین اور اگر چاہین کہ ترشی غالب ہو قند سفید ایک رطل ڈالین اور اگر چاہین کہ آب لیمو مین کڑواہٹ نہ آئے نچوڑنے مین مبالغہ نہ کرین اسواسطے کہ چھلکا اُسکا تلخ ہوتا ہی بمبالغہ نچوڑنے سے مزہ چھلکے کا بھی آجاتا ہی اور لیمو کے پانی کو تلخ کرتا ہی اور جمیع اشربۂ حامضہ کو احوط وہ ہی کہ دیگ سنگین خواہ سفالین مین پکائین اور اگر تانبے کے باسن مین پکانا چاہین قلعی اُسکی تازی ہو تو جرم تانبے سے ترشیون کو ملاقات کرنے نہ دے کہ باعث قسار کا ہی

شربت گاؤزبان ۔ واسطے ازالۂ توحش سوداوی و تقویت دل و رفع خفقان کے نافع ہی آب گاؤزبان تازہ ایک من قند کے ساتھ جوش کرین اور کف دور کرتے رہین اور قوام کرین اور بیس مثقال گلاب ڈال کر اور ایک جوش دیکر اُتار لین و اگر آب گاؤزبان کو مقطر کرکے ساتھ قند کے قوام کرین الطف ہوتا ہی اور جسوقت تازہ بہم نہ پہونچے خشک گاؤزبان کو گلاب مین تر کرکے پانی مین جوش کرکے ساتھ قند کے کہ دو چند یا سہ چند دوا کے ہو قوام کرین اور جو شربت گاؤزبان سے بنائین بہتر ہی اور بعضے لوگون نے ملانا بادرنجبویہ کا ساتھ گاؤزبان کے نافع زیادہ جانا ہی دو حصے گاؤزبان ایک حصہ بادرنجبویہ کا ساتھ معلوم کے بھگو کر جوش کرکے ساتھ چند قند کے قوام کرتے رہین اور حق یہ ہی کہ اگر مزاج مین حرارت ہو گاؤزبان اکیلی سے شربت بنائین اور بادرنجبویہ نہ ملائین

شربت گاؤزبان ۔ کہ نہایت مقوی دماغ و دل ہی اور ازالۂ خفقان و غشی مین نافع زیادہ ہی گاؤزبان بیس مثقال تخم گل گاؤزبان دس مثقال

بادرنجبویہ پانچ مثقال گلسرخ تراشہ صندل سنبل الطیب شستہ ہرایک تین مثقال مجموع کو دورطل پانی اور گلاب مین بھگو کر جوش دین بعد اُسکے صاف کر کے ساتھ ایک رطل قند کے قوام کرین اور کف دور کرین آخر مین زعفران ایک درم مشک نصف درم کافور دو دانگ اضافہ کرین مقدار شربت پانچ درم ہی ساتھ گلاب وعرق بید مشک کے اور تنہا ے دیگر اس شربت کے کہ دماغ کو نافع ہین ادویہ دل اور معدہ مین آئینگے۔

شربت بادرنجبویہ۔ توحش سوداوی کو دور کرتا ہی دل کو قوت دیتا ہی خفقان سرد کو فائدہ کرتا ہی آب بادرنجبویہ تازہ ایک رطل قند دو رطل شربت بنائین اور اگر تازہ میسر نہو بادرنجبویہ خشک کو بدستور گاؤزبان کے بکائین

شربت اسطوخودوس صرع ومالیخولیا وصداع بارد وجمیع امراض دماغی کو کہ سبب اُنکا برودت ہو فائدہ کرتا ہی اسطوخودوس پرسیاوشان عود صلیب ہرایک پانچ درم گاؤزبان اصل السوس رازیانہ پوست بیخ کرفس تخم خطمی گل بنفشہ گل سرخ ہرایک تین درم مویز منقی سبستان ہرایک پچاس عدد جملہ ادویہ کو پانی مین بھگو کر جوش کرین اور بعد نچوڑنے اور صاف کرنے کے ایک من قند مین شربت بنائین۔

شربت۔ کہ واسطے مالیخولیا وامراض سوداوی کے نافع ہی تخم کاسنی تخم خرفہ تخم کشوث تخم بادرنجبویہ ہرایک دس درم گاؤزبان تین درم بادرنجبویہ ساڑھے سات درم ابریشم اڑھائی درم اصل السوس مقشر پانچ درم رازیانہ بسفایج فستقی ہرایک ساڑھے تین درم گلاب چھ حصہ سیب ودوا کے آب سیب شیرین دو چند سب دواؤن کے پس دوائین گلاب وآب سیب مین بھگو کر جوش کرین کہ تیسرا حصہ رہجاے اور ساتھ ایک من قند کے شربت بنائین

شربت افسنتین۔ کہ مالیخولیا ے مراقی کو نافع ہی او واسطے معدۂ بارد وسوء القینہ کے نہایت آزمودہ ہی افسنتین رومی دس درم ورق گلسرخ بیس درم تربد سفید غاریقون ہرایک چار درم سنبل الطیب دو درم سب ادویہ کو چار رطل پانی مین بھگو کر جوش کرین کہ تہائی رہجاے پس صاف کر کے ساتھ ایکسو بیس درم قند کے یا شکر کے قوام کرین

شربت ابریشم۔ جہت توحش سوداوی واقسام مالیخولیا وخفقان بارد وبادبواسیر کے سود مند ہی اور مقوی دماغ ودل وجگر ہی اور موافق نسخۂ قدما کے ہی ابریشم خام تین سو مثقال ایک رات دن ایکہزار تین سو مثقال ایسے پانی مین کہ لوہا گرم کر کے کئی بار اُسمین ڈالا ہو بھگو دین بعد اُسکے جوش کرین کہ تہائی رہجاے پھر ابریشم کو نچوڑ کر پھینک دین اور پانی اسکا نگاہ رکھین اور گل گاؤزبان پچیس مثقال بادرنجبویہ پندرہ مثقال تین رطل پانی مین علیحدہ بھگو کر جوش کرین کہ تہائی رہجاے بعد اسکے اس پانی کو ابریشم کے پانی مین ملا کر ساتھ تین سو مثقال شکر کے قوام کرین اور عنبر اشہب دو ورق طلا ہرایک ڈیڑھ مثقال ورق نقرہ مروارید ناسفتہ مصطگی ہرایک دو مثقال اُسمین حل کرین۔

فائدہ۔ ابریشم خام پیلے کو یعنی کوئے کو کہتے ہین نہ ابریشم مشہور کہ اُسکو اصطلاح اطبا مین حریر کہتے ہین اور بعضے لوگ بجاے ابریشم خام کے ابریشم مشہور ڈالتے ہین

لیکن اگر پیلہ کو استعمال کرنا چاہین پہلے پیلہ کو چیر کر کیڑا کہ اسمین ہوتا ہی نکال ڈالین اور نسخہاے دیگر اسکے ادویہ دل مین آئینگے۔

شربت اجاص ۔ واسطے درد سر و عطش و حمیات گرم و یرقان کے نافع ہی اور مسہل صفرا ہی آلوے بخارا پانی مین بھگو کر جوش کرین کہ گھل جائین پس صاف کر کے شکر اس مقدار کہ مزے کو اچھا کرے ڈال کر بعد صاف کرنے کے قوام کرین اور اگر قوی الاسہال چاہین تھوڑا محمودہ مشوی داخل کرین۔

شربت تمر ہندی ۔ منافع اور ترتیب مین بدستور شربت اجاص ہی اور معدے کو نافع زیادہ ہی یہ شربت ادویہ معدہ مین مذکور ہوگا۔

شربت مسہل ۔ کہ واسطے امراض سوداوی اور اعلال باردہ دماغی و معدی کے نہایت نافع اور بہترین مسہلات ہی گل سرخ سنا مکی ہر ایک دس مثقال گل بنفشہ بیس مثقال تربد سفید افسنتین رومی غاریقون ہر ایک پانچ مثقال تخم کشوث اسطوخودوس مصطگی ہر ایک تین مثقال سنبل الطیب دو مثقال عناب سپستان ہر ایک تیس عدد چار سو مثقال پانی مین ایک دن بھگو کر جوش کرین کہ ربع رہجاے اور ساتھ ڈیڑھ سو مثقال ترنجبین و شکر بالمناصفہ کے قوام کرین اور پانچ مثقال سے دس مثقال تک پئین۔

شربت خمارہ ۔ کہ رفع کرنے مین خمارہ کے بے نظیر ہی آلوے سیاہ تمر ہندی بہدانہ ہر ایک نصف رطل عناب پچاس دانے چھ رطل پانی مین جوش کرین جب دو رطل رہ جاے ملکر صاف کرین اور پانی انار ترش و شیرین کا اور پانی سیب کا اور پانی لیمو کا ہر ایک آدھا رطل اضافہ کرین اور ساتھ ایک من قند کے قوام کرین۔

شراب ریحانی ۔ کہ نسیان و امراض بلغمی کو نافع ہی اور واسطے تقویت دماغ و معدہ کے مفید ہی اور مشائخ کو سود مند ہی شیرہ انگور سو من خم مین ڈالین اور چھ من قند اضافہ کرین اور دارچینی و قرنفل و بسباسہ و جوزبوا ہر ایک دس درم نیمکوفتہ کیسے مین رکھکر خم مین ڈالین اور سر خم کا مضبوط بند کرین اور بعد چھ مہینے کے استعمال کرین اور چاہئے کہ پہلے خم کو خوب دھوئین اور اندر اسکے موم پگھلا ہوا لگائین اور مشک و زعفران و عنبر سے خوشبودار کرین

حرف الضاد

ضماد ۔ واسطے سکتہ و سبات کے فرفیون خردل سرخ شیطرج ہندی تخم انجرہ اجزا برابر سرکے مین ملا کر ضماد کرین بعد حلق راس کے۔

ضماد دیگر ۔ واسطے سکتہ و سبات کے خردل جندبیدستر بالسویہ ساتھ سرکہ کہنہ کے ضماد کرین سر پر بعد حلق کے کہ سکتہ سخت سے نجات دیتا ہی۔

ضماد ۔ مقوی دماغ کہ نزلات مزمنہ کو بشرط مداومت کے دفع کرے اور واسطے صداع مزمن و تقویت دماغ کے بے عدیل ہی منقول تذکرہ سے نمک سنگ نمک طعام سوختہ بورہ سوختہ خربق سفید مویزج شورہ خردل سرخ زبد البحر ہر ایک ایک جزو گوگرد گلسرخ برگ حنا اذخر بابونہ و فودنج سیمون اور اگر یہ نہو بدلے اسکے افسنتین ڈالین

صمغ عربی کندر قرنفل عود صبر زرد بیخ سوسن زرنیخ زاج ساذج سنبل الطیب جوزبوا ہر ایک نیم جزو صابون رقی دو وزن سب اجزا کے سرکہ بقدر حاجت پہلے سرکہ جوش کرکے صابون کو اسمین حل کرین باقی ادویہ کوٹکر چھانکر اسمین ڈالکر حبوب یا اقراص بنائین اور ساتھ پانی گرم کے سر پر ضماد کرین ۔

ضماد ۔ کہ صرع معدہ کو فائدہ کرے سنبل الطیب و رومی مصطگی قشور کندر جملہ برابر کوٹکر چھان کر ساتھ شراب ریحانی کے ملاکر معدے پر ضماد کرین لیکن پہلے تنقیہ معدہ کا قے دلایا جائے کرین

ضماد قنطاریون ۔ کہ لقوہ و فالج و صداع و شقیقہ و درد چشم و دندان کو نافع ہے اور جو اوپر صدغین کے لگائین نزلات کو آنکھ سے منع کرے اور جب مثانے پر لگائین پیشاب جاری کرے اور جب اوپر لدغ بچھو کے لگائین درد کو موقوف کرے اور جب اوپر شکم کے لگائین اورام اعضاے باطنی کو فائدہ کرے رعی الحمام دو درم موم سفید دس درم راتینج تین درم روغن زیت چالیس درم موم و راتینج کو روغن زیت مین پگھلا کر رعی الحمام کو کوٹکر چھانکر ملائین ۔

ضماد ۔ کہ صداع بارد کو نافع ہے بابونہ اکلیل الملک ورمنہ ترکی شبت ورق درخت غار مرزنجوش جملہ برابر سب کو کوٹکر چھانکر ضماد کرین ۔

ضماد ۔ کہ صداع کو جو زخم یا ضربہ سے حادث ہوا ہو فائدہ کرے برگ مورد تر برگ سرو تر گل سوسن لادن اکلیل الملک قصب الذریرہ گل ارمنی قسب یمانی جملہ برابر جو اجزا کہ خشک ہین انکو کوٹ کر چھانکر اور اجزاے تر کو خوب پیسکر پھر سب کو ملاکر اوپر سر کے ضماد کرین

ضماد ۔ کہ صداع بلغمی کو مفید ہے مغز میدے کی روٹی کا پچاس درم مُر صبر ہر ایک تین درم زہرہ گاؤ دو درم آس رطب ایک گڈی روغن غار مین ملاکر ضماد کرین ۔

ضماد ۔ کہ صداع ضربی و سقطی کو فائدہ کرے گل بنفشہ گل سفید گل نیلوفر بابونہ ہر ایک دو درم اکلیل الملک ایک درم جو تین درم کوٹکر چھان کر اسقدر روغن بنفشہ بادام اور صاف پانی مین طبخ کرین کہ موافق قوام فالودے کے ہوجاے پس سر پر ضماد کرکے ہلکا کپڑا اُسپر باندھین

ضماد ۔ کہ صداع گرم صفراوی کو نافع ہے برگ خرفہ شیاف مامیثا دونون صندل گل سفید نوفل ہر ایک دس جزو افیون ایک جزو سب کو ملاکر ضماد کرین ۔

فائدہ ۔ جب تک ضرورت نہو افیون اور جملہ مخدرات کو استعمال نہ کرنا چاہیے ۔ شرباً ہو یا طلاءً

ضماد ۔ کہ استرخا کو جو ضربہ یا سقطہ سے ہو فائدہ کرے آرد جابہ حب البان حب المحلب حب الجزوع مقل اشق پیہ بط موم روغن سوسن بطریق (تخم بید انجیر) معلوم ضماد تیار کرکے اوپر عضو مسترخی کے ضماد کرین ۔

حرف الطا

طلاء ۔ کہ واسطے صداع گرم کے نافع ہے صندل سرخ و سفید تخم کاہو ہر ایک تین درم گل نیلوفر گل سرخ ہر ایک چار درم زعفران ایک درم افیون شیاف مامیثا ہر ایک دو درم بیخ تفاح ایک مثقال ساتھ پانی ترب کاہو کے ملاکر پیشانی و صدغین پر طلا کرین

طلاء ۔ کہ صداع گرم و سرد کو نافع ہے مرمکی زعفران افیون

بزر البنج کندر سب اجزا برابر لیکر گلاب مین ملاکر صدغین پر طلا کرین -

طلاء منوم - گل بنفشہ تخم کاہو گل نیلوفر ہر ایک تین درم پوست خشخاش شیاف مامیثا ہر ایک دو درم صندل سرخ وسفید یہ ایک دو مثقال کوٹکر چھانکر ساتھ پانی برگ کاہو کے تر کرکے پیشانی وصدغین پر طلا کرین -

طلا - کہ صداع بیماریہائے حادمین اور وقت بیہوشی کے نافع ہے آرد جو دس درم سبوس گندم پانچ درم برگ خطمی تین درم گل بنفشہ چار درم کوٹکر چھان کر ساتھ پانی بید اور روغن گل کے تیار کرکے تھوڑا سرکہ ملا کر طلا کرین -

طلا - کہ جو اسیر اقراع کے ملین بال جمائے فانفل کو ٹکر چھانکر زہرۂ خوک اور شہد مین ملاکر طلا کرین -

طلا - کہ صداع بارد کو فائدہ کرے مشک صبر فرفیون جند بید ستر صمغ عربی عود زعفران ہر ایک دو دانگ افیون ڈیڑھ دانگ ساتھ پانی کرفس کے یا پانی مرزنجوش کے تر کرین اور اوپر ایک ٹکڑے کاغذ کے لگاکر پیشانی اور صدغین پر لگائین -

طلا - کہ لقوے کو فائدہ کرے صبر حضض مکی ہر ایک ایک درم زعفران دو دانگ ساتھ گلاب کے طلا کرین -

طلا - کہ لثرغس کو مفید ہے بال آدمی کے جلاکر خوب پیسین اور سرکے مین ملاکر پیشانی پر طلا کرین کہ اخلاط غلیظہ کو نکلتا ہے -

طلا - کہ نزلات کو منع کرتا ہے اقاقیا صبر زعفران کوکنار مر شیاف مامیثا حضض مکی گل ارمنی صمغ عربی کوٹ کر چھانکر ساتھ سفیدی انڈے مرغ کے ملکر اوپر پیشانی وشقیقہ کے طلا کرین -

طلا - کہ صداع کو جو آفتاب مین بیٹھنے سے پیدا ہو فائدہ کرے اور درد مفرط کو جس جگہ ہو ساکن کرے صندل سفید صندل سرخ انزروت ہر ایک ایک درم افیون دو دانگ زعفران ایک دانگ بزر البنج آدھا درم کوٹکر چھان کر ساتھ گلاب کے ملاکر طلا کرین -

طلا - کہ صداع کو جو ارتفاع بخارات سے پیدا ہو فائدہ کرے مازو گلنار مشک تبتی عصارۂ آملہ ہر ایک ایک جزو صبر زرد زعفران ہر ایک آدھا جزو کوٹکر چھان کر ساتھ گلاب یا پانی کے اوپر پیشانی وصدغین کے طلا کرین -

طلا - کہ انواع شقیقہ وصداع کو فائدہ کرے اور درد کو موقوف کرے کندر بیخ لفاح زعفران صبر ہر ایک ایک درم بزر البنج گل ارمنی ہر ایک دو درم صمغ عربی انزروت ہر ایک آدھا درم افیون ایک دانگ کافور جیہ کوٹ کر چھان کر پانی مین ملاکے اوپر شقیقہ ومقام درد کے طلا کرین -

طلا - کہ صداع کو فائدہ دے خستہ شفتالو کو پانی مین پیسکر اوپر صدغ داہنی اور پیشانی کے طلا کرین درد کو موقوف کرے اور اگر تخم کاہو کو باریک کوٹین اور پانی مین برگ کاہو تر کرکے خستہ شفتالو کو پیسین اور تخم کاہو کوٹین ملاکر طلا کرین زیادہ تر تاثیر کرے اور جلد خواب لائے

طلا - کہ صداع وشقیقۂ گرم کو فائدہ کرے بزر البنج بزر الخس یعنی تخم کاہو شیاف مامیثا ورد صندل فوفل بیخ لفاح افیون ساتھ سرکے وگلاب کے ملاکر پیشانی پر

طلا کرین اور ایک ٹکڑا سرکہ و شراب اور روغن گل اور گلاب مین تر کر کے اُسپر رکھین اور جسوقت خشک ہو جاوے پھر مکرر اعادہ کرین اور ان اشیا سے ناک اور کان مین بھی تقطیر کرتے رہین روغن گل اور تھوڑا سرکہ ملا کر اور جب درد شدید ہو ان اشیا مین انزروت بھی داخل کرین اور اوپر سد غین کے لگائین اور اوپر اُسکے ٹکڑا باریک سیسے کا لگا کر رہنے دین یہانتک کہ خشک ہو کہ حرکت شریان کو بند کرتا ہی اور اس طلا کو لازق کہتے ہین —

طلا - کہ صرع کو جو بسبب ارتفاع بخار کے ساق پاسے یا ہاتھ سے ہو نفع کرے - خردل فرفیون عسل بلادر تیار کر کے اوپر اُس مقام کے کہ بخار وہان سے اُٹھتا ہی لگائین چھالے پڑین پس چھالون کو چیر کر دیر تک مندمل ہونے ندین تو مادہ اُنسے نکل جاوے —

طلا - کہ جمیع علل بارد دماغ کو فائدہ کرے سیماب مقتول اوپر تالو کے ملین بعد حلق سر کے اور اگر شرط خفیف تالو پر کر کے اُسکے بعد دوا ملین نافع تر ہو اور نافذ تر ہی

فائدہ - طریق قتل یعنی کشتہ کرنے پارے کا یون ہی کہ پارے کو ساتھ شیرۂ پان وغیرہ کے ملین یہان تک کہ پارہ معدوم ہو جاوے —

طلاے دیگر - شقیقہ و نزلہ نبد وار چینی افیون کتیرا صمغ عربی تخم کاہو ہر ایک ایک ماشہ زعفران چھ رتی گلاب مین پیس کے اوپر کاغذ مشک کے لگا کر اوپر کنپٹیون کے لگائین اور پیشانی پر طلا کرین —

حرف العین

عطوس - کہ فالج اور سکتے اور لقوے اور سب امراض باردۂ دماغی کو فائدہ کرے اور تنقیہ دماغ کا کرے اور نکلنے مین مشیمہ کے خوب مددگار ہی حرکت عطاسی سے بشرطیکہ جب چھینک آئے منھ و ناک کو بند کرے تو سبب قوت باطن مین پھر آئے کندش شونیز فرفیون فلفل جند بیدستر مشک زراوند مدحرج حب بلسان عاقرقرحا بورۂ ارمنی سب اجزا برابر کو ٹکر چھانکر مربع مین ڈالکر ناک مین پھونکین

عطوس - کہ صرع کو مفید ہی اسطوخودوس مغز فندق ہندی واجلینی مساوی الوزن کو ٹکر چھانکر ناک مین دم کرین تو چھینک آئے

فائدہ - اوپر مذکور ہوا کہ عاقرقرحا پسا ہوا ناک مین مصروع کے ڈالین اگر چھینک آئے اُمید نجات کی ہی والا فلا —

عطوس - کہ جمیع علل باردۂ دماغی کو مفید ہی شحم حنظل فلفل اسطوخودوس جند بیدستر ہر ایک تین درم کندش آٹھ درم کوٹکر چھانکر ناک مین دم کرین —

حرف الغین

غرغرہ - کہ فالج ولقوہ و صرع کو نافع ہی اور سر و دماغ کو اخلاط غلیظہ سے پاک کرتا ہی ایارۂ فیقرا فیج خردل زنجبیل عاقرقرحا مویزج فودنج صعتر اصل السوس پوست بیخ کبر کوٹکر چھانکر شہد مین ملا کر غرغرہ کرین —

غرغرہ - کہ سکتے و فالج و ثقل زبان کو فائدہ کرے مویزج خردل سفید زنجبیل عاقرقرحا فلفل دارفلفل بورۂ ارمنی ایرسا مرزنگوش مساوی کوٹکر چھانکر پانچ درم اُس سے ساتھ سکنجبین کے ملا کر غرغرہ کرین —

غرغرہ - کہ دماغ کو فضول سے پاک کرے مویزج و خردل زنگ

عاقرقرحا خردل ہر ایک آدھا درم کوٹ کر چھانکر ساتھ سکنجبین عنصلی یا عسلی کے ملاکر غرغرہ کرین۔

غرغرہ۔ کہ اصلاح سر کی کرے اور بلغم کو اُتار لاوے عاقرقرحا دارفلفل زنجبیل ہر ایک دو درم خردل چھ درم انار دانہ ترش تین درم کوٹکر چھانکر شہد ملاکر غرغرہ کرین

غرغرہ۔ کہ تنقیہ سر کا فضول بلغمی سے کرے اور درد کو کہ سر مین پیدا ہو ساکن کرے مرزنجوش صعتر فارسی حب الرشاد حامض بریان صبر مساوی الوزن جوش کر کے سکنجبین ملاکر غرغرہ کرین۔

فائدہ۔ تنقیہ دماغ کا غرغرے سے پیش از تنقیہ مسہل درست نہین ہی اگر بادہ کثرت سے ہو۔

غرغرہ۔ کہ مادے کو اگر سینہ پر دماغ سے گرتا ہو گرنے نہ دے۔ حب الآس گل سرخ گلنار کو کنار ہر ایک ایک جزو کشنیز خشک آدھا جزو گلاب مین جوش کر کے غرغرہ کرین

فائدہ۔ جب تک تنقیہ دماغ کا ساتھ فصد و اسہال کے نہوا ہو روکنا اسکا درست نہین ہی کہ مودے بہ فساد ہوتا ہی۔

حرف الفا

فیروزنوش۔ کہ نسیان و قولنج و مغص ریحی و امراض زنان حاملہ کو کہ سبب اُسکا برودت ہو فائدہ کرے اور ریاح غلیظہ کو دفع کرے فرفیون عاقرقرحا سنبل زعفران ہر ایک سات درم افیون بزرالبنج ہر ایک بیس درم کوٹ کر چھانکر ساتھ شہد کے ملائین اور بعد چھ مہینے کے استعمال کرین۔

فلونیا فارسی۔ دماغ کو قوت دے اور حفظ کو زیادہ کرے اور صداع کو دور کرے اور استفراغ خون کا جس جگہ سے ہو روکے اور رحم کو قوت دے اور ریاح کو دفع کرے اور محافظت جنین کی کرے اور اسہال و قی کو موقوف کرے اور درد دون کو فی الفور ساکن کرے فلفل سفید بزرالبنج ہر ایک بیس درم افیون گل مختوم ہر ایک دس درم زعفران پانچ درم فرفیون سنبل الطیب عاقرقرحا ہر ایک دو درم جندبیدستر ایک درم زرنباد درونج مرواریدناسفتہ مشک ہر ایک آدھا درم کافور ڈیڑھ دانگ کوٹکر چھان کر ساتھ شہد کے ملائین اور بعد چھ مہینے کے استعمال کرین مقدار شربت ایک درم

فلونیائے رومی۔ معجون مبارک ہی نزلے کو موقوف کرے اور درد دون کو ساکن کرے اور قی الدم و اسہال دموی اور قولنج اور ہیضہ اور سیلان حیض کو نفع کرے فلفل سفید دارفلفل بزرالبنج ہر ایک بیس مثقال افیون مصری دس مثقال زعفران پانچ مثقال تخم کرفس سنبل الطیب ہر ایک چار مثقال تخم کرفس نبطی تین مثقال ساذج ہندی سلیخہ حب بلسان عاقرقرحا فرفیون ہر ایک ایک مثقال اور بعضے نسخون مین عوض تخم کرفس نبطی کے دونون سے مجموع کو کوٹ کر ساتھ شہد کے ملائین اور بعد چھ مہینے کے استعمال کرین مقدار شربت ایک دانگ سے آدھے مثقال تک ہی واسطے قولنج کے جوشاندے مین جعدہ کے اور واسطے درد معدہ کے جوشاندے مین انیسون کے اور واسطے طحال کے ساتھ سکنجبین کے اور واسطے گردے اور مثانے کے جوشاندے مین سوئن کے اور واسطے نیند کرنے

خون کے جوشاندے مین سحاق کے ۔
فائدہ ۔ جاننا چاہئے کہ اوزان و عدد ادویہ مین ان دونون فلونیا کے اختلاف بہت ہی جو اقرب بصواب تھا لکھا گیا۔ اور جاننا چاہئے کہ یہ دونون فلونیا مفسد ذہن کے ہین مگر یہ کہ طعام شیرین و چرب بہت کھائین اور بالجملہ جب تک حاجت شدید نہو استعمال نہ کرین اور قوت فلونیا کی چار برس تک باقی رہتی ہی ۔

فلونیا ۔ مجرب ہی قریب للاعتدال موافق امزجہ گرم و سرد کے مسمّٰی بہ حافظ الارواح ہی اور واسطے تقویت دماغ و حبس نزلات و تسکین اوجاع وغیرہ کے مفید ہی فلفل سفید بزرالبنج ہر ایک دو مثقال افیون تیس مثقال زعفران کشنیز خشک ہر ایک پانچ مثقال صندل سفید دارچینی طباشیر سنبل الطیب گلسرخ خشخاش مغز چلغوزہ مغز نارجیل گل گاؤزبان ہر ایک تین مثقال زرنباد درونج بسباسہ عود قماری سازج ہندی حب بلسان عود بلسان سعد زرنب قسط بحری جوز بوا لسان العصافیر دار فلفل سلیخہ اسارون فوفل زنجبیل رازیانہ انیسون قرنفل فرفیون پوست ترنج پوست پستہ ورق نقرہ بہمن سرخ بہمن سفید درج تخم بادرنجبویہ بوزیدان ہر ایک دو مثقال مشک نیم مثقال آملہ کہ دودھ مین پروردہ کیا ہو ستر مثقال شہد تین وزن ادویہ کے واسطے بعض لوگون کے یہ ادویہ بھی اضافہ کی جاتی ہین کہربا مروارید بسد مرجان عقیق ہر ایک تین مثقال یاقوت لعل ورق طلا عنبر اشہب ہر ایک دو مثقال ۔

فلونیائے محمودی ۔ کہ نشئے مین فائق زیادہ او منافع مین قوی بہت ہی اور اجزا مین مختصر ہی افیون فلفل ہر ایک بیس مثقال سنبل الطیب اسارون بسباسہ ہیل دارچینی مصطگی ریوند چینی زنجبیل افتیمون ہر ایک دو مثقال تخم کرفس زعفران گل سرخ ہر ایک چھ مثقال عنبر اشہب ایک مثقال مشک نصف مثقال ورق طلا پچاس عدد ورق نقرہ سو عدد شہد تین حصہ ادویہ کے ۔

حرف القاف

قرص کوکب ۔ جو اوپر پیشانی کے طلا کرین صداع کو نفع دے اور منع نزلات کرے اور اگر مازو اسمین ملا کر اوپر دانت کرم خوردہ کے رکھین درد کو موقوف کرے اور جو پانی مرزنجوش مین ملا کر کان مین ڈالین درد گوش کو نفع کرے اور تناول اسکا معدۂ ضعیف کو قوی کرتا ہی اور فضول کو معدے پر گرنے نہین دیتا ہی اور ڈکار کھٹی کو موقوف کرتا ہو اور نفث الدم و سیلان خون کو جس جگہ سے کہ ہو روکتا ہی اور سرفۂ کہنہ و حمیات دائرہ اور اوجاع رحم کو سودمند ہی اور اگر ساتھ پانی سداب کے پئین جمیع زہرون حیوانی اور لسع و لدغ حیوانات کو نافع ہی اور اگر ساتھ شراب کے تناول کرین اسہال دموی و قروح امعا و مثانہ کو مفید ہوتا ہی صبر جند بیدستر سنبل سلیخہ گل مختوم پوست بیخ تفاح ہر ایک چار درم افیون زعفران قسط کوکب الارض کہ اسکو طاق کہتے ہین ہر ایک پانچ درم انیسون سیسالیوس دوقو بزرالبنج میعہ سائلہ تخم کرفس

ہرایک آٹھ درم صمغون کو شراب ریحانی مین حل کرین
اور باقی ادویہ کوٹ کر چھان کر اسمین ملاکر اقراص بنائین
کہ ہر ایک قرص آدھے درم کا ہو اور سایے مین خشک کرین
اور بعد چھ مہینے کے استعمال کرین قوت اسکی دو برس
تک باقی رہتی ہے —

قرص - کہ صداع و سرسام و تپ کو نافع ہے اور خواب
لاتا ہے اور ہذیان کو دفع کرتا ہے اور پیاس بجھاتا ہے مغز تخم
خیارین مغز تخم کدو و تخم کاہو ہر ایک دس درم رب السوس
نشاستہ کتیرا افیون ہر ایک تین درم کوٹ کر چھان کر
ساتھ پانی کاہو کے یا لعاب اسپغول کے ملاکر قرص
بنائین مقدار شربت ایک قرص یا دو واسطے سہر و
ہذیان کے اور جسوقت امر شدید ہو قرص کو دھنیے کے
پانی مین یا کاہو کے پانی مین دین ورنہ ساتھ پانی
خیار و کدو کے اور یہ قرص جب تک ضرورت نہ ہو
نہین دیتے اور اگر صداع و تپ بدون سرسام و ہذیان
کے ہو آدھا قرص بلکہ ربع کافی ہے اسلیئے کہ قبض
شدید پیدا نہ کرے —

قرص منوم حار - تخم شبت دو درم زعفران
بزرالبنج مُر ہر ایک ایک دانگ افیون ایک طسوج
کوٹ کر چھان کر ساتھ لعاب حلبہ کے قرص بنائین
مقدار شربت ایک مثقال ہے —

قرص منوم بارد - تخم کاہو خشخاش باقلا تخم خرفہ کاکنج
ہر ایک ایک درم افیون ایک طسوج کوٹ کر چھان کر
ساتھ لعاب اسبغول کے قرص بنائین اور یہ ایک
مقدار خوراک کی ہے واسطے مرد قوی کے —

قرص مثلث - جو اوپر پیشانی و صدغین کے طلا
کرین صداع و شقیقہ و سہر کو نافع ہے —

فائدہ - قرص مثلث اسلیے بناتے ہین کہ کھانے کے
قرص سے مشابہ نہون اور بھی جلد گھس جاے - مرکی
افیون مصری بزرالبنج لادن کافور زعفران پوست
بیخ لفاح ہر ایک پانچ درم کندر انزروت آملہ گل ارمنی
ہر ایک دو درم کوٹ کر چھان کر ساتھ گلاب یا آب کاہو
تر کے ملاکر قرص بنائین سہ پہلو اور وقت حاجت کے
ساتھ سرکے یا پانی لیمو کے یا پانی دھنیے کے یا پانی
کوکنار وغیرہ کے گھس کر طلا کرین اور واسطے صداع
بارد کے ساتھ پانی حنا کے اور ساتھ پانی نمک کے
اور ساتھ پانی مرزنجوش کے اور مانند انکے حل کرین
اور اس قرص کو اوپر ورم گرم کے بھی ضماد کر سکتے ہین

قرص مثلث نوع دیگر - افیون مرصافی بزرالبنج بیخ
لفاح بالسویہ ساتھ پانی کاہو کے قرص بنائین اور
بطریق معلوم طلا کرین —

فائدہ - بار بار کہا گیا کہ جب تک ضرورت شدید نہ ہو
استعمال مخدرات کا روا نہین ہے اور احیاناً اگر مخدرات
کو سر پر رکھین اور حواس مین فتور و خلل ظاہر ہو جلد
تدارک کرین اور تدارک یہ ہے کہ پانی نیمگرم اکلیل یا و
پانی کہ اسمین بابونہ کو جوش کیا ہو نیمگرم اوپر سر کے
گرائین تو مسام کھلجائین اور تھوڑا زہر مہرہ کھلائین
تو دفع مضرت کرے —

قرص نزلہ بند - مرکی صبر سقوطری حضض مکی اسبغول
صمغ عربی نشاستہ رب کتیرا مسک المسک گلنار

فارسی دم الاخوین فوفل شیاف مامیثا افیون زعفران جملہ برابر بیسکر ساتھ پانی برگ مورد کے اقراص بناکر سایہ مین خشک کرین اور وقت حاجت کے پانی برگ مورد مین گھسکر دو قطعے کاغذ کے موافق شکل درم کے لیکر سوئی سے بہت جگہ اُسکو نچکر دوا اُسپر لگاکر اوپر دونون بناگوش کے کہ وہان شریان ہی لگائین۔

قرص نزلہ بند دیگر - کہ ملاذہ مسترخیہ کو بھی اُٹھاوے وج ترکی قشارہ کندر دم الاخوین شیاف مامیثا سرطان باہی نوفل نشاستہ زعفران عود صلیب عود ہندی افیون کوٹکر چھان کر ساتھ سفیدی انڈے کے ملاکر بطریق مسطور اوپر تالو اور دونون شقیقون کے لگائین۔

قرص عنبر - کہ دماغ و دل کو قوت دے عنبر اشہب ایک درم زعفران کافور آدھا درم قند سفید بیس درم قند کو گلاب مین قوام غلیظ کرکے ادویہ کو اسمین ملاکر اقراص بنائین۔

قرص خشخاش - کہ زکام و نزلہ و درد سینہ و قروح سینہ و خشونت و تپ گرم کو فائدہ کرے گل سرخ صمغ عربی ہر ایک چار درم کتیرا رب السوس ہر ایک دو درم تخم خشخاش سفید و سیاہ ہر ایک تین درم طباشیر پانچ درم زعفران دو دانگ اقراص بنائین ہر ایک قرص بقدر ایک مثقال کے اور ایک قرص ساتھ شربت خشخاش کے یا کشکاب کے کھائین اور نسخے مین ثابت ابن قرہ کے نشاستہ دو درم عوض صمغ کے مرقوم ہی اور طباشیر نہین ہی۔

قرص منوم - کہ جو اوپر عضو درد والے کے ملا کرین درد کو موقوف کرے اور اسی سبب سے دفع کرنے مین بیخوابی کے مددگار ہوتا ہی افیون بزر البنج مرصافی زعفران قشر بیروج کوٹ کر چھان کر اقراص بنائین اور پانی مین حل کرکے اوپر صدغین کے طلا کرین واسطے تنویم کے اور اوپر عضو درد والے کے واسطے سکون درد کے طلا کرین۔

قرص صندل مصطگی - کہ صداع گرم کو نافع ہی صندل مقاصری خوشبو ساتھ گلاب کے پہلے گھسین پھر اوسکو خشک کرین کہ واسطے اس کام کے موضوع ہی خشک کرین اور کتیرا اسفید ایک درم بمقابلہ ایک اوقیہ اُس صندل کے لیکر گلاب مین بھگوئین بعد اسکے صندل مسطور اُسمین ملاکر تھوڑا کافور زیادہ کرین واسطے خوشبو ہونے بو کے اور زیادتی تبرید کے اور اقراص بناکر خشک کرین اور اگر صندل کے گھسنے کا اتفاق نہ پڑے صندل کو بعد کوٹنے و چھاننے کے اُس گلاب مین کہ جسمین کتیرا بھگویا ہو گھولین اور کافور کو زیادہ کرکے اقراص بنائین اور وقت حاجت کے طلا کرین اور قرص صندل مشروب حمیات مین بیان ہوگا۔

فائدہ - ادویہ قرص کے ہاون مین خوب کوٹین تو خوب خمیر ہو اور بعد قرص بنانے کے پھٹ نہ جاوے اور سایہ مین خشک کرین اور صبح و شام اُلٹ پلٹ کرتے رہین اور ہاتھ اوپر اقراص کے پھیرتے رہین تو قرص بالکل خشک ہو جائین اور کچھ تری اُنمین نہ رہے اسلیے کہ اگر تری رہجائیگی متکرج اور فاسد ہو جائینگے اور جاننا چاہیئے کہ قوت جملۂ اقراص کی اکثر چھ مہینے تک

رہتی ہی بعد اُسکے ضعیف ہوتی ہی بخلاف قرص کوکب کے کہ وہ بعد چھ مہینہ کے قابل استعمال ہوتا ہی اور دو برس تک قوت اُسکی باقی رہتی ہی اور ملکی مین لکھا ہی کہ قرص کوکب مین جب تک بو باقی ہی عمل کرتا ہی اور جب بو مین تغیر پڑے کچھ کام نہین آتا ہی —

حرف الکاف

کماد — کہ صداع گرم کو فائدہ کرے آرد جو گل خطمی صندل سفید گل سرخ گل بنفشہ جملہ برابر کوٹ کر چھانکر ساتھ گلاب اور تھوڑے روغن گل کے اور تھوڑے سرکے کے سر پر کماد کرین —

کماد — کہ تسقیہ داد جاع شدیدہ و ریاح غلیظہ کو فائدہ کرے برگ مرزنجوش بابونہ ہر ایک دس درم کوٹ کر چھانکر ساتھ لعاب حلبہ کے حل کر کے تکمید کرین —

کماد — کہ مالیخولیاء مراقی کو نفع کرے اور بحث معدہ مین آئیگا

حرف اللام

لطوخ — کہ شقیقہ کو نافع ہی مرصافی تخم کاہو ہر ایک ایک درم بزر البنج کتیرا ہر ایک دو دانگ افیون نیم دانگ کوٹ کر چھان کر سرکے مین ملا کر کاغذ پر لگا کر شقیقہ پر لگائین —

لطوخ دیگر — کہ یہی عمل کرتا ہی زعفران افیون دم الاخوین صمغ عربی مساوی الوزن کوٹکر چھان کر انڈے کی سفیدی مین ملا کر اوپر صدغین کے لگائین —

لطوخ دیگر — کہ یہی اثر کرتا ہی تخم کاسنی تخم کاہو ہر ایک دو درم مرصافی ایک درم حضض تین درم افیون نصف درم کوٹ کر چھانکر ساتھ لعاب اسبغول کے ملا کر دو کاغذون پر لگا کر اوپر دونون بناگوش کے چپکائین —

لخلخہ — کہ خواب لاتے تخم گل بیخ لفاح ہر ایک ایک درم افیون ایک دانگ کافور دو دانگ کوٹ کر چھان کر ایک برتن مین رکھین اور گلاب یا آب کدو وغیرہ یا لعاب اسپغول سے ڈالکر ہلائین اور سونگھین —

لخلخہ دیگر — کہ عفونت کو منع کرتا ہی اور صداع کو نافع ہوتا ہی صندل سفید گھسا ہوا کشنیز خشک و گلاب و سرکہ ایک برتن مین رکھکر سونگھین اور اگر سہری ہو سرکہ ڈالین

لبوب صغیر — کہ دماغ کو قوت دے اور نسیان کو زائل کرے اور منی کو زائد کرے اور کلیہ و مثانہ کو قوی کرے اور منہ کے رنگ کو اچھا کرے مغز بادام مغز گردگان مغز پستہ مغز حبہ الخضراء مغز چلغوزہ مغز حبہ الزلم مغز فندق نارجیل مغز حب الفلفل خشخاش سفید تودری کنجد مقشر تخم جرجیر تخم پیاز تخم شلغم اسپست بہمن زنجبیل دارفلفل کبابہ قرفہ دارچینی شقاقل خولنجان تخم ہلیون جملہ مساوی الوزن عسل سہ چند ادویہ کا بطور معروف معجون بنائین مقدار شربت دو درم ہی اور نسخہ لبوب کبیر کا ادویہ مین باہ کے آئیگا —

حرف المیم

مخلص اکبر — صرع و دوار صداع کہنہ رعشہ و فالج و تشنج بلغمی و اوجاع مفاصل و وسواس و کرم دندان

ورد مد بلغمی وقروح امعاو مغص و مفاصل ریحی و گردہ و مثانہ کو نافع ہی اور قی الدم کو روکتا ہی اگر ساتھ آب بارتنگ کے یا آب عصی المراعی کے دین اور درد معدہ و ریاح غلیظہ و سپرز کو نافع ہوا گر ساتھ آب رازیانہ کے تناول کرین اور حمیات کہنہ کو دور کرے اور اورام کو تحلیل کرے اور سموم کو دفع کرے اور اگر اوپر قضیب کے طلا کرین نعوظ لاوے سلیخہ اذخر مر صافی ہر ایک ایک اوقیہ جند بیدستر فطراسالیون ہر ایک پندرہ مثقال تخم کرفس دو اوقیہ سیسالیوس ایک مثقال قسط دار چینی اقراص اقرقومما میعہ سائلہ اسارون ہر ایک چھ مثقال فلفل سفید بارہ مثقال سنبل سات مثقال حماما زعفران دار فلفل ہر ایک چار مثقال افیون انیسون ہر ایک دو مثقال عسل صافی سہ چند ادویہ کا بطور معمول کے معجون بنائین اور بعد چھ مہینے کے استعمال کرین مقدار شربت ایک درم سے ایک مثقال تک ہی اور نسخہ قرص اقرقوما کہ اسکو آذر معما بھی کہتے ہین دل مخلص اکبر مین استعمال کیا جاتا ہی یون ہی حماما دار شیشعان قسط قضب الذریرہ قرنفل فلفل سفید نانخواہ ہر ایک تین مثقال فوہ ایک مثقال سنبل الطیب سافج ہندی ہر ایک آٹھ مثقال مر صافی دارچینی مصطگی زعفران ہر ایک چھ مثقال کوٹ کر چھان کر شراب صاف مین ملا کر اقراص بقدر ایک ایک درم کے بنا کر سایے مین خشک کرین اور معجون مین داخل کرین اور مخلص اکبر کو یونانی مین سوطیرا کہتے ہین

معجون فلاسفہ۔ کہ اسکو مادۃ الحیات بھی کہتے ہین واضع اسکا اندروماخس قدیم ہی کہ باستصواب حکما اپنے زمانے کے ترتیب دیا اسی سبب سے منسوب بفلاسفہ ہی یعنی اس معجون کا نام معجون فلاسفہ ہوا واسطے امراض باردۂ دماغی کے مانند فالج ونسیان وغیرہ کے اور واسطے تقویت دماغ وحفظ و فہم و تفریح کے اور زیادتی عقل کے نافع ہی اور واسطے اشتہا کے اور ڈکار اور انطلاق لسان کے اور قطع کرنے بلغم وسلس البول اور درد پشت و گردہ اور اوجاع مفاصل کے مفید ہی اور مزید منی ومقوی ذکر و باہ و مصلب بدن و منشط و مفرح دل ومحسن لون ومطیب دہان ومشدد دندان و ضرر کرنے والی لثہ یعنی مسوڑھے کی اور دور کرنیوالی ضعف معدہ وجگر کی اور رفع کرنے والی قولنج بلغمی وریحی و استسقا و ابردہ کی وسنگ گردہ ومثانہ وتقطیر البول کی اور دیگر امراض مثانہ کی اور موافق مشائخ و پیر دین و مضر محرورین ہی اور مصلح اسکا تازہ دودھ اور سکنجبین مقدار شربت اسکا دو مثقال سے چار مثقال تک قوت اسکی چار برس تک باقی رہتی ہی اور اسکے نسخے مین بہت اختلاف ہی لیکن جو شیخ اور صاحب ذخیرہ نے اپنے قرابادین مین لکھا ہی اور مین نے اختیار کیا ہی یہ ہی زنجبیل فلفل دار فلفل دارچینی آملہ پوست بلیلہ شیطرج ہندی زراوند مدحرج خصیۃ الثعلب مغز جلغوزہ بیخ بابونہ نارجیل تازہ ہر ایک دس درم تخم بابونہ پانچ درم مویز منقی تیس درم عسل مصفی دو چند یا سہ چند سب ادویہ کا بطریق مشہور معجون بنائین اور بعد اکتالیس دن کے استعمال کرین

اور صاحب شفاء الاسقام نے عوض بیخ بابونہ کے
عروق الصفر[1] اور بجاے تخم بابونہ کے گل بابونہ اور وزن
انکے دس درم لکھے ہین اور خبر دی ہی کہ اور نسخے مین
سونف کو سات درم لوگون نے بڑھایا ہی اور صاحب
اختیارات بدیعی نے رازیانہ پانچ درم لکھا ہی اور
صاحب تحفۃ المومنین نے کہا ہی کہ شیخ الرئیس نے
خبث الحدید کو واسطے زرداب کے اضافہ کیا ہی —
بالجملہ اسکے نسخے مین ہرچند اختلاف واقع ہی اور
قدما نے کمی اور زیادتی کی ہی لیکن عروق الصفر ا
اسکے نسخون مین کہین نہین دیکھا ہی سواے شفاء الاسقام
کے سا احتمال ہی کہ یہ تصرف اسکے مخترعات
سے ہو یا اسکو مغالطہ ہو یعنے کاتبون نے
غلطی کی —

معجون غیاثی — کہ حفظ کو زیادہ کرتی ہی بحث مین
معدے کے آئیگی —

معجون ارزاقی — کہ فالج واسترخاء کو نافع ہی بحث مین
وجع المفاصل کے آئیگی —

معجون مبدل المزاج — کہ لقوے وفالج ورعشہ
وجذام وبرص کو نافع ہی زنجبیل عاقرقرحا شونیز قسط مرج
عسل بلادر ہر ایک دس درم سداب حلتیت زراوند
جنطیانا شیطرج حب الغار جندبیدستر خردل ہر ایک
پانچ درم کوٹ کر چھان کر ساتھ شہد صاف کے کہ دو
چند یا سہ چند ہو ملا کر معجون بنائین مقدار شربت ایک
مثقال —

معجون بلادری — محمد زکریا سے زنجبیل عاقرقرحا سیاہ دانہ
قسط فلفل مرج ہر ایک دو درم برگ سداب پودینہ
خشک حلتیت زراوند مدحرج حب الغار شیطرج جندبیدستر
خردل عسل بلادر ہر ایک پانچ درم سب اجزا کو کوٹ کر
چھان کر روغن گردگان مین ملائین اور معجون کرین
اور مقدار شربت اسکا وہی ہی جو معجون مبدل المزاج کا ہی
اور نافع بھی انھین امراض کو ہی جنکو معجون مبدل المزاج
نفع کرتی ہی —

معجون — کہ دماغ ودل وجگر کو قوت دے اور باہ کو
زائد کرے اور نشاط کو پیدا کرے اور معدے کو
قوت دے اور اشتہا پیدا کرے اور منہ کے رنگ کو
اچھا کرے اور طعام کو ہضم کرے دارچینی سنبل الطیب
پوست بیرون پستہ جوز بوا مغاث خولنجان بہمن سرخ
بہمن سفید شقاقل دوالہ پوست ہلیلہ بادرنجبویہ گاؤزبان
ہر ایک تین درم مصطگی زرنباد پیپل زنجبیل قرنفل اسارون
سافج ہندی کباب چینی پوست ترنج درونج رومی
زرنباد صندل سفید صندل سرخ حب الفلفل انیسون
نعناع بسباسہ ہلیلہ سیاہ بوزیدان زعفران ماہ فرفیون[2]
کہربا مروارید ناسفتہ لسان الحمل مرجان ہر ایک دو درم
سعد کوفی گل سرخ ہر ایک چار درم ماہی روبیان
خصیۃ الثعلب تودرین ہر ایک پانچ درم مشک تبتی
آدھا مثقال عنبر اشہب ایک مثقال ورق طلا
تیس عدد ورق نقرہ پچاس عدد قند وعسل بالمناصفہ
ڈیڑھ من یعنی سہ چند سب ادویہ کا بالطریق معروف
معجون بنائین —

معجون یولس[3] — کہ حافظے کو قوت دے اور نسیان کو

۱ عروق الصفر یعنی زرد چوب ہلدی ۱۲
۲ ہ اسفرمین بجای عدد ...
۳ سہو کتابت میں ۱۲
۴ ہ یونس ہی
... ۱۲

نافع ہی بلادر افتیمون ہر ایک دس درم صبر ساتھ مثقال غاریقون چوبیس مثقال سلیخہ وج زراوند زعفران وارچینی مصطگی ہر ایک چھ مثقال قسط تخم سداب فلفل سفید ہر ایک آٹھ مثقال عسل صافی دوچند یاسہ چند۔

معجون لبان۔ کہ نسیان کو نافع ہی کندر وج سعد ہر ایک دس درم فلفل زنجبیل ہر ایک پانچ درم عسل دوچند یاسہ چند مقدار شربت ایک مثقال۔

معجون قیصر۔ کہ صرع و فالج و خفقان بارد و دردمعدہ کو کہ سردی سے ہو اور فواق امتلائی کو نافع ہی اور سدہ کو کھولے جندبیدستر رب السوس سلیخہ قسط تلخ فلفل سیاہ افیون سعد زعفران سنبل ہر ایک تین درم جاوشیر ایک درم درونج عقربی مروارید ناسفتہ زرنباد ہر ایک آدھا درم مشک دو دانگ عسل دوچند یاسہ چند مقدار شربت ایک نخود سے ایک درم تک مجوزہ ہی۔

معجون زبیب۔ کہ مصروع کو نافع ہی پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی پوست بلیلہ آملہ منقی اسطوخودوس ہر ایک دس درم عودصلیب پانچ درم عاقرقرحا تین درم مویز منقی ایک رطل کوٹ کر چھان کر ساتھ مویز کوفتہ کے ملائین مقدار شربت پانچ درم تک ہی اور بعض لوگ مقدار شربت آدھی مثقال سے دو درم تک لکھتے ہین۔

معجون سیسالیوس۔ جملہ اقسام صرع کو نافع ہی مگر دموی یعنی خونی صرع کو اور کوئی دوا مثل اسکے نہین ہی سیسالیوس عاقرقرحا اسطوخودوس ہر ایک دس درم

غاریقون پانچ درم فرودمانا حلتیت زراوند مدحرج ہر ایک دو درم ساتھ سکنجبین عنصلی کے ملائین مقدار شربت ایک مثقال سے دو درم تک ہی اور بعض لوگون نے لکھا ہی کہ شہد مین بنائین اور بعضون نے لکھا ہی کہ جو شہد ساتھ آب عنصل کے مقوم ہو اسمین بنائین اور بعضے نسخون مین عود فاودانیا اڑھائی درم حرف ڈیڑھ درم زیادہ کیا گیا ہی اور وزن زراوند و حلتیت وفرودمانا کا ڈیڑھ ڈیڑھ درم لکھا ہی۔ [ہا لون ۱۲]

معجون صرع۔ کہ تالیف جالینوس و مجرب ہی عاقرقرحا دس درم صلایہ کیا ہوا چھلنی مین چھان کے بعد اسکے ہاون مین ساتھ سرکے کہنہ کے کہ دس مثقال ہو حل کرین اور ساتھ شہد کے ملاکر معجون بنائین مقدار شربت دو درم سے تین درم تک ساتھ بیس درم پانی گرم کے ہی۔

معجون۔ کہ صرع مشارکی کو جو بسبب صعود بخار کے کسی عضو سے طرف دماغ کے پیدا ہو فائدہ کرے ہلیلہ کابلی ہلیلہ آملہ ہر ایک دس درم بسفائج افتیمون اسطوخودوس حجر ارمنی غاریقون کمافیطوس تربد ایارج ہر ایک پندرہ درم شحم حنظل آٹھ درم سافج ہندی چار درم ساتھ شہد کے تیار کرین مقدار شربت تین درم ہی۔

معجون نجاح۔ کہ مالیخولیا و صرع و جمیع امراض دماغی سوداوی کو فائدہ کرے اور خون کو سودا سے پاک کرے اسی وجہ سے مداومت اسکی مالیخولیا مین بہت سودمند ہی اور مسہل سودا و بلغم غلیظہ و نافع قولنج ہی اور اختناق الرحم کو بالخاصیت مفید ہی پوست ہلیلہ کابلی

پوست بلیلہ آملہ مقشر ہلیلہ سیاہ ہر ایک دس درم تربد موصوف بسفائج افتیمون اسطوخودوس ہر ایک پانچ درم کوٹ کر چھان کر عسل دو چند مین تیار کرین اور یہی نسخہ جمہور اطبا کا اور اصل ہی اور بعض لوگون نے غاریقون تین درم حجر ارمنی حجر لاجورد ہر ایک اڑھائی درم سقمونیا مشوی دو درم یا تین درم زیادہ کیا ہی اور بعضے طبیبون نے درونج نارمشک سنبل خیربوا مصطگی گاؤزبان پوست ترنج ہر ایک دو درم ریوند چینی زعفران ہر ایک ایک درم اوپر اصل نسخے کے زیادہ کیا ہی اور وزن تربد کا دو استار لکھتے ہین اور بعضون نے گلسرخ ورب السوس و غاریقون و مصطگی ہر ایک پانچ درم سقمونیا تین درم اوپر اصل نسخے کے علاوہ کیا ہی اور وزن تربد کا سات درم بسفائج کا پانچ درم اسطوخودوس کا دس درم لکھا ہی مقدار شربت بطریق مداومت کے دو مثقال سے تین مثقال تک ہی اور واسطے تلین کے پانچ مثقال سے سات مثقال تک ہی ۔

معجون نجاح دیگر ۔ کہ ہرمس اصغر کی تالیف ہی اور جنین کہتا ہی کہ تالیف جالینوس کی ہی پہلے درجے مین گرم ہی اور قوت اسکی ایک برس تک باقی رہتی ہی واسطے جنون و مالیخولیا کے نافع اور ذجر و درد معدہ و شقاق کو مفید ہی ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ ہر ایک دس درم افتیمون تربد اسطوخودوس بسفائج ہر ایک پانچ درم غاریقون حجر ارمنی مغسول مرجان کہربا مروارید ناسفتہ ہر ایک ایک درم گل سرخ زرنباد درج حضض بُک دم الاخوین ہر ایک ڈیڑھ درم اور شیخ الرئیس نے طباشیر تین درم اضافہ کی ہی اور بعضے کندر مرزنجوش ہلیلہ کابلی ہر ایک تین درم زیادہ کرتے ہین ساتھ سہ چند شہد کے ملائین ۔

معجون ثوم ۔ کہ واسطے فالج و نسیان و سکتہ و رعشہ و جمیع امراض باردہ و ضیق النفس و لکنت زبان و سرفہ رطوبی و فساد آواز و تحلیل ریاح و تفتیح سدد و تقویت معدہ و جگر کے اور واسطے احتباس حیض و بول کے اور اچھا کرنے رنگ منھ کے اور برانگیختہ کرنے بادہ مالیخولیا ... باہ بوسون کے نہایت مجرب ہی اور واسطے زیادتی قوت کے نافع ہی اور شیخ نے قانون مین لکھا ہی کہ معجون ثوم شیخ کھول کو بشکل جوان کے کرتی ہی اور تناول کرنا اسکا فصل سرما مین گرم رکھتا ہی اور بدن کو بہت اوڑھنے سے مستغنی اور طبیعت کی محافظت کرتی ہی اور ہر مرض کو نفع دیتی ہی اور واسطے بہق و ابردہ و بلغم خام کے سودمند ہی اور صاحب تحفہ نے لکھا ہی کہ امراض مقعد و رحم مین نفع کرتی ہی سوا اختناق رحم کے اور لائق اسکے استعمال کے مبرود و مرطوب مزاج ہین بخلاف جوان و گرم مزاج کے کہ انکو ضرر کرتی ہی مصلح اسکی سکنجبین و شربت عناب ہی قوت اسکی چار برس تک باقی رہتی ہی مقدار شربت اسکا دو مثقال تک اور یہ معجون گرم ہی تیسرے درجے مین اور خشک ہی پہلے درجے مین صفت اسکی موافق قانون شیخ الرئیس کے یون ہی کہ نخود شامی ایک قفیز رات کو پانی شیرین مین بھگوئین اور صبح کو نرم آگ مین جوش کرین کہ پانی سیاہ اور نخود

سفید ہوجائین بعد اُسکے صاف کرین اور بعد اُسکے
ثوم کو کہ دانے اُسکے پاک کیے ہون آب نخود مین
پکائین یہان تک کہ پختہ ہوکر مانند گودے کے ہوجاوے
پس تازہ دودھ گاے کا اُسپر ڈالین کہ ثوم کو چھپا کر
چار انگل اُسکے اوپر رہے پس نرم آگ پر (لہسن یعنی) کہ مانند چراغ
کے ہو پکائین یہان تک کہ دودھ خشک ہوجاوے یا
قریب خشک ہونے کے پہونچے پس گھی تازہ تھوڑا
اُسپر ڈالین مثلاً سیر اگر آدھا من ہو گھی تیس درم
ہو نرم آگ پر پکائین کہ جذب ہوجاوے بعد اُسکے
تانبے کی دیگ مین ڈالکر کوٹین تو سب مانند خمیر کے
ہوجاوے بعد اُسکے شہد سفید صاف کہ مقدار چار انگل
کے اوپر ہو ڈالکر نرم آگ پر پکائین یہان تک
کہ بستہ ہوجائے بعد اُسکے ہر ایک رطل لہسن
مین تودری سفید و سُرخ اور زیرہ کرمانی و
خولنجان و دارچینی ہر ایک دس مثقال فلفل پانچ
مثقال کوٹ کر چھان کر اُسمین ملاکر معجون بنائین
اور سبز باسن مین رکھین اور مقدار جوز کے کھائین
ہر حال مین اور جو اسحاق مؤلف تذکرہ نے ذکر
کیا اور صاحب تحفۃ المومنین نے اس سے نقل
کیا یون ہے کہ ایک رطل لہسن کوفتہ کو ساتھ ڈیڑھ
رطل تازہ دودھ کے جوش کرین تو دودھ جذب
ہوجاوے اور ساتھ ڈیڑھ رطل شہد کے قوام کرین
پھر زنجبیل و فلفل و دارفلفل و قرنفل و دارچینی و
کبابہ و جوزبوا و عاقرقرحا و خولنجان ہر ایک دو مثقال
زعفران ایک مثقال روغن گل سرخ دس مثقال

اُسمین ڈالین اور اگر چاہین کہ روغن اُسکا لیوین پس
قبل اُسکے کہ ساتھ شہد کے جوش کرین لہسن کو روغن
گل مین جوش کرکے روغن لے کر ساتھ عسل کے
جوش کرین اور معجون بنائین اور اس روغن کا ملنا
اوپر بدن کے واسطے رفع کرنے تکلیف سرما کے
و تشقاق پاشنہ کے اور قلع آثار کے اور طلا کرنا اُسکا
اوپر قضیب کے جہت ہیجان باہ کے نہایت نافع ہے
اور بعض متاخرین نے صفت معجون ثوم یون لکھی
ہے کہ سیر پاک کردہ آدھا من ایک من تازہ دودھ
گاے مین پکائین یہانتک کہ گل جاوے اور تیس جبهه
شہد تیس درم روغن گاو اُسپر ڈالین اور خوب ملائین
اور آگ سے اُتار کر ان ادویہ کو کوٹ کر چھان کر
اُسمین ملائین قرنفل جوزبوا بسباسہ فلفل مصطگی
قاقلتین ہلیلہ کابلی دارچینی زنجبیل ہر ایک دس درم
عود خام زعفران ہر ایک پانچ درم مقدار شربت
مقدار ایک اخروٹ کے۔

معجون دبید الورد۔ معنی اسکے یہ ہین کہ مانند سب
اجزا کے گل سرخ ہے جیسا کہ تحفۃ المومنین مین کہا ہے اور
اسکو معجون الورد بھی کہتے ہین واسطے اقسام صداع
بارد کے اور منع کرنے صعود انجرہ کے اور دوی
طنین و ضعف معدہ و جگر کے اور انواع استسقا کے
اور تفتیح سدہ جگر کے و تحلیل مائیہ اور ام دوبیلات
و صلابات کے نافع ہے اور ظاہر مین حار ہے پہلے درجہ
مین مقدار شربت اُسکا دو مثقال سے چار مثقال
تک سنبل الطیب مصطگی زعفران طباشیر

دارچینی اذخر اسارون قسط شیر بن عصارۂ غافث تخم کشوث فوگلک[لہ] مغسول تخم کاسنی تخم کرفس زراوند طویل حب بلسان قرنفل مقل عود ہر ایک ایک جزو گل سرخ اقماع سے پاک کیا ہوا برابر سب اجزا کے عسل سہ چند کذا فی تحفۃ المومنین جملہ مع شہد اکیس جزو ہین ۔

فائدہ ۔ اس نسخے مین فوبدون ہا کے ہر ۔

نوع دیگر ۔ شفاء الاسقام سے سنبل اسارون مصطگی سلیخہ زعفران لک الیس صندل مقاصری طباشیر قسط تلخ دارچینی ریوند چینی ہر ایک ایک درم در دھنر وع الاقماع برابر تمام ادویہ کے کوٹ کر چھا کر ساتھ سہ چند عسل کے ملائین ۔

معجون دبید الورد دیگر ۔ بھی شفاء الاسقام سے سنبل زعفران مصطگی طباشیر دارچینی اذخر اسارون قسط حلو خشیشۃ الغافث بزر کشوث فوہ لک یسیر تخم کاسنی تخم کرفس ریوند چینی حب بلسان پوست ترنج عود بلسان قرنفل ہال عود ہندی ہر ایک ایک درم زرورد برابر سب ادویہ کے کوٹکر چھانکر ساتھ سہ چند شہد کے ملائین مقدار شربت ایک درم سے مثقال تک ۔

معجون سقراط ۔ کہ نسیان و مالیخولیا و صرع و جنون و صداع و وسواس و ضعف دماغ کو نافع ہی اور واسطے بہق و برص و اوجاع مفاصل دور د معدہ و جگر و داء الحیہ و داء الثعلب و داء الفیل و تقطیر البول و سرفۂ کہنہ و تپ ربع و حمیات بلغمی و عسر البول و بواسیر و یرقان سدی و طحال و گرانی گوش و زبان و جمیع امراض بلغمی و سوداوی کے مفید ہی خصوصاً بوڑھون کو نہایت سودمند ہی اور دافع ریح و اذیت سموم و مقوی دل و باہ و مفتت سنگ گردہ و مثانہ و مدر حیض و مخرج و مانع تولد حب القرع ہی اور رطیب کے دہان و عرق ہی اور دبابیل و زحیر کو نافع ہی حنطیانا قردمانا مشک تخم فرنجمشک حب الغار زراوند طویل ہر ایک مثقال انیسون جندبیدستر حب بلسان عود بلسان سلیخہ اسارون مصطگی ہر ایک ایک درم فرصافی وج زرنبا درونج عقربی تخم کرفس تخم جرجیر تخم بیانز تخم گندنا ہر ایک دو درم صبر سقوطری دس درم تربد موصوف بیس درم عود خام بارہ درم جوز بوا ریوند چینی قرنفل قاقلہ بسباسہ اشنہ سنبل زعفران اسنبل بریان زرنب شیطرج افلیخہ دارچینی ہر ایک تین درم ورق گلسرخ بادرنجبویہ لک مغسول ہر ایک پانچ درم سعد حب المحلب ہر ایک چار درم ہلیلہ سیاہ پوست بلیلہ آملہ ہر ایک چھ درم کوٹ کر چھان کر روغن بادام تلخ مین چرب کرکے ساتھ سہ چند عسل کے معجون بنائین اور شیشے کے باسن مین رکھین اور چھ مہینے درمیان جو کے رکھین مقدار شربت دو درم سے پانچ درم تک ۔

معجون فولادیہ ۔ ترکیب عجیب ہی بہت خواص رکھتی ہی فالج و لقوہ و رعشہ و نسیان کو دور کرتی ہی اور عرق النساء و درد مفاصل بلغمی و سب امراض باردہ کو زائل کرتی ہی اور باہ زیادہ کرتی ہی و سرعت انزال و سلس البول کو دفع کرتی ہی اور بوڑھون کے موافق ہوتی ہی زعفران فلفل دارفلفل شنجرف مغسول پانی لیمو مین

بسباسہ ہواکباب مصطگی انیسون ماہی سقنقور سنبل لب باسہ قرنفل دارچینی صندل زیرۂ کرمانی شونیز تخم خربزہ تخم کاسنی عاقرقرحا تخم خشخاش بہمن سرخ بہمن سفید ہلیلہ سیاہ کہربا مرجان مروارید ناسفتہ لسان العصافیر تخم کرفس مغز پنبہ دانہ تخم دھتورہ زہر دور کیا ہوا مایۂ شتر اعرابی جنطیانا زنجبیل مغز سر کنجشک مغز سر خروس کنجد مقشر کندر رومی بابونہ جوز بوا آملہ قاقلہ ہلیلہ شیطرج مانخواہ جوز ہندی ہلیون سلیخہ بھنگرہ ہر ایک دس مثقال اشترغار مغز چلغوزہ بہار گردگان حب الفیل ہندی ربہ بیاد خصیۃ الثعلب رازیانہ بلادر زہر نکالا ہوا کچلہ زہر نکالا ہوا بریان افتیمون زراوند طویل پیاز عنصل زراوند مدحرج شاہترہ ہر ایک پانچ مثقال ورق طلا ورق نقرہ ہر ایک پچاس عدد قند سفید ربع سب اجزا کا عسل موافق وزن سب اجزا کے فولاد مکلس ایک سو بارہ مثقال بدستور متعارف معجون بنائین اور بعد چھ مہینے کے استعمال کرین —

فائدہ — طریق تکلیس فولاد کا یہ ہر کہ فولاد جوہردار خالی خاک سے لیکر صلایہ کرین اور بحساب پچاس مثقال فولاد کے پچاس مثقال گندک زرد پاک صلایہ کیا ہوا اُسمین ملاکر گھریا مین رکھکر بھٹی مین رکھین اور آگ تیز کرین یہانتک کہ گندک بالکل جل جاے اور سر گھریا کا دوسری گھریا سے خوب بند کرین تو دھوان نہ نکلے بعد اُسکے گھریا کو نکال کر فولاد کو خوب صلایہ کرین اور پھر پچاس مثقال گندک زرد ڈالکہ اور ساتھ اُسکے صلایہ کرین اور پہلی طرح سے گھریا مین رکھکر آگ مین رکھین تو گندک بالکل جل جاے پھر گھریا کو نکال کر ساتھ پانی صبر و سرکۂ کہنہ کے ایک ہفتہ تک صلایہ کرین تو خوب صلایہ ہو جاے بعد اسکے سرکے سے دھوئین تو تلخی اُس سے نکل جاے پھر پانی سے دھوئین تو شیرین ہو جاے بعد اُسکے خشک کرکے ساتھ پانی مولی کے صلایہ کرین اسقدر کہ جب پانی مین ڈالین پانی کی تہ مین بیٹھ نہ جاے دو پہر تک اوپر پانی کے ٹھہرا رہے —

معجون مفرح — کہ مالیخولیا و توحش کو نافع اور دل کو قوت دیتی ہی اور نشاط لاتی ہی گل سرخ سعد قرنفل ہر ایک پانچ درم بسباسہ پوست ترنج قرفہ تخم فرنجمشک ہر ایک تین درم مشک ایک دانگ کوٹ کر چھان کر شربت سیب مین معجون بنائین —

معجون الفرح — یہ معجون مفرحات سے ہی اور بعض اطبا تریاقات سے شمار کرتے ہین منافع بہت رکھتی ہی قرنفل فوفل زنجبیل سنبل دارفلفل خیربوا قاقلہ کبابہ شیطرج ہندی لسان العصافیر درونج عقربی بادرنجبویہ اشنان الثور مصطگی خولنجان فرنجمشک مرداسنگ ناسفتہ صندل سفید زراوند مدحرج سلیخہ گل سرخ یاقوت رمانی بہمن سرخ بہمن سفید ہر ایک دو درم بسباسہ چھ درم پوست ترنج تین درم پوست ہلیلہ ایک درم عنبر اشہب زعفران ہر ایک آدھا درم مشک نصف درم کوٹ کر چھان کر شہد مین

بنائین مقدار شربت ایک درم سے دو مثقال تک

فائدہ۔ جاننا چاہئے کہ اصل و عمدہ مفرحات مین مبالغہ پیسنے جواہر اور باقی ادویہ مین کرین اور مقدار صلایہ جواہر کا یہ ہی کہ جواہر بعد پیسنے کے مانند غبار کے ہوجائین اور اگر انگلی سے رگڑین سختی معلوم نہو اور مقصود ایسے پیسنے سے یہ ہی کہ جواہر نفوذ کرین طرف دل کے بآسانی اور ارواح انسے پیدا ہون اور انجرہ خالی دور ہوجائین اور استعمال ادویہ مسہلہ سودا کا مفرحات مین بہتر نہین ہی اسلیے کہ ادویہ مسہلہ سودا کو حرکت مین لائینگی لیکن اُسکے نکالنے سے عاجز ہونگی پس ضرر ہوگا اور معلوم کرین کہ امراض قلبی مین مفرحات کے تمام اقسام ہم ذکر کرینگے انشاءاللہ تعالے اور یہان کئی ترکیبین کہ ساتھ دماغ کے تعلق رکھتی ہین لکھی جاتی ہین۔

مفرح حار۔ واسطے مالیخولیا و وحشت و خفقان و تقویت معدہ و اشتہاے طعام کے نافع ہی اور بالون کو سیاہ کرتی ہی اور رنگ رخسارون کو اچھا کرتی ہی بادرنجبویہ قشور اترج قرنفل قرفہ زعفران مصطگی جوزبوا قاقلہ کبابہ دار مشک سک بہمن سرخ بہمن سفید زرنباد تخم بادروج درونج تخم فرنجمشک بالسویہ ہر ایک سے دو جزو مشک و عنبر ہر ایک آدھا جزو ہلیلہ کابلی بیس عدد آملہ تیس عدد ہلیلہ و آملہ کو تین رطل پانی مین جوش کرین یہان تک کہ ایک رطل رہجاے بعد اُسکے صاف کرکے ایک رطل شہد ڈال کر جوش کرین تو پانی جل جاے اور شہد رہجاے بعد اُسکے اس شہد کو سہ چند وزن ادویہ کے لیکر ادویہ کو اُسمین ڈال کر معجون بنائین مقدار شربت ایک درم سے دو درم تک ہی اور یہ نسخہ نافع زیادہ ہی نوشدارو سے واسطے مرطوبین و مبرودین کے۔

مفرح بارد۔ واسطے سدر و دوار و منع کرنے بخار کے نہایت مجرب ہی گل سرخ دس مثقال زرشک بیدانہ قرنفل ہر ایک تین مثقال صندل سفید طباشیر گل ارمنی بادرنجبویہ پوست بیرون پستہ پوست ترنج ہر ایک دو مثقال کشنیز خشک تخم خرفہ گل گاؤزبان ہر ایک پانچ مثقال شربت سیب ایک سو مثقال مقدار شربت دو مثقال اور بیچ بعض مزاجون کے طلاے محلول و نقرۂ محلول و فادزہر معدنی ہر ایک ایک مثقال آملہ مقشر پانچ مثقال عنبر اشہب نصف مثقال اضافہ کیے جاتے ہین

مفرح بارد۔ تالیف جالینوس کی کہ اُسکو طولاماخس کہتے ہین یعنی خیار القلب واسطے سوداابخرون کے طرف دماغ کے اور واسطے سدر و دوار و صرع و شقیقہ و مالیخولیا و خفقان وحمی و تشنگی و نکایت سموم کے نافع ہی آملہ کو دودھ مین ایک ہفتہ تک بھگوئین پھر گلاب مین تین دن گل گاؤزبان تخم خرفہ ہر ایک بیس مثقال صندل سفید و سرخ ورد و پوست رازیانہ سنبل الطیب ہر ایک دس مثقال بہمن سفید دارچینی کشنیز خشک طباشیر

پوست نارنج و ترنج ابریشم مقرض کہربا ہر ایک پانچ
مثقال مرجان مروارید ہر ایک تین مثقال طلاے
محلول و نقرہ محلول یاقوت زمرد ہر ایک دو مثقال
ساتھ شربت سیب و شربت ریباس و شربت انارین
کے کہ ہر ایک برابر دواؤن کے ہون مفرح بناتے ہین
اور تحفۃ المومنین مین مذکور ہی کہ یہ دوا سرد ہی تیسرے
درجے مین اور خشک ہے پہلے درجہ
مین -

مفرح ابریشم - واسطے دفع اخلاط سوداوی و بلغم
لزج اور تفتیح سدے اور تنقیہ دماغ کے ابخرون
سے اور واسطے تقویت حواس و زیاتی سرور و
نشاط کے بالذات و بالعرض اور واسطے تحلیل
غلیظہ اور زیادتی ہضم کے نافع ہی اور یہ مفرح پہلے
درجے مین گرم اور یبوست مین معتدل ہی قوت
اسکی تین برس تک رہتی ہی مقدار شربت دو درم
ہی افتیمون سلیخہ اسطوخودوس حب بلسان اسارون
قرنفل ہر ایک چار مثقال زرنباد درونج مروارید
ناسفتہ کہربا مرجان بہمن سرخ بہمن سفید بسفائج
سنبل قاقلہ کبار قرفہ جندبیدستر ہر ایک تین
مثقال حریر محرق دو مثقال زنجبیل دارفلفل
مشک ہر ایک ایک درم ساتھ عسل کے
بنائین -

مفرح حار - کثیر المنافع واسطے جنون و وسواس
کے اور تفتیح سدون کے اور واسطے جمیع امراض
باردہ کے بغایت نافع ہی تیسرے درجے مین
گرم اور دوسرے درجے مین خشک اور قوت
اسکی دو برس تک باقی رہتی ہی مقدار شربت اسکا
ایک مثقال اُشنہ اظفار الطیب نارمشک فرنجمشک
ہر ایک ایک جزو قرفہ قرنفل سنبل الطیب دارچینی
ہر ایک نصف جزو مصطگی زعفران ہر ایک ربع
جزو عسل مصفی دوچند یا سہ چند -

مفرح بارد - واسطے تنقیہ ابخرہ و اصلاح امراض
حارہ و تعدیل مزاج جگر و گردہ کے نافع ہی اور تیسرے
درجے مین سرد و قوت اسکی دو برس تک رہتی
ہی مقدار شربت اسکا دو مثقال تک خشخاش سفید
کشنیز خشک مغز تخم خربزہ ہر ایک تین مثقال طباشیر
گلسرخ لسان الثور ہر ایک ایک مثقال و نصف
عصارہ زرشک مین مختوم ہر ایک ایک مثقال
ساتھ عسل کابلی کے بنائین -

مفرح زمردی بارد - واسطے امراض گرم کے اور
منع کرنے بخار سوداوی کے اور تعدیل مزاج جگر
و اعضاے رئیس اور واسطے نزلات حارہ کے
بغایت نافع ہی آملہ گلاب مین ترکیا ہوا خشخاش سفید
تخم خرفہ شیر خشک ہر ایک بیس مثقال مغز ہندوانہ
مغز تخم کدو مغز تخم خیار گل مختوم و اغثانی ابریشم بہمن
سرخ بہمن سفید پوست نارنج گل گاؤزبان فادزہر
معدنی خیار شنبر ہر ایک پانچ مثقال عصارۂ زرشک
تخم کاہو مقشر نشاستہ گل سرخ کشنیز نیلوفر
کبوذ زمرد ورق نقرہ ہر ایک دو مثقال مشک
کافور ہر ایک نصف مثقال عنبر اشہب ایک مثقال

ساتھ شیرۂ ترنجبین و شیرخشت و شربت سیب کے کہ چار سو مثقال ہون بنائین اور بیچ بعض مزاجون کے کہربا مرجان ہر ایک چار مثقال ورق طلا و عنبر ہر ایک دو مثقال اضافہ کیے جاتے ہین —

مفرح اعظم - معتدل ہی کیفیات اربعہ مین اور بہترین مفرحات ہی اور موافق و معتدل سب امزجہ کے ہی اور توڑنے والی تیزی خون کی اور منقی خون کی اور مقوی حواس و اعضاے رئیسہ و غیر رئیسہ اور مزیل مالیخولیا و وسواس و صرع و جنون و توحش و خفقان و ضعف دل و احشا و کسالت و بلادت اور مزید فہم و عقل اور محلل نفخ اور منشی و ہاضم اور مسہی اور دافع اقسام گرم اور جمیع اخلاط اور نہایت عجیب الفعل و جلیل القدر ہی اور مداومت اسکی حافظ صحت ہی اور اگر اسمین یاقوت کو اضافہ کرین وبا و طاعون سے بھی خلاصی دامن دیتی ہی شاہترہ بادرنجبویہ گل گاوزبان تنبول ہر ایک دس مثقال بہمن سرخ بہمن سفید ہر ایک پانچ مثقال لاجورد عنبر مغسول طباشیر گل مختوم زعفران درونج زرنب کبابہ زرنباد ہر ایک تین مثقال ہلیلہ کابلی ابریشم مقرض صندل سفید پوست بیرون پستہ دانہ ہیل ورق نقرہ یاقوت سرخ ہر ایک دو مثقال مرجان مروارید ناسفتہ کہربا ہر ایک ایک مثقال عود نصف مثقال شکر سفید ڈیڑہ سو مثقال آب بہی شیرین آب سیب شیرین گلاب پانی انار کھٹے میٹھے کا پانی ترنج و پانی زرشک و شربت ریباس کا ہر ایک تیئیس مثقال اور ترنج اگر نہو تو آب لیمو عوض اسکا ہی اور گل مختوم اگر نہو گل داغستانی بجاے اسکے ہو بلکہ اس سے بہتر ہی پہلے شکر کو ان پانیون مین قوام کرین بعد اسکے ادویہ کوٹکر چھانکر ملائین مقدار شربت ایک مثقال سے دو مثقال تک اور قوت اسکی چار برس تک باقی رہتی ہی

مفرح صغیر بارد - کہ ابخرون کو متصاعد ہونے سے اوپر دماغ کے باز رکھے اور خفقان گرم کو دور کرے اور دل و معدہ گرم کو سرد کرے اور قوت دے کشنیز خشک دو درم گلسرخ طباشیر ہر ایک ایک درم کافور قیصوری دو قیراط ادویہ کوٹ کر چھان کر ساتھ شربت سیب یا حماض کے بنائین مقدار شربت دو مثقال

مفرح صغیر معتدل - کہ بیچ تقویت دماغ و دل و معدے کے فائق ہی اور وسواس کو دفع کرے گاؤزبان لسد کشنیز خشک مروارید بہمن سفید پوست ترنج کہربا ابریشم سفید سوختہ تخم خرفہ جملہ برابر کافور نصف جزو کوٹکر چھان کر ساتھ عسل و ہلیلہ مربے کے بنائین مقدار شربت دو درم مزاج اسکا گرمی و سردی مین معتدل ہی اور دوسرے درجے مین خشک —

مفرح صغیر حار مسمی بہ مفرح رشیدی ولنشہ لاتی ہی فلفل لباسہ ہر ایک پانچ مثقال زعفران تین مثقال جزو اعظم دس مثقال قند سفید پچاس مثقال قند کو گلاب مین قوام کرین اور ادویہ کوٹ کر چھان کر اسمین ملائین —

مفرح یاقوتی - کہ مالیخولیا کو اصلاح کرے اور دماغ و دیگر اعضاے رئیسہ و معدے کو قوت دے اور نہایت

بیتہ

نافع ہی ہر چند خوبی اسکی زیادہ حد سے ہی لیکن تھوڑی بیان کی گئی مروارید ناسفتہ طباشیر گل سُرخ ہر ایک چھ درم صندل سرخ گل مختوم بادرنجبویہ بہمن سفید ہر ایک دو درم ورق طلا عقیق حجر الیشب سادج ہندی زرنباد درونج مشک ہر ایک ڈیڑھ درم حجر لاجورد لعل کہربا نیلوفر زرشک کشنیز تخم گل عود پوست ترنج گاؤزبان بہمن سرخ زراوند تخم کاسنی ابریشم سوختہ کافور عنبر اشہب ہر ایک تین درم شیرہ آملہ پوست ہلیلہ شربت بہی ہر ایک اٹھارہ درم گلاب شکر طبرزد شربت سیب آب انار شیرین ہر ایک چھتیس ۳۶ درم ہلیلہ کو جوش کرکے پانی اُسکا لیوین اور پانیون اور شربتون و شکر کو قوام کرین پھر ادویہ کو باریک پیسکر اسمین ملائین مقدار شربت ایک مثقال سے دو مثقال تک۔

مفرح منشط۔ کہ بیچ تنشیط دماغ و تفریح دل و تقویت معدے کے اور تہیج باہ کے نظیر نہین رکھتی ہی اور مجرب ہی اور نشہ اچھا لاتی ہی و مسمّی بطرب المجالس ہی ورق طلا ورق نقرہ یاقوت رمانی لعل مروارید ناسفتہ بسد کہربا ہر ایک دو مثقال بہمن سرخ بہمن سفید درونج عقربی بادرنجبویہ گاؤزبان گل سُرخ صندل سفید صندل سُرخ طباشیر کبابہ قرنفل زرنب دارچینی ورق ریحان تودری سفید تودری سیاہ مرزنجوش سنبر سادج گل بستان افروز عود خام سعد کوفی سنبل الطیب زعفران مصطگی دانہ مورد ہر ایک پانچ مثقال تمام خصیۃ الثعلب خشخاش سفید زہرہ ہر ایک دس مثقال گل ارمنی عنبر اشہب ہر ایک تین مثقال مشک تبتی ایک مثقال جزو اعظم نصف کل اجزا کا شربت فواکہ نصف سب ادویہ کا عسل صاف سہ چند ادویہ کا بطریق معروف معجون بنائین۔

فائدہ۔ جاننا چاہیے کہ مراد جزو اعظم سے قنب ہی اگر اسکا روغن نکالین بطریق معمول کے اور اس روغن کو معجون مین داخل کرین معجون قلیل البشاعت و کثیر اللطائف ہوتی ہی اور یہ ترکیب مخترعات متاخرین سے ہی۔

مربی ہلیلہ۔ کہ نسیان کو زائل کرے اور جوانی کو قائم رکھے اور سدہ بلغمی کھولے اور حواس کو قوت دے اور باصرہ کو تیز کرے اور معدہ و ہاضمہ و جگر کو قوی کرے و طبع کو نرم کرے اور بواسیر ریحی کو فائدہ کرے اور اطبا نے کہا ہی کہ مربی ہلیلہ کابلی کو اگر ایک سال ایک عدد ہر دن کھائین بال سفید نہون گے بشرطیکہ درمیان تناول کے حموضات و جماع سے پرہیز کرین اور یہ مربا مرہ سودا کو کہ احتراق بلغم سے ہوا ہو نافع ہی خصوصا کہ ساتھ افادیہ کے استعمال کرین۔

فائدہ۔ ہلیلہ سبز و تر سے اگر مربا بنائین زیادہ نفع کرتا ہی بہ نسبت اُس مربے کے کہ ہلیلہ خشک سے بنایا جاوے اور فرق درمیان مربے ہلیلہ تر کے اور خشک کے یہ ہی کہ گٹھلی ہلیلہ مربے کی توڑین اگر اندر گٹھلی کے لزوجت سیاہ ظاہر ہو معلوم کرین کہ تر بنایا ہی ورنہ خشک کا ہی اور اگر نزدیک چبلانے کے بالکل منحل ہوجائے اور ثفل اس سے نہ نکلے یا نہایت تھوڑا ہو تر سے بنایا ہی اور اگر ثفل بہت نکلے خشک سے بنایا ہی اور مربی تر کا خوش مزہ اور بدون کسیلے پن کے ہوتا ہی اور مربے ہلیلہ کا ہر چند پرانا ہو بہتر ہی جبتک کہ عفونت اسمین پیدا نہوئی ہو اور واسطے تنقیہ معدہ کے

فضول سے اور عصر رطوبات کے جو غذا سے متقدم ا
سے باقی رہتی ہین کوئی چیز دوسرے مربے ہلیلہ کو نہین
پہونچتی ہی اسلیے کہ جوچیز منقی آدمی کی ہی بخلاف ہلیلہ مربے
کے کہ منقی و مقوی ہی لہذا بعد تنقیہ کے معدے کو قبول
کرانے مواد سے بھی باز رکھتا ہی اور جو مربے بیچ ہندوستان
کے بنایا جاتا ہی بہتر ہوتا ہی اُس مربے سے جو ولایت مین
بنایا جاتا ہی کذا فی الذخیرہ ـ اور پوشیدہ نہ رہی کہ جس
چیز کو پرورده کرتے ہین وہ منافع کہ قبل از پرورده
کرنے کے اُس چیز مین ہوتے ہین بعد پرورده کرنے
کے بھی باقی رہتے ہین لیکن ساتھ ضعف کے اور بعض مضرتین
کہ اس چیز مین ہوتی ہین بعد پرورده کرنے کے دور
ہو جاتی ہین اسی سبب سے مداومت ہلیلہ مربی کی جائز
ہی بخلاف ہلیلہ غیر مربی کے کہ ہمیشہ کھانا اُسکا منع کیا گیا
ہی اور اسی طرح ابتداے حمیات مین استعمال ہلیلہ کا منع
کیا ہی بخلاف اُسکے مربے کے اور بدستور استعمال ہلیلہ کا بدن
تر مین سکے مستحسن نہین ہی بخلاف مربے کے کہ اُسمین یبوست
بہت باقی نہین رہتی ہی کہ محتاج تر مین کی ہو خصوصاً
حمیات مین اور طریق بنانے مربے کا مشہور ہی اور مختلف
ہی بہتر طریق اہل ولایت کا یہ ہی کہ سو ہلیلہ بڑے تر ہون
یا خشک سبز باسن مین رکھین اور پانی اُسپر اسقدر
ڈالین کہ اُنکو چھپاے اور راکھ درخت انگور کی پچاس درم
اُسپر چھڑکین اور دس دن رہنے دین اور ہر تین دن
مین پانی اور راکھ بدلتے رہین اور تازہ ڈالین بعد اُسکے
ہلیلون کو نکالکر آہستہ آہستہ دھوئین تو پوست جدا نہو
بعد اُسکے دیگ مین رکھین اور اُسقدر پانی کہ اُنکو چھپاے

ڈالین اور ایک کف جو متقشر نمکوفتہ بھی ملائین اور پکائین
کہ جو تک جائین بعد اسکے نکال کر دوسری مرتبہ دھوئین
اور کپڑے سے نشف کرین اس طرح کہ پوست باقی
رہے جدا نہ ہووے بعد اسکے ہر ایک ہلیلہ ہلیلہ
کو مختلف جگہ مین کونچین پھر سبز باسن مین رکھکر
شہد صاف اُسپر ڈالین اسقدر کہ اُسکو چھپاے اور بیس
دن رہنے دین اور ہر ہفتے مین شہد بدلتے رہین اور
جب مزہ مین کچھ جوش ہلکے دینا چاہتے کہ ہلیلہ مین کچھ
مائیت باقی نہ رہے بعد اسکے پونچھکر شہد خوب صاف
ڈالین اُسقدر کہ چھپاے اور سبز باسن مین رکھین اور
بعد چالیس دن کے کام مین لائین اور اگر چاہین کہ مربا
افاویہ دار بنائین دارچینی زنجبیل قرنفل ہیل جوزبوا
عود مصطگی مشک کوٹ کر چھان کر اضافہ کرین اور
سو ہلیلہ مین ادویہ مسطور سے ہر ایک ایک اوقیہ و
مشک نصف درم کافی ہی اور اگر بجاے شہد کے
قند کا قوام کرین قلیل الحرارت ہو اور حمیات مین مناسب
زیادہ ہو اور اہل ہند ہلیلہ کو بعد نرم ہونے کے چونے
کے پانی مین جوش کرتے ہین واسطے مضبوطی اجزاے
ہلیلہ کے بعد اُسکے طبخ کرتے ہین جیسا کہ
مشہور ہی ـ

مربے آملہ ـ منافع اُسکا مانند منافع مربے ہلیلہ
کے ہی اور زیادہ کرنے حفظ مین نافع تر ہی اور طریق
اسکے بنانے کا وہی ہی کہ ہلیلہ مین مذکور ہوا سواے
اسکے کہ مربے آملہ کا سواے تر آملہ کے خشک آملہ سے
نہین بنا سکتے ہین ـ اور جاننا چاہیے کہ مربے آملہ مین

طبع ہی اگر واسطے اسہال کے دینا چاہین ساتھ طباشیر کے محرور المزاج کو دین اور مربے آملہ ساتھ ورق زر کے تقویت دماغ و دل مین اثر بہت رکھتا ہی اور آملہ جسقدر بڑا ہو نافع تر ہی اور مربے آملہ واسطے قطع نزف الدم کے سودمند ہی۔

مربے نارجیل۔ کہ فالج کو فائدہ کرے اور باہ کو تقویت دے مغز نارجیل کو متقشر کر کے آب خالص مین تین دن بھگوئین بعد اسکے شہد و پانی مین کہ نصفا نصف ہو جوش کرین یہان تک کہ پانی بالکل جاتا رہی پس ان اکیا مین شہد جوش کرین اور افادیہ معروف ڈالین

مربے فج۔ کہ فالج ولقوہ وصرع کو نافع ہی اور مزید حفظ اور واسطے درد معدے و قولنج ریحی و صلابت طحال و تحیش امعا کے مفید و مسہل صفرا اور بلغم ہی وج ترکی فربہ کرم ناخوردہ کو تین رات دن پانی مین بھگوئین یا ریت مین دفن کر کے اُسپر پانی چھڑکین کئی دن تو نرم ہو جاے بعد نرم ہونے کے جس طرح سے کہ نرم ہو شہد و پانی مین جوش کرین تو نیم پخت ہو بعد اُسکے نکال کر شہد صاف اکیلا ڈال کر جوش کرین و بعد چالیس دن کے استعمال کرین۔

مربے سیر۔ کہ فالج ولقوہ اور سب سرد بیماریون کو فائدہ کرے اور معدے سے رطوبت کم کرے اور طعام کو ہضم کرے لہسن بڑا ایکر دانے اُسکے متقشر کرین اور تازے دودھ مین ایک رات دن بھگوئین بعد اُسکے نکال کر شہد مین جوش کرین یہان تک کہ نرم ہو جاے اور شیرینی لہسن مین آجاے بعد اسکے فاقلہ

خیربوا زنجبیل دارچینی ہر ایک ایک درم قرنفل دار فلفل جوزبوا زعفران ہر ایک آدھا درم کوٹ کر چھانکر ڈال کر ملادین تو برابر ملجاے اور ادویہ مذکورہ ان اوزان کی تین من لہسن مین ڈالنا چاہیے

ماء الاصول۔ کہ لقوے وصرع و سب امراض بلغم اور سوداوی کو نفع کرتا ہی اور سنگ گردہ و مثانے کو نکالتا ہی اور سدۂ جگر کا کھولتا ہی اور استسقا و اوجاع مفاصل کو نفع کرتا ہی پوست بیخ کرفس پوست بیخ رازیانہ ہر ایک دس درم پوست بیخ کبر پانچ درم تخم کرفس انیسون تخم رازیانہ بیخ اذخر ہر ایک چار درم اسارون حب بلسان ہر ایک دو درم حشیشا ناسلیخہ ہر ایک اڑھائی درم عود بلسان بوزیدان ہزار اسپند ہر ایک تین درم مویز منقی بیس درم سب کو بیچ دومن پانی کے پکائین کہ ایک من رہ جاے اور ملکر صاف کرین مقدار شربت بیس مثقال ساتھ دو مثقال روغن بیدانجیر و پانچ درم روغن بادام تلخ کے۔

مطبوخ۔ کہ اخلاط حادہ دماغی و غیر دماغی کو نضج دے پوست بیخ کاسنی نیمکوفتہ بیس درم تخم کاسنی نیمکوفتہ پانچ درم تخم کشوث چھ درم عناب بیس عدد سپستان سولہ درم چار رطل پانی مین پکائین تو چوتھائی حصہ رہ جاے پس صاف کر کے تین دن پئین ساتھ دو درم سے بیس درم تک سکنجبین کے کہ برف مین سرد کیا ہو۔

مطبوخ۔ کہ نسیان و فالج ولقوے کو فائدہ کرے اور استرخاے مفاصل کو نافع ہووے مویز منقی سات درم تخم خطمی مقشر تین درم فادانیا وج فنطوریون

باریک افسنتین اذخر سنبل قرنفل اسطوخودوس ہر ایک
ایک درم عود قاقلی آدھا درم ادویہ کو جوش کرکے دو
اوقیہ شکر ملا کر صاف کرین اور اگر دقت وسختہ وس متحمل
ہون ساتھ سکنجبین عنصلی اور دردمرے عسلی کے
کھلائین ـ

مطبوخ افتیمون ـ کہ مالیخولیا اور جمیع امراض سوداوی
وصفراوی سوختہ وبلغم وسودا کو دفع کرے سنا مکی سات
درم گلسرخ چار درم افتیمون کیسہ مین رکھا ہوا پوست
ہلیلہ زرد ہلیلہ سیاہ ہر ایک پانچ درم بسفائج فستقی
اصل السوس رازیانہ ہر ایک دو درم اسطوخودوس
پرسیاوشان شاہترہ گاوزبان بادرنجبویہ بنفشہ نیلوفر
ہر ایک تین درم مویز منقی سپستان ہر ایک تیس دانے
تین رطل پانی مین جوش کرین تو آدھا رہجاے پس
صاف کرکے گلقند آفتابی دس درم مغز خیارشنبر روغن
بادام سے چرب کیا ہوا ترنجبین ہر ایک پندرہ درم اسمین
حل کرکے پیئین اور یہ ایک مقدار شربت ہی واسطے مرد
قوی المزاج اور اوساط کے لیئے دو مقدار شربت ہی ـ

(ک اوساط یعنی نہ زیادہ ہون نہ بہت ضعیف ۱۲)

مطبوخ خیارشنبر ـ کہ اخلاط محترقہ دماغی و بدنی کو
نکالے اور صفرا کو دفع کرے پوست ہلیلہ زرد تمر ہندی
ہر ایک پندرہ درم مویز دانہ نکالا گیا بیس درم عناب
آلو ہر ایک بیس عدد گلسرخ پانچ درم بنفشہ تین درم
اور اگر ضعف معدہ ہو بنفشہ نہ ڈالین بجاے اسکے تھوڑا
نعناع ڈالین سب اجزا کو ڈیڑھ من پانی مین پکائین
یہانتک کہ آدھا من رہجاے پس ملکر صاف کرین اور
بیس درم فلوس خیارشنبر ہیچ مقدار سو درم کے اس مطبوخ
سے حل کرکے پلائین اور اگر روغن بادام شیرین دو
مثقال اضافہ کرین بہتر ہو اور مقدار اوزان ادویہ مین
موافق ہر شخص کے مختار ہین ـ

مطبوخ اسطوخودوس ـ واسطے اخلاط سوداوی
ومحترقہ وجنون ووسواس ومالیخولیا وکدورت فکر کے
نافع اور واسطے صلابات وعرق النسا ومفاصل کے
اور صاف کرنے خون کے مفید ہی بسفائج مغز بادام قرطم
ہر ایک پانچ درم عناب دس دانہ سپستان تیس دانے
اسطوخودوس گل بابونہ قنطوریون دقیق افتیمون ہر ایک
تین درم سورنجان سفید شیرین دو درم موافق رسم کے
جوش کرین اور دین اور اگر ریاح غلیظہ بھی ہون یا ضعف
مجاری بول مین ہو گلقند سات درم اضافہ کرین
اور گھٹانے اور بڑھانے اوزان مین موافق حاجت
کے مختار ہین ـ

مطبوخ بسفائج ـ واسطے صرع اور امراض سوداوی
کے بیعدیل ہی اور واسطے درد معدہ وریاح بواسیر کے
نافع بسفائج ہر دن قدرسہ مثقال سے پانچ مثقال تک
پانی مین بھگو کر جوش کرین اور صاف کرین اور فلوس
خیارشنبر سات مثقال وروغن بادام شیرین ایک مثقال
داخل کرکے بعد صاف کرنے کے دین اور اگر عوض
خیارشنبر کے ترنجبین یا شیرخشت کفایت کرے بہتر ہی

مطبوخ ـ کہ طبع کو نرم و صاحب نزلہ کو فائدہ کرے بنفشہ
خشک پانچ درم اصل السوس محکوک دس درم ایک رطل
پانی مین بھگو کر نرم آگ پر پکائین کہ آدھا رہجائے اور ترنجبین
بیس درم اسمین حل کرکے صاف کرین اور یہ ایک مقدار شربت ہی

مطبوخ افیتمون - کہ سودا مختلط الصفرا کو نکالے پوست ہلیلہ کابلی پوست ہلیلہ زرد ہلیلہ سیاہ ہر ایک دس درم بسفائج افیتمون ہر ایک تین درم اسطوخودوس سات درم بیخ کرفس بیخ رازیانہ ہر ایک پانچ درم زبیب پندرہ دانہ آلو تیس دانہ سوائے افیتمون کے جملہ ادویہ پانی مین کہ بقدر مناسب ہو جوش کرین جب تیسرا حصہ رہے افیتمون ڈالین اور جوش کر کے اُتار لیوین پھر صاف کر کے نصف رطل اس سے لیکر فانیذ وایارج ہر ایک ایک درم تربد سفید آدھا مثقال سقمونیا مشوی دو حبہ اضافہ کر کے پیئن

مطبوخ افیتمون - کہ مالیخولیا کو جو سودائے مختلط نہ بلغم سے ہو نفع کرے۔ افیتمون پوست ہلیلہ کابلی اسطوخودوس مویز منقی ہر ایک دس درم بسفائج پانچ درم تربد سفید چار درم سنا مکی سات درم بموجب رسم کے پکا کر صاف کر کے پیئن

مطبوخ ہلیلہ زرد - امراض صفراوی دماغی وبدنی کو بسبب نکالنے صفرا کے دور کرے اور امراض دموی کو بھی نافع ہے اور واسطے بیماریون آنکھ کے اور جرب کے مفید پوست ہلیلہ زرد دس درم تمر ہندی بیس درم آلو تیس عدد سپستان بنفشہ تخم کشوث تخم کاسنی ہر ایک ایک کف برگ عنب الثعلب ایک گڈی موافق رسم کے پکا کر صاف کرین بعد اسکے فلوس خیار شنبر پچیس درم شیر خشت بیس درم اُسمین ملا کر مکرر صاف کرین اور پیئن

مطبوخ ہلیلہ دیگر - کہ موافق منفعت پہلے کے ہے اور امراض دموی مین اور جرب مین پہلے سے قوی زیادہ ہے پوست ہلیلہ زرد دس درم آلو بیس عدد تمر ہندی تنقیہ شاہترہ سات درم سپستان پچاس عدد موافق معمول کے پکائین اور شیر خشت تیس درم اُسمین حل کر کے صاف کرین اور پیئن۔

مطبوخ - کہ صفرائے محترقہ کو خارج کرے دماغ اور بدن سے پوست ہلیلہ زرد چھ درم ہلیلہ سیاہ دس درم مویز منقی شاہترہ ہر ایک پانچ درم تربد سفید چار درم فلوس خیار شنبر سات درم موافق رسم کے پکا کر صاف کرین اور فلوس خیار شنبر حل کر کے مکرر صاف کر کے پیئن۔

مطبوخ - کہ اسہال صفرا و بلغم کا کرے اور دماغ اور تمام بدن کو پاک کرے مویز منقی پندرہ درم آلو تیس عدد عناب دس دانہ شاہترہ پانچ درم انیسون مصطگی ہر ایک ایک مثقال تربد موصوف تین درم بموجب معمول کے پکا کر نیم رطل اُس سے لیوین۔ اور تمر ہندی بیس درم گٹھلی و پوست وغیرہ سے پاک کر کے اسمین حل کرین اور چھانین اور تربد موصوف پسا ہوا ایک درم سرد کر کے پیئن۔

مطبوخ شاہترہ - واسطے نکلنے مواد مختلفہ کے اور تنقیہ سر و بدن کے اخلاط محترقہ وغیر محترقہ سے اور دور کرنے جرب کے نافع ہے ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ پوست ہلیلہ کابلی پوست ہلیلہ زرد آملہ منقی ہر ایک پانچ درم شاہترہ بنفشہ ہر ایک سات درم سنا مکی چار درم نیلوفر مامیران چینی ہر ایک ایک درم گاؤزبان افیتمون گلسرخ ہر ایک تین درم بادیان تخم کرفس تخم کاسنی بسفائج اسطوخودوس نعناع ہر ایک دو درم عناب آلو ہر ایک بیس عدد کاسنی سبز ایک دستہ موافق معمول کے پکا کر صاف کرین اور ترنجبین صافی تیس درم فلوس خیار شنبر و تمر ہندی ہر ایک پندرہ درم

اسمین حل کرکے مکرر صاف کرین اور پیئن واسطے مرد قوی کے یہ ایک مقدار شربت ہی۔

فائدہ — مطبوخ یعنی جوشاندہ قوی تر اور لطیف تر نقوع یعنی خیساندے سے ہی اور واسطے تنفیذ قوت دوا کے مجاری ضیقہ وبعیدہ مین نافع تر ہی اور استعمال اُس کا مزاج غیر حار مین اولیٰ تر ہی اور احسن یہ ہی کہ اُسکے اجزا کو پہلے تین چار پہر تر کرین بعد اُسکے جوش کرین نرم آگ پر اور جو اجزا سخت ہُون مانند جڑون و تخمون کے کوٹکر بھگوئین اور پہلے اُنکو جوش دین جب نیم پخت ہون پھولون اور پتیون کو ڈالین تو پھول اور پتے کثرت طبخ سے محفوظ رہکر قوت اُنکی تحلیل نہوجاے اور افتیمون اگر مطبوخ مین ہو تو اسکو کپڑے مین باندہ کر وقت اُتارنے دیگچے کے ڈالین اور دو تین جوش دیکر اُتارلین اور فلوس خیار شنبر و ترنجبین و شیرخشت بعد صاف کرنے مطبوخ کے داخل کرین اور جوش نکرین کہ جوش کرنے سے عمل اُنکا کم ہوجاتا ہی لیکن گلقند کو اگر جوش کرین عمل اُسکا قوی ہوتا ہی کذا قال الشیخ اور مقدار مطبوخ کا پینے مین زیادہ ایک رطل سے نچاہئے کذا فی شفاء الاسقام۔

ماء الجبن — آب پنیر کو کہتے ہین یعنی دودھ جب منجمد و بستہ ہوجاے اور رطوبت اُس سے جدا ہو اُس رطوبت کو ماء الجبن و آب پنیر کہتے ہین وجبن بہ تشدید نون و ضم حرفین ماقبل افصح ہی اگرچہ بسکون با و موحدہ و تخفیف نون بھی لغت مین آیا ہی جاننا چاہئے کہ جوہر دودہ کا تین جزو سے مرکب ہی دہنیت و جبنیت و مائیت اور ہر ایک کے لیے مزاج علحدہ ہی جیسا کہ قرشی نے شرح قانون مین تصریح کی ہی کہ دہنیت دودھ کی طرف تھوڑی گرمی کے میل رکھتی ہی اسوجہ سے کہ تولد اُسکا اجزاے لطیفہ ارضیہ اور اجزاے کثیرہ مائیہ اور اجزاے ہوائیہ سے ہی اور جبنیت اُسکی سرد و غلیظ ہی اسوجہ سے کہ پیدائش اُسکی اجزاے غلیظہ ارضیہ اور اجزاے کثیفہ قلیلہ مائیہ سے ہی لیکن مائیت اُسکی گرم ہی بسبب اختلاط اجزاے ناریہ دودھ کے اُسمین اور اُسپر عمل اُسکا دلیل ہی کہ اخلاط غلیظہ کو لطیف کرتا ہی اور احشا کا تنقیہ کرتا ہی اور اعضا کو غسل و جلا دیتا ہی اور قروح کا تصفیہ او ساخ سے کرتا ہی اور بھی اسہال فضول محترقہ و عفنہ وغیرہ کا کرتا ہی شرباً و حقناً لیکن اسوجہ سے کہ اجزاے ناریہ اور مائیت کے ساتھ ہین لذع و سوزش اُنکی ظاہر نہین ہوتی ہی بلکہ مائیت بسبب ملنے دہنیت کے لذع کو ساکن کرتی ہی اور اصلاح اخلاط محترقہ کی کرتی ہی اور نشانی ہونے دہنیت کی ماء الجبن مین محسوس ہونا دسومت کا ہی اور ہر چند دہنیت زیادہ ہو دسومت افزون ہوتی ہی بالجملہ گرمی ماء الجبن مین قریب باعتدال ہی لیکن رطوبت اسمین بہت ہی لہذا مقصود بالذات اسکے استعمال سے ترطیب ہی اگرچہ اور منافع بھی اُسمین ہین مگر وہ منافع بالعرض ہین جیسا بیان مین منافع کے مفصل معلوم ہوگا اور سبب لوازم اسکے اس بحث مین درمیان چھ جرعہ کے ہم ذکر کرتے ہین۔

جرعۂ اول بنانے مین ماء الجبن کے اور وہ تین طرح پر ہی ایک وہ کہ سکنجبین سے بنائین اس طرح سے کہ

دودھ تازہ باسن سنگی یا سفالی یا مسی قلعی دار مین جوش کرین پس اگر مثلاً دودھ دو رطل ہو سکنجبین صادق الحموضت تہائی رطل اسپر گرائین اور اگر سکنجبین بہت ترش نہ ہو تھوڑا سرکۂ انگوری یا آب غورہ یا آب لیمو اضافہ کرین تو دودھ جلد پھٹ جائے اور بعض متاخرین نے پندرہ مثقال سکنجبین اور ایک مثقال سرکہ دو رطل دودھ کے لئے کافی جانا ہے اور شفاء الاسقام مین لکھا ہے کہ دودھ کو جوش کرین نرم آگ پر اور لکڑی سے ہلاتے رہین تو جوش مار کر سر دیگ تک آئے پس اتار کر تین درم سرکہ تیز و تند یا آب لیمون ڈالین کہ پھٹ جائے اور درمیان طبخ کے حرکت دینا دودھ کو لازم جانین تو محترق نہو جائے اور آلات واسطے تحریک کے لکڑی تر انجیر کی ہے خصوصاً پوست دور کی ہوئی اور سر اسکا کوٹا ہوا مانند مسواک کے تو تیوعیت و لینیت کہ لکڑی مین انجیر کے ہے نکلکر ماء الجبن مین ملجائے اور اور اسہال کے مدد دے اور اگر لکڑی انجیر کی میسر آئے خرما کی لکڑی سے تحریک کرین اور جس وقت غرض ماء الجبن سے ترطیب بدن کی ہو اور تلیین طبیعت کی نہو عوض لکڑی انجیر کے چوب بید واسطے تحریک کے اختیار کرین اور بھی وقت طبخ کے سر دیگ کو ساتھ ابر مردہ یا بھیگے کپڑے کے مسح کرتے رہین یا پونچھتے رہین تو احتراق کو منع کرے بالجملہ جب دودھ پھٹ جائے دیگ کو اتارین پس اگر مقصود یہ ہو کہ اجزائے دہنیۂ ماء الجبن مین زیادہ رہین جب قریب سرد ہونے کے پہونچے یعنی ابھی گرمی تھوڑی اسمین باقی ہو صاف کرین سفت کپڑے مین اور واجب ہے کہ دودھ کپڑے مین رکھکر لٹکا دین تو پانی قطرہ قطرہ ہو کر ٹپک جائے اور کچھ پنیر سے ساتھ پانی کے ملکر نہ آئے اور اگر یہ مطلوب ہو کہ دہنیت ماء الجبن مین کم آئے دودھ کو خوب سرد ہونے دین تو اجزائے دہنیہ مین بھی جمود و بستگی آجائے اور بنزدیک تصفیہ کے ہمراہ آب کے کم نکلین لہذا بعض طبیب اس امر پر ہین کہ دودھ کو بعد پھٹنے کے تمام رات رکھا رہنے دین اور اگر ہوا گرم ہو باسن دودھ کا پانی مین رکھین بہرحال جب پانی صاف حاصل ہو جسطور سے کہ ہو اگر پانی مذکور ایک رطل ہو نمک اندرانی ایک مثقال ملا کر پھر جوش کرین اور جب تک کف نکلے کف کو نکالتے رہین پس بطریق معلوم مین اکیلا یا ساتھ جس چیز کے کہ مناسب غرض کے ہو اور بعض طبیب بدون ملانے نمک کے وہی پانی صاف دیتے ہین اور یہ قسم ماء الجبن یعنی سکنجبینی واسطے نکالنے اخلاط محترقہ کے اور واسطے تبرید بدن کے اور تفتیح سدہ و کبد و طحال کے اور دفع کرنے یرقان و قروح و جرب و شری و کلف کے و جلائے تاریکی بصر کے اور جمیع امراض سوداوی کے مناسب ہے اور پہلا وہ شخص جسنے کہا ہے کہ دودھ کو بعد پارہ ہونے کے تمام رات رکھکر صبح کو صاف کرکے اور اس طور سے کہ گذرا ہے کام مین لائین امام رازی نے فاخر مین کہ اسکے مصنفات سے ہے کہا ہے اور صاحب شرح اسباب نے بھی شرح اسباب مین ایسا ہی نقل کیا ہے دو مرے وہ کہ انفحہ سے بنائین اور انفحہ

بجائے معجمہ ہی اور بجائے مہملہ بھی آیا ہی فارسی مین اسکو
پنیر مایہ کہتے ہین اور طریق بنانے ماء الجبن کا پنیر مایہ سے
بطور صاحب کامل کے یون ہی کہ دودھ کو جوش کرین
اور اگر دو رطل ہو پنیر مایہ آدھا درم اسمین حل کرین
اور چاہیئے کہ پنیر مایہ کہنہ ہو اور بعد حل کرنے کے دودھ
کو حرکت دین اور آگ سے اُتار لیوین اور رہنے
دین کہ سرد ہو بعد اسکے کپڑے مین رکھکر لٹکا دین کہ
تقاطر کرے چینی کے باسن وغیرہ مین اور بدون
دوبارہ جوش کرنے کے اور نمک ملانے کے نشرب
کرین اور یہ ماء الجبن تبرید و ترطیب مین ابلغ ہی بسبب
نکلنے اُسکے کے ساتھ نمک کے خصوصاً اگر ساتھ اشربۂ موافق
کے دین ابتدا مین طبیع کو نرم کرتا ہی اور بعد گذرنے بہت
دنون کے اور مالوف ہوجانے کے ساتھ بدن کے بالکل
غذا ہوجاتا ہی اور اسہال نہین کرتا ہی اور فربہی لاتا ہی خصوصاً
اُن لوگون کو کہ خون فاسد رکھتے ہین اور دلیل فساد
خون کی یہ ہی کہ باوجود کثرت غذا کے بدن فربہ
نہو اور ثابت ابن قرہ نے کہا ہی کہ دو رطل دودھ
لیکر انفحہ تازہ جدی کا اُسمین حل کرین اور رہنے دین
تو دودھ بستہ ہو پس اسکو طولاً و عرضاً چھری سے
کاٹ کر نمک ابیض دو دانگ باریک پیسکر اُسپر
چھڑکین تو پانی اُس سے جدا ہو بعد اسکے کپڑے
مین رکھکر صاف کرین اور پانی صاف اُسکا لیکر تین
اوقیہ سکنجبین ملائین پھر آگ پر رکھین تو قریب جوش
مین آنے کے پہونچے اور حرکت دیتے رہین بعد اسکے
لیکر صاف کرین اور ساتھ جس چیز کے کہ مناسب
ہو دین کذا قال العلامۃ النفیسی اور امین الدولہ ابن تلمیذ نے
کہا ہی کہ ہر دن پانچ رطل دودھ تازہ لیکر گرم کرین
اور ایک درم انفحہ اُسمین حل کرکے رہنے دین
کہ بستہ ہو بعد اُسکے کارد سے مخطط کرین طول و
عرض مین اور دو درم نمک اندرانی باریک کرکے
اُسپر چھڑکین جو گھل جاوے کپڑے مین لٹکا دین تو
پانی صاف نکل آوے پھر اُس پانی کو کتان یا زنبیل
برگ خرما مین رکھکر صاف کرین اور ڈیڑھ رطل
اس سے لیکر ایک اوقیہ سکنجبین اُسمین ملاکر پکائین
نرم آگ پر اور کف نکالتے جائین تو اور بالکل ثبات
سے جدا ہوجاوے بعد اُسکے صاف کرکے پیئین
بطریق معلوم۔

فائدہ۔ اور بضم لام و سکون واو و راے مہملہ موقوف
عبارت ہی اُس جسم سے کہ اجزاے دسمہ اور اجزاے
لطیفہ جبنیہ سے مرکب ہو اور جب ماء الجبن کو جوش
دیتے ہین اجزاے مذکورہ بسبب غلیان کے ماء الجبن
سے جدا ہوتے ہین اور طافی اور بلند ہوتے ہین تیسرے
وہ کہ مغز تخم قرطم سے بناتے ہین اس طرح سے کہ دو
اوقیہ مغز قرطم کو خوب کوٹین اور دو رطل
دودھ جوش کیے ہوے مین ڈالین اور انجیر
کی لکڑی سے یا اطراف شاخ خرما سے ہلاتے رہین
تو دودھ بالکل پھٹ جائے پس اُتار کر رہنے دین
کہ سرد ہوجاوے بعد اسکے سفت کپڑے مین رکھ کر
ٹپکائین اور پانی کہ ٹپکے چینی کے باسن مین لین بعد
اُسکے صاف کرکے ساتھ دو درم نمک ہندی کے

جوش کرین اور کف نکالتے رہین اور ساتھ سفوف مناسبہ کے استعمال آور جو ماء الجبن کہ الفحہ سے یا قرطم سے بنایا جاتا ہی حقنے مین کام آتا ہی اور جس جگہ کہ سکنجبین نہین دے سکتے ہین وہان دینا چاہئے اور اگر دفع کرنا فضول بلغمی و استسقا و سدد کا مقصود ہو ماء الجبن کو الفحہ نمکین سے یا مغز قرطم سے بناکر ساتھ سکنجبین کے دین اور اس صورت مین اولے یہ ہی کہ قرطم بری ہو۔

جرعہ دوسرا۔ پینے مین ماء الجبن کے اور بیان مین وقت پینے کے اور بیان مین مقدار ماء الجبن کے ماء الجبن کو بہتر ہی کہ نیمگرم پیئن تین دفعہ کرکے اور درمیان ہر دفعہ کے ایک ساعت سے فاصلہ کم نہو اور بعض طبیب فاصلہ آدھی ساعت کا کافی جانتے ہین اور اگر دو ساعت کا فاصلہ دین احوط ہی اسلیے کہ در دو شربت ثانی کا بعد خالی ہونے معدے کے شربت پہلے سے ہو اور طبیعت پر ثقیل نہو اور بعد ہر شرب کے مشی معتدل لازم جانین اور مقدار مشی معتدل کی سو قدم مقرر کیا ہی اور بہترین اوقات واسطے استعمال ماء الجبن کے زمانۂ معتدل ہی کہ اُسمین گرمی و سردی بہت نہو اور ساتھ اسکے وہ خوف کہ استعمال کرنے مسہلات دیگر سے ایام گرما مین ہوتے ہین اسمین نہین ہین اور مقدار شربت اُسکا موافق مزاج کے متفاوت ہی ادنی شربت اُسکا مقدار ستر درم ہی اور شربت متوسط ایک رطل ہی اور اگر طبع قوی ہو دو تین رطل تک بھی اجازت ہی بلکہ زیادہ اس سے بھی موافق حال

مریض کے اور حال مرض کے لہذا اقلاطنسی نے دلیسقوریدوس سے نقل کیا ہی کہ نو رطل تک بدفعات دیسکتے ہین امراض مزمنہ مین وقت گرمی شدید کے اور جسطرح سے کہ ہو اگر ماء الجبن کو ساتھ ادویہ مسہلہ کے ملاکر دین لازم ہی کہ مقدار بہت نہ دین بسبب خوف افراط عمل کے اور بہر تقدیر مقدار قلیل سے شروع اور بتدریج زیادہ کرنا چاہئے یہانتک کہ مقدار مقصود تک پہونچے۔

جرعہ تیسرا۔ پینے مین ماء الجبن کے ساتھ اور اشیا کے اور بہتر یہ ہی کہ تیس درم سے شروع کرین اور دس دس درم روز بڑھائین یہان تک کہ مقدار معین تک پہونچے جسوقت واسطے امراض سوداوی غیر حارہ کے مستعمل کرین چاہئے کہ سکنجبین افتیمونی کے ساتھ دین یعنی بعد صاف کرنے کے مقدار دس مثقال یا پندرہ مثقال ماء الجبن کو ساتھ سکنجبین افتیمونی کے ملاکر دین اور اگر واسطے تقطیع شیر کے بھی سکنجبین افتیمونی ڈالین بہتر ہی اور بعد تین چار دن کے حبوب مسہل موافقہ سے تنقیہ لازم جانین اور اگر مناسب جانین سفوف سودا دو مثقال ہر دن ساتھ ماء الجبن کے دیتے رہین اسلیے کہ سفوف سودا استیصال مواد سودا مین اثر تمام رکھتا ہی اور نسخۂ سفوف سودا کا کہ تحفۃ المومنین مین لکھا ہی یہ ہی کہ پوست ہلیلہ کابلی ہلیلۂ سیاہ ہر ایک پانچ درم غاریقون تین درم بسفائج گل گاؤزبان افتیمون اسطوخودوس ہر ایک چار درم نمک نفطی لاجورد غیر مغسول خربق سیاہ ہر ایک ایکدرم

کوٹ کر چھانکر تیار کرین مقدار شربت دو مثقال ہی اور قرابادین قلانسی مین ایسا لکھا ہی کہ ہلیلۂ سیاہ دو درم حجر ارمنی مغسول گاؤزبان فرنجمشک اسطوخودوس نمک ہندی ہر ایک آدھا درم جملہ ایک مقدار شربت ہی اگر افتیمون و تمر ہندی بالسویہ ماءالجبن مین بھگو کر پیئن اسہال سودا مین بے عدیل ہی اور جس وقت واسطے اخراج فضول محترقہ کے مستعمل ہو ساتھ اس سفوف کے دین ہلیلہ زرد تین درم کوٹ کر چھان کر ساتھ روغن بادام کے چرب کر کے نمک ہندی دو دانگ سقمونیا ایک دانگ جملہ ایک مقدار شربت ہی اور امراض صفراوی مین سکنجبین بارد و معتدل ماءالجبن مین داخل کرنا چاہیئے اور واسطے تبرید مزاج و تلطیفۂ حرارت کے ساتھ شکر طبرزد و طباشیر کے دینا چاہیئے اور واسطے یرقان کے جو بسبب جگر کے ہو ہلیلہ تین درم سقمونیا ایک قیراط ملح ہندی صبر ایک ایک دانگ کوٹ کر چھان کر ساتھ ماءالجبن کے دین اور واسطے یرقان کے جو بسبب طحال کے ہو ہلیلۂ سیاہ ایک مثقال افتیمون ایک درم نمک ایک دانگ صبر ڈیڑھ دانگ کوٹ کر چھان کر ماءالجبن مین ملا کر دین اور واسطے قروح و جرب کے ماءالجبن کو ساتھ پانی شاہترہ و پانی کشوث و ہلیلۂ زرد و صبر کے دین اور واسطے اخراج فضول بلغمی کے ساتھ ایارج فیقرا کے کہ چار دانگ ہو اور نمک کے کہ دو دانگ ہو دین اور جالینوس کہتا ہی کہ اگر دس درم حب قرطم کوٹ کر چھان کر ماءالجبن مین ملائین بہت اسہال لاتا ہی اسی طرح پلانا نمک کا ماءالجبن مین بعد جوش کرنے کے اسہال بہت کرتا ہی اور جو شخص کہ محتاج مسہل کا ہی لیکن مسہل میسر نہین ہوتا یا نہین کھا سکتا ہی پس چاہیئے کہ ماءالجبن کو ساتھ پانی دریا کے پیئے اور نافع ترین اشیا مالیخولیا مین وہ ماءالجبن ہی کہ افتیمون و ہلیلۂ ہندی کو اسمین تر کیا ہو و شربت شاہترہ و روغن بادام اسمین ملایا ہو اور حب لاجورد ساتھ ماءالجبن کے نہایت بہتر ہی واسطے مالیخولیا اور جمیع امراض سوداوی کے۔

جرعہ چوتھا۔ بیان مین غذا کے درمیان تناول ماءالجبن کے جس وقت چار ساعت بلکہ پانچ ساعت پینے ماءالجبن سے گذرین غذا کھائین اور بہترین غذا قیمہ شوربا شلہ پلاؤ وغیرہ ہین اور چانول کو چاہیئے کہ پانی مین بھوسی گیہون کی بھگو کر دھوئین بعد اسکے پکائین تو سدہ و لزوجب پیدا نہ کرے اور جن لوگون کو عادت روٹی کھانے کی ہی وہ روٹی دین کہ بھوسی دار آٹے سے بلکہ جسکا میدہ نکال لیا ہو روٹی خمیری کو تنور مین یا فرن پر پکایا ہوا سلیئے کہ ایسی روٹی دینا درست ہی مضائقہ نہین ہی اور اس درویش نے بارہا آدمیون کو ایسی روٹی تبلائی ہی اور بے مضرت پایا اور احسن وہ ہی کہ جس دن مسہل کا لینا ساتھ ماءالجبن کے مقصود ہو ایک دن پہلے اُس سے نخود آب پر قناعت کرین اگر ممکن ہو ورنہ غذائے نرم اور بھی تھوڑی سی دے سکتے ہین۔ اور زمانے شرب ماءالجبن مین لبنیات و مغلظات و منجرات و حلویات و حموضات تند الحموضۃ سے پرہیز کرنا واجب

جانین اور جہانتک ممکن ہو جماع اور سب ریاضات متعبہ وعوارض نفسیہ سے باز رہین اور تفریح مین کوشش کرین اور مدد لینا یا قوتیات اور مفرحات مناسب سے لازم جانین۔

جرعہ پانچوان۔ بیان مین اس امر کے کہ دودھ کس جانور کا واسطے اس کام کے مناسب ہی اور البان لائقہ سے ہر ایک لبن ساتھ کس کس فائدے کے لائق زیادہ ہی اور بیان مین اس امر کے کہ جانور کیسا ہو اور کسطرح اُسکو چارہ دینا چاہیئے اور بیان اُس چیز کا کہ اُنسے متعلق ہی جاننا چاہیے کہ واسطے اغراض مقصودہ کے بہترین البان لبن المعز ہی یعنی دودھ بکری کا اسلیے کہ وہ دہنیت اور جبنیت اور مائیت مین معتدل ہی بخلاف دودھ گاے کے کہ دہنیت اُسمین زیادہ ہی اور بھیڑ کے دودھ مین جبنیت زیادہ اور اُٹنی اور گدھی کے دودھ مین مائیت غالب ہی اور واسطے امراض سوداویہ کے افراط کسی ایک کی اُنمین سے مناسب نہین ہی اور اگر دودھ بکری کا میسر نہو موافق ضرورت کے گاے کے دودھ سے ماء الجبن بناسکتے ہین اور جس وقت واسطے سدد و استسقا و کلف کے دین دودھ اُٹنی کا سب دودھون سے بہتر ہی بسبب زیادتی مائیت کے لیکن اگر استسقا ساتھ حرارت کے ہو ماء الجبن دودھ بکری کا بہتر ہی اور لازم ہی کہ بکری جوان و صحیح البدن معتدل اللحم سرخ رنگ کبود چشم ہو اور اسکے جننے سے تیس یا چالیس دن گذرے ہون اور تین چار مہینے سے زیادہ تجاوز نہ کیا ہو اور اگر رنگ سُرخ نہ ملے سیاہ رنگ لیوین ورنہ زرد رنگ اور اگر یہ بھی نہ ملے تو جو رنگ ملے اسواسطے کہ قید سرخ رنگ کی بطور اولویت کے ہی نہ بطور واجب ہونے کے بخلاف اور شرطون کے کہ وہ ضروری ہین اور فوت ہونا انکا باعث وقوع فتور کا اغراض مطلوبہ مین ہی اور جب قصد شروع کرنے ماء الجبن کا ہو تین چار دن پہلے سے چارہ کھلانا بکری کا موافق طبیعت مریض کے برگ تازہ کشنیز یا کاہو یا کاسنی یا رازیانہ یا شاہترہ یا علف جو سے یا آٹے جو سے اور مانند اسکے مقرر کرین اور گھاس تیز اور کڑوی نہ دین اور جو وغیرہ کے دینے مین احتیاط کرین کہ تخمہ نہ ہو جاوے اور موجب فساد شیر کا ہووے لہذا احسن یہ ہی کہ بکری کو ہمیشہ بندھا رکھین اور کبھی کبھی چھوڑ دین کہ چلے پھرے اور جفتی سے باز رکھین۔

جرعہ چھٹا بیچ اوصاف ماء الجبن کے جاننا چاہیے کہ ماء الجبن مجمع منافع کثیرہ کا ہی اور ادویہ مسہلہ کثیر ایسی منفعتین نہین رکھتی ہین ایک منفعت یہ ہی کہ قوت اُسکی باوجود نہونے تیزی کے عضو مقصود کو پہونچتی ہی بسبب رقت و لطافت قوام کے اسلیے کہ یہ دو وصف قائم مقام حدت و قوت دوا کے ہین بخلاف دیگر ادویہ کے کہ یہ وصف کسی ادویہ مین نہین ہین منفعت دوسری یہ کہ ماء الجبن جامع وسومت و حدت لطیفہ کا ہی بسبب وسومت کے اخلاط حادہ مین ملائمت پیدا کرتا ہی اور بسبب حدت لطیفہ کے

تقطیع مواد کرتا ہی خصوصاً کہ سکنجبین بھی مدد اسکے عمل کی کرے۔ منفعت تیسری یہ کہ وہ باوجود اسہال اخلاط کے نضج دیتا ہی مواد کو اور فضلہ اُسکا کہ بدن مین رہجاتا ہی بدن کو تکلیف نہین دیتا ہی بلکہ بدن کی غذا ہوجاتا ہی اور یہ عمل سوا اسکے اور مین نہین ہی اور معلوم کرین کہ ماء الجبن مین مائیت و دہنیت ہی سو مائیت مسہل وملطف ہی اور دہنیت منضج وملمس پس جسوقت نضج وتملیس زیادہ مطلوب ہو ایسا بنانا چاہیئے کہ دہنیت اُسمین بہت آئے جیسا پہلے جرعہ مین کہا گیا ہی منفعت چوتھی وہ کہ مواد غلیظہ وکثیفہ کو بتدریج خارج کرتا ہی اور باوجود اسکے ترطیب کرتا ہی بدن کی اور نضج دیتا ہی مواد کو اور عمس کہ باوجود نکالنے مواد کے خشکی نہین پیدا کرتا ہی بلکہ ترطیب کرتا ہی اور بدن کی غذا ہوجاتا ہی خاصۃ اسی کا ہی اسی سبب سے اطبا نے اُسکو لاعدیل لہ یعنی بے مانند کہا ہی بالجملہ ماء الجبن پہلے درجے مین گرم اور جالی اور بے لذع اور غسال اور مسہل مرقق ومرطب ومفتح ومدر ومسکن وملطف ہی اور واسطے علل حارہ وسودا والتہاب ومالیخولیا وجذام وداء الفیل واحتراقات وحرقۃ البول وضعف کلیہ وحصاۃ کلیہ ومثانہ و قروح خانہ وبرقان وقروح تازہ وقدیم بدن وشری شقیقہ وظلمت بصر وانصباب مواد طرف چشم وپلک واستسقا کے نافع ہی اور واسطے حرارت جگر ونحافت ولاغری بدن کے مفید ہی اور واسطے جرب وحکہ وکلف وآثار کے طلاء وشرباً فائدہ مند ہی اور جب واسطے قروح مثانے کے مستعمل ہو اُسمین نمک داخل نہ کرین۔

ماء العسل۔ شربت ہی فاضل وجالی کہ علل باردہ مین مستعمل ہوتا ہی مانند فالج ولقوہ کے اور اوجاع مفاصل کے اور مانند انکے اور مقوی معدہ ومشتہی ومدربول وملین طبع ہی ومسکن درد سینہ وجگر اور استعمال اسکا محرور کو اور جسکو کہ ورم احشا رکھتا ہو روا نہین ہی اور جو ماء العسل ساتھ ادویہ وزعفران کے ممزوج ہو منفعت مین ابلغ ہی اور اُسکا سوائے مبرودین ومبلغمین کے اور اصحاب معدہ کثیر الرطوبت کے اور کوئی متحمل نہین ہوسکتا ہی اور ماء العسل سازج مسمیٰ بہ قرطامن ہی عسل ایک جزو وصاف پانی دو جزو نرم آگ پر جوش کرکے کف نکالتے رہین جب دو ثلث رہجائے اُتار لیوین اور بعضے لوگ ایک جزو شہد مین چھ جزو پانی صاف ڈالکر جوش کرتے ہین جب آدھا رہتا ہی اُتارتے ہین اور یہ ماء العسل قلیل الحرارت ہی اور امراض بلغمی مین کہ عوض پانی کے ماء العسل پر قصر کرتے ہین استعمال اسی قسم ماء العسل کا لائق تر ہی اور اگر شکم نرم ہو جوش بہت دین تو بہت تلیین نہ کرے اور اگر چاہین ماء العسل قوی زیادہ ہو ادویہ مناسبہ مانند دارچینی وزنجبیل وخولنجان مصطگی وزعفران دہیل وجوزبوا وبسباسہ کے کوٹ کر چھانکر بقدر حاجت کے اضافہ کرین۔

ماء السکر۔ شربت ہی لطیف کہ قائم مقام ماء العسل کے ہی اور بیچ امزجۂ گرم اور زمانۂ گرم کے واسطے امراض بارد کے دے سکتے ہین بخلاف ماء العسل کے کہ نہین دیسکتے فالج والا لقوے والا اگر بدلے پانی کے اوپر ماء السکر کے قناعت کرے بہتر ہی خصوصاً اگر فصل گرم ہو یا مزاج گرم اور بھی واسطے نرم کرنے سینہ کے و طبع کے خوب چیز ہی شکر سفید ایک رطل تین رطل پانی مین پکائین اور کف نکالین یہان تک کہ قوام موافق جلاب کے ہوجاے اور جس وقت اس کے استعمال سے تبرید منظور ہو یا واسطے امراض حار کے مستعمل ہو ایک رطل لعاب اسبغول بھی اضافہ کرکے قوام کرین اور ایسا ماء السکر صداع گرم کو مفید ہی اور تسکین عطش و تلیین طبع و اطفاے حرارت کے لئے نافع ہی اور اگر لعاب اسبغول گلاب و بید مشک مین نکالا جاے انفع ہو اور دل اور معدے کو سودمند زیادہ ہو اور بحث حمیات مین ساتھ فوائد کثیرہ کے آئیگا۔

فائدہ۔ ماء الشعیر و ماء القرع و ماء الخیار و ماء الہندبا حمیات مین آئینگے اور ماء اللحم امراض دل مین انشاء اللہ تعالے۔

حرف النون

نقوع۔ بالفتح واحد نقوعات کا ہی اور وہ عبارت اُس پانی سے ہی کہ ادویۂ خشک اُسمین بھگاوین اتنی دیر تک کہ پانی اُنمین در آئے اور قوت ادویہ کی پانی مین نکل آئے نگاہ رکھین بعد اُسکے آب صاف

اس سے لیوین مل کر پانی ملے ہوے موافق حاجت کے اور احسن یہ ہی کہ ادویہ کو گرم پانی مین تر کرین تو تنفیذ اور ارخاے اور اخراج قوت دوا مین مددگار زیادہ ہو اور بہتر یہ ہی کہ تین رات دن تر رکھین دن کو دھوپ مین اور رات کو نمدے مین لپیٹ کر گرم جگہ مین رکھین اور یہ اُس صورت مین ہی کہ اشیاء منقوعہ سخت ہون مانند جڑون و تخمون کے اور اگر اوراق نحیف اور فواکہ جرم ضعیف اوراز ہار ہون ایک رات دن تر رکھنا کافی ہی اور گرم کرنے کے پانی کی حاجت نہین ہی اور استعمال نقوع کا مخصوص محرورین اور فصول حارہ کو ہی قوت اسکی ہرچند نسبت مطبوخ کے ضعیف ہی لیکن مرغوب تر مطبوخ سے ہی اور بشاعت و کراہت مین مطبوخ سے کمتر ہی اور نقوع کو نقیع بھی کہتے ہین مقدار پانی کا نقوع مین اُس قدر چاہیئے کہ دو تین انگل پانی دوا کے اوپر رہے۔

نقوع ہلیلہ۔ کہ صفرا کو نکالے اور صداع گرم کو نفع دے پوست ہلیلہ زرد دس درم آلوے سیاہ سپستان عناب ہر ایک تیس عدد و تمر ہندی بیس درم بنفشہ تخم کاسنی ہر ایک تین درم مغز خیارشنبر گیارہ درم ترنجبین پندرہ درم شب کو پانی مین بھگوئین صباح صاف کرکے پئین۔

نقیع فواکہ کہ صفرا کو دفع کرے اور امراض گرم دماغی کو فائدہ کرے اور تشنگی کو بجھاے آلو سیاہ آلو بخارا عناب سپستان ہر ایک تیس عدد تمر ہندی دس درم زرد آلو خشک دس عدد و قند سفید گیارہ درم

ترنجبین بیس درم رات کو بھگوئین صبح کو صاف کرکے پیئین۔

نقوع صبر - کہ صداع گرم کو نافع ہی اور جرب کو مفید آب کاسنی تراشی مثقال صبر سقوطری چار دانگ اسمین حل کرکے تین دن آفتاب مین اور رات کو گرم جگہ مین رکھین اور تیسرے دن مل کر صاف کرین اور پیئین۔

فائدہ - صبر کو یعنی ایلوے کو تین دن آب کاسنی مین تر رکھنا واسطے اصلاح صبر کے مقرر کیا ہی ورنہ اسکو پیسکر ساتھ آب کاسنی تازہ کے کھانا کفایت کرتا ہی واسطے اسہال کے اور تر کرنے کی کچھ حاجت نہین ہی۔

نقیع صبر دیگر - کہ صداع بلغمی وسوداوی کو نافع ہی اور معدے کو قوت دے اور بخار کو دماغ سے دفع کرے اور اخلاط کو اتار لاوے افسنتین رومی دس درم اسارون پانچ درم قنطوریون دقیق مصطگی ہر ایک تین درم سکو ڈیڑھ من پانی مین پکائین جب تہائی رہجائے مل کر صاف کرین اور چھ درم صبر سقوطری اُس مین ڈال کر تین دن نگاہ رکھین بعد تین دن کے دو اوقیہ سے چار اوقیہ تک یہ نقیع ساتھ ایک درم روغن بادام شیرین کے پیئین۔

نقوع صبر بہ نسخۂ دیگر - کہ صداع بلغمی کو دور کرے سعد سنبل افسنتین فقاح اذخر رازیانہ تخم کرفس نانخواہ زیرۂ کرمانی ہر ایک ایک کف ڈیڑھ من پانی مین پکائین تو آدھا من رہجاے پس صاف کرین اور بیس درم ایلوا اُسمین حل کرین اور تین روز دھوپ مین رکھین بعد اسکے مل کر چھانئین اور مقدار تیس درم کے ساتھ تین درم روغن بیدانجیر کے پیئین۔

نقوع حلو - کہ گرمی وخشکی دماغ کی اور جمیع اعضا کی دور کرے اور جوش خون کو موقوف کرے خصوصا بلاد وفصول حارہ مین مشمش عناب آلو ہر ایک پندرہ عدد گل نیلوفر تین عدد گل بنفشہ چار درم عدس مقشر کشنیز خشک ہر ایک تین درم تخم کاسنی نیمکوب ایک مثقال اور اگر صفرا غالب ہو آلو کلان پانچ عدد اضافہ کرین اور جہان تلیین مطلوب ہو ترنجبین پندرہ درم اضافہ کرین۔

نقوع حامض - تسکین بخار دماغ اور لطیفہ سوزش معدہ وجگر مین نفع تمام رکھتا ہی اور حمیات دموی وصفراوی کو سود مند ہی زرد آلو عناب ہر ایک پندرہ عدد آلو کلان سات عدد تمر ہندی دس درم گل نیلوفر تین درم گل بنفشہ پانچ درم اور اگر طبیعت مجیب ہو عوض تمر ہندی کے انار دانہ ملائین اور جس وقت اجزا دونون نقوع کے کہ حلو وحامض ہین آپس مین ملائین نقوع حلو وحامض نام ہوتا ہی۔

نقوع مسہل - کہ بدن کو صفرا و مواد محترق سے پاک کرے اور صداع و دیگر امراض دماغی کو نفع کرے اور معدے اور جگر کو فائدہ کرے اجزا نقوع حامض کے مع انکے اوزان لیکر ان ادویہ کو ان پر زیادہ کرین کہ یہ مجموعہ مسمی بہ نقوع مسہل ہی اور ادویہ کہ زیادہ کی جاتی ہین یہ ہین سنا مکی ہلیلہ زرد ہر ایک پانچ درم تخم کاسنی نیمکوب ایک مثقال آب خیار شنبر

پندرہ درم شکر بیس درم ریوند روغن بادام ہر ایک ڈیڑھ درم اور اگر عوض شکر کے تیس درم شربت بنفشہ ملائین روا ہی اور اگر عوض فلوس خیار شنبر و شکر و ریوند کے بیس درم ترنجبین یا شیر خشت داخل کرین درست ہی اور اسوقت روغن بادام کی حاجت نہین ہی اور اگر چاہین کہ اسہال زیادہ ہو پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ ہر ایک چار درم نیمکوب کر کے نقوع مین زیادہ کرین۔

نقوع کشنیز۔ دوار و صداع و جمیع علل حارہ دماغی کو جو باشتراک معدے کے ہون نفع کرے اور حمیات گرم و امراض گرم معدہ و دل و جگر کو سودمند ہی اور اس درویش نے اسکو تالیف کیا ہی اور نافع پایا ہی بنا آنولہ دانے سے پاک کیا ہوا کشنیز خشک ہر ایک تین درم آب و گلاب مین ایک رات دن تر کر کے صبح کو آب صرف بدون ملنے کے لیکر شربت نیلوفر و بید مشک ہر ایک دس درم زیادہ کر کے پیئن اور اگر عوض شربت نیلوفر کے اوپر نبات کے قناعت کرین دو درم گل نیلوفر اس نقوع مین ملائین اور جبوقت تلیین مقصود ہو شیر خشت و ترنجبین تنہا یا مجموع موافق حاجت کے داخل کرین بجاے شربت و نبات کے۔

نطول۔ کہ خواب لاے اور سرسام کو نافع ہی بنفشہ کاہو ہر ایک پانچ درم گل سرخ کوکنار نیلوفر پوست کدوے تنہ بابونہ ہر ایک دس درم کشنگ جو پچاس درم جملہ اجزا کو پانچ من پانی مین پکائین یہانتک کہ آدھا رہجاے اور سر کو اسکے بخار پر رکھین اور سر پر بھی گرائین اگر کوئی مانع نہو

فائدہ نطول بفتح نون لفظ مشترک ہی کہ بمعنی انصباب و سکوب اور بمعنی انکباب اور بمعنی آبزن اور بمعنی تکمید رطب کے مستعمل ہوتا ہی اور محل کے قرینے سے معنی مقصود سمجھے جاتے ہین اور اس مختصر مین اشارہ اسکی طرف بھی کیا گیا تو واضح و ظاہر ہوجاے اور فرق سکوب و نطول مین جو بمعنی انصباب کسی چیز سائل کے اوپر عضو کے ہی یہ ہی کہ اگر گرانا تھوڑا تھوڑا اور تھوڑے فاصلے سے ہو سکوب کہتے ہین اور اگر فاصلہ بعید سے اور بدون تدریج کے ہو نطول کہتے ہین اور عام ہی کہ وہ چیز سائل جوشاندہ ادویہ کا ہو یا پانی گرم فقط ہو یا سرد یا کوئی روغن ہو روغنون سے۔

نطول۔ کہ صداع سرد کو نافع ہو بابونہ اکلیل الملک نمام مرزنجوش برنجاسف صعتر ورق الغار مساوی الوزن جوش کر کے انکباب کرین یعنی سر کو اسکے بخار پر رکھین۔

نطول۔ کہ صداع ریحی کو نافع ہی بابونہ اکلیل الملک رازیانہ برگ کرفس تخم کرفس زیرہ کرمانی مرزنجوش صعتر شبت جوش کر کے سر اسکے بخار پر رکھین۔

نطول۔ کہ صداع سوداوی کو فائدہ کرے بنفشہ اکلیل الملک بابونہ سوسن خشک ساذج ہندی قرنفل جوش کر کے انکباب کرین۔

نطول۔ کہ صداع گرم اور بیخوابی کو نافع ہو بنفشہ نیمکوفتہ بزرگ بزر قطونا تخم خرفہ پوست خشخاش گل خشخاش بیخ لفاح تخم خطمی تخم کاہو برگ جرجیر

گل سرخ جوش کر کے سر اسکے بخار پر رکھین

نطول - کہ خواب لائے اور سرسام گرم وسہر کو فائدہ دے بنفشہ گل سرخ تخم کاہو کو کنار بابونہ پانی مین پکا کر اوپر سر کے گرائین -

نطول - کہ صداع گرم صفراوی اور خمار کو نفع کرے گلاب تیس درم سرکہ شراب کا تین درم روغن گل ایک درم و نصف آپس مین ملا کر سر پر گرائین -

نطول - کہ سر مین ترطیب کرے اور خواب لائے اور جنون کو کہ احتراق اخلاط سے عارض ہو نفع کرے بنفشہ نیلوفر بیخ خطمی برگ کاہو برگ بید پوست کدوئے تر گل سرخ برگ خشخاش سفید کشنک الشعیر ہر ایک ایک کف برگ عنب الثعلب برق خبازی ہر ایک ایک گڈی سپستان دو کف جملہ اجزا کو پانی مین پکا کر صاف کرین اور روغن بابونہ نیم اوقیہ اسپر ڈال کر سر پر نیمگرم نطول کرین صبح وشام -

نطول - کہ تشنج یبسی کو فائدہ کرے بنفشہ برگ کنجد نیلوفر برگ کاہو بابونہ کو ساتھ پانی شیرین کے پکا کر سر پر تنطیل کرین اور بٹھانا صاحب تشنج یبسی کو ایسے ٹبسن مین کہ روغن نیمگرم سے پر ہو نفع بہت کرتا ہی -

نطول - کہ سبات کو نافع ہی بابونہ مرزنجوش سداب اکلیل الملک نعناع آس جملہ برابر پانی مین جوش و صاف کر کے اوپر سر کے گرائین -

نطول - کہ صداع سرد کو فائدہ کرے بنفشہ سوسن اکلیل الملک بابونہ بادرنجبویہ سافج ہندی کشنک جو قرنفل نیلوفر جملہ برابر پانی مین پکا کر صاف کرین اور سر پر نطول کرین

نطول - کہ سدود و دوار کو جو بسبب مزاج سرد سادہ کے ہو نفع کرے بابونہ برنجاسف تسیح اکلیل الملک سداب نمام فوتنج جبلی حاشا جعدہ پانی مین پکا کر بعد صاف کرنیکے سر پر گرائین -

نطول - کہ استرخاء و تشنج رطب کو نفع کرے شبت مرزنجوش برگ سنبھالو ورق الغار برنجاسف جملہ ہلیلہ یکدرم پانی دریائے شور کے پانی مین پکا کر صاف کرین اور عضو تشنج پر گرائین -

نطول - کہ سودا کو تحلیل کرے بابونہ اکلیل الملک برنجاسف شبت اصل السوس سب برابر پانی مین پکا کر صاف کرین اور سر پر نطول کرین -

نطول - کہ سکتے والے کو نافع ہی مرزنجوش شبت تشنج برگ اترج صعتر اکلیل الملک بابونہ فوتنج بری سداب حاشا جملہ مساوی الوزن پانی مین جوش دے صاف کر کے اوپر سر و فقرات صاحب سکتے کے تنطیل کرین

نطول - کہ سبات سہری کو کہ اسمین علامات صفرا کے غالب ہون اور پر علامات بلغم کے نفع کرے بنفشہ اصل السوس اکلیل الملک بابونہ کشنک جو شبت پانی مین جوش کر کے سر کو اسکے بخار پر رکھین اور سر پر بھی گرائین اور اگر علامات بلغم کے ظاہر زیادہ ہون ورق الغار و سداب فوتنج و زوفا و صعتر و وجند بید ستر بھی اجزائے مسطور مین زیادہ کرین -

نطول - کہ بخارات ردیہ جو طرف سر کے صعود کر کے صداع اور دیگر علل حارہ کو پیدا کرین دفع کرین روغن گل خام کہ تازہ ہو ساتھ پانی سرد و گلاب کے ملا کر سر پر گرائین لیکن اگر بخار کثیر المقدار ہو چاہیئے کہ روغن بابونہ بھی تھوڑا ملا کر نیمگرم تنطیل کرین تو

مسام کو بند نہ کرے اور روح بھی حاصل ہو اسلیے کہ وقت کثرت البخرون کے استعمال کرنا شم بارد بالفعل والقوہ کا سبب بند ہونے مسام اور باعث خلط و حبس بخارات مزید آفت کا ہوتا ہی ۔

نفوخ ۔ کہ مسکوت کو ہوش مین لاے بسبب عطسہ کے کندش خربق سفید برابر کوٹ کر چھان کر تھوڑا تھوڑا ناک مین دم کرین ۔

نفوخ ۔ کہ صداع مزمن کو نافع ہی عصارہ قثاء الحمار بخور مریم نطرون کو ٹکر چھان کر ناک مین دم کرین اور شونیز و عصارہ قثاء الحمار یہی عمل کرتے ہین ۔

نفوخ ۔ کہ صرع کو نافع ہی تخم حنظل قثاء الحمار نوشادر شونیز کندش فلفل اسطوخودوس بقدر حاجت لیکر کوٹکر چھانکر ناک مین دم کرین ۔

نفوخ ۔ کہ واسطے سکتے و سبات و لیثرغس کے نافع ہی جند بیدستر حلتیت زہرہ کلنگ تنہا اور مرکب ساتھ پانی مرزنجوش و ماء العسل کے پیسکر ناک مین دم کرین ۔

نفوخ ۔ کہ مسمی بہ عطوس ہی سدہ دماغ کو تحلیل اور رطوبات بارد کو عطسے سے دفع کرتا ہی کندش خربق سفید جند بیدستر قرنفل سرخ زراوند طویل مفرد یا مجموع خوب پیسکر تھوڑا ناک مین دم کرین یا مرغ کے پر پر ملکر ناک مین رکھین تو عطسہ آے ۔

نفوخ ۔ کہ عطسہ لاتا ہی اور واسطے فالج و لقوے و امراض دماغی کے نافع ہی صبر زرد نوشادر خربق سفید مرزنجوش بورہ ارمنی شیطرج ہندی مشک بالسویہ ناک مین دم کرین یا پر مرغ کو اسمین آلودہ کرکے ناک مین رکھین

نفوخ ۔ کہ سکتے کو فائدہ کرے اور عطسہ لاے جند بیدستر فلفل کندش سداب کو جملہ برابر کوٹکر چھانکر ناک مین دم کرین اور تمام بدن کو روغن ناردین سے کہ اسمین فرفیون حل کیا ہو چرب کرین ۔

نفوخ ۔ کہ فالج والے کو فائدہ کرے اور چھینک لاوے کندش فلفل عاقرقرحا زنجبیل بورہ نوشادر نطرون صبر دارچینی مشک جند بیدستر خربق سفید مرزنجوش جملہ برابر کوٹ کر چھان کر ناک مین دم کرین اور اگر ساتھ پانی مرزنجوش کے ملاکر ناک مین ٹپکائین بھی روا ہی ۔

نفوخ ۔ کہ جمیع بیماریہاے دماغ کو کہ سردی و تری سے ہون فائدہ کرے عاقرقرحا تین درم کندش چار درم برگ خرزہرہ کہ تین مہینے باورچیخانے مین لٹکایا ہو اور دھنوان اسمین لگا ہو چھ درم صعتر پارسی زراوند طویل دم الاخوین ہر ایک ڈیڑہ درم کوٹکر چھانکر ناک مین دم کرین

انتباہ ۔ بعضے نفوخات بحث عین مین کہ بیان عطوسات مین ہی گذر گئے ہین اور معلوم کرین کہ امراض مادی دماغی مین جب تک تنقیہ نہ کرین نفوخات و عطوسات و سعوطات کو واسطے تنقیہ دماغ کے مخصوص ہین استعمال نہ کرین اسلئے کہ تنقیہ خاص عضو کا قبل از تنقیہ عام کے ممنوع ہی مگر یہ کہ مرض مہلک ہو و عاجل ہو مانند سکتہ و صرع کے کہ ایسی جگہ فوراً استعمال کر سکتے ہین اسوجہ سے کہ مہلت کی گنجایش نہین ہی ۔

حرف الواو

وجور ۔ کہ اگر منہ مین مصروح کے ڈالین ہوش مین آئے

حلتیت جند بیدستر سکنجبین عسلی مین حل کر کے وجور کرین یعنی حلق مین ٹپکائین

وجور ۔ کہ یہی عمل کرتا ہی ۔ ونعت انیسون زیرہ کرمانی پانی مین جوش کر کے صاف کرین اور گلقند اسمین حل کر کے وجور بنائین ۔

وجور ۔ کہ واسطے صرع اطفال کے نافع ہی صعتر جند بیدستر زیرۂ کرمانی مساوی الوزن کوٹکر چھانکر بقدار تین جو کے اس سے دودہ مین حل کر کے حلق مین لڑ کے کے ڈالین ۔

فائدہ ۔۔ وجور اوپر وزن غفور کے واحد اور وجورات جمع اسکی ہی اور وجور اُن ادویہ کو کہتے ہین کہ منہ مین مریض کے ڈالین جسوقت کہ مریض تناول دوا سے عاجز ہو ۔

حرف الیاء

یاقوتی ۔۔ کہ اعضاے رئیسہ کو قوت دے اور وسواس وسودا کو دفع کرے اور نشا طلائے اور رنگ کو صاف کرے اور ضعف دل وغشی کو فائدہ کرے یاقوت سُرخ بسد کہربا حجر لاجورد گل ارمنی بادرنجبویہ سنبل الطیب ساذج ہندی بہمن سُرخ ہر ایک دو مثقال یاقوت زرد یاقوت کبود یاقوت سفید عقیق یمنی مروارید ناسفتہ پوست بیرون پستہ بادرنجبویہ گل مختوم عنبر اشہب زر محلول نقرۂ محلول گلسرخ دارچینی درونج عقربی بہمن سفید ہر ایک چار مثقال لعل فیروزہ لیشب ابریشم محرق قرنفل نیلوفر صندلین کبابہ قاقلہ کبار جوزبوا ہر ایک تین مثقال زمرد ایک مثقال ونصف تخم فرنجمشک

گاوزبان طباشیر سفید ہر ایک پانچ مثقال اسارون آنولہ مقشر پوست ہلیلہ کابلی ہر ایک تیس مثقال عصارۂ زرشک پندرہ درم مشک خالص ڈیڑھ مثقال کافور ایک مثقال پانی سیب وبہی کا ہر ایک ایک من پانی حماض ترنج کا آدھا من نبات ایک من ونصف پہلے نبات کو گلاب وعرق مین پگھلاکر ساتھ پانی سیب و بہی کے قوام کرین جب اُتار لیوین پانی حماض ترنج کا اسپر ڈالین اور ادویہ کوٹکر چھانین اور جواہر کو خوب پیسکر ملائین اور بعد چھ مہینے کے استعمال کرین مقدار شربت ایک مثقال ہی ۔

یاقوتی ۔ کہ نہایت قوی ہی واسطے شدت تفریح روحانی کے کہتے ہین کہ واسطے مالیخولیا وامراض سودادی کے نفع تمام رکھتی ہی اور دل وجگر کو قوت دیتی ہی مروارید ناسفتہ مرجان کہربا فرنجمشک ہر ایک ایک درم صندلین طباشیر زرنباد بادرنجبویہ قرنفل ساذج عود قماری ابریشم مقرض پوست ترنج ہر ایک دو درم گاوزبان درونج عقربی لعل یاقوت عقیق یمنی ورق طلا ورق نقرہ عنبر اشہب زعفران کافور ہر ایک ایک درم مشک نصف درم قند سفید وعسل صافی ہر ایک پچاس درم معجون بنائین موافق رسم کے ۔

یاقوتی معتدل ۔ کہ وسواس سودادی وضعف دل وخفقان کو نافع ہو اور دل کو قوت دے اور نشاط لائے مروارید ناسفتہ تخم بادرنجبویہ پوست بیرون پستہ پوست ترنج صندلین گل سُرخ ہر ایک تین درم بسد بہمن سُرخ کبابہ ہر ایک ڈیڑھ درم کہربا لیشب قرنفل

دارچینی ساذج ہندی ہر ایک ایک درم لعل عود خام ہر ایک ایک مثقال یاقوت زرد عنبر اشہب زر محلول نقرۂ محلول ہر ایک آدھا مثقال بہمن سفید گشنیز خشک گل ارمنی طباشیر ہر ایک دو درم زرنباد کافور قیصوری ہر ایک آدھا درم گاؤزبان آنولہ ہر ایک پانچ درم عصارہ زرشک دس درم زعفران ڈیڑھ دانگ شربت بہی بیس مثقال شربت حماض آدھا من شربت سیب چالیس مثقال ادویہ کوٹ کر چھان کر جواہر کو صلایہ کرکے شربت ہاے مذکورہ مین ڈالکر قوام کرین مقدار شربت ایک مثقال ہی —

یاقوتی بہ نسخۂ شیخ ابو علی سینا - کہ مالیخولیاے سوداوی کو نہایت سودمند ہی اور بیچ تقویت اعضائے رئیسہ اور نشیط کے اثر تمام رکھتی ہی یاقوت رمانی گاؤزبان تخم کاسنی مشک خالص کافور ہر ایک ایک درم مروارید ناسفتہ کہربا بسد ہر ایک ایک درم و نصف ابریشم مقرض سرطان بحری محرق ہر ایک ایک مثقال اور ایک دانگ برادۂ طلا رکلس دو دام تخم فرنجمشک تخم بادروج اسطوخودوس ہر ایک تین درم بہمن سفید عود خام حجر ارمنی مغسول لاجورد مغسول مصطگی سلیخہ دارچینی زعفران ہال قاقلۂ کبار قرفہ ماہ فرقین خطائی ہر ایک ایک مثقال افتیمون اڑھائی درم ترنجبین سنبل ساذج ہندی ہر ایک دو درم درونج عقربی عنبر اشہب ہر ایک دو مثقال تخم خیار گل سرخ ہر ایک چار درم گلاب سو مثقال شربت حماض شربت سیب شربت انار شیرین ہر ایک تیس مثقال شہد صافی بقدر حاجت کے بطریق معہود معجون بنائین مقدار شربت ایک مثقال ہی اور بعد چالیس دن کے استعمال کرین

یاقوتی - کہ فرح لائے اور دماغ و دل کو قوت دے اور خفقان و غشی و کرب کو نفع کرے مروارید ناسفتہ چھ درم بسد چار درم یاقوت رمانی گل مختوم بادرنجبویہ بہمنین صندل سرخ ہر ایک دو درم ورق طلا عقیق یمنی یشب سبز ساذج ہندی زرنباد درونج رومی ہر ایک ایک مثقال لاجورد مغسول ایک مثقال و نصف لعل کہربا زرشک منقی نیلوفر گشنیز خشک تخم و گل و پوست ترنج گاؤزبان ریوند چینی تخم کاسنی عود ہندی ابریشم محرق ہر ایک تین درم طباشیر سات درم صندل سفید گل سرخ ہر ایک پانچ درم کافور ریاحی عنبر اشہب ہر ایک دو مثقال مشک تبتی آدھا مثقال شیر آملہ پوست ہلیلہ کابلی آب انارین شربت سیب شربت بہی ہر ایک بیس درم ادویہ کو فقنی کو کوٹکر اور ریشمی کپڑے مین چھانکر ساتھ شربتون و گلاب و آب انارین کے قوام کرکے معجون بنائین اور بعد چالیس دن کے کہ درمیان جو کے رکھا ہو استعمال کرین مقدار شربت ایک مثقال ہی —

باب دوسرا بیان مین ادویہ چشم کے

پہلے کئی ضابطے کہ بیان کرنا انکا اس مقام مین ضروری ہی ہم ذکر کرتے ہین اور کیفیت حفاظت قوت چشم کی اس باب کے اخیر مین بیان کرینگے - جاننا چاہیئے کہ

جس دوا کو آنکھ مین استعمال کرنا چاہین شرط یہ ہی
کہ بعد تنقیہ بدن کے استعمال کرین اور جب تک
حقیقت طبقات سبعہ و رطوبات ثلثہ و عصبۂ مجوفہ کی
اور اُن امراض کی کہ اُنمین عارض ہوتے ہین بالاصالت
یا بالشرکت خوب نجانے جرأت و دلیری علاج
مین نہ کرنا چاہیئے اسلیے کہ مقدمہ آنکھ کا بہت نازک
ہی اور جن ادویہ عینیہ کا تدبیر کرنا واجب ہی جب تک
کہ اُنکو مدبر نہ کرین مرکب مین داخل نہ کرین اور بعض
ادویہ کے مدبر کرنے کی صورتون مین پہلے احراق
ہی پس غسل پس تصویل ہی اور وہ مانند اقلیمیا
وصدف و حلزون و زجاجات و لبسد کے ہین اور طریق
احراق کا مشہور ہی اور تدبیر بعض ادویہ کی فقط غسل ہی
اور وہ مانند شادنج و توتیا و مارقشیشا و سنگ سرمہ
و مروارید وغیرہ کے ہین اور طریق غسل کا یون ہی
کہ دوا کو خوب کوٹین اور پانی شیرین اُسپر ڈالین اور
ہلائین جسقدر اوپر پانی کے آئے اُسکو ساتھ تھوڑے
پانی کے لیکر اور باسن مین رکھین اور جسقدر کہ باقی
ہی اُسمین اور پانی ڈالکہ ہلائین بدستور پہلی مرتبہ کے
پس باقی کو دوسرے باسن مین رکھین اور اسی طرح مکرر
کرتے رہین کہ ناعم بہا رلیت سے تمیز ہو پس یہ پانی
کہ دوسرے باسن مین رکھا گیا ہی اور ساتھ اجزاے
باقیہ ناعم بہا کے ملا ہوا ہی ایک مدت تک رہنے
دین تو اجزاے مذکورہ باسن مین مترسب ہو جائین
بعد اسکے پانی اُسکا اسطرح سے پھینکین کہ
دوا کو حرکت نہو اور اجزاے ناعمہ راسبہ کو سکھا

لیوین اسطرح کہ غبار سے محفوظ رہین بعد اسکے
استعمال کرین اور اسفیداج کو اسقدر دھوئین
کہ ترشی اُسمین باقی نہ رہے اور توبال نحاس کو
اور مس سوختہ یعنی روسختج کو پہلے دھوئین بعد اُسکے
کوٹین اور چھلنی باریک مین چھانین پھر دھو کر صلایہ
کرین اور تدبیر انزروت کی یون ہی کہ گدھی یا عورت
کے دودھ مین آلودہ کرکے اوپر لکڑی درخت
جھاؤ کے رکھکر تنور مین جو قریب سرد ہونے کے
ہو رکھین تو انزروت خشک ہو جائے یا دودھ مین
گھو لکر دھوپ مین غبار سے چھپا کر رکھین جب سوکھ
جاے پھر تر کرین اسی طور سے تین مرتبہ کرین
اور سنبل الطیب کو پہلے مقراض سے کاٹین بعد
اُسکے ہاون مین اسقدر کوٹین کہ کوٹنے کی شدت
سے قریب جلنے کے پہونچے پس پارچہ بیز کرین
کہ مانند غبار کے ہو جاے اور اشنہ کو لکڑی سے
علیحدہ کرکے کپڑے مین رکھکر ملین تو پوست
سیاہ اُس سے جدا ہو جاوے اور سفید رہ جاے
پس تھوڑا پانی اُسپر ٹپکائین اور کوٹین کہ مانند
مغز یعنی گودے کے ہو جائے پس سایہ مین خشک
کرکے خوب کوٹ کر چھان کر استعمال کرین خشک
کرنا اسکا سائے مین اسلیے ہی کہ دھوپ مین
لطافت اسکی جاتی رہتی ہی اور غبار سے بھی
محفوظ رکھنا چاہیئے وقت کوٹنے اور سکھانے
کے کہ مارنا غبار کا ادویہ مین آنکھ کی اثر دوا کا
کم کرتا ہی اور زنجار کو دھو کر تھوڑا اس سے

ساتھ بہت سفیدہ کے ملائین اور اشق وسکبینج اور انکے اشل کو توڑ کر گرم پانی مین بھگوئین تو نرم ہوجائین بعد انکے ہاون وغیرہ مین ملین تو بالکل حل ہوجائین پس اور ادویہ کے ساتھ ترکیب دین اور صمغ عربی و کتیرا پہلے توڑ کر پانی مین تر کرین تو نرم ہوجائین پس صاف کپڑے مین رکھکر نچوڑین تو صاف اُسکا نکل آئے لیکن استعمال کرین اور افیون کو توڑ کر اوپر ٹکڑے تانبے کے رکھکر راکھ گرم پر رکھیں تو ٹکڑا تانبے کا گرم ہوجائے پھر جلد اُٹھا لیوین تو افیون جلنے نہ پائے اور قوت اُسکی جاتی نہ رہے بعد اسکے پانی مین بھگوئین اور ہاون مین ملین کہ حل ہوجائے اور کام مین لائین اور مشک کو اور بالون اور پوست سے صاف کرکے کوٹین اور چھانین اور مقدار معتدل استعمال کرین اور جاننا چاہیئے کہ مشک مین ایسی قوت ہی کہ دوا کی کیفیت و قوت کو قعر بدن مین پہونچاتا ہی اور طبقات مین نافذ کرتا ہی اب معلوم کرنا چاہیئے کہ جب واسطے نزول الماء وغیرہ کے دوا کو استعمال کرین چاہیئے کہ مریض پیٹھ تکیہ پر رکھکر دوا لگائے اور جب واسطے بیماریون پلک کے دوا استعمل ہو بعد استعمال دوا کے پلک کو بند کرکے سورہین اور جب واسطے دمعے یعنی سیلان آب چشم کے دوا استعمل ہو پلک کو بند نہ کرین اور کھڑے ہوکر لگائین اور گرم مزاج والا سرمہ حار رات کو یا وقت صبح کے لگائے اور اگر سرمہ حار اور مریض کا مزاج سرد ہو آخر دن مین لگائے اور اگر دونون بارد المزاج ہون وسط روز مین استعمال کرے اور بہترین اوقات واسطے بنانے شیافون کے شروع زمانہ ربیع کا ہی اور واسطے بنانے ذرورات کے آخر ربیع اور اول خریف ہی۔

حرف الالف

اکسیرین مرکب۔ معروف ہی ادویہ مین آنکھ کی کہ گوشت جما دے اور قرحہ چشم و مور سرج کو نافع ہی اور کہتے ہین کہ معنی اُسکے اصل کار ہین اسلیئے کہ نزدیک اہل کیمیا کے اصل کار کو اکسیر کہتے ہین اور بعضے کہتے ہین کہ معنی اُسکے شافی و نافع و نفاذ و بلاغ و شفا ہین سفیدہ ارزیز آٹھ درم اقلیمیا نقرہ صمغ عربی ہر ایک چار درم تانبا جلایا ہوا نشاستہ افیون ہر ایک دو درم کوٹ کر چھان کر استعمال کرین اور قاعدۂ کلی یہ ہی کہ دوا مین آنکھ کی اسقدر باریک پیسین کہ مانند غبار کے ہوجائین۔

اکسیرین دیگر۔ کہ یہی منفعت اُسمین ہی شادنج مغسول تین درم نشاستہ اقلیمیا سے نقرہ افیون سرمہ اصفہانی ہر ایک ایک درم صمغ عربی انزروت ہر ایک دو درم سفیدہ ارزیز آٹھ درم صلایہ کرکے استعمال کرین۔

اغبر لولو۔ کہ جرب و سبل و شرناق و ضعف باصرہ کو فائدہ کرے توتیا کرمانی مغسول شبح محرق مغسول ہر ایک دس درم مروارید ناسفتہ چھ درم نبات پانچ درم صلایہ کرین۔

حرف الباء

بریہ یوما[له] - دوا ہی کہ رمد کو ایک دن مین اچھا کرتی ہی لہٰذا یہ نام رکھا گیا اور جو اس دوا کے اکثر شیاف بنا رکھتے ہین اسوجہ سے شیاف بریہ یوما مشہور ہی واسطے تسکین ضربان چشم کے اور ردع مادہ کے اثر تمام رکھتی ہی شیاف مامیثا انزروت مربے ہر ایک آٹھ درم کتیرا ایک درم زعفران دو درم افیون نصف درم صلایہ کر کے آب باران مین شیاف بنائین اور وقت حاجت کے انڈے کی سفیدی مین حل کر کے استعمال کرین۔

باسلیقون کبیر - کہ تاریکی چشم و ابتدائے نزول الماء و دمعہ و جرب و سبل و ظفرہ و شرناق کو نافع ہی اور معنی باسلیقون کے کحل روشنائی ہین اور کہتے ہین کہ معنی اُسکے جالب السعادت ہین اور کہتے ہین کہ یہ نام اُس بادشاہ کا ہی کہ یہ دوا واسطے اُسکے بنائی گئی تھی پس اُسی کے نام سے مشہور ہوئی اور بقراط اسکا مولف ہی اور سب نسخون مین معتدل اثر یہ نسخہ ہی کف دریا اقلیمیا نقرہ ہر ایک دس درم نمک اندرانی ساذج ہندی سفیدہ ارزیز فلفل دارفلفل سنبل الطیب سرمۂ اصفہانی ہر ایک دو درم نمک ہندی قرنفل دو دانہ[له] ہر ایک ایک درم صبر سقوطری عصارۂ مامیثا تانبا جلا ہوا ہر ایک پانچ درم مامیران چینی مرمکی نوشادر زرد چوبہ ہر ایک تین درم زرد ہی طرح چار درم صلایہ کر کے مانند غبار کے پیسین اور لگائین۔

نوع دیگر - کہ واسطے غشاوہ و موٹائی پلک کے اور بیاض مزمن کے نافع ہی اور واسطے سبل و جرب و دمعہ کے بھی مفید ہی اقلیمیائے نقرہ زبد البحر ہر ایک پانچ مثقال تانبا جلا ہوا سات مثقال سفیدہ ارزیز جعدہ نمک ترکی فلفل سیاہ نوشادر دارفلفل ہر ایک ایک مثقال قرنفل اشنہ[عنبر بید؟] ہر ایک نصف درم کافور ربع مثقال ساذج ہندی جند بید ستر سنبل الطیب سرمۂ اصفہانی ہر ایک ایک درم۔

باسلیقون صغیر - کہ منافع اسکے قریب منافع کبیر کے ہین اقلیمیائے نقرہ پانچ درم تانبا جلا ہوا اڑھائی درم سفیدہ ارزیز نمک اندرانی نوشادر جعدہ فلفل دارفلفل ہر ایک نصف درم کوٹ کر ریشمی کپڑے مین چھان کر مانند غبار کے تیار کرین۔

برود - جو دوا ساتھ پانی مخصوص کے پیسکر مانند ذرور کے استعمال کرین اُسکو برود کہتے ہین اور جو ابتدا مین یہ دوا کافور و دیگر مبردات سے بنائی گئی ہی اسکا نام برود رکھا گیا بعد اسکے یہ رعایت چھوڑ کر اوپر ادویۂ گرم و غیر مرطب کے اطلاق کیا گیا چنانچہ کتب سے ظاہر ہوتا ہی کہ اس لفظ کو بدون قید کے اطلاق کرتے ہین اور جسنے پہلے اسکو تالیف کیا سابانوس حکیم ہی اور فرق درمیان برود و کحل و ذرور کے یہ ہی کہ اجزا برود کے ساتھ اور چیزون کے کہ بہنے والی ہون ملا کر استعمال کرتے ہین بخلاف کحل و ذرور کے کہ دوائین اُنکی اکثر کوٹ کر اور ریشمی کپڑے مین چھان کر بدون ملانے شے سائل کے استعمال

[له] بریہ یوما مرکب از بریہ بفتح اول سے یعنی اچھا کرنا اور یوما سے یعنی ایک دن یعنی دوا اچھا کرنے والی ایک دن مین
[له] دو دانہ نام اشنہ ... یعنی ...

کرتے ہین اور ذرور فقط آنکھ سے مخصوص نہین بلکہ زخمون مین بھی مستعمل ہوتا ہی لہذا ذرور کو باب مراہم مین بھی بیان کیا جاتا ہی اور طریق استعمال ذرور کا یہ ہی کہ کوٹ کر ریشمی کپڑے مین چھان کر چھڑکتے ہین اور کحل وہ ہی کہ سلائی سے آنکھ مین لگائین تو مقدار قلیل دوا سے آنکھ مین مستعمل ہو اور شیاف وہ ہی کہ ادویہ مایعات مین گھولکر لانبی گولیان بنائین اور وقت حاجت کے مایعات مناسبہ مین حل کر کے آنکھ مین اُنگلی سے لگائین اور شیاف سوا ے آنکھ کے اور عضو مین بھی مستعمل ہی کما لا یخفی ۔

برود حصرم ۔ کہ جرب دبیاض ودمعہ وسلاق وسبل وظفرہ کو نافع ہی توتیا ے کرمانی مغسول دس درم زنجبیل ہلیلہ زرد زرد چوبہ ہر ایک پانچ درم دارفلفل مامیران چینی ہر ایک تین درم نمک ہندی ایک درم کوٹکر ریشمی کپڑے مین چھان کر بیس دن آب غورہ مین پروردہ کرین بعد اُسکے سایہ مین خشک کرین اور پھر کوٹکر ریشمی کپڑے مین چھان کر آنکھ مین چھڑکین

برود بنفشہ ۔ کہ جرب چشم کو نافع ہی گل بنفشہ کشنیز خشک بریان صمغ عربی کتیرا ہر ایک ایک درم نشاستہ تین درم کوٹ کر چھان کر پانچ دفعہ عرق کے مین پروردہ کر کے خشک کرین پھر پیسکر ریشمی کپڑے مین چھان کر استعمال کرین ۔

برود دمعہ ۔ استخوان ہلیلہ کابلی سوختہ تین درم بازو نمک اندرانی ہر ایک ڈیڑھ درم کوٹکر ریشمی کپڑے مین چھان کر استعمال کرین کہ سیلان اشک اور تر رہنے آنکھ کو فائدہ مند ہی ۔

برود پارسی ۔ قوت باصرہ زیادہ کرے اور آنکھ کو محافظت کرے توتیا مارقشیشا اقلیمیا ے نقرہ ہر ایک پانچ درم سنبل الطیب ساذج زعفران ہر ایک ایک درم مروارید ناسفتہ دو درم کافور دو دانگ مشک ایک دانگ کوٹ کر ریشمی کپڑے مین چھانکر استعمال کرین

برود احمر ۔ کہ آنکھ کو ٹھنڈا اور سوزش اُسکی موقوف کرے شادنج عدسی مغسول دس درم مس جلا ہوا پانچ درم مروارید ناسفتہ ایک مثقال دو دانگ نبات ایک درم کوٹ کر ریشمی کپڑے مین چھانکر استعمال کرین ۔

برود کافوری ۔ حمرت وحرارت آنکھ کو مفید ہی توتیا آب غورہ انگور مین پروردہ کر کے پانچ درم کافور ایک قیراط کوٹکر ریشمی کپڑے مین چھانکر استعمال کرین ۔

برود رمانی ۔ کہ اسکا نام برود لقائین ہی واسطے تقویت آنکھ اور ازالۂ ضعف بصارت کے مجرب ہی انار ترش وشیرین لیکر بیج اور گودا اُسکا نکال کر کوٹین اور نچوڑین اور صاف پانی اُسکا لیکر ایک من اس پانی مین ایک سو درم شہد صاف ملا کر بیچ دیگ پتھر کے گرم آگ پر پکائین اور کف دور کرتے رہین یہان تک کہ قوام ہو جائے بعد اسکے چاندی یا شیشے کے باسن مین رکھین اور تھوڑا آنکھ مین لگائین فقط یا گلاب مین ملا کر ۔

برود ۔ کہ نہایت مقوی بصر وحافظ صحت چشم ہی اور

قاطع دمعہ و قاطع بیاض و حکہ و جرب مزمن و محلل اورام ہی اور جالینوس نے اسکو تالیف کیا نام اسکا جلاء کحل الریاتین و برود انقاشیین ہی توتیا کرمانی سافج ہندی مس سوختہ ہر ایک ایک جزو صبر فلفل دار فلفل شادنج عدسی مغسول یا مقناطیس سوختہ مغسول ہر ایک نصف جزو مامیثا مازو حشیشج انزروت زبدۃ البحر ہر ایک ربع جزو باریک کرکے آب انارین مین پانچ مرتبہ پرورده کرکے ہر مرتبہ دھوپ مین رکھین۔

برود۔ کہ جلا کرتا ہی اور مقوی ہی نشاستہ چار درم صمغ عربی دو درم سرمۂ سرخ سفیدۂ ارزیز ہر ایک ایک درم مانند غبار کے پیسین۔

بنفسجی۔ کہ جسوقت جرب آنکھ مین ہیجان کرے اور ادویۂ حارہ سے نفرت ہو اسکو استعمال کرین تو گرمی موقوف ہوجائے گل بنفشہ کشنیز سوختہ صمغ عربی کتیرا ہر ایک ایک درم نشاستہ تین درم کوٹکر چھانکر سرکے مین پانچ مرتبہ پرورده کرکے ریشمی کپڑے مین چھان کر نگاہ رکھین۔

نوع دیگر۔ کہ تاریکی کو آنکھ کی اور دمعہ و جرب و حکہ کو نافع ہی اور اس نسخے مین اگرچہ بنفشہ داخل نہین ہی لیکن جو رنگ اسکا مشابہ رنگ بنفشہ کے ہی اس نام سے مسمی ہی شادنج مغسول دو درم مس سوختہ دار فلفل سنبل الطیب ہر ایک آدھا درم ساذج ہندی دو دانگ قاقلہ مشک دم الاخوین ہر ایک ایک دانگ کافور نصف دانگ مانند غبار کے تیار کرین۔

حرف الحاء

حزم۔ بجائے مہملہ و زائے معجمہ و دال سے مرکب ہی کہ آنکھ مین استعمال کرتے ہین اور واسطے قلع بیاض کے مجرب ہی اور اصل اسمین پوست بیضہ مدبر ہی کہ باریک پیسین پس اگر ساتھ اکیلی شکر کے ملائین حزم صغیر کہتے ہین اور اگر ادویۂ دیگر ملائین حزم کبیر اور اگر وقت استعمال کے عسل بھی اضافہ کرین حزم معسل کہتے ہین اور انکو بیاض غلیظ مین اور ابدان قوی مین استعمال کرتے ہین اور طریق تدبیر قشور بیضہ کا یون ہی کہ چھلکے کو انڈے کے شیرین پانی مین ترکرکے دھوپ مین غبار سے چھپا کر رکھین جب پانی سڑ جاتے پانی بدل دین اور آہستہ دھوئین اور پوست باریک کہ چھلکے کے اندر سے جدا ہو دور کرین اور تازہ پانی گرا کر ایسے باسن مین کہ منھ اسکا بند کیا ہو دھوپ مین رکھین تو غبار نہ پہونچے اور پانی سڑ جائے بعد اسکے اسی طرح پھر تر کرین اور دھوئین اور پانی بدل ڈالین یہانتک کہ پانی نہ سڑے اور پوست چھلکے سے جدا نہ ہو پس چھلکے کو سکھا کر کام مین لائین۔

حزم کبیر مجرب۔ کہ بیاض قوی کو قلع کرے قشور بیضۂ مدبر مروارید عقد نی کہنہ خاکستر صدف زبد البحر شیح بور الصیب ونیبج اقلیمیائے فضہ اقلیمیائے طلا شادنج مغسول نیسدر مادخباج نیسر ہر ایک ایک جزو حجر المس ربع جزو شیرزق نصف جزو کوٹ کر ریشمی کپڑے مین چھانکر سلائی سے آنکھ مین لگائین یا چھڑک کر پٹی

باندھین ۔

حزم مسہل ۔ کہ حزم کبیر سے قوی ہے بعر الضب قشور مدبر بنفسہ نعام صدف محرق شیخ (بیضہ مرغ) سرگین خطاف (ابابیل ۱۲) لسد بورہ رنی سب سات دوائین ہین برابر لیکر پیسین اور زہرہ کرگس و کانگ مین تر کرین بعد اسکے خشک کرین اور مانند تبہار کے نیسا نگاہ رکھین اور وقت حاجت کے شہد رقیق مین گھولکر لگائین ۔

حب غشا ۔ یعنی بتبھوری تربد موصوف ایک درم غاریقون پوست ہلیلہ کابلی ہر ایک آدھا درم صبر چار دانگ گل سرخ دو دانگ مقل ایک دانگ سقمونیا بے تسوی آدھا دانگ پانی مین گولیان بنائین اور یہ ایک خوراک ہے اور حبوب کہ آنکھ کو مفید ہین مانند حب ذہب و بنفشہ و مانند انکے جو سر کو بھی مفید تھین تحت امراض سر مین مذکور ہوئین چاہیے کہ وہان دیکھ لین اور اوزان اس حب کے موافق ایک خوراک کے لکھے گئے اس لیے کہ حق حبوب مین خصوصاً جو مسہل ہون لائق یہ ہے کہ صبح کو بنائین اور رات کو کھائین تو خشک اور سخت نہو جائین اور شدت سے نرم بھی نہ رہین ۔

حرف الدال

دوا ۔ کہ درد چشم کو ایک لحظے مین ساکن کرے لودھ پتھانی مائدہ گندم روغن گاؤ ہر ایک چار درم اجزا کو خمیر کرکے چار غلولہ بنائین اور پھٹکری مٹی کی اوپر ملائم آگ کے رکھکر ایک غلولہ اسپر رکھین جب گرم ہوئے نرم کرکے اوپر آنکھ کے رکھین اسوقت تک کہ سرد ہو جائے پس غلولہ دوسرا کہ گرم ہوا ہو اسکو آنکھ پر رکھین اسی طرح کرتے رہین تو درد جاتا رہے

دیگر ۔ زردچوب دیودار ہلد کوٹ کر چھانکر ساتھ دودھ عورت کے یا دودھ بکری کے جوش کرین اور کف اسکا آنکھ مین لگائین اور یہ دونون دوائین واسطے رمد دموی و صفراوی کے موضوع ہین اور رمد بلغمی و سوداوی وریحی کو بھی نافع ہین اور واجب ہے کہ رمد دموی مین پہلے فصد یا حجامت سے خون نکالین اور ساتھ جوشاندے ہلیلہ یا فلوس خیارشنبر و کشمش کے طبع کو ملائم کرین اور رمد صفراوی مین تلیین کافی ہے اور بعد تنقیہ کے گشنیز خشک ایک درم برابر اسکے نبات کوٹ کر چھانکر وقت خواب کے کھلائین کہ رمد کو جو حرارت سے ہو دفع کرتی ہے اور بخار کو روکتی ہے ۔

دوا ۔ کہ درد چشم کو جو ساتھ خشکی و خارش اور سرخی کے ہو اور پانی آنکھ سے جاری ہو اور درد سر ہو اور جو دوا اوپر آنکھ کے لگاتے ہون جلد خشک ہو جاتی ہو فائدہ کرے صندل برگ نیم بیخ سوسن دیودار نمک سنگ پیسکر ساتھ پانی گرم کے گرد آنکھ کے طلا کرین ۔

دوا ۔ کہ سب اصناف رمد کو نافع ہے لودھ چھ درم پوست ہلیلہ تین درم پانی مین گھسین اور روئی دھنکی ہوئی اسمین ڈبو کر اوپر پشت آنکھ کے رکھین اور باندھین ۔

دوا ۔ کہ سب اقسام رمد کو مفید ہے لیمو کا پانی جوڑے لوہے مین رکھکر لوہے کے ٹکڑے سے پیسین اور لحظہ لحظہ پانی لیمو کا ڈالتے رہین تو غلیظ ہو جائے پس اسکو آ پلک پر رکھین اور دو تین مرتبہ تکرار کرین اور اگر

بکلے آم کو لوہے کے باسن مین خوب کوٹین اور اسکو آنکھ
پر باندھین یہی عمل کرے مجرب ہی —
نوع دیگر ۔ پوست نیم برگ بانسہ گیرو کرائتہ زنجبیل گلو
صندل سرخ ترپھلا موتھ زرد چوبہ اندرجو ہر ایک پندرہ درم
نیمکوفتہ کرکے پانچ درم اس مجموعہ سے لیکر چار سیر
پانی مین جوش کرین جب آدھا سیر رہے صاف کرکے
پلائین اور اکیس دن مداومت کرین انواع درد چشم
کو دفع کرے —
دوا ۔ کہ رمد بلغمی کو نافع ہی برگ نیم نمک سنگ زنجبیل
پانی مین پیسکر آنکھ مین لگائین —
دوا ۔ کہ قرحہ چشم کو نافع ہی جوشاندہ ترپھلا کا ساتھ
نبات کے پلائین اور السی اور میتھی پانی مین ترکرکے
لعاب اسکا آنکھ مین ٹپکائین اور فصد اور نکالنا خون کا
جسطرح سے کہ ممکن ہو سب تدبیرون سے مقدم جانین
اور جب شفا ہونے لگے زردی انڈے مرغ کی اور
زعفران پیسکر طلا کرین کہ بالکل شفا حاصل ہو —
دوا ۔ کہ بیاض چشم کو نافع ہی اگر جدید ہی پہلے تنقیہ کرین
بعد سر کو پانی گرم کرکے بخار پر رکھین یا حمام کرین بعد اسکے
کسی شخص سے کہین کہ زنجبیل کھا کر اپنے زبان سے آنکھ
کو چاٹے اور اگر بیاض کہنہ وسطبر آنکھ کو چھپا لے بنبہ دانہ
کوٹ کر مغز اسکا لیکر روغن نکالین ایک درم یہ روغن
اور دو دانگ کف دریا کوٹ کر ملا کر آنکھ مین لگائین
اور مداومت کرین مجرب ہی —
دوا ۔ گل چشم کو کہ ہندی مین پھلی کہتے ہین نافع ہی ناخن فیل
توتیائے سبز زعفران ساتھ دودھ اُس عورت کے کہ لڑکا جنی ہو
پیسکر آنکھ مین لگائین —
دیگر ۔ دودھ درخت برگد کا آنکھ مین لگائین —
دیگر ۔ سونٹھ پھٹکری نمک سنگ جملہ برابر کوٹ کر چھان کر
ہر دن تین مرتبہ آنکھ مین لگائین کہ گل چشم گھوڑے اور
ہاتھی اور آدمی کا برطرف ہوتا ہی مجرب ہی —
دیگر ۔ زہرہ آدمی کا خشک ہو یا تر آنکھ مین لگائین
دیگر ۔ موصلی سفید ساتھ پانی یا سرکہ ہندی کے پیسکر
آنکھ مین لگائین —
دوا ۔ کہ جرب یعنی خارش پلک کو مفید ہی پہلے سر
کی فصد کھولین بعد تنقیہ کے مطبوخ ہلیلہ دین اور
شیاف احمر لگائین —
دوا ۔ کہ غدۂ چشم کو نافع ہی اور غدہ وہ ہی کہ کوئے
مین آنکھ کے جو جانب ناک کے ہی زیادتی حاصل ہو
مقدار ایک بیر کے یا کم ۔ اس سے زنگار نوشادر کو
پانی مین پیسکر اُسپر لگائین اور مداومت کرین اور اگر یہ
دوا اثر نکرے لوہے کے آلہ سے کاٹین اور سفیدی
انڈے مرغ کی اُسپر لگائین —
دوا ۔ کہ ظفرہ یعنی ناخنہ کو نافع ہی چرک گوش آدمی کا
ساتھ شہد کے ملا کر ہر دن لگائین اگر ضعیف اور
ہلکا ہوگا برطرف ہو جائیگا اور اگر کہنہ و موٹا ہوگا زیادہ
ہونے سے باز رہیگا اور ناخنے موٹے کا علاج
سوائے کاٹنے کے اور نہین ہی —
دوا ۔ کہ نقطے چشم کو کہ عربی مین طرفہ کہتے ہین نافع ہی
کبوتر یا بوکے شہپر کا خون لیکر گرم گرم آنکھ مین لگائین
کئی مرتبہ اور اگر فصد کو مقدم کرین بہتر ہی —

دواے۔ کہ سبل چشم کو نافع ہی پہلے فصد سر رگ کی اور صافن کی کھولین اور ہر دن دس درم سفوف ترپھلا کھلائین۔

دیگر۔ سونٹھ پیپل نمک لاہوری کف دریا گج پیپل ست ہیفۂ بابرنگ ہرتال سُرخ ترپھلا جملہ برابر کوٹ کر ریشمی کپڑے مین چھان کر آنکھ مین لگائین اور غذا کھچڑی و روغن گاؤ یا روٹی خمیری کھلائین۔

دواے۔ کہ شعر زائد کو نافع ہی بال کو اُکھاڑ کر فی الفور خون اونٹ کا یا روغن کچلے کا اُسپر ملین اور تکرار کرین اور خون مینڈک کا بھی یہی حکم رکھتا ہی لیکن تنقیہ بدفعات کرنا چاہیے تو عود نکرے۔

دواے۔ کہ سلاق کو یعنے گرجانے بال پلک کو ساتھ کھجلی کے نفع کرے اول دماغ کو ساتھ سعوط پانی پھل کٹائی خرد کے پاک کرین بعد اُسکے سر کو اوپر بخار پانی گرم کے رکھین اور بہت مرتبہ حمام کرین اور سنگ بصری و توتیاے سبز و نبات و کافور بوزن برابر پیسکر ساتھ پانی کے حب بنائین اور ہر دن باسی پانی مین گھسکر آنکھ مین لگائین اور جاننا چاہیے کہ سلاق دو طرح ہی ایک وہ کہ کنارے پلک کے سُرخ و درشت ہو جائین یہ قسم کمتر علاج کو قبول کرتی ہی مگر فصد سر رگ کی نکر کھولین اور دوسرے وہ کہ کھجلی ہو اور بال گر جائین اور سوا اسکے اور کچھ نہو تدبیر اسکی لکھی گئی۔

دواے۔ کہ عشا یعنی شب کوری کو نافع ہی اگر خون سے ہو رگ سر رگ کی یا رگ پیشانی کی یا رگین دونون گوشے چشم کی کھولین یا اوپر جانب گردن کی حجامت کرین بعد اسکے مسہل دین اور استفراغ کرین اور پانی کٹائی خرد کے سعوط سے دماغ کو پاک کرین اور اگر بلغم سے ہو تنقیہ کرین اور شہد اور پیپل آنکھ مین لگائین۔

دیگر۔ زہرۂ ماہی رہو یا گوزن یا فاختہ کا آنکھ مین لگائین۔

دیگر۔ میل بکری کے کان کا ساتھ شہد کے آنکھ مین لگائین اور اگر کسی چیز سے دفع نہو حب صبر و شحم حنظل سے طبع کو نرم کرین۔

دواے۔ کہ دمعہ کو نافع ہی سنگ بصری ہلیلہ زرد ہر ایک ایک درم صبر سقطری فلفل گرد ہر ایک آدھا درم کوٹ کر چھان کر آنکھ مین لگائین۔

دیگر۔ زہرۂ خروس کا آنکھ مین اکتحال کرین۔

دواے۔ کہ ربوہ کو فائدہ کرے ربوہ وہ بیماری ہی کہ رطوبت باریک مانند تار عنکبوت کے سر سے اُتر کے آنکھ مین جیسے اور آدمی گمان کرے کہ کوئی چیز خارج دماغ آنکھ مین آئی ہی کف دریا سنگ بصری توتیاے سبز توتیاے سفید خاک سو مقشر سب برابر پیسکر آنکھ مین لگائین

دواے۔ کہ شعیرہ کو نافع ہی موم کو گرم کرکے کئی مرتبہ اوپر شعیرہ کے رکھین۔

دیگر۔ سرگین کا پیسکر طلا کرین اور آنکھ کو اوپر بخار گرم پانی کے رکھین۔

دیگر۔ کہ غرب کو فائدہ کرے اور غرب وہ بیماری ہی کہ پہلے ورم ہوتا ہی بعد اُسکے ناسور ہو جاتا ہی اور زرد آب اور پیپ اُس سے نکلتی ہی مگر جبتک زرد آب نہین آتا دماغ کو ساتھ پانی پھل کٹائی وغیرہ کے پاک کرین بعد اُسکے

زردچوبہ نانخواہ مساوی الوزن کوٹ چھان کر آنکھ پر چھڑکین اور بعد پیدا ہونے زرد آب کے سوائے داغ کے اور کوئی علاج نہین ہی۔

دوا۔ کہ تحجر کو ابتدا مین نافع ہی توتیائے سبز نوشادر پانی مین پیسکر ملین مکرر اور اگر نفع نہ کرے قطع کرین۔

دوا۔ کہ خیرگی چشم کو نافع ہی زنجبیل خلقلین تخم کرنج زردچوبہ دارچوبہ نمک سنگ پوست بیخ بید انجیر سنگھ یعنے بوق کوٹ کر چھان کر ساتھ دودھ بکری کے پیسکر آنکھ مین لگائین خیرگی و شبکوری جاتی رہے۔

دوا۔ کہ ضعف بصر کو نافع ہی میدہ و شکر و روغن سے حلوا پکائین اور قدرے فلفل دراز ملا کر ہر نہار سات درم اس سے تناول کرین۔

دیگر۔ زعفران سرمہ عدنی صندل سفید دارچینی کافور جوزبوا نہ قسط الایچی سرخ ناگیسر جملہ برابر پیسکر ساتھ پانی کے حب بنائین اور وقت حاجت کے سرد پانی مین پیسکر آنکھ مین لگائین کہ انواع ضعف کو فائدہ مند ہی۔

فائدہ۔ نزول الماء و شرناق و ناخنہ و سبل وغیرہ کہ دستکاری سے تعلق رکھتے ہین جراح کامل سے رجوع کرین۔

انتباہ۔ انتشار دوا ہی۔

حرف الذال

ذرور ملکایار۔ در وقیح و ابتدائے رمد کو نافع ہی انزروت مربے بہ شیر خر نشاستہ صمغ عربی نبات جملہ برابر کوٹ کر چھان کر آنکھ مین لگائین۔

ذرور اصفر۔ واسطے کمنتہ المدہ در مد رطوبی کے نافع ہی انزروت مربے پانچ درم شیاف مامیثا دو درم صبر زعفران تخم گل ہر ایک آدھا درم افیون چار دانگ۔

ذرور اصفر نوع دیگر۔ انزروت مربے دس درم صبر زعفران حضض ہر ایک دو درم مرصافی ایک درم

ذرور۔ کہ قرحہ و موسرج کو نافع ہی سرمہ اصفہانی شادنج عدسی مغسول جملہ برابر کوٹ کر چھانکر ذرور بنائین۔

ذرور ابیض۔ کہ ابتدائے رمد کو نافع ہی اقلیمیا سے نقرہ صبر سفیدہ ارزیز ہر ایک دو درم کتیرا بیس درم صمغ عربی چالیس درم گل سفید ساٹھ درم نشاستہ تیس درم افیون دس درم کوٹ کر ریشمی کپڑے مین چھانکر پانی سونف مین پرورده کرکے ذرور بنائین۔

فائدہ۔ بروده مین یہ امر گذر چکا ہی کہ اجزا ذرور کے اکثر بدون ملانے شے سائل کے مستعمل ہوتے ہین کلیہ نہین ہی پس یہان کہ پرورده کرنا اجزائے ذرور کا سونف کے پانی مین کہا گیا کسی کو وہم نہ ہو کہ یہ برود ہے اور سہواً ذرور مین مرقوم ہوا ہی۔

ذرور رمادی۔ جرب و سبل و دمعہ کو نافع ہی مامیران چینی ایک درم توتیائے کرمانی پرورده تنبیح سوختہ مغسول توبال مس سوختہ مغسول سرمہ اصفہانی پرورده ہر ایک دو درم

ذرور انزروت۔ قرحہ کو پاک کرے نشاستہ تین درم انزروت مربے سفیدہ ارزیز ہر ایک دو درم۔

ذرور رغب۔ ہرتال کو ساتھ پیشاب لڑکے کے مس کر خشک کرین بعد اسکے مانند غبار کے پیسکر ناصور مین گوشہ چشم کے چھڑکین لیکن ناسور کو نچوڑ کر پاک کرین۔

ذرور معسل۔ بیاض کو نافع ہی اگر قرنیہ مین نتو یعنے

بلندی نہو سرگین خطاطیف عاقر قرحا انزروت زنگار ستھو تیا اقلیمیا کوٹ کر چھان کر ساتھ شہد مصفا کے گوندہ کر استعمال کرین اور یہ گذر چکا ہی کہ اجزا ذرور کے ساتھ مائعات کے بھی مستعمل ہوتے ہین۔

ذرور وردی۔ کہ واسطے سرج و شبرہ و قرحہ رطب کو نافع ہی سپیدہ ارزیز تین درم اقلیمیائے نقرہ دو درم اور دو دانگ افیون دو دانگ صمغ عربی ایک درم دو دو دانگ انزروت آدھا درم مس سوختہ دو حبہ دو دو دانگ شادنج مغسول چار دانگ۔

ذرور۔ کہ دمعہ و جرب و ضعف بصر کو نافع ہی اور بوڑھون کو موافق ہی توتیائے مغسول دس درم پوست ہلیلہ زرد صبر سقوطری زرد چوبہ دار فلفل ہر ایک پانچ درم فلفل دو درم۔

ذرور۔ کہ واسطے دردکنہ چشم اور سرخی کے اور نکلنے پانی کے نافع ہی توتیائے مغسول نشاستہ سپیدہ ارزیز جملہ مساوی الوزن۔

ذرور ظفرہ۔ شیاف مامیثا سادج ہندی ماما ہر ایک ایک دانگ و نصف سرمہ فلفل زنگار ہر ایک ایک درم

ذرور۔ کہ واسطے جرب و سبل و ظفرہ و آکلہ و جفن کے نافع ہی اقلیمیائے فضی صمغ عربی ہر ایک تین درم زعفران فلفل شنجرف ہر ایک دو درم افیون ڈیڑھ درم

ذرور۔ کہ واسطے درد چشم اطفال کے نافع ہی انزروت مربے چشمک ہر ایک دس درم مامیران دم الاخوین ہر ایک دو درم۔

ذرور کمنہ۔ مر مقشر ہلیلہ زرد ہر ایک دو درم دار فلفل مامیران ہر ایک دو دانگ زبد البحر ایک درم صبر ڈیڑھ دانگ

ذرور سبل توتیائے مغسول دو مثقال مامیران چینی دو درم زبد البحر حضض مکی صبر سقوطری دار فلفل ہلیلہ زرد ہر ایک ایک درم انزروت عربی چار مثقال صمغ عربی ایک مثقال۔

ذرور بیاض۔ سادج ہندی چھ درم مس سوختہ سرمہ اصفہانی توبال مس سوختہ ہر ایک تین درم شادنج مغسول مرجان ہر ایک ایک درم صدف سوختہ مامیران چینی ہر ایک دو درم

ذرور کافور۔ واسطے حرارت چشم کے اور رمد کے نافع ہی صدف سوختہ مروارید ناسفتہ ہر ایک دو درم نشاستہ ایک درم کافور ایک دانگ۔

ذرور ابیض بہ نسخہ دیگر۔ کہ بہت لطیف اور محلل رمد کا اور مجفف رطوبات کا اور واسطے اور امراض چشم اطفال کے بہت نافع ہی انزروت اشیمزج ہر ایک ایک جزو حبۃ السود نشاستہ ہر ایک نصف جزو سفید آب قلعی ربع جزو۔

ذرور منصف۔ عبارت ہی ترکیب ذرور ابیض اور ذرور اصفر سے کہ بالمناصفہ ہو اور پارسی مین اسکو ذرور نیمانیم کہتے ہین نفع اسکا جامع ہی۔

ذرور اشیمزج۔ واسطے بیاض رقیق و جرب و حکہ و حمرت ملتحمہ و بقایائے رمد کے و حرقت و دمعۂ حارہ کے نافع ہی اور نہایت مجرب ہی اشیمزج کہ اسکو تشمیزج کہتے ہین بیس درم ساتھ گیاہ مامیثا کے کہ بیس درم ہو جوش کرکے تین دن اسی پانی مین رہنے دین بعدہ نکالکر خشک کرین پس مغز مقشر اشیمزج کا دس درم صمغ سماق صمغ آلو انزروت نبات گرد اسپغول کی کہ اسکے کوٹنے سے جدا ہوئی ہو

ہر ایک دو درم افیون بقدر دو نخود لیکر ذرور بنائین۔

ذرور مامیران۔ واسطے اختلاج دائمی چشم کے اور امراض مزمنہ کے اور تقویت بصر کے مجرب ہی زنجبیل قرنفل مامیران فلفل دار فلفل توتیائی کرمانی مغسول صمغ عربی جملہ برابر۔

ذرور۔ واسطے دفع کرنے سرخی چشم کے اور رمد کے اور صاف کرنے آثار کے اور طرفہ کے مجرب ہی برگ عنب الثعلب سوختہ کشوث سوختہ مروارید ناسفت مقناطیس سوختہ مغسول ریگ کہ زرگر چاندی کو اُس سے صاف کرتے ہین جملہ برابر کوٹ چھانکر ذرور بنائین ذرور سکہ اکثر امراض چشم کو نافع ہی حضض گل درخت کاسنی ثمات ہر ایک وزن مین برابر۔ بہ رو ربنا کہ استعمال کرین

حرف الشین

شیاف عنبر۔ واسطے تاریکی چشم ضعف بصر کے نہایت مفید ہی توتیا سے مغسول بیس مثقال مشک ایک قیراط عنبر دو دانگ حضض تین درم پہلے حضض کو پانی مین حل کرین پھر ادویہ کو بعد بہت پیسنے کے اُسمین ملاکر شیاف کرین۔

شیاف ابن زہیر۔ کہ آنکھ کو جلا دے حضض ہندی مرکی کف دریا ہر ایک ایک درم زعفران سندروس ہر ایک آدھا درم بورہ ارمنی ربع درم کوٹکر ریشمی کپڑے مین چھان کر گلاب مین شیاف بناکر وقت حاجت کے ساتھ سفیدی انڈے مرغ کے آنکھ مین لگائین۔

شیاف ابیض۔ واسطے امراض حارہ و تحلیل اورام اور روع کے مفید ہی سفیدہ ارزیر کتیرا صمغ عربی ہر ایک تین درم نشاستہ ایک درم اور اگر ربع درم افیون اضافہ کرین مسمّٰی ہوتا ہی بنام شیاف ابیض افیونی کے یہ درد صعب کو موقوف کرتا ہی اور مخدر ہی اور اگر دو درم انزروت مربے بہ شیر خر اضافہ کرین شیاف ابیض انزروتی نام ہوتا ہی پس اگر اُسمین افیون بھی ڈالین شیاف ابیض انزروتی افیونی نام ہوگا اور شیاف انزروتی قوی تر ہی شیاف ابیض سادہ سے اور دفع کرنے مین رمص کے نافع تر ہی اور اگر کندر دو قیراط سے آدھے درم تک اضافہ کرین شیاف ابیض کندری کہتے ہین یہ شیاف کندری واسطے قروح چشم کے مستعمل ہی بالجملہ شیاف ابیض کو ساتھ لعاب اسبغول کے یا سفیدی بیضہ مرغ کے بنانا چاہیے۔

شیاف وردی۔ تالیف کیا ہوا ابن رضوان کا رادع و محلل و مسکن مواد و نافع نزلات و مقوی اعضاے عین اور واسطے درد و بیخ درمد کے نافع اور عظیم الاثر ہی امراض حارہ کے لیئے گل سرخ بے اقماع دو مثقال صندل سفید و سرخ ہر ایک پانچ مثقال حضض کتیرا صبر ماف شیاف مامیثا ہر ایک ایک مثقال گلاب مین پیسکر شیاف بنائین۔

شیاف وردی بہ نسخہ محمد زکریا۔ واسطے رمد کے نافع ہی اور بہترین و نیک ترین شیاف وردی مین ہی حدت اُسکی کمتر حدت شیاف ابیض سے ہی گل سرخ چار درم زعفران سفیدہ ارزیز ہر ایک دو درم افیون صمغ عربی ہر ایک ایک درم۔

شیاف وردی ۔ کہ تکلیف و شدت درد چشم کو اسی وقت موقوف کرے گل سرخ پندرہ درم زعفران آٹھ درم افیون دس درم سنبل الطیب دو درم صمغ عربی ایک درم ساتھ آب باران کے شیاف بنائین ۔

شیاف وردی ۔ کہ قرحہ وسخہ و بثرہ و موسرخ و نو قرحیہ وغنیہ و کمنۃ المدۃ و رمد کہنہ کو نافع ہی گل سرخ تازہ ستر درم اقلیمیاے نقرہ محرق مغسول صمغ عربی ہر ایک چوبیس درم زعفران چھ درم افیون شرمہ ہر ایک تین درم زنگار توبال مس سنبل ہندی ہر ایک دو درم مرصافی چار درم آب باران مین شیاف بنائین ۔

شیاف مرارات ۔ کہ انتشار و ابتداے نزول الماء کو نافع ہی زہرہ کلنگ زہرہ بیسوط زہرہ بزکوہی زہرہ باز زہرہ عقاب زہرہ کبک مجموع کو خشک کرکے دس درم شحم حنظل سکبینج فرفیون ہر ایک ایک درم سونف کے پانی مین شیاف بنائین ۔

شیاف مرارات ۔ کہ ضعف بصر کو اور ابتداے نزول الماء کو نافع ہی زہرہ باسق زہرہ عقاب زہرہ خرس زہرہ تیسوط زہرہ روباہ خشک کردہ مساوی الوزن سونف کے پانی مین شیاف بنائین ۔

شیاف مرارات ۔ کہ قوی تر پہلے سے ہی زہرہ کلنگ زہرہ کبک زہرہ گرگ زہرہ بزکوہی زہرہ ماشہ زہرہ تیسر زہرہ خرگور زہرہ کبوتر زہرہ لقلق زہرہ خوک زہرہ روباہ زہرہ خرگوش زہرہ آہو زہرہ ماہی ہر ایک خشک کیا ہوا دو درم سکبینج فرفیون شحم حنظل ہر ایک ایک درم سکبینج کو پہلے سونف کے پانی مین حل کرین پھر ادویہ کو کہ کنگ چھان کر اسمین ملا کر شیاف بنائین ۔

شیاف مرارات ۔ کہ واسطے نزول آب و رقوح اور غشاوہ اور رطوبت کے مفید ہی اور بسبب سرعت نفوذ کے طبقات مین تاثیر کرتا ہی اور قوت اسکی دو برس تک باقی رہتی ہی اقلیمیاے محرق پندرہ درم صمغ عربی آٹھ درم مداد ہندی فلفل سفید ہر ایک پانچ درم سفیدہ قلعی چار درم اشق سکبینج روغن بلسان جاوشیر ہر ایک دو درم زہرہ کفتار افیون ہر ایک ایک درم زہرہ ماہی زہرہ شیبوط زہرہ کبک ہر ایک سات درم زہرہ باشہ زہرہ گاؤ زہرہ خرس زہرہ عقاب زہرہ گرگ زہرہ غراب زہرہ باز ہر ایک ڈیڑھ درم اور اگر روغن بلسان نملے روغن آجر بدلے اسکے ڈالین اور شیخ ابوعلی سینا نے کہا کہ زہرہ شیبوط و گرگ ضروری ہین اور زہرہ ہاے دیگر زوائد مین اور چاہیے کہ اس شیاف کو ساتھ پانی سونف کے آنکھ مین لگائین اور مجرب ہی تصریح کی ہی کہ زہرہ حداۃ و بوم و حجل کا دفع کرنے مین نزول الماء و غشاوہ کے مجرب ہی حداۃ کو غلیواج اور حجل کو کبک فارسی مین کہتے ہین اور بوم مشہور ہی ۔

شیاف ۔ کہ قائم مقام شیاف مرارات کے ہی زہرہ بزکوہی ظرف مسی مین خشک کیا ہوا دس درم شحم حنظل آدھا درم سکبینج دو درم فرفیون نوشادر ہر ایک ایک درم ساتھ پانی سداب یا سونف کے شیاف بنائین ۔

شیاف ۔ مجرب واسطے نزول الماء کے بار تفتیش شدہ دار فلفل اقلیمیاے ذہبی دود مس کہ مکان مین گلانے مس سے جمع ہوتا ہی جملہ مساوی الوزن ساتھ پانی

سونف کے شیاف بنائین۔

فائدہ۔ طریق جلانے مار فیشا کا یہ ہی کہ اسکو کوزہ شیشہ مین رکھکر پھر اسکا گل حکمت کر کے تنور گرم مین یہانتک رکھین کہ راکھ ہوجاوے۔

شیاف حلتیت۔ خیالات وابتداے نزول الماء کو نافع ہی حلتیت خربق سفید ہر ایک دس درم سکبینج تین درم ساتھ شہد کے شیاف بنائین۔

شیاف۔ کہ ابتداء نزول الماء کو مفید ہی خربق سفید ایک اوقیہ فلفل نصف اوقیہ اشق ایک درم ساتھ پانی برگ مولی کے شیاف بنائین۔

شیاف روشنائی۔ کہ شروع نزول الماء کو مفید ہی اور جرب وظفرہ وانتشار کو نافع ہی اقلیمیاے نقرہ اقلیمیاے طلا مروارید ناسفتہ ہر ایک دو درم کافور مشک ہر ایک ایک دانگ ساتھ آب باران کے شیاف بنائین

فائدہ۔ تحفۃ المومنین مین لکھا ہی کہ یہ لفظ روشیانی ہی بابعد شین کے اور نون بعد الف کے ہی اور کہا ہی کہ کلمہ یونانی ہی یعنی مقوی بصر لیکن کتب قدیم الخط جو نظر سے اِس درویش کی گذرین نون بعد شین کے اور یا بعد الف کے ہی اور شفاء الاسقام مین معنے اسکے جالب النور لکھے ہین یعنے کھینچنے والا روشنی کا

شیاف اصفر۔ واسطے ابتداے نزول الماء وتاریکی چشم کو مفید ہی انزروت مربی شیاف مامیثا ہر ایک آٹھ درم مرکی لورہ ارمنی فلفل سفید ہر ایک چار درم ہرتال زرد دو درم زعفران ڈیڑھ درم

شیاف اصفر دیگر۔ ہلیلہ زرد توتیاے ہندی ہر ایک پانچ درم فلفل سفید صمغ عربی ہر ایک تین درم زعفران ایک درم ساتھ پانی سونف کے شیاف بنائین۔

شیاف احمر لین۔ واسطے سلاق اور غلظ اجفان اور رمد منتہی کے نافع ہی شادنج عدسی مغسول دس درم مس سوختہ آٹھ درم صمغ عربی کتیرا مرصافی ہر ایک دو درم لبد ماہر مروارید ناسفتہ سادج ہندی ہر ایک چار درم دم الاخوین زعفران ہر ایک ایک درم

شیاف احمر لین نوع دیگر۔ کہ واسطے بقایاے رمد کے نافع ہی کتیرا صمغ عربی سادج ہندی ہر ایک ایک جزو مرصافی دم الاخوین زعفران ہر ایک نصف جزو۔

شیاف احمر حاد۔ سبل وظفرہ وسلاق وبیاض کو نافع ہی شادنج مغسول چھ درم صمغ عربی پانچ درم مس سوختہ زاج سوختہ ہر ایک دو درم افیون صبر سقوطری ہر ایک نصف درم زنگار دو درم زعفران مرصافی ہر ایک ڈیڑھ دانگ۔

فائدہ۔ عادت کحالونکی یہ ہی کہ احمر لین کو لانبا اور احمر حاد کو گول بناتے ہین تو درمیان دونون کے فرق رہے

شیاف اخضر۔ جرب وسبل وبیاض کو نافع ہی زنگار تین درم اقلیمیاے نقرہ اشق صمغ عربی سفید آب از زیر ہر ایک دو درم صمغ واشق کو پانی سداب مین پہلے حل کرین بعد اسکے ادویہ کو کوٹکر چھانکر اسمین ملاکر شیاف بنائین

شیاف اخضر نوع دیگر۔ کہ سلاق وجرب وحکہ وغشاوہ وسبل وبیاض کو نافع ہی صمغ عربی سفیدآب تلخی اشق ہر ایک ایک جزو زنجار شادنج عدسی ہر ایک نصف جزو اگر شادنج میسر نہو مقناطیس محرق مغسول برابر اسکے ڈالین

شیاف اسود - نافع ہی ساتھ لگانے اور طلا کرنے کے واسطے اُس ریح کے کہ پلک اور آنکھ مین ہو افیون مس سوختہ ہر ایک ایک درم و منصف زعفران شیاف مامیثا ہر ایک آدھا درم مروارید ناسفتہ لبسد ہر ایک ایک درم اقاقیا پانچ درم ساتھ آب باران کے شیاف بنائین

شیاف دیزج - کہ کہنہ و جرب و سبل و سلاق و شعر زائد کو نافع ہی اور معنی ویزج کے لغت یونان مین اسود یعنی سیاہ ہین زنگار چھ درم صمغ عربی انذروت ہر ایک چار درم اقلیمیا سلا افیون ہر ایک دو درم بارزد و مازو ہر ایک ایک درم ساتھ پانی سداب کے شیاف بنائین

شیاف نارنج - واسطے منع نوازل و حمرت و جرب و حکہ و دمعہ و رمد کے اور حفظ صحت چشم اور امراض پلک کے مجرب ہی توتیا آب نارنج پروردہ دس درم کتیرا نشاستہ انزروت گل سرخ صبر زرد خضض ہلی ہر ایک ایک درم سفید آب قلعی ہلیلہ زرد مع خستہ ہر ایک دو درم افیون ربع درم -

شیاف - واسطے بال زائد کے زاج صدا الحدید ہر ایک ایک جزو زنجار نوشادر توبال نحاس سوختہ ہر ایک نصف جزو ساتھ زہرہ جس طیر کے کہ میسر ہو شیاف بنائین

شیاف موقالیا - واسطے تاریکی بصر کے اور مواد منجملہ کے اور اوجاع کے اور قروح مزمنہ اور جرب کے اور طول رمد کے اور اکثر امراض چشم کے نافع ہی اقلیمیائے ذہبی توبال مس صمغ عربی ہر ایک دو درم مر صافی سنبل افیون زعفران ساذج ہر ایک ایک درم فلفل سفید چھ قیراط شراب مین گھول کر شیاف بنائین -

فائدہ - موقولیا بضم میم و سکون واو و فتح قاف کے اور بعد اسکے الف و لام و تحتانی و الف لغظ یونانی ہی بمعنی محلل

شیاف تفاحی - نہایت لطیف و بے غائلہ اور واسطے قروح و ضربان و غشاوہ و ثبور و موسرج کے اور خصوصاً جو آدمی دوا لگا نہین سکتے ہین اُنکے لیے مفید ہی اقلیمیائے محرق بُجھایا ہوا بیچ دودھ گدھی کے یا دودھ عورت کے سولہ درم سفیدآب قلعی مغسول آٹھ درم زعفران چار درم کتیرا دو درم ساتھ آب فطر کے یا آب باران کے شیاف بنائین اور ساتھ سفیدی تخم مرغ کے استعمال کرین اور قانون مین کہا ہی کہ بعض بجائے الفطر اور صاحب تحفۃ المومنین نے ترجما اسکا آب باران لکھا ہی ظاہر العبض نسخون مین عوض فطر کے مطر اسکی نظر مین آیا یا فطر کو ساتھ قاف کے پڑھا اور اُس سے آب باران مراد لیا بالجملہ فطر ساتھ فلک کے بیچ پانی اُسکا ادویہ چشم مین مستعمل ہی اگر ساتھ پانی ان ادویہ کے ملائین اقوی ہوگا -

شیاف سماق کبیر - واسطے رطوبات دمعہ و حکہ و سلاق و جرب و بیاض رقیق و امراض حارہ کے نافع ہی سماق دس جزو برگ مورد ہلیلہ زرد ہر ایک اڑھائی جزو یعنی ربع سماق سب اجزا کو دو چند پانی مین جوش کرین تو ربع رہ جائے بعد اسکے صاف کر کے پھر جوش کرین یہانتک کہ ثلث رہی پس ان ادویہ کو کہ مذکور ہوتی ہین اُسمین ملا کر شیاف بنائین

شیاف مامیثا - سرمہ توتیائے کرمانی نحاس محرق سفیدآب قلعی ہر ایک ایک اقاقیا نصف جزو کتیرا افیون نشاستہ ہر ایک ربع جزو -

شیاف سماق صغیر - واسطے رمد و حرارت چشم

کے اور التہاب وحکہ و دمعہ وجرب وسبل وضمور حدقہ وماق التصاق پلک کے نافع ہی اور مجرب سماق بیدانہ دس جزو سفیدآب یک جزو کتیرا نصف جزو کافور ربع جزو بدستور کیبر کے شیاف بنائین —

شیاف سماق — کہ جرب وسوزش وجحوظ کو نافع ہی سماق تیس مثقال ساتھ آب باران کے پکاکر نچوڑین اور صاف کرین پھر دوبارہ جوش کرین کہ غلیظ ہو وے اور بعد سرد ہونے کے سفیدہ دس درم اُسمین ملائین اور بعض لوگ آب سماق کو جوش کرتے ہین یہان تک کہ غلیظ ہوجاے پس گرد سماق کا اُسمین شیاف بناتے ہین —

شیاف حضرم — کہ جرب وحکہ وکمنہ کو نافع ہی زنجبیل پانچ درم ہلیلہ زرد صمغ عربی توتیاے مغسول ہرایک دس درم خضض ہلی چار درم زردچوبہ زعفران ہرایک درم ساتھ پانی غورہ کے شیاف بنائین —

شیاف دینارگون — کہ سبل رقیق کو دور کرے زردچوبہ شادنج عدسی مغسول صبر سقوطری شیاف مامیثا سب اجزا برابر لیکر آب باران مین شیاف بنائین — فائدہ — جو رنگ اُس شیاف کا مشابہ سونے کے ہی اسوجہ سے نام اسکا دینارگون ہوا —

شیاف دینارگون بہ نسخۂ دیگر — رمد سوداوی کو نفع کرتا ہی سفیدآب ارزیز اقلیمیا ہرایک دس درم افیون نشاستہ ہرایک ایک درم کتیرا انزروت ہرایک ایک درم ونصف آب باران مین تیار کرین —

شیاف دینارگون نوع دیگر — کہ سبل وظفرہ وجرب کو نافع ہی اور آنکھ کی جلا کرتا ہی اقلیمیاے بنی سفیدآب ارزیز ہرایک دس درم کتیرا صمغ ہرایک پانچ درم مروارید ناسفتہ لسبدوم الاخوین ہرایک چار درم ہرتال سرخ نبات اقاقیا ہرایک آدھا درم افیون نشاستہ درم زعفران نشاستہ مس سوختہ ہرایک دو درم سونف کے پانی مین شیاف بنائین —

شیاف بریہولونا — کہ رمد کو ایک دن مین اصلاح پر لاتا ہی اور سرخی کو کھوتا ہی اور آماس کو دور اور درد کو ساکن کرتا ہی اقلیمیاے فضہ مس سوختہ ہرایک تین درم کتیرا اقاقیا صمغ عربی ہرایک دو درم زعفران افیون ہرایک ایک درم انڈے کی سفیدی مین شیاف بنائین اور نسخہ دوسرا اور تحقیق لفظ بریہولونا کی حرف باے موحدہ مین بیان کر چکے ہین —

شیاف طرحماطیقون — کمنہ وجرب وسلاق واستر خاے جفن وسبل وریح کو نافع ہی شادنج مغسول بارہ درم صمغ عربی دس درم زنگار قلقطار سوختہ ہرایک پانچ درم مس سوختہ چار درم افیون زعفران ہرایک ایک درم ساتھ پانی سونف کے شیاف بنائین —

شیاف قیصر — ظفرہ وشحم زائد کو نافع ہی شادنج مغسول بارہ درم صمغ عربی مس سوختہ ہرایک چھ درم قلقطار سوختہ زنگار ہرایک دو درم سونف کے پانی مین شیاف بنائین —

شیاف خلوقی — کہ یاح کو پراگندہ کرے اور آماس ملتحمہ کو دور کرے مس سوختہ تین درم اقاقیا دو درم کتیرا صمغ عربی سنبل زعفران ہرایک ایک درم ساتھ آب باران کے شیاف بنائین —

شیاف غرب ناصور — کہ واسطے امراض مذکورہ کے

مجرب ہے صبر کندر انزروت گلنار سرمہ شب یمانی دم الاخوین ہر ایک ایک درم زنگار ربع درم پانی مین شیاف بنائین اور پہلے قرحہ کو دوا کر صاف کرین بعد اسکے شیاف ٹپکائین ۔

شیاف ۔ کہ واسطے تقویت آنکھ کے اور قبول نکرنے آفات کے اور دور کرنے سرخی کے اور جلاے بصر کے مفید ہے گل سرخ صمغ آلو صمغ عربی ہر ایک تین درم حضض دو درم اقلیمیاے نقرہ ایک درم نشاستہ توتیاے ہندی مغسول انزروت ہر ایک چار درم و نصف پانی مین شیاف بنائین

شیاف آبار ۔ قرحہ و مو سرج کو نافع ہے کہ گرمی کو کم کرتا ہے اور پلک کو مضبوط کرتا ہے اقلیمیاے طلا سفید آب ارزیز مس سوختہ سرمۂ اصفہانی صمغ عربی کتیرا سرب سوختہ ہر ایک آٹھ درم افیون ایک درم آب باران مین شیاف بنائین ۔

شیاف آبار نوع دیگر ۔ قریب پہلے کے ہے آبار سوختہ سرمۂ اصفہانی توتیا مس سوختہ کتیرا صمغ عربی ہر ایک چھ درم افیون نصف درم اور بعض لوگ اقلیمیاے طلا سفیداب ارزیز ہر ایک چھ درم کندر چار درم اضافہ کرتے ہین ۔

فائدہ ۔ آبار سرب ہے ۔

شیاف قلقند ۔ کہ واسطے ظفرہ کے نافع ہے مس سوختہ پانچ درم زنگار دس درم نوشادر قلقند بورہ ارمنی ہر ایک ایک درم زرنیخ نصف درم سرکے مین ملا کر ایک ہفتہ رہنے دین بعد اسکے شیاف بنائین اور استعمال کرین ۔

شیاف ۔ کہ ظفرہ کو خصوصا نافع ہے کندر زعفران ہر ایک ایک درم زرنیخ سرخ نصف درم شیاف بنائین اور نارسے وریشنے کے پانی مین گھسکر لگائین ۔

شیاف ۔ کہ شرہ اور قرحہ کو فائدہ کرے اور نشان قرحہ کو کھو دیوے شاخ گوزن سوختہ مغسول سرب سوختہ و شستہ ہر ایک چار درم توبال مس سوختہ و شستہ دو درم صمغ عربی تین درم افیون ایک درم

شیاف جالب النور ۔ واسطے ورد شدید اور جمیع اورام کے سودمند ہے اور واسطے تجاب مواد قوی التحلب کے بہت نافع ہے شیاف مامیثا چھ درم انزروت مربے زعفران افیون مر صافی زاج سوختہ ہر ایک دو درم صمغ عربی تین درم آب باران مین شیاف بنائین اور انڈے کی کی سفیدی مین ملا کر استعمال کرین ۔

شیاف ۔ کہ رمد شدید کو جو غلبہ حرارت سے ہو فائدہ کرے اور ورم بزرگ کو نفع کرے افیون کتیرا فیلزہرج اسفیداج ہر ایک چھ درم صمغ عربی بارہ درم سب اجزا کو باریک پیسین بعد اسکے شاہسفرم تازہ ایک رطل آب باران مین پکائین اور جب تہائی رہ جاے پس صاف پانی اسکا لیکر ساتھ ادویہ پیسی ہوئی کے ملا کر شیاف بنائین بقدر نخود کے اور سایے مین سکھا کر رکھین اور وقت احتیاج کے سرد پانی مین یا عورت کے دودھ مین یا انڈے کی سفیدی مین یا یتیمی کے جوشاندے مین جست پر یا تانبے گھسکر سات سلائی یا گیارہ سلائی اس سے وقت صبح کے آنکھ مین لگائین اور اسی قدر وقت شام کے ۔

شیاف زنگار ۔ جرب و سبل کو نافع ہے صمغ عربی سفیداب زنگار برابر جملہ ساتھ پانی سداب کے شیاف بنائین ۔

شیاف کافور ۔ واسطے رمد گرم کے سفیدہ ارزیز تین درم صمغ عربی ہر ایک چار درم لعبرا نصب ایک درم

کافور نصف درم ۔

حرف الضاد

ضماد ۔ کہ ورم درد چشم کو موقوف کرے آرد جو دس درم باقلا پانچ درم اقاقیا ایک درم سپیدہ تخم مرغ ایک عدد ساتھ پانی دھنیے تر کے اور پانی کاسنی کے ملا کر استعمال کریں

ضماد ۔ کہ درد و رمد کو موقوف کرے خصوصاً فصل جاڑے میں سیب کو کوٹ کر ضماد کریں مجرب ہے ۔

ضماد ۔ کہ درد شدید آنکھ کو نفع کرے صندل احمر شیاف مامیثا صبر فوفل صمغ عربی افیون اقاقیا جملہ برابر ساتھ پانی مکو کے یا پانی دھنیے تر کے اور اگر ضربان اشد ہو ساتھ جوشاندہ کوکنار کے یا پانی کاہو کے گھول کر پلک پر ضماد کریں

ضماد ۔ کہ رمد کو نفع کرے اور درد آنکھ کو موقوف کرے پنیر تر و تازہ اور گوشت تازہ اور زردی انڈے کی کہ مسلوق ہو ہر ایک کو انسے روغن گل میں گھول کر ضماد کریں کہ مسکن وجع ہے ۔

ضماد ۔ کہ نزول مواد ردیہ کو آنکھ سے باز رکھے صندل سفید کہ اوپر پتھر کے پیسا ہو ایک جزو انزروت نصف جزو سفیدی انڈے میں ملا کر صدغین پر ضماد کریں اور پوست خربزہ اوپر پیشانی کے ضماد کرنا یہی عمل کرتا ہے ۔

حرف الطاء

طلاء ۔ کہ جو اوپر پیشانی اور پشت چشم کے ملیں ابتدائے رمد کو فائدہ کرے اور مادے کو دفع کرے شیاف مامیثا صبر حضض گل سرخ صندل سرخ فوفل زعفران جملہ مساوی ساتھ پانی کشنیز تر کے یا آب کاسنی کے طلا کریں

طلاء ۔ کہ شرناق کو نافع ہے صبر ایک درم شیاف مامیثا اقاقیا مرلسبد ہر ایک دو درم زعفران نیم درم کوٹ کر چھان کر ساتھ آب مورد یا آب کاسنی کے طلا کریں ۔

طلاء ۔ کہ آنکھ کے ورم کو موقوف اور درد کو ساکن کرے عدس مقشر گل سرخ صندل سرخ ہر ایک دو درم کافور ایک دانگ و نصف کاسنی کے پانی میں گھول کر اوپر پیشانی اور پلک کے طلا کریں ۔

طلاء ۔ کہ یہی عمل کرتا ہے صبر شیاف مامیثا حضض گل زعفران افیون اقاقیا گل ارمنی صندل سرخ مساوی الوزن ساتھ پانی مکو کے یا گلاب کے طلا کریں ۔

طلاء ۔ کہ واسطے زوال سرخی چشم کے مجرب ہے ہلیلہ زرد نرکچور صندل سرخ زنجبیل ہر ایک آدھا ماشہ سب کو گلاب میں پیسکر آنکھ پر لیپ کریں ۔

طلاء ۔ کہ جحوظ چشم کو فائدہ کرے صبر حضض اقاقیا عصارہ لحیۃ التیس ساتھ پانی مکو کے طلا کریں ۔

طلاء ۔ کہ نشان کبودی کو جو ضربہ سے اوپر آنکھ کے بعد اچھے ہونے کے باقی رہ جاتا ہے دور کرے اور بیچ دور کرنے آنکھ کی سرخی کے مفید ہے کزبرہ فوتنج حجر الفلفل زرنیخ جملہ برابر گلاب میں یا پانی میں پیسکر طلا کریں ۔

فائدہ ۔ حجر الفلفل ایک پتھر ہے کہ بیچ بورے اور تھیلے فلفل کے پایا جاتا ہے کذا قال اسم السمرقندی فی شرح الاسباب والعلامات

طلاء ۔ کہ بیاض کو دور کرے شاخ گوزن کو شیر لحیۃ التیس میں

پیسکر اوپر آنکھ کے طلا کرین۔

فائدہ لحیۃ التیس کو ہندی مین درخت سرس کہتے ہین۔

طلا کہ گرنے بالون پلک کو منع کرے اور مجرب ہے استخوان خرما سوختہ سنبل الطیب سرگین موش صدف سوختہ فلفل ہر ایک ایک جزو سرمہ تین جزو قلعی سوختہ مغسول چھ جزو زعفران نصف جزو۔

طلا۔ کہ واسطے شعر زائد کے اگر بعد اُکھاڑنے کے پلک پر طلا کرین پھر نہ جمنے دے زعفران ایک مثقال کافور نصف دانگ پیسکر استعمال کرین۔

طلا۔ کہ تہبج اور ورم پلک کو فائدہ کرے گل سرخ شیاف مامیثا حضض گل ارمنی زعفران زردچوبہ صبر ساتھ پانی کشنیز تر اور آب کاسنی کے طلا کرین۔

طلا دیگر۔ کہ واسطے شعر زائد کے مجرب ہے ارجنہ نوشادر ہُنُم خر محرق جملہ برابر لیکر ساتھ سرکے شراب کے کہ پرانا ہو بعد اُکھاڑنے بالون کے طلا کرین۔

حرف القاف

قطور۔ کہ شب کوری کو دور کرے آب سداب آب کشنیز مساوی جوش کرین یہانتک آدھا رہجائے صاف کرکے دو تین مرتبہ آنکھ مین ٹپکائین۔

قطور۔ کہ رمد مین جلد اثر کرتا ہے حضض ایک درم شب یمانی مقدار نخود کے دونون کو دودھ مین عورت کے حل کرکے آنکھ مین ٹپکائین۔

قرا د ار وہ۔ یہ لفظ ترکی ہے اور نام دوا کا ہے کہ بعد نکالنے سبل کے استعمال کرتے ہین نوشادر مس سوختہ ہر ایک دو

درم توتیا بارہ درم کوٹکر چھانکر انڈے کی زردی مین گھول کر پوست مین انڈے کے رکھکر گل حکمت کرین اور پوست کوزے جدید مین رکھکر بھٹی مین رکھین یہانتک کہ پک جاے بعد اسکے صلایہ کرکے باریک کرین اور آنکھ مین لگائین۔

حرف الکاف

کحل۔ کہ واسطے تقویت بصر کے عجیب الاثر ہے اور جملہ امراض آنکھ کو فائدہ کرتا ہے سرمہ تیس تولہ سنگ بصری ایک تولہ مروارید دو تولہ مامیران نصف تولہ مرجان ایک تولہ تین ماشے ورق طلا چار ماشے سوائے ورق طلا کے جملہ اجزا کو باریک کرکے ساتھ پانی ہلیلہ کے کھرل کرین چار دن تک بعد اسکے گلاب مین چار دن تک کھرل کرین نوین دن ورق طلا اضافہ کرکے ساتھ گلاب کے پیسین بعد اُسکے ظرف شیشے یا چینی یا ملائی مین رکھین اور سلائی سے آنکھ مین لگائین اور چاہیے کہ کھرل سماق کا ہو یا عقیق کا یہ ترکیب ہندی ہے لہذا ساتھ اوزان ہندی کے مرقوم ہے تولہ بارہ ماشہ کا ہے ماشہ آٹھ سرخ و سرخ کو ہندی مین رتی کہتے ہین اور جیسا کہ اوزان مین اہل ولایت کے مرقوم ہے اُسکے حساب سے دو رتی معتدل المقدار بوزن تین جبہ کے ہوتی ہین۔

کحل الجواہر۔ کہ بصر کو قوت دے سرمہ اصفہانی دس درم ارقیشا پانچ درم اقلیمیا ئی طلا بارہ درم مروارید ناسفتہ تین درم زعفران نصف درم سافج ہندی دو درم۔

کحل الجواہر نسخہ دیگر۔ سرمہ چھ درم توتیا چار درم بسد مارقیشا ہر ایک دو درم مروارید سات درم

ساذج ہندی ایک درم مشک ایک طسوج۔

کحل - کہ حفظ صحت آنکھ کی کرے توتیا دس درم صبر حضض ہر ایک ایک درم شیاف مامیثا تین درم کافور ایک دانگ ٹکڑے چھانکر ساتھ پانی غورہ یا سماق کے پرورده کرین اور سایۂ مین خشک کرین اور صبح و شام آنکھ مین لگائین۔

کحل - کہ بصر کو تیز کرے اگر سبب ضعف رطوبت ہو توتیا کو تین مرتبے پانی مرزنجوش مین پیسین اور خشک کرین بعد اسکے فلفل دارفلفل زنجبیل مامیران ہر ایک دسوان حصہ توتیا کے ساتھ پانی سونف کے پیسکر توتیا مین ملائین اور آنکھ مین لگائین۔

فائدہ - اثمد و توتیا کہ پانی سونف یا مرزنجوش مین دو مرتبہ مدبر کیا ہو مقوی بصر ہی اسی طرح لگانا پانی سونف و شکر کا اور اسی طرح رات دن مین مکرر سونے کی سلائی آنکھ مین پھیرنا۔

کحل الجواہر - اختراع متاخرین کا ہی واسطے تقویت قوت باصرہ کے و رفع کرنے غشاوہ کے اور تقویت طبقات آنکھ او راجفان کے اور دور کرنے دمعہ و جرب و سبل رقیق کے اور انتشار کے نفع کرتا ہی اور حافظ صحت آنکھ کا ہی سرمہ اصفہانی دس درم توتیاے ہندی کہ سوا قسم حاد کے توتیا سے ہی مارقشیشا ذہبی مرجان لاجورد مغسول شادنج ہندی فیروزہ ورق نقرہ مامیران فلفل سفید اقلیمیاے ذہبی توبال مس شادنج اور ساگر شادنج نمو مقناطیس محرق مغسول ہر ایک چار درم سرطان بحری چھ درم یاقوت ابیض لعل زبرجد ورق طلا مروارید ناسفتہ دارفلفل عقیق یمنی ہر ایک دو درم زعفران تین درم اور بعضے نسخہ مین دہنہ فرنگی چار درم اضافہ کیا ہی اور بعضے نسخے مین سرمہ سب اجزا کا ہی اور صمغ عربی و کتیرا مغز تخمیرج و صمغ آلو ہر ایک پانچ درم و افیون تین درم اضافہ کیا ہی اور طریق داخل کرنے ورق طلا و نقرہ کا یون ہی کہ ساتھ صمغ عربی یا کتیرا کے ملا کر اوپر پتھر سماق کے اسقدر پیسین کہ بکلی سرمہ ہو جاوے۔

کحل جواہر - کہ تقویت مین باصرہ کی نظیر نہین رکھتا ہی لعل فیروزہ مارقیشا اسفیداج نشاستہ ہر ایک دو درم مروارید بسد ہلیلہ زرد ہر ایک تین درم شادنہ حضض شیاف مامیثا سرطان بحری اقلیمیا ہر ایک ایک درم توتیا طباشیر قرنفل ہر ایک ایک مثقال آب غورہ پانچ درم انزروت چار درم سرمہ بیس درم کافور زنجبیل ہر ایک ایک دانگ۔

کحل ملکایا - معرب مقلیا کا ہی کہ سریانی مین بادشاہ کو کہتے ہین اور کتب مین یونانیون کی مسطور ہی کہ بقراط کو خواب مین اس کحل کا الہام ہوا اور یہ سرمہ جالی و محلل و ملطف ہی اور واسطے اواخر امراض صعبہ کے اور اقسام رمد کے نافع ہی انزروت مربی بہ شیر خر نشاستہ شکر سفید ہر ایک پانچ درم مغز تخمیرج ایک درم۔

کحل ساذج - تالیف قدما کا کہ عجیب الفعل ہی بیچ رفع کرنے بیاض و غشاوہ و دمعہ و حکہ و استرخاے جفن کے اور اکثر امراض آنکھ کے اور جالی و حافظ صحت کا ہی اور کہتے ہین جو دن شنبہ و چارشنبے مین ساتھ میل طلا کے آنکھ مین یہ سرمہ لگائین اندھے ہونے سے محفوظ رہین سرمہ اصفہانی مارقشیشاے فضی ہر ایک چار درم اقلیماے فضے بسد ہر ایک دو درم ساذج ہندی ایک درم مروارید زعفران ہر ایک آدھا درم مشک چار قیراط۔

کحل — کہ بیاض کو تیس دن مین البتہ زائل کرے ہرچند صاحب علت علاج سے مایوس ہوا ہو منقول نصائح سے ہو زبد البحر بورۂ ارمنی سرگین سوسمار خشک سفید سحقو نیا باسویہ ساتھ ایک رطل پانی کے کہ ایرسا اور روح ہر ایک دس درم اُسمین جوش کیا ہو یہانتک کہ تہائی رہا ہو دھوپ مین رکھ کر بیسکر صاف کرین اور سائے مین خشک کرکے سفت کپڑے سے چھان کر استعمال کرین۔

کحل — کہ آثار قروح و بیاض چشم کو دور کرے اور شعیرہ کو نافع ہی زبد البحر اقلیمیائے نقرہ سفید آب ارزیز سسوختہ ہر ایک چار درم سنبل مردارید ہر ایک دو درم صمغ عربی کتیرا انزروت لعاب الغب نشاستہ سحقونیا ہر ایک ایک درم اور جاننا چاہیے کہ اکتحال ساتھ سرطان بحری محرق مسحوق کے رفع کرنے مین بیاض کے مجرب ہی۔

کحل مقوی — کہ واسطے ضعف باصرہ و خلط روح و نزول آب و خیالات کے مفید ہی اور جمیع اکحال مین شیاف مرارات سے قوی تر ہی اور تیز و حاد نہین ہی توتیائے کرمانی مغسول بیس درم ساتھ پانی مروق مرزنجوش تر کے خمیر کرکے خشک کرین اور بسین زنجبیل فلفل — ارفلفل مامیران ہر ایک دو درم نوشادر ایک درم مجموع کو کوٹ کر سونف تازہ کے پانی مین بیسین اور خشک کرین اور اسکے ساتھ توتیائے مدبر مذکور کے ریشمی کپڑے مین چھانکر استعمال کرین۔

فائدہ — طریق ترویق آب مرزنجوش کا یون ہی کہ آب مرزنجوش کو ایک رات ظرف مین رکھین تو درد نیچے بیٹھ جائے اور پانی صاف اوپر ہو آئے۔

کحل — کہ نزول الماء کو نافع ہی زہرۂ بز کوہی دو درم شحم حنظل ایک مثقال فرفیون نوشادر ہر ایک نصف مثقال سکبینج نصف درم کوٹ کر چھانکر ساتھ آب رازیانج کے یا ساتھ آب سداب کے گھولین اور خشک کرین بعد اسکے دوبارہ صلایہ کرکے آنکھ مین لگائین۔

کحل زعفرانی — کہ حکۂ جفن و تاریکی چشم و دمعہ و سیلان کو نافع ہی زعفران سنبل ہر ایک دو درم دارفلفل ایک درم فلفل سفید کافور ہر ایک ڈیڑھ دانگ نوشادر نصف درم مازو تین درم۔

کحل دمعہ — توتیائے مغسول دس درم بسد ہلیلہ زرد صبر ہر ایک چار درم فلفل نصف درم دارفلفل ایک درم۔

کحل — کہ دمعہ ردی کو نفع دے صحت آنکھ کو نگاہ رکھے توتیائے ہندی خستہ ہلیلہ دونون مساوی ساتھ آب عورد کے یا سماق کے پیسین اور خشک کرین۔

کحل — کہ دمعہ کو فائدہ کرے ہلیلہ پر خمیر لگا کر تنور مین اوپر اینٹ کے جلائین یہانتک کہ خمیر سرخ ہو جائے بعد اسکے ہلیلہ کو نکالکر پوست اُسکا لیوین اور تھوڑی زعفران اُسمین ملاکر باریک کرکے استعمال کرین۔

کحل دمعہ نوع دیگر — ہلیلہ زرد بریان بسد صبر ہر ایک ایک جزو دارفلفل نصف جزو زعفران ثلث جزو۔

کحل الاشفار — واسطے جاتے بالون پلک اور گھنے ہونے بالون کے نہایت مؤثر ہی دانہ خرما سوختہ پانچ درم دخان الکندر چار درم سنبل الطیب تین درم حجر لاجورد

حب بلسان ہر ایک ایک درم اور پر بنبت بالون کے لگائین اور اگر سر مکھی کا جدا کرکے جلائین بعد اسکے پیسکر پلک پر لگائین یہی عمل کرتا ہی اور اسیطرح حجر ارمنی و لاجورد ہی -

کحل عزیزی - تالیف یونس سے مجرب ہی واسطے حفظ صحت کے اور قلع دمعہ و امراض کے کہ رمد سے پیدا ہوتے ہین نافع ہی اور بتمام بیماریون مین آنکھ کی منافع اسکے مانند منافع باسلیقون کبیر کے ہین اقلیمیا ذہبی توبال نحاس توتیاے ہندی قرنفل صبر برگ فرنجمشک ہر ایک ایک درم ملح ہندی زبد البحر نوشادر ہر ایک ڈیڑھ درم مشک ایک دانگ -

کحل عزیزی نوعدیگر - کہ بصر کو تیز کرے اور تاریکی آنکھ کو دور کرے اور دمعہ و سبل کو نافع ہی سرمہ اصفہانی سوختہ پانچ درم اقلیمیاے طلا و نقرہ شادنج عدسی مغسول توتیاے ہندی مس سوختہ ہر ایک دو درم پوست ہلیلہ زرد ساذج ہندی فلفل دار فلفل نوشادر صبر سقوطری حضض مکی زعفران سرطان بحری ہر ایک ایک درم زنجبیل نصف درم کافور نیم دانگ مشک تین حبہ قرنفل دو دانگ -

کحل روشنائی - واسطے ضعف بصر و شبکوری کو نافع ہی اور تحقیق اس لفظ کی بحث شیاف مین گذری ہی کہ یا بعد غین کے ہی اور نون بعد الف کے یا عکس اسکا ہی سوختہ شادنج مغسول ہر ایک پانچ درم فلفل دار فلفل شحم حنظل زعفران ہر ایک ڈیڑھ درم زنگار بورہ ارمنی صبر سقوطری ہر ایک ایک درم اقلیمیا دو درم -

کحل وردی - تالیف جالینوس کا واسطے قرحہ و ظلمت بصر و حکہ و غشاوہ کے نافع ہی اور حافظ صحت آنکھ کا سفیداب قلعی کا آٹھ درم اقلیمیاے فضی صمغ عربی شادنج اور اگر نہو مقناطیس محرق مغسول ہر ایک چار درم اثمد بسباسہ نحاس محرق مغسول زعفران ہر ایک ایک درم کافور ایک قیراط -

کحل بقراطی - واسطے رفع کرنے بیاض کے بیدیل ہی کہ تھوڑے زمانہ مین قطع کرتا ہی شیشہ سبز محرق مغسول دو درم بورہ ارمنی زبد البحر ہر ایک ایک درم -

کحل - کہ غشا کے واسطے مجرب ہی دار فلفل فلفل زنجبیل جز و برابر -

کحل - کہ حول کو زائل کرے اور مجرب ہی سندروس صافی اللون پیسکر کپڑے مین رکھکر بتیان بنائین پھر ایک بتی باسن مین رکھکر اسپر گل روغن شیرجی ڈالین اور جلائین اور پر اسکے طاس لطیف تانبے کا اوندھا دین تو دھوان اسکا اسمین لگ رہے بعد اسکے جانور کے پر سے اس دود کو جمع کرین اور تھوڑا عنبر مشک اسمین ملاکر آنکھ مین لگائین -

کحل - کہ ارشاد سے منقول ہی اور بدواء الکافی مشہور ہی واسطے حفظ صحت آنکھ اور نشف رطوبت و تقویت بصر کے فائدہ کرتا ہی شیاف ماميثا تخم ورد ہر ایک ایک درم سرمہ اصفہانی پروردہ آب باران دو درم ہلیلہ زرد نیم درم آب غورہ انگور ایک درم کافور ایک دانگ -

کحل باسلیقون - حرف بامین گذرا -

حرف المیم

معجون روح - کہ ابتداے نزول الماء مین نافع ہی و حقیقت

زنجبیل رازیانہ مساوی الوزن شہد مین ملاکر معجون کرین
مطبوخ قنطوریون - کہ نزول الماء کو آنکھ سے باز
رکھے قنطوریون دقیق تربد مرضوض ہر ایک تین درم
بسفائج مرضوض سات درم مویز منقے بیس درم سب کو
ڈیڑھ سو درم پانی مین جوش کرین جب تہائی حصہ رہجائے
چھان کر بین ساتھ ایک مثقال ایارہ فیقرا کے ہر ہفتے
مین ایک بار عمل مین لائین -

فائدہ - بیان مین کیفیت حفظ قوت آنکھ کے جاننا
چاہیے کہ جو چیزین آنکھ کو مضر ہین مشروحاً مرقوم ہوتی ہین
طالب صحت کو اُنسے اجتناب واحتراز واجب ہی اور اشیاء
مضر آنکھ کی یہ ہین ملاقات دخان وغبار کی اور ریاح
گرم سرد کی اور نظر کرنا طرف اشیاے صیقلیہ مضیہ
کے کہ اُنکی روشنی آنکھ کے نور پر غالب ہو مانند آئینہ کے
کہ مقابل آفتاب کے رکھین اور دیکھنا طرف کسی چیز
کے اس طرح کہ اسی پر نظر قائم رکھے اور پلک نہ مارتے
اور بہت رونا اور دیکھنا نقوش باریک کا اور
پڑھنا خطوط باریک کا مگر بطریق ریاضت کے اور
اکثر چت سونا اور بہت سونا اور امتلا کے سونا اور
اطعمہ واشربہ ردی الجواہر اور اغذیہ گرم وتیز اکثر
کھانا مانند گندنا و لہسن و پیاز کے اور نمک طعام بہت
ڈالکر کھانا اور جماع کثیر اور فصد وحجامت کثیر اور تناول
کرنا مضرات معدے کا اور کھانا بادروج و زیتون مدرک
و شبت کا اور نشۂ مفرط اور تناول کرنا مسکرات کا
اور یہ جانین کہ اگر آنکھ کثیر الوجع ہو سلائی آنکھ مین
نہ ڈالین بلکہ ادویہ دودھ مین حل کرکے آنکھ مین
ٹپکائین اور جب دواے تیز آنکھ مین ڈالین اور حاجت
تکرار کی ہو چاہیے کہ پے در پے نہ ڈالین بلکہ یہانتک صبر کرین
کہ آنکھ پہلی مرتبہ دوا کی تکلیف سے آرام پالے بعد اُسکے
پھر دوا ڈالین -

باب تیسرا بیان مین ادویۂ گوش کے

جاننا چاہیے کہ افضل ترین حواس ظاہری مین حاسہ سمع کا
ہی اسلیے کہ سیکھنا چاہیے علم کا اور قادر ہونا اوپر بولنے کے کہ وصف
کامل انسانی ہی موقوف سمع پر ہی جبتک نہین سنتے نہین
بولتے اسی وجہ سے بہرا مادرزاد گونگا ہوتا ہی اور
احتیاط یہ ہی کہ حاسہ سمعی کو ہواے گرم و سرد سے
اور پانی اور مٹی اور ہوام اور تمام آفات خارجی
و داخلی سے محفوظ رکھین اور میل اس سے گاہ گاہ
باحتیاط صاف کرتے رہین اور ہفتے مین ایک بار
روغن بادام تلخ ٹپکائین اور یہ حفظ صحت مین کان
کی عجیب ہی اور اسی طرح ٹپکانا شیاف ماپیثا کا ہر ہفتے
مین ایک بار امان دیتا ہی نزول نوازل سے اور
جہان کہین خوف پیدا ہونے ثبور کا ہو کان مین
شیاف ماپیثا سرکے مین حل کرکے ٹپکائین اور جو دوا
کان مین ٹپکائین بالقوہ سرد ہو یا گرم واجب ہی کہ
نیمگرم کرکے ٹپکائین اسلیے کہ سرد بالفعل کان کو ضرر
کرتی ہی اگرچہ سوء مزاج گرم ہو اور کثرت کلام اور
سننا آواز قوی کا اور پڑھنا چلا کر اور قے اور حرکت
سخت اور حمام اور تخمہ اور امتلا خصوصاً خواب
اوپر امتلا کے اور سکر متواتر اور تناول منجرات کا اور مانند

اُنکے حاسہ سمع کو اور جمیع حواس کو ضرر کرتے ہین اور یوحنا بن ماسویہ نے کہا کہ جو شخص چاہے کہ کان اُسکے بدون آفت کے ہون چاہیے کہ وقت خواب کے روئی اُنمین رکھے اور نزدیک اس درویش کے احوط یہ ہے کہ جاگنے مین بھی روئی کان مین رکھے رہین تو دخول حیوانات و ملاقات ہواے گرم و سرد سے محفوظ رہے اور امراض مادی مین کان کے جبتک تنقیہ نہ کرین کان مین کوئی دوا نہ ڈالین اور اسی طرح آنکھ مین بھی اور جب واسطے تسکین اوجاع شدید کے افیون کو قطور کرین چاہیے کہ دودھ مین حل کر کے ٹپکائین اور ساتھ روغن کے استعمال نہ کرین اسلیے کہ بسبب خلط روغن کے خوف اسکا ہے کہ افیون کوئی جگہ کان مین چپک کر سبب زیادتی درد کا ہو بخلاف دودھ کے کہ وہ بسبب مائیت کے کہ جالی و غسال ہے مانع چپکنے افیون کا ہوتا ہے اور ساتھ اسکے ارخاو تسکین مین روغن گل وغیرہ سے نافع زیادہ ہے اور اُس سے خالی بھی نہین ہے اور بھی چاہیے کہ استعمال مخدرات کا زیادہ نہ کرین ورنہ وقر ہو جائیگا اور راکھ افیون کی تخدیر و تخفیف مین قوی زیادہ ہے پس جب درد شدید ہو افیون جلا کر استعمال کرین اور واسطے اصلاح افیون کے تھوڑا جندبیدستر ملانا چاہیے۔

حرف الدال

دوا۔ کہ واسطے گرم خون کے نافع ہے شراب دو درم عسل تین درم روغن گل ایک درم سپیدی انڈے کی دو عدد سب کو آپسمین ملا کر نمدے کا ٹکڑا اُسمین تر کر کے نیمگرم کان مین رکھین اور ایک ساعت کان کو اوپر تکیے کے رکھین تو کیڑے اسمین لگ رہین پس اس ٹکڑے کو دفعۃً نکال لین۔

دوا۔ کہ اگر پانی کان مین گیا ہو اور حیل سے اور دیگر تدابیر سے نہ نکلتا ہو اُس پانی کو فی الفور نکالتے ہی چوب بروی یا شبث یا بادیان کی متلزز نہو یعنی ٹھونس نہو بلکہ متخلخل ہو مقدار ایک بالشت کے لیکر ایک طرف اُسکا بمقدار تیسرے حصہ کے کہ چہار انگشت مضموم ہوتا ہے روئی سے لپیٹ کر روغن زیت یا اور کوئی روغن سے اسطرف کو تر کر کے اور طرف دوسری لکڑی مذکور کی جو کان مین رکھین گے اس طرح ہموار کرین کہ کان مین برابر چسپان ہو کر ہوا کو داخل ہونے کی گنجائش نہ دے اور اگر کچھ جگہ خالی رہے کپڑے سے یا روئی سے بھرین پس وہ طرف پنبہ دار جلائین جب گرمی اُسکی کان مین خوب معلوم ہو لکڑی کو دفعۃً باہر نکالین تو بسبب ضرورت جلا کے پانی منجذب ہو جائیگا اور درمیان اس عمل کے مریض اُسی کی جانب کروٹ لیٹا رہے تو پانی بآسانی نکل آئے اور اگر پانی تھوڑا ہے اکثر بسبب گرمی کے خود بخود منجذب ہو کر تحلیل ہو جاتا ہے جیسا کہ دیکھا جاتا ہے روغن چراغ مین اور حاجت اُسکی نہین ہوتی ہے کہ دفعۃً کھینچین لکڑی کو یا بند کرنے مین مداخل ہوا کے کوشش کرین لہذا نجیب الدین سمرقندی اور اکثر اطبا نے طرف اس طریق کے اشعار

رکھا ہو ولبس ۔

دوا ۔ کہ درد کان کو جو بسبب صفرا کے ہو موقوف کرے زنجبیل برگ حنا گل معصفر صندل سرخ ہر ایک دو درم روغن کستور بیس درم دونغ گاؤ سو درم ادویہ کو جو کوب کرکے اور سب ادویہ ملاکر جوش کرین یہانتک کہ دونغ بالکل جل جائے اور روغن رہجائے پس صاف کرکے رکھین اور ہر دن تین چار قطرے کان مین ٹپکائین ۔

دوا ۔ کہ درد کان کو جو سردی و تری سے ہو فائدہ کرے اور یہ درد موسم مین برسات کے اکثر ہوتا ہی عاقرقرحا اسبغول ناروان کو کوٹکر پانی مین جوش کرکے بعد صاف کرنے کے غرغرہ کرین اور تخم کٹائی اترو خشک کوفتہ کرکے سونگھین تو چھینک آئے اور اگر روغن تلخ و روغن کنجد و روغن کرنج وگلاب ملاکرکے جوش کرین بعد اُسکے نمک سنگ زنجبیل فلفل نمک دریا کو کوٹکر چھانکر اُسمین ملائین اور شیر گرم کان مین ڈالین وہی عمل کرے ۔

دوا ۔ کہ درد کان کو جو بسبب تولید ریح و برودت کے ہو فائدہ کرے برگ آگ تازہ آگ پر گرم کرکے تھوڑے گھی سے چرب کرین بعد اُسکے ملکر نچوڑین اور کئی قطرے کان مین ڈالین اور اگر لہسن سبز کو کوٹکر آگ مین لپیٹ کر گرم کرین بعد اُسکے نچوڑکر پانی اُسکا کان مین ڈالین نافع تر و مقوی تر ہوگا اور بھی سرگین اسپ یا سرگین خر تازہ کپڑے مین رکھکر نچوڑین اور کئی قطرے کان مین ٹپکائین یہی عمل کرتا ہی ۔

دوا ۔ کہ ورم کان کو پکاکر منفجر کرے ملہن کہ نبات مشہور ہی اور اہل ہند اُسکو پکاکر کھاتے ہین پتے اُسکے لیکر کوٹین کئی قطرے اُسکے پانی کے کان مین ٹپکائین اور کئی مرتبہ ایسا کرین کہ ریم بالکل نکل جائے اور بیاز سفید پختہ کا پانی ساتھ لعاب میتھی یا اسبغول یا السی کے ملاکر کان مین ڈالین ۔

دوا ۔ کہ واسطے چرک کان کے مفید ہی سہاگہ جسکو عربی مین تنکار کہتے ہین بریان کرکے پیسین اور کان مین ڈالین اور پر اُسکے کئی قطرے آب لیمون کے ٹپکائین اور مداومت کرین ریم موقوف ہو اور بوے بد دور ہوجائے ۔

فائدہ ۔ لڑکون کے کان مین جو چرک ہوتا ہی حاجت دوا کی نہین ہی اسلیے کہ خود بخود دفع ہوتا ہی بعد بلوغ کے اور اگر بعد بلوغ کے رہجائے یہی دوا کافی ہی ۔

دوا ۔ کہ کان کے کیڑون کو مار ڈالے ایلوا پانی مین حل کرکے اسقدر کان مین ڈالین کہ کان بھر جائے بعد ایک ساعت کے کان کو ٹیڑھا کرین تو کیڑے مرکر ساتھ پانی کے نکل آئین ۔

نوع دیگر ۔ حنظل تازہ کو آگ مین پکاکر مغز اسکا ملکر نچوڑین اور گرم گرم کان مین ڈالین تو کیڑے مر جائین

دوا ۔ کہ طنین کو جو خشکی دماغ سے ہو دفع کرے زنجبیل تین درم تخم خشخاش سات درم مغز بادام پانچ درم نشاستہ دس درم شکر سفید سات درم شیر گاؤ اسقدر کہ ادویہ اُسمین پک جائین حریرہ بناکر دو ہفتے تک پیین ۔

دوا۔ کہ ورم بیرونی کان کو فائدہ کرے بعد فصد یا جونک لگانے کے بیج ہنکوٹ زردچوب بیج اندرائن نمک دیودار ساتھ پانی کے پیسکر طلا کرین۔

دوا۔ کہ طرش یعنی کری کان کو نافع ہی بیج تازہ حنظل کے کوٹکر شیرہ اُسکا ٹپکائین اور ٹپکانا بول شتر کا کئی دن متواتر بدستور۔

فائدہ۔ جب کان مین دانہ یا اور کوئی چیز گھس جاوے اور نہ نکلے اوپر سر میل کے لتہ لپیٹ کر اور کوئی چیز چسپندہ مانند کندر و سریش کے اُسپر ملکر کان مین ڈالین تو دانہ اسمین چپک کر نکل آئے اور اشیاے عطسہ آور سونگھائین اور جب عطسہ آئے منھ و ناک کو زور سے بند کرین تو قوت عطسہ کی طرف کان کے جائے اور دانہ نکل آئے اور اگر یہ تدبیرین کفایت نہ کرین کدوے حجامت کہ سر اُسکا تنگ ہو اوپر سوراخ کان کے رکھکر بتدریج خوب چوسین اور اگر پانی کان مین جائے ہاتھ اوپر کان کے رکھکر سر کو اوندھا کرین اور پانوٴن سے اُسیطرف کے مجل کرین یعنی دوسرا پانوٴن اُٹھا کر ایک پانوٴن سے کودین تو پانی نکل آئے اگر کوئی از رہ دشمنی کے پارہ کان مین ڈالے وقت خواب کے پس جلدی سے کان کو اوندھا کرین کہ نکل آئے اگر تھوڑا رہجائے اور درد اور دیگر آفات پیدا کرے روغن نیمگرم ٹپکائین اور تدابیر دیگر نکالنے کی کہ بیان کی گئین عمل مین لائین۔

حرف الراء

روغن زیت۔ واسطے تحلیل ریاح باردہ و غلیظہ کے ٹپکانا نافع ہی اسیطرح روغن غار و روغن سداب و روغن بیدانجیر اور اگر ان روغنون کو آب پیاز و آب سداب مین پرورده کرین یعنی پکائین قویتر ہوتے ہین اور حبوب وقت تسخین و تحلیل زیادہ مطلوب ہو جند بیدستر فرفیون تھوڑا اضافہ کرین۔

روغن ترب۔ مانند روغن زیت کے ہی اور کہتے ہین کہ وہ گرم روغن بیدانجیر سے ہوتا ہی اور درد بارد کو کان کے نافع ہی اور ریاح کو تحلیل کرتا ہی آب ترب تین جزو روغن کنجد ایک جزو جوش کرین کہ پانی جلجائے روغن رہجائے۔

روغن کندر۔ کہ درد کان کو جو سردی سے ہو دور کرے کندر پانچ درم صبر صاف مصطگی جند بیدستر حنظل زہرہ گاؤ ہر ایک ایک درم روغن بادام تلخ بیس ۲۰ درم شراب کہنہ چالیس درم ادویہ کوٹ کر چھان کر ساتھ شراب و روغن کے جوش کرین یہانتک کہ روغن باقی رہے۔

روغن ناردین۔ یہی عمل کرتا ہی اور ادویہ سر مین گذر چکا ہی۔

روغن۔ کہ درد کان کو جو حرارت سے ہو موقوف کرے روغن گل دس ۱۰ درم روغن بادام شیرین پانچ درم سرکہ کہنہ تیس درم جوش کرین یہانتک کہ روغن رہجائے۔

حرف الضاد

ضماد۔ کہ ورم بارد کان کو فائدہ کرے آرد حلبہ بابونہ

راتیانج ساتھ موم وزیت کے ضماد کرین۔

ضماد۔ کہ انکسار الاذن کو یعنی کوفتہ ہوتے کان کو نافع ہی صبر مرصافی مغاث اقاقیا راتیانج حنا اُسمین ملاکر اُس جانب کہ بڑھا پڑا ہو رکھین اور کان کو اوپر شکل اصلی کے باندھین۔

ضماد۔ کہ [illegible] گوش کہ موقوف کرے پیہ بط پیہ مرغ ہر ایک پانچدرم کھلائین اور مینگنی پرانی بکری کی پانچدرم کوٹ کر چھان کر ملاکر ضماد کرین۔

حرف الطاء

طلا۔ کہ ورم پس گوش کو نافع ہی صندل سرخ فوفل شیاف مامیثا صبر زعفران مرصافی جملہ برابر گلاب مین ملاکر طلا کرین

طلا۔ کہ مسمی بہ نردہی طلا کرنا اسکا ورم داخلی کان کو نفع کرتا ہی اور مبرد و مسکن درد کا ہی بعد فصد کے لگانا چاہیے صندلین مامیثا گل ارمنی حضض اسفیداج بوش تخم کاسنی طباشیر کافور جملہ دس دوائین ہین ہر ایک سے بقدر مناسب لیوین اور ساتھ بعضے شیرہا ے سرد کے مانند آب کشنیز تر و آب عنب الثعلب و آب کاسنی کے حل کر کے بنادق بشکل نرد کے یعنی سر باریک اور جڑ موٹی پھلدار بنائین اور وقت حاجت کے ساتھ شیرہ ہاے مذکورہ کے اوپر پتھر کے گھسکر طلا کرین۔

فائدہ۔ واضع اس مرکب کا حسین بن اسحاق ہی اور غرض پھلدار کرنے سے یہ ہی کہ جلد گھس جائے۔

حرف العین

عطوس۔ کہ سدے کان کو جو خلط غلیظ بلغمی سے ہو کھولے بعد تنقیہ کے کندر صبر حبۃ السوداء جملہ یا تنہا باریک کر کے ناک مین ڈالین تو چھینک آئے۔

حرف الفاء

فتیلا۔ کہ واسطے درد ورم کان کے نافع ہی تخم مرو انندہ دست کوٹ کر چھان کر ساتھ شہد کے ملاکر بتی اُسمین آلودہ کر کے کان مین رکھین۔

فتیلا۔ کہ گرانی کان کی دور کرے انجیر سفید فربہ چیر کر تخم و شہد اسکا جدا کرین اور بورہ خردل قردمانا کوٹ کر اُسمین گھولین اور بتی بناکر کان مین رکھین اور خردل و انجیر کو اگر کوٹکر کان مین رکھین یہی عمل کرتا ہی۔

فتیلا۔ کہ قرحہ کہنہ کو مفید ہی زہرہ گاؤ دو جز و عسل یک جزو اُسمین ملاکر لتہ کہنہ دھوئے ہوئے کی بتی بناکر اُسمین آلودہ کرین اور صبح و شام کان مین رکھین اور اگر بتی کپڑے کی شہد مین آلودہ کر کے کان مین رکھین قرحہ جدید و کہنہ کو نافع ہی اور اگر انزروت باریک کر کے شہد مین ملائین قوی تر ہو۔

حرف القاف

قطور۔ کہ قرحہ کو نفع کرے اور چرک کو پاک کرے انزروت صبر بورہ ارمنی زبد البحر دم الاخوین کندر زنگار مرصافی خبث الحدید کوٹ کر چھانکر سرکہ مین ملاکر کان مین ٹپکائین بعد اُسکے کہ پہلے کئی مرتبہ ماء العسل ٹپکایا ہو بتی شہد مین اور ان ادویہ مین آلودہ کر کے کان مین رکھین۔

قطور۔ کہ قرحہ کان کو دور کرے لعاب حلبہ تخم کتان

تخم مرو ساتھ دودھ عورت کے ملاکر کان مین ٹپکائین تنہا یا مجموع ۔

قطور ۔ کہ چرک کان کو پاک کرے روغن بادام تلخ رات کو کان مین ٹپکائین اور دن کو حمام کرین اور کان مین ادیہ امیٹ گرم خانہ اندرونی حمام کے رکھین تو ریم نکلجائے ۔

قطور جالینوس ۔ کہ کان کو ریم سے پاک کرے اور درد کو موقوف کرے انار کہ تخم وشحم اسکا دور کرین اور اندر انار کے پیشاب لڑکے کا ڈالکر اوپر آگ کے گرم کرکے ٹپکائین او تقطیر شیر کی واسطے درد قروح کان کے نافع ہی اور عسل کے ساتھ پانی و شراب کے پتلا اور رقیق کیا ہوا کانین ڈالکر کان کو نیچا کرکے نکالڈالین ایک دن مین اسیطرح کئی مرتبہ کرین کہ قروح کو فائدہ کرتا ہی اور اسی طرح تقطیر آب پیاز کے ساتھ سفیدی انڈے کی واسطے قروح وبدہ وقیح کے مفید ہی اور تقطیر بینگی کہ ساتھ روغن گل کے ملایا ہو قرحہ مزمن کو پاک کرتی ہی

قطور ۔ کہ رطوبت صرف کہ کان سے بہتی ہی بدون بدہ کے دور کرے مازو باریک کرکے شراب کہنہ مین ملاکر ٹپکائین

قطور ۔ کہ قرحہ دیرینہ چرک دار کو فائدہ کرے کئی قطرے خل خبث الحدید کے کان مین ٹپکائین اور طریق صنعت خل خبث الحدود کا یون ہی کہ خبث الحدید کو سرکے مین ایک مہینے یا زیادہ اس سے تر کرین پس اس سرکے کو ٹپکائین اور بعضے لوگ کہتے ہین کہ خبث الحدید کو کوٹین اور سرکے مین دھوئین پھر خشک کرین پھر دھوئین سات مرتبہ تک اسی طرح دھوکو پھر خشک کرین اور سرکہ کہنہ مین پکائین کہ موافق قوام عسل کے ہوجائے ۔

قطور ۔ کہ قرحہ کو مفید ہی مرہم ابیض کو روغن گل مین حل کرکے ٹپکائین لیکن پہلے ماء العسل سے قرحہ کو پاک کرین اور انزروت دم الاخوین کندر عصارہ لحیۃ التیس سے ذرور بنائین اور بتی اسمین آلودہ کرکے رکھین اور تقطیر مرہم مصری و مرہم باسلیقون کبیر و مرہم احمر و سرکہ خبث الحدید کی قرحہ کہنہ کو مفید ہی اور یہ مراہم حرف میم مین ہم ذکر کرینگے ۔

قطور ۔ واسطے درد کان کے جو سردی سے ہو آب سداب آب مرزنجوش ہر ایک سات درم روغن بابونہ پندرہ درم روغن فرفیون دو درم شراب کہنہ بیس درم سب کو جوش کرین یہانتک کہ روغن رہجائے ۔

قطور دیگر ۔ واسطے درد سرکان کے افیون جندبیدستر ہر ایک دو درم روغن بنفشج مین پکائین تو قوام مین آئے یا روغن سوسن مین حل کرکے ٹپکائین ۔

قطور دیگر ۔ واسطے درد سرکان کے لہسن نیمکوفتہ ساتھ زہرہ گوسفند کے جوش کرکے صاف کرین اور نیمگرم ٹپکائین ۔

قطور دیگر ۔ کہ درد گرم کو فائدہ کرے روغن گل چھ درم روغن بادام شیرین پانچ درم سرکہ بیس درم اوپر نرم آگ کے پکائین یہانتک کہ سرکہ جلجائے پس نیمگرم کان مین ٹپکائین اور اوپر کہا گیا کہ جو دوا کان مین ڈالین چاہیے کہ گرم ڈالین اگرچہ مرض گرم ہو ۔

قطور دیگر ۔ واسطے درد گرم کے افیون ایک درم شیاف ابیض تین درم روغن گل چار درم سرکہ کہنہ تین درم آپسمین ملاکر کان مین ٹپکائین ۔

قطور ۔ کہ درد شدید کہ جو گرمی سے ہو موقوف کرے

کافور افیون ہر ایک ایک طسوج روغن بین خلاف کے حل کرکے ناک اور کان مین ٹپکائین اور سفیدی انڈے کی نیمگرم ٹپکانا اور اسی طرح دودھ عورت کا نیمگرم تسکین مین درد کی عجیب الاثر ہی۔

قطور۔ کہ درد سرد وگرم کو مفید ہی۔ زہرۂ گاؤ تازہ دو مثقال روغن خیری دس درم جوش کرین یہانتک کہ تری زہرہ کی جاتی رہے ایک قطرہ کان مین ٹپکائین۔

قطور۔ کہ خون کو جو کان مین بستہ ہو جائے پگھلائے شیرۂ کرنب ساتھ سرکے کے نیمگرم ٹپکائین۔

قطور۔ کہ طنین ودوی ووقر کو نافع ہی کندر زعفران فرفیون جند بیدستر خربق سفید مرصافی ہر ایک تین درم نطرون بورۂ ارمنی ہر ایک اڑھائی درم کوٹ کر چھانکر شراب مین حل کرکے ٹپکائین۔

قطور دیگر۔ واسطے طنین ودوی ووقر کے شحم حنظل ایک درم بورۂ ارمنی آدھا درم جند بیدستر زراوند مدحرج ہر ایک ڈیڑھ درم عصارۂ افسنتین قسط فرفیون ہر ایک ڈیڑھ دانگ کوٹ کر چھان کر ساتھ زہرۂ گاؤ کے گھول کر گلولہ بنائین اور وقت حاجت کے روغن بادام مین حل کرکے تین قطرے ٹپکائین۔

قطور۔ کہ طنین کو نافع ہی قرنفل نصف درم مشک ایک دانگ ساتھ آب مرزنجوش کے بیسکر ٹپکائین۔

قطور۔ واسطے طرش کے خربق سفید ایک درم جند بیدستر آدھا درم نطرون ایک دانگ کوٹ کر چھان کر ساتھ پرانے سرکے کے ملاکر ٹپکائین اور قطور آب سرگین تازہ اسپ کا اور قطور آب ترب کا کہ ساتھ شہد کے جوش کیا ہو بھی اثر رکھتا ہی اور تقطیر روغن بادام کی طرش کو جو خلط غلیظ سے فائدہ کرے اور قطور تمام مرارات کا خصوصاً مرارہ معز کا ساتھ روغن بادام کے ملاکر بدستور۔

قطور۔ کہ بثرہ کو جو کان مین پیدا ہو ساتھ ضربان شدید کے نافع ہی افیون ایک قیراط دودھ مین حل کرکے نیمگرم ٹپکائین ساتھ شرائط مذکورہ کے۔

قطور۔ کہ سیلان خون کو کان سے باز رکھے انار مع پوست اور اُس چیز کے کہ اندر اُسکے ہی سرکے مین پکا کر ٹپکائین اور تقطیر آب بارتنگ کی ساتھ اقلیمیا واقاقیا کے بھی حابس ہی اور جانین کہ بند کرنا خون کا لائق نہین ہی مگر وقت افراط وخوف غشی کے۔

قطور۔ کہ کیڑون کو قتل کرے خواہ خارج سے کان مین آئے ہون خواہ وہان پیدا ہوئے ہون شیرۂ برگ شفتالو یہ شیرۂ پودینہ تنہا یا مرکب ٹپکائین اور اگر قدرے سقمونیا بھی ملائین قوی تر ہو اور شیرۂ ترب کا تنہا اور شیرۂ پیاز کا تنہا اور صبر ساتھ پانی کے اور مرارات تنہا بھی قاتل ہین قطور اً۔

حرف الکاف

کماد۔ واسطے درد کان کے کہ سبب اسکا ملاقات سرما وہوائے سرد ہو روئی زیت مین آلودہ کرکے نیمگرم تکمید کرین اور بھی تکمید اشیاء گرم کی یہی عمل کرتی ہی۔

کماد۔ واسطے درد کان کے کہ سبب اسکا ورم خارج صماخ سے ہو کپڑا یا غدا آب شیرین نیمگرم مین آلودہ کرکے

رکھین اور اگر درد شدید ہو نمک گرم کرکے تکمید کرین۔

کماد۔ واسطے ورم و صمم و طرش کے کہ سبب اُنکا خلط غلیظ خام ہو لیکن پہلے چاہیے کہ تنقیہ کرین چند تو فتی برگ غار مرزنجوش بربجاسف تمام صعتر بابونہ جوش کرکے اسفنج یا نمدا اُسمین ترکرکے یا اس جوشاندے کو شانے مین گاؤ کے ڈالکر گرد کان کے اور پس گردن تکمید کرین۔

حرف المیم

مرہم مصری۔ واسطے جراحت اندرون کے سرکہ سات درم عسل آٹھ درم آگ پر جوش کرین تو قوام ہو پس دو درم زنگار پیسا ہوا اُسپر چھڑک کر مرہم بنائین اور بتی اُسمین آلودہ کرکے کان مین رکھین۔

مرہم مصری نوع دیگر۔ زنگار عسل سرکہ کندر جملہ برابر پکائین تو موافق عسل کے قوام ہو جائے پس موم اور روغن گل بقدر احتیاج کے ملائین۔

مرہم باسلیقون کبیر۔ واسطے قرحہ کان کے موم نیم رطل زفت رومی چار اوقیہ مرصافی راتینج علک الانباط ہر ایک دو اوقیہ زیت دو رطل پہلے موم کو روغن زیت مین پگھلائین اور ادویہ کو اُسمین گھولکر فتیلہ اُسمین آلودہ کرکے کان مین رکھین۔

مرہم احمر۔ کہ قرحۂ کان کو نافع ہی مرداسنج زیت ہر ایک دو جزو سرکہ دس جزو آگ پر سمین ملاکر خوب ہلائین تو منعقد ہو جائے اور اگر آگ پر پکائین جلد غلیظ ہو جائے بالجملہ بعد غلیظ ہونے کے جس طرح سے کہ ہو ایک درم اُسمین سیلہ عروق الصباغین باریک کرکے ملائین اور فتیلہ اُسمین آلودہ کرکے رکھین اور یہ تینون مرہم وہان کام آتے ہین جس جگہ قرحہ کان کا کہنہ و چرک بھرا ہو۔

مرہم ابیض۔ زخم تازہ کان کو نفع کرے اور سوزش موقوف کرے سفیدہ ارزیر موم ہر ایک ایک جزو روغن گل یا روغن کنجد دو جزو پہلے موم کو روغن مین پگھلاکر سفیدی کو ہاون مین رکھین تھوڑا تھوڑا موم پگھلا ہوا سفیدی پر گرائین اور کوٹتے جائین تو سفیدہ نیچے نہ بیٹھے اور خوب ملجائے پس فتیلے پر لگاکر زخم پر رکھین۔

حرف النون

نطول۔ کہ گرانی کان کو جو بعد سہل کے بسبب صعود کرنے بخار کے پیدا ہوتی ہو دور کرے بابونہ اکلیل الملک قیصوم ہر ایک دس درم تمام مرزنجوش اذخر گل سرخ پوست بیخ رازیانہ پوست بیخ کرفس ہر ایک پانچ درم دس من پانی مین جوش کرین جب تین من رہے سر اور کان کو اسکے بخار پر رکھین اور اُسکو انکباب کہتے ہین۔

فائدہ۔ نطول ایک لفظ عام ہے انکباب کو بھی کہتے ہین اور سکوب کو بھی اور آبزن کو بھی۔

نطول۔ کہ درد کان کو کہ سبب اُسکا ریح سرد غلیظ جو بسبب ملاقات سرما اور ہوائے سرد کے ہو فائدہ کرے شبت رطبہ بابونہ اکلیل الملک ورق غار مرزنجوش تمام قیصوم سب کو جوش کرکے انکباب کرین اور بخار جوشاندے شلغم کا تنہا بھی یہی عمل کرتا ہے۔

نطول - کہ نقصان و بطلان سمع کو جو بسبب خلط غلیظ خام کے ہو فائدہ کرے بعد تنقیہ دماغ کے سداب صعتر افسنتین ساتھ سرکے وزیت و پانی کے پکاکر آفتابے مین اور ایک نلے او پر سر آفتابے کے قائم کرکے ایک سر نلے کا کان مین رکھین تو بخار اُسکا کان مین اُسی نلے سے جاوے -

نطول - کہ طنین و دوی کو بسبب انصباب خلط کے ہو فائدہ کرتا ہی بعد تنقیۂ دماغ کے قوتیج افسنتین مرزنجوش صعتر جوش کرکے انکباب کرین -

نطول - کہ تحلیل مواد باردہ تقویت عضو کی کرے خواہ نواحی گوش مین ہو خواہ اور اعضا مین برنجاسف گل بابونہ افسنتین رومی مرزنجوش اسطوخودوس شکاع اشتیہ عصفر حاشا جعدہ خار خسک اکلیل فطراسالیون شحم حنظل جوز السرو کما فیطوس دار شیشعان سیسنبر پودینہ جملہ دواؤن سے جو میسر ہو جوش کرین جوالی گوش یا اور عضو ماؤف پر گرائین اور واسطے درد ریحی اور بلغمی کان کے اُسکے بخار پر انکباب کرین

باب چوتھا ادویہ مین ناک کی

اور بیان مین اُس چیز کے کہ اس مقام سے تعلق رکھتی ہی

حرف الدال

دوا - کہ رعاف کو بند کرے اگر سبب اُسکا غلبہ حرارت کا اور گرمی آفتاب کی ہو صندل سفید بیخ تے موتھہ پت پاپڑہ بانسہ ہر ایک درم ہ جوش کرکے یا تر کرکے صاف کرین اور پلائین -

دیگر - ہلیلہ گل معصفر انار خام برابر وزن مین پیسکر ساتھ پانی کے سعوط کرین رعاف جسطور کا ہو بند ہو جائیگا -

دیگر - بیج کسنہ پانی مین پیسکر اوپر پیشانی کے طلا کرین -

دیگر - آنولہ نو درم بیچ دو سیر پانی کے بھگوئین جب نرم ہو پانی لیکر شکر سفید نو درم ڈالکر پئین اور آنولہ پیسکر اوپر تالو کے رکھین اور جاننا چاہیے کہ سیرے چوبیس تولہ مراد ہین

دوا - کہ رعاف کو جو بسبب پھٹ جانے رگ کے ہو فائدہ کرے پوست ہلیلہ پوست درخت کچنار خشک پیسکر سعوط کرین -

دیگر - برگ حنیبہ ترپھلا روغن چیرک مساوی الوزن پیسکر اوپر پیشانی کے طلا کرین اور حابسات رعاف کے بیچ سعوط وضماد و فتیلہ و نقوع کے اسی باب مین آئینگے -

فائدہ - جو رعاف کہ حمیات مین اور بعد بحران کے ہوتا ہی جبتک ممکن ہو بند نہ کرین جب ضعف لاحق ہو بند کرین اور باندھنا دونون بازو اور رانون و خصیتین کا اور پکڑنا سر ناک کا مضبوطی سے رعاف کو بند کرتا ہی اسیطرح اگر رعاف بائین سوراخ ناک سے ہو نیچے پستان چپ کے اور اگر دہنے سے نیچے پستان راست کے کدو یا شاخ حجامت کو رکھکر چوسین بدون اُسکے کہ پچھنے لگائین اور کوشش نیچے خون نہ نکالین تو جذب بدون تنقیہ کے حاصل ہو -

دوا - کہ خشم کو فائدہ کرے اور خشم وہ ہی کہ منفذ النفس کا تنگ ہو اور کثرت بلغم غلیظ سے مجری ناک کا بند ہو جاوے اور شامہ بو کو دریافت نہ کرے بابرنگ چوب ۳ نرہ ملیٹھی نمک سنگ سب برابر روغن تلخ بوزن مجموع کے جوش کرکے روغن کو صاف کرکے ناک مین ٹپکائین -

دیگر - کلونجی ساتھ بول خر کے پیسکر ہر صبح ٹپکائین -

دیگر - بول شتر کو ہر دن ٹپکائین -
دیگر - بول بز نازادہ کا سعوط کرین اور یہ دوا کھائین زیرۂ سفید کشنیز اجوائن نمک سنگ بالنہ مرچ پیپل چترک ہر ایک ایک درم تری اجمود گل دہاواز نجبیل بال ہیل ہر ایک تین درم مغز کیتھ آٹھ درم کوٹ کر چھان کر ہر دن دو درم کھائین -
دوا - کہ واسطے بند ہونے ناک کے اور زکام کے نہایت نافع ہی نر کسنہ جیتھہ نیر نگ تالیسر جاب املیت زہرۂ سفید ہر ایک ایک درم تج بترج دانۂ الائچی خرد ہر ایک ایک مانک قند سیاہ کسنہ چو بیس درم معجون بنائین اور آدھا دام جو ساڑھے دس ماشے ہوتا ہی ہر دن صبح کو کھائین یا وقت خواب کے -
دوا - کہ بدبوے ناک کو دور کرے جو زبوا دا چینی لسباسہ قرنفل ہر ایک ایک درم کوٹکر چھانکر شہد کے ساتھ کھائین اور شاش اونٹ کا ہر دن سعوط کرین -
دوا - کہ زخم ناک کو رفع کرے پوست درخت سرس سیاہ جوش کرکے اُس سے زخم کو دھوئین -
دیگر - آب برگ چنیا آب ہلیلہ و بلیلہ و آملہ اور قدرے رنگ ترمتی پیسکر ناک مین ملین تو زخم جلد صحت پائے -
دوا - کہ ناسور ناک کو فائدہ کرے اور ناسور ناک کا گوشت زائد ہی کہ بیچ ناک کے پیدا ہوتا ہی زنگار نوشادر اشخار یکجا کر کے شہد مین ملائین اور بتی اُسمین آلودہ کر کے سوراخ مین ناک کے رکھین اور گوشت و شیرینی سے پرہیز کرین

حرف السین

سعوط - کہ رعاف کو بند کرے کاغذ سوختہ پوست بیضہ مرغ سوختہ اقاقیا ماز وکہ سرکے مین جلایا ہو پوست انار ترش کندر مرصافی صدف سوختہ شادنج مغسول ہر ایک ایک جزو کافور ربع جزو کوٹ کر چھان کر ساتھ آب بادروج کے ناک مین ٹپکائین اور عصارۂ تلخ کا اور عصارہ کراث کا تنہا یا مرکب سعوط کرنا یہی عمل کرتا ہی اور اسی طرح سعوط عصارہ سرگین خر کا مجرب ہی اور اسیطرح آب سرو سرکے مین ملا کر استنشاق کرنا اور آب سرد اوپر منھ و سر کے ڈالن اور ہاتھ پانون کو باندھنا -
سعوط - کہ بدبوے ناک کو دور کرے مجرب ہی پیشاب گدھے کا ٹپکائین فانہ لا یختلف البتہ اور استنشاق خمر ریحانی کا بدستور -
سعوط - کہ بطلان شم کو دور کرے شونیز زہرۂ کلنگ شحم حنظل خربق سفید جملہ برابر گولیان بنائین موافق مقدار عدس کے پس ایک گولی روغن سوسن مین پیسکر ٹپکائین اور اگر اس سعوط سے درد اُٹھے روغن گل کا سعوط کرین اور آب گرم اوپر سر کے گرائین -
فائدہ - چاہیے کہ مریض وقت سعوط کرنے اس دوا کے منھ مین پانی بھر لیوے اور پیٹھ پر لیٹ کر سر کو اوندھا کرے اور سعوط کو اوپر کھینچے تو فعل دوا کا خوب سرایت کرے اور کپڑا گرم پانی مین تر کر کے سر پر رکھے اور یہ احتیاط و قاعدہ سب سعوطون حاد مین مرعی رکھین اور تقطیر آب جند بیدستر کی ناک مین مفتح سدے کی ہی -
سعوط - کہ نافع ہی اُس شخص کو جو بوے بد حس کرتا ہو اور بوے نیک کو حس نہ کرتا ہو - جند بیدستر کو ہمیشہ ٹپکائین -

نوع دیگر۔ واسطے اُس شخص کے کہ بوے نیک معلوم کرے اور بوی بد کو معلوم نہ کرے مشک خالص ٹپکائین۔

حرف الضاد

ضماد۔ کہ اوپر سر و پیشانی کے اگر لگائین رعاف مفرط کو باز رکھے خصوصاً کہ پہلے پانی خوب سرد اوپر سر کے گرا کر پیچھے تضمید کرین مازو سبز پوست انار گل سرخ خشک ہر ایک ایک جزو عدس مقشر و جو حضض برابر سب دواؤن کے کوٹ کر چھان کر ساتھ آب آش و گلاب کے گھولکر اوپر تالو اور پیشانی کے رکھین اور اگر کپڑا کتان کا گلاب مین جو برف مین سرد کیا گیا ہو تر کرکے اوپر تالو کے رکھین حبس رعاف کرے اور لوبیا کو بچا کر ضماد کرنا بھی حابس ہی۔

ضماد۔ کہ یہی عمل کرتا ہی گل ارمنی عصارہ لحیۃ التیس گلنار عدس مقشر ہر ایک ایک جزو کافور افیون ہر ایک ربع جزو کوٹ کر چھان کر ساتھ سرکہ انگوری کے گھولکر تالو پر رکھین اور اگر برگ خلاف و برگ کرم و فوتینج و گل سرخ و آرد جو ساتھ پانی خرفے کے یا آب سادہ کے پیشانی و تالو پر ضماد کرین یہی عمل کرے۔

حرف الطاء

طلا۔ کہ رض الف کو فائدہ کرے ماش زعفران مر صافی رامک سک گل ارمنی خطمی لادن کو ٹکر چھانکر ساتھ پانی خرفہ کے گھولکر پہلے ناک کو ہاتھ سے سیدھا و درست کرین اور انبوبہ پر لتہ لپیٹ کر ناک مین رکھین پس اس طلا کو استعمال کرین ناک پر

حرف الفاء

فتیلہ۔ کہ رعاف کو روکے گلنار گرد آسیا مازو ہر ایک آدھا درم افیون ایک دانگ کوٹ کر ریشمی کپڑے مین چھانکر ساتھ عصارۂ سرگین خر کے گھولین اور مکڑی کے جالے مین لپیٹ کر ناک مین رکھین لیکن پہلے ناک کو ساتھ گلاب اور سرکے کے دھولیوین۔

فتیلہ۔ کہ یہی عمل کرتا ہی مازو جلایا ہوا اندر سرکے کے دو درم زاج سیاہ چار درم شب یمانی چھ درم کافور ایک دانگ کوٹ کر ریشمی کپڑے مین چھان کر اور فتیلہ کتان کا ساتھ عصارۂ سرگین خر کے آلودہ کر کے بعد اُسکے یہ دوا لپیٹ کر ناک مین رکھین۔

فتیلہ دیگر۔ کہ یہی عمل کرتا ہی کاغذ سوختہ پوست تخم مرغ سوختہ اقاقیا پوست انار ہر ایک دو درم کوٹ کر چھانکر ساتھ پانی بادروج کے یا آب بارتنگ کے گھولکر فتیلے کو اسمین آلودہ کر کے رکھین۔

فتیلہ۔ کہ یہی عمل کرتا ہی کتان کے کپڑے کا فتیلہ بنا کر شراب مین تر کرین اور زاج مصری باریک کر کے اسپر چھڑکین اور رکھین اور جو غلبہ خون کا بہت ہو اگر فصد قیفال کی کہ رعاف کو حبس کرتی ہی لیکن خون تھوڑا نکالین اور فصد باریک کرین تو زمانہ دراز مین خون تھوڑا نکلے اور بعض طبیب اس امر پر ہین کہ ہفت اندام کھولین اور خون اتنا نکالین کہ غشی آئے اور خون بسبب غلیظ ہونے قوام کے غشی کے سبب سے ہو جاتا ہی خود بخود بند ہو جاتا ہی لیکن جبتک ضرورت شدید نہو جرات نہ کرین۔

فتیلہ۔ کہ گندگی یعنے بدبوے ناک کو دور کرے مصطگی

پوست انار ترش ہر ایک دو درم قصب الذریرہ
بزرالبنج ہر ایک ایک درم ونصف زاج قرنفل ہر ایک
ایک درم فتیلے کو شراب مین ترکرکے ادویہ کوٹنے اور
چھاننے کی اُسمین آلودہ کرکے ناک مین رکھین ۔

فتیلہ ۔ کہ زخم ناک کو فائدہ کرے زاج سیاہ شب یمانی
مازو مرصافی توبال مس سوختہ ہر ایک پانچ درم
زراوند طویل چھ درم کندر بارہ درم جملہ کوٹ کر دومن
پانی مین پکاکر صاف کرین اور پھر جوش کرین جب موافق
قوام شہد کے ہووے فتیلہ کو اُسمین آلودہ کرکے ناک
مین رکھین اور بکرر اُسکو کرین ۔

فتیلہ ۔ کہ خشیم کو فائدہ کرے سعد سنبل صبر گل سرخ
قرنفل کوٹ کر چھان کر ساتھ پانی لچہ دینے کے
گھول کر ناک مین رکھین بعد اسکے کہ ناک کو گلاب
و سرکے سے کئی مرتبہ دھویا ہو اور اگر شونیز کو
بریان کرکے ایک رات دن پرانے سرکے مین
بھگوئین اور ساتھ تھوڑے روغن زیت کے
ناک مین ٹپکائین یہی عمل کرے اسی طرح اگر فتیلے کو
اُسمین آلودہ کرکے رکھین ۔

حرف النون

نطول ۔ کہ سدے ناک کو کھولے لادن چوب جھاؤ
شونیز کو جوش کرکے اُسکے بخار پر سر کو رکھین یا سبوس
گندم کو سرکے مین جوش کرکے سر کو اُسکے بخار پر رکھین ۔

نفوخ ۔ کہ گندبتی کو دور کرے مشک زاج قرنفل مساوی لیکر
کوٹکر چھانکر ناک مین دم کرین نے مین رکھکر ۔

نفوخ ۔ کہ رعاف کو روکے قرطاس سوختہ صدف سوختہ
ہر ایک ایک جزو قلقطار آدھا جز بہت باریک پیسکر
ناک مین دم کرین ۔

دیگر ۔ کہ رعاف کو بند کرے حضض کو کتان کے کپڑے
مین باندھکر جلائین اور راکھ اُسکی لیکر ناک مین دم کرین ۔

دیگر ۔ کہ عبس مین نہایت خوب ہی آہک سفید ناک مین
دم کرین ایک مرتبہ بعد دوسرے مرتبے کے پس فتیلے
کو انڈے کی سفیدی مین ترکرکے آہک پسا ہوا لگاکر
ناک مین رکھین ۔

فائدہ ۔ مزاج ناک کا کان سے ارطب ہو اور آنکھ سے
ایبس ہو پس ادویہ کان کی زیادہ مائل بہ خشکی دینا چاہیے
اور ادویہ آنکھ کی زیادہ مائل بہ تری اور ادویہ ناک
کی چاہیے کہ معتدل ہون ۔

باب پانچوان بیان مین ادویہ لب کے

حرف الدال

دوا ۔ کہ بیاض لب کو بہت نافع ہو روغن ناردین وخیری
ویاسمین وخلوق ناک مین ٹپکائین بعد تنقیہ بلغم کے اور
ہریسہ وبقول کے کھانے سے پرہیز کرین ۔

دوا ۔ کہ تشقق و تقشر و جفاف لب کو نفع کرے قیروطی
اور ادہان و شحوم ملین اوپر لب کے اور ناف اور
مقعد کو ساتھ روغن بنفشہ کے چرب رکھین اور یہ مرہم مجرب
ہے اسفیداج مازو نشاستہ کتیرا باریک کرکے چربی مین مرغکی

کہ پگھلائی ہو گھول کر لب پر رکھین اور جو چیز لب پر رکھین پوست اندرونی انڈے کا اُسپر لگاوین تو ہوا سے محفوظ رہے اور جو صفرا انگیز ہی اُس سے پرہیز کرین -

دواء - کہ بواسیر لب کو فائدہ کرے عدس بابونہ اکلیل الملک قطر پانی مین پکا کر بعد اُسکے ملکر ساتھ زردی انڈے کے اور چربی مرغی کی ملا کر لگائین بعد فصد سر رو و چہار رگ کے اور بعد پینے جوشاندۂ افتیمون کے اور اگر رنگ بواسیر کا سیاہ ہو اوپر لب کے بھی شرط کرین یا جونک لگائین اور بعد شرط کے سرکہ ملین تو خون بند ہو جائے اور اگر بواسیر سرخ رنگ ہو شرط کرنے سے اور جونک لگانے سے پرہیز کرین اور بعد تنقیہ عام کے ضماد مسطور لگائین اور یہ مرہم مفید ہی مرداسنج اسفیداج زعفران شب یمانی باریک کر کے ساتھ روغن بادام و موم پگھلے ہوئے کے گھولکر رکھین -

دواء - کہ آماس گرم لب کو نافع ہی حضض بابونہ آرد جو گلاب عنب الثعلب تر ضماد کرین بعد فصد و اسہال کے اور انتہا مین قیروطی کہ روغن بادام و موم سے بنائی ہو لگائین اور پانی گرم سے مکرر دھوئین -

دیگر - کہ آماس بلغمی کو نفع کرتی ہی شبت بابونہ اکلیل الملک و مانند ان کے طلا کرین -

دیگر - کہ آماس سوداوی کو فائدہ کرے جو کچھ سرطان مین مستعمل ہی کام مین لائین اور تقلیل غذا و ترک عشا واجب جانین

دواء - کہ بثور لب کو نافع ہی خون سے ہون یا صفرا سے جو چیزین کہ ورم گرم سے بیان ہوئین استعمال کرین -

دواء - کہ قروح لب کو نافع ہی مرہم سفیدی کا لگائین اگر بھی قیروطی مانند و مردارسنگ موم اور روغن خستہ زردآلو کو بنا کر لگائین اور واسطے آکلہ لب کے جو چیزین کہ آکلہ دہان مین گذری ہین نفع کرتی ہین -

فائدہ - اگر اختلاج لب کا بشرکت فم معدے کے ہو مقدمہ قی کا ہی ساتھ متلی و ہچکی کے ہوگا اور بمشارکت عصب دماغی کے یہ مقدمہ لقوہ و صرع کا ہوگا اور دماغ مین آفت ہوگی اور ان دو قسم مین تنقیہ عضو مشارکت کا کرتے ہین اور امراض مین سر کے جو چیزین کہ باب اختلاج مطلق مین گذری ہین استعمال کرین اور اگر بسبب تولد ریح کے لب مین اختلاج ہی مفتحات لب پر ملین اور جوزبوا روغن مین بابونہ کے پیسکر لگائین کہ سریع الاثر ہی اور اگر بسبب خون کے ہی کہ باریک رگون مین لب کے امتلا پیدا کرے اور مستحیل بریاح ہو جائے بعد فصد سر رو و چہار رگ کے واسطے تفتیح مسام کے محللات ضماد کرین اور غذا کم کھائین اور ہر ایک سوء مزاج کو ادویہ مضادہ سے علاج کرین -

باب چھٹا بیان مین ادویہ دندان ولثہ کے

ہم پہلے تدبیر حفظ دندان کی بیان کرتے ہین طالب صحت دندان کو واجب ہی کہ آٹھ چیز کی رعایت کرے ایک وہ کہ تواتر فساد طعام و شراب سے معدے مین پرہیز کرے خواہ سبب فساد کا ردی ہونا جوہر طعام کا ہو اور بسرعت قبول کرنا طعام کا فساد کو مانند دودھ اور مچھلی نمکین و صحناء کے خواہ سوء تدبیر غذا دوم وہ کہ بہت قی نہ کرے خصوصاً اگر مادہ گھٹا ہو سوم وہ کہ چبانے چیز علک سے خصوصاً کہ شیرین ہو مانند ناطف کے یعنی حلوا سوہن اور مانند

انجیر خشک کے اجتناب کرے چہارم وہ کہ کوئی چیز سخت دانتون سے ہرگز نہ توڑے اور جو چیز کہ دانتون کو کند کرتی ہی اُس سے پرہیز کرے پنجم وہ کہ جو چیز کہ شدید البرد ہی اُسکو دانتون سے دور رکھے خصوصاً اوپر گرم چیز کے اسی طرح شدید الحرارت کو مضر جاننے خصوصاً اوپر بارد کے ششم وہ کہ ہمیشہ دانتون کو پاک رکھے جو چیز کہ درمیان دانتون کے رہجائے اُسکو خلال سے اسطرح پاک کرے کہ دانتون کو اور گوشت کو جو دانتون کی جڑ مین ہی صدمہ نہ پہونچے ہفتم وہ کہ بعضے چیزین کہ دانتون کو بالخاصیت ضرر کرتی ہین مانند کراث کے اُن چیزون سے احتراز کرے اور جاننا چاہیئے کہ کراث یعنے گندنا مضر ترین اشیا ہی واسطے دانتون کے اور لثہ کے ہشتم وہ کہ مسواک کو ہمیشہ کرتا رہے لیکن اسکے استعمال مین نرمی کرے اور استقصا یعنی مبالغہ نہ کرے ورنہ دانتون کا پانی جاتا رہیگا اور پانی کا جاتا رہنا مہیا کرتا ہی دانتون کو اوپر قبول نوازل اور ابخرۂ صاعدۂ معدہ کے اور چاہیئے کہ مسواک درخت اراک یا اور درختان مشہورہ سے ہو اور جبتک حقیقت لکڑی کی خوب معلوم نہ کرے مسواک اُس سے نہ بنائے اسلیئے کہ مشاہدہ ہوا ہی کہ بعضے لکڑیان بمجرد پہونچنے دانتون تک دانتون کو گرا دیتی ہین اور مسواک کرنا باعتدال دانتون کو جلا دیتا ہی اور قوی کرتا ہی عمور کو اور جملہ حفظ صحت دانتون سے یہ ہی کہ وقت خواب کے روغن گل دانتون پر ملے اور ہر ہفتے مین دو مرتبہ اُس شراب سے کہ جس مین اصل تیوع کی جوش کی ہو کلیان کرین فائدہ غایتہ مانع

الانصباب صاحبہ وجع الاسنان اور اسی طرح نمک طبرزد پسا ہوا کہ ساتھ شہد کے ملایا ہوا دانتون پر ملنا مجلی و منقی مشدد لثہ کا ہی اور ملنا زمس کا بدستور اور اسی طرح نمک خمیر ملنا جلایا ہو یا بدون جلانے کے مگر جلایا ہوا بہتر ہی اور واجب ہی کہ نمک کے بندقہ بنائے بعد اسکے کپڑے مین رکھکر دانتون کو ملے جب دانت ان ادویہ سے گرم ہو جاوین چاہیے کہ شہد ملے یا شکر بعد اُسکے روغن گل ملے اور جب دانت واسطے قبول نوازل کے مہیا ہون چاہیے کہ جوشاندہ اشیاے قابضہ کا منہ مین دیر تک رکھے اور بھی شب یمانی اور بلح کو جلاکر باریک پیسکر دانتون کو ذرور کرے تو انصباب مادہ کا دانتون پر نہو۔

حرف التاء

تریاق الاسنان۔ دواے مجرب ہی اگر دانتون پر ملین درد دانتون کو جو بسبب سردی کے ہو فائدہ کرے جندبیدستر حلتیت مرصافی فلفل زراوند مدحرج زنجبیل میعہ افیون بزرالبنج مساوی الوزن کوٹ کر چھانکر شہد مین گھولکر روئی کو اُسمین آلودہ کرکے دانتون پر رکھین یا گولیان بناکر منہ مین رکھین۔

حرف الدال

دواء۔ کہ درد سرد دانتون کو مفید ہی فلفل عاقرقرحا مو بنج زنجبیل مساوی الوزن کوٹ کر چھان کر شہد مین ملاکر ملین اور اگر سلائی لوہے کی گرم کرکے دو

مین مرتبہ دانتون پر رکھین درد کو موقوف کرے۔

دواء۔ کہ واسطے درد دانتون کے جو بسبب گرمی سے کے ہو نفع کرے افیون نیم دانگ روغن گل مین حل کرین اور تھوڑی روئی اسمین آلودہ کرکے دانتون پر رکھین اور عاقرقرحا و کافور کوٹ کر روغن گل مین ڈالین اور تھوڑی روئی اسمین آلودہ کرکے دانتون پر رکھین اور اگر اوپر جڑ دانتون کے شرط کرین یا جونک لگائین جلد نفع کرے۔

دواء۔ کہ درد دانتون کو جو سوراخ دار ہین نافع ہی فلفل عاقرقرحا بارزد مساوی الوزن لیکر مرچ و عاقرقرحا کو باریک پیسکر ساتھ بارزد کے ملاکر دانتون کے سوراخ مین رکھین۔

دیگر۔ کہ لثہ کو محکم کرے اور گوشت کٹے ہوئے کو جماوے زراوند مدحرج کندر دم الاخوین کرسنہ بیخ سوسن مساوی الوزن کوٹ کر چھان کر ساتھ سکنجبین عنصلی کے گھولکر استعمال کرین۔

دواء۔ کہ درد دانتون کو ساکن کرے عاقرقرحا مونج ہر ایک تین درم تخم ہر ایک درم آب کشنیز تازہ بیس مثقال شیر گاؤ بیس مثقال جوش کرکے گولیان بنائین اور دانتون پر رکھین اور اگر سداب تازہ ساتھ مویز سیاہ کے کوٹکر دانتون پر رکھین یہی عمل کرے۔

دواء۔ کہ اسنان کو قلع کرے شب یمانی مردونون کو وزن مین برابر لیکر کوٹین اور اوپر اس دانت کے کہ اُکھاڑنا اسکا مطلوب ہی رکھین لیکن اور دانتون تک نہ پہونچے اور اس دوا کو لگا کر تھوڑی دیر توقف کرین اور دانت جڑ سے نکل آئے اور اگر عاقرقرحا سرکے مین چالیس دن بھگوئین بعد اسکے پیسین لیکن پہلے گرد دانتون کے دو تین جگہ نشتر لگائین بعد اُسکے یہ دوا لگائین تو جلد اُکھاڑیگا اور بھی دُرد سرکہ کہنہ کا کئی دن طلا کرکے دانت کو کھینچین تو بآسانی نکل آئے اور بھی ضفدع بری کو روغن مین زیت سے کے اسقدر پکائین کہ گھل جائے اور گرد دانت کے پچھنے لگا کر روغن مذکور کو کئی مرتبہ ملین تو آسانی سے نکل آئے اور بھی اگر دانت متاکل ہو تخم بازریون و شیر شبرم کوٹ کر چھان کر قطران مین ملاکر سوراخ کو بھر دین تو ریزہ ہو جائے۔

فائدہ۔ درد دانت کا اگر سردی و تری سے ہو دماغ کو ساتھ مسہل و حقنے کے بعد اُسکے ساتھ سعوط کرنے غیرہ بھیل کتائی کے پاک کرین بعد اسکے شبت زردچوبہ عاقرقرحا حلتیت برابر ساتھ شہد کے ملاکر ہر دن مقدار قلیل کھائے اور بھی تھوڑی نیچے دانت کے رکھے۔

دیگر۔ برگ شنبھالو نمک سنگ برنگ جو کوب کرکے کپڑے مین رکھکر نیچے دانت کے رکھین۔

دیگر۔ لکڑی آگ کی جو باریک و نرم ہو ملائم آگ پر گرم کرکے نیچے دانت کے رکھین اور اسی کو چبائین۔

فائدہ۔ جسوقت درد دانت کا بسبب زیادتی خون کے ہو رگ سر رو کھولین یا چہار رگ اور گلاب و سرکہ و کافور کی کلیان کرین اور طبع کو نرم کرین۔

دواء۔ کہ جنبش دانتون کو جو بسبب گرمی و عفونت کے ہو فائدہ کرے برگ گل جاہی برنگ لودھ جوش کرکے کلیان کرے اور اگر شب یمانی و کف دریا زیادہ کرین بہتر ہی اور اگر سبب جنبش کا رطوبت ہو صندل فوفل مازو ...

زرد و باریک کرکے دانتون کے جڑین ملین ۔

حرف السین

سنون ۔ کہ دانتون کے کند ہونے کو مانع ہی لیکن اگر سبب اسکا تناول کرنا ترشی کا ہو تو دارو ئی گرم کاکہ ساتھ زردی انڈے کے پکایا ہوا دانت پر رکھین اور دانت سے کاٹین اور بھی موم زرد چبائین اور اگر بلغم ترش سے ہو جو تم معدے مین جمع ہوا ہی تنقیہ معدہ کا کرین اور دانتون کو روغن گل سے چرب رکھین ۔

سنون ۔ کہ کرم دانتون کو نافع ہی لیکن ابتدا مین کہ ابھی تک کیڑون نے دانتون کی جڑ کو بالکل ضائع نہ کیا ہو کٹائی تازہ مع جڑ و شاخ و پتے لیکر کوٹے شیرہ اُسکا نکالکر اس سے مضمضہ کرے چند دن نہار متواتر ۔

سنون ۔ ضعف اسنان کو نافع ہی سورنجان قرنفل سعد کزمازج پوست ہلیلہ زرد صندل سفید گل سرخ مساوی الوزن کوٹکر چھانکر سنون بنائین ۔

سنون ۔ کہ حافظ صحت اسنان ہی شاخ گوزن سوختہ کزمازج سعد سنبل ہر ایک چار درم نمک اندرانی ایک درم کوٹکر چھانکر سنون بنائین ۔

سنون ۔ کہ دانتون کو میل سے پاک کرے نمک اندرانی جو سوختہ زبد البحر سماق سحو قونیا مساوی الوزن کوٹکر چھانکر سنون بنائین ۔

سنون ۔ کہ دانتون متحرک کو مضبوط کرے گلنار آملہ شب یمانی اقاقیا مساوی الوزن کوٹکر چھانکر سنون بنائین ۔

سنون ۔ کہ نافع ہو واسطے درد دانتون کے کہ سبب اُسکا ورم لثہ ہی تخم خرفہ کشنیز خشک سماق عدس مقشر صندل سفید عاقرقرحا کافور مساوی الوزن کوٹکر چھانکر اوپر لثہ اور دانت کے چھڑکین بعد اُسکے کہ گلاب دسر کے کو ایک ساعت منہ مین نگاہ رکھا ہو ۔

سنون ۔ کہ دانتون کی جڑ کو سخت کرے اور خون کو بار رکھے شاخ گوزن سوختہ نمک اندرانی سوختہ پوست ہلیلہ زرد گل سرخ ہر ایک دو درم گلنار ایک درم کوٹکر چھان کر اوپر لثہ اور دانتون کے چھڑکین ۔

سنون ۔ کہ بوے دہن کو خوش کرے اور خون نکلنے کو بند کرے اور دانتون کو مضبوط کرے ہلیلہ بلیلہ آملہ مقشر گل سرخ اقاقیا شب یمانی قرط طباشیر عاقرقرحا مساوی الوزن کوٹ کر چھان کر سنون بناوین کہ لثہ وامیہ کو نافع ہی شب یمانی سوختہ ایک درم نمک بریان دو درم سماق تین درم کوٹ کر چھان کر سنون بنائین ۔

سنون الملوک ۔ کہ درد دانتون کو نافع ہی اور بوی دہن کو خوش کرے مرجو زالسرو ابہل عاقرقرحا مساوی الوزن کوٹ کر چھان کر استعمال کرین ۔

سنون ۔ کہ ناصور بن دندان کو اصلاح کرے بیخ سوسن عاقرقرحا ایک درم شب یمانی گلنار مازو سماق ہر ایک دو درم کوٹکر چھانکر سنون بنائین ۔

سنون ۔ کہ زردی و سیاہی کو دانتون سے دور کرے اور بو منہ کی اچھی کرے کزمازج زنجبیل زبد البحر دار فلفل قاقلہ ہر ایک دو درم نمک بریان دس درم جو سوختہ سات درم کوٹ کر چھان کر سنون بنائین ۔

سنون ۔ کہ ورم لثہ و ناصور کو فائدہ کرے کاتھ ہندی

قسط شیرین توتیا ے ہندیان زنجبیل مساوی الوزن کوٹ کر چھان کر سنون بنائین۔

سنون۔ کہ واسطے درد دانتون کے کہ سبب اُسکا رطوبت ہو فائدہ کرے فلفل اڑھائی درم بورۂ ارمنی ڈیڑھ درم زنجبیل مویزج ہر ایک ایک درم کوٹکر چھانکر استعمال کرین۔

سنون۔ کہ نکلنے خون کو دانتون کی جڑ سے موقوف کرے کات ہندی فوفل گلنار سرخ دم الاخوین سماق مساوی الوزن کوٹکر چھانکر چھڑکین اور صبح کو گلاب و پانی کی کلیان کرین۔

سنون۔ کہ دانتون سیاہ ہونے کو سفید کرے پوست ہلیلہ زرد دس درم فلفل چار درم حماما تین درم سافج ہندی دو درم مازو سوختہ آٹھ درم کوٹکر چھانکر اوپر دانتون کے ملین

سنون۔ کہ لثہ کو محکم اور رطوبت کو خشک کرے گلنار دس درم نوشادر دو درم مویزج تین درم مازو ایک درم پودینہ سوختہ شہد مین ملاکر جلایا ہوا سات درم کوٹکر چھانکر استعمال کرین۔

سنون۔ کہ دانتون کو سفید کرے اور بوے دہن کو اچھا کرے زبد البحر نمک بریان ہر ایک دو درم عود سوختہ جو سوختہ سفال چینی کزمازج گلنار عاقرقرحا قرنفل سافج ہندی گل سرخ سعد سماق ہر ایک پانچ درم زراوند طویل سک حب الآس ہر ایک تین درم کوٹکر چھانکر دانتون پر ملین

سنون۔ کہ جوشش آتشک جو اوپر دانتون کے اور منھ مین ظاہر ہوئی ہو بسبب تناول ادویہ مخصوصہ آتشک کے رفع کرے زرآوند مدحرج برگ مورد کندر سعد گلنار بیخ سوسن دم الاخوین مازو مساوی الوزن کوٹکر چھانکر کام مین لاوین

سنون۔ کہ لثہ کو محکم کرے اور منھ کی بو کو خوش کرے اور قلاع کو مفید ہی شیاف مامیثا طباشیر بارتنگ تخم گوگل پوست ہلیلہ زرد گلنار برگ زیتون کزمازج شب یمانی مساوی الوزن کوٹکر چھانکر استعمال کرین۔

سنون۔ کہ آکلہ و ناصور کو جو دانتون کی جڑ مین ہو فائدہ کرے اور خون کے نکلنے کو موقوف کرے مرصافی نوسادر بیخ سوسن زرنیخ سرخ عاقرقرحا مساوی الوزن کوٹ کر چھان کر استعمال کرین۔

سنون دیگر۔ کہ یہی خاصیت رکھتا ہی بیخ سوسن عاقرقرحا ہر ایک ایک درم شب یمانی گلنار مازو سماق ہر ایک دو درم کوٹ کر چھانکر استعمال کرین۔

سورنجان۔ کہ دندان متحرک کو محکم کرے مرصافی توتیا شب یمانی نشاستہ گل سرخ سماق پوست انار ترش استخوان ہلیلہ سک گلنار مازو کزمازج مساوی الوزن کوٹ کر چھان کر دانتون پر چھڑکین۔

سورتیجان دیگر۔ کہ آکلہ کو جو لثہ اور منھ مین ہو نافع ہی پوست انار ترش و شیرین ہر ایک تیس درم نمک ہندی نوشادر ہر ایک پانچ درم مازو گلنار شب یمانی کا [illegible] سوختہ عاقرقرحا ہر ایک دس درم سماق پندرہ درم کوٹ کر چھانکر سرکے مین ملاکر گلولہ بناوین اور سایہ مین خشک کرین اور وقت حاجت کے دوسری بار کوٹکر استعمال کرین۔

سورتیجان دیگر۔ کہ استرخاے و ورم لثہ کو مفید ہی اور دانتون کو میل سے صاف کرے پوست انار ترش دو درم گلنار زردچوب سماق شب یمانی مازو ہر ایک ایکدرم کوٹکر چھانکر استعمال کرین

فائدہ۔ سورتیجان لفظ یونانی ہی اور نام بعضے سنون کا ہی۔

سلاقہ۔ کہ ورم استرخاے لثہ کو نافع ہی طراثیث قرظ شب یمانی

بوست انار ترش سماق جملہ برابر پانی مین جوش کر کلیان کرین

طلاقۂ دیگر - کہ یہی عمل کرتا ہی برگ سرو جوز السرو و گلنار مازو کزمازج برابر سرکے مین پکاکر کلیان کرین -

حرف اللام

لصوق - کہ لثۂ دندان کو محکم کرے اور سرخی لثہ کو نفع کرے گلنار طباشیر گل سرخ کزمازج بالسویہ باریک کرکے لثہ پر

انتباہ - بہت اتفاق ہوتا ہی کہ گوشت بن دندان کا بڑھ جاتا ہی یا دانتون سے جدا ہوتا ہی اور اُسمین میل جمع ہوکر ریم نکلتا ہی اس حالت مین تدبیر بہتر یہ ہی کہ لثۂ زائد کو ناخن گیر سے قطع کرین اور جب ایک دانت اور دانتونسے بڑا ہوجائے تدبیر اُسکی قطع کرتا ہی آلات مخصوصہ سے اور مبرد سے حک کرنا اور جسوقت دانتون مین کھجلی ظاہر ہو جس سبب سے کہ ہو تنقیہ بدن و دماغ کا کرنا چاہیے اور ساتھ سکنجبین عنصلی کے کلیان کرنا چاہیے اور جب دانت خواب مین بجبین اور پیسین اُسکو صریر الاسنان کہتے ہین تدبیر اُسکی تنقیہ ہی ساتھ ایارج فیقرا کے اور غرغرون کے اور واسطے تقویت دماغ اور اعصاب کے روغن قسط و خلوق اوپر گردن کے ملنا لان العنق مبدہ عضلات الفکین -

حرف المیم

مضمضہ - کہ درد دندان اور تحرک دندان کو مفید ہی چوب آس بیخ کبر الحراف کبر بیخ کا کنج جوز السرو گلسرخ برادۂ دندان فیل شب یمانی جملہ برابر لیکر سرکے مین پکاکر کلیان کرین -

بیان - ادویہ کا کہ دندان لڑکون کو آسانی سے نکالین روغن مسکہ اور چربیان اور مغز سباق گاؤ کا اور مغز اُسکے سر کا اور مغز خرگوش کو پکاکر اوپر جبڑے کے ملین اور زہرہ سگ کا ملنا مجرب ہی اور جسوقت درمیان جمنے دانتون کے درد زائد ہو عصارۂ عنب الثعلب اور روغن گل ملاکر نیمگرم کرکے اُنگلی کو چرب اُسمین کرین اور آہستہ جبڑے پر ملین اور جب دندان نکلنے لگین سر و گردن و بناگوش ونک کو ساتھ روغن موم کے چرب رکھین اور ایک قطرہ روغن نیمگرم کا کان مین ٹپکائین بہتر ہووے اور چبانے سے باز رکھے تو مادہ دانتون کا تحلیل ہوجاوے اور شہد کو دانتون پر ملین -

باب ساتوان ادویہ مین منھ و حلق کے

جان تو کہ معنی حلق کے بلدب مین خناق کے بیان ہونگے

حرف الدال

دواد - کہ قلاع سرخ کو فائدہ کرے تخم گل مع بیخ طباشیر نشاستہ عدس مقشر تخم خرفہ کشنیز خشک سماق عنا عاقر قرحا جملہ برابر لیکر کافور تھوڑا تھوڑا کوٹکر چھان کر سب کے برابر شکر ملاکر منھ مین رکھین اور ملین بعد اسکے سرکہ و گلاب منھ مین رکھین اور بہتر یہ ہی کہ قلاع سرخ مین پہلے خون نکالین فصد و حجامت سے یا جونک سے

دواء - کہ قلاع سفید کو نافع ہی نمک شہد مین ملاکر منھ مین ملین بعد اسکے سکنجبین یا ابکامہ منھ مین رکھین اور یہی جوشاندہ عاقر قرحا و مویزج سے کلیان کرین

اور اگر مامیران اور عاقرقرحا سرکے مین جوش کرکے کلیان کرین قلاع سفید بلغمی کو بہت فائدہ ہوتا ہی اور اگر مادہ بہت ہو پہلے حب صبر سے اور مانند اسکے سے تنقیہ واجب ہی۔

دواء- کہ قلاع سیاہ کو فائدہ کرے ابتدا مین واسطے نضج تلیین کے مغز ساق گاؤ طلا کرین اور واسطے تخفیف کے برگ چباوین بعد اُسکے اُس سرکے کی کہ اُسمین مازو و پوست انار وگلنار و سماق وگشنیز جوش کیا ہو کلیان کرین اور بہتر یہ ہی کہ پہلے ساتھہ جوشاندے افتیمون کے سودا کا استفراغ کیا جاوے اور اگر سماق وگل سرخ وکشنیز وگلنار وآس وخرنوب کو پانی مین پکا کر کلیان کرین اور اگر برگ زیتون وبرگ توتیج واقاقیا ہر ایک دس درم شب یمانی دو درم زعفران نصف درم کوٹ کر چھان کر منہ مین ڈالین قلاع سیاہ کو مفید ہی۔

دواء- کہ آکلہ دہن ولثہ وامیہ کو نافع ہی زرنیخ سرخ وزرد آہک مازو ہر ایک دس درم زنگار قلقطار ہر ایک پانچ درم اقاقیا شب یمانی گلنار ہر ایک تین درم سرکے مین پیسکر ایک ہفتہ دھوپ مین رکھین بعد اسکے اقراص بنا کر رکھین احتیاط سے اور وقت حاجت کے ایک دانگ اُنسے لیکر پیسین اور اوپر لثہ اور منہ کے لگا کر ایک ساعت رہنے دیوین اور بعد اُسکے روغن گل منہ مین لین اور ایک زمانے تک رہنے دین فائدہ ظاہر ہوتا ہی اور یہ اقراص کہ نام اُنکا اقراص زرنیخ ہی قرحہ میں امعا کے مذکور ہونگے اُنکا حقنہ کرتے ہین اور آکلا عضاء دیگر کے لیے بھی مجرب ہی۔

دواء- کہ آکلۂ ساعیہ کو نافع ہی شب یمانی ایک جزو قلقطار قلقدلیس نمک سوختہ نوشادر ہر ایک نصف جزو مازو مدبہ کاغذ مصری سوختہ آہک زندہ یعنے آب نادیدہ ہر ایک ایک جزو و نصف زعفران کندر برگ حنا ہر ایک نصف جزو و ربع جزو کوٹ کر چھان کر اقراص بنادین اور سرکے مین حل کرکے کلیان کرین اور منہ مین رکھین اور فلیفلون اس کام مین بھی مجرب ہی صفت اُسکی یہ ہی اقاقیا زرنیخ سرخ ہر ایک دس درم مرصافی چار درم آہک زندہ آٹھ درم شب یمانی چھہ درم قرص بنا کر رکھین اور پھوڑا اوپر آکلہ کے چھڑکین اور علاج مین آکلہ کے تنقیہ مکرر کرین خصوصاً اگر ساعیہ ہو اور تنقیہ خون کا نسبت اور اخلاط سے زیادہ کرین۔

صفت فلیفلون

دواء- کہ قلاع سرخ وسیاہ کو فائدہ کرے دارچینی بیخ سوسن ہلیلہ برگ چنبا کوٹ کر چھان کر ساتھہ شہد کے ملا کر ملین۔

دواء دیگر- کہ یہی عمل کرتی ہی الائچی کلان بادیان نبات مساوی الوزن کوٹ کر چھان کر اندک منہ مین رکھکر پانی اُسکا نگلین اور اسی طرح بیخ سوسن ساتھہ نبات کے لحظہ لحظہ منہ مین ڈالین اور بدستور دونون صندل وطباشیر نفع کرتے ہین اور جانین کہ قلاع سفید اکثر لڑکون کو ہوتا ہی تدبیر اُسکی تنقیہ دودھ پلانے والی کا اور اصلاح کرنا اسکے دودھ کی ہی اور اگر پستان گوسفند کی منہ مین لڑکے کے رکھکر دو ہین نفع کرے۔

دواء- کہ قروح حلق کو نافع ہی زاج سفید وسیاہ

کاغذ سوختہ مازوے سبز کندر حنا زعفران ہر ایک ایک مثقال
نمک سوختہ نوشادر ہر ایک نیم مثقال کوٹ کر چھان کر ساتھ
سرکے کے غرغرہ کرین۔

دوا دیگر۔ کہ سب اقسام قلاع و بثور دہن کو فائدہ کرے
رسوت کو ساتھ لیموے کے یا سرکے کے پیسکر ملین اور اگر روغن
گل مین ورد آرد کو ملا کر کلیان کرین فائدہ کرے۔

دوا دیگر۔ کہ یہی عمل کرتی ہی دانہ الائچی کتھ کہ ساتھ
پان کے کھاتے ہین کشنیز خشک پھٹکری سوختہ جملہ برابر کوٹکر
چھانکر منھ مین چھڑکین ساعت بساعت لیکن پانی اُسکا
نہ نگلین اسلیے کہ پھٹکری کے کھانے سے سل ہوجاتی ہی اور
اکیلی پھٹکری بھی کافی ہی چھڑکین اور منھ کھلا رکھین تو رطوبات
باہر نکل آوین۔

دوا دیگر۔ کہ مجرب ہی برگ انجیر دو عدد و نصف ملیٹھی
نیم دام بیج اہری کہ دکھن مین اسی نام سے مشہور ہی
نصف دام پانی مین پیسکر ملکر کلیان کرین۔

فائدہ۔ وزن دام کا اکیس ماشے ہی۔

دوا دیگر۔ ترپھلا چوب کبر درخت چنبیلی مع شاخ و برگ
جملہ برابر لیکر پانی مین جوش کرین اور کلیان کرین۔

دوا دیگر۔ لودھ کیر و فلفل ہر ایک چار ماشے پھٹکری
تین ماشے تھوتھا دو ماشے باریک کرکے منھ و زبان مین
ملین صبح و شام اغلب کہ ایک دن مین نفع کرے اور
اگر حاجت تبرید کی ہو پینا شیرہ کاسنی کا اور مانند اسکے
لازم جانین اور معلوم کرین کہ اگر یہ قلاع مادے صفرا سے
کمتر ہوتا ہی اسی سبب سے قسم زرد نہین لکھی ہی لیکن کوئی قسم
قلاع کی نہین ہی کہ صفرا نمین خروج نہو اکثر ہین۔

دوا۔ کہ بخر کو نافع اور بوے دہن کو خوش کرے سک
قرنفل قرفہ جوزبوا سعد سنبل پوست اترج عود خام جملہ برابر
مشک تھوڑا تھوڑا کوٹ کر چھانکر ساتھ زرد آلو خوشبودار
کے ملا کر گولیان بنائین بقدر نخود کے اور ہر دن
تین گولی اُنسے لیکر اندک چباوین اور پانی اُسکا
نگلین اور بکثرت تناول کرفس کی بخر کو بہت نافع ہی۔

دوا دیگر۔ اطراف رطب ورقت آس کے لیکر اور برابر
اسکے مویز منقے دونون کو کوٹکر گولیان بقدر چار
مغز کے ایک گولی صبح اور ایک وقت خواب
کے کھاوین۔

دوا دیگر۔ کہ بو کو خوش کرے سعد پوست ترنج
سنبل قرنفل جوزبوا مشک عود خام بسباسہ قرفہ ہیل بوا
کبابہ ہر ایک ایک درم مشک ایک قیراط کوٹ کر چھان کر
ساتھ پانی سیب کے گولیان بنائین اور منھ مین رکھین
پانی اُسکا نگلین سفل اسکا زبان پر ملین۔

دوا دیگر۔ کہ بو کو اچھا کرے سنبل ساذج سعد سک
پوست ترنج قرنفل حماما عود مصطگی نمک کہ ساتھ شہد کے
جلایا ہو کوٹ کر چھانکر سنون بنائین۔

دوا دیگر۔ واسطے بخر معدے کے قرفہ اطراف آس رطب
آملہ سعد سنبل پوست ترنج فقاح اذخر مصطگی ہر ایک
نصف جزو سک قرنفل جوزبوا کبابہ ہیل زنجبیل ہر ایک
نصف جزو زبیب منقے دو چند سب اجزا کا معجون
بنا کر ہر دن بقدر جوز کے کھاوین ساتھ شراب ریحانی
یا گلاب کے اور چاہیے کہ پہلے تنقیہ معدے کا قے و مسہل سے
بدفعات کیا ہوا اور اس مرض مین اغذیہ چرب ولزوج سے

سے پرہیز واجب جانین۔

دواء دیگر۔ واسطے بخر کے جو بسبب نزلے کے ہو جسوقت سبب بخر کا اُترنا رطوبات بدبودار کا طرف دماغ سے طرف تالو کے ہو تدبیر اُسکی غرغرہ کرنا ہی ساتھ رائی و سکنجبین کے بعد اسکے ساتھ اُس شراب کے کہ جسمین قرنفل سعد سک سنبل پکایا ہو مکرر غرغرہ و کلیان کرین اور دماغ کو ساتھ تناول ایارجات کے پاک کرنا تو مادہ اُس سے نہ گرے اور منھ و لثہ کو ساتھ کلیون سرکے کے کہ اُسمین آس و گلنار پکایا ہو قوی کرنا کہ نزلون کو قبول نہ کرے۔

تنبیہ۔ واسطے بخر ریحی کے جہان تک ممکن ہو تنقیہ و تجفیف رطوبات مین ریہ کے کوشش کرین ساتھ فصد باسلیق و اسیلم و مسہلات مناسبہ کے توسل نہو جاوے اور فرق درمیان بخر معدی و ریحی کے آثار مخصوصہ سے ہر ایک سوء مزاج کے کر سکتے ہین اور خاصہ معدہ کا یہ ہی کہ بعد کھانے کے کمتر ہوتا ہی۔

فائدہ۔ بخر چار طرح پر ہی ایک وہ کہ مادہ عفنہ منھ و دندان مین محصور ہو فقط تدبیر اسکی اصلاح مزاج لثہ و دہن کے ہی اور ہمیشہ کلیان کرنا ساتھ ادویۂ مناسبہ مذکورہ کے اور اس حالت مین مضمضہ روغن کنجد کا مکرر کرنا اور جہاے مطیبہ ہمیشہ منھ مین رکھنا اور منھ دانتون کو مسواک و سنونات سے ہمیشہ ملنا نافع ہی دوسرا وہ کہ مادۂ عفنہ معدے مین ہو یہان تنقیہ معدے کا ضروری ہی ہر صبح نقوع زردآلو کا پینا اور ستّو جو کے ساتھ شکر کے ملا کر پانی سرد اُسمین ملا کر کھانا اور رات کو اطریفل صغیر و کبیر ہمیشہ تناول کرنا اور اول صبح کو غذا کھانا تو حرارت معدے کی شدید نہو اور فواکہ مبردہ مانند خیار و شفتالو و زردآلو و تربوز کے نافع ہین اور یہ کہ کہا گیا اُس صورت مین ہی کہ مادہ گرم ہو اور آثار حرارت معدے کے پیدا ہون والا اگر سبب بخر کا اجتماع بلغم کا معدے مین ہو ماہی شور کھلاوین بعد اسکے جوشاندہ مولی و لوبیا و شبت کا پلا کر قے کر ڈالین اور بھی ساتھ ایارجات کے اسہال کرین اور حب بہت نفع کرتی اور نقیع صبر ساتھ شربت افسنتین کے بدستور اور بعد تنقیہ کے زنجبیل مربا و اطریفل صغیر و گلقند عسلی و سکنجبین عسلی پر مداومت کرین اور کباب و قلیہ پر از مصالح اور جو چیز کہ نا شف ہو غذا کرین تیسرا وہ کہ مادہ عصبہ بیچ ششش کے ہو یہان بھی موافق مادے کے تنقیہ ششش کرنا چاہیے بعد اسکے تقویت اسکی چوتھا وہ کہ مادہ دماغ سے آتا ہو تدبیر اسکی بند کرنا نزلے کا ہی اور تنقیہ مع تقویت دماغ کا کرنا اور حب امسک منھ مین رکھنا جمیع اقسام بخر کو فائدہ کرتا ہی فوفل قرنفل خولنجان عاقرقرحا ہر ایک ایک درم گل سرخ صندل سفید ہلیلہ ہر ایک دو درم طباشیر نصف درم مشک کافور ہر ایک ایک دانگ کوٹ کر چھان کر ساتھ آب بہی و گلاب کے گولیان بنائین۔

دواء دیگر۔ کہ بخر معدے کو نفع کرے مصطگی کبابہ ناگرموتھا جوز بوا عود قرنفل بسباسہ جملہ برابر کوٹ کر ساتھ تھوڑی شکر کے ملا کر گولیان بنائین اور خشک کرین اور منھ مین رکھین پانی اُنکا نگلتے رہین اور تناول کرنا لسن کا اس قسم سے بہت فائدہ دیتا ہی۔

دواء دیگر۔ کہ بخر کو نافع ہی الائچی ناگرموتھ ملیٹھی بالاقند جملہ برابر پیسکر گولیان بنا دین اور ہمیشہ منھ مین رکھین

اور اگر گل وبرگ جاہی کہ مشہور ہی اور قسط وبیخ ومرکہ سب وزن مین برابر ہون پیسکر گولیان بناوین یہی عمل کرے

دوا۔ کہ بوے لہسن وپیاز وگندنا کو کھودیوے پنیر کو باریک پیسکر اُسپر چھڑکین پانی بن جوش کرین اور قرنفل کو باریک پیسکر اسپر چھڑکین اور بعد کھانے پیاز وغیرہ کے اُسکو کھاوین

دوا دیگر۔ کشنیز تر خشک بہت چباکر تھوڑا پانی اُسکا نگلین۔

دیگر۔ باقلا وعدس دولون بریان کرکے کھاوین سداب کو چباوین اور کھاوین۔

دیگر۔ زرنباد چباکر تھوڑا پانی اُسکا نگلین۔

دیگر۔ اطراف علیق کے چباوین اور شراب ریحانی تھوڑی پیین

دیگر۔ نعناع یا پودینہ چباوین عقب اُسکے سرکہ پیین۔

دواء۔ کہ بوے شراب کو قطع کرے سعد کو مضغ کرین اور اگر کبابہ بھی ساتھ اُسکے یار کرین قوی تر ہی۔

دیگر۔ کبابہ بعدہ زرنباد چباوین اور کوٹ کر چھان کر اوپر دندان ودہن کے ملین۔

دیگر۔ شلغم مخلل وبصل مخلل کھاوین بعد اُسکے تھوڑا سرکہ گھونٹ گھونٹ پیین اور دھنیا چباوین۔

دواء۔ کہ بوے لہسن پیاز وگندنا وشراب کی منہ سے دفع کرے پوست ترنج قرنجمشک ہیل زنجبیل کبابہ پیسا ہوا سعد ہر ایک پانچ درم مشک طباشیر ہر ایک نصف درم عنبر اشہب نصف مثقال صندل گلاب مین پیسا ہوا دس درم صمغ عربی ایک دانگ گلاب مین گولیان بناوین۔

دیگر۔ کہ یہی عمل کرے کبابہ قرفہ قرنفل طباشیر ہر ایک دو درم مشک ایک دانگ عنبر نصف درم عود ایک درم کوٹ کر چھان کر ساتھ گلاب کے کہ اُسمین صمغ عربی کو نقوع کیا ہو گولیان بناوین۔

دواء۔ کہ سیلان لعاب کو روکے یعنے اُس سیلان لعاب کو جو خواب مین بسبب حرارت معدے کے ہو کاسنی تازہ ساتھ تھوڑے نمک نیم کوفتہ کے کھاوین اور مبردات یابسہ استعمال کرین اور جوشاندہ سماق عدس وگل سرخ واطراف آس ولوت وگلنار سے کلیان کرین اور اگر یہ کفایت نہ کرے فصد باسلیق کی کرین اور خاصہ اس قسم کا ہی کہ حالت مین خلاے معدے کے اور وقت تقلیل غذا کے سیلان لعاب زیادہ ہوتا ہی اور اگر بسبب اجتماع بلغم کے معدے مین سیلان لعاب ہی قی کرین اور اطریفلات وجوارشات گرم مانند کمونی وفوتنجی تناول کرین اور سویق گندم ساتھ تھوڑی رائی کے کھاوین اور مری کو نہار گھونٹ گھونٹ پیین وکندر ومصطگی چباوین۔

دواء۔ کہ سیلان لعاب کو کہ بسبب قلاع کے ہو فائدہ کرے اقاقیا پیین اور ساتھ پانی عنب الثعلب کے حل کرکے تھوڑا سرکہ اُسپر ٹپکا کر کلیان کرین۔

دواء۔ کہ ورم دموی زبان کو نافع ہی ابتدا مین ساتھ شیرہ کاہو وکاسنی وبکوہ کے غرغرہ کرین اور کپڑا ان عصارات مین تر کرکے ہمیشہ زبان پر رکھین اور بعد زمانے ابتدا کے ساتھ پانی کاکنج وپانی کرنب کے مع لعاب السی کے غرغرہ کرین اور زمانے انتہا مین ساتھ جوشاندے بابونہ اکلیل الملک وبنفشہ ولب خیار شنبر کے اور جس وقت کہ مادہ خون کا بہت ہو پہلے فصد کرین اور ساتھ مطبوخات ونقوعات مناسبہ

سے کے طبع کو ملائم کرین اور اگر بسبب عظیم ہونے ورم کے مجری حلق کا بگیا ہو اور پینا ملینات کا متعذر ہو حقنہ ملینہ کرین

دواء۔ کہ ورم صفراوی زبان کو فائدہ کرے ادویۂ باردہ سے کہ ورم دموی مین مذکور ہوئین کلیان کرین اور مسہل صفرا کھلاوین۔

دواء۔ کہ ورم بلغمی کو نافع ہی ایارج فیقرا سے غرغرہ کرین اور شہد اکیلا یا ساتھ صعتر و ایارج کے ملاکر زبان پر ملین اور بھی معجون مثرودیطوس و سلمیثا و سنجرنیا کو نیچے زبان کے ملین اور چاہیے کہ پہلے تنقیہ بلغم کا ساتھ حقنے کے یا مطبوخ ملائم کے کرتے رہین۔

دواء۔ کہ ورم سوداوی زبانکو نافع ہی جوشاندۂ انجیر و حلبہ و تخم کتان سے کہ روغن بنفشہ و عسل مغز خیارشنبر اُسمین ملایا ہو غرغرہ کرین اور شیرۂ کاہو و کاسنی و کشنیز کا اکثر منھ مین رکھین اور ساتھ جوشاندۂ افیمون کے تنقیہ لازم ہی۔

دواء۔ کہ بطلان ذوق و فساد الذوق کو نفع کرے برودت سے ہو رائی عاقرقرحا مویزج کو جوش کرکے کلیان کرین بعد تنقیح و تنقیہ دماغ کے کہ ساتھ ایارج فیقرا کے کیا ہو اور اگر حرارت سے ہو ریباس گل سرخ و سماق کو جوش کرین اور اُسکے جوشاندے مین سکنجبین یا ترنجبین یا مری ملاکر غرغرہ کرین۔

دواء۔ کہ ثقل زبان کو جو برودت سے ہو فائدہ کرے نوشادر زنجبیل عاقرقرحا خردل مویزج بورق صعتر نمک ہندی شونیز مرزنجوش پانی مین پکا کر غرغرہ کرین اور احتیاط کرین پانی اُسکا حلق مین نہ اُتر جاوے اور بھی ساتھ مری انبجی یا مرکے و رائی کے کئی دن تک غرغرہ کرتے رہین خصوصاً اوپر نہار کے اور ہر مرتبہ بعد غرغرہ کے ساتھ نوشادر و عاقرقرحا و دارفلفل کے کہ وزن مین برابر ہون باریک پیسکر نیچے زبان کے خوب ملین اور اگر ثقل زبان مین حرارت و یبس سے ہو اوپر فقرات گردن کے اور بیخ گوش کے آب گرم سے نطول کرین اور روغن بادام نیمگرم ملین اور منھ مین بھی رکھین مانند روغن بنفشہ نیلوفر و کدو وغیرہ کے اور تدابیر مرطبہ استعمال کرین اور اگر بسبب ثقل کا استرخا ہو نیچے زنخدان کے محجمۂ ناری لگاوین اور ساتھ خردل و شہد وغیرہ کے کلیان کرین اور شاید کھولنے رگ زیر زبان کی حاجت ہو۔

دواء۔ کہ عظم اللسان کو نافع ہی اور اُسکو ولع اللسان بھی کہتے ہین پس اگر سبب اس مرض کا رطوبت دموی ہو پہلے فصد کرین بعد اسکے مقل و حماض و اترج و مانند اُنکے جو چیز مقطع و بہانے والی لعاب کی ہو مانند انار ترش کے اوپر زبان کے ملین اور اگر رطوبت بلغمی ہو تنقیہ ساتھ ایارج کے کرکے نمک و سرکہ و زنجبیل یا نوشادر سرکہ مین ملاکر زبان پر ملین۔

دواء۔ کہ ضفدع اللسان کو مفید ہی نوشادر تازہ باریک کرکے خوب ملین اور اس دوا پر مداومت کرین ضفدع اللسان کو فنا کرے اور اگر یہ دوا کفایت نہ کرے دواء الحاد کہ آکلہ الفم و لثہ وامیہ مین مستعمل ہی ملین بعد اسکے منھ مین سرکہ کہ اُسمین نمک ملایا ہو رکھین اور جب غلبہ خون کا معلوم ہو خون نکالنا چاہیے اور اگر یہ کفایت نہ کرے لوہے سے قطع کرین لیکن وقت قطع کے احتیاط کرین کہ رگین زیر زبان کی نہ کٹ جاوین۔

دواء۔ کہ شقاق اللسان کو نفع کرے اسبغول ساتھ تھوڑی شکر کے منھ مین رکھین اور ماء الشعیر پیین اور کف خیار و قیروطی اور جو چیز کہ مرطب ہی اوپر زبان کے ملین اور روغن مغز بادام اور روغن مغز تخم کدو ناک مین ٹپکاوین اگر سبب شقاق خشکی دماغ کی ہی لیکن اگر سبب اسکا جمع ہونا اخلاط کا معدے مین ہی تنقیہ معدے کا مقدم کرین۔

دواء۔ کہ خشکی زبان کو جو بسبب حرارت و یبوست کے ہو نفع کرے اشیاے مرطب و مبرد مانند لعابات کے اور پانی فواکہ کے پیین اور مضمضہ مکرر کرین اور روغن بادام ملین اور اگر سبب یبوست کا رطوبت لزج ہی کہ اوپر زبان کے چپکی ہو چوب بید سکنجبین مین تر کرکے زبان پر ملین۔

دواء۔ کہ حرقۃ اللسان کو نفع کرے جو چیز کہ مبرد و مرطب ہی اُس سے کلیان کرین اور اگر سبب اسکا حرارت قسم معدے کی ہی اشیاے مبرد و مرطب کو پیین۔

دواء۔ کہ علۂ زبان کو فائدہ کرے پہلے تنقیہ خلط کا کرین بعد اُسکے دودھ شکر کی کلیان کرین یا ساتھ سرکے و روغن گل کے اور بہیا نا زردہٹر کا اور ملنا اُسکا اوپر زبان کے نکالنے مین مواد عارضے کہ نیچے زبان کے ہو نفع تمام رکھتا ہی

دواء۔ کہ بثور دہن کو نافع ہی اجماعین بعد تنقیہ کے کلیان سرکے کی جسمین گل سرخ و کشنیز و عصارہ راعی و برگ عنب الثعلب و برگ و بیخ کاسنی و عدس جوش کیا ہو کرین۔

دواء۔ کہ تالو کے ورم کو نافع ہی طباشیر گل سرخ خرفہ نشاستہ کتیرا صمغ عربی آرد عدس کوٹکر چھانکر تھوڑا کافور ملاکر بعد فصد و اسہال کے تالو پر چھڑکین اور بھی ابتدا مین بعد تنقیہ کے کلیان رواد ع سے کرین اور انتہا مین

ساتھ محللات مرخیہ کے کہ خناق مین مذکور ہونگی کلیان کرین

فصل۔ بیان مین ادویۂ لہاۃ کے۔

دواء۔ کہ ورم ملاذہ کو نافع ہی جو چیز کہ ورم مین زبان کے گذری ہی موافق اقسام اربعہ مواد کے یہان بھی استعمال کرین

دواء۔ کہ استرخا یعنی سقوط لہاۃ کو نفع کرے مغاث اقاقیا گل دو درسیدہ یعنی طین مندخنہ اور اسبغول و سریش و کشنیز خشک پہلے سواے اسبغول کے جملہ اجزا کو کوٹین پھر مجموع کو مع اسبغول بیچ اُس سرکے کے جسمین برگ مورد و کشنیز خشک جوش کیا ہو ملا کر تالو پر رکھین بعد مونڈنے بالون کے اور یہ دوا لڑکون کو نافع ہی اور جوانون کو بھی۔

دواء دیگر۔ کہ ملاذہ کو لڑکون کے اُٹھاوے مازو کو بیچ سرکے کے بھیگر تالو پر رکھین یا مٹی سر دھونے کی جلاکر سرکے مین ملاکر لگاوین اور جب لہاۃ مسترخیہ کی جڑ باریک اور سر غلیظ ہو جاوے اور کوئی دوا فائدہ نہ کرے چاہیے کہ زفت بیچ پانی گرم کے پگھلاکر گرم غرغرہ کرین تو ورم نرم اور تحلیل ہو جاوے بعد اسکے ساتھ عصارۂ لحیۃ التیس کے کہ سک اور مازو اُسمین ملایا ہو غرغرہ کرین تو مادہ دوسرا بسبب قبض کے اُسپر نہ گرے اور جب لہاۃ مین سرخی و گرمی ظاہر ہو ساتھ مکوہ و کشنیز تر کے غرغرہ کرین اور بھی ساتھ سرکے و گلاب کے کلیان کرین اور گل سرخ و صندل و گلنار و کافور ملین اور جانین کہ گرنا لہاۃ کا اگر بسبب غلبے خون کے ہی فصد کو مقدم رکھین اور جو کچھ ورم مین زبان کے بیان ہوا کام مین لاوین بعد

سکے ادویۂ جاذبہ رکھین اور اگر بلغم سے ہی پہلے ساتھہ
ماء العسل کے اور جو شاندۂ زوفا کے غرغرہ کرین بعد
اسکے شب دآس باریک کرکے پانی مین شحم انارین
کے ملاکر کلیان کرین اور شب یمانی و شاخ گوزن سوختہ
اور نوشادر کو باریک پیسکر انبوبہ سے دم کرین یا چمچے
چمچے پر رکھکر لہاۃ کو اٹھا دین اور اگر سرا اسکا بہت
موٹا ہو اور جسم بہت باریک ہو اور دوا سے موٹائی اُسکی
تحلیل نہو اور سبب تکلیف کا ہو جسقدر لہاۃ زائد ہوا ہی
لوہے سے کاٹین بعد اُسکے سماق کو گلاب مین جوش
کرکے کلیان اُس سے کرین تو خون بہت جلد نکلجائے
اور جب کاٹنا واجب ہو پہلے تنقیہ بدن کا واجب
جانین۔

فصل ۔ بیچ اُن ادویہ کے جونک جو منہ مین لٹک
رہی ہی چھوڑا دیوین سرکہ و نمک یا ہینگ ملاکر غرغرہ
کرین اور اید سا پیسکر بیچ سرکہ یا روغن گل کے ملاکر غرغرہ
کرین اور اگر مٹی کالی ہتھیلی مین رکھکر بیمار کے منہ مین
بھر دین جونک جسجگہ کہ لٹکی ہو گی طرف مٹی کے میل کریگی
پس مٹی کو نکال لین جونک بھی اُسکے ساتھ نکل آویگی
اور اگر لہسن کھلاکر آفتاب مین بٹھائین تو گرمی خوب
معلوم ہو بعد اُسکے کوزہ پانی سرد کا بھرا ہوا لب پر
رکھین اور مریض منہ کو کھولے رہے جونک نکل آویگی
اور رکھنا کائی کا منہ مین یا اوپر لب کے بدستور اور یہ تدابیر
کہی گئین اس صورت مین ہین کہ جونک نیچے حلق کے ہو
اور نظر نہ آتی ہو اور جب گردن اُسکی منقاش سے
پکڑین چاہیے کہ ایک ساعت اسیطرح منقاش سے دبائے رہین

یہانتک کہ جونک عضو کو چھوڑ دیوے پس نکال لین
اسلیے کہ اگر جلد و زور سے نکال لین گے سر جونک کا قطع
ہو کر حلق مین رہجاویگا اور آفت قوی پیدا ہوگی اور اگر
جونک حلق کی راہ سے طرف اس راہ کے کہ اوپر
تالو کے جانب ناک کے ہی نکلکر وہان لٹک رہی ہی
شونیز عصارۂ فثاء الحمار و خربق سرکے مین پکاکر ناک
مین ٹپکا دین یا انتشاق کرین اور جو چیزین کہ واسطے
غرغرہ کے کہی گئی ہین انسے تسعیط کرین اور اگر جونک اجگہ
سے کہ لگی تھی جدا ہو کر معدے مین گر پڑے اگر قی آسان
ہو فوراً قی کرین ورنہ مسہل دیوین پس اگر دفع ہووے
بہتر ہی ورنہ شیح قیصوم و افسنتین و شونیز و ترمس و قسط و برنگ
کابلی مقشر و سرخس ہر ایک دو درم سرکے و پانی مین پکاکر صاف
کرکے پلاوین تو اگر جونک زندہ ہی یہ دوا اسکو مار کر اُتار
دیویگی اور جب کانٹا یا طعام وغیرہ گلے مین اٹکے اور
رک جاوے اگر نکل سکے نکال لیوین ورنہ کوشش
کرین کہ اُتر جاوے۔

باب آٹھوان ادویہ مین خناق و ذبحہ کے

جو مقام خناق کا حلق ہی یا حنجرہ و مری ذکر اُسکا بعد
حلق کے اور قبل حنجرہ و مری کے لائق معلوم ہوا۔
فائدہ ۔ حلق نزدیک جمہور کے عبارت ہی اُس فضا
سے کہ مجری نفس اور غذا کا اُسمین ہی پس حنجرہ و مری حد
حلق سے خارج ہین۔

حرف الدال

دواء - کہ خناق دموی اور صفراوی کو زمانہ مین ابتدا کے نفع کرتی ہی بعد فصد واسہال کے تخم گل تخم خرفہ نشاستہ طباشیر سماق کتیرا ہر ایک ایک درم کافور ایک دانگ کوٹکر لعاب اسبغول مین گولیان بنائین اور ہمیشہ نیچے زبان کے رکھین اور بھی ساتھ سرکے وگلاب کے یا ساتھ سکنجبین وشربت عناب کے کہ ساتھ جوشاندے عدس وتخم کاہو وتخم کاسنی وکشنیز کے ممزوج ہو یا ساتھ رب توت اور سرکہ جوز تر کے یا ساتھ عصارے عنب الثعلب وعصارے کشنیز تر وعصارے خرفہ کے غرغرہ کرین اگر

دواء دیگر - کہ خناق گرم کو نافع ہی خمیر ترش کو آب مین انار شیرین کے یا آب دہن مین برگ خرفہ کے یا آب مین کشنیز تر کے حل کرکے غرغرہ کرین -

دواء دیگر - رب توت دس درم لب خیار شنبر تین درم آب عنب الثعلب مبیض ۲ درم ملاکر غرغرہ کرین لیکن قبل از تنقیہ وہ غرغرہ کہ جسمین روع ہو ہرگز نہ کرین اسلیے کہ خوف پھرنے مادے کا طرف ریہ و دل کے ہی -

دواء دیگر - کہ زمانے مین ابتدا کے قبل از تنقیہ بھی استعمال کرسکتے ہین اور تسکین وجع کی کرتی ہی اور سب اقسام مین نافع ہی مغز فلوس خیار شنبر دودھ مین گائے کے یا کشکاب مین حل کرکے صاف کرین اور غرغرہ کرین -

دواء دیگر - کہ زمانے مین انتہاے خناق دموی کے کرنا چاہیے اور انتہا اس مرض کی دن تیسرا یا چوتھا ہی انجیر مویز حلبہ تخم مرو تخم کتان پانی مین جوش کرکے صاف کرین اور ساتھ دودھ تازہ کے کہ مغز خیار شنبر اسمین حل کیا ہو ملاکر غرغرہ کرین اور جانین کہ دموی مین حاجت تلئین وتحلیل ورم کی زیادہ ہی اور صفراوی مین حاجت تبرید کی زیادہ اور انتہا مین خناق دموی کے اگر روئی پانی مین تر کرین اور قیروطی کہ روغن گل وموم صاف سے بنائی ہو روئی پر لگاکر گرد حلقوم کے رکھین بہتر ہی -

دواء دیگر - کہ انتہاے خناق صفراوی مین کام آوے سبوس گندم پانی مین جوش کرکے مغز فلوس خیار شنبر اسمین حل وصاف کرکے غرغرہ کرین -

دواء دیگر - کہ ورم منفجر کرے بورہ طلقیت لیس انگشت خطاطیف دودھ تازہ اور روغن گرم ملاکر غرغرہ کرین -

دواء دیگر - کہ یہی عمل کرتی ہی مازو گلنار شب یمانی پوست انار ومانند ان کے جو قابض ہو پانی مین جوش کرین اور اسکے جوشاندے سے غرغرہ کرین تو کہ واسطے شدت جمع ہونے اجزا کے ورم کو منفجر کرے اور اگر انفجار مین کچھ تاخیر ہو ورم کو انگلی سے اگر ممکن ہو دباوین ورنہ میل بیان سے کہ وہ ایک آلہ ہی مخصوص اسکے لیے چیرین لیکن استعمال لوہے کا بدون ضرورت شدید کے نہ چاہیے کرنا اور جانین کہ جب ورم سرخی چھوڑکر میل بزردی کرے اور ڈھیلا ہو دلیل نضج مادے کی اور حصول مدہ کی ہی اگر خود بخود پھوٹے بہتر ورنہ غرغرہ کرین منفجرہ کام مین لاوین -

دوا دیگر - کہ بعد انفجار کے کام آوے روغن گاؤ یا روغن بنفشہ پانی گرم مین ملاکر غرغرہ کرین یا ساتھ دودھ وشہد کے غرغرہ کرین اور جب ریم سے حلق بالکل پاک و صاف ہوجاوے کُزمازج ایک جزو بیخ سوسن آسمانگونی نصف جزو پانی مین پکاکر غرغرہ کرین تو خشک کردیوے

دواء کہ مادے کو باطن سے ظاہر مین لاوے زفت نطرون خردل سداب بری کوٹکر چھانکر ساتھ پانی کے ملاکر حلق کے باہر ضماد کرین اور نیکوترین حیلون مین واسطے جذب مادے کے لگانا محاجم کا ہی نیچے ذقن کے اور جانین کہ جسوقت ورم عضلات اندرونی مین ہوا اور ظاہر مین کچھ اثر پیدا نہو بہ ہی خصوصاً کہ بغور دیکھنے سے بھی حلق مین کوئی نشان ورم کا دکھلائی نہ دیوے اس صورت مین بعد تنقیہ کے بہترین تدابیر جذب کرنا مادے کا طرف خارج کے ہی مبالغۃً -

دواء - کہ خناق بلغمی کو نفع کرے بعد تنقیہ کے ساتھ مری وعسل کے غرغرہ کرین یا ساتھ رب عنب وسکنجبین عنصلی وآب ترب وخردل ومویزج وعاقرقرحا کے یا ساتھ رب کے پوست جوز وآب بادیان کے اور غرغرہ کرنا ساتھ سرکے وعسل کے نافع ترین دوا مین ہی قطع کرنے مین مادے کے اور ابتدا مین غرغرہ کرنا ساتھ آبکامہ ورب توت کے لازم ہی اور جب ورم مین ریم پڑے غرغرہ منفجرہ کام مین لاوین

دواء - کہ جسوقت ورم نہ پھٹے اور بسبب استعمال مسخنات کے حلق مین خشونت ظاہر ہو نفع کرے تازہ دودھ روغن مین ملاکر غرغرہ کرین -

دواء دیگر - کہ وقت انتہاء الخناق کے نفع کرے موم سفید ساتھ روغن سوسن کے ملاکر خارج سے طلا کرین -

دواء - کہ خناق سوداوی کو بعد تنقیہ کے نفع کرے لعاب حلبہ لب خیار شنبر جوشاندے مین انجیر کے باری مین ڈالکر غرغرہ کرین

دواء دیگر - جلاب نیمگرم وماء العسل مفتح سے یا جوشاندے اکلیل الملک وتخم کتان وبابونہ وحلبہ سے غرغرہ کرین -

دیگر - حلبہ تخم کتان شبت بالجونہ برگ وتخم کرنب مرزنجوش کوٹ کر چھانکر ساتھ روغن نرگس وچربی بط پگھلی ہوئی کے ملاکر اوپر خارج حلق کے ضماد کرین -

دواء الخطاطیف - خناق بلغمی وسوداوی کو نافع ہی جو اُس سے غرغرہ کرین یا خارج حلق پر طلا کرین تخم کرفس انیسون نانخواہ اراسپند دارچینی مرکی زراوند طویل زعفران ہر ایک دس ۱۰ درم گل سرخ بیس ۲۰ درم قسط بلو الخطاطیف ہر ایک تیس درم نشاستہ سنبل الطیب ہر ایک پانچ درم مازوسبز دس ۱۰ عدد کوٹ کر چھان کر شہد مین ملاکر کام مین لاوین -

دواء - کہ خناق صعب کو کہ کسی وجہ سے نفع نہین ہوتا ہی نفع دے رگ زیر زبان کی کھولین اور قفا پر اوپر زیر ذقن حجامت کرین اور اگر ضرورت ہو اور مادہ بارد ہو شہد بلادر کا اوپر حلق کے خارج سے طلا کرین تو زخم ہوجاوے اور زردآب وہان سے نکلجاوے -

باب نوان ادویہ مین حنجرہ وقصبہ ریہ ومری کے

جو اکثر امراض اور تدابیر مین یہ دونون عضو شراکت رکھتے ہین ایک باب مین بیان کیے گئے اور تدبیر غریق ومخنوق بکمند کی بھی اسی باب مین آتی ہی -

حرف الدال

دواء۔ کہ انطباق المری و استرخاء الحنجرہ کو نافع ہی انیسون سنبل کندر سمنین مصطگی جوش کر کے نیمگرم تجرع کرین اور زیر زنخ محجمہ یا شرط کرین اور جند بید ستر و سکبینج و مانند انکے طلا کرین اور چاہیے کہ پہلے واسطے نشف رطوبت کے کہ سبب انطباق مری کا و استرخاء حنجرہ کا ہی ایارجات دیوین اور غراغر ناشفتہ کام مین لاوین بعد اسکے واسطے تقویت کے دوا اسطور استعمال کرین۔

دواء۔ کہ بثور ریہ حلق و مری و قصبۂ ریہ کو قبل از تقرح نافع اور لذع و سوزش کے مسکن ہی شیرہ جو نشاستہ روغن بنفشہ لیکر حریرہ بناوین اور تناول کرین بعد فصد کے اور ساتھ آب فواکہ کے طبع کو نرم کرین اور رات کے وقت لعاب اسبغول نیمگرم تجرع کرین اور سرد پانی سے پرہیز کرین اور بنفشہ و کتیرا اور رب السوس و تخم خیار مقشر و نشاستہ کو شکر چہا نکر لعاب اسبغول مین گولیان بناوین اور ہمیشہ منہ مین رکھین۔

دواء۔ کہ بثور متقرح کو واسطے تسکین درد کے نافع ہی روغن بادام یا روغن گل بادام و موم سفید سے قیروطی بناوین اور تنہا یا ساتھ زردی انڈے کے نیمگرم تجرع کرین اور مرہم اسفیداج بدستور اور جانین کہ جسوقت حاجت پکانے بثور کی ہو علاج پکانے خناق کا کرین اور جب پختہ ہو جاوے اور نخنخ سے ریم نکلے جو کچھ خناق منفجرہ مین گذرا کام مین لاوین اور انتہا مین تھوڑا سرکہ ساتھ پانی نیمگرم کے تجرع کرین اور اُسی سے غرغرہ بھی کرین تو اُس موضع کو ریم سے دھو ڈالے اور اگر سرکے کی تیزی سے کچھ تکلیف پہونچے روغن گل یا روغن بنفشہ ساتھ لعاب تخم کتان کے ملا کر تجرع کرین اور غرغرہ بھی کرین۔

دواء۔ کہ حکاک المری کو نافع ہی اور یہ اکثر بلغم شور سے ہوتا ہی شبت لوبیا تخم ترب جوش کرین اور سکنجبین عنصلی ملا کر پیین اور قے کرین اور ساتھ سرکہ کہنہ کے غرغرہ کرین اور واسطے تسکین لذع اور حکہ کے تازہ دودھ ساتھ شکر کے جرعہ جرعہ تناول کرین اور اس مرض مین پینا شربت گذر شیرین کا نافع ترین ادویہ ہی۔

دواء۔ کہ اختلاج و ارتعاش قصبۂ ریہ کو نفع کرے وج ایارج فیقرا خردل زنجبیل عاقرقرحا مویزج فودنہ صعتر اصل السوس پوست بیخ کبر کو شکر چہا نکر شہد ملا کر غرغرہ کرین اور بھی موافق سبب کے جو ادویہ مین صرع کے واسطے اختلاج درد غشی کے کہا گیا عمل مین لاوین اور فرق درمیان اختلاج و ارتعاش قصبۂ ریہ کے وہ ہی کہ اختلاج مین تلجلجہ کلام مین پڑتا ہی اور ہمیشہ نہین رہتا ہی بخلاف ارتعاش کے کہ اُسمین کلام مرتعش و لرزان ہمیشہ رہتا ہی۔

دواء۔ کہ ورم گرم مری کو ابتدا مین بعد فصد کے نفع کرتی ہی شربت توت و شربت فواکہ کو ساتھ شیرۂ تخم خرفہ و آب انار کے ملا کر جرعہ جرعہ پیین اور صندل و گلاب و آب بہ و آب آس درمیان دونون شانے کے ضماد کرین پس اگر مادہ رجوع نہو اور انتہا کو نہ پہونچ جاوے

شربت بنفشہ کا کنج ساتھ لعاب خیار شنبر کے یا ماء الشعیر کے ملاکر پیین اور آرد جو بابونہ خطمی ساتھ عنب الثعلب و روغن گل کے ضماد کرین درمیان دونون شانے کے اور بیچ ورم گرم مری کے تپ لازم ہوتی ہی اور تشنگی شدید اور درمیان دونون شانے کے درد ہوتا ہی خصوصاً وقت نگلنے لقمے کے۔

دواء کہ ورم سرد مری کو نافع ہی شبت بابونہ اکلیل الملک تخم بابونہ تخم کتان پانی مین جوش کرین بعد اُسکے پانی مذکور میں فنج مین ڈالکر جرعہ جرعہ پیین اور یہی ادویہ مذکور ضماد کرین اور روغنہاے گرم ملین درمیان دونون شانے کے جو مری طرف پشت کے واقع ہی اور قصبہ ریہ طرف سینے کے لگانا دوا کا امراض مری مین درمیان دونون شانون کے چاہیے اور بیچ بیماریون قصبۂ ریہ کے اوپر سینے کے۔

دواء کہ قروح مری کو نافع ہی وہی دوائین کہ شوص منفرج مین گذری ہین یہان فائدہ کرتی ہین اور فرق ورم و قرحہ مری مین یون کرتے ہین کہ ورم مری مین بڑے لقمے سے تکلیف زیادہ ہوتی ہی اور قروح مری مین طعام تیز و شور سے تکلیف زیادہ ہوتی ہی۔

دواء کہ تفرق اتصال مری کو نفع ہی صمغ عربی نشاستہ گل ارمنی باریک کرکے تھوڑا تھوڑا کھاوین اور موافق سبب کے تنقیہ وغیرہ مین کوشش کرین۔

دواء کہ تغیر بطلان آواز کو کہ سبب اُسکا تشنگی ہو نفع کرے انار شیرین پر کپڑا اور خمیر لگاکر گرم راکھ مین رکھین کہ پکجاوے بعد اسکے سر اسکا کاٹکر درمیان اُسکا صاف کرکے جلاب پختہ اور تھوڑا روغن بنفشہ یا روغن بادام شیرین ڈالکر خوب ملاکر نیمگرم تجرع کرین اسی طرح جو چیز کہ مرطب ہو دواءً و غذاءً عمل مین لاوین۔

دواء دیگر۔ اگر سبب اس مرض کا رطوبت ہو نافع ہی زنجبیل سو درم تازے دودھ مین ترکرین اور ہر دن دودھ تازہ ڈالین یہانتک کہ نرم ہوجاوے پس خوب باریک کرین اور پچاس درم دارفلفل اور بیس درم زعفران اور ایک سو ستر درم نشاستہ باریک مانند سرمے کے کرکے سبکو ساتھ عسل یا شکر کے قوام کرکے لعوق بناوین اور ہر صبح بقدر ایک چمچے کے چاٹین اور لعوق کرنب و لعوق ہینگ اور لعوق انجیرہ بھی یہی عمل کرتا ہی۔

دواء کہ بحۃ الصوت یعنی گرفتگی آواز کو نفع کرے اگر سبب اسکا سوء مزاج بارد سادہ ہو کہ حنجرہ مین حاصل ہوا ہی فلفل حلتیت خردل زعفران مساوی کوٹ کر چھانکر ساتھ شہد کے منعقد کرین اور ہر صبح بقدر بندقہ کے کھاوین اور خردل بریان فلفل مرصافی دلیبی قند باریک کرکے ساتھ شہد کے گولیان بناوین اور ہمیشہ نیچے زبان کے رکھین۔

دیگر۔ کہ اگر سبب اس مرض کا سوء مزاج تر ہو نافع ہی حلبہ حب صنوبر کبار رب السوس میعہ مرصافی کوٹکر چھانکر ساتھ عسل کے چاٹین اور بیخ کرفس بیخ بادیان بیخ مہک بیخ سوسن آسمانگونی کو پانی مین جوش کرکے جرعہ جرعہ پیین اور تجرع جوشاندے انجیر کا تنہا بھی نافع ہی اور تغرغر مغلفات کا اور رکھنا دل انکا بدستور اور اس قسم

مین مقام مین حنجرہ کے بیمار گرانی پاتا ہی مگر بدون الم و درشتی کے

دیگر۔ اگر سبب اس مرض کا یبوست ہو نفع دیوے روغن بنفشہ تازہ لعاب اسپغول شکر ملا کر تجرع کرین اور اسفیدباج مرغ فربہ کا تناول کرین اور اس قسم مین درد حنجرہ مین ہوتا ہی۔

دواء دیگر۔ کہ اگر سبب اس بیماری کا نزلہ گرم ہو نفع دیوے شربت خشخاش تجرع کرین اور غرغرا قابضہ اور طلا کرنا لطوخ کرنا مغلظات کا اوپر سر کے مفید ہی

دیگر۔ کہ اگر سبب اس بیماری کا سوء مزاج گرم سادہ ہو نفع کرے اور یہ بیماری اکثر تپ گرم مین پیدا ہوتی ہی پس ماءالشعیر مین اور جو چیز مبرد مرطب ہو کام مین لاوین غرغرہ و تجرعاً۔

دیگر۔ اگر سبب اس بیماری کا صلابت شدید ہو نفع کرے صمغ عربی نشاستہ کتیرا خشخاش سفید مغز تخم کدو بنفشہ کو کوٹ کر چھانکر ساتھ لعاب اسبغول کے گولیان مثل طلے بناوین اور ہمیشہ منہ مین رکھین اور جو چیز مرطب اور چکنی ہو کام مین لاوین تجرعاً وغرغرةً اور استحمام ساتھ پانی نیم گرم کو نفع کرتا ہی۔

دواء۔ کہ غریق کو نافع ہی بعد نکالنے پانی کے اُسکے پیٹ سے بطریق تنکیس کے فلفل زنجبیل کو سرکے مین جوش کر کے صاف کرین اور حلق مین ڈالین اور بعد فاقہ کے کئی دن حریرہ آرد نخود کے شیرے بنا کر دیا کرین تو مزاج ریہ کا درست ہو جاوے۔

دواء۔ کہ مخنوق بالوہق کو نافع ہی روغن بنفشہ آبگرم کا غرغرہ کرین اور واسطے جذب مادہ متصاعدہ کے اسفل کے رگ سر رو کی کھولین اور حقنہ کرین اور پاشویہ کرین اور ہمیشہ پانوںکو لا کرین

باب دسوان بیچ بیان ادویۂ شش و سینہ وحجابونکے

اور بیان مین اسکے جو متعلق جنب کے ہی۔

حرف الباء

بخور۔ کہ ربو و سعال بلغمی کو نافع ہی سلیخہ مر قسط زعفران برابر کوٹ کر چھانکر ساتھ شراب کے گھولکر اقراص بنا کر جلاوین اور دھوان اُسکا منہ مین لیوین۔

بخور۔ کہ ربو و سعال بارد و مزمن و نفث منتن کو فائدہ کرے اور نفس بستہ کو فی الفور کھولے مر مکی میعہ یابسہ قنہ تینون برابر زرنیخ برابر وزن سب کے روغن گاؤ مین گولیان بنا کر جلاوین اور بواسطہ قمع کے دھوان اُسکا نار منہ مین لیوین۔

بخور۔ کہ یہی عمل کرتا ہی زراوند میعہ بارزد برابر اور زرنیخ برابر سب کے روغن گاؤ مین گولیان بنا کر دھوان اُسکا کھینچین اور اگر گندھک و ہرتال کو کوٹ کر ساتھ چربی گردہ بز کے قرص بناوین اور دھوان اُسکا کھینچین اور اگر گندھک۔

حرف الحاء

حب۔ کہ ربو و سعال بلغمی کو نافع ہی و مسمی بہ حب ربو ہی تربد ایک درم ایرسا نصف درم ایارہ فیقرا غاریقون ہر ایک ایک درم محمودہ ایک دانگ سقل دو دانگ بنفشہ نصف درم پانی مین گولیان بنائین مقدار شربت دو درم سے چار درم تک ہی۔

حب الصدر۔ سرفہ کہنہ و ربو و ضیق النفس و امراض سینہ کو نافع ہی غاریقون تربد سفید ہر ایک تین درم

اصل السوس شحم حنظل ایارہ فیقرا انزروت ہر ایک
دو درم پانی مین گولیان بناوین مقدار شربت ایک
مثقال ہی ساتھ ماء العسل کے -

حب بنفشہ - اخلاط غلیظ کو سینے سے پاک کرے اور
ربو وضیق النفس کو فائدہ کرے اور صفرا کو نکالے بنفشہ
دو درم تربد ایک مثقال محمودہ ڈیڑھ دانگ رب السوس
نصف درم پانی مین گولیان بناوین یہ سب ایک
مقدار خوراک کی ہی -

حب غاریقون - کہ واسطے علل باردہ سینہ وریہ
کے نافع ہی غاریقون تیس درم تربد پانچ درم رب السوس
ایک درم ایارج فیقرا شحم حنظل انزروت ہر ایک دو درم
کوٹ کر چھان کر پانی خالص یا جوشاندہ تخم کتان
مین گولیان بناوین مقدار شربت ایک مثقال سے
دو درم تک ہی -

حب - کہ منھ مین رکھین اور اخلاط غلیظ کو ساتھ
نفث کے نکالے رب السوس فلفل شکر ہر سہ مساوی
کوٹ کر گولیان بناوین -

حب - کہ شش کو پاک کرے تربد سفید ایک
مثقال صبر ساتھ پانی مینھ کے دھویا ہوا ہر ایک درم
رب السوس ایک درم کوٹ کر چھان کر گولیان بناوین
ایک مقدار خوراک ہی -

حب - واسطے تقویت شش کے اور دفع سعال
کے مجرب ہی زفت ایک درم مغز بادام شکر سفید ہر ایک
دو درم کوٹ کر گولیان بناوین اور منھ مین رکھین -

حب میعہ - کہ سعال بارد و مزمن کو جو نوم کو منع کرتی ہی
نفع کرے میعہ مصافی انیسون جملہ مساوی الوزن کوٹ کر
چھان کر گولیان موافق مقدار مس کے بناوین ایک
گولی کھلا کر پیچھے اُسکے شربت خشخاش پلاوین -

حب - کہ سعال کہنہ ردی کو نفع کرے میعہ جندبیدستر
اسارون افیون جملہ برابر گولیان بنا کر منھ مین رکھین -

حب - کہ درد سینہ و ربو و سرفہ بلغمی کو نافع ہی مغز بادام
مغز پستہ صمغ عربی شکر تیغال باقلا زنجبیل کوٹ کر چھانکر
گولیان بناوین -

حب ہندی - کہ واسطے سرفہ شدید کے جو کثرت
سرفہ سے کھانا قی مین نکل آئے اور اطبا اسکے علاج
سے عاجز ہوئے ہون نفع کرے اور ضیق النفس کو
بھی مفید ہی فلفل تین درم دار فلفل چھ درم انار دانہ
بارہ درم قند سیاہ چھبیس درم جو اکھار کہ ایک نوع
بورہ ارمنی سے ہی ڈیڑھ درم ادویہ کوٹ کر چھان کر
قند سیاہ مین گولیان بنائین -

فائدہ - انار دانہ کہ ادویہ مین سعال کے واقع ہوا
ساتھ اس امر کے کہ ترشیان کھانسی مین منع مین متوحش
نہون اسلیے کہ شیخ الرئیس نے قانون مین اندر باب
سعال کے ایک حب لکھی ہی کہ اسمین تمر ہندی ہی پس
منع کرنا ترشیون سے اندر کھانسی کے مفید ہی ساتھ
اس امر کے کہ ترشی تنہا ہو یا بعد ترکیب اُسکا غلبہ ہوا ہو
اور جس وقت ترشی تنہا نہو بلکہ ساتھ شیرینی کے مرکب ہو
اور شیرینی کو غلبہ ہو ممنوع نہیں ہی -

حب - کہ کھانسی بارد کو نفع کرے اور تالیفات
شیخ الرئیس سے ہی تمر ہندی کہ گٹھلی و چھلکے سے پاک ہو

رب السوس لباب القمح زعفران کتیرا حب صنوبر حب القطن
حب الآس پوست خشخاش انیسون شبت مرصافی
فانیذ ہر ایک سے بقدر حاجت کے لیکر گولیان بناوین
اور منھ مین رکھین۔

حب۔ کہ سینے کو نرم کرے اور ربو و سرفہ شدید کو جو
ہمیشہ رہے اور ساتھ گرمی کے ہو فائدہ کرے مغز بادام
شیرین مغز بادام تلخ بزرکتان بریان مغز چلغوزہ ہر ایک
دو درم کتیرا انیسون صمغ عربی اصل السوس رب السوس
ہر ایک ڈیڑھ درم قند سفید سات درم ساتھ آب رازیانج
اور قدرے شہد کی گولیان بناوین اور منھ مین رکھین۔

حب۔ کہ سرفہ بلغمی وصفراوی کو نافع ہی اور تلیین صدر
کرے رب السوس مویز دانہ نکالا ہوا ہر ایک تین درم
نشاستہ صمغ عربی کتیرا مغز تخم کدو ہر ایک ایک درم قند سفید
نصف جملہ اجزا کا ساتھ لعاب بہدانہ کے گولیان
بناوین اور اندر بعضے نسخون کے قند و خشخاش چار درم
لکھا ہی اور باقی اجزا بدستور ہین۔

حب۔ کہ سعال گرم کو نافع ہی نشاستہ کتیرا رب السوس
ساتھ شیرۂ کاہو کے گولیان بناوین۔

حب۔ کہ سعال گرم کو نافع ہی مغز بادام مغز تخم خیارین
نشاستہ صمغ عربی خشخاش ہر ایک ایک درم رب السوس
دو درم باقلا تین درم ساتھ لعاب اسبغول کے گولیان بناوین

حب۔ کہ خشک کھانسی کو نافع ہی نشاستہ صمغ عربی
رب السوس مغز تخم خیارین تخم خطمی کتیرا ساتھ لعاب
بہدانے کے گولیان بناوین۔

حب۔ کہ مدقوق و مسلول کو نافع ہی اور کھانسی گرم
و خشک کو مفید ہی صمغ عربی کتیرا مغز بہدانہ تخم خطمی رب السوس
خشخاش سفید تخم خرفہ قند سفید ہر ایک تین درم مغز بادام
مغز باقلا مغز تخم خیار مغز تخم کدو ہر ایک پانچ درم اسبغول
کے لعاب مین گولیان بناوین۔

حب۔ نافع ہی اطفال کو جو کھانسی کی شدت سے قے
کرتے ہین اور سرفہ خشک کو جوانون اور لڑکون کے
جو مانع خواب کا ہو رات کے وقت اور نوازل حارہ
کو نفع کرتی ہی نشاستہ صمغ عربی رب السوس خشخاش
سفید افیون مساوی الوزن کوٹکر چھانکر ساتھ لعاب بہدانے
کے گولیان بناوین ہر ایک گولی بقدر نخود کے۔

لعوق۔ کہ جب ورم ریہ و سینہ کا کھلجاوے و دیتے ہین تو ریم
سے پاک کرے آرد باقلا آرد گرسنہ آرد نخود خند و دس
ساتھ عسل کے پکاکر پلاوین اور ریبنا ماء العسل کا بھی اسوقت
مین مفید ہی واسطے تنقیہ سینے کے۔

حرف الدال

دواء الکبریت۔ تنگی نفس و سرفہ کو نافع ہی اور واسطے
ریم کے کہ سینے سے نکلتی ہی اور واسطے حمیات کہنہ
و لرزہ و استسقاء و یرقان و عسر البول و سنگ گردہ
و مثانے کے اور دفع کرنے مضرت ادویۂ سمیہ اور
لدغ عقرب او رتیلا کے مفید ہی گوگرد زرد مرصافی بزرالبنج
سفید قردمانا میعۂ سائلہ ہر ایک چار درم سداب
فسط تلخ ہر ایک پانچ درم افیون زعفران ہر ایک
ایک درم سلیخہ چھ درم فلفل سفید گیارہ درم کوٹ کر
چھان کر شہد مین معجون بناوین معتدار شربت

ایک مثقال ہی دو یا تو ذالنسخہ مشہور ہی اور واسطے اقسام
سرفہ و نزلے کے نافع اور امراض سر مین لکھا گیا۔
دواء۔ کہ ضیق النفس و ربو و سرفہ بلغمی کو نافع ہی عاقرقرحا
فلفل پوست انار اجموو برگ بانسہ بیج کتائی پوست مغیلان
اشخار سفید نمک سنگ نمک سانبھر ہر ایک دو درم افیون
دو ماشے کوٹ کر چھان کر شیرہ مین ادرک کے گولیان
بناوین بقدر نخود کے اور منھ مین رکھین۔
دیگر۔ کہ سرفہ و ضیق النفس کو نفع کرے جوا کھار فلفل
برگ آگ کو ٹکر چھانکر بقدر نخود کے گولیان بناوین اور اگر بجائے
جوا کھار کے نمک سانبھر ڈالین بہتر ہی۔
دیگر۔ ضیق النفس و سرفہ کہنہ کو مجرب ہی تخم حنظل بھنگرہ دیودار
گوگرد معسول زنجبیل جملہ برابر کوٹکر چھانکر ایک درم سے
ساتھ شہد کے کھلاوین۔
دیگر۔ کہ سرفہ ہر قسم کو نافع اور مجرب ہی کاکڑا سینگی کو ٹکر
چھانکر پانی مین مقدار مرچ کے گولیان بنائین۔
دیگر۔ کہ ضیق النفس و سرفہ بلغمی کو نفع کرے ریوند چینی
ایلوا سہاگہ جملہ برابر کوٹکر چھانکر ساتھ شیرہ کسوندھی کے
گولیان بناوین مانند نخود کے ایک صبح ایک شام کھلاوین
اور غذا گوشت کبوتر وغیرہ کا ہو۔
دیگر۔ کہ اقسام سرفہ و ضیق النفس کو نفع کرے پوکھر مول
بھارنگی منقے ملٹھی فلفل گرد جملہ برابر کوٹکر چھان کر
ساتھ شہد کے ملاوین اور دو ماشے سے چار ماشے
تک دیوین۔
دیگر۔ کہ یہی عمل کرتی ہی بیا بانسہ خار دار ساتھ برگ
و بیج کے لیکر خشک کرین پھر کوٹ کر چھان کر ہر صبح
ایک کف بھر کھاوین۔
دیگر۔ کہ یہی عمل کرتی ہی بیج کتائی بزرگ ریزہ کر کے
اندر ایک پاؤ پانی کے جوش کرین جب چہارم حصہ رہے
صاف کر کے پیین۔
دیگر۔ کہ سرفہ و سل و دق کو فائدہ کرے بانسہ کہ پھول
اُسکا سفید ہوا اور اسکا نام اروسہ ہی جلائین اور اُسکی
راکھ کا کھار نکالین جسطرح کہ معمول ہی پس وہ کھار ایک
درم کتیرا صمغ عربی ملٹھی ہر ایک تین درم کوٹ کر چھان کر
تیار کرین اور وقت حاجت کے کھاوین۔
دیگر۔ کہ ضیق و سرفہ بلغمی کو نافع ہی مغز تخم مین پھل
کہ عربی مین جوز القی کہتے ہین کوٹ کر چھان کر ایک
ماشہ ہر دن کھلاوین اور اگر چاہین کہ قی لائے تین
چار ماشے دینا چاہیے اور اگر تھوڑا تخم مین پھل سے
اور دو دانہ مرچ پانی مین پیسکر لڑکے کو دین بلغم سینے
کا قی سے نکالے۔
دیگر۔ کہ ضیق بلغمی اور بادی کو نفع کرے ہو بیر زنجبیل
فلفل دار فلفل چرک بابرنگ کچھ رمشک ہر ایک دو درم
ریم آہن کہنہ آدھا سیر سفوف بناکر تین درم ہر دن ساتھ
شہد کے کھاوین۔
دیگر۔ کہ یہی عمل کرتی ہی کلونجی سونٹھ بانسہ پوکھر مول
و ہماما ہر ایک ایک درم تھوڑے پانی مین جوش کرین
تھوڑا رہجائے صاف کر کے پیین۔
دیگر۔ کہ یہی فائدہ کرتی ہی فلفل و رازجو دہ درم فلفل
بارہ درم قرنفل آٹھ درم زنجبیل چوبیس درم ناردان
دس درم ناگیسر آٹھ درم شکر نرمی چھبیس درم سفوف بناکر

تین درم ہر دن کھاوین -

دیگر - سرفۂ سرد کو نفع کرے فلفل بیچ آگ برابر سبکے ساتھ پانی بالنسہ کے گولیان بناوین اور سایے مین خشک کرکے ہر دن صبح و شام منھ مین رکھین اور لعاب اسکا بتدریج بلع کرین -

دیگر - کہ سرفۂ دق کو نافع ہی طباشیر پانچ درم دار فلفل چار درم زنجبیل تین درم فلفل تالیسر الائچی ناگ کیسر ترنج ہر ایک دو درم نبات برابر سب کے سفوف بناکر تین درم دین -

دیگر - کہ یہی عمل کرتی ہی نبات شہد مسکر یکجا کرکے چاٹین -

دیگر - کہ یہی عمل کرتی ہی بوزہ کہ جو یا چانول سے بنایا ہو بین -

حرف الراء

روغن مدبر - کہ واسطے مسلول کے کام آئے اگر تپ نہو ہمراہ آشجو و شیر خر کے دین اور مسلول کے طعام مین بھی یہی عمل کرتا ہی موبز منقے اصل السوس مقشر مغز فلوس خیار شنبر ہر ایک بیس درم عناب تیس درم سپستان ایک سو عدد انجیر دس عدد اندر پانچ رطل پانی کے پکاوین یہانتک کہ تہائی رہجاوے پس صاف کرین اور مسکہ گاؤ روغن کدو ہر ایک ایک اوقیہ و نیم روغن کنجد خالص کہ اُسمین نمک نہو تین اوقیہ ملاکر پکاوین جب پانی جاتا رہے روغن رہجاوے باحتیاط رکھین اور وقت حاجت کے استعمال کرین - واضح ہو کہ یہ روغن کثیر النفع ہی بشرط مداومت -

حرف السین

سکنجبین عنصلی - ربو و ضیق النفس و سرفۂ بلغمی کو نافع ہی سرکہ عنصلی ایک حصہ شہد تین حصے قوام کرین -

سکنجبین عنصلی - واسطے ضیق النفس و سرفۂ کہنہ کے کہ رطوبت سے ہو نافع ہی اور واسطے قطع اخلاط غلیظ و تفتیح سدہ و صلابت سپرز کے مفید ہی پیاز عنصل ڈیڑھ رطل لکڑی کی چھری سے ریزہ ریزہ کرکے ساتھ پندرہ رطل سرکے کے نرم آگ پر جوش کرین تو کھلجائے پس صاف کرکے بمقابلہ ہر ایک رطل کے اس سے ڈیڑھ رطل قند اضافہ کرکے قوام کرین اور ایک جماعت قدما نے یہ ادویہ زائد کیے ہین زنجبیل زیرہ کرمانی ہر ایک قردمانا بیج الجذان زوفا خشک پودینہ نعناع ہر ایک پانچ درم فلفل دس درم تخم گزر بری کاشم ہر ایک اڑھائی درم قردمانا دو درم سداب چھ درم ساذج ہندی تین درم ساتھ عنصل کے سرکے مین بھگو کر جوش کرین اس صورت مین جمیع بیماریون عصبانی اور امراض باردہ مزمنہ کو نہایت نافع ہی -

دیگر - کہ واسطے سرفۂ کہنہ و ضیق النفس و مواد بلغمی و سوداوی و سدہ احشا و تقویت معدے و دماغ کے مکرر تجربہ ہوا پیاز عنصل دس درم زوفا یابس اصل السوس محکوک گل گاؤزبان پرسیاوشان اسطوخودوس غاریقون سفید ہر ایک پانچ درم نعناع رازیانہ بیخ سوسن کبود قردمانا ہر ایک تین درم جملہ کو ڈیڑھ سو درم سرکہ اور چار سو پچاس درم پانی مین دو رات دن بھگو کر جوش کرین یہانتک کہ نصف رہے پس صاف کرکے ساتھ تین سو درم قند سفید کے قوام

کرین اور ہر دن پانچ درم سے دس درم تک ساتھ جوشاندے پرسیاؤشان کے پیین۔

سفوف ۔ کہ سرفۂ گرم کو جو ساتھ نرم شکم کے ہو فائدہ کرے حب الآس شاہ بلوط خشخاش خرنوب شامی ہر ایک چار درم صمغ عربی دو درم کوٹ کر چھان کر تین درم ساتھ گلاب کے دین۔

سفوف ۔ کہ سل وسعال کو نافع ہی صمغ عربی طباشیر گل ارمنی حب الآس ہر ایک چار درم پرسیاؤشان کندر ہر ایک ایک درم اور بعض لوگ خرنوب شامی ومقل کو بھی داخل کرتے ہین شربت تین درم ساتھ رب آس کے اور اگر کھانسی شدید ہو شربت خشخاش کے ساتھ دین۔

سفوف نفث الدم ۔ طباشیر گل سرخ گل ارمنی گل مختوم خرفہ شادنہ عدسی مغسول ہر ایک پانچ درم بسد کہربا مروارید ناسفتہ خشخاش سفید رب السوس اقاقیا عصارۂ لحیۃ التیس ہر ایک تین درم بزرقطونا بیس درم افیون دو درم سوائے بزرقطونا کے سب کو کوٹین اور چھانین وسفوف بناوین مقدار شربت دو درم ہمراہ آب باران کے یا آب برگ خرفہ کے اور اگر حرارت قوی ہو تو کندر تین درم اس نسخہ مین زیادہ کرین۔

سفوف سرطان ۔ کہ مسلول کو نہایت نافع ہی سرطان نہری سوختہ دو درم طین قبرسی صمغ عربی خشخاش سفید خشخاش سیاہ مغز تخم خربزہ ہر ایک پانچدرم کوٹکر چھانکر سفوف بناوین مقدار شربت ایک مثقال ساتھ شربت انار شیرین یا شربت خشخاش کے۔

سفوف ۔ کہ مسلول ومدقوق وقروح سینہ ونفث الدم کو نافع ہی صمغ عربی نشاستہ کتیرا مغز بہدانہ شیرین تخم خشخاش سیاہ کاہو تخم خطمی ہر ایک چھ درم صندل سفید دو درم سکر العشر طباشیر ہر ایک تین درم گل سرخ تخم خبازی تخم خرفہ ہر ایک پانچدرم مغز تخم خیارین مغز تخم کدو گل ارمنی عصارۂ بارتنگ گل مختوم گل قبرسی ہر ایک چار درم زعفران ایک درم کوٹ کر چھان کر سفوف بناوین مقدار شربت دو درم ساتھ نصف دانگ کافور اور دو دانگ رماد السرطان کے ساتھ ساتھ شربت خشخاش کے اور ساتھ شیرۂ تخم خرفے کے۔

سفوف ۔ کہ سرفہ وسل وتپ دق خلطی واسہال کو نافع ہی اور واسطے منع کرنے نزلات حارہ کے مجرب ہی باقلا مقشر سات درم کتیرا نشاستہ صمغ عربی مغز تخم کدو مغز تخم تربز مغز بہدانہ رب السوس طباشیر مغز تخم خیار گل ارمنی عصارہ لحیۃ التیس ہر ایک چار درم تخم خطمی گلنار اقاقیا ہر ایک دو درم مغز بادام تین درم خشخاش سفید سرطان سوختہ ہر ایک دس درم کوٹکر چھانکر سفوف بناوین مقدار شربت دو مثقال سے تین مثقال تک ہی۔

حرف الشین

شراب سعال ۔ سرفۂ کہنہ کو نہایت مفید ہی اور سینے کو اخلاط سے پاک کرے اور ربو وضیق النفس کو فائدہ کرے انجیر سفید چھ اوقیہ پیاز عنصل ایک اوقیہ مویز منقی دو اوقیہ انیسون نیم اوقیہ جملہ کو تین دن بیچ تھوڑے سرکے انگوری وپانی کے ترکر کے جوش کرین اور صاف

کرین شہد دہ رطل اضافہ کرکے قوام کرین۔

شراب حلبہ۔ کہ درد مزمن سینے کو اور نفث المدہ و قرحۂ صدر کو نفع کرے حلبہ تیس۳۰ درم انجیر پندرہ عدد مویز تمر ہندی ہر ایک دس۱۰ درم عسل دو چند۔

شراب حب الآس۔ کہ سرفہ یا اسہال کو نافع ہی حب الآس کو کوٹکر جوش کرین یہانتک کہ مہرا ہوجاوے پس ملکر چھانین اور بمقابلہ دو جزو کے اس سے دس۱۰ جزو قند سفید اضافہ کرکے قوام کرین اور اگر تھوڑی طباشیر سفید پسی ہوئی زیادہ کرین بہتر ہی۔

شراب زوفا ساذج۔ کہ ضیق النفس و سرفہ کو نافع ہی زوفا یابس کو لکڑی سے پاک کرکے نصف رطل بہت گرم پانی مین ایک رات دن بھگوکر پکاوین اور صاف کرکے قند سفید یا شکر سفید چار رطل اور عسل ایک رطل ملاکر قوام کرین۔

شراب زوفا مدبر۔ کہ بلغم غلیظ کو جو مجاری نفس مین ہو پکاوے اور سینے کو نرم کرے اور ضیق النفس و سرفہ کو فائدہ کرے رازیانہ تخم کرفس ہر ایک پانچدرم زوفا یابس سات درم انجیر دس عدد مویز منقے تیس۳۰ درم حلبہ چار درم تخم خطمی اصل السوس ایرسا ہر ایک تین درم پرسیاوشان چھ درم قند سفید دو رطل گلقند ایک رطل بدستور متعارف شربت بناوین مقدار شربت دس۱۰ درم سے پندرہ درم تک ساتھ ایک درم مغز بادام تلخ کے۔

نوع دیگر۔ کہ واسطے اوجاع سینہ سرفۂ کہنہ و ضیق النفس و نزلہ و سختی معدہ و سدۂ کو نافع ہی مویز منقے تیس درم عناب سبستان انجیر خشک بیخ سوسن اصل السوس ہر ایک بیس۲۰ درم رازیانہ بیخ کرفس زوفا خشک پرسیاوشان ہر ایک دس۱۰ درم بہدانہ انیسون تخم رازیانہ ہر ایک پانچدرم جو مقشر مغز تخم خیارین مغز تخم کدو مغز تخم خربزہ مغز پستہ مغز چلغوزہ اذخر سنبل الطیب تخم خطمی تخم کتان ہر ایک تین درم سوائے مغزون کے سب اجزا کو نیم کوفتہ کرکے جوش کرین اور ساتھ چار رطل قند سفید کے قوام کرین بعد اسکے مغزون کو خوب کوٹ کر اسمین حل کرین۔

نوع دیگر۔ کہ سرفۂ بلغمی کو نافع ہی اور سینہ و ریہ کو اخلاط سے پاک کرے اور ربو و ضیق النفس کو فائدہ کرے عناب تیس۳۰ دانہ سپستان پچاس دانے انجیر سفید بیس دانہ گل بنفشہ چار درم تخم خطمی تخم خبازی ہر ایک پانچدرم پرسیاوشان سات درم اصل السوس خراشیدہ زوفاے یابس ہر ایک اٹھ درم ادویہ کو پانی مین جوش کرین اور ملکر صاف کرین اور قند سفید ایک من اضافہ کرکے قوام کرین اور بعض لوگ فراسیون پانچدرم داخل کرتے ہین۔

نوع دیگر۔ کہ سینے کو اخلاط غلیظہ سے پاک کرے بیخ کرفس بیخ بادیان بیخ کبر ہر ایک تین درم زوفا چار درم جوش کرین اور ساتھ قند سفید کے قوام کرین۔

نوع دیگر۔ کہ تنگی نفس کو فائدہ کرے اور سینے کو مادۂ غلیظ سے پاک کرے انجیر خرما ہر ایک دس عدد حلبہ پودینہ فراسیون ہر ایک پانچدرم پرسیاوشان سات درم بیخ کرفس بیخ بادیان تخم کرفس تخم بادیان زوفاو خشک بیخ سوسن ہر ایک دس۱۰ درم قند ایک من شربت بناوین جیسا کہ معمول ہی مقدار شربت چار درم اور بیچ بعضے نسخون کے تخم ترب دو درم زیادہ کیا ہی اور بیچ بعضے کے زراوند

مدحرج پانچدرم بیخ سوسن آسمانگونی تین درم حاشا و
پوست بیخ کبر ہرایک دو دو درم اضافہ کیا ہی۔

شراب سپستان۔ واسطے کھانسی و درد سینے و خشونت
کے نافع ہی اور ادویہ ہین اسکے بیان کیا جاویگا۔

شراب بنفشہ۔ کہ سرفہ و شوصہ کو نافع ہو بنفشہ تازہ
ایک رطل تخم خطمی بہدانہ صمغ عربی ہرایک دس درم جملہ
کو اندر پانچ رطل پانی کے ایک رات دن بھگو کر جوش
کرین یہانتک کہ تہائی رہے بعد اُسکے ملکر صاف کرین اور
قند سفید یا نبات ایک من اضافہ کرکے قوام کرین
مقدار شربت سات درم۔

فائدہ۔ اقسام شربت بنفشہ کے کہ سرفہ و ذات الجنب
اور ربو کو نافع ہین اور اقسام شربت خشخاش کے کہ ان بیماریون
مین فائدہ کرتے ہین اندر امراض سرفہ کے مرقوم ہوئے
ہین پس چاہیے کہ وہان دیکھین۔

شراب عناب۔ کہ سرفہ اور درد سینہ کو نافع ہی اور
ماشرا و آبلہ و غلبہ خون کو مفید ہی عناب ولایتی ایک رطل پانی
مین جوش کرکے ساتھ دو رطل یا تین رطل قند سفید کے قوام کرین

نوعدیگر۔ کہ قوی تر ہی اور حال کو لڑکون کے اصلاح
دیتا ہی عناب ایک رطل کشنیز عدس مقشر بیخ کاسنی ہرایک
دو اوقیہ اندر دس رطل پانی کے جوش کرین جب تہائی
رہجاوے صاف کرکے ساتھ قند کے کہ برابر اُسکے ہو
قوام کرین۔

شراب عناب۔ کہ ذات الریہ کو نافع ہی عناب گرگانی
گٹھلی دور کیا ہوا سو درم مویز سرخ نکالا ہو گٹھلی سے
پچاس درم اصل السوس مقشر مرضوض بیس درم فلوس
خیارشنبر چالیس درم بقدر حاجت۔

شراب۔ کہ سرفہ کو نہایت نافع ہی بنفشہ نیلوفر تخم خشخاش
ہرایک تین تولے عناب تخم خبازی ہرایک دو دو تولے کوکنار
بارہ عدد تخم کتان تخم ریحان تخم حلبہ ہرایک ڈیڑھ تولے
اسبغول بہدانہ ہرایک ایک تولہ عسل و نبات بقدر حاجت
کے ڈالکر شربت بناوین۔

شراب۔ کہ سرفہ کو جو ساتھ نفث الدم کے ہو فائدہ کرے
تخم کتان بنفشہ حلبہ ہرایک تین درم جوش کرکے صاف
کرین پس اسبغول دو تولہ اُسمین ملاکر لعاب نکالین
اور ساتھ قند کے شربت بنائین۔

شربت اعجازہ۔ تالیفات اس درویش سے کہ واسطے
اقسام سرفہ تر و خشک کے نافع ہی اور واسطے تپ دق کے
مفید ہی عناب ولایتی بیس دانے سپستان کلان ساٹھ دانے
اصل السوس مقشر تخم خطمی تخم خبازی گل نیلوفر گل بنفشہ ہرایک
سات درم بہدانہ پانچدرم کتیرا صمغ عربی ہرایک تین درم
برگ اروسہ ایک رطل قند سفید دو رطل سوائے صمغ و کتیرا
کے سب کو جوش کرین و بطریق معمول ساتھ قند کے قوام
کرین بعد اُسکے کتیرا و صمغ عربی کو ٹکر چھانکر داخل کرین اور
اروسہ اُس بانسہ کو کہتے ہین جسکا پھول سفید ہو کہ ہند
مین مشہور ہی اور کثیر الوجود ہی۔

شراب عنب۔ کہ سعال کو نفع کرے اور نہش ہوام
کو مفید ہی انگور شیرین پرانے درخت کے لیکر پانی مین دھو کر
شیرہ اسکا نکالین اور جوش کرین یہانتک کہ تہائی رہجاوے
برابر شیرہ کے قند سفید ملاوین اور پکاوین اور کف دور کرکے
قوام کرین۔

شراب رمان — کہ واسطے کھانسی اور آلام سینے کو نافع ہی انار شیرین پختہ باریک چھلکے کا کہ لکڑی کی چھری سے پوست اسکا دور کرین پانی اسکا لیکر بمقابلہ چار اوقیہ پانی انار کے ایک رطل قند سفید اضافہ کرکے قوام کرین اور اگر چاہین کہ قوت زیادہ ہو آب انار کو وزن مین زیادہ کرین —

شراب نرجس — کہ ضیق النفس و انتصاب النفس کو نافع ہی نرگس تازہ سالم عفونت سے ربع رطل بہت گرم پانی مین ایک رات دن بھگوئین بعد اسکے نرم آگ پر جوش کرین صاف کرین اور ایک رطل قند یا شہد ملاکر قوام کرین —

شراب فراسیون — کہ ضیق النفس و سعال کو جو بسبب بلغم غلیظ کے ہو نافع ہی فراسیون چالیس درم اصل السوس زوفا فوتنج نہری پرسیاوشان ہر ایک دس ۱۰ درم مغز بادام مغز چلغوزہ حلبہ تخم بادیان افیون ہر ایک پانجدرم مصطگی دارچینی زنجبیل ہر ایک دو درم مویز منقے تیس درم عناب سپستان ہر ایک سو دانے انجیر سفید بیس ۲۰ عدد جملہ اندر چوبیس رطل پانی گرم کے ایک رات دن بھگوئین بعد اسکے نرم آگ پر پکاوین یہانتک کہ نصف رہے پس صاف کرکے ساتھ پانچ رطل قند سفید کے قوام کرین مقدار شربت ایک اوقیہ سے دو اوقیہ تک —

شراب مدبر — کہ ضیق و سعال قدیم کو نافع ہی اصل السوس پرسیاوشان چوب خطمی تخم خطمی گل بنفشہ ہر ایک چھ درم فراسیون زوفا ہر ایک چار درم اسطوخودوس انیسون ہر ایک دو درم مویز منقے دو اوقیہ گاؤزبان پانجدرم تخم خیار تخم خربزہ ہر ایک دس ۱۰ درم جوش کرکے صاف کرین اور دو رطل قند سفید اور رب انگور نصف رطل ملاکر قوام کرین اور آب تین بڑے لیموں سبز کا ڈالین نزدیک قوام کے اور اتار لیوین —

شراب عرق السوس مدبر — کہ سرفہ کہنہ و جملہ علل سینے ورئیہ و نزلات اور ربو و ضیق النفس و بہر کو نافع ہی اور سدہ کھولے اور بول کو نکالے اور مزاج اس شربت کا معتدل ہی اور اصحاب تپ کو غیر مناسب ہی اصل السوس مقشر ساٹھ درم پرسیاوشان خشخاش سفید ہر ایک بیس ۲۰ درم زوفا یابس تخم خطمی تخم رازیانہ انیسون ہر ایک دس ۱۰ درم عناب سپستان ہر ایک سو دانے جملہ کو اندر چودہ رطل پانی گرم کے ایک رات دن ترکرکے نرم آگ پر پکاوین یہانتک کہ ثلث باقی رہے پس صاف کرکے رب انگور دو رطل و قند سفید ایک رطل ملاکر قوام کرین

شراب اصل السوس سادہ — کہ واسطے سرفہ و بحۃ الصوت کے نافع ہی اول پہلے سے قریب عرق السوس مقشر خراشیدہ ایک رطل رات دن پانی مین بھگوئین نرم آگ پر جوش کرکے صاف کرین اور رب عنب دس ۱۰ رطل قند سفید ایک رطل اور شہد ربع رطل اضافہ کرکے قوام کرین —

شراب برگ اترج — گرم و خشک ہی تنگی نفس کو کہ بلغم سے ظاہر ہوئی ہو وسیع کرے اور خفقان کو فائدہ کرے برگ ترنج تازہ پچاس عدد لیکر غبار کو کہ اسپر ہوتا ہی کپڑے سے صاف علیحدہ کرکے اندر دس رطل مثلث کے صاف باسن و پاکیزہ مین ایک ہفتے تک کرین بعد اسکے صاف کرکے عسل مصفا ڈیڑھ رطل اضافہ کرکے خوب ملاوین اور قوام کرین اور باسن مین شیشے کے رکھین اور بعد تین دن کے استعمال کرین —

نوع دیگر - برگ ترنج پچاس عدد اندر شراب کہنہ صاف یا جمہوری کے کہ چھ قسط ہوا ور ہر قسط بوزن ڈیڑھ سو مثقال ۔ کے ہو سات دن بھگوئین بعد اُسکے صاف کر کے ساتھ ڈیڑھ سو مثقال شہد کف گرفتہ کے قوام کرین اور بعض لوگ ایک رطل پوست ترنج کو بیچ اڑھائی سو مثقال پانی خالص کے بھگو کر جوش دیتے ہین جبتک تہائی کو پہونچے صاف کر کے ایک رطل شہد ڈالکر قوام کراتے ہین ۔

فائدہ - ترنج کو فارسی مین بالنگ کہتے ہین ۔

شربت قصب السکر - واسطے کھانسی وشوصہ کے نافع ہی اور ادویہ مین معدے کے آویگا ۔

حرف الضاد

ضماد شوصہ - کہ تسکین اوجاع شوصہ اور ذات الجنب وذات الصدر وذات العرض وذات الریہ کی کرے اور مادے کو پکاوے گل بنفشہ گل بابونہ تخم شبت سبوس گندم تخم کتان گل خطمی حلبہ جو کوٹ کر چھان کر پانی مین پکاوین اور روغن گل ملا کر نیمگرم ضماد کرین اور اگر حرارت بہت ہو برگ درخت انگور کی اور رجبی ہرائی بھی زیادہ کرین ۔

نوع دیگر - بنفشہ سبوس گندم آرد جو خطمی آرد باقلا اکلیل الملک مساوی الوزن لیکر کوٹ کر ساتھ روغن گل بنفشہ کے ملا کر ضماد کرین اور اگر تھوڑا موم ملاوین بہتر ہی اور اگر مادہ غلیظ اور بطی النضج ہے روغن سوسن وتخم کتان وحلبہ وآب کرنب زیادہ کرین ۔

ضماد - کہ مادے ذات الجنب وذات الریہ کو پکاوے گل بنفشہ خطمی گل بابونہ ہر ایک ایک جزو اصل السوس مقشر دو جزو آرد باقلا آرد جو ہر ایک ڈیڑھ جزو کوٹ کر چھانکر ساتھ موم وروغن بنفشہ کے یا روغن کنجد کے ملا کر لگاوین اور جو حاجت تحلیل کی زیادہ ہو مغز تخم کتان بھی زیادہ کرین اور ساتھ میفختج کے ضماد کرین ۔

ضماد مختصر - کہ اندر ذات الصدر وذات الجنب کے جب مادہ غلیظ ہو لگاوین تو مادہ کو نرمی سے تحلیل کرے آرد جو پانچ درم خطمی سفید غیر مغشوش گل بنفشہ ہر ایک تین درم کوٹ کر چھان کر ساتھ پانی برگ خبازی کے گھولکر ضماد کرین اور جب خشک ہو جاوے تازہ لگائین ۔

حرف الطاء

طلاء - کہ اندر تسکین سوزش سینے کے کہ ذات الجنب مین پیدا ہو نہایت نفع کرے آب عصی الراعی آب حی العالم آب برگ خبازی آب لسان الحمل آب برگ اسبغول آب شاخہاے اسبغول لعاب اسبغول جملہ کو آپسمین خوب ملا کر کپڑا اسمین تر کر کے لگاوین جب گرم ہو جاوے تجدید کرین یعنی پھر تر کر لگاوین کہ یہ طلا مسکن سوزش و معدل مزاج و مزیل سرخی و مسہل ہی اور جسوقت کہ جانین کہ وہ غلیظ ہی نہ تحلیل ہوتا ہی اور نہ رقیق ہوتا ہی ضماد مختصر کہ مذکور ہوا استعمال کرین ۔

طلاء قیروطی - کہ اورام کو تحلیل کرے اور ذات الصدر کو نفع دے موم کو بیچ روغن بنفشہ کے پگھلا کر آب برگ خبازی آب برگ خلاف آب پوست کدو اسمین ڈالکر گھال کرین تو یہ سب پانی بیچ موم کے تشرب ہو جائین پس

اندر ایک باسن کے رکھین اور دفعات متواتر استعمال کرین یعنی جب خشک ہوجاوے تجدید کرین اور استعمال اس طلا کا اُسوقت چاہیئے کہ اعراض مین کچھ تسکین اور شدت علت نے سکون پایا ہو-

طلاء قیروطی نوع دیگر - کہ سوزش سینے کی ساتھ تپ کے ہو یا بدون تپ کے دور کرے موم سفید مغسول روغن گل مین پگھلاکر آب خیارہ و آب کدو و آب برگ خرفہ جملہ برابر بقدر حاجت کے کف مال کرین تو خوب مخلوط ہوجاوے پس کپڑا اُسمین تر کرکے اور برف مین سرد کرکے استعمال کرین-

طلاء - کہ واسطے درد کوفتگی کے کہ ضربہ وسقطہ سے جو اوپر سینہ کے یا اوپر جس عضو کے کہ ضربہ یا سقطہ پہونچا ہو فائدہ کرے سنغاث ماش مقشر گل ارمنی ہر ایک دس درم اقاقیا صبر ہر ایک تین درم ساتھ آب برگ مورد کے گھولکر طلا کرین-

طلاء دیگر - کہ یہی عمل کرتا ہی ماش لاون گل ارمنی ہر ایک دس درم صبر سک زعفران ہر ایک تین درم گلاب و آب برگ مورد مین گھولکر طلا کرین اور واسطے اعضاے عصبانی کے تھوڑی شراب و روغن نرگس بھی ملائین-

طلا - کہ نفث الدم کو فائدہ کرے اقاقیا ہوفقسطید اس کندر گلنار مازو و مرصافی صمغ عربی گل ارمنی افیون جملہ برابر کوٹ کر چھانکر اقراص بنائین اور وقت حاجت کے اوپر سینے اور معدے و ناف کے طلا کرے اگر مادہ نفث الدم کا نواحی مین سینے کے ہو اور یہ طلا نزف الدم کو کہ مثانے و رحم وغیرہ سے بھی ہو فائدہ کرتا ہی اگر اوپر عانہ و قبل کے طلا کرین اور بھی قبل مین اس سے حقنہ کرین اور

اسیطرح جو عضو کہ میدان نزف کا ہو اُسی پر طلا کرین-

طبیخ زوفاے صغیر - کہ واسطے سرفہ کے جو ساتھ حرارت کے ہو اور واسطے ربو و خشونت و علل سینہ کے نافع ہی انجیر زرد عناب ہر ایک دس عدد سپستان تیس دانے پرسیاوشان اصل السوس زوفاے خشک ہر ایک دس درم تخم خطمی بیدانہ اسبغول گل بنفشہ ہر ایک پانچدرم اندر تین رطل پانی کے پکاوین تو ایک رطل رہجاوے بعد اُسکے تین اوقیہ اس سے ساتھ بنفشہ مربے کے پیین-

طبیخ زوفاے کبیر - کہ سرفہ کثیر الرطوبت و ربو و اخلاط غلیظہ سینہ کو اور نفث المدہ کو نافع ہی انجیر زرد دس عدد تمر بیرون منقے حلبہ اصل السوس زوفا یابس ہر ایک دس درم پرسیاوشان سات درم ایرسا بیخ بادیان تخم کرفس تخم بادیان تخم انجرہ نونتیخ فراسیون ہر ایک پانچدرم بطریق مذکور کے عمل مین لاوین-

طبیخ - کہ واسطے ذات الجنب و ذات الریہ و درد سینہ و سرفہ کے نافع ہی عناب بیس دانے سپستان تیس دانے انجیر زرد دس عدد مویز منقے اصل السوس پرسیاوشان ہر ایک تین مثقال تخم خطمی تخم خبازی دو مثقال جو مقشر چار مثقال اندر چار رطل پانی کے جوش کرین جب ایک رطل رہجاوے صاف کرکے ہر دن آدھا رطل ساتھ روغن بادام کے پیین-

طبیخ - کہ واسطے ربو و ضیق و سعال مزمن کے کہ نوازل سے ہوا ور واسطے اوجاع جنب و حجب کے نافع ہی اور تپ کو مفید ہی مویز منقے پندرہ درم جو مقشر دس درم خشخاش سفید چار درم گل نیلوفر گل بنفشہ تخم خیار تخم خرفہ زوفا پرسیاوشان اصل السوس فرسیون

ہر ایک تین درم انجیر زرد فربہ پانچ عدد اندر پانچ رطل
پانی کے پکاوین جب ربع رہے صاف کرکے دس درم قند
یا نبات ملاوین و روغن بادام شیرین اضافہ کرکے جملہ یا
نصف موافق حاجت و قوت کے پیین۔

حرف العین

غرغرہ۔ کہ سرفہ و ضیق کو جو بسبب اسکے نزلہ ہو فائدہ کرے
گل سرخ خرنوب شامی گلنار پانی مین پکاوین اور قبل از
خواب غرغرہ کرین اور غرغرہ ساتھ جوشاندے کوکنار
و دیگر حابسات کا بدستور غرغرہ کہ سرفہ مزمن کو جو غلبہ بلغم
سے ہو مفید ہی اور کوا اگر اُترآیا ہو اُسکو بھی فائدہ کرے
اور حابس نزلے کا ہو انار وانہ ترش سماق مازو ہر ایک
ایک جزو نیکوفتہ تازے دودھ مین ایک رات دن بھگوئین
پس صاف کرکے استعمال کرین۔

حرف القاف

قرص خشخاش۔ کہ زخم سینہ و شش کو نافع ہی گل سرخ
صمغ عربی ہر ایک چار درم نشاستہ رب السوس کتیرا
ہر ایک دو درم خشخاش سفید خشخاش سیاہ ہر ایک تین
درم زعفران نصف درم طباشیر سفید پانچ درم ساتھ پانی
خالص کے قرص بناوین مقدار شربت ایک مثقال سے
دو مثقال تک ساتھ شربت خشخاش کے۔

قرص سل۔ مغز تخم خیارین دس درم تخم خرفہ
اصل السوس ہر ایک چار درم طباشیر سرطان سوختہ ہر ایک
دو درم نشاستہ کتیرا ہر ایک ایک درم کوٹکر چھانکر ساتھ لعاب
اسبغول کے قرص بناوین۔

قرص سرطان۔ کہ سل و دق و نفث الدم کو نافع ہی
گل مختوم گل ارمنی نشاستہ گل سرخ ہر ایک چھ درم سرطان
سوختہ دس درم طباشیر کتیرا شادنہ مغسول ہر ایک
پانچ درم رب السوس تین درم کوٹ کر چھان کر ساتھ آب
بارتنگ کے قرص بناوین۔

قرص۔ کہ سرفہ و نفث الدم کو کہ ساتھ اسہال کے ہو
نافع ہی تخم حماض بریان طباشیر زرشک منقے نشاستہ حب الآس
شاہ بلوط ہر ایک پانچ درم زعفران ایک درم گل مختوم صمغ عربی
ہر ایک دو درم کہربا بسد ہر ایک تین درم کوٹ کر چھانکر
ساتھ پانی خالص کے قرص بناوین مقدار شربت دہ درم

قرص نفث الدم۔ کُندر گلنار دم الاخوین ہر ایک
درم دو دانگ کہربا پانچ درم شادنہ عدسی گل مختوم ہر ایک
دس درم شب یمانی اڑھائی درم افیون دارچینی ہر ایک
دو درم مجموع کو بدستور معمول دس قرص بناوین مقدار
شربت ایک قرص ساتھ آب خرفہ کے۔

قرص ذات الجنب۔ کہ بیچ آسان کرنے نفث کے
اور سرعت نضج کے معین ہی گل بنفشہ رب السوس ہر ایک
دس درم نشاستہ تخم خطمی کتیرا تخم رازیانہ ہر ایک تین درم
کوٹکر چھانکر ساتھ لعاب اسبغول و بہدانہ و تخم کتان گھولکر
اقراص بناوین مقدار شربت تین درم ساتھ شربت
بنفشہ کے۔

قرص۔ کہ سرفہ و نفث غلیظ کو نافع ہی اگر ساتھ اُسکے
تپ و نرمی شکم کی ہو تخم بادیان تخم کرفس پرسیاوشان
رب السوس مغز بادام تلخ بالسویہ ساتھ لعاب تخم کتان

کے قرص بناوین مقدار شربت تین درم گرم پانی کے اور اگر ساتھ جوشاندے خیارشنبر کے کھاوین خوب عمل کرے اور بحث میم مین یہ مذکور ہوگا۔

قرص بنفشہ ـ کہ واسطے خشونت سینہ و سرفہ ذات الجنب وسل کے عجیب ہی اور صفرا کو اسہال کرے گل بنفشہ دس درم سقمونیا مشوی ایک مثقال رب السوس کتیرا نشاستہ ہر ایک ایک درم کوٹ کر چھان کر لعاب اسبغول مین جو جلاب مین نکالا گیا ہو قرص بناوین مقدار شربت ایک مثقال۔

نوع دیگر ـ کہ ذات الریہ کو نافع ہی گل بنفشہ تخم خطمی تخم خبازی مغز تخم خیار مغز تخم خربزہ رب السوس فقاح اذخر اکلیل الملک کتیرا کوٹکر چھانکر لعاب تخم کتان مین قرص بناوین اور ساتھ شربت انجیر کے کھلاوین۔

قرص بسد ـ کہ واسطے نفث الدم کے جو پیچھے کھانسی کے واقع ہو نافع ہی اور بھی قی الدم کو مفید صمغ عربی گل ارمنی ہر ایک چار درم کہربا بسد شادنج ہر ایک ایک درم و نصف رب السوس دم الاخوین نشاستہ بادیان ہر ایک دو درم اقراص بناوین اور تین درم یہ قرص اور ایک دانگ بزر البنج سفید پیسکر ملا کر کھاوین اور دیگر اقراص کو سینہ و شش کو نفع کرے ہین بیچ ادویۂ حمیات و اسہال مذکور ہونگے۔

قیروطی ـ کہ سینہ و اورام حجب کو فائدہ کرے اندر بحث طلا کے لکھی گئی ہی۔

حرف الکاف

گلکلانج فیروزہی ـ واسطے سرفہ و ضیق النفس بلغمی کے نافع ہی ادویہ مین کبد کے آویگا۔

حرف اللام

لعوق سپستان ـ سرفہ و خشونت حلق کو نافع اور سینے کو نرم اور نفث کو آسان اور طبع کو نرم کرے سپستان دو سو عدد مویز منقے چالیس درم فلوس خیارشنبر پندرہ درم سپستان و مویز کو چھ رطل پانی مین جوش کرین جب دو رطل رہے ملکر صاف کرین بعد اُسکے فلوس خیارشنبر اُسمین ملکر پھر صاف کرین اور قند سفید ایک رطل اضافہ کرکے قوام کرین اور چھانین۔

لعوق سپستان دیگر ـ کہ قوی تر پہلے سے ہی اور سرفہ گرم کو زائل کرے سپستان ایک سو تیس دانے عناب پچاس دانے مویز منقے چالیس دانے تین من پانی مین پکاوین یہانتک کہ ایک من رہجاوے پس فلوس خیارشنبر تیس درم فانیذ سو درم اُسمین حل کرین اور صاف کرین اور سو درم سکنجبین اضافہ کرکے قوام کرین۔

لعوق دیگر ـ کہ قوی تر سابقین سے ہی اور لعوق سپستان کے سب نسخون مین بہتر اور نام اُسکا لعوق السعال ہی اور واسطے سرفہ و ضیق کے نہایت نافع و ہو من الاشیاء التی یضیق بہا سپستان اقماع سے پاک کیے گئے پچاس دانے عناب بیس دانے انجیر زرد فربہ دس دانے مویز منقے اصل السوس خراشیدہ ہر ایک پندرہ درم جو مقشر کوفتہ تیس درم بہدانہ پرسیاوشان کتیرا اسغید تخم خطمی ہر ایک پانچ درم بیخ رازیانہ تین درم کوفتنی کوٹ کر سب کو اندر چار

رطل پانی کے یا زیادہ اس سے سوائے کتیرے کے ایک رات دن تر کرین بعد اُسکے نرم آگ پر جوش کرین ملین اور صاف کرین اور قند سفید آدھا رطل ڈالکر گاڑھا کرین اسلیے کہ اگر سائل رہا جلد کھٹا و متعفن ہوگا۔

لعوق بادام - کہ سرفہ و خشونت حلق و حنجرہ کو نافع ہی صمغ عربی کتیرا نشاستہ رب السوس ہر ایک پانچدرم قند سفید بیس درم مغز بادام مغز تخم کدو ہر ایک تین درم کوٹ کر چھان کر روغن بادام سے چرب کرکے جلاب مین ملاکر لعوق بناوین اور چاٹین۔

لعوق - کہ سرفہ خشک کو نفع اور سینہ کو نرم کرے رب السوس مغز بہدانہ ہر ایک دو درم مغز باقلا نشاستہ کتیرا صمغ عربی تخم خطمی مغز تخم خیارین مغز تخم کدو مغز تخم خربزہ ہر ایک پانچدرم خشخاش دس درم مغز بادام مویز منقیٰ ہر ایک بیس درم مویز کو اندر روغن بادام کے پکاوین اور ادویہ کو کوٹکر چھانکر اُسمین ملاوین اور ساتھ میفختج کے گھولین۔

لعوق صمغ - کہ سرفہ خشک کو نہایت نفع کرے صمغ عربی سفید پانی مین پگھلاکر صاف کرین بعد اُسکے روغن بادام اُسپر ڈال کر جوش کرین یہانتک کہ گاڑھا ہوجاوے اور ہر وقت چاٹین۔

لعوق العبہ - واسطے کھانسی کے جو حرارت و یبوست سے ہو نہایت نافع ہی لعاب اسبغول و بہدانہ و تخم خطمی شیرۂ تخم خرفہ و تخم خیار ہر ایک ایک درم سکرجہ آب انار شیرین آب خیار آب کدو آب برگ خرفہ شیرۂ نیشکر ہر ایک ایک اوقیہ و ثلث کتیرا صمغ عربی مغز بادام شیرین ہر ایک چار استارہ قند سفید ایک رطل تخم خشخاش دس درم لعوق بنادین

لعوق بارد - واسطے سرفۂ خشک و حرارت نزلے کے جو اوپر سینہ و ریہ کے گرے مغز بادام شیرین دس درم مغز تخم کدو مغز تخم خیارین تخم خربزہ تخم کاہو ہر ایک پانچدرم صمغ عربی سفید کتیرا نشاستہ ہر ایک چار درم تخم خشخاش تین درم جملہ کو باریک کرکے پہلے ترنجبین پچاس درم اندر پانی تربز کے حل کرکے صاف کرین اور قوام کرین بعد اُسکے ادویہ پسی ہوئی اُسمین گھولین اور روغن بادام شیرین بیس درم ملاکر پانچدرم سے ایک استار تک چاٹین اور اگر نزلہ قوی ہی وزن خشخاش کا زیادہ کرین اور بعضے کوکنار بھی اضافہ کرتے ہین بقدر حاجت کے۔

لعوق خشخاش - کہ نزدیک اطبا کے متداول ہی واسطے نزلات گرم رقیق کے اور خشونت حلق کے اور سرفہ کے نافع ہی تخم خشخاش سفید دس درم نشاستہ کتیرا صمغ عربی ہر ایک چار درم مغز تخم کدو مغز تخم بہدانہ شیرین ہر ایک تین درم کوٹکر چھانکر جلاب مین گھولین۔

نوع دیگر - واسطے سرفہ نزلے کے بے مانند ہی تخم خطمی بہدانہ ہر ایک سات درم اصل السوس پانچدرم اندر اڑھائی سو درم پانی کے رات کو بھگو کر صبح کو جوش کرین جب آدھا رہجائے ایک سو بیس درم قند سفید مین قوام کرین بعد اسکے خشخاش سفید و سیاہ ہر ایک پانچدرم مغز بہدانہ صمغ عربی ہر ایک تین درم کتیرا چار درم خوب پیسکر ملاوین۔

نوع دیگر - واسطے سل اور اوجاع سینہ و شش و سرفہ مزمن کے جو نزلات حادہ سے ہون بزر قطونا بزر خطمی بزر خبازی ہر ایک تین درم سپستان بیس دانے اصل السوس دس درم تخم خشخاش دو اوقیہ جملہ کو سوائے اسبغول کے جوکوب کرے

اندر پانچ رطل پانی کے سب تر کرین پھر جوش کرین یہانتک کہ آدھا رہجاوے پس صاف کر کے ساتھ ایک رطل قند سفید کے قوام کرین اور بعد اُتارنے کے آگ سے صمغ عربی کتیرا ہر ایک پانچدرم باریک پیسکر ملاوین اور ہلاتے رہین تو خوب ملجاوے اور گرہ نہ پڑے ۔

نوع دیگر ۔ واسطے سرفہ وسل ونزف الدم وقرحۂ امعا کے کوکنار سفید پچاس درم اندر دو رطل پانی کے جوش کرین جب ایک رطل رہجاوے قند سفید ایک رطل ملاکر قوام کرین بعد اُسکے رب السوس مغز بادام مغز تخم کدو ہر ایک پانچدرم کوٹکر اسمین ملاوین مقدار شربت دس درم ۔

لعوق صبیان ۔ واسطے سرفہ وحرارت وخشونت گلوے اطفال کے ساتھ دودھ عورت کے یا دودھ گدھی کے ملاکر چٹاوین صمغ عربی کتیرا سفید رب السوس قند سفید ہر ایک چاردرم مغز دانہ بہی دو درم کوٹکر شہد مین ملاوین

لعوق طباشیر ۔ واسطے سرفہ وسل وتپ کے صمغ عربی نشاستہ خشخاش سفید ہر ایک بیس درم مغز تخم کدو مغز تخم خیارین ہر ایک دس درم طباشیر چار درم تخم خطمی تخم خبازی ہر ایک تین درم کوٹ کر بیچ جلاب غلیظ القوام وروغن بادام کے بناوین ۔

لعوق رمان ۔ واسطے سرفہ مزمن ونزلات کے اور پاک کرنے سینہ وشش کے آب انار شیرین کہ اسمین تخم انار داخل نہوا ہو جسقدر چاہین لیکر پکاوین جب قریب قوام کے پہونچے رب عنب شیرین اور قند سفید ملاکر قوام کرین بعد اُسکے آگ سے اُتارکر صمغ عربی کتیرا رب السوس ہر ایک پانچدرم بمقابلہ ایک رطل پانی انار کے صاف کیا شیشے کے باسن مین رکھین ۔

لعوق خیارشنبر ۔ واسطے ذات الریہ وذات الجنب و نرم کرنے شکم کے اور توڑنے تیزی مواد ملتہبہ کے فلوس خیارشنبر پچاس درم پانی مین گھولکر صاف کرین بعد اُسکے کتیرا وصمغ وبادام ہر ایک پانچدرم باقلا سات درم مغز بادام دس درم خوب کوٹکر چھانکر قند سفید پندرہ درم اور روغن بادام تین درم مین ملاوین اور دس درم سے پندرہ درم تک چاٹین ۔

دیگر ۔ کہ مسہل صفرا وبلغم ہے خصوصاً حوالی حلق وسینہ و ریہ سے فلوس خیارشنبر گلقند ہر ایک پندرہ درم بنفشہ مربا دس درم شیرخشت دس مثقال ریوند چینی آدھا مثقال روغن بادام ایک درم لعوق بناوین اور اگر واسطے تنقیہ بلغمی وصفرا کے قوی تر منظور ہو محمودہ وتربد وغاریقون موافق حاجت کے زیادہ کرین ۔

لعوق ورد ۔ واسطے ذات الجنب دموی او صفراوی کے اور درد سینہ وسرفہ وسل ونفث الدم وقی الدم وحمیات حادہ کے نافع ہے گل سرخ صمغ عربی ہر ایک تین درم نشاستہ کتیرا خشخاش سفید ہر ایک دو درم گل مختوم طباشیر سفید رب السوس ہر ایک چار درم زعفران نصف درم ساتھ دوشاب انگور کے لعوق بناوین ۔

لعوق بزرالبنج ۔ واسطے نزلے کے جو سینے پر گرتا ہو بزرالبنج بارہ درم مغز چلغوزہ چھ درم مر صافی ایک درم جلاب مین گھولکر لعوق بناوین ۔

نوع دیگر ۔ کہ اندر منع کرنے گرنے مواد ونزلے کے اور رفع کرنے سرفہ کے مجربات سے ہے اور نام اسکا تریاق

تریاق النزلہ ہی نزلہ بلغم کو نافع ہر ایک تیس درم تخم کاہو بیس درم تخم خشخاش سفید چالیس درم گل گاؤزبان تخم مورد کشنیز خشک ہر ایک دس درم اسطوخودوس پانچ درم پانی مین جوش کرین اور تین سو درم قند سفید اضافہ کرکے قوام کرین اور گل سرخ کشنیز خشک رب السوس نشاستہ صمغ عربی کتیرا بہر صافی ہر ایک پانچ درم خوب پیسکر اُسمین ملاوین مقدار شربت تین مثقال -

لعوق بنفشہ - واسطے سرفہ و قولنج ورمی وصفراوی کے بہت موثر ہی گل بنفشہ دس درم مویز منقے عناب ہر ایک بیس دانے سپستان چالیس دانے پانی مین بھگو کر جوش کرین بعد اُسکے صاف کرکے آدھا رطل قند سفید بیس درم عسل خیارشنبر تیس درم روغن بادام ملاکر قوام کرین اور بنفشہ تیس درم باریک کرکے اضافہ کرین اور پانچ سے سات مثقال تک چاٹین -

لعوق زوفا - ربو سرفہ کہنہ کو نافع ہی اور سینے و شش کو اخلاط غلیظ سے پاک کرے زوفا یابس بیخ سوسن آسمانگونی ہر ایک بیس درم اندر تین رطل پانی کے جوش کرین جب ایک رطل رہجاوے صاف کرکے ایک رطل شہد صاف ڈالکر قوام کرین اور صاحب اعراض نے لکھا ہی کہ زوفا و بیخ سوسن کو کوٹ کر چھان کر ساتھ سکنجبین یا انگبین کے گھولین اور اگر بیخ سوسن نہ ملے شونیز بدلے اُسکے ڈالین مقدار شربت ایک سیر -

نوع دیگر - کہ پہلے سے قوی ہی اور اندر تنقیح و تقطیع مواد غلیظ سینے کے نافع ہی زوفا یابس فراسیون تخم بادیان ہر ایک تین درم پرسیاوشان اصل السوس ہر ایک دس درم صمغ البطم حلبہ ہر ایک دو درم مویز منقے پندرہ درم انجیر زرد فربہ دس عدد سوائے صمغ کے جملہ کو تین رطل پانی مین پکاوین جب ڈیڑھ رطل پانی رہجاوے حل کرکے صاف کرین اور ساتھ ڈیڑھ رطل عسل کے قوام کرین بعد اُسکے صمغ کو حل کرین -

لعوق بزرکتان - ربو و سعال مزمن کو نافع ہی اور سینے کو اخلاط سے پاک کرے اور اوپر نفث کے مدد دیوے بزرک بریان تیس درم فرد مانا دس درم کو ٹکر چھان کر شہد مین گھولین اور اگر بزرک تنہا کو اکیلے کوٹکر چھانکر شہد مین گھولین لعوق بناوین یہی اثر حاصل ہی -

دیگر - پہلے سے قوی تر بزرک بریان ایک جزو کندر آدھا جزو فرد مانا زیرہ ہر ایک ربع جزو کوٹ کر چھان کر ساتھ دو نے وزن شہد کے گھولکر لعوق بناوین مقدار شربت ایک کفچہ صبح و شام -

لعوق حب الرشاد - کہ یہی عمل کرتا ہی تخم ترہ تیزک دس درم اصل السوس چار درم انیسون رازیانہ ہر ایک تین درم جملہ نیمکوب کرکے اندر دو رطل پانی کے جوش کرین جب ایک رطل رہجاوے صاف کرکے ساتھ ایک رطل شہد کے قوام کرین -

دیگر - تخم ترہ تیزک دس درم شونیز چار درم انیسون تخم بادیان ہر ایک دو درم زراوند گرد ایک مثقال پودینہ دشتی صعتر ہر ایک تین درم کوٹکر چھانکر شہد مین تیار کرین مقدار شربت دو درم ساتھ سکنجبین عنصلی عسلی کے -

لعوق حلبہ - غلظ صوت کو نافع ہی اور سینہ کو نرم کرے اور نفث کو آسان کرے حلبہ مغز بادام ہر ایک چار درم کتیرا

اصل السوس مغز چلغوزہ نشاستہ صمغ عربی ہر ایک دو درم کوٹکر چھانکر ساتھ شہد یا قند یا جلاب مقوم کے ملائین اور اگر تخم کتان بریان پانچدرم اضافہ کرین قوی تر ہو۔

دیگر۔ واسطے ربو سرفہ خشک کے نافع ہی حلبہ مویز بہدانہ بنفشہ جو مقشر گاؤزبان جوش کرین اور ساتھ شہد کے قوام کرین مغز تخم کدو مغز چلغوزہ تخم رازیانہ موافق حاجت کے خوب کوٹکر اضافہ کرین اور پانچ مثقال اس سے ساتھ ماءالشعیر کے پلاوین۔

لعوق رب السوس۔ کہ سرفہ مزمن کو نافع ہی اور فضول لزجہ کو سینے سے دفع کرے اور نفث پر مدد دیوے رب السوس کتیرا بارزد مغز بادام رازیانہ مساوی کوٹکر چھانکر ساتھ شہد و روغن بادام کے گھولین اور بعضے نسخون مین مغز تخم خیار بھی مندرج ہی۔

لعوق اسقیل۔ ربو و سرفہ مزمن کو جو ساتھ رطوبت کے ہو نافع ہی پیاز عنصل مشوی تین درم ایرسا دو درم فراسیون زوفا ہر ایک ایک درم کوٹکر چھانکر شہد مین گھولین اور چاٹین فقط اور اگر ساتھ جوشاندہ حاشا یا پودینہ کوہی یا برنجاسف کے استعمال کرین خوب و بہتر عمل کرے۔

لعوق کرنب۔ سرفہ و بحۃ الصوت کو نافع ہی اور سینے کو اخلاط سے پاک کرے آب کرنب پختہ تین رطل ساتھ شہد دو رطل کے قوام کرین بعد اُسکے مغز چلغوزہ و مغز پنبہ دانہ باقلا مقشر ہر ایک دس۱۰ درم خوب کوٹکر مغز بادام سے پانچدرم مغز پستہ پندرہ درم خوب کوٹکر اُسمین ملاوین مقدار شربت پانچدرم۔

لعوق حب القطن۔ سینے کو اخلاط سے پاک کرے مغز بادام شیرین دس۱۰ درم مغز پنبہ دانہ دو درم باقلا مقشر پانچدرم کرسنہ فراسیون ہر ایک تین درم قند سفید ساٹھ درم

دیگر۔ کہ واسطے بحۃ الصوت و رطوبت حنجرہ کے نہایت نافع ہی مغز پنبہ دانہ مغز چلغوزہ ہر ایک بیس۲۰ درم حلبہ تخم کتان ہر ایک دس۱۰ درم ساتھ عسل یا دوشاب انگوری کے گھولین۔

لعوق ہریل۔ واسطے ضیق النفس و سرفہ رطوبی کے بیعدیل ہی ہریل تخم کتان بالسویہ ساتھ عسل کے تیار کرین

لعوق التین۔ واسطے ضیق النفس و سرفہ کہنہ و دلو کے بغایت نافع ہی انجیر زرد پچاس عدد جوش کرین جب گلجاوین پانی اُسکا ساتھ ایک رطل دوشاب انگوری کے قوام کرکے مغز چلغوزہ مغز پستہ مغز بادام تلخ ہر ایک پانچدرم مغز تخم انجرہ تخم رازیانہ کرسنہ حلبہ ہر ایک تین درم مغز پنبہ دانہ حب القلقل ہر ایک چار درم خوب پیسکر ساتھ دس۱۰ درم روغن بادام تلخ کے چرب کرکے لعوق بناوین۔

لعوق صنوبر۔ واسطے سرفہ کہنہ و ضیق النفس بحۃ الصوت و خفقان رطوبی و ربو کے نہایت مفید و بیعدیل ہی حلبہ کو پانی مین بھگو کر مقشر کرین بعد اسکے کوٹکر شیرہ اُسکا نکالین اور ساتھ دوشاب انگوری یا شہد کے جوش کرین تو گاڑھا ہوجاوے برابر حلبہ کے مغز چلغوزہ مقشر خوب کوٹکر ملاوین اور کئی جوش دیکر اُتار لیوین۔

لعوق سیر۔ سرفہ بلغمی کو نافع ہی اور مادے کو نضج دے اور سینے کو پاک کرے لہسن پاک کیا ہوا آدھا من آدھے من روغن گاؤ مین پکاوین کہ گلجاوے پس کوٹکر اور ملاکر ایک من عسل مصفے مین قوام کرین

لعوق غار لقیون۔ سینہ کو اخلاط سے پاک کرتا ہی رب السوس پرسیاوشان ہر ایک سات درم تخم بادیان فراسیون

زوفا یابس غاریقون ہرایک تیس درم میعہ سائلہ صمغ عربی ہرایک ایک درم مویز منقی بیس درم میعہ و صمغ کو پہلے میفختج مین حل کرین اور مویز کو خوب کوٹین اور ادویہ کو کوٹکر چھانکر اُسمین ملاوین بعد اسکے جملہ کو ساتھ شہد کے ملاوین مقدار شربت ایک مثقال ـ

لعوق بیرزد ـ سینے کو ریم سے پاک کرے رب السوس پانچدرم کتیرا بیرزد مغز بادام تلخ بادیان ہرایک تین درم بیرزد کو ساتھ روغن گاؤ و عسل کے پگھلاوین اور ادویہ کوٹکر چھانکر اُسمین ملاوین مقدار شربت تین درم ساتھ جوشاندے زوفا کے ـ

لعوق زنجبیل ـ بحۃ الصوت کو کہ بسبب اُسکا رطوبت شدید ہو نافع ہو زنجبیل سو درم تازے دودھ مین بھگوئین اور ہر دن دودھ بدلین یہانتک کہ زنجبیل نرم ہوجاوے پس اُسکو خوب کوٹین اور پچاس درم دارفلفل مانند غبار کے پیسکر بیس درم زعفران اور برابر ان تینون کے نشاستہ کوٹکر چھانکر ساتھ شہد کے یا قوام قند کے گھولین اور ہر صبح ایک کفچہ کھاوین ـ

حرف المیم

مطھنا بمیم وطاے مہملہ وحاے مہملہ و ثلثہ والف لعوق ہی کہ واسطے سرفہ بے نفث کے نافع ہی ترنجبین مغز بادام نشاستہ بہدانہ مویز منقے رب السوس لعوق بناوین ـ

مطبوخ خیارشنبر ـ واسطے سرفہ و خشونت سینہ و زکام کے نافع ہی اور شکم کو نرم کرے اور اگر اُسکو ساتھ اُس قرص کے کہ باب قاف مین گذرا ہی استعمال کرین سرفہ کو نفع کثیر دیوے چنانچہ وہان بھی اُسکی طرف اشارہ ہوا ہی عناب بیس دانے سپستان تیس دانے مویز منقے دس درم بنفشہ چار درم انجیر زرد دس عدد اصل السوس مقشر پرسیاوشان ہرایک پانچدرم اندر تین رطل پانی کے پکاوین یہانتک کہ ایک رطل رہجاوے پس ملکر صاف کرین اور لب خیارشنبر سات درم ترنجبین دس درم اُسمین حل کرکے صاف کرین اور بقدر حاجت کے استعمال کرین اور جسوقت زکام مین مستعمل ہو پرسیاوشان نکال ڈالین ـ

مطبوخ ـ واسطے تنقیہ سینہ کے اور تسکین سرفہ اور تصفیہ آواز کے اور قطع کرنے زکام کے نہایت نافع ہی ہر دن ساتھ مربی و بنفشہ کے تناول کرین عناب دس دانے سپستان بیس دانے انجیر زرد اصل السوس مقشر بہدانہ اسبغول بنفشہ ہرایک چار درم پرسیاوشان مویز منقے تخم خطمی ہرایک دس درم پانچ رطل پانی مین پکاوین یہانتک کہ ایک رطل رہجاوے اور ملکر صاف کرین اور تین اوقیہ اس سے پیین ـ

مطبوخ ـ کہ مادے سینے و ریہ کو نضج کرے عناب دس دانے سپستان بیس دانے مویز منقے بیس دانے اصل السوس تخم خربزہ نیمکوفتہ ہرایک پانچدرم پرسیاوشان پوست بیخ خطمی ہرایک تین درم تخم کتان چار درم نخود مقشر کوفتہ کشک جو ہرایک دس درم بطریق معمول پکاوین اور قدر چالیس درم کے ساتھ دس درم گلقند شکری کے دیوین ـ

مطبوخ ـ کہ سینے کو پاک کرے اور ریہ کو نفع دیوے مویز منقے تیس دانے عناب انجیر زرد ہرایک دس دانے سپستان چالیس دانے گاؤزبان چار درم گل بنفشہ گلقند فلوس خیارشنبر ہرایک دس درم رازیانہ تربد سفید ہرایک تین درم

غاریقون ایک درم بطریق معمول پکاوین اور غاریقون کو ساتھ شکر مقوم کے گھولکر اس مطبوخ مین حل کرین اور بقدر حاجت کے دیوین -

مطبوخ - کہ مسلول کو مفید ہے اور واسطے تلیین کے دیتے ہین اگر اُسکے بدن مین فضول ہون گل بنفشہ سات درم مویز منقے تیس درم عناب دس دانے سپستان تیس دانے دو من پانی مین پکاوین یہانتک کہ تہائی رہجاوے پس صاف کرکے ترنجبین تیس درم فلوس خیارشنبر سات درم حل کرکے صاف کرین اور پھر جوش کرین یہانتک کہ سو درم رہے اور بقدر حاجت کے پیین -

مطبوخ - کہ مسلول کو وقت حاجت کے اُس سے تلیین کرین مغز خیارشنبر پانچ درم بنفشہ دس درم مویز منقے بیس درم عناب دس دانے سپستان تیس دانے جملہ کو اندر چار رطل پانی کے پکاوین یہانتک کہ ایک رطل رہجاوے پس صاف کرکے قند سفید ایک رطل روغن بادام شیرین ثلث رطل ملاکر پکاوین یہانتک کہ قریب بستہ ہونے کے پہونچے پس بنفشہ ثلث رطل کوٹ کر چھانکر اُسمین ڈالین اور ہلاوین اور قدر قوت کے کھلاوین

مطبوخ زوفا - واسطے ربو وضیق النفس وسرفہ کے نافع ہے عناب سپستان ہر ایک بیس دانے مویز منقے انجیر زرد ہر ایک دس عدد اصل السوس چار درم پرسیاوشان تین درم تخم خطمی تخم خبازی زوفا یابس بیخ سوسن حلبہ ہر ایک دو درم اندر چار رطل پانی کے جوش کرین جب ایک رطل رہے صاف کرین اور ہر روز تین مثقال اُس سے ساتھ بنفشہ مربی کے یا لعوق خشخاش کے یا معجون قفی کے باضافہ روغن بادام کے پیین -

مغلی حلوہ - واسطے خشک کھانسی کے کہ ساتھ تھوڑی حرارت کے ہو نافع ہے عناب سپستان ہر ایک دس دانے تخم خطمی تخم خبازی گل بنفشہ ہر ایک تین درم تخم بادیان ایک درم گل نیلوفر تین عدد پرسیاوشان خرماء لطیفہ قریب تین درم کے اصل السوس ایک مثقال بطریق معلوم جوش کرکے قند سفید پندرہ درم حل کرکے دیوین -

معجون زراوند - کہ اُسکو معجون ربو بھی کہتے ہین واسطے ضیق وسرفہ بلغمی کے نافع ہے اور واسطے اخراج خلط غلیظ کے اور مدہ سینے کے عجیب الاثر وخلائق ہے زراوند مدحرج قردمانا دارفلفل کرسنہ تخم سپندان مغز بادام تلخ انجرہ ہر ایک پانچ درم رب السوس پرسیاوشان زوفا ہر ایک دو درم کوٹکر چھانکر ساتھ شہد کے معجون بناوین مقدار شربت تین مثقال ساتھ جوشاندے زوفا کے اور اسی نسخہ کو نجیب الدین سمرقندی نے اسطرح لکھا ہے رب السوس زوفا یابس پرسیاوشان ہر ایک دس درم ایرسا تخم انجرہ قردمانا زراوند مدحرج بادام تلخ ہر ایک پانچ درم عسل دو چند مقدار شربت ایک مثقال ساتھ طبیخ زوفا کے لیوین -

معجون السعال - واسطے سرفہ کے کہ بسبب اُسکا رطوبت ہو نافع ہے مغز حلغوزہ تین درم مغز پستہ پانچ درم مغز بادام مقشر بزرگ ہر ایک دس درم قند سفید تیس درم معجون بناوین مقدار شربت مقابل جوز کے

معجون قفی - سرفہ و درد سینہ و درد معدہ و جگر کو نافع ہے اور پیشاب جاری کرے اور آواز کو صاف کرے مویز منقے یا کشمش پچیس درم زعفران سنبل سلیخہ دارچینی دارشیشعان ہر ایک ایک درم قصب الذریرہ

کاکوپھل

تفاح اذخر علک البطم مقل ازرق ہر ایک اڑھائی درم مرصافی چار درم جو لائق حل کرنے کے ہیٔ مثلث مین حل کرین اور جو لائق کوٹنے کے ہین کوٹ کر ملاوین پھر جملہ کو ساتھ شہد مصفا کے معجون بناوین مقدار شربت ایک درم ساتھ شربت زوفا کے اندر درد سینہ و سرفہ کے اور ساتھ گرم پانی کے اندر درد جگر و معدے کے اور اس نسخے کو نجیب الدین سمرقندی نے اصلاح لکھا کہ مویز چوبیس درم زعفران سنبل سلیخہ دارچینی قصب الذریرہ تفاح اذخر علک الانباط ہر ایک دو دو درم نک دو درم و نصف مرصافی چار درم عسل بقدر حاجت۔

معجون۔کہ ریہ کو پاک کرے اصل السوس سات درم ایرسا تین درم ساتھ شہد کے بناوین۔

معجون۔کہ سرفۂ رطب کو نافع اور طبع کو نرم کرے اور ساتھ اسکے معدے کو قوت دے مویز منقے ایک رطل مصطگی کشنیز بیرہ درم تربد سفید خراشیدہ بیس درم قند مقوم پانچ استار مقدار شربت واسطے مداومت کے تین درم اور واسطے استفراغ کے دس درم یا بارہ درم۔

معجون برمکی۔واسطے ضیق النفس کے کہ سرفہ مین ہو نافع ہی اور ریاح بواسیر اور درد حلق کو مفید ہی اور مخرج حب القرع ہی تربد موصوف تین جزو ہلیلہ کابلی آملہ برنج مقشر ہر ایک ایک جزو قند سفید برابر جملہ کے مقدار شربت چار درم ساتھ پانی مویز کے۔

معجون قباد الملک۔واسطے سرفۂ کہنہ و درد سینے اور ضیق النفس کے نافع اور واسطے مفاصل و ورد تلی و حمیات کہنہ اور زخم امعا اور تاریکی چشم اور غلبۂ ریاح کے مفید ہی اور بعد چھ مہینے کے استعمال کرین خطیانا رومی اسطوخودوس فرومانا جاوشیر کمافیطوس تخم سداب فراسیون میعۂ سائلہ ہر ایک پانچ مثقال مرصافی زعفران قسط فلفل سفید اذخر سنبل فرفیون پوست بیخ تفاح اشق پودینہ رازیانہ وودعو ورق گل ناردین حب بلسان ہر ایک تین مثقال قرفہ آٹھ مثقال سلیخہ سولہ مثقال عصارۂ غافث تخم جند فوقی صمغ بادام ہر ایک چار درم افیون بزرالبنج سفید ہر ایک چھ مثقال قند سفید چار مثقال جو لائق حل کرنے کے ہین مثلث مین حل کرین اور جو قابل کوٹنے کے ہین کوٹ کر اُسمین ملاوین اور شہد مین معجون بناوین اور قانون مین مرقوم ہی کہ معجون قباد الملک قبل از چھ مہینے کے اگر استعمال کرین قتل کرتی ہی۔

معجون۔کہ نافع سعال کو ہی جو محتاج نفث خلط غلیظ کی یا مدہ کی یا خرخر سند کی ہو اور لین طبع بہت نرم ہو پرسیاوشان مغز تخم خربزہ ہر ایک دس درم مغز بادام جنطیانا زراوند ہر ایک پانچ درم ایرسا تین درم پوست بیخ کبر کرسنہ تخم کرفس بادیان ہر ایک دو درم ساتھ شہد صاف کے معجون بناوین۔

مربے کدو۔کہ سینہ و شش و مثانے کو نافع ہی کدو کو کہ تازہ چھیل کر مغز اُسکا باہر پھینکین اور ٹکڑے ٹکڑے کر کے پانی و شہد مین ڈالکر جوش کرین تو قوام مین آوے۔

مربے زردک۔واسطے صفائی آواز و تنقیہ ریہ و منع نوازل و سرفہ و تقویت باہ کے نافع ہی زردک کلان کو اندر سے خالی کر کے اوپر سے پوست اُسکا چھیل کر ریزہ ریزہ کرین اور پانی و شہد مین جوش کرین تو نرم ہو جاوے بعد اُسکے نکالکر شہد مین رکھکر ایک جوش دیکر اُتار لیوین

اور بعد چالیس دن کے کام مین لاوین اگر عود قرنفل دارچینی زنجبیل ہیل جوزبوا زرنباد کبابہ ہرایک نصف مثقال مقابلہ سو مثقال مربا مذکور کے اضافہ کرین واسطے تقویت معدے و جگر کے بھی مفید ہووے اگر تھوڑا مشک و زعفران بھی ملاوین مرغوب تر ہووے۔

مربے بنفشہ۔ یعنی خمیرۂ بنفشہ واسطے خشونت سینہ و حلق کے اور سرفہ گرم اور ترطیب دماغ و آلات نفس اور حمیات گرم اور حرقۃ البول اور نزلات کو نافع ہے اور طبع کو نرم کرے لیکن مرخی معدہ اور مسقط شہوت ہے بنفشہ تازہ اقماع سے پاک کیا ہوا ہموزن اُسکے شکر کوٹ کر کئی دن دھوپ مین رکھین اور ہر دن ہلاتے رہین اور اگر شکر کمی کرے تھوڑی اور اضافہ کرین اور اگر بنفشہ تازہ نہو بنفشہ خشک کو جوشاندے مین بنفشہ کے ایک رات دن تر کرین پس برابر اُسکے شکر ملا کر دھوپ مین رکھین مقدار شربت پانچ مثقال سے دس مثقال تک۔

مربے گل۔ یعنی گلقند ترکیب اُسکی مشہور ہے گلقند شکری تازہ کو اگر ہمیشہ تناول کرین یہانتک کہ ساتھ روٹی کے سل کو نفع کرے اور اگر نفس تنگی کرے خشکی سے ساتھ شربت زوفا و بنفشہ کے تدارک دین۔

مربے بادام۔ واسطے سرفہ و خشونت سینہ کے نافع ہے بادام تازہ پوست سے پاک کر کے ساتھ عسل کے کئی جوش دیکر رکھین اور بعد تین چار دن کے شہد تازہ ڈالکر جوش دیوین اور نگاہ رکھین۔

میفختج
تنج معرب می پختہ فارسی کا ہے عربی مین عقید العنب نام ہے اور وہ پانی انگور کا ہے کہ جوش کرتے مین زیادہ دو تہائی سے جلجاوے اور غلیظ ہو جاوے واسطے سینہ و ریہ کے نافع ہے اور محرک باہ و ملین طبع و موافق ابلہ و حصبہ ہے لیکن کثرت اُسکی اندر محرورون کے مولد صفرا ہے مصلح اُسکا آب میوہ ہاے سرد و تر ہے اور بحث مین باہ کے مفصل مذکور ہوگا۔

مروخ۔ کہ نفث کو آسان اور صدر کی تلیین کرے اور سرفۂ خشک و سل کو نفع کرے موم زرد دس درم روغن خیری تیس درم میعۂ پانچ درم پیہ بط نو درم پگھلا کر اوپر سینے کے ملین۔

مروخ دیگر۔ کہ سینے کو نرم اور اوپر نفث کے مدد کرے اور سرفہ و ضیق النفس کو مفید ہو سبب اُسکا یبوست ہو یا مادہ غلیظ چربی گردہ بکری کی موم زرد ہر ایک سات درم روغن بادام یا روغن تخم کدو یا روغن کنجد یا زیت موافق مزاج کے چالیس درم اور اگر تبرید مطلوب ہو روغن تخم کدو یا بادام اختیار کرین اور بعد تیار ہونے کے ساتھ شیرۂ خرفہ تر کے یا اور شیرۂ مبرد کے مخلوط کرین اور اوپر سینہ کے ملین یا اوپر پارچے کے لیکر سینہ پر رکھین۔

مروخ دیگر۔ واسطے التہاب سینہ و حمیات محرقہ و ذات الصدر و اورام ملتہبہ کے نافع ہے موم سفید پانچ مثقال روغن گل تیس مثقال پگھلاوین اور ساتھ آب خیار و آب کدو و آب برگ خرفہ کے کف مال کرین اور ملین اور اگر ترطیب زیادہ مطلوب ہو روغن بنفشہ عوض روغن گل کے ڈالین اور آب برگ بید و برگ خبازی کا

تسقیہ کرین اور اس سبب سے کہ یہ مائل بہ سبزی ہی قیروطی
اخضر اسکو کہتے ہین۔

باب گیارھوان بیان مین ادویۂ دل کے

جاننا چاہیے کہ دل عضو رئیس مطلق ہی اور اشرف جمیع
اعضا سے ہی اسکے علاج مین سستی نچاہیے کرنا بلکہ سب سے
جلد تر سبقت اسکے کام مین کرین و تنقیح کرین کہ مرض اُسکا
اصلی ہی یا شرکی اور موافق اسکے علاج کرین چنانچہ اس
احقر نے طب اکبر مین مشروحاً لکھا ہی۔

حرف الالف مع الباء

اقوشدارو۔ تقویت مین دل کے مجرب ہی خصوصاً
لولوی اور ادویہ مین سر کے مذکور ہی۔
بخور۔ مقوی دل دافع غشی اور پاشویہ کہ جذب بخار
مین دل کے نفع تمام رکھتا ہی اور جلنبین گاؤزبانی کیواسطے
تقویت دل کے نافع ہی یہ بھی ادویہ مین سر کے مذکور ہی۔

حرف الجیم

جلنجبین گل بہ۔ کہ دل کو بھی مفید ہی ادویہ مین معدہ
کے مذکور ہوگا۔
جوارش عود و عنبر و مشک۔ کہ واسطے خفقان
دل کے نفع کرتے ہین ادویہ مین سدہ کے آوینگے۔
جوارش۔ کہ رطوبت دل کو نافع ہی بسدہ کہربا مروارید

فرنجمشک پوست آملہ پوست اترج ہر ایک چھ درم ابریشم
خام بادرنجبویہ گاؤزبان ہر ایک دس درم کشنیز خشک
بادرنج ہر ایک دو درم مصطگی سندورس ہر ایک تین درم
بہمن سرخ بہمن سفید ہر ایک پانچ درم مشک عنبر ہر ایک
ایک درم عسل اسقدر کہ ادویہ اُسمین معجون ہون۔

حرف الدال

دوا۔ کہ ورم کو دونون گوشہ دل کے نافع ہی اور یہ
ورم سرد ہوتا ہی اسلیے کہ اگر گرم ہو فی الفور قتل کرتا ہی بابونہ
اکلیل الملک پرسیاوشان سبوس گندم جوش کر کے
اوپر سینے و فم معدے کے گراوین۔
ایضاً۔ بابونہ اکلیل الملک و تمام و تخم کتان و برگ خطمی
و برگ کرنب و زعفران ضماد کرین واسطے تحلیل مادے
کے اور واسطے تقویت دل کے کوشش کرین ادویۂ و اغذیۂ
اور نشانی اس بیماری کی یہ ہی کہ درمیان سینے کے کہ جگہ
قاعدۂ دل کی ہی ثقل محسوس ہوتا ہی اور اکثر حالت مانند
غشی کے پیدا ہوتی ہی اور منھ نہایت زرد ہوتا ہی اور
تہبج اوپر آنکھ کے ظاہر ہوتا ہی اور دل منبسط نہین ہوتا ہی
اندر حرکت انبساطی کے جیسا چاہیے۔
دوا۔ کہ ضغط القلب کو نفع کرے جو سبب اس بیماری
کا سوداوی قلیل ہی کہ جگر سے اوپر دل کے گرتا ہی تنقیہ
سودا کا ساتھ معجون نجاح کے اور مانند اسکے کرین اور
اندر اصلاح جگر کے اور تقویت دل کے مبالغہ کرین اور نشانی
اس بیماری کی یہ ہی کہ مریض اپنے دلکو پاتا ہی کہ کوئی اسکو نچوڑتا
اور دباتا ہی پس غشی پیدا ہوتی ہی اور بہت لعاب منھ

سے نکلتا ہی -

دواء - کہ تقشعر کو فائدہ کرے اغذیۂ لطیفہ اور جند الکیموس تناول کرین اور اصلاح خون کی کرین اور اگر غلبۂ صفرا کا ہو تنقیہ اُسکا کرین اور اگر نزلہ باعث اس بیماری کا ہو تدبیر نزلے کی کرین اور نشانی اس بیماری کی یہ ہی کہ مریض ایسا معلوم کرے کہ کوئی دل اُسکا چھیلتا ہی اور شدت تکلیف سے بیہوش ہو جاتا ہی پھر فوراً ہوش مین آتا ہی بسبب ضعیف ہونے قلب کے -

دواء - کہ قذف القلب کو نافع ہی جو سبب اس بیماری کا خون ہوتا ہی یا صفرا تنقیہ ساتھ فصد و اسہال کے واجب ہی اور واسطے تعدیل مزاج کے ادویہ و اغذیے مصلحہ ہمیشہ کھانا اور نشانی اس بیماری کی یہ ہی کہ دل شدت اور کثرت طپش سے ایسا معلوم ہو کہ دل سینے سے نکلا پڑتا ہی اور موافق رنگ مادے موجب کے تغیر رنگ کا منھ پر ظاہر ہوگا -

دواء - کہ احتواء الرطوبۃ علی القلب کو نفع کرے اور وہ یہ ہی کہ مریض معلوم کرے کہ دل اُسکا گویا پانی مین ڈوبا ہی اور ساتھ اسکے حرکت اختلاجی کرے تدبیر اسکی یہ ہی کہ ایارجات کبار دیوین اور ریاضت کرین اور گل سرخ سنبل زعفران ساتھ آب بادرنجبویہ کے ملا کر ضماد کرین اور مریض کو غصے مین لاوین کہ واسطے تسخین و تحلیل رطوبات دل کے غصہ سب چیزون سے موثر زیادہ ہی اگر جفاف اندر رطوبات کے حاصل ہوا ہو قیروطیات اوپر سینے کے ملین -

دواء - کہ جذب القلب کو نافع ہی اور جو یہ بیماری حرارت مادے سے ممکن الوقوع ہی موافق مادے کے استفراغ کرنا چاہیے اسلیے کہ کشیدگی اور تمدد واقع ہو -

فائدہ - سوء مزاج کہ دل مین پیدا ہوتا ہی کبھی وقت افراط کے اور نام اُسکا ہوتا ہی مانند خفقان و غشی وغیرہ کے تدبیر اُنکی ذیل ادویۂ مرکبہ مین مرقوم ہوتی ہی -

دواء - کہ تڑپنے دل کو یعنی حق کو نافع ہی اور جمیع بیماریون دلکو مانند غشی کے نفع کرتی ہی اور مالیخولیا و سیلان عرق کو اہل ہند اُسکو سیت باد کہتے ہین سود مند ہی صندل سفید دار فلفل ریوند چینی خطائی دار ہلد تگر رکھ بھگ اسگند ہلیلہ بلیلہ آملہ سمر نک ملتھی لسوڑت بیج اندرائن الطبید الائچی خرد کانکونی چھر کانکونی کنکول دارچینی بابرنگ مدماکھ عناب ناگکیسر جیوک ریوداد امید مہامید پترج مغز المتاس مویز جاجفل مجیٹھ بدہارا چترک پھالسہ دہنیا چھارہ بارہ پھکر مول زیرہ سفید موتھ تالیس پتر برنیک نتر مالا کھیر سار یعنی مغز چوب کھیر تخم گنج بداری جوالنسا جملہ برابر کوٹ کر چھانکر اندر شیرۂ بالنسہ شیرۂ بسبج کے تین بار تصفیہ کرین پھر جب خشک ہو برابر سب کے نبات ملا کر شہد مین تیار کرین پہلے دن دو ماشے دیوین اور ہر دن آدھا ماشہ بڑھایا کرین یہانتک کہ دس ماشہ کو پہونچے اور منجرات سے پرہیز کرین -

دواء - کہ خفقان گرم کو مجرب ہی گاؤزبان سات درم کہربا بسد مروارید ناسفتہ ابریشم خام شب یمانی بریان ہر ایک تین درم گل ارمنی کشنیز خشک بریان ہر ایک پانچ درم فرنجمشک سعد طباشیر ہر ایک دو درم کافور نصف درم کوٹ کر چھان کر ہر صبح دو درم یا دو ونچان ساتھ شربت معوم قند سفید کے کھاوین -

دواء المسک حلو - اُسکو دواء المسک حار بھی کہتے ہین ضعف

ضعف دل و معدہ و خفقان و صرع ولقوہ و ضیق النفس کو نافع ہی اور تپ ربع و امراض سوداوی کو فائدہ کرے اور ریاح غورت آملہ کو دفع کرے اور رنگ اچھا کرے مروارید ناسفتہ کہربا بسد ابریشم مقرض زرنباد ورونج عقربی ہرایک ایک درم بہمن سرخ بہمن سفید سنبل الطیب قاقلہ قرنفل سافج ہندی اشنہ ہرایک ایک درم جندبیدستر مشک دارفلفل زنجبیل ہرایک نیم درم اور نزدیک بعضے کے جند ایک درم و مشک ایک درم شہد آتش نادیدہ دو چند یا سہ چند بطریق مشہور کے تیار کرین مقدار شربت ایک مثقال تک ہی بعد چالیس دن کے استعمال کرین اور بعض لوگون نے بعد چھ مہینے کے رکھا ہی اور جانین کہ اوزان مین اس دوا کے کتابون مین بہت تفاوت ہی جو معتمد علیہ تھا لکھا گیا اور نسخہ سمرقندی کا کہ وہ بھی معتبر ہی یون ہی ہی زرنباد ورونج مروارید کہربا بسد ہرایک دس درم ابریشم خام بہمن سافج سنبل قاقلہ قرنفل ہرایک پانچ درم اشنہ دارفلفل زنجبیل ہرایک چار درم مشک دو درم شہد خام مین تیار کرین۔

دواء المسک حر۔ کہ واسطے خفقان بارد و اورام حلق و رطوبت معدہ و ریح اعضا و صرع صبیان کو نافع ہی افسنتین رومی صبر سقوطری ہرایک آٹھ درم ریوند چینی چھ درم نانخواہ زعفران تخم کرفس ہرایک چار درم سنبل مشک سافج ہندی مرصافی ہرایک دو درم جندبیدستر ڈیڑھ درم شہد خام سہ چند مقدار شربت ایک مثقال واسطے قوی لوگون کے۔

دواء المسک تلخ نوع دیگر۔ واسطے غشی و خفقان و دہشت و وہم کے اور برد معدے و سوء ہضم کے ہی مصطگی عود خام پوست ترنج دارچینی قرنفل سنبل سک کبابہ قاقلہ خیربوا سعد اذخر تخم بادروج تخم فرنجمشک تخم بادرنجبویہ تخم تمام تخم مرزنجوش مروارید ناسفتہ بسد کہربا ابریشم خام بہمن سرخ و سفید ہرایک دس درم مشک خالص پانچ درم ساتھ شیرۂ ہلیلہ مربے کے تیار کرین۔

دواء المسک بارد۔ واسطے خفقان غشی حار و تقویت دل و دماغ و جگر گرم کے اور واسطے ناقہون کے نفع تمام رکھتی ہی غنچہ گل سرخ طباشیر کشنیز خشک ابریشم مقرض گل گاؤزبان مروارید ناسفتہ کہربا زرشک بہدانہ بسد تخم خرفہ صندل سفید ہرایک پانچ درم فوفل گل ارمنی شستہ ہرایک تین درم عنبر اشہب نشاستہ ورق نقرہ ہرایک دو درم ورق طلا مشک خالص ہرایک ایک درم قند سفید دو چند آب سیب انارین ہرایک نوے درم عرق بیدمشک گلاب ہرایک پچاس درم قوام کر کے تیار کرین اور اگر یاقوت دو درم اضافہ کرین نہایت موثر ہووے اور اگر حرارت غالب ہو مشک نکالڈالین اور عنبر پر قناعت کرین اور اس صورت مین دواء العنبر نام ہوگا۔

دواء المسک عنبری بارد۔ واسطے تقویت دل گرم کے اور ازالۂ جمیع امراض حارہ دل کے نافع ہی مروارید ناسفتہ گل گاؤزبان ابریشم طباشیر گل سرخ ہرایک تین درم بسد کہربا ہرایک ایک درم یاقوت تخم کاہو ہرایک ڈیڑھ درم کشنیز خشک صندل سفید زرشک بہدانہ تخم خرفہ تخم کاسنی ہرایک دو درم ورق

طلاو نقرہ ہر ایک ایک مثقال عنبر اشہب مشک ہر ایک ایک درم و ثلث قند سفید دو چند عرق بید مشک و گلاب و عرق بید و عرق نیلوفر برابر بجائے آب کے کہ قند انہیں ڈالکر قوام کریں۔

دواء المسک بارد مختصر۔ کہربا طباشیر گل سرخ گل گاؤزبان تخم خرفہ ہر ایک پانچ درم کتیرا بسد مروارید صندل سفید ابریشم مقرض ہر ایک تین درم مشک ایک درم آملہ مقشر سات درم دارچینی ایک درم زعفران نیم درم قند دو چند مقدار شربت دو درم تک۔

دواء المسک معتدل۔ مروارید ناسفتہ کہربا مرجان درونج ابریشم مقرض زرنباد بہمن ہر ایک دو درم قرنفل سنبل الطیب بال بواسافج ہندی دارچینی زعفران مصطگی طباشیر سفید صندلین ہر ایک نیم درم عنبر اشہب ایک درم مشک نیم درم شیرۂ نبات و عسل میں ملائیں۔

حرف السین

سفوف طباشیر۔ دل گرم کو فائدہ کرے گل سرخ طباشیر ہر ایک درم کشنیز خشک دو درم کہربا بسد جو مروارید ہر ایک نصف درم کافور ایک دانگ مقدار شربت دو درم ساتھ سکنجبین سفرجلی کے کھاویں۔

سفوف۔ کہ خفقان گرم کو نفع کرے گل گاؤزبان نہایت ہر ایک آٹھ درم گل ارمنی چار درم کوٹکر چھانکر تیار کریں مقدار شربت پانچ درم تک ہے۔

دیگر۔ واسطے خفقان بہت گرم کے گل ارمنی کشنیز خشک ہر ایک چار درم طباشیر کہربا ہر ایک دو درم کافور دو دانگ مقدار شربت تین درم ساتھ دوغ گاؤ کے۔

دیگر۔ واسطے غشی و توحش کے جو بدون تپ کے ہو کہربا مروارید طباشیر گل سرخ ہر ایک تین درم بسد چار درم فرنجمشک گاؤزبان ہر ایک چھ درم بادرنجبویہ پانچ درم کشنیز بریان دو درم قرنفل ایک درم مقدار شربت ایک مثقال ساتھ بیہ کے۔

دیگر۔ واسطے خفقان سرد کے نعناع کہربا شب یمانی بریان ہر ایک تین درم زراوند گرد زرنباد درونج ہر ایک آدھا درم مروارید ایک درم قند سفید بیس درم مقدار شربت تین درم ساتھ جوشاندے افتیمون کے یا عرق گاؤزبان کے اور مانند انکے۔

سفوف مروارید۔ کہ واسطے ضعف دل و خفقان و سوء مزاج حار کے دل پر غالب ہو نافع ہے اور ازالۂ توحش کا کرتا ہے اور معدۂ دل و جگر و جمیع اعضاء باطنی کو قوت دیتا ہے اور وہ سفوف مروارید کہ ادویہ سرد میں مرقوم ہوا ہے قریب اس نسخے کے ہے پوست ہلیلۂ کابلی ہلیلہ سیاہ گاؤزبان ہر ایک دس درم بہمن سرخ بہمن سفید درونج عراقی تخم ریحان تخم بادرنجبویہ مصطگی زرورد ہر ایک پانچ درم حجر ارمنی مغسول حجر لاجورد مغسول عقیق سرخ سوختہ کزبرۂ شامی مروارید ناسفتہ ابریشم سوختہ اسطوخودوس عود ہندی ہر ایک تین درم ورق طلا ورق نقرہ ہر ایک ایک مثقال قند سفید برابر سب کے مقدار شربت ایک مثقال ساتھ عرق

گاؤزبان یا شربت حماض کے۔

حرف الشین

شراب صندل - دل کو قوت دیوے اور خفقان گرم وضعف دل کو نافع ہی اور واسطے تقویت جگر معدے کے اور رفع کرنے اسہال کے مفید ہی صندل سفید خوشبو آٹھ مثقال سوہان کیا ہوا یا خوب نیمکوب کیا ہوا اندر ایک رطل گلاب کے تر کرین دو رات دن بعد اُسکے گلاب مذکور کو صاف کرکے رکھین اور صندل مذکور کو اندر پانی خالص شیرین کے جوش کرین تو قوت صندل کی کماحقہ نکل آوے اور پانی بقدر مناسب رہجاوے پس اُس پانی کو صاف کرکے ساتھ گلاب مذکور کے ملاوین اور قند سفید دو رطل یا کم موافق ذائقہ کے حل کرکے قوام کرین۔

فائدہ - بہترین صندل سفید مین وہ ہی کہ مائل بزردی اور چکنا معلوم ہو۔

شراب صندلین - کہ باوجود منافع مذکورہ کے قبض مین اسہال کے خصوصاً اگر اسہال دموی ہو نفع کثیر رکھتا ہی صندل سفید موصوف صندل سرخ مشرق اللون ہر ایک دس مثقال سوہان کیا ہوا یا خوب جوکوب کیا ہوا ایک رطل گلاب مین دو رات دن تر کرین بعد اُسکے بدستور مرقوم صندلین کو پانی مین جوش کرین اور پانی اُنکا ساتھ گلاب صاف کے ملاکر ساتھ دو رطل قند کے قوام کرین اور قریب تمام ہونے قوام کے وہ پانی کہ ایک اوقیہ انار دانہ ترش اُسمین تر کیے ہون صاف کرکے اضافہ کرین اور تیار کرکے نگاہ رکھین۔

شراب صندل ترش - مسمی بہ شراب صندل مبردکہ تسکین مین سوزش دل ومعدے وجگر کے نافع ہی اور واسطے خفقان وغشی وتپ محرقہ وتپ دق کے مفید ہی صندل سفید موصوف بیس درم سوہان کیا ہوا تھیلی مین رکھکر اندر آدھے رطل سرکہ اور آدھے رطل گلاب کے تر کرین ایک رات دن پس تین رطل آب شیرین مضاعف کرکے جوش کرین یہانتک کہ چہارم حصہ یعنی ایک رطل رہے صاف کرکے آب انار میخوش آب تمرہندی ہر ایک آدھا رطل ملاوین اور ساتھ تین رطل قند سفید کے اوپر آگ کے قوام کرین اور ہلاتے رہین یہانتک کہ سرد ہو پس طباشیر وصندل سفید کوٹ کر چھان کر ہر ایک دو درم کافور ریاحی آدھا مثقال زیادہ کرین اور اگر تھوڑی زعفران بھی ڈالین بہتر ہی تو پہونچانے والی اثر کافور کی دل تک ہو مقدار شربت دس درم ساتھ شیرۂ تخم خیارین وخرفہ کے اور جسوقت قطع اسہال وقطع خون بھی مطلوب ہو آب تمرہندی آب انار نکال ڈالین اور صندل سرخ ساتھ صندل سفید کے بالمناصفہ ملاوین اور احسن یہ ہی کہ عوض سرکے کے آب زرشک آب انار دانہ ڈالین اور ساتھ شیرۂ خرفہ وبریان کے کھاوین۔

شراب - کہ تشنگی وحرارت دلکی موقوف کرے اور خفقان گرم کو بہت نفع دیوے آب انار ترش آب ترنج ترش آب غورہ آب آلوے ترش آب تمرہندی

جملہ مساوی لیکر برابر اُنکے قند سفید ملا کر قوام کرین اور ساتھ شیرہ ہاے مناسبہ کے دیوین ۔

شراب گاؤزبان انگوری ۔ واسطے تقویت دل کے نافع ترین اشربہ ہی اور امراض دل کو جو بشرکت معدے کے ہون یا بدون اسکے نفع کثیر کرتا ہی اور مقوی جمیع اعضا کا ہی اور اختلاف اجزا کا اس نسخے مین بنظر تقبض طبع و لین طبع و نظر بسرفہ کے کہ سرفہ ہی یا نہین اور حرارت کس درجے کی ہو مرقوم ہوا اور یہ نسخہ مخترعات مؤلف سے ہی گل گاؤزبان ہر ایک دس درم گل سرخ صندل سفید ہر ایک پانچ درم گلاب ایک رطل بید مشک نیم رطل آب دو رطل ادویہ کو اندر پانی اور عرقون کے ایک رات دن تر کر کے جوش کرین یہانتک کہ تہائی رہجاوے پس صاف کر کے آب مروق کاسنی آدھا رطل و آب انار آدھا رطل ملا کر ساتھ دو رطل قند سفید کے قوام کرین بعد اُسکے عنبر اشہب ایک رطل مروارید ناسفتہ یاقوت بسد کہربا طباشیر ہر ایک ڈیڑھ درم ورق طلا و نقرہ ہر ایک آدھا رطل مخلوط کرین اور جس جگہ حرارت مزاج مین قوی ہو کافور ریاحی ایک درم زعفران آدھا درم اضافہ کرین اور ساتھ عرق نیلوفر کے کھلاوین اور اگر کھانسی ہو تو آب ترنج یا آب تمر ہندی یا آب زرشک یا آب لیمو بقدر حاجت کے وقت قوام کے ممزوج کرین اور رعایت قبض و نرمی شکم کی ان خصوصات مین کرین اور جس وقت تلئین زیادہ مطلوب ہو ترنجبین صافی بجاے قند کے ڈالین اور تصرفات دیگر اوپر راے حذاقت پیراے طبیب کے ہی جو اصلح جانے عمل مین لاوے اور دو نسخے دیگر شربت گاؤزبان کے کہ دل کو بھی نافع ہین ادویۂ سر مین گذرے اور ایک نسخہ جلیل القدر ادویہ مین معدے کے آئیگا ۔

شراب بادرنجبویہ ۔ کہ دل کو قوت دیوے اور توحش سوداوی کو دور کرے تخم بادرنجبویہ تخم کاسنی و تخم کشنیز ہر ایک بیس درم گاؤزبان تیس درم برگ بادرنجبویہ پندرہ درم اصل السوس دس درم تخم بادیان بسفائج ہر ایک سات درم گلاب چھ حصے جملہ دوا کا آب سیب شیرین دو چند سب دوا کا ادویہ کو گلاب و آب سیب مین تر کر کے جوش کرین تو تیسرا حصہ رہجاوے اور صاف کرین اور قند سفید بقدر حاجت ملاوین اور قوام کرین اور اگر ان ادویہ کی سکنجبین بناوین روا ہی اور نسخہ دیگر سہل الوجود اشربہ مین سر کے گذرا ہی ۔

شراب ۔ کہ واسطے قوت دل و جگر و معدے کے نافع ہی اور واسطے تعدیل مزاج دل کے مفید ہی عصارۂ گاؤزبان عصارۂ تخم کاسنی ہر ایک آدھا رطل عصارۂ سیب دو رطل گلاب چھ رطل قند سفید ڈیڑھ رطل مطبوخ کرین بتدریج یہانتک کہ قوام مین آئے ۔

شراب ۔ کہ واسطے تقویت دل کے بینظیر ہی اور ساتھ ادنی تصرف کے مناسب سب مزاجون کو ہوتا ہی عصارۂ بادرنجبویہ ایک حصہ عصارۂ گاؤزبان برابر اُسکے اگر مزاج معتدل ہو اور جس جگہ حرارت غالب ہو عصارۂ گاؤزبان دو حصے کرین اور اگر برودت زائد ہو عصارۂ بادرنجبویہ مضاعف کرین اور

جسطرح ہو برابر اُن دونون کے گلاب ملاکر ساتھ شربت سیب کے قوام کرین اور اگر بادرنجبویہ وگاؤزبان تر و تازہ نہ ملین خشک کو گلاب مین جوش کرین کہ قوت اُنکی گلاب مین آجائے بعد اُسکے شربت بنائین۔

شراب نارنج ۔ واسطے تقویت دل و معدے کے نافع ہو قند سفید جسقدر کہ چاہین لیوین اور بجائے پانی کے عرق گاؤزبان ڈالکر جوش کرین اور کف نکالین اور قوام مین گاڑھا کرین پس پانی ترشادہ و ترنج کا چار اوقیہ ایک رطل قند کے اندر گلاب کے حل کر کے ملائین اور کام مین لائین۔

شراب مفرح معتدل ۔ کہ درد دل کو نفع کرے اور اجزون سوداوی کو اصلاح دے ابریشم خام زرد براق تسکل خارزمی گاؤزبان ہر ایک ایک اوقیہ زرورد صندل مقاصری بہمن درونج عقربی عراقی تخم ریحان تخم بادرنجبویہ ہر ایک تین درم عود ہندی ایک مثقال کزبرہ شامی چار درم جو کوٹنے کے لائق ہو جوکوب کر کے بیچ چار رطل پانی کے ایک رات دن تر کرین اور نرم آگ پر جوش کرین جہانتک کہ آدھا رہے پس ملاکر صاف کرین اور قند سفید دو رطل ملاکر قوام کرین اور اخیر جوش مین رب سیب و رب بہی و رب حماض ہر ایک آدھا رطل و آب گاؤزبان دو اوقیہ اضافہ کر کے قوام کو تمام کرین اور بیچ باسن شیشے کے یا چینی کے کہ باطن اُسکا ایک قیراط مشک سے جو ساتھ تین درم گلاب کے حل کیا ہو ممسوح کیا ہو رکھین اور کبھی واسطے تقویت عمل کے ورق طلا و نقرہ ہر ایک دس عدد لاجورد حجر ارمنی مغسولین مروارید ناسفتہ ہر ایک ایک مثقال زعفران نصف مثقال زیادہ کرتے ہین۔

شراب ترنج ۔ واسطے خفقان گرم و امراض حارۂ دل کے نہایت مجرب ہو ترنج کو ٹکر پانی سے دھودین تو اثر ترشی کا اُسمین باقی نہ رہے پس بمقابلہ ہر ایک عدد ترنج کے پچیس مثقال قند اضافہ کر کے قوام کرین۔

شراب برگ ترنج ۔ نسخہ قدما کا واسطے ضعف دل و خفقان و ضعف معدے کے نہایت نافع ہو برگ ترنج کہ پارس مین برگ درخت بالنگ ہو پچاس عدد اندر شراب کہنہ صاف جمہوری کے بقدر چھ قسط کے کہ ہر قسط بوزن ڈیڑھ سو مثقال کے ہوتا ہو سات دن بھگو مین بعد اُسکے صاف کر کے ساتھ ڈیڑھ سو مثقال شہد کف گرفتہ کے قوام کرین اور بعض لوگ پوست ترنج سے بشرح مسطور بناتے ہین اور بعض لوگ ایک رطل پوست ترنج کو اندر اڑھائی سو مثقال پانی کے بھگو کر جوش کرتے ہین یہانتک کہ تہائی رہجاوے بعد اُسکے صاف کر کے ساتھ ایک رطل شہد کے قوام کرتے ہین۔

شراب ابریشم ۔ کہ دل و معدے و جگر کو قوت دیکر و خفقان و غشی و توحش اکو زائل کرے اور نشاط و سرور خوب لاتا ہو اور شکم کو بند کرتا ہو ابریشم خام پچاس درم ایک رات دن اندر اُس پانی کے کہ طلا و نقرہ ٹکر گرم کر کے اُسمین سرد کیا ہو جوش کر کے صاف کرین بعد اُسکے گاؤزبان فرنجمشک گل سرخ سنبل اشنہ ہر ایک دو درم گلاب مین جوش و صاف کر کے اضافہ کرین اور نبات سفید بقدر حاجت کے ملاکر قوام کرین اور مروارید

ناسفتہ وکہربا ویشب ہرایک دو درم گلاب مین پیسکر صندل سفید تین درم عنبر اشہب ایک درم مشک ایک دانگ باریک پیسکر ملائین مقدار شربت دو مثقال ساتھ عرق بید مشک وگاؤزبان وگلاب کے اور اگر حرارت مزاج مین غالب ہو فرنجمشک واشنہ وسنبل نکالڈالین۔

نوعدیگر۔ کہ منافع مسطور مین قوی تر پہلے سے ہی ابریشم سو مثقال طباشیر مروارید ہرایک تین مثقال کہربا بسد گل سرخ صندل سفید ہرایک دو مثقال عنبر اشہب دو درم مشک ایک درم رب سیب رب بہی ہرایک پچاس درم قند سفید ساٹھ درم عرق گاؤزبان اسی مثقال گلاب وبید مشک بقدر حاجت کے بنائین جیسا کہ گذرا۔

نوعدیگر۔ کہ واسطے تقویت دل واعضاے رئیسہ کے اور معدے کے اور واسطے اقسام مالیخولیا وتوحش وہموم کے نہایت موثر ہی اور اکثر امزجہ کو موافق ہی اور اندر ازالۂ خفقان ومواد سوداویہ کے مفید ابریشم حریر تین سو مثقال کو تین دن اندر عرق گاؤزبان وعرق بید مشک وعرق شاہترہ وگلاب کے کہ ہرایک چھ سو مثقال ہو اور آب سیب شیرین آب امرود شیرین آب انار شیرین آب بہی شیرین کہ ہرایک دو سو مثقال ہو تر کرکے جوش کرین اور وقت جوش کرنے کے مصطگی سنبل جدوار بسباسہ زعفران ہرایک ایک مثقال ہیل قرنفل عود سانج ہرایک ایک مثقال ونصف دارچینی تین مثقال سب کو کوٹ کر اندر کپڑے کے باندھکر اُسمین ڈالین جب پانی ربع رہجاوے ابریشم وادویہ کو نچوڑکر آب صاف لیکر ساتھ چھ سو مثقال قند سفید اور بیس مثقال شہد کے قوام کرین اور عنبر اشہب ورق طلا ہرایک ایک مثقال ورق نقرہ تین مثقال مشک آدھا مثقال اُسمین حل کرین اور اگر قوی زیادہ چاہین مصطگی زعفران درونج ہمنین قرنفل عود ہیل صندل زرد ہرایک آدھا مثقال کوٹ کر چھان کر اضافہ کرین اور بعض لوگ قند ایک ہزار دو سو مثقال اور شہد تین سو مثقال ڈالتے ہین اور زعفران کو جوش نہین کرتے بلکہ بعد قوام کے اُسمین ملاتے ہین اور یہی انسب ہی اسلیے کہ زعفران جوش کرنے سے ضعیف الاثر ہوجاتی ہی اور جانین کہ اکثر اشربہ کہ نافع دل ہین اندر ادویۂ سر کے کہے گئے اور بھی ادویہ مین معدے وجگر وحمیات کے کہی جاوینگی انشاءاللہ تعالےٰ۔

ف زعفران جوش کرنے سے ضعیف الاثر ہوجاتی ہی ۱۲

حرف الضاد

ضماد۔ کہ گرمی دل کو نافع ہی صندل کو گلاب مین گھسین اور قدرے کافور ملاکر ضماد کرین اوپر سینے ودل کے۔

ضماد۔ کہ سوء مزاج سرد دل کو نافع ہی سعد دارچینی قرنفل گل سرخ کوٹکر چھانکر ساتھ پانی مرزنجوش وآب شاہسفرم وآب بادرنجبویہ کے گھولکر سینے پر ضماد کرین

ضماد۔ کہ سوء مزاج خشک دل کو نفع دے موم سفید روغن بنفشہ وروغن کدو مین پگھلاوین اور اندر آب کشنیز تر وآب کاہو کے کف مال کرکے اوپر سینے کے رکھین اور یہ ضماد مسمیٰ بہ قیروطی اخضر ہی۔

ضماد - کہ خفقان سرد کو دور کرے قسط سنبل سعد عود ارچینی سک کو ٹکر چھانکر ساتھ پانی مورد اور ساتھ شراب ریحانی کے گھولکر دل و سینے پر ضماد کرین -

حرف القاف

قرص مروارید - دل و دماغ کو قوت دے اور خفقان گرم اور یرقان کو نافع آوے گل سرخ دو درم طباشیر مروارید ناسفتہ بسد صندل سفید ہر ایک ایک درم مغز تخم خیارین مغز تخم کدو ہر ایک پانچ درم تخم خرفہ تین درم زعفران آدھا درم کو ٹکر چھانکر ساتھ لعاب اسبغول کے ملاکر قرص بنائین مقدار شربت ایک مثقال ساتھ سکنجبین کے

قرص مشک - دل و معدے و جگر کے بارد کو قوت ہووے اور خفقان و غشی اور اوجاع معدے کو جو بسبب برودت کے ہو فائدہ کرے مصطگی قرنفل دارچینی عود سنبل سک جوز بوا کبابہ ہیل پوست ترنج قاقلہ ہر ایک ایک مثقال مشک ایک دانگ کو ٹکر چھان کر ساتھ شراب ریحانی کے قرص بناوین مقدار شربت ایک مثقال اور بعض لوگون نے ایک دانگ عنبر زیادہ کیا ہی اس صورت مین قوی تر ہوتا ہی -

قرص کافور - واسطے خفقان گرم کے نافع ہی اور تپ کو سفید طباشیر مغز تخم خیارین تخم کاسنی تخم کاہو تخم خرفہ گل سرخ صندل سفید جملہ مساوی الوزن کافور تھوڑا سا اور بہتر یہ ہی کہ اگر ادویہ مین ہر ایک ایک مثقال ہو کافور ایک طسوج ہو کوٹ کر چھان کر ساتھ آب سیب کے قرص بناوین اور ہر دن دو مثقال ساتھ آب سیب کے کھلاوین اور چوزہ مرغ کا ساتھ ترشیون سے غذا کرین اور سکنجبین تنکری دیتے رہین -

قرص کافور - واسطے خفقان و تپ دق و محرقہ و عطش کے نافع ہی گل سرخ چھ درم طباشیر صمغ عربی کتیرا ہر ایک چار درم مغز تخم کدو مغز تخم خیارین تخم خرفہ اصل السوس ہر ایک آٹھ درم نشاستہ تین درم زعفران ایک درم کافور نصف درم ساتھ لعاب اسبغول کے قرص بنادین اور ایک درم ساتھ آب انار میخوش کے استعمال کرین اور باقی قرص کافور اندر ادویہ حمیات کے مذکور ہونگے -

حرف المیم

معجون قیصر - خفقان بارد کو نافع ہی و معجون مفرح واسطے تقویت دل کے مفید ہی اور یہ دونون اور اکثر مفرحات مقویہ دل کے اندر ادویہ سر کے کئے گئے بقیہ یہان مذکور ہوتے ہین -

مفرح معتدل - دلکو قوت دیتا ہی اور خفقان کو نافع ہی اور نشاط لاتا ہی اور رنگ کو اچھا کرتا ہی او تشنگی کو موقوف کرتا ہی مروارید ناسفتہ عنبر درونج بسد گاؤزبان عود خام ہر ایک دو درم کہربا تخم کاسنی تخم کشنیز ہر ایک پانچ درم صندل سرخ و سفید طباشیر ہر ایک آٹھ درم افتیمون گل سرخ ہر ایک چھ درم سافج ہندی زرنباد تخم فرنجمشک تخم بادرنجبویہ خشخاش سفید ہفتہ گل ارمنی ہر ایک چار درم زعفران کافور ہر ایک ایک درم مشک نیم درم کوٹ کر چھان کر ساتھ شراب سیب کے گھولین -

مفرح حار - خفقان وضعف دل کوکہ جو سردی سے ہو نافع ہے گاؤزبان بادرنجبویہ بہمنین تخم فرنجمشک ہرایک آٹھ درم آملہ مقشر بریان بیس۲۰ درم عود قماری دس۱۰ درم گل مختوم مروارید ناسفتہ ہرایک ایک مثقال زعفران ایک درم بسد سوختہ کہربا سوختہ کشنیز خشک زرنب قرنفل دارچینی ہرایک دو درم کباب چینی زرنباد ہرایک تین درم گل سرخ صندل ہرایک پانچ درم عسل ہلیلہ جملہ چار حصہ جملہ دوا کا یاقوت ورق زر ہرایک آدھا درم درونج ڈیڑھ درم مویز منقے قند سفید ہرایک نیم من عسل ہلیلہ و قند کو آپس مین ملاکر جوش دین اور مویز کو کوٹکر اضافہ کرکے قوام کرین پھر سب ادویہ کو کوٹکر چھان کر اسمین ڈالین مقدار شربت ایک مثقال -

مفرح بارد - خفقان گرم کو نافع ہے دل کو قوت دیتا ہو گل سرخ طباشیر بہمن سفید گاؤزبان کشنیز خشک بریان صندل سفید ہرایک ایک درم مغز تخم خیارین مغز تخم کدو ہرایک چار درم تخم خرفہ پانزدہ درم زرشک منقے چھ درم مروارید ناسفتہ کہربا زعفران کافور ہرایک آدھا درم قند سفید سنو درم قند کو بیچ عرق بید مشک کے پگھلاکر ساتھ پچاس مثقال پانی سیب کے قوام کرین پھر ادویہ کو کوٹکر چھانکر اُسمین ڈالین -

مفرح بارد نوع دیگر - مروارید ناسفتہ بسد سوختہ طباشیر کہربا گاؤزبان گل ارمنی ہرایک دو درم مشک آدھا درم قند سفید تیس۳۰ درم معجون بنادین جیساکہ مرسوم ہے -

مفرح دلکشا معتدل - خفقان وضعف دل کو زائل کرے اور نشاط تمام لاوے بہمن سفید بہمن سرخ ہرایک پانچ درم پوست ہلیلہ کابلی پوست بیرون پستہ پوست ترنج ابریشم خام مقرض مروارید ناسفتہ ہرایک دو درم گاؤزبان شاہترہ بادرنجبویہ ہرایک دس۱۰ درم کشنیز خشک طباشیر ہرایک تین درم بسد کہربا زرنباد درونج ہرایک ایک درم عود خام ایک مثقال آب انار آب بہی آب حماض آب زرشک ہرایک دس۱۰ درم قند سفید شراب بنفشہ ہرایک سو مثقال پانیون کو ساتھ شربت بنفشہ و قند کے قوام کرکے ادویہ کوٹکر چھانکر ملاوین -

مفرح دلکشا حار - خفقان وضعف دلکو کہ سردی سے ہو نافع ہے پوست ترنج گل سرخ بادرنجبویہ مغز تخم خیارین ہرایک پانچ درم بہمن سرخ بہمن سفید ہرایک اڑھائی درم ہلیلہ سیاہ مغز بادام شیرین خشخاش سفید کنجد مقشر ہرایک تین درم زعفران دو درم دارچینی ساڑھے تین درم تخم کرفس ایک درم مشک ایک مثقال روغن بادام پانچ مثقال قند سفید ترنجبین ہرایک نصف من قند و ترنجبین کو گلاب مین حل کرکے ادویہ کو اسمین ملاکر قوام کرین -

مفرح دلکشا بارد - طباشیر بہمنین گل سرخ بسد کہربا مروارید ناسفتہ ہرایک ایک مثقال صندل سفید کشنیز خشک ہرایک دو درم تخم خرفہ آٹھ درم زرشک بیدانہ دس۱۰ درم ورق زر و ورق نقرہ ہرایک آدھا درم پوست بیرون پستہ ایک درم قند سفید ایک من آب ترنج چالیس مثقال بطریق معہود معجون -

مفرح بارد - واسطے محرور کے نہایت نافع اور سب وجہ سے بہتر ہے دواء المسک بارد اور یاقوتی سے اور

واسطے خفقان و تپ دق کے اور واسطے ناتوانون کے اور بخار سوداوی محترق کے نہایت مفید ہی شیخ رئیس نے اندر ادویۂ قلبیہ کے مرقوم کیا ہی تخم کاہو مغز تخم خربزہ مغز تخم کدو مغز تخم خیار تخم خرفہ ہر ایک تین مثقال مروارید ناسفتہ بسد سوختہ کہربا سرطان نہری سوختہ ابریشم مقرض صندل سرخ کافور ہر ایک ایک مثقال صندل سفید ہیل طباشیر ہر ایک دو مثقال گل سرخ پانچ مثقال عود ہندی درونج زرنباد بہمن سفید ہر ایک ایک مثقال دو دانگ زعفران آدھی مثقال گاؤزبان تین مثقال و نصف مشک ایک دانگ عنبر دو دانگ رب سیب و انار وبہی بالسویہ چند یا دو چند سب اجزا کا جملہ ادویہ کو کوٹ کر چھانکر اُسمین ملاکر مفرح بنا دین۔

مفرح۔ کہ خفقان سوداوی کو نافع ہی سافج ہندی نانخواہ انیسون اشنہ تخم کرفس تخم فرنجمشک ہر ایک تین درم مروارید ناسفتہ بسد سوختہ ہر ایک پانچ درم عصارہ افسنتین چھ درم زعفران مشک ہر ایک ایک درم بادرنجبویہ دس درم پوست ترنج دو درم گاؤزبان سات درم قند سفید دو چند سب اجزا کا افتیمون دس درم پہلے افتیمون کو پانی مین جوش کرکے صاف کرین اور قند کو اُسمین قوام کرین پھر ادویہ کو کوٹ کر چھان کر اُسمین ملاوین مقدار شربت تین مثقال۔

مفرح۔ کہ دل کو قوت دے اور خفقان گرم وحرارت معدے کو نافع ہی گل سرخ طباشیر سفید ہر ایک تین درم کشنیز خشک دو درم بسد مروارید ناسفتہ کہربا ہر ایک آدھا درم کافور ایک دانگ کوٹ کر چھان کر ساتھ شربت سیب قندی کے گھولین مقدار شربت ایک درم۔

مفرح یاقوتی معتدل۔ دل کو قوت دے اور وسواس کو دفع کرے اور نشاط لائے مروارید ناسفتہ گاؤزبان بسد کشنیز خشک بہمن سفید برگ گل سرخ کہربا پوست اُترج ابریشم سفید سوختہ تخم خرفہ ہر ایک دو درم کافور ایک درم کوٹ کر چھان کر عسل مین ہلیلہ مربے کے گھولکر تیار کرین مقدار شربت دو درم۔

مفرح یاقوتی معتدل مائل بہ برودت

کہ تام النفع ہی سب مفرحات سے اور امراض مختلفہ مین مفید اور واسطے اکثر امراض دل کے اور واسطے اسہال وعلل رحم کے نافع ہی مروارید ناسفتہ زعفران گاؤزبان مصطگی بسد دارچینی ابریشم خام مقرض پوست اترج کہربا بہمن سفید زرنباد اشنہ مغز تخم کدو اظفار الطیب ابریشم تخم خرفہ تخم فرنجمشک طباشیر مغز تخم خیار ہر ایک دو درم صندل سفید عود ہندی درونج عقربی گل سرخ ہر ایک تین درم عنبر اشہب قاقلہ کبار ورق نقرہ ورق طلا کافور گل مختوم کشنیز خشک لاجورد مغسول گل ارمنی قرفہ سنبل الطیب نارمشک ہر ایک ایک درم لعل شفاف یاقوت رمانی تخم بادرنجبویہ ہر ایک ایک مثقال مشک اذفر آدھا مثقال شربت حماض سو درم بطریق معہود کے معجون بنا دین مقدار شربت ایک مثقال۔

مفرح یاقوتی مائل بحرارت۔ گاؤزبان تخم بادرنجبویہ

تخم فرنجمشک بہمن سفید بہمن سرخ ہر ایک سات درم دارچینی کزبرہ شامیہ بسبہ طباشیر کہربا بسد عود ہندی ابریشم خام مروارید ناسفتہ قرنفل زرنب ہر ایک دو درم زعفران ایک مثقال زرنباد درونج کبابہ قاقلہ برادہ صندل سفید ہر ایک تین درم ورق زر ورق نقرہ یاقوت سرخ مشک اذفر ہر ایک نصف مثقال آملہ منقے کہ شراب مین تر کرکے خشک کیا ہو بیس درم گل سرخ پانچ درم ادویہ کو باریک کرین اور جواہر کو صلایہ کرین تو مانند غبار کے ہو جاوین اور عسل ہلیلہ کابلی مربی آدھا رطل وجلاب کہ ساتھ آب سیب و گلاب کے تیار کیا ہو اور موافق قوام شہد کے پہونچا ہو ایک رطل لیکر ادویہ کو اسمین گھولین مقدار شربت ایک مثقال سے دو مثقال تک۔

مفرح۔ کہ پہلے سے گرم زیادہ ہی قرفہ قرنفل دارچینی سنبل الطیب فرنجمشک درونج عقربی ہر ایک دس درم زرنباد کبابہ قاقلہ ہر ایک پانچ درم نارمشک عود ہندی سافج ہندی اشنہ ہندی ہر ایک تین درم زعفران مصطگی عنبر اشہب ہر ایک ایک مثقال مشک نصف مثقال ورق زر ربع مثقال آملہ کہ اندر آب مویز سرخ کے تر کرکے خشک کیا ہو پندرہ درم ادویہ کو باریک کرکے ساتھ عسل ہلیلہ مربی کے گھولین مقدار شربت ایک مثقال سے دو درم تک۔

مفرح یاقوتی بارد۔ تخم خشخاش سفید طباشیر گل سرخ ہر ایک دس درم مغز تخم خیارین مغز تخم خربزہ کشنیز خشک عصارۂ زرشک گل ارمنی شیر آملہ گاؤزبان ہر ایک پانچ درم کافور ورق نقرہ فرنجمشک عود ہندی ہر ایک ایک مثقال صندل سفید مروارید ناسفتہ بسد کہربا ہر ایک تین درم بادرنجبویہ بہمن سفید بہمن سرخ درونج ابریشم خام پوست بیرون پستہ ہر ایک دو درم یاقوت سرخ ربع مثقال زعفران نصف درم کو ملکر چھانکر ساتھ شربت سیب کے تیار کرین مقدار شربت ایک مثقال

مفرح کبیر۔ تالیف شیخ رئیس کی اور اُسنے کہا ہی کہ مین نے اُسکو بادشاہون اور امیرون کو دیا منافع بہت ظاہر ہوئے خصوصاً اندر خفقان وضعف دل ووسواس وتوحش واکثر امراض مزمنہ کے کہ کوئی تدبیر سے نہین ہوتا تھا اس دوا سے نفع ہوا اور اندر علل دماغ معدے وجگر وسپرد وقولنج واوجاع مفاصل وحمیات کہنہ کے نفع کثیر اُس سے دیکھا گیا ریزہ یاقوت کے خصوصاً کہ سرخ ہون حجر یشب عقیق سرخ ہر ایک ایک مثقال ورق زر دو دانگ ورق نقرہ ایک دانگ غاریقون افتیمون فلفل زنجبیل قرنفل مرزنجوش ہر ایک آدھا مثقال اور ڈیڑھ دانگ حجر ارمنی حجر لاجورد بلح النفطی زرنباد عاج درونج بہمن گاؤزبان ہر ایک آدھا مثقال اور ایک دانگ ناردین اقلیطی حماما سافج ہندی دارچینی صعتر حاشا زوفا کمون ہر ایک تین ربع ایک مثقال سے اور تین ربع ایک دانگ سے مشکطرامشیع فطراسالیون بلیون حجر الیہود تخم کرفس مرصافی کندر زعفران فلفل سفید ہر ایک آدھا مثقال اور آدھا دانگ اور معلوم کرین کہ جواہر وزر ونقرہ کو مجموعاً ایک جزو قرار دین اور غاریقون سے مرزنجوش تک ہر ایک نصف جزو اور حجر ارمنی سے گاؤزبان تک ہر ایک ثلث جزو اور ناردین سے کمون تک ہر ایک ربع جزو اور مشکطرامشیع سے فلفل تک ہر ایک سدس جزو اور اسی حساب سے اوزان لکھے گئے جواہر بہت صلایہ کرین ورق بھی اندر جواہر کے ڈالکر ساتھ شراب کے صلایہ بلیغ کرکے اور ادویہ کو باریک کرکے

جملہ کو اندر عسل ہلیلہ کے یعنی وہ عسل کہ ہلیلہ کو اُسمین پرورش کیا ہو معجون بناوین۔

مفرح سوسنبری۔ حکماے فرس سے کہ مفرح و مقوی ہی اور مساوی ہین ہین اجساد اُسکے ساتھ اُسکی ارواح کے اور مطلق مزاجون کو نافع ہی اندر ہر وقت کے اور اعادہ کرتی ہی قوتون ساقطہ اور ارواح کا کہ کم ہو گئی ہون بسبب مرض کے یا مسہل کے یا سم کے یا سوا اُنکے اور واسطے خفقان و رعشہ و استسقا و یرقان و سوء ہضم کے اور زیادہ کرنے باہ کے مفید ہی اور ساکن کرتی ہی درد نقرس و مفاصل کو و معتدل ہی اور بعضے کہتے ہین کہ گرم ہی اول درجہ مین اُسمین کوئی ضرر نہین پایا ہی درونج زرنباد بہمن سرخ و سفید تخم بادرنجبویہ ہر ایک دس مثقال فرنجمشک چھہ مثقال وج عود قماری ہر ایک پانچ مثقال نعناع خشک سوسنبر دارچینی کنجد مقشر جوزبوا ورق نقرہ کہربا زعفران ہر ایک دو مثقال بسباسہ یاقوت رمانی ہر ایک ایک مثقال ادویہ کو خوب باریک پیسکر سواے نقرہ و کہربا و یاقوت کے سب کو گلاب و عرق بید مشک وآب بید مشک وآب سیب وآب مرزنجوش وآب گاؤزبان مین کہ ہر ایک سولہ مثقال ہو بھگوئین فصل بہار مین ایک رات دن اور سرما مین دو رات بعد اُسکے عسل کف گرفتہ اڑھائی سو مثقال اور برابر اُسکے تازہ دودھ ملاکر جوش کرین جب دودھ جذب ہو جاوے اور شہد رہجاوے روغن بنفشہ بادام پچیس مثقال شہد مین ملاکر پھر جوش دین یہانتک کہ بستہ ہو جاوے پس آگ سے اُتار ادویہ کو کہ عرق مین بھیگی ہین ملادین اور پھر آگ پر رکھکر تھوڑا جوش دین بعد اسکے پھر پتیلے مین رہنے دین صبح کو دیکھین اگر پانی اُسمین کچھ دکھائی دے پھر نرم آگ پر رکھین تو جوش مین نہ آنے اور پانی بخار ہو کر تحلیل ہو جاوے اُسوقت کہربا و یاقوت و نقرہ اضافہ کرین اور شیخ رئیس نے فرمایا ہی کہ فادزہر اگر معدنی ہو دو مثقال اگر حیوانی ہو بارہ قیراط اندر گلاب کے حل کر کے تسقیہ کرین پس ایک درم اس سے نشئے اور کیفیت مین برابری کرتا ہی ساتھ ایک من خمر کے باوجود سلامت حس وصحت ادراک کے مقدار شربت اسکا دو درم تک ہی اور قوت اسکی بیس برس تک باقی رہتی ہی۔

فائدہ۔ اس دوا کو واسطے حفظ صحت کے نہار تناول کرین اور واسطے قوت باہ کے رات کو اور واسطے دفع کرنے زہرون کے ساتھ آب رازیانہ کے اور واسطے خفقان کے ساتھ عرق گاؤزبان کے۔

مفرح سہل الوجود۔ واسطے رفع کرنے خفقان و غشی کے اور سقوط قوی کے اور صداع مزمن کے اور امراض جگر کے اور توحش کے اور حمیات عفنی کے نافع ہی اور اس مفرح مین سرور و تزکیہ بہت ہی اور یہ مفرح خون کو صاف کرتی ہی اور کسل و بلادت کو دور کرتی ہی قوت اسکی ایک سال تک باقی رہتی ہی مقدار شربت اسکا ایک اوقیہ آب شیرین دس رطل لیکر لوہا گرم یا طلا و نقرہ گرم جو آتشین کہ میسر ہو اسمین سرد کرین بعد اسکے قرنفل بسباسہ افتیمون قاقلہ کبار صندل سرخ ہر ایک سات مثقال کوٹ کر بیچ کپڑے کے باندھکر ابریشم خام تیس درم بیچ پانی مذکور کے بھگوئین دس دن تک بعد اسکے جوش کرین تو ربع

رہجاوے بعد اُسکے صاف کرکے ساتھ ہموزن اُسکے
قند سفید وہموزن اُسکے آب سیب یا شربت سیب
کے قوام کرین اور اُسوقت مین تخم ریحان تخم بادرنجبویہ
ہر ایک دس درم اضافہ کرین اور آگ سے اُتار لیوین

مفرح یاقوتی ۔ کہ شیخ رئیس نے بیچ ادویہ قلبیہ کے
ذکر کیا اور اکثر اطبا نے اُسکو تجربہ کیا اور تعریف اُسکی
لکھی اور ساتھ تھوڑے تصرف کے بیچ زیادتی وکمی
کے موافق جمیع امزجہ کے ہر اور واسطے خفقان وناقہین
کے اور اکثر امراض معدے کے نہایت فائدہ رکھتی
ہر اور واسطے توحش وانواع مالیخولیا کے مفید اور
بیچ تفریح ونشاط کے اور تقویت اعضاے رئیس
کے بےعدیل ہر قرصاً ومعجوناً استعمال کرسکتے ہین
مروارید کہربا بسد افتیمون ہر ایک ڈیڑھ درم ابریشم
مقرض سرطان محرق نہری ہر ایک ایک مثقال
اور ایک دانگ سحالۂ طلا دو دانگ گاؤزبان تخم
کاسنی ہر ایک پانچ درم یاقوت یک درم تخم فرنجمشک تخم بادروج
تخم بادرنجبویہ برگ بادرنجبویہ اسطوخودوس ہر ایک
تین درم بہمنین کافور عود ہندی حجر ارمنی مغسول
لاجورد مصطکی سلیخہ دارچینی زعفران ہیل قاقلہ
کبابہ بسباسہ جدوار عنبر ہر ایک ایک مثقال مشک
درونج رومی ہر ایک دو مثقال سنبل ساذج ہر ایک
دو درم مغز تخم خیار گل سرخ ہر ایک چار درم ترنجبین
دس درم اگر جدوار نہو زرنباد عوض اُسکے
بقدر تین مثقال کے ڈالین اور ادویہ اصل
وخمیرہ ہین اور واسطے معتدل المزاج کے کم وزیادہ
اُسمین نہین کرسکتے خواہ شہد مین معجون بنادین خواہ
ادویہ کو گلاب مین گھولکر قرص بنادین ہر ایک قرص
ایک مثقال اور اگر افیون کو بھی داخل کرنا چاہین چاہیے
کہ افیون وجند بیدستر ہر ایک پانچ مثقال اُسمین بیشتر
اضافہ کرین اور ساتھ شہد کے معجون کرکے بعد چھ مہینے
کے استعمال کرین اور جسوقت کسی پر سوء مزاج حار
غالب ہو چاہیے کہ مشک وزعفران کو آدھا مثقال
ڈالین اور افتیمون کو خارج کرکے بدل اسکے سنا مکی
چار درم قسط ایک درم شاہترہ ڈیڑھ مثقال کرین اور
بھی خرفہ طباشیر ہر ایک ڈیڑھ درم تخم کاہو دو درم
صندل سفید تین درم اضافہ کرین اور جب کسی پر
سوء مزاج سرد غالب ہو چاہیے کہ بسباسہ پوست ترنج
عود بلسان زنجبیل فلفل ہر ایک تین درم جند بیدستر
دو مثقال اوپر اصل ترکیب کے زیادہ کرین اور وزن
کافور کا نصف مثقال کرین اور اگر صاحب مزاج گرم
ہو ایک مقدار شربت اس ترکیب اصل سے ساتھ
ایک مثقال طباشیر اور تھوڑے رب سیب کے کھائین
اور صاحب مزاج سرد ایک مقدار شربت اس سے ساتھ
ایک طسوج جند بیدستر کے کھاوے اور حاجت تغیر وتبدل
اصل نسخے کی نہین ہر ۔

مفرح گرم ۔ کہ خفقان بلغمی وسوداوی کو مفید
ہر بہمنین زرنباد ہر ایک بیس درم درونج عقربی
بادرنجبویہ عود قماری بسد ہر ایک دس درم قرنفل
سنبل زعفران ہر ایک پانچ درم مشک ورق طلا
ہر ایک آدھا مثقال ادویہ کوٹ کر چھان کر ساتھ دو چند

دو چند شربت سیب کے معجون کرین مقدار شربت ایک مثقال۔

مفرح سرد۔ کہ خفقان وسوء صفراوی کو نافع ہی طباشیر گاؤزبان تخم کاسنی ہر ایک تین درم آملہ منقے پندرہ درم صندل سفید گل سرخ مروارید ناسفتہ کہربا لبسد سوختہ ہر ایک چار درم زعفران آدہا درم ورق نقرہ آدھا مثقال شربت سیب قندی دو چند سب اجزا کا

مفرح یاقوتی۔ کہ معروف بہ مفرح صندلین ہی مروارید ناسفتہ کہربا ہر ایک ایک درم ونصف لبسد ایک درم یاقوت رمانی لعل آتشی حجر یشب ورق زر ورق نقرہ ماہ فرفیین زعفران درونج عقربی مصطگی ہر ایک ایک مثقال ریوند چینی مشک خالص ہر ایک دو دو درم صندل سفید وسرخ ہر ایک چھ درم تخم خرفہ تخم کاسنی آملہ منقے کشنیز خشک خشخاش سفید پوست بیرون پستہ عنبر اشہب عود قماری ہر ایک پانچ درم گاؤزبان تخم کاہو پوست ترنج ہر ایک تیس درم زرشک بیدانہ آٹھ درم طباشیر سفید گل سرخ ہر ایک چار درم آب سیب آب بہی ہر ایک بیس درم عرق بید عرق گاؤزبان گلاب ہر ایک پچاس درم نبات سفید ایک من نبات کو ساتھ عرقون کے قوام کرکے آب سیب وآب بہی اضافہ کرین اور ادویہ کوٹ کر چھان کر اُسمین ملا کر تیار کرین مقدار شربت ایک درم سے ایک مثقال تک۔

مفرح مسیحی۔ دل ودماغ وجگر ومعدے کو قوت دے اور قوت پشت وگردے کی زیادہ کرے اور ہاضمے کو قوی کرے اور نعوظ تمام لائے اور منی کو زیادہ کرے اور باہ کو قوت دے اور اشتہا پیدا کرے قرفہ گاؤزبان گل سرخ ہر ایک پانچ درم خولنجان کبابہ قرنفل جوز الطیب قاقلہ کبار وصغار تخم فرنجمشک ورق قرنفل زعفران مصطگی پوست اترج لسان العصافیر بسباسہ ہر ایک تین درم بہمنین اشنہ سنبل الطیب ہر ایک چار درم سافج ہندی زنجبیل دار فلفل لعل کہربا لبسد ہر ایک ایک درم سعد ہندی ڈیڑھ درم عنبر اشہب مروارید ناسفتہ ہر ایک دو دو درم مشک ترکی آدھا درم ورق نقرہ ورق طلا ہر ایک آدھا مثقال جزو اعظم خوب پسا ہوا تیس مثقال روغن بادام بیس درم قند سفید سہ چند مقدار شربت بقدر حاجت کے اور اگر شہد عوض قند کے ملاوین شہد دو چند کافی ہی

مفرح مسیحی نوع دیگر۔ قرنفل خولنجان بسباسہ قرفہ ہر ایک چار درم قاقلہ کبار اشنہ پوست اترج ورق قرنفل گاؤزبان زنجبیل مصطگی گل سرخ مروارید ناسفتہ یاقوت کبود زعفران ہر ایک تین درم جوز الطیب سنبل الطیب بہمنین خصیۃ الثعلب نارمشک فرنجمشک ہر ایک پانچ درم عاقرقرحا لبسد کہربا لعل آتشی ہر ایک ایک درم عنبر اشہب سعد ہر ایک دو درم مشک ترکی آدھا درم ورق زر ورق نقرہ ہر ایک نصف مثقال جزو اعظم خوب پسا ہوا تیس مثقال قند سفید ایک من اور اگر شہد ڈالا چاہین ضعف من ڈالین۔

مفرح۔ کہ خفقان وضعف دل ووسواس کو فائدہ کرے اور واسطے قوت دل کے نہایت نافع ہی اور واسطے تقویت جگر وگردے ودماغ کے اور صاف

کرنے رنگ اور حاصل ہونے نشاط اور رفع کرنے ریاح
سوداوی کے نافع ہی اور خواص بہت رکھتی ہی یہان
مختصر بیان کیے ہینے یاقوت سرخ کہربا جر لاجورد دوا درونج
گل ارمنی سنبل الطیب سادج ہندی بہمن سرخ ہر ایک دو
مثقال یاقوت زرد یاقوت کبود یاقوت سفید عقیق مروارید
پوست بیرون پستہ بادرنجبویہ عود قماری درونج عقربی
طین مختوم عنبر اشہب ورق زر ورق نقرہ گل سرخ
بہمن سفید ہر ایک چار مثقال لعل فیروزہ یشب ابریشم
محرق ورق قرنفل گل نیلوفر صندلین قرنفل دارچینی
کباب چینی تخم بادرنجبویہ قاقلہ کبار ہر ایک تین مثقال
زمرد مشک ترکی ہر ایک ڈیڑھ مثقال تخم فرنجمشک گاوزبان
طباشیر سفید ہر ایک پانچ مثقال آملہ مقشر پوست ہلیلہ
کابلی ہر ایک دس مثقال عصارۂ زرشک پندرہ
درم کافور قیصوری آدھا مثقال آب سیب آب بہی
اصفہانی گلاب ہر ایک ایک من آب حماض نیم من
عرق بید مشک نبات ہر ایک دو من نبات کو ساتھ
عرق و آب سیب و بہی کے قوام کرین اور جب اُتار
لیوین آب حماض اُسپر گرادین اور ادویہ کو اُسمین
ڈال کر تیار کرین مقدار شربت آدھے درم سے
ایک درم تک۔

مفرح۔ کہ خفقان کو نافع ہی مروارید ناسفتہ کہربا
بسد گاؤزبان گل ارمنی ہر ایک دو درم طباشیر ایک
درم مشک ترکی نصف دانگ قند سفید دس درم ادویہ
کو کوٹ کر چھان کر گلاب مین ڈالکر تیار کرین مقدار
شربت ایک درم۔

مربا سیب و بہی و آملہ کا۔ دل گرم کو نہایت نافع
ہے۔

ماء اللحم۔ غذا ہی لطیف و مقوی دل و روح حیوانی
وطبیعی و نفسانی اور زیادہ کرنے والا خون کا اور
رافع ضعف کا جو امراض مزمنہ اور کھانے مسہلات
ونزف الدم و فصد و جماع وغیرہ سے حاصل ہوا ہو
اور بیچ سرعت تقویت کے کوئی چیز اُسکو نہین پہونچتی ہی
خصوصاً جسوقت ساتھ تھوڑے خمیر کے ممزوج کیا ہو
اور شیخ رئیس نے کہا کہ گوشت اگرچہ غذاے صرف ہی
لیکن پانی اُسکا بیچ علاج ضعف دل کے داخل ہی اور
قوی تر دون گوشتون مین اندر اس امر کے گوشت
برہ یکسالہ کا ہی اور اندر بعضے مزاجون کے ماء اللحم
گوشت کبک و مرغ مانند انکے سے بناتے ہین اور
جو ماء اللحم جوزہ سے اور گوشت گردن جدی سے
بناتے ہین الطف و قلیل الحرارت ہی اور احسن یہ ہی
کہ گوشت چڑیون کا ساتھ گوشت برہ کے جمع نہ کرین
اور طریق بنانے ماء اللحم کا تین طرح پر ہی ایک وہ کہ گوشت
سرخ و فربہ کو چربی سے جدا کر کے پھر ورق ورق کر کے
میٹھے پانی مین خوب پکاوین تو گھل جاوے اور پانی
غلیظ ہو جاوے بعد اُسکے قرع و انبیق مین عرق کھینچین
اور اگر تقویت زیادہ منظور ہو لحوم کو بیچ گرم مزاج
کے ساتھ مقدار مناسب کے بہی و سیب و ادویہ
بادردہ عطریہ سے اور بیچ سرد مزاج کے ساتھ مثل
پوست ترنج و اشیاے حارہ لطیفہ کے طبخ کرین
بعد اُسکے تقطیر کرین طریق دوسرا وہ کہ گوشت بزغالہ

یا بزہ یکسالہ کا لیکر ہبیدی اُسکی جدا کرین اور سرخی کو کباب کرین اور بیچ پتیلۂ سنگین کے رکھین اور تھوڑا گلاب اُسپر ٹپکاوین اور سر پتیلہ کا بند کرکے نرم آگ پر رکھین تو پانی گوشت سے جدا ہووے اور گوشت ابھی تک ناپختہ ہو کہ وہ پانی اُسکا نکال لیوین اور گوشت کو نچوڑین تو جسقدر تری کہ گوشت مین ہی نکل آوے اور تری گوشت کو دوسری مرتبے ایک جوش دین تو خوب پک جاوے اور خوشتر ہو جاوے اور تھوڑا نمک و کشنیز خشک اسمین اور دین صاحب ذخیرہ تپ دق مین اس طریق کو لکھتا ہی اور حقیر نے مکرر یہی طریق لوگون کو بتایا اور نفع اُسکا بیشتر قسم اول سے پایا طریق تیسرا وہ کہ گوشت حلوان فربہ کا چربی سے پاک کرکے یا گوشت سینہ و ران جوزہ اور مرغی موٹی کا بقدر نخود کے کاٹین اور تھوڑا نمک و مصطگی اُسمین ملاوین اگر کوئی مانع نہو اور اس گوشت کو اوپر دیگ کے رکھکر منہ دیگ کا خمیر سے مضبوط بند کرکے کوئلے کی آگ پر رکھین اور دیگ کو حرکت دیتے رہین ساعت بساعت تو جلنے نپاوے بعد اُسکے نچوڑین اور پانی کہ گوشت کو اُسمین جدا ہو لیوین کذا فی شفاء الاسقام اور وہ پانی کہ گوشت کو اُسمین جوش کرین اور بدون معطر کرتے کے دین ہر چند نسبت جرم گوشت کے بمراتب اثر مین قوی ہی اور سریع التقویت ہی لیکن نسبت ماء اللحم کے مرتبے مین بہت کم ہی اسلیے کہ سرعت نفوذ لطیف ہونا نافذ کا مشروط ہی اور اگرچہ بعضے اطبا نے اطلاق ماء اللحم کا اس پانی پر کیا ہی لیکن نزدیک اہل تحقیق کے سوا

اسکے ہی کما مر۔

حرف النون

لفوع حامض و لفوع کشنیز۔ بیچ سوء مزاج گرم دل کے نفع کرتے ہین اندر ادویہ سر کے مذکور ہوئے۔

حرف الواؤ

وجور۔ کہ واسطے غشی کے جو بعد اسہال کے ہوئی ہو نافع ہی مشک قدرے بیچ پانی بہی کے حل کرکے حلق مین ٹپکاوین۔

حرف الیاء

یاقوتیہا۔ بیچ تقویت دل کے اور ازالۂ علل دل کے اور اُسکی تنشیط مین مجرب ہین بیچ ادویہ سر کے لکھی گئی اور اس بحث مین بھی اندر مفرحات کے مرقوم ہوئین۔

فائدہ۔ اندر اکثر اقسام غشی کے کوشش کرنا تو قی آوے نافع ترین تدبیرون مین ہی اور اسی طرح اطراف کو ملنا اور گرم رکھنا اور اوپر فم معدے کے روغنہاے گرم ملنا اور عطریات حسب مزاج سونگھانا اور چھینٹے آب سرد و گلاب کے اوپر منہ و سینے کے مارنا لیکن جس جگہ سبب غشی کا کثرت عرق کی ہو قی کرنا نہ چاہیے کہ قی سے مضر ہوگا اور بدستور جس جگہ سبب غشی کا اسہال مفرط اور یا نکلنا بہت خون کا اور مانند اسکے کہ سردی لانے والا ہو اور سبب غشی کا ہو آب سرد و گلاب اوپر سینے کے نہ چاہیے ڈالنا اور ماء اللحم ساتھ تھوڑی شراب رقیق اندر حلق کے ٹپکانا وقت غشی کے سریع النفع

وسریع الاثر ہی۔

باب بارھوان ادویہ مین معدے کے

جو کمال ہضم اول معدے مین ہی اور شروع ہضم کا منھ سے آدمی کے ہی طالب صحت کو واجب ہی کہ چبانے مین اشیا کے مبالغہ کرے تو غذا وارد کچھ ہضم پاکر معدے مین جاوے اور اسکے سبب سے تاخیر ہضم معدے کی غذا مین کا تل ترو نو وتر ہو اور چاہیے جو ادویہ واسطے تقویت معدے کے کام ہین لاوین جوارش و دروار کھین اور اُنکے پیسنے مین مبالغہ نہ کرین تو دوا معدے مین دیر تک رہے اور موثر زیادہ و صاحب شفاء الاسقام نے اندر نقصان و بطلان ہضم کے لکھا کہ درواز کہنا دواے معدے کا مخصوص جوارش و معاجین مین ہی بخلاف سفوفات وغیرہ اور مثل اسکے کہ انمین خوب پیسنا بہتر ہی اور اگر فم معدے مین ضعف ہو احسن یہ ہی کہ دوا ے مقوی بعد طعام کے کھاوین تو دوا بسبب حائل ہونے غذا کے جلد منحدر نہو بلکہ زمانے طویل تک اعلاے معدے سے ملی رہے اور چو معدہ عضو مشارک ہی اور فساد اُسکا مستلزم فساد جمیع اعضا کا ہی اُسکے مقدمے مین اہتمام تمام لازم جانین اور روقت لاحق ہونے آفت کے اُسمین زود تر تدارک و علاج اُسکا کرین اور ملاک امراس باب مین وہ ہی کہ جہانتک ممکن ہو امتلا سے اور بہت کھانا کھانے سے اور سوا ترشی کھانے سے اور سوء تدبیری سے بعد کھانا کھانے کے جیسا کہ مفرح القلوب مین مشرح لکھا ہی مین نے مختر زمین اور جانین کہ غذاے خوشبودار جلد ہضم ہونے والی ہی غیر خوشبودار سے اور دوا خوشبودار نافع تر ہی غیر خوشبودار سے اسی سبب ادویۂ موضعیہ معصدی و کبدی مین ملانا ادویۂ طیبہ کا واجب لکھا ہو اور جب غذا مین فساد محسوس ہو اور ابھی غذا معدے مین ہو کوئی تدبیر قے سے بہتر نہین ہی اور بعد سوء ہضم کے جبتک انتہاے متعب یعنے وہ بھوک جو بیقرار کردے ظاہر نہو سبقت کھانے پر نہ کرین اور نکالنا خون کا نفس معدے سے ساتھ محاجم و جونک کے مضر جانین۔

حرف الالف

اطریفل کبیر۔ واسطے استرخا و رطوبت معدے کے و ہضم طعام کے اور منع کرنے صعود بخار معدے کے طرف دماغ کے اور تقویت معدہ و امعا و مثانہ و حواس کے اور تصفیہ خون و ذہن کے اور زیادہ کرنے تیزی فہم و ذکا کے اور تقویت اعصاب کے اور اعانت باہ کے اور دفع کرنے نسیان و بلادت کے اور دفع کرنے جمیع علل باردہ رطبیۂ دماغی کے اور دفع کرنے سرعت پیری کے اور رفع کرنے بواسیر ریحی کے اور تحسین رنگ کے اور تسخین معدے کے اور فربہ کرنے بدن کو نافع ہی لیکن محرور المزاج کو مناسب نہین ہی اور سواے سرما کے استعمال نہ چاہیے کرنا مگر بضرورت پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ پوست بلیلہ آملہ مقشر فلفل دار فلفل ہر ایک چھ درم شقاقل زنجبیل تودرین لسان العصافیر بہمنین حب القلقل سمسم مقشر شکر طبرزد خشخاش سفید ہر ایک دو درم کوٹین اور روغن گاؤ یا روغن بادام کہ چہارم حصہ دوائون کا

دواؤن کا ہو جب کرکے سہ چند عسل کف گرفتہ مین ملاوین اور بعد تین مہینے کے استعمال کرین اور قوت اسکی تین برس تک باقی رہتی ہی اور یہ نسخہ کہ لکھا گیا مطابق شفاء الاسقام کے ہی لیکن قرابادین نجیب الدین سمرقندی مین اسطرح مرقوم ہی ہلیلۂ کابلی بلیلۂ آملۂ فلفل دارفلفل ہرایک پانچ درم زنجبیل بوزیدان شیطرج بسباسہ شقاقل بہمنین ہرایک تین درم لسان العصافیر حب القلقل ہرایک دو درم سمسم مقشر شکر طبرزد ہرایک دس۱۰ درم شہد سہ چند اور نسخہ اطریفل کبیر کا کہ صاحب تحفۃ المومنین نے لکھا ہی ساتھ اس نسخہ کے کثیر الاختلاف ہی ادویہ مین سرکی مرقوم ہوا ساتھ اطریفل صغیر کے اور وہ نسخے معدے کو بھی نافع ہین۔

ایارجات والقردیا وانوشدارو ۔ باقسامہا معدے کو مفید ہین اور بیچ ادویہ سر کے مرقوم ہین۔

امروسیا ۔ واسطے درد معدے کے کہ برودت سے ہو نافع ہی اور طعام کو ہضم کرے اور ریح غلیظ اور درد جگر و سپرز کو فائدہ تخم جزر بری یعنی دوقو عود بلسان سلیخہ قرونا لقاح اذخر کرفس ہرایک ایک درم فلفل سیاہ فلفل سفید قسط تلخ ہرایک نصف درم مر صافی تین درم حب الغار دودانہ اگر ترکی زعفران ہرایک دو درم کوٹ کر چھان کر ساتھ سہ چند عسل کف گرفتہ کے گھولین اور بعد دو مہینے کے استعمال کرین مقدار شربت دو درم ساتھ پانی گرم کے اور نسخہ دوسرا امروسیا کا کہ ساتھ جگر کے مخصوص ہی اور۔

اثاناسیا ۔ کہ واسطے اوجاع معدے کے نافع ہی بیچ ادویہ جگر کے آوینگے۔

ارسطون صغیر ۔ واسطے درد معدہ وامعا وسل وحمی ربع وحمی مخلط وقولنج ووجع رحم وبرودت بدن کے نافع ہی اور ارسطون ساتھ اثبات نون کے ہی یعنی جلیل القدر افیون مصری سلیخہ ہرایک چار درم اقاقیا فلفل گوگرد زرد سنبل الطیب ہرایک دس۱۰ درم عاقرقرحا زعفران فرفیون ہرایک تین درم حماما بیس۲۰ درم عسل صافی بقدر حاجت کے معجون کرین مقدار شربت ایک مثقال۔

فائدہ ۔ ارسطو بحذف نون و باثبات نون بمعنے جلیل القدر اور جو ادویہ ارسطون کبیر کے نایاب ہین اور منافع دونون کے آپس مین قریب ہین نسخہ ارسطون صغیر کا لکھا گیا اور اسی پر کفایت ہوئی۔

آبگامہ ۔ لفظ فارسی ہی اسکو عربی مین مری کہتے ہین بتشدید الیاء والعام بخففہ وہ ادویہ قدیمہ سے ہی اور اُسکے مایہ کو فودج بفا و واو و دال مہملہ وجیم کہتے ہین چنانچہ طریق بنانے فودج کا بیچ بیان بنانے مری کے کہا جاویگا اور طبیعت آبگامے کی گرم و خشک ہی دوسرے درجہ مین اور کہتے ہین کہ پہلے درجے مین گرم اور دوسرے درجہ مین خشک ہے بالجملہ واسطے نشف تری معدے و تسخین معدے و جگر کے اور قطع لزوجات کے اور منع کرنے اجتماع بلغم غلیظ کے معدے وامعا مین نافع ہی اسی سبب سے جو شخص معتاد بحدوث قولنج ہو یا تولد دیدان اور اُسکے کھانے پر مداومت کرے نفع پاویگا اور بھی تلطیف

اغذیہ کی کرتا ہی اور شکم کو جاری کرتا ہی اور اشتہا
اُٹھاتا ہی اور بو کو خوش کرتا ہی اور تسرب ساتھ تھوڑی
لک کے کئی دن واسطے دبلا کرنے بدن کے مجربات
سے ہی اور حقنہ اُسکا واسطے قرحۂ امعا و قولنج و درد
ورک کے اور نطول اُسکا واسطے قروح خبیثہ و نہش کلب کلب
کے اور غرغرہ اسکا واسطے ورم لہاۃ و لوزتین سے کے
اور جذب کرنے بلغم دماغی کے اور رفع کرنے نقصان
ذائقہ کے موثر اور قطور اسکا آنکھ مین مانع نکلنے آبلے کا
اور اگر نکلا ہو بیچ ازالۂ آبلہ کے مجرب ہی اور تشرب
اُسکا بالخاصیت واسطے درد ورک و عرق النسا کے
بھی نافع ہی لیکن مجفف بدن ہی اور معطش و مضر سینہ و
نشش و بواسیر و صاحبان خارش اور مصلح اُسکا الغیہ اور
حجبیان اور شیر بنیان اور طریق بنانے مری کے بہت ہین
جیسا کہ بیان مین آئینگے لیکن جو مری کہ سے تیار ہوتی ہی
اُسمین قوت مسہلہ ضعیف اور قوت تفتیح غالب اور امعا کو
مضر ہی اور بیچ جنون کے استعمال اسکا جائز نہین ہی
اور جو دودھ سے مرتب ہوتی ہی اسکو کومہ کہتے ہین وہ
مضر سینہ اور سرفہ کو نہین ہی اور تخفیف اسمین کمتر ہی لیکن
بیچ اور خواص کے قریب مری بے سرکہ کے ہی اور کثرت
کومہ کی باعث حمیات عفنہ کی ہی بالجملہ ترتیب مری سے
ایک یہ ہی کہ آرد جو گندم سے مثلاً تیس رطل لیوین اور
بعد اُسکے چھاننے مین مبالغہ کرین تو مانند غبار کے
ہو جاوے پس ہچند آرد کے فودنج بری بھی لیوین بعد
اُسکے آرد کو تنہا ساتھ پانی کے خمیر کرین بدون اُسکے
خمیر و نمک اُسمین ڈالین اور روٹی بنا کر تنور مین

پکاوین بعد اُسکے روٹی کو ساتھ فودنج مذکور کے کوٹین
اور بیس درم نمک و ایک رطل بادیان و ربع رطل
شونیز ملاوین اور کبھی جہت مبرودین کے قدرے
تخم کرفس و دارچینی و قرنفل و امثال انکے بھی اضافہ
کرتے ہین پس جملہ کو ساتھ پانی کے خمیر کرین اور شدت
مین گرمائی بیس دن دھوپ مین رکھین اور ہر دن
تین بار ہلاوین اول دن اور درمیان دن مین اور آخر
دن مین اور ہر دن مین تھوڑا پانی اُسپر چھڑکین جب سیاہ
ہو جاوے پانی مین حل کرکے ایک باسن مین رکھین دو
ہفتے تک اور ان دنوں مین صبح و شام حرکت دیتے رہین
جب جوش کرے حرکت دین یہانتک کہ جوش موقوف ہو جاوے
پس صاف اُسمین سے لیکر بیچ ایک باسن صاف کے علیحدہ
کرین اور اُسکے ثفل مین پانی دوسرا برابر اُسکے ڈال کر
دھوپ مین رکھین اور صبح و شام حرکت دیتے رہین
پس صاف اُسمین سے بھی جدا کرکے ساتھ صاف پہلے کے
ملاوین اور ثفل مین پھر پانی اور ڈالکر ایک ہفتہ دھوپ مین
رکھین اور دو وقت ہلاتے رہین پس یہ پانی تیسری مرتبے
کا بھی ساتھ پہلے صاف و دوسرے کے ملاوین اور کام مین
لاوین کہ مری یہی ہی مایہ اُسکا کہ عبارت ہی آرد جو آرد
گندم سے کہ ساتھ گرم پانی کے ملائین بے نمک و بے خمیر کے
اور اُسکے وسط مین بہت سوراخ کرین اور برگ انجیر
مین لپیٹین اور بیچ ظرف کے رکھکر سایہ مین رکھین تو متعفن
ہو جاوے پس نکالکر خشک کرین اُسکو فودج کہتے ہین ضماد
کرنا اُسکا ساتھ سرکے و روغن گل کے واسطے جرب و حکہ
و نضج و مامیل و تحلیل مواد غلیظ کے نافع ہی اور فودج

مایہ اور ترشیون کا بھی ہوتا ہو طریق دوسرا یہ ہو کہ روٹی تازی گرم بیچ کوزہ کورے کے کہ پانی اُسمین نہ پہونچا ہو رکھین تو سبز ہو بعد اُسکے سرکے مین خمیر کرین اور دھوپ مین رکھین اور دس دن تک سرکہ اُسپر گراوین اور دس دن اور ساتھ دوشاب کے خمیر اسکا تازہ کرین اور دس دن اور ساتھ شیرۂ انگور کے خمیر اسکا تازہ کرین بعد اُسکے ادویہ گرم کو کُٹر چھانکر اُسپر ڈالین اور جب چاہین کہ آبکامہ رقیق بناوین اس خمیر سے مقدار ایک من کے لیکر تین من سرکہ کہنہ اُسپر ڈالین اور تھیلی بھری ہوئی ادویۂ گرم نمکو فتہ سے اُسمین ڈالین اور چالیس دن دھوپ مین رکھین بعد اُسکے استعمال کرین طریق تیسرا وہ کہ فودنج کو کہ مایہ آبکامے کا ہی اندر بھرکے کے حل کرکے آفتاب مین رکھین اور بیچ اصفہان کے بجاے سرکے کے دودھ مین حل کرتے ہین اور لغت اصفہانی مین اسکو کومہ کہتے ہین اور اطلاق مری کا اوپر کومے کے مجاز اًگرتے ہین اور خواص مری سرکہ وار کا اور کومے کا اندر بیان خواص سکے گذرا اور مری کے بنانے کا طریق اور بھی ہو لیکن احسن یہی ہو لکھا گیا۔

فائدہ اہل ہند بھی آبکامہ بناتے ہین اور کانجی نام رکھتے ہین اور ساتھ سرکہ ہندی کے مشہور ہو واسطے ہضم طعام کے اور اُٹھانے اشتہاے محرور کے تسکین حرارت خون وصفرا کے اور جلا کرنے اور رقت دینے اعضا کے اور تقطیع بلاغم کے نفع تمام رکھتی ہو اور کہتے ہین کہ معدے کو مضر ہی مصلح اسکے شہد و گلقند ہین اور طریق اُسکا یہ ہو کہ حبوب غذائی خوب گھلا کر پکاوین بعد اُسکے صاف کرکے شیشے مین رکھین اور چالیس دن بیچ دھوپ کے رکھین یا زیادہ اس سے اور جو چانول سے بناتے ہین بہتر ہی۔

حرف الباء

باؤ مہرج ۔ برودت معدہ و جگر و رحم و احتباس حجت کو نافع ہو اور ریاح غلیظہ کو دفع کرے اور سدۂ جگر و سپرز کا کھولے زرنباد درونج عقربی افیون جند بیدستر عاقرقرحا فلفل دار فلفل سلیخہ ہوم المجوس بزرالبنج قسط لبنی جاؤشیر زعفران ہر ایک چھ درم حلبہ آٹھ درم بارز دمرصافی چار درم مرداریدنا سفتہ دو درم عسل مصفی دو چند سب ادویہ کا معجون کرین۔

پختہ جوش ۔ واسطے برودت معدے کو نافع ہی اور بیچ ادویۂ سر کے گذرا۔

حرف التاء

تریاق ۔ قدر ایک ترمس کے ساتھ ماء العسل کے واسطے نفخ معدے کے وسقوط اشتہا کے نافع ہی تجربہ اسکا بیچ بحث سر کے گذرا۔

تریاق الذرب ۔ واسطے اسہال معدے کے مجرب ہی باب اسہال مین آویگا۔

حرف الثاء

ثنادرلیطوس ۔ واسطے اوجاع معدے کے نافع ہی بیچ ادویۂ سر کے گذرا۔

حرف الجیم

جوارش اترج ـ معدے کو قوت دے اور اشتہا پیدا کرے اور ریاح کو توڑے اور بوے دہن کو خوش کرے پوست ترنج خشک کیا ہوا تیس درم قرنفل جوزبوا فلفل دارفلفل قرفہ قاقلہ خولنجان زنجبیل ہرایک ایک درم مشک دو دانگ کوٹ کر چھان کر شہد مین بناوین مقدار شربت دو درم معنی جوارش کے اور نسخہ جوارش جالینوس و جوارش کندی کا بیچ ادویۂ سر کے مرقوم ہوا اور باقی یہان ذکر کیے جاتے ہین ـ

جوارش قشر اُترج نوع دیگر ـ واسطے ہضم طعام و تقویت معدے و دل و جگہ و تفریح کے نافع ہی ہرچند دونون نسخے کے قشر مستعمل ہین لیکن اسوجہ سے کہ اس نسخے مین قشر اترج غیر مدقوق مستعمل ہوتا ہی اور ظاہر ہوتا ہی مضاف بہ قشر کیا ہی پوست زرد بیرونی ترنج ایک رطل اور اُسکو اسطرح شیرین کرین کہ پانی مین جوش کرین جب کئی جوش کھاوے پوست ترنج کو نکالکر گرم گرم سرد شیرین پانی مین ڈالی کر ایک ساعت رہنے دیوین بعد اُسکے نکالکر جدید پانی مین پھر جوش کرکے سرد پانی مین ڈالین اسی طرح مکرر جدید پانی مین جوش کرکے سرد پانی مین ڈالین تو کچھ پک جاوے اور شیرین ہو جاوے اور وقت جوش اخیر کے تھوڑی شکر بھی ملاوین کہ اس عمل سے جلد شیرین ہو جاوے گا پس پوست مذکورہ ڈال کر اور کپڑے کتان کے بچھاوین اور پھیلاوین تو مائیت اُسکی خشک ہو جاوے پس اُس پوست کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرین لیکن نہ کوٹین بعد اُسکے شکر و عسل ہرایک ایک رطل جوش کرین جب قوام کے نزدیک پہونچے ٹکڑے پوست مذکور کے اُسمین ڈالکر نرم آگ پر رکھین اور قوام کو حرکت دیتے رہین اور پوست کو آزماوین اگر جلاب نے انکے جرم مین سرایت کی ہی اور قوام جلاب کا اس حد پر کہ مطلوب ہی پہونچا ہی فہو المراد اُتار کر کے زنجبیل دارفلفل دارچینی مصطگی ہرایک تین درم بسباسہ برگ تنبول جوزبوا قرنفل عود ہندی سنبل الطیب ہرایک ایک مثقال زعفران دو درم کوٹ کر چھانکر اسمین ملاوین اور اگر جلاب نے سرایت کی ہی لیکن قوام حد مطلوب کو نہین پہونچا چاہیے کہ پوست کو جلاب سے باہر نکال کر قوام کو تمام کرکے پوست مع ادویہ ممزوج کرین اور حکم باخراج پوست نزدیک طبخ جلاب کے اس وجہ سے کیا ہی کہ بہت جوش کرنا پوست ترنج کا بیچ جلاب کے سبب تغیر کا ہی کذا ذکر فی شفاء الاسقام ـ

جوارش عود ـ واسطے تقویت معدے و تخفیف رطوبات و اعانت ہضم و ازالۂ خفقان و ضعف جگر کے نافع ہی عود ہندی سنبل الطیب سنبل رومی مصطگی قرنفل دانہ ہیل جوزبوا ہرایک تین درم پوست ہلیلہ کابلی قرفہ تخم کرفس انیسون پوست ترنج زرنباد بادرنجبویہ ہرایک ڈیڑھ درم زعفران بسباسہ زنجبیل ہرایک آدھا درم مشک نصف مثقال قند سفید ڈیڑھ حصہ دوا کا بدستور مشہور بناوین معتد ادشربت دو مثقال تک ہی

نوعدیگر۔ معدے کو قوت دے اور گرم کرے ساتھ گرمی قوی ولطیف کے قند سفید ایک رطل جوش کر کے عود ہندی دو درم کوٹ کر چھان کر درمیان جوش کے ملاوین اور قوام کرین اور اگر بعد قوام کے زعفران قرنفل دو قاقلہ مانند ان کے بقدر مناسب زیادہ کرین قوی تر ہو۔

نوعدیگر۔ معدے و دل کو قوت دے اور ہضم کرے اور ریاح کو توڑے اور خفقان و دل کی تنگی کو زائل کرے اور مرکبات شیخ ابوعلی اور اُسکے مجربات سے ہی عود ہندی رازیانہ تخم کرفس وج سنبل ہر ایک تین درم بسباسہ نارمشک فرنجمشک سعد زرنب درنباد ہر ایک ایک مثقال دارچینی زنجبیل فلفل قرنفل مصطگی ہر ایک دو درم گاؤزبان پانچدرم کافور ڈیڑھ دانگ مشک دو دانگ کوٹکر چھانکر عسل مین ملاوین اور صاحب شفاء الاسقام نے اسی نسخے کو بدون نام رکھنے جوارش عود ترش کے اس طرح لکھا ہو عود ہندی رازیانہ تخم کرفس وج سنبل ہر ایک تین درم کافور قیصوری ربع درم مشک ثلث درم بسباسہ نارمشک سعد فرنجمشک زرنباد زرنب ہر ایک ایک مثقال دارچینی مصطگی زنجبیل فلفل دارفلفل قرنفل ہر ایک دو درم گاؤزبان پانچ درم ادویہ کوٹ کر چھان کر ساتھ ہمچند اُنکے عسل کف گرفتہ مین بنادین مقدار شربت ایک درم سے ایک مثقال تک۔

نوعدیگر۔ کہ تقویت وتسخین معدے کی کرے بغیر افراط کے اور ہضم طعام ونشف بلغم کرے سنبل الطیب سنبل رومی تخم کرفس انیسون مصطگی ہر ایک درم عود ہندی مربائے جوز ہر ایک تین درم قرنفل قرفہ سک وردہ قصب الذریرہ ہر ایک دو درم بسباسہ ہلیلہ کابلی شراب مین تر کر کے بریان کیا ہوا فرنجمشک ہر ایک دو درم ونصف کوٹ کر چھان کر ساتھ میبہ کے بنادین مقدار شربت دو مثقال۔

نوعدیگر۔ کہ یہی عمل کرتی ہی ہیل زنجبیل دارچینی سلیخہ زعفران فلفل زرنباد فرنجمشک ہر ایک پانچدرم زرشک زرنب سعد سافج ہندی قرنفل ہر ایک تین درم عود خام سات درم عنبر ایک مثقال زرورد کافور ہر ایک دو دانگ تربد چار درم ملح ہندی ایک درم کوٹ کر چھانکر ساتھ شہد وشکر مقوم کے گھولین۔

نوعدیگر۔ معدے و دل کو قوت دیوے اور بوڑھون کو موافق ہو عود خام قرنفل سانج زنجبیل قاقلہ فرنجمشک دارفلفل ہر ایک دو درم زعفران ایک درم کوٹ کر چھانکر ساتھ شہد کے بنادین۔

نوعدیگر۔ کہ ہاضمے کو قوت دے اور اشتہا لگادے اور بلغم ورطوبت کو دفع کرے قرنفل تین درم سنبل قاقلتین ہر ایک دو درم عود پانچدرم زعفران ایک درم کوٹکر چھانکر ساتھ شہد کے بنادین۔

نوعدیگر۔ معدے سرد کو گرم کرے اور اشتہا لاوے اور ہاضمے کو قوت دے قرنفل دو درم سنبل ایک درم عود خام پانچدرم نبات ایک من نبات کو بیچ گلاب کے پگھلا کر قوام کرین اور بعد اُتارنے کے ادویہ کوٹ کر چھان کر اُسپر چھڑکین اور بہتر یہ ہو کہ دیگ سنگین

مین پکاوین۔

نوعدیگر۔ معدے کی اصلاح کرے اور اشتہا پیدا کرے عود خام پانچدرم پوست ترنج دس درم مصطگی ایک مثقال نبات ایک من بدستور مسطور بناوین۔

نوعدیگر۔ معدے کو قوت دیوے اور اشتہا لاوے مجرب ہی عود قاقلہ ہر ایک دو درم پوست ہلیلۂ کابلی جو بیس مثقال جملہ کو جوکوب کرکے خمر و گلاب کثیر المقدار مین بھگوئین ایک رات دن بعد اُسکے صاف کرکے قند سفید نصف رطل ملاکر قوام کرین عنبر نصف مثقال اضافہ کرین۔

جوارش عود مسہل۔ واسطے رطوبت و برودت کے نافع ہی اور بیچ ادویۂ امعا کے آویگی اسلیے کہ یہ امر مقرر ہوا ہی کہ جو مسہل یا قابض ہو وہان کہا جاویگا۔

جوارش عود ترش۔ واسطے اُٹھانے اشتہا کے قوی تر ہی اور محرور کو مناسب تر ہی اور ذائقے مین لذیذ تر اور معلوم کرین کہ یہ سب نسخے جوارش عود کے کہ مرقوم ہوئے ہین جس نسخے کو چاہین باضافہ آب لیمون یا مسکہ یا آب زرشک یا آب صاف تمر ہندی کے اور امثال انکے ترش کرین اور مقدار ترشی کا اور اختیار رکرنا کسی ترش خالص کا حموضات سے مفردہ و مجموعہ موافق حاجت کے مفوض اوپر رائے طبیب کے ہی اور رف دیہ کہ اکثر بیچ جوارشن عود کے مستعمل ہین یہ ہین نخود زنجبیل قرنفل فلافل ہیل قاقلہ زعفران خولنجان دارچینی اور مصطگی بسباسہ کبابہ مشک عنبر سلیخہ ساذج اشنہ قرفہ سنبل اذخر جوزبوا انار مشک صعتر فرنجمشک پوست اترج کا نور السے جو مناسب حال کے ہو جمع کرکے ترتیب دیوین۔

جوارش عود ترش اکبری۔ کہ دل اور جگر اور معدے کو قوت دے زنجبیل بادیان فرنجمشک گاؤزبان زرشک صمغ عربی قرنفل مصطگی سنبل الطیب قرفہ زرنب جوزبوا بسباسہ ہیل پوست بیرون پستہ زعفران دارچینی مشک کافور شربت سیب شربت آلو قند و عسل ہر ایک بقدر حاجت اور گھٹانے بڑھانے مین ادویہ کے حسب حاجت مختار ہون اور ترشی اگر زیادہ چاہین سرکہ یا لیمو یا تمر ہندی قوام مین زیادہ کرین۔

جوارش آملہ۔ معدے و دل و جگر کو قوت دے اور اشتہا لاوے اور غذا کو ہضم کرے آملہ مقشر پانچدرم عود مصطگی ہر ایک تین درم عنبر آدھا مثقال قند سفید نصف من آب لیمون آب سماق ہر ایک دس درم بدستور مشہور بناوین۔

نوعدیگر۔ کہ معدے کو قوت دے اور اشتہا لاوے اور سردی معدے کی لیجاوے اور قوت دل کی زیادہ کرے اور فرح پیدا کرے شیر آملہ بیس مثقال پوست بیرون پستہ مصطگی عود خام پوست ترنج زرشک بیلات سنبل الطیب ہر ایک تین درم عنبر اشہب ایک مثقال قند سفید ڈیڑھ من اور نسخہ دوسرا جوارش آملہ کا کہ قابض ہی بیچ ادویۂ امعا کے آویگا۔

جوارش مصطگی۔ سردی معدے و جگر کو نافع ہی

اور بلغم کو دفع کرے اور نکلنے پانی کو منھ سے موقوف کرے مصطگی تین مثقال کوٹ کر ساتھ ایک من قند و تیس درم گلاب کے دیگ سنگی مین قوام کرین اور بہتر وہ ہی کہ مصطگی کو بعد قوام کے ملا دین تنہا پیسکر یا ساتھ گلاب کے حل کر کے۔

جوارش عنبر۔ سردی معدہ و بدی ہضم و خفقان و اوجاع رحم کو نافع ہی اور واسطے مشائخ کے نہایت مفید قاقلتین بسباسہ دارچینی ہر ایک چار درم دارفلفل زنجبیل ہر ایک دس درم دوالہ مصطگی عنبر ہر ایک دو درم قرنفل زعفران ہر ایک اڑھائی درم جوزبوا پانچ درم مشک ایک درم کوٹ کر چھان کر شہد مین گھولین مقدار شربت ایک مثقال۔

نوع دیگر۔ معدے و دل کو قوت دیوے اور باہ کو زیادہ کرے اور منافع بہت رکھتی ہی قاقلہ بسباسہ لسان ذکر ہر ایک چار مثقال دارفلفل زنجبیل ہر ایک آٹھ مثقال قرفہ قرنفل انیسون بزر البنج مشک ترکی ہر ایک ایک دانگ عنبر اشہب دو درم روغن بلسان چار درم پہلے عنبر کو روغن بلسان مین پگھلا کر برابر سب کے قند سفید اضافہ کر کے ساتھ شہد کف گرفتہ کے بنا دین مقدار شربت محرور المزاج کو آدھا درم اور مرطوبی کو ایک درم۔

نوع دیگر۔ معدے کو گرم اور ریاح غلیظ کو تحلیل اور بلغم کو قطع کرے اور دل و دماغ کو قوت دے اور جو اسکو تیز کرے ہیل دارچینی دارفلفل زنجبیل جوزبوا ہر ایک ایک درم اسارون قرنفل زعفران ہر ایک آدھا درم عنبر مشک ہر ایک دو دانگ نبات سفید ایک رطل جیسا کہ معمول ہی بنا دین۔

نوع دیگر۔ کہ اکیلے عنبر سے بنا دین اور قریب النفع اور جوارشات عنبری مذکور سے ہی عنبر ایک مثقال قند سفید ایک من قند کو قوام کر کے اُتار لیوین اور عنبر اُسمین حل کرین۔

جوارش مشک۔ ریاح معدے کو دفع کرے اور خفقان و بواسیر کو نافع ہی فلفل قاقلتین دارفلفل زنجبیل ہر ایک دس دس درم مشک نصف مثقال قند سفید ساٹھ درم کوٹ کر چھان کر شہد مین بنا دین مقدار شربت دو درم۔

نوع دیگر۔ واسطے ضعیف معدے و نفخ معدے و برد جگر و انعاش حرارت غریزی و کسر ریاح بواسیر و ازالہ خفقان فواد کے نافع ہی مشک نصف مثقال قاقلہ خیربوا قرفہ زنجبیل دارفلفل ہر ایک دس دس درم دارچینی تین درم عود ایک اوقیہ زعفران دو درم قند سفید برابر سب کے عسل اُس مقدار کہ ادویہ اُسمین ملائی جاوین اور بیچ نسخے کفایہ کے عود دس درم مشک ایک درم۔

نوع دیگر۔ واسطے سردی معدے و جگر و احشا و خفقان و غشی و تقویت حرارت غریزی کے نافع ہی مشک آدھا مثقال قرفہ دارچینی جوزبوا قاقلہ صغار قرنفل خولنجان دارفلفل عود ہندی ہر ایک پانچ درم زعفران دو درم قند سفید نصف رطل شہد صاف سہ چند مقدار شربت نصف مثقال سے ایک مثقال تک۔

جوارش فواکہ - معدہ و دل و جگر و احشا کو قوت دے اور قی موقوف کرے اور صفرا کو دفع کرے اور اگر اس سے نقل کرین خمار کو دفع کرے آب انار ترش و شیرین آب سیب آب بہی آب امرود آب غورہ آب زرشک آب سماق آب لیمون مجموع مساوی الوزن جوش کرین یہانتک کہ ربع رہے پس اُتار کے قند کو قوام کرکے سب پانی اُسمین ملاوین اور پھر قوام کر لین -

جوارش تفاحی - واسطے تقویت معدے و جگر کے نافع ہی اور صاحب خفقان و اصحاب سودا کو مفید ہی سیب شیرین خوشبودار چھلکے اور بیج سے پاک کرکے کوٹین اور پانی اُسکا اڑھائی رطل اور گلاب و شکر سفید و عسل ہر ایک ایک رطل اُسمین اضافہ کرکے جوش کرین کہ قوام ہو جاوے بعد اُسکے سنبل دارچینی بادرنجبویہ قرنفل مصطگی ہر ایک ایک درم گاؤزبان عود خام ہر ایک دو دو درم کوٹ کر چھان کر ملاوین مقدار شربت پانچدرم -

نوع دیگر - کہ معدے کو قوت دے اور اشتہا لگاوے اور ہضم زائد کرے سیب شیرین پکا ہوا خوشبودار ایک رطل پوست و تخم سے پاک کرکے بیچ مثلث یا خمیر کے بھگوئین دو رات دن تک بعد اُسکے جوش کرین یہانتک کہ پک جاوے بعد اُسکے کوٹ کر عسل اُسمین جسقدر منظور ہو اور مناسب ہو ڈالکر پکاوین یہانتک کہ قریب بستہ ہونے کے پہونچے پس زنجبیل قاقلہ نارمشک ہر ایک نصف مثقال عود دارچینی ہر ایک ربع مثقال زعفران نصف درم مشک نصف دانگ باریک کرکے ملاوین اور ہلاوین تو برابر ہو جاوے -

جوارش سفرجل - واسطے تقویت معدہ و جگر کے نافع ہو اور جس شخص کی کہ بھوک جاتی رہی ہو اور طعام ہضم نہوتا ہو فائدہ کرے بہی کلان زحست پوست و تخم سے پاک کرکے کوٹین عصارہ اُسکا موافق دو قسط رومی کے لیکر عسل کف گرفتہ برابر اُسکے اور سرکہ خمر کا ڈیڑھ قسط اُسمین ملاکر نرم آگ پر پکاوین اور کف نکالتے جاوین بعد اُسکے زنجبیل تین اوقیہ فلفل سفید دو اوقیہ کوٹ کر اُسمین ملاکر قوام کرین اور چاہیے کہ پیش از غذا بدو ساعت یا تین ساعت کھاوین اور اگر بعد طعام کے کھاوین ضرر نہین ہی اور جب مریض کے معدے مین گرمی یا صفرا ہووے فلفل و زنجبیل نکال ڈالین اور جب مزاج معدے کا متوسط ہو یعنے اجتماع صفرا و بلغم سے پاک ہو فلفل ایک اوقیہ زنجبیل ڈیڑھ اوقیہ یعنے نصف وزن پہلے کا ڈالین اور اگر معدہ بلغمی ہی فلفل چار اوقیہ و زنجبیل چھ اوقیہ یعنی مضاعف وزن پہلے کا ڈالین -

نوع دیگر - کہ اشتہا لاوے اور معدے کو قوت دے عصارہ بہ و عسل ہر ایک تین رطل سرکہ بہت تیز دو رطل جملہ کو یکجا کرکے اوپر آگ کوئلے کے پکاوین اور کف پھینکتے جاوین اور زنجبیل پانچدرم فلفل سیاہ و سفید دارفلفل عود خام ہر ایک تین درم دارچینی دو درم کوٹکر چھانکر اُسمین اضافہ کرکے قوام کرین اور نسخے قابضہ و مسہلہ جوارش سفرجل کے بیچ ادویۂ امعا کے مذکور ہونگے -

جوارش نارمشک - واسطے درد معدہ و ضعف معدے کے کہ برودت سے ہو نافع ہی نارمشک

قلفل دارفلفل ہر ایک دو درم دارچینی چار درم میعہ سنبل کندر ہر ایک پانچدرم قند سفید تیس درم کوٹ کر چھان کر ساتھ ہچند شہد کے ملا کر بناوین مقدار شربت دو مثقال ساتھ پانی سرد کے قبل غذا و بعد غذا کے تناول کرین اور نسخے مسہلہ اسکے ادویۂ امعا مین آوینگے۔

نوعد بگر۔ واسطے ضعف معدہ و استسقاے طبلی کے نافع ہی نار مشک تین درم بال ایک درم قاقلہ دو درم دارچینی چار درم دارفلفل پانچدرم قند سفید تیس درم کوٹ کر چھان کر ساتھ شہد کے ملائین مقدار شربت دو مثقال۔

جوارش شکر۔ معدے کو قوت دے اور بلغم کو تحلیل کرے اور بھوک لگاوے قاقلہ کبابہ قرنفل زنجبیل دارچینی زعفران دارفلفل ہر ایک تین درم فلفل عود ہر ایک ایک درم شکر سفید ایک رطل ادویہ کوٹ کر چھان کر شکر معقوم مین ملاوین۔

جوارش بزوری۔ معدے کو قوت دے اور غذا کو ہضم اور ریاح کو تحلیل کرے تخم کرفس نانخواہ ہر ایک دو درم مصطگی خولنجان قرفہ قرنفل ہر ایک تین درم حب الآس بریان حبش درم ایل پانچدرم کوٹ کر چھانکر ساتھ شہد مصفا کے تیار کرین مقدار شربت تین درم۔

جوارش سمسم۔ معدے کو قوت دے بھوک لاوے اور شہوت ردیہ حاملہ عورتون کی دفع کرے اور رنگ بوا چھا کرے کنجد مقشر دس درم زرنباد تخم کرفس زیرہ کرمانی نانخواہ ہر ایک دو درم کندر زنجبیل فلفل دارفلفل دارچینی قاقلہ ہر ایک تین درم قند سفید نوے مثقال قند کو گلاب مین قوام کرکے ادویہ کو بعد کوٹنے اور چھاننے کے اسمین ملا کر تیار کرین۔

جوارش فلافلی۔ واسطے درد معدہ اور سردی معدہ و جگر کے اور کثرت بلغم و رطوبت کے اور کثرت ڈکار کے اور واسطے سوء استمرار کے جو سردی سے ہو نافع ہی اور ریاح غلیظ کو تحلیل کرے اور شہوت کلبی اور ابردہ کو فائدہ کرے اور حمی ربع و بلغمی کو قلع کرے اور ادرار بول کرے فلفل سیاہ و سفید دارفلفل ہر ایک دو اوقیہ چوب بلسان ایک اوقیہ سنبل الطیب حماما ہر ایک چار درم زنجبیل تخم کرفس سیسالیوس رومی سلیخہ اسارون راسن ہر ایک ایک درم ادویہ کوٹکر چھانکر ساتھ سہ چند شہد مصفا کے تیار کرین اور ایک نسخے مین ہر ایک فلفل ثلثہ سے تین اوقیہ ہی اور اوزان باقی ادویہ کے بحال ہین مقدار شربت ایک درم ساتھ آب گرم کے اور بیچ شفاء الاسقام کے کہ بجاے راسن کے انبر باریس لکھا ہی اغلب یہ ہی کہ ناسخ اول کی خطا ہی اسلیے کہ بیچ قانون و دیگر کتب معتبرہ کے راسن مرقوم ہی

جوارش کمونی۔ نسخہ قدیم و قوی التاثیر ہی بیچ تقویت معدے کے اور ہضم طعام کے اور ازالۂ شہوت کلبی کے اور جشاے حامض کے اور اوجاع احشا کے جو بلغم و برد سے ہو اور واسطے اوجاع باردۂ انثیین و مفاصل کے اور ریاح کو تحلیل کرتی ہی اور تخمہ کو دور کرتی ہی اور مداومت اُسکی بیچ رفع کرنے قولنج دموی کے مجرب ہی اور طلا کرنا اسکا عانہ پر واسطے سلس البول کے مفید ہی اور اُسکے نسخون مین جو دواؤن مین یا اوزان مین تفاوت و فرق ہی باعتبار حاجت کے اور تفاوت مزاج کے ہی جیسا مشروحا بیان

ہو گا اور معلوم کرین کہ اجزاے اصلی اس نسخے کے کمون مدبر و سداب و زنجبیل و فلفل و بورہ ہین پس جب طبع مریض کی قبض ہو اور مزاج اُسکا قولنجی ہو اجزاے مذکورہ برابر لیوین اور بورہ سرخ کہ منظور ہی اختیار کرین کہ قوت مسہلہ اسمین غالب ہی اور بعضے لوگون نے بورہ کو زیادہ کیا ہی اُسوقت مین اور افتیمون کو بھی زیادہ کیا ہی اور فلفل سفید بیچ امر اسہال کے سیاہ سے بہتر ہی اور سیاہ قوی زیادہ ہی سفید سے بیچ ادرار کے لازم ہی کہ ادویہ کو جریش یعنی دردری رکھین اور بہت باریک نہ کرین کہ ملاک امرباب اسہال مین رعایت کرنا اسکا ہی ضروری کما نص علیہ الشیخ مع حکایت مصاحبہ اور اگر ساتھ شہد کے ان اجزا کو ملاوین چاہیے کہ ساتھ شہد شیر منزوع الرغوہ ہو لانہ اعون علی الاسہال اور جب طبع نرم ہو بورہ کم ڈالین مثلاً اگر اجزاے اصلیہ دیگر ہر ایک سے دو جزو ہون بورہ ایک جزو کرین بلکہ نصف جزو اور اُسوقت بورہ سواے سرخ کے اور رنگ کا اختیار نہ کرین اور افتیمون موقوف رکھین پس اگر ادرار مطلوب ہو نا خواہ زیادہ کرین موافق حاجت کے اور ادویہ کو باریک کرین اور ساتھ شہد مطبوخ منزوع الرغوہ یعنی کف گرفتہ کے ملاوین اور فلفل سیاہ کو اس حالت مین مناسب جانین لماذکر اور زیرے کو بہرحال سرکہ مین بھگو کر خشک و بریان کرکے کام مین لانا ضرور ہی اسلیے کہ یہ عمل مصلح و مقوی اُسکی تلطیف کا ہی اور کمونی مین زیرہ سیاہ مستعمل ہی کہ اُسکو کرمانی کہتے ہین اور اُسکے بریان کرنے مین احتیاط کرین ایسا نہو کہ جلجاوے اور سداب کہ مستعمل ہوتا ہی چاہیے کہ تازہ لیکر سایہ مین خشک کرین اور جسوقت کہ لائق کوٹنے کے ہوا اور کبھی خشکی خوب اُسمین نہ آئی ہو کوٹکر داخل کرین اسلیے کہ سداب بہت خشک نہایت گرم و حار ہوتا ہی اور جانین کہ اجزاء کمونی کو بھی بطور سفوف کے بدون ملانے شہد کے استعمال کرتے ہین لیکن سفوف کمونی کا بیچ ماء الشعیر کے یا بیچ غذاے دیگر کے موافق حال کے ہو ملا کر کھاتے ہین قبل از طعام یا بعد از طعام اور جو ساتھ شہد کے مرکب ہو اُسکو بعد طعام کے استعمال کرنا اوفق ہی اور دریافت کرین کہ کمونی کو بلع کرین یعنی نگلجاوین اور نہ چبائین اسلیے کہ بورۂ ارمنی آنتون کو نقصان کرتا ہی اگر چباوینگے اور جو بیچ اوزان و اجزاے نسخے کمونی کے اختلاف زیادہ ہی اس سبب سے بھی کہ لکھا گیا نسخے مذکور بعینہا لکھے جاتے ہین تو موافق حاجت کے اختیار کرین۔

نسخۂ کمونی - کہ برودت معدہ و شہوت کلبی و حمیات بلغمی و سوداوی اور فواق امتلائی و بلغمی و قولنج ریحی و فتق کو نافع ہی اور ریاح کو توڑے زیرۂ کرمانی مدبر پچاس درم فلفل سیاہ پندرہ درم زنجبیل سداب ہر ایک بیس درم بورۂ ارمنی پانچدرم عسل تین وزن ادویہ کا۔

نوع دیگر - زیرۂ مدبر سات اوقیہ فلفل تین اوقیہ زنجبیل چار درم بورۂ ارمنی دو درم شہد مین بناوین اور اس نسخے مین سداب داخل نہین ہی۔

نوع دیگر - واسطے سردی معدہ و حمیات بلغمی و سوداوی و بردی انثیین و فواق کے کثرت بلغم سے ہو اور واسطے درد شکم کے نافع ہی زیرۂ کرمانی مدبر دو رطل بغدادی فلفل تیس درم برگ سداب زنجبیل چالیس درم بورۂ ارمنی دس درم عسل سہ چند اور اگر چاہین کہ مسہل ہو تربد موصوف پچاس درم زیادہ کرین۔

نوع دیگر - کہ مسمی بہ کمونی کبیر ہی زیرۂ مدبر دو رطل فلفل تیس درم

زنجبیل ورق سداب ہر ایک چالیس درم بورۂ ارمنی دس درم سلیخہ رومی دارچینی حب بلسان قرفہ سنبل الطیب مصطگی ہر ایک چار درم عسل صاف سہ چند مقدار شربت ایک مثقال سے دو مثقال تک۔

نوع دیگر۔ کہ مسمّیٰ ہی بہ کمونی اکبر اور ترکیب اس فقیر کی ہی اور سب خواص مذکورہ مین قوی تر ہی اور واسطے تقویت معدہ و دل و دماغ کے اور نرم کرنے طبع کے اور دفع ڈکار دخانی کے قوی الاثر ہی اور جو شخص کہ معتاد ہو درد معدے کا یا قولنج کا اور مداومت اُسکی کرے ایمن رہے اُسکے حدوث سے بامر خالق تعالیٰ کے زیرہ کرمانی مدبر پچاس درم فلفل سفید اصیل فلفل سیاہ ہر ایک سات درم سداب موصوف پندرہ درم دارچینی بورۂ سرخ ہر ایک پانچ درم زنجبیل مربی چالیس درم ہلیلہ مربی خستہ دور کیا ہوا ساٹھ درم گلقند سو درم مربائے زنجبیل مربائے ہلیلہ کو کوٹین تو مانند معجون کے ہووین ادویہ کو کوٹکر لیکن خوب باریک نہ کرین چھانکر اُسمین ملاوین اور اگر لذیذ چاہین بیچ قوام نرم قند سفید و شہد کے کہ بالمناصفہ ہو سو درم یا کم اس سے قوام کرکے اضافہ کرین مقدار شربت چار درم سے چھ درم تک ہی اور یہ جوارش حدت مین کمتر اور قوت مین قوی تر ہی

جوارش طالیسفر۔ واسطے سردی معدے کے اور ریاح غلیظۂ معدہ و کبد کے نافع ہی طالیسفر پانچ درم زنجبیل بیس درم فلفل بارہ درم ہیل قرفہ ہر ایک چھ درم شکر طبرزد پانچ رطل۔

جوارش صندل۔ واسطے سوء ہضم کے کہ حرارت سے ہو نافع ہی ورد طباشیر صندل مقاصری ہر ایک پانچ درم مصطگی سک مشک سنبل عود خام ہر ایک ایک مثقال انبر باریس تخم ربع الحب چار درم کافور دو درم کوٹکر چھانکر رب سفرجل مین بناوین مقدار شربت چار درم۔

جوارش کہربا۔ واسطے اوجاع معدے کے نافع ہی کہربا گل سرخ انبر باریس ہر ایک چار درم عود خام مصطگی زعفران ہر ایک تین درم سنبل الطیب کمون ہر ایک دو درم قند سفید اُسقدر کہ دوائین ملجاوین مقدار شربت دو درم ساتھ شربت سیب کے۔

جوارش طباشیر۔ واسطے حرارت معدہ اور ضعف معدے کے طباشیر دس درم گل سرخ سماق وانیسی پاک کیا ہوا ہر ایک تین درم قاقلہ کبار گلنار عود ہندی مصطگی ہر ایک نیم درم بیچ جلاب کے جو ساتھ پانی بہی کے قوام کیا گیا ہو ملاوین مقدار شربت تین درم تک ہی۔

جوارش قند ادیقون۔ واسطے درد پشت و معدے کے اور واسطے ضعف معدے کے کہ سبب اُسکا برد اور تولد ریاح غلیظ ہو نافع ہی زنجبیل فلفل سنبل ہر ایک چھ درم مصطگی نانخواہ ہر ایک چار درم تخم کرفس فودنج بری ہر ایک پانچ درم کمون سلیخہ بلبسان عاقرقرحا ہر ایک دو درم سافج ہندی ایک درم ساتھ شہد کے ملاوین مقدار شربت نصف مثقال۔

نوع دیگر۔ کہ معدے کو گرم کرے اور ریاح توڑے اور معدے و امعا کو نافع ہی تخم کرفس فودنج بری ہر ایک پانچ درم سداب زعفران انجدان زنجبیل جاشا مغز بادام شیرین ہر ایک چھ درم کندر مغز بادام تلخ ہر ایک دو درم فلفل آٹھ درم عسل دو چند یا سہ چند۔

جوارش بلادر۔ واسطے درد معدے قدیمی کے اور برد و نسیان کے اور تحسین رنگ کے اور تلطیف فکر و ذہن کے

نافع ہی وہو جوارش الحکماء ویقال انہ لسلیمان علی نبینا وعلیہ السلام فلفل دارفلفل ہلیلہ سیاہ بلیلہ آملہ جند بیدستر ہر ایک چار درم قسط بلادر دو درہم شکر طبرزد حب الغار ہر ایک بارہ درم سعد آٹھ درم بلادر کو اکیلا خوب کوٹین اور باقی ادویہ کو بھی کوٹکر چھانکر بعد اُسکے روغن گاؤ وعسل بالسویہ جوش کرکے بلادر کی ہوئی اور ادویہ چھانی ہوئی کہ اُسمین ڈالین اور منعقد کرین اور بعد چھ مہینے کے استعمال کرین مقدار شربت دو درم ساتھ جوشاندے کرفس ورازیانہ کے۔

فائدہ - استعمال کرنیوالا اس جوارش کا چاہیے کہ تعب وغم وحرارت وجماع سے اور پینے شراب کثیر سے باز رہے اور شوربائے اسفیدباج لطیف تناول کرین۔

جوارش فنجنوش - واسطے استرخاے معدہ ورباح بواسیر کے اور فساد مزاج کے اور برائی رنگ بدن کے اور کرنے باہ کے نافع ہی ہلیلہ بلیلہ شیر آملہ فلفل دارفلفل زنجبیل سعد شیطرج ہندی سنبل الطیب ہر ایک دس درم تخم شبت تخم گندنا ہر ایک چار درم خبث الحدید مدبر سو درم کوٹ کر ساتھ شہد کف گرفتہ وگھی گاے کے کہ بقدر حاجت ہون تیار کرین اور بعد چھ مہینے کے استعمال کرین مقدار شربت دو درم اور اگر مشک خالص دو درم بھی داخل کرین روا ہی اور تدبیر خبث الحدید کی کہ فارسی مین فنجنوش کہتے ہین یون ہی کہ برادہ لوہے کا باریک کرکے سرکہ انگوری یا شراب ریحانی مین بھگوئین ادنی مدت ایک ہفتہ ونہایت سولہ دن بعد اسکے سایہ مین خشک کرکے چمچے آہنی مین بریان کرکے کام مین لاوین اور اگر بعد بریان کرنیکے بیچ روغن بادام یا گھی گاے کے کہ برابر خبث الحدید کے ہون خوب صلایہ کرکے عمل مین لاوین بہتر ہی اور اس قدر پر حاجت ملانے اور روغن کے وقت ملانے عسل کے نہین ہی اسلیے کہ جزو اعظم اس جوارش کا فنجنوش ہی اس سبب سے اس جوارش کا نام فنجنوش رکھا گیا

نوع دیگر - کہ معدے کو قوت دے وگرم کرے اور بلغم ابرادیہ کو نافع ہی اور ریاح زائد کرے اور مجرب ہی ہلیلہ کابلی ہلیلہ آملہ فلفل دارفلفل زنجبیل زیرہ تخم شبت تخم کرفس تخم گندنا تخم جرجیر تخم شلجم تخم جوز بگل سرخ سلیخہ سعد کوفی دارچینی قرنفل جوزبوا ہر ایک ایک درم بسباسہ ہیل قاقلہ سک عود خام مشک ہر ایک دو درم جبا ازتباد سفید تین اوقیہ خبث الحدید مدبر برابر سب اجزا کے عسل صافی دوچند یا سہ چند سب اجزا کا۔

نوع دیگر - کہ یہی عمل کرے شیطرج ہندی زرنب حب بلسان طالیسفر ہال ہلیلہ سیاہ ہلیلہ زرد بلیلہ آملہ سلیخہ قرنفل حب محلب ہر ایک چھ مثقال نعناع فلنجہ زرنباد درونج دارفلفل ہر ایک چار مثقال دارچینی سنبل جوزبوا قسط زنجبیل فلفلمون ہر ایک تین مثقال سد دس مثقال شکر سفید سولہ مثقال خبث الحدید مدبر ہر ایک من مشک نصف درم عسل مصفا دوچند یا سہ چند سب اجزا کا۔

نوع دیگر - واسطے برد معدہ وبواسیر کے نافع ہی ہلیلہ کابلی بلیلہ آملہ اصل السوس زنجبیل عود نی جوزبوا سک ورد سنبل اذخر مصطگی ہر ایک دس درم مشک ایک درم برادہ ابرہ شراب ریحانی مین مدبر کیا ہوا برابر سب اجزا کے روغن بادام یا روغن گاؤ مین چرب کرکے شہد مین بناوین مقدار شربت دو مثقال ساتھ شراب ریحانی یا نبیذ کے۔

نوع دیگر - واسطے ضعف معدہ حار کے نافع ہی ہلیلہ کابلی بلیلہ آملہ اصل السوس مقشر گل سرخ اذخر

ہر ایک دس درم خبث الحدید سرکے مین ہرا بر سب کے
شہد طبرزد یعنی نبات معقوم مین بنائین مقدار شربت دو درم
ساتھ شربت سیب کے ۔

جوارش متوکل منسوب بہ سلمویہ ۔ واسطے تقویت
معدہ و سوء ہضم کے مجرب ہو اور اسرائیل متوکل اسکو استعمال
کرتا تھا سنبل قرنفل دارچینی جوزبوا قاقلہ سک ہر ایک
ایک مثقال فلفل سفید زنجبیل جندبیدستر ہر ایک دو مثقال
لسان ذکر ابعض چار مثقال قند سفید برابر سب کے ادویہ
کوٹ کر چھان کر انہیں ملاکر ساتھ شہد صافی کے تیار
کرین مقدار شربت تین مثقال ۔

جوارش انجدان ۔ واسطے نفخ شکم و معدہ و قراقر
ریح غلیظ کے نافع ہو انجدان اسود چودہ درم فلفل تخم کرفس
ہر ایک دس درم فطراسالیون مامیران تو تیج حاشا سیسالیوس
ہر ایک آٹھ درم کاشم تیرہ درم عسل سہ چند ۔

جوارش کافور ۔ واسطے ضعف معدے و جگر کے نافع ہو
اور سدد کرتی ہو اور ہضم کے اور ریاح کو دور کرتی ہو کافور زعفران
ہو دقاقلتین کبابہ قاشم قرفہ قرنفل اشنہ سنبل بسباسہ صندل
سفید فلفل دارفلفل دارچینی شیطرج نار مشک شقاقل خولنجان
سعد جوزبوا زنجبیل فلفلمون یہ جملہ برابر شکر سفید برابر سب کے ۔

نوع دیگر ۔ واسطے سوء ہضم و ضعف معدہ و بلغم غلیظ کے نافع
ہو فلفل جوزبوا زنجبیل قرنفل بسباسہ قرفہ دارچینی نارغیث
فلفلمون نارقیصر قرنفل بستانی کافور زعفران ہر ایک
دو درم ساتھ شہد صافی کے بنائین ۔

نوع دیگر ۔ کہ قوی زیادہ دونون نسخون پہلے سے ہو زنجبیل
فلفل دارفلفل قرفہ دارچینی ساذج ہندی سنبل الطیب
شیطرج ہندی جوزبوا صندل زرد حب بلسان قاقلہ بسباسہ
قرنفل نارغیث طالیسفر سعد طباشیر عود ہندی ہر ایک
نصف اوقیہ کافور مشک ہر ایک اڑھائی درم قند سفید
ساڑھے دس اوقیہ شہد مین بناوین ۔

جوارش دارچینی ۔ واسطے ضعف معدے و جگر و
گردے کے اور تنقیہ اخلاط غلیظ کے اور دفع کرنے ریاح
کے نافع ہو دارچینی عود راسن ہر ایک چھ درم قرنفل
فلفل سیاہ دارفلفل سنبل اسارون ہر ایک پانچ درم
زنجبیل ایک اوقیہ نعناع آٹھ درم خیربوا قرفہ ہر ایک
دو درم انیسون سلیخہ رازیانہ کبابہ یعنی مصطگی ہر ایک دو
درم صاف شہد مین بناوین ۔

جوارش زنجبیل ۔ واسطے ضعف معدے و امعا کے
اور ہضم کرنے طعام کے اور دفع کرنے ریاح کے نافع ہو
اور بھٹینے کو مفید ہو اور شکم کی حابس ہو زنجبیل بہمن درم
صمغ عربی خیربوا ہر ایک پانچ درم جوزبوا ایک عدد زعفران
ایک درم نشاستہ بیالیس درم قند سفید ایک رطل

جوارش تمر ہندی ۔ عمل عطار کوہین سے واسطے
تقویت معدے و جگر و دل کے اور منع کرنے قے کے
اور اٹھانے اشتہا کے مجرب ہو تمر ہندی پوست و
دانے سے پاک کی ہوئی مویز کلان دانے سے پاک کیا
ہوا اور خل خمر مین ترکیا ہوا اور انار دانہ ہر ایک ایک
رطل لیکر جدا جدا کوٹین تو تمر ہندی و مویز مانند مرہم کے
ہو جاوین اور انار دانے کو پارچہ بز کرین لیس تینون کو
ایک جا کر کے خوب ملا دین بعد اسکے قند سفید اس مقدار
کہ مزہ دوا کو مائل بہ شیرینی کر دے قوام کرین جب قریب

خوام کے بیچ تینون دوائین کوٹی ہوئی اُسمین ملا کر ہلاوین تو سب یکسان ہوجاوین اور اُسوقت آب لیمون وسرکہ تیز وآب حصرم کو تسقیہ کرتے رہین آہستہ آہستہ اور ہلاتے رہین اور اگر غورہ موجود ہو تو آب انار ترش بدلے اسکے ڈالین اور آخیر طبخ مین ورق نعناع و ورق ریحان صعتری و حماما بقدر حاجت کے اضافہ کرین اور وقت اُتارنے آگ سے فلفل زنجبیل قرفہ بال قرنفل کباسہ جوزبوا عود قاقلی اُس مقدار کہ مزہ خوب ظاہر ہو کوٹکر چھان کر زیادہ کرین اور تھوڑا گلاب کہ تھوڑا مشک اُسمین حل کیا ہو ڈال کر کے اُتار لیوین اور پاکیزہ باسن مین کہ پہلے اُسکے عود کا بخور کیا ہو اور مشک ملا ہو رکھین اور استعمال کرین اور چاہیے کہ اس دواکو دیگ سنگین مین پکاوین -

جوارش خوزی - ہاضم ہے ادویہ جگر مین آویگی اور معا مین بھی -

جلنجبین - معرب گل انگبین کا ہے اور سکری کو فارسی مین گلقند و گل شکر کہتے ہین اور عربی مین جلنجبین شکری قوت عسلی کی چار سال تک رہتی ہے اور قوت شکری کی دو برس تک عسلی آخر دوسرے درجہ مین گرم وخشک اور شکری اول دوسرے درجہ مین گرم اور یبوست مین معتدل اور دونون مقوی معدہ و دماغ اور مجفف رطوبات غریبہ معدے کے ہین اگر نہار خوب چبا کر کھاوین اور بعد غذا کے صعود بخارات کو طرف دماغ کے منع کرتے ہین اور عسلی واسطے مبرودین کے اور فضول باردہ کو اوفق ہے اور واسطے درد مفاصل و نقرس و دماغ کے

اور تفتیح سنگ گردے و مثانے کے اور حبس بول کے نافع ہے اور ساتھ زیرے کے کہ ربع اُسکا ہو واسطے تحلیل ریاح غلیظ و درد کمر و ہضم طعام کے مفید ہے اور جو ساتھ تربد و تخم کرفس کے جوش کر کے صاف کرین اور مکرر تناول کرین ازالۂ فالج ولقوہ و استرخاے زبان کا کرے اور واسطے ابتداے وجع مفاصل کے مجرب جانا ہے اور شکری واسطے محرورین و یابس المزاج کے اوفق ہے اور واسطے وسواس وجنون کے نافع ہے اور صاحب شفاء الاسقام نے بیچ تپ دق کے لکھا کہ اگر شکم مدقوق کا کھانے دودھ سے جو نرم ہو گلقندین تو قبض ہو اور شیخ رئیس نے بیچ بحث سل کے فرمایا کہ گلقند تازہ دین یہانتک کہ نان خورش بھی ہو کہ کثیر النفع ہے اور گلقند شکری ساتھ گل سرخ پسی ہوئی اور طباشیر کے معدے گرم کو نفع کرتا ہے اور جو گلقند کو ساتھ مثل اسکے اسطوخودوس و نصف اُسکے مربائے بنفشہ ملا کر مداومت کرین ریاح غلیظ و بخار کو اور ضعف باصرہ و درد سر و شقیقہ و اخلاط سوختہ و سدد کبد کو دور کرے اور اُسکو اطبا نے مجرب جانا ہے اور جو ساتھ تمرہندی و عناب کے جوش کرین بیچ ازالۂ سدد کے نہایت مفید ہے اور گلقند کو جو جوش کر کے صاف کرین قائمقام شربت ورد مکرر کے ہے لہذا شیخ رئیس نے لکھا کہ جوشاندہ اُسکا قوی التلیین ہے اور بیچ حمی ربع کے فرمایا کہ جو اُسکو بہت جوش کرین قائم مقام ماء الجبن کے ہوتا ہے مقدار شربت اُسکا بیچ جوشاندے کے چودہ مثقال تک اور اُسکے جرم سے چار مثقال اور جوش مین چاہیے کہ پانی چھ حصے اُسکے ہو

یہانتک کہ جوش مین تہائی رہجاوے اور کہتے ہین کہ گلقند
سورث پیاس کا ہی اور جگر کو مضر ہی مصلح اُسکا خشخاش لیکن
قول ساتھ مضر ہونے گلقند کے جگر کو خلاف قیاس و تجربہ
مذاق کے ہی لہذا صاحب شفاء الاسقام نے تصریح کیا اور
کہا کہ السکری مقوی الکبد و العسلی تنفع الاستسقاء اور صنعت
جلنجبین شکری کی یون ہی کہ گل سرخ تازہ اقماع اور
تخم سے پاک کیا ہوا بیچ باسن پاک کے ہاتھ سے ملین
تو خوب گھلجاوے پس ساتھ قند پسے ہوئے کے ملاوین
کر خوب اُسمین ملجاوے اور تین دن تک ہر دن صبح
و شام اُلٹتے رہین بعد اسکے چالیس دن دھوپ
مین رکھین اور جب شکر کم ہوجاوے اور ملاوین
وزن شکر کا سہ چند نہایت چار چند پھول کے چاہیے
اور بعض لوگون نے بعد ہر دن کے تحریک و اختلاط
لازم جانا ہی اور واجب ہی کہ باسن کو پر نہ کرین تو
جوش نہ کر سکے اور صنعت جلنجبین عسلی کی مانند صنعت
شکری کی ہی یعنی برگ گل کو ملے اور ساتھ شہد کف گرفتہ
کے موافق اوزان مذکورہ کے ملا کر ایام مذکورہ
تک آفتاب مین رکھین اور بعض لوگ ایسا کرتے ہین
کہ ایک جزو پھول کو ساتھ نصف اُسکے قند یا شکر کے
ملاتے ہین تو ملجاوین بعد اُسکے برابر اُنکے شہد کف گرفتہ
مقوم اضافہ کرکے ملتے ہین تو بالکل ملجاوے اور
بعض لوگ زعفران نصف درم خولنجان ایک درم
کوٹ کر چھان کر اضافہ کرتے ہین یہ بیچ امراض باردہ
کے نافع تر ہی اور اگر پھول تازہ میسر نہ آوین برگ گل
خشک کو گلاب مین تر کرین تو نرم ہوجاوین بعد اسکے قند یا
شہد مین ملا کر بطریق معلوم ترتیب دیوین قریب النفع
ساتھ اول کے ہوا ہی اور گلقند جسقدر تازہ بنایا
ہو قلیل الحرارت ہوتا ہی بنسبت اُس گلقند کے کہ
مدت کا بنایا ہو۔

جلنجبین گل بھی۔ واسطے تقویت معدے و دل و دماغ
کے نافع ہی اور طریق بنانے کا وہی ہی جو بیان ہوا۔

حرف الحاء

حب جدوار۔ واسطے تقویت معدے و دل و دماغ
کے اور زیادتی باہ کے مفید ہی جدوار اصیل عنبر اشہب
زعفران ہر ایک برابر کوٹ کر چھانکر گلاب مین گولیان
بناوین بمقدار مرچ سیاہ کے اور دو گولی سے پانچ گولی
تک کھاوین۔

نوع دیگر۔ کہ پہلے سے قوی تر ہی جدوار مروارید دارفلفل
تخم بادرنجبویہ ہر ایک ایک مثقال تخم بالنگو عود قماری
قرنفل کبابہ قرفہ فلفل ہر ایک دو مثقال خصیۃ الثعلب
شقاقل ہر ایک تین مثقال زعفران نصف مثقال
قند سفید بائیس مثقال قند کو قوام کرکے ادویہ کو کوٹکر
چھان کر اُسمین ملا کر گولیان بناوین مقدار شربت
نصف مثقال۔

نوع دیگر۔ واسطے ہضم طعام و باہ وغیرہ کے مذکور
ہوا مجرب ہی جدوار عود زرنباد صندل مصطکی قرنفل
صمغ عربی درونج فلفل دارچینی ہر ایک دو مثقال زعفران
عاقرقرحا مشک ہر ایک نصف مثقال مصری سے
پانی مین گولیان بناوین اور اگر افیون ۳ مثقال

اضافہ کرین واسطے نشے کے خوب ہی لیکن بیچ تقویت باہ کے ضعیف ہوجاوینگے اور اس نسخے مین جملہ اجزا وزن مین برابر ہین۔

حب شبیار۔ واسطے درد معدے کے مجرب ہی اور بیچ ادویۂ سر کے بیان ہوئی ہی۔

حب نارمشک۔ واسطے تحلیل ریاح و درد معدے کے اور تقویت معدے کے نافع ہی بیچ ادویہ امعا کے آویگی لانہ مسہل۔

حب قرص الورد۔ واسطے تنقیۂ خمل معدے کے بلغم سے اور ریح سے اور تسکین درد معدے کے مجرب ہی ایارج فیقرا چھ درم ہلیلہ سیاہ پوست کابلی مصطگی ہر ایک دو درم قرص ورد ملح ہندی ہر ایک تین درم فودنج خشک جوزبوا نانخواہ انیسون قرنفل مربا اجوز ہر ایک ڈیڑھ درم تربد موصوف سات درم فودنج کے پانی مین گولیان بناوین مقدار شربت ایک مثقال ساتھ شربت افسنتین کے یا مییہ کے۔

حب مصطگی۔ واسطے تقویت معدۂ ضعیف کے کہ بلغم و ریح اُسمین پیدا ہو کے باعث رنج و تکلیف کے ہوتے ہون نفع خوب کرتی ہی ہلیلہ سیاہ چار درم پوست ہلیلہ زرد ڈیڑھ درم زنجبیل سنبل ہر ایک دو درم مصطگی تین درم ملح ہندی ایک درم صبر آٹھ درم گندنا کے پانی مین گولیان بناوین قدر شربت ایک درم اور جانین کہ لکھنا ان دونون گولیون کے نسخے کا اور سوا اُسکے اُس مقام مین باوجود اسکے کہ اوپر لکھا ہی کہ اجزا مسہلہ امعا مین مذکور کرینگے اس سبب سے ہی کہ ان گولیون سے اسہال مقصود نہین ہی بلکہ یہ گولیان واسطے امراض مذکورہ کے بدون اسہال کرنے کے نفع کرتی ہی لہذا قدر شربت انکا واسطے مداومت قلیل مقرر ہوا اور اگر کبھی اسہال مطلوب ہو وزن زیادہ کرین۔

حب کبریت۔ واسطے اشتہا و ہضم کے مجرب ہی اور بیچ حرف دال کے بیان ہوگی۔

حب خبث الحدید۔ واسطے ضعف معدے کے نافع ہی اور واسطے بواسیر و نفخ ریاح باردہ کے سودمند ہی خبث الحدید مدبر سو مثقال گندنا کے پانی مین بھگوئین سات رات دن اور ہر دن مین ایک مرتبہ پانی بدل دین اور حب الرشاد سو درم تخم گندنا تخم جرجیر تخم کرفس تخم جوز تخم ترب تخم پیاز تخم حلبہ قلفل ہر ایک پچیس درم کوٹ کر چھان کر گندنا کے پانی مین گولیان بناوین۔

حب انیسون۔ واسطے نفخ و کثرت ریاح و تشنج عصب و نفخۂ انثیین اور درد ریحی کے نافع ہی تخم کرفس خربل انیسون مصطگی زعفران سکبینج مقل ازرق ہر ایک ایک درم ہلیلہ سیاہ بلیلہ آملہ ہر ایک دو درم فودنج فطراسالیون فقاح اذخر قسط اسارون زرنباد و عود الوج ہر ایک نصف درم ساتھ پانی سداب کے گولیان بناوین اور ایک درم کھاوین۔

حب الحالیق۔ واسطے جلا کرنے معدے کے بلغم و سودا سے اور توڑنے ریاح کے اور تقویت ہاضمے کے نافع ہی گرما و سرما مین دے سکتے ہین دارچینی زعفران قسط سنبل حماما کما زریوس حب البان محلب قرفہ

غاریقون ہرایک دو درم مرصافی قرنفل ہرایک تین درم صبر سودرم گرما مین ساتھ شیرۂ گل سرخ کے اور سرما مین ساتھ شیرۂ کرنب کے گولیان بناوین قدر شربت ایک درم ساتھ طلاکے قبل از طعام کھاوین اور اُسوقت آب نخود غذا کرین۔

حب قیصر ۔ کہ حب ذہب بھی کہتے ہین معالجات بقراطی سے ہی واسطے تنقیۂ معدے کے رطوبات سے اور تقویت معدے کے اور جب بعد طعام ہر دن ایک گولی تناول کرین رطوبات لزجہ نکالتی ہی اور معدے کو ضعیف نہین کرتی ہی نانخواہ زیرہ انیسون ہلیلہ سیاہ ملح نفطی ہرایک ایک درم مصطگی تین درم صبر سقوطری برابر سب کے آب ترنج مین خمیر کرکے گولیان بناوین ہرایک گولی ایک دانگ سے دو دانگ تک۔

حب کو تو الی ۔ کہ امراض معدے کو نافع ہی بحث سر مین لکھی گئی۔

حب مقل ۔ درد معدہ وامعا و بواسیر کو نافع ہی ہلیلہ سیاہ بلیلہ آملہ ہرایک ایک جزو مقل برابر سب کے مقل کو گندنا کے پانی مین یا گلاب مین حل کرین اور ادویہ کو کوٹکر چھانکر اُسمین ملاکر گولیان بناوین قدر شربت اڑھائی درم

حب تنکار ۔ بھوک لگاوے اور درد معدہ شکم کو اور گرانی معدے کو دور کرے صبر سقوطری سولہ درم فلفل سیاہ بارہ درم تنکار دو درم اجوائن خراسانی اڑھائی درم کوٹکر چھانکر بیچ شیرۂ درخت صبر کے کہ ہندی مین اُسکو گھیکوار کہتے ہین گولیان بقدر نخود کے بناوین اور واسطے تحلیل مواد بیچ دو تین گولی دین اور اگر دفع کرنا قبض کا مطلوب ہو زیادہ اس سے دین مداومت اس گولی کی بیچ کو فتکم مین ہرگز نہین چھوڑتی ہی اور بڑائی اکو شکم کی فرو کرتی ہی مجرب ہی۔

حب ۔ کہ گرسنگی لاوے اور ہاضمے کو قوت دے اور نعوظ خوب پیدا کرے اور بطوء انزال مین اثر خوب رکھتی ہی عود خام قرنفل کبابہ قرفہ فلفل ہرایک تین درم زعفران نصف درم بالنگو دو درم تخم بابونہ یا گل بابونہ دار فلفل ہرایک ایک درم کوٹکر چھانکر جلاب قند سفید کے گلاب مین قوام اُسکا کیا ہو گھولکر بقدر نخود کے گولیان بناوین اور واسطے اشتہا و ہضم طعام کے سات گولیان کھاوین اور واسطے امساک کے دو گولی منھ مین رکھین اگر جلد گھلجائین اور رکھین مجرب ہی۔

حرف الخاء

خبث بالرائب ۔ واسطے ضعف معدے و ہزال کے نافع ہی خبث الحدید مانند غبار کے پیسا ہوا شونیز نانخواہ کاشم زیرہ حلبہ ہرایک ایک کف سداب کرفس نعناع ہرایک ایک اوقیہ رائب سات رطل آپسمین ملاکر دو رات دن رکھین بعد اُسکے ایک رطل اُس سے لیکر صبح کو تناول کرین اور بعد چار ساعت کے طعام نیک کھاوین اور سرکہ اور جمیع ترشی سے پرہیز کرین اور بقول نکھین سے بھی اور جب پیاس لگے رائب مذکور مین اندک اندک پیا کرین کہ رائب بھی ایک رطل کو پہونچے پس اسی طرح کئی دن ہر دن دو رطل پین۔

خبث بشراب ۔ بیچ اشربہ کے آئیگا۔

خند لیقون ۔ بنخا معجمہ اصح ہی اور بجاے حملہ بھی آیا ہی اور وہ عبارت ہی اُس شربت سے کہ اُسمین خمر و شہد وافاویہ ہون واسطے برودت معدے و احشا و جگر کے نفع تمام رکھتا ہی اور ہاضمہ کو قوت دیتا ہی اور واسطے بوڑھون کے مفید ہی شراب کہنہ دس رطل عسل صاف تین رطل زنجبیل دس درم قاقلتین زعفران ہر ایک ایک مثقال قرنفل مشک ہر ایک نصف درم دارچینی فلفل ہر ایک ایک درم ادویہ کو نیم کوفتہ کرین سواے مشک و زعفران کے پھر اُسکو تھیلی مین رکھکر سر تھیلی کا ڈھیلا باندھین اور شراب و عسل کو جوش کرین اور تھیلی اُسمین ڈالکر ہر ساعت ہاتھ سے ملین یہانتک کہ قوام ہووے پس تھیلی کو نکال ڈالین اور مشک و زعفران اُسمین حل کرین اور نگاہ رکھین اور بقدر حاجت کے پیین اور نسخہ دوسرا اشربہ مین آویگا۔

حرف الدال

دوا الملک ۔ واسطے برد و صلابت معدہ کے نافع ہی بیچ ادویہ جگر کے آویگی۔

دوا ۔ کہ قی خوب لاوے بدون تکلیف کے شبت بیس درم بیچ ایک رطل کے جوش کرین یہانتک کہ آدھا رہے اور جوز القی ایک درم ساتھ تھوڑے نمک کے پیسکر اور شہد مین ملاکر ساتھ جوشاندے مذکور کے ملاکر بقدر حاجت کے آب گرم اور تھوڑا شہد زیادہ کر کے پیین۔

دوا ۔ کہ قی فراغت سے لاوے اور دوا ر کو کہ بسبب بخار کے ہو دفع کرے شبت ایک قبضہ بیچ تین رطل پانی کے جوش کرین یہانتک کہ ایک رطل رہجاوے اور تھوڑا نمک اور تھوڑا شہد اُسمین ملاکر پیین

دیگر ۔ مولی کو چیرین اور کئی ٹکڑے خربق اسود کے اُسمین چھوڑکر ایک رات دن تک رکھین تو قوت خربق کی مولی مین آجاوے بعد اُسکے خربق کو مولی سے نکالکر مولی کو کوٹین اور پانی اُسکا نچوڑکر پیین۔

دیگر ۔ رقاع یمانی ایک درم سے دو درم تک کھاوین قی قوت سے ہوگی جلاہنگ آدھا درم یہی عمل کرتا ہی اور اگر قی بہت دشواری سے آتی ہو آب گرم ساتھ فقاح کے گرم گرم تجرع کرین اور پر مرغ کا حلق مین ڈالین تو مدد کرے۔

دیگر نسخہ سکنجبین مقئی ۔ تخم سرمق ایک اوقیہ کنکر زد طبخ مقد و ہر ایک دو اوقیہ بیچ ایک رطل سرکہ و پانی کے بھگوئین پس پکاکر صاف کرین اور قند سفید برابر سرکے کے ملاکر قوام کرین اور سر ہر ایک رطل کے اس سے کنکر زد ایک اوقیہ اضافہ کرین اور وقت حاجت بقدر مناسب پلاوین اور اگر قی دشوار ہو پانی نیمگرم کثیر المقدار ساتھ نصف اوقیہ روغن کنجد کے پیین تو آسانی سے ہووے۔

دیگر ۔ کہ قی سہولت سے لاوے کنکر زد جوز القی ہر ایک ایک درم تخم ترب تین درم کوٹکر عسل مین ملاکر پیین ساتھ جوشاندے شبت کے اور اصلاح کنکر زد و جوز القی کی یون ہی کہ تھوڑا نمک طعام اُسمین ملاوے۔

دیگر ۔ کہ یہی عمل کرے تخم سرمق ایک اوقیہ کشنک جو چار اوقیہ اصل الخیار دو اوقیہ نمک نا کوفتہ دو درم سب کو باندہ

کشکاب کے پکاوین اور سو درم اس سے لیکر تیس درم سکنجبین عسلی ملاکر پیین۔

دواء۔ کہ محرور البدن کو اُس سے قے کراتے ہین برگ خیار کو کوٹکر پانی اُسکا لیوین شکر سرخ سکنجبین ملاکر پلا وین۔

دیگر۔ کہ مقی صفرا ہو ماء الشعیر تیس درم آب سرمق پختہ تیس درم اور وہ پانی کہ جسمین اصل خیار کو پکایا ہو اور سکنجبین ہر ایک دس۱۰ درم۔

دیگر۔ کہ یہی عمل کرے سکنجبین عنصلی دس۱۰ متقال بیچ چالیس متقال آب پالک کے یا آب نان کلاغ کے یا ماء الشعیر کے حل کرکے نیمگرم پیین۔

دواء۔ کہ مقی بلغم ہو خردل سفید ایک درم بورہ نصف درم کندش ملح ہندی ہر ایک ربع درم سب کو کوٹکر ساتھ شہد کے ملاکر سات درم جوشاندے شبت اور چالیس درم سکنجبین عسلی کے حل کرین اور پیین۔

دواء۔ کہ مقی سودا ہو مولی مقطع ایک عدد نمک ہندی پانچدرم شبت ایک گڈی سب کو بیچ دو رطل پانی کے پکاوین یہانتک کہ نصف باقی رہے اور ساتھ سکنجبین عسلی کے ملاکر پیین۔

دواء۔ کہ مقی صفرا و بلغم ہو سکنجبین عسلی دس۱۰ متقال نمک دو متقال آب ترب چالیس متقال ملاکے پیین۔

دواء۔ کہ مقی صفرا اور بلغم صفرا آمیختہ کی ہو ترب ریزہ کی ہوئی بیس۲۰ متقال شبت تازہ دس۱۰ متقال نمک ہندی پانچ متقال تخم خربزہ نیمکوفتہ تخم پالک ہر ایک چار درم سبکو بیچ چار رطل پانی کے جوش کرین جب تہائی رہے صاف کرین اور سکنجبین ملاکر پیین اور اگر دفع کرنا بلغم کا زیادہ مطلوب ہو ساتھ شہد کے پیین۔

دیگر۔ کہ مقی صفرا و بلغم ہو کنگرزد دو درم لب رقاع یمانی ایک درم باریک کرکے ساتھ دس درم سکنجبین عسلی کے اور دس استار جوشاندے ترب کے بعد تناول خیطہ ولغیہ و شوربا مچھلی مالح کے پیین اور فی الفور اُنگلی بیچ حلق کے ڈالکر قے کرین اور اگر قے خوب نہ آوے آب نیمگرم ساتھ نصف اوقیہ روغن کنجد کے پیین۔

دیگر۔ کہ یہی عمل کرتا ہو تخم ترب جوز القی تخم جرجیر شبت تخم سرمق نمک ہندی رقاع یمانی ہر ایک نصف درم کوٹکر چھانکر ساتھ شہد کے ملاکر پیین اوپر اسکے آب گرم کثیر المقدار پیین۔

دواء۔ کہ صفرا و سودا و بلغم کو قے سے نکالے بیخ سوسن آسمانی تخم نیمکوفتہ تخم شبت ہر ایک پانچدرم تخم نان کلاغ کشنک جو ہر ایک تین درم جملہ بیچ ایک کانسہ پانی کے پکاوین یہانتک کہ نصف رہے صاف کرکے دس متقال شربت افتیمون سے شیرین کرین سرکہ انگوری ترش ملاکر نیمگرم پیین۔

دیگر۔ کہ مقی مرۃ السودا و مرۃ الصفرا ہو اور بیچ حمیات مرکبہ و سوداویہ کے دے سکتے ہین تخم ترہ تیزک کنگرزد و تخم ترب جوز القی تخم شبت ملح نفطی تخم پالک جملہ برابر کوٹکر ساتھ اُس پانی کے کہ تخم شبت اُسمین جوش کیا ہو حل کرکے پیین اور اگر قے فراغت سے نہ آوے شاخین شبت کی کہ تازی ہون پانی مین جوش کرکے اور اُس جوشاندے مین شہد ملاکر پلاوین کہ خوب مدد کرے اور جانین کہ شبت اپنے تخم سے بیچ باب قے کے قوی زیادہ ہو۔

دیگر۔ کہ مقی رطوبات معدہ و مرۃ الصفرا و مرۃ السودا

ہے ترب بسیار ریزہ کی ہوئی ایک رات دن بیچ سکنجبین عسلی کے بھگو کر صاف کرین اور ساتھ نصف مثقال کنگر زد کے پیین -

دیگر - کہ یہی عمل کرتی ہے تخم ترب تخم شبت تخم خربزہ بیج خربزہ اصل السوس ہر ایک تین مثقال پانی مین پکاکر پانی اُسکا ساتھ کنگر زد و سکنجبین کے پیین -

دیگر - کہ مقئی مواد مختلفہ کی ہے ترب ریزہ کی ہوئی بیس درم شاخین شبت کی دس درم نمک ہندی پانچ درم مغز تخم خیارین تخم سرمق ہر ایک چار درم بیچ چار رطل پانی شیرین کے پکاوین یہانتک کہ تہائی رہجاوے اور صاف کرکے نیمگرم پیین اور خوب قے کرین -

دیگر - کہ بیچ حمیات ربع کے اُس سے قے کرین کنگر زد تخم شبت تخم ترب ہر ایک دو درم جوز القی سو درم ملح ہندی نصف درم کوٹکر ساتھ ماء العسل کے پیین -

دواء مقئی - کہ معدے کو پاک کرے شبت خردل عسل جوش کرکے پیین -

دواء - کہ قے قوت سے لاوے اور ہرگز طبع کو اس سے کراہت نہین ہوتی ہے کنگر زد ایک درم ترنجبین تین درم دونون کو لبتہ کرکے گولیان بناکر کھاوین -

دواء مقئی - کہ معدے کو پاک کرے اور مناسب مرطوب مزاجون کے ہے تخم ترب تخم شبت ترہ تیزک سب برابر کوٹ کر چھانکر پندرہ درم لیکر سکنجبین عسلی و آب نیمگرم مین ملاکر پیین -

دواء - کہ مقئی مواد مختلفہ کی ہے قطب یا تخم اُسکا تخم ترب ہر ایک پانچ درم شبت لوبیا سرخ برگ چقندر ہر ایک دس درم تخم خربزہ مقشر پندرہ درم سورنجان سفید کوفتہ کنگر زد ہر ایک ایک مثقال نمک ہندی دو درم جملہ کو بیچ چار رطل پانی کے پکاوین یہانتک کہ ایک رطل رہے پھر صاف کرین اور نمک نان ایک درم سکنجبین عسلی یا عنصلی چالیس درم اضافہ کرکے ساتھ پانی نیمگرم کے پیین -

دیگر - کہ یہی عمل کرتی ہے خردل ڈیڑھ مثقال بورہ نصف مثقال کنگر زد جوز القی نمک ہر ایک نصف درم تخم ترب تین درم جملہ کوٹ کر شہد مین ملاوین بعد اُسکے شبت تازہ ربع مین تخم شبت بیس درم تخم ترب دس درم ترب مذکور موصوف پانچ درم تخم خربزہ مقشر بیس درم جملہ کو بیچ تین من پانی کے بھگووین اور پکاوین یہانتک کہ تہائی رہے بعد اُسکے صاف کرکے دو مقدار شربت کرین اور ہر شربت مین سکنجبین عنصلی دس درم روغن کنجد پانچ درم ملاوین اور رکھاوین اور شربت دوسرا واسطے دوسرے مرتبے کے رکھین اور اُسی دن مکرر پیین یا دوسرے دن اور اگر ایک شربت سے تنقیہ کماحقہ ہو جاوے تو حاجت تکرار کی نہین ہے مگر درصورت عادت کے -

دواء ہندی - کہ مواد مختلف کو قے سے نکالے تخم ترب تلخ فلفل ہر ایک اکیس دانے پانی مین پیسکر نیمگرم پیین لیکن پہلے کئی لقمے غذا کے کھالیوین -

فائدہ - بیچ بیان چند امور کے کہ قے سے علاقہ رکھتے مین

ہرچند بیچ مفرح القلوب کے بحث مین قی کے مشروحاً ہمنے ذکر کیا ہی لیکن اس مختصر مین بھی بقدر ضرورت کے لکھنا لازم ہی جانتا چاہیے کہ درمیان قی کے چاہیے کہ قی کرنیوالا قریب سیدھا ہونے کے ہو اور سر اوندھانے سے محترز رہے اور دونون آنکھین رفادہ وعصابہ سے باندھے ہو یا اور شخص دونون ہاتھ سے دونون آنکھین اسکی بند کیے ہو اور جبتک قی سے فارغ نہو آنکھین نہ کھولے اور بعض اطبا نے فرمایا ہی کہ تھیلی کو سرد سپے ہوئے سے بھر کر آنکھون پر بجاے گدی کے رکھے اور اوپر اُسکے پٹی باندھے یا ہاتھ سے پکڑے رہے اور بھی شکم کو باندھے بطور معتدل کے اور بعد فراغت کے محرور المزاج کلیان ساتھ سرکے کے کہ پانی ملا ہو کرے اور اپنے منھ کو سرد پانی وگلاب سے دھووے اور بعد ایک ساعت کے گل شکر کھاوے اور جو کوئی مرطوب ومبرود ہو چاہیے کہ بعد قی کے مضمضہ ساتھ شراب یا عرق بادیان یا گرم پانی کے کرے اور منھ کو گرم پانی سے دھووے اور قدرے زنجبیل مربی ہلیل مربی دواء المسک کھاوے یا وہ پانی کہ اُسمین زیرہ انیسون جوش کیا ہو پیوے اور جس شخص کی رطوبت غلیظ ہو بعد قی کے وہ پانی کہ زوفاے خشک اُسمین جوش کیا ہووے یا سکنجبین عسلی وخندیقون یا شراب تھوڑی مرچ اُسمین ملاکر پیے اور بعد قی کے جبتک تین ساعت نہ گذرین کھانا نہ کھاوے اور قی کرنے والا اگر گرم مزاج ہو چاہیے کہ پہلے کوئی چیز ملائم کھاوے بعد اسکے قی کرے اور اسیطرح اگر دبلا ناتوان ہو لیکن اُن لوگون کو پہلے حمام کرنا نفع کرتا ہی بخلاف مرطوبی مزاج فربہ وبلغمی مزاج کے کہ اُنکو قی کرنا اوپر نہار کے اور بعد

ریاضت واستحمام کے لازم ہی اور جس شخص کا بدن نحیف ہو اور گردن باریک وسینہ تنگ ہو یا بیچ سینہ یا سر کے آفت ہو اور جو شخص کہ مستعد بسل ہو اور وہ شخص کہ اُسکو قی مشکل سے ہوتی ہو قی نہ کرانا چاہیے اور واسطے قی اختیاری کے وقت معین نہ کرنا چاہیے تو عادت نہو جاوے بلکہ بدون تعین کے ایک مہینے مین یا بعد دو تین مہینے کے دو دن متصل قی کرے کہ واسطے حفظ صحت کے نہایت مفید ہی بخلاف اضطراری کے کہ وقت اسکا وہی ہی جب لاحق ہو اور بہترین ایام واسطے قی کے گرما ہی اور بہترین ساعت نصف نہار اور اغذیۂ مقیہ سے زلالی ہی اور علیحدہ رطب ولوزینج بدون گلاب کے اور تخم روغن کنجد اور اُسی طرح بھیجا وچربی وچقندر ولوبیا ودماغ وماہی شور اگر ساتھ روٹی کے کھاوین اور شراب سے منع کرین تو پیاس زیادہ نہو بعد اُسکے جوشاندۂ مولی ولوبیا وخردل کا ساتھ سکنجبین عسلی کے پیین قی بسہولت آوے اور فواکہ مقیہ سے مغز جوز ہی اور مغز لوز ومغز فندق ومغز تخم خربزہ ومغز تخم خیارین وشکر مین ملاکر اور بیچ امر قی کے جب تک کام دوا آسان سے نکلے دوائین قوی نہ چاہیے استعمال کرنا اور ادویہ مذکورسے جو ہر ایک شخص کے حال کو مناسب ہو اختیار کرنا چاہیے اور جہانتک ممکن ہو بیچ فصل خریف کے قی نہ کرنا چاہیے اسلیے کہ فوراً تپ لاتی ہی اگر قی ساتھ ادویہ کے ہی لیکن قی کرنا ساتھ غذا کے مضائقہ نہین ہی اور جملہ معینات قی سے اوپر آسان کرنے قی کے گرم کرنا معدہ اطراف کا ہی اور جسوقت

فی افراط کرے اطراف کو باندھین اگر باندھنا اطراف
کا قی کو بند نہ کرے ادویہ حابسہ مذکورہ دیوین۔

دواء۔ کہ قی صفراوی کو باز رکھے زرشک بیدانہ انار دانہ
ترش سماق دانہ جدا کردہ پوست بیرون پستہ ہر ایک ایک
جزو طباشیر گل سرخ غورہ خشک ہر ایک نصف جزو
کوٹ کر چھان کر دو درم سے تین مثقال تک اس سے
لیکر ساتھ آب بہی یا آب انارین یا شربت بہی و مانند
اُنکے کے ملا کر پلاوین۔

دواء دیگر۔ کہ یہی عمل رکھتی ہو انار دانہ ترش مویز دانہ
دار ہر ایک پانچ درم زیرۂ کرمانی ایک درم کوٹ کر
چھان کر تین مثقال تک آبہاے مذکورۂ بالا کے
ساتھ پیین۔

دواء دیگر۔ کہ قی بلغمی و سوداوی کو باز رکھے گل سرخ
چار مثقال زرشک بیدانہ تین مثقال نعناع پوست بیرون
پستہ مصطگی عود خام قرفہ سنبل الطیب قرنفل فرنجمشک
زیرۂ کرمانی مدبر ہر ایک دس درم کوٹ کر چھانکر دو مثقال
ساتھ سکنجبین سفرجلی کے یا مانند اُنکے کے پیین۔

دواء ہندی۔ کہ قی صفراوی کو دفع کرے گلو کے
نیم کوفتہ رات کو پانی مین بھگوئین علی الصباح صاف کرکے پیین۔

دیگر۔ کہ یہی عمل کرتی ہو طباشیر پانچ درم فلفل دراز چار
درم زنجبیل تین درم فلفل گرد الائچی تیزج تالیسر ناگ کیسر
ہر ایک دو درم نبات برابر سب کے کوٹکر چھانکر ہر روز
دو درم کھاوین۔

دواء۔ کہ جملہ انواع قی کو دفع کرے قرنفل الائچی
مویز گھی ناگ کیسر بابرنگ ناگرموتھ صندل سفید فلفل

ہر ایک تین درم کوٹ کر چھان کر ہر صبح نہار دو درم
کھاوین ساتھ باسی پانی کے۔

دواء۔ کہ قی بلغمی کو اور اُس قی کو جو سردی و ریح سے
ہو دفع کرے بابرنگ نمک سیاہ فلفل زنجبیل برابر پیسکر
ساتھ شہد کے کھاوین۔

دواء۔ کہ یہی عمل کرتی ہو عود ہندی ناگ کیسر دارچینی
تالیسر الائچی پوست ہلیلہ زنجبیل برابر کوٹ کر چھان کر ساتھ
شہد کے نہار کھاوین۔

دواء دیگر۔ کہ یہی عمل رکھتی ہو جوز بوا قرنفل ہر ایک ایک
درم الائچی نصف درم کوٹکر چھانکر ساتھ شہد کے کھاوین
اور جوز بوا اکیلا بھی کافی ہو۔

دواء۔ اُس قی کو جسمین اکیلا خون نکلتا ہو یا خلط دوسر
شریک ہو دفع کرے بیج کاسنی ناگرموتھ اندر جو میٹھی صندل
سفید ہر ایک دس درم کوٹ کر چھان کر تین درم شہد
کے ساتھ کھاوین۔

دواء دیگر۔ کہ یہی اثر رکھتی ہو بیج جبینہ صندل سفید برگ
پرول پوست نیم ہر ایک تین درم جوش کرکے ساتھ دو
درم مصری کے کھاوین۔

دیگر۔ آب برگ بالنسہ ساتھ شہد کے کھاوین قی خونی
بند ہو جاوے۔

دواء۔ کہ قی و غثیان و تہوع کو باز رکھے مغز بیٹھ تین
چار گھڑی پانی مین بھگوئین تو نرم ہو جائے پس پانی
اُسکا تھوڑا تھوڑا چبا کر مع ٹکڑے اُسکے کے نگل لیوین

دیگر۔ کیوڑ کھجوری قسم خرما کو کرم خوردہ ہو باریک پیسین
و بقدر دانے مونگ کے گولیان بناوین اور روز تین

گولی دین اگر پہلی مرتبہ قے بند ہو بعد ایک ساعت کے دو تین گولی اور کھلاوین ۔

دواء ۔ کہ ہتوع کو موقوف کرے پر طاؤس کا جلا کر راکھ اُسکی ساتھ شہد کے دو تین اُنگلی چٹاوین ۔

دواء ۔ کہ قے مفرط کو جو بعد پینے شراب کے ظاہر ہوتی ہی دفع کرے ۔ برنج سرخ موٹے کہ ہندی مین ساٹھی کہتے ہین تھوڑے پانی مین تر کر کے پانی اُسکا پلاوین ۔

دیگر ۔ کہ قے کو جس قسم سے ہو دفع کرے دانۂ الائچی خرد قرنفل ناگ کیسر مغز کنول گٹہ موتھ صندل فلفل دراز کھیل دان یعنی شالی بریان جملہ برابر کوٹ کر چھانکر اندک اندک ساتھ شہد کے یا شکر کے ملا کر کھاوین ۔

دیگر ۔ کہ یہی عمل کرے انار دانہ ترش مویز دانہ برآوردہ ہر ایک پانچ درم زیرہ کرمانی ایک درم خوب کوٹ کر تین مثقال تک دین ۔

دواء ۔ کہ انقلاب النفس یعنی غثیان لازم کو دفع کرے مغز کنار صحرائی برگ تلسی نبات ہر ایک ایک دام فلفل نصف دام کوٹکر چھانکر ساتھ عسل کے اور اُس پانی کے کہ سونا اُسمین سات مرتبہ سرد کیا ہو ملا کر بمقدار کنار صحرائی کے گولیان بنا کر ایک گولی کھاوین

دواء ۔ کہ ضعف جاذبہ معدے کو نافع ہی ہلیلہ چھ درم فلفل چار درم چترک تین درم نمک سنگ دو درم کوٹکر چھانکر ساتھ پانی ترنج کے خمیر کر کے گولیان بناوین اور سائے مین خشک کرین اور ہر دن نہار دو درم کھاوین اور نشانی ضعف جاذبہ کی یہ ہی کہ اشتہا نہو اور تکلیف سے کھانا کھایا جاوے اور یہ مرض اکثر سردی سے ہوتا ہی ۔

دیگر ۔ کہ نقصان اشتہا کو دور کرے سماق نار دین اجوائن زنجبیل ہر ایک دو درم قرنفل ایک درم کوٹکر چھانکر دو درم صبح و شام کھاوین اور اگر مادہ معدے مین جمع ہوا ہو تنقیہ اُسکا مقدم کرین

دواء ۔ کہ قلت جوع کو جو گرمی فم معدے سے ہو فائدہ کرے ہلیلہ بلیلہ آملہ گل سرخ ہر ایک چار درم طباشیر ڈیڑھ درم کوٹکر چھانکر ساتھ شہد کے ہر دن ساتھ پانی سرد کے کھاوین اور نشانی گرم فم معدے کی یہ ہی کہ پیاس بہت ہو اور سوزش و غثیان و دوران سر ہو اور پانی سرد سے نفع ہو ۔

دواء ۔ کہ ضعف ماسکہ معدے کو نفع کرے افیون قدر دانہ مونگ یا کم زیادہ موافق مزاج کے کھاوین اور جو دوا کہ قابض ہی نفع کرتی ہی اور نشانی ضعف ماسکہ معدے کی یہ ہی کہ طعام معدے مین کم ٹھہرے اور اس سبب سے فضلہ غیر ہضم نکلے اور بدن دبلا ہووے ۔

دواء ۔ کہ ضعف ہاضمہ معدے کو سودمند ہو نانخواہ رازیانہ ہر دن دو درم کھاوین ۔

دیگر ۔ الائچی ترنج ناگیسر اجمود زنجبیل چترک فلفل گرد فلفلموپہ زیرہ سفید ہر ایک دو درم مغز کوٹ آٹھ درم گل دھاوہ لودھ بال بیل ہر ایک تین درم شکر تری چھ درم کوٹ کر چھانکر کھاوین ہر دن دو درم ۔

دیگر ۔ زنجبیل انگزہ برابر سیکر نیمکوب کر کے روغن گاؤ مین بریان کرین اور ہر دن صبح کہ قدرے کھاوین ۔

دیگر ۔ زنجبیل یا جوشاندہ قرنفل کا ہر صبح کو کھاوین اور اولے یہ ہی کہ پہلے تنقیہ معدے کا کرین بعد اسکے مقویات ہضم کو استعمال کرین ۔

دواء ۔ کہ ضعف دافعہ معدے کو فائدہ کرے رال کو

کوٹ کر چھان کر بقدر ایک درم شکر برابر اسکے ملا کر
ساتھ گرم پانی کے کھاوین یا دودھ میش یا گاؤمیش کا
شکر سے شیرین کرکے نہار پیوین اور جو چیزین ملین ہی نفع کرتی
ہی اور نشانی ضعف دافعہ معدے کی یہ ہی کہ طعام دیر
تک معدے مین ٹھہرے لیکن فضلہ منہضم نکلے اگر ہاضمہ
درست ہی والا فلا۔
دواء۔ کہ قوی اربعہ معدہ وامعا کو قوت دیتی مشتہی
ہی اور ہاضم بھی اگر شکم نرم ہو قبض کرے اور اگر قبض
ہو نرم کرے اسلیے کہ جو قوت ضعیف ہو اُسکو یہ دوا
قوی کرتی ہی اور مجرب ہی انار دانہ ترش کہ کہنہ ہو سولہ
درم زنجبیل زیرہ سفید ہر ایک دو درم تربد سفید
زیرۂ سیاہ چترک پوست ہلیلہ زرد پوست بلیلہ ہر ایک
ایک دام نمک سنگ اڑھائی دام سب کو کوٹین اور باریک
کرین اور قبل طعام اور بعد طعام دو درم سے تین درم تک
کھاوین اور اگر دو وقت کھاوین درست ہی لیکن اگر
قبض مطلوب ہو دوا کو سفت کپڑے مین چھانین تو باریک
ہون اگر تلیین مقصود ہو غیر سفت مین بلکہ چھلنی مین چھانین
تو دردری رہین۔
دواء۔ کہ درد معدے و نفخ کو اور سوء ہضم کو نافع ہی
چترک زنجبیل فلفلین فلفلمول انار دانہ تخم کرفس ہر ایک دو
درم کوٹکر چھانکر ہر دن دو درم قبل از طعام کھاوین۔
دواء۔ کہ نام اُسکا اگن مکھ ہی بھوک بہت لگاتی ہی
انگرہ بریان ایک جزو ہینگ دو جز فلفل دراز تین جزو
زنجبیل چار جزو اجوائن پانچ جزو ہلیلہ چھ جزو شیطرج
سات جز کوٹ جسکو جزئی مین قسط کہتے ہین آٹھ حب و

کوٹ کر چھان کر ساتھ دہی کے یا آب گرم کے یا شراب
کے کھاوین اور یہ دوا باوجود مشتہی ہونے کے واسطے
بدہضمی و نفخ و پیچش کے اور جمیع بیماریون معدے کے اور
گولہ و بواسیر کے بھی نافع ہی۔
دیگر۔ کہ بھوک لگا دے اور ہاضمہ زائد کرے طباشیر دانہ الائچی
خرد قرفہ ہر ایک چھ درم طالیسفر فلفل گرد فلفل دراز قرنفل
ہر ایک تین درم زنجبیل دو درم نبات سفید چار حصے یہ سب
دواؤنکو کوٹکر چھانکر دو درم نہار کھاوین۔
دیگر۔ کہ یہی عمل کرے زنجبیل نانخواہ ہلیلہ بلیلہ آملہ فلفل دراز
فلفل گرد شیطرج نمک سیاہ نمک سنگ بیج کٹائی
بزرگ برگ تنبول جملہ برابر کوٹکر چھانکر دو درم کھاوین۔
دیگر۔ کہ مسمی بہ حب کبریت ہی اور واسطے اشتہاء
ہضم طعام کے نفع کرتی ہی اور دور کرنے والی چرب
و قوبا دامراض بلغمی کی ہی اور بلغم و رطوبت فضلی کہ معدے
مین ہو کشف کرے کبریت زرد مغسول فلفل ہر ایک پانچ
درم نمک ہندی آدھا درم کوٹ کر چھان کر ساتھ پانی
لیمون کے گولیان بناوین بقدر نخود مقدار شربت دو
گولیان یا تین گولیان۔
حب کبریت بہ نسخہ دیگر۔ اول سے قوی زیادہ نمک
سپیدہا تین دام پوست ہلیلہ چار دام فلفل کبریت مغسول
ہرنگ اجمود جوا کھار ہر ایک دو دام نمک سیاہ دو دام فلفل
کف دریا ہر ایک ایک درم کوٹ کر چھان کر ایک مرتبہ
شیرۂ ادرک مین تسقیہ کرین بعد اُسکے آٹھ پہر لیموں کے
پانی مین صلایہ کرکے گولیان بناوین اور غسل کبریت کا
طریق یون ہی کہ ایک باسن مین دودھ رکھین اور اوپر

باسن کے کپڑا باندھکر اوپر کپڑے کے کبریت کو چھوٹا چھوٹا کرکے رکھین اور اوپر اُسکے تابہ گرم کرکے رکھین اسطرح کہ کبریت جلنے نہ پاوے بلکہ پگھل کر دودھ مین ٹپک آوے اسی طرح سات مرتبہ دھووین اور ہر مرتبہ دودھ تازہ ہو اور اقل اسکا تین مرتبہ ہی۔

دواء۔ کہ نام اسکا جب ہاضم ہی قرنفل قاقلتین فلفل دار فلفل کشنیز بابرنگ نانخواہ ترپھلا سنر نک چوک کہ کہ ایک قسم ہی ترشی سے انار دانہ نمک سوچل نمک سفید یا نمک سانبھر نمک دریا جواکھار مرچ کنگول اجمود بادیان بترج جملہ برابر کوٹ کر چھان کر لیمو کے پانی مین گولیان بناوین۔

دواء الفرس۔ واسطے ضعف معدے کے کہ سبب اُسکا برودت و رطوبت ہو نافع ہی ہلیلہ سیاہ روغن گاؤ مین بریان کیا ہوا دس درم حرف بریان پانجدرم نانخواہ صعتر فارسی ہر ایک تین درم خبث الحدید ندبر گیارہ درم مقدار خوراک دو درم ساتھ شراب کہنہ یا مثلث کے۔

دواء۔ کہ ورم گرم معدے کو نفع کرے بعد سکون غلبۂ حرارت کے پانی کاسنی کا مطبوخ اور مروق کرکے مغز خیارشنبر اُسمین حل کرکے پیین۔

حرف الراء

روغن افسنتین۔ کہ معدے و جگر اور جمیع اعضا کو قوت دے عروقاً و اکلاً افسنتین رومی تازہ اڑھائی سیر بیچ روغن زیت یا روغن بادام تلخ یا روغن جوز یا روغن خستہ زردآلو تلخ کے کہ نصف من ہو ڈالکر شیشے مین چالیس دنتک دھوپ مین لٹکاوین۔

روغن لالہ۔ کہ معدے سرد کو گرم کرے اور نفخ کو تحلیل کرے اور اگر ساتھ چربی بط یا مرغ کے ملاوین ورم کو بھی نفع کرے برگ لالہ شیشے مین رکھین اور روغن زیت اُسپر ڈالین اور ایک مہینا اور اقلاً دس دن آفتاب مین لٹکاوین بعد اُسکے ملین۔

روغن مصطگی۔ کہ معدے مسترخیہ کو قوت دے اور سختی اور اورام معدے کو نافع ہی اور صلابت کو تلیین کرے مصطگی رومی دس درم بیچ پچاس درم روغن زیت یا کنجد کے ڈالکر شیشے مین رکھین اور بیچ دیگ پر آب کے لٹکاوین تو پانی دیگ کا جوش کرے اور مصطگی گھل جاوے۔

روغن قسط۔ کہ معدے سرد کو نفع کرے بیچ ادویہ سر کے مذکور ہی۔

روغن دارشیشعان۔ واسطے ضعف معدے و تحلیل ریاح و اسہال کے نافع ہی دارشیشعان سینتالیس مثقال سلیخہ ستاسٹھ مثقال عود بلسان سینتیس مثقال قرفہ ستائیس مثقال قصب الذریرہ پندرہ مثقال جملہ کو نیمکوب کرکے پانی مین بھگوئین اور جوش کرین جب آدھا رہے صاف کرین اور روغن کنجد نصف اس آب مطبوخ کے کہ باقی رہا ہی اضافہ کرکے جوش کرین یہانتک کہ روغن رہجاوے اور اگر روغن اول طبخ مین ساتھ ادویہ کے ملاوین یون بھی روا ہی۔

روغن محلل۔ واسطے تقویت معدے کے بے نظیر اور بیچ ہضم اور تحلیل ریاح معدہ و جگر کے بیمدیل ہی مثقل

اررق سنبل الطیب مصطگی علک البطم ہر ایک تین مثقال اشق اسارون قصب الزریرہ اذخر ہر ایک دو مثقال روغن بابونہ روغن گل سرخ ہر ایک آدھا رطل ادویہ کو جوکوب کیکے ساتھ روغنون کے مخلوط کر کے آفتاب مین رکھین اور ہر دن ہلاتے رہین دس دن تک ورنہ بیچ گرم راکھ کے رکھین۔

روغن علقم۔ روغن حنظل ہی اور روغن قثاء الحمار بھی کہتے ہین اور اکثر اطبا نے اسکو سب روغنون سے بہتر جانا ہی اور خصوصاً واسطے اشتہا و برودت معدے اور درد مفاصل و نقرس و عرق النسا کے اور تقویت باہ کے اور عجیب الفعل زیادہ روغن ناردین سے جانتے ہین عصارہ قثاء الحمار دس رطل مع سائلہ پندرہ مثقال قنطوریون تخم حنظل زراوند مدحرج زوفاے خشک پودینہ کوہی و بری و نہری سکبینج برگ و فلی بیخ سوسن آسمانگونی ہر ایک دس دس مثقال عاقرقرحا چار مثقال روغن زیتون آب صاف بالمناصفہ پندرہ رطل بعد بھگونے کے جوش کرین یہانتک کہ پانی جلکر روغن رہے بعد اسکے صاف کر کے استعمال کرین۔

روغن ناردین۔ واسطے اورام صلب معدے کے نافع ہی روغن بان ایک رطل سنبل نصف اوقیہ مصطگی سعد قسط اذخر قصب الزریرہ ہر ایک ثمن ادویہ کو کوٹکر روغن مین کہ بیچ شیشے کے ہو ڈالکر آفتاب مین رکھین لیکن سر شیشے کا بند کیا ہو سات دن تک پس روغن کو صاف کرین اور پھر ادویہ مذکورہ اُسی دن سے لیکر بیچ روغن مذکور کے ڈالین اسی طرح تین مرتبہ کرین اور ہر بار ایک ہفتہ آفتاب مین رکھین اور تفل کو بھی نہ چھوڑین اور بیچ روغن صافی کے ملاوین اور تفل معصر اُسکا بیچ اضمدہ کے داخل کرین نہایت نفع کرے ورم معدے کو۔

روغن۔ کہ ورم معدہ کو نافع ہی بابونہ اکلیل الملک ایک جزو پانی مین پکاوین اور صاف کرین اور مقدار تیسرے حصے اس پانی صاف کے روغن بادام شیرین ملاکر پھر جوش کرین یہانتک کہ روغن رہجاوے مقدار شربت ڈیڑھ درم۔

روغن سعد۔ واسطے معدے باردہ کے نافع ہی سعد کوفتہ ایک اوقیہ جوکوب کرین اور سفتنج اسقدر کہ دوا کو چھپالیوے ڈالین اور روغن زیت یا کنجد نصف رطل اُسپر اضافہ کیکے دو رات دن گرم مقام مین رکھین اور ہر دن مین تین چار مرتبے ہلاتے رہین بعد اسکے جوش کرین یہانتک کہ روغن رہجاے۔

روغن داموں۔ واسطے برد معدہ و عصب کے نافع ہی اور مقوی اعضا و دافع فضول و ملین اعصاب جاسیہ اور داموں لفظ رومی ہی تفسیر اسکی دو عشرہ اخلاط ہی میعہ سائلہ سافج ہندی سنبل ہر ایک چار اوقیہ مصطگی موم سفید روغن بلسان ہر ایک بارہ اوقیہ فربیون تین اوقیہ دارچینی چھ اوقیہ روغن بان اڑتالیس اوقیہ فلفل ایک اوقیہ جو دوا خشک ہی اسکو کوٹین اور غیر خشک کو پگھلا کر اسمین ملاکر رکھین۔

روغن کلکلانج۔ حکماے ہند سے ہی شرب اسکا واسطے تقویت معدے و جگر و گردے کے نافع اور مدر حیض و بول ہی اور ملنا اسکا واسطے فالج و درد مفاصل اعیا کے اور ازالہ آثار کے اور تقویت بالون کے مفید ہی ہلیلہ تینون قسم کا بلیلہ آملہ فلفل دارفلفل زنجبیل ہر ایک

چھ مثقال چار و شیر اخنق سکبینج ہر ایک پانچ مثقال تربد سفید چار مثقال خشک کرنب تازہ سداب تازہ ہر ایک دس درم ساتھ ایک ہزار دو سو مثقال پانی کے جوش کرین یہانتک کہ نصف رہے پس صاف کرکے ساتھ چار سو مثقال روغن بیدانجیر کے جوش کرین یہانتک کہ روغن رہجائے۔

روغن زعفران ۔ بھی مفید ہے اور بیچ ادویۂ رحم کے آئیگا

رب ریباس ۔ قی شدید کو باز رکھے اور معدے کو قوت دے وغثیان کو دور اور شکم کو بند اور تپ کو نفع کرے ریباس تازہ کو ٹکر پانی اسکا لیکر صاف کرین اور دیگ سنگین یا کپڑہ مین رکھکر نرم آگ پر جوش کرین یہانتک کہ چہارم حصہ رہجاوے پس تھوڑی زعفران ملاوین اگر چاہین

رب آس ۔ واسطے قی و خلفہ کے کہ ساتھ سرفہ کے ہو نفع کرے حب الآس تازہ پختہ کو ٹکر پانی اُسکا نچوڑین اور دیگ سنگین مین پکاوین یہانتک کہ چہارم حصہ رہے۔

رب حصرم ۔ واسطے قی صفراوی و عطش و حمیات کے نافع ہے غورۂ انگور جید کثیر الماء لیکر چوب سے پاک کرکے پانی اُسکا نچوڑین اور دیگ سنگین مین پکاوین یہانتک کہ چہارم حصہ رہے۔

رب بسر ۔ معدے کو قوت دے اور قی و اسہال کو روکے خرما نارسیدہ یعنی غورۂ خرما کہ اُسکو آدھا پکا کہتے ہین لیکر دانہ نکالکر شیرہ اُسکا لیوین اور نرم آگ پر پکاوین یہانتک کہ سوم حصہ یا چہارم حصہ رہجاوے۔

رب رمان ۔ واسطے قی و ہیضے کے نافع ہے اور قوت دیتا ہے معدے و جگر کو اور قامع صفرا ہے آب انار ترش لیکر ایک رات رکھین تو ساکن ہوجاوے بعد اُسکے پکاوین اور کف نکالتے جاوین یہانتک کہ قوام جلاب کے موافق ہو پس کئی ڈالیان نعناع تازہ کی اُسمین ڈالکر رہنے دین یہانتک کہ سرد ہووے پس ڈالیان نعناع کی اُس سے نکال کر پھینک دین اور رب کو استعمال کرین۔

رب فواکہ ۔ واسطے تقویت معدے و دفع غثیان و قی کے نافع ہے آب بہی آب سیب آب انار مین آب امرود ہر ایک جزو آب غورہ آب زعفران آب زرشک ہر ایک نصف جزو جوش کرین یہانتک کہ ربع رہجاوے اور اگر آب حماض اترج بھی اضافہ کرین بہتر ہو۔

رب سیب و رب بہی ۔ معدے و دل کو مفید ہین طریق بنانے کا وہی ہے کہ گذرا اور فرق درمیان رب و شربت کے بیچ ادویۂ سر کے بیان ہوا ہے۔

حرف الزاء

زرعونی ۔ معدے کو قوت دیوے اور اشتہا لگاوے اور بلغم کو دفع کرے اور بوے دہن کو خوش کرے اور منھ سے پانی نکلنے کو باز رکھے اور پشت و گردہ کو محکم کرے اور ریاح کو توڑے اور ریت کو مثانے سے پاک کرے اور منی کو زیادہ کرے تخم کرفس تخم گندنا تخم شلغم تخم شبت نانخواہ رازیانہ مغز تخم خربزہ تخم بادرنگ بیخ کرفس ہر ایک پانچ مثقال عاقرقرحا زعفران مصطگی عود خام ہر ایک پانچ درم بسباسہ قرنفل کبابہ قاقلہ ہر ایک تین درم عنبر اشہب ایک مثقال عسل تین وزن ادویہ کا پہلے عنبر کو بیچ شہد کف گرفتہ کے پگھلاوین پس ادویہ کوٹ کر چھان کر ملاوین

ملادین اور بعد دو مہینے کے استعمال کرین مقدار خوراک دو مثقال اور زرعونی کے نسخے دوسرے بیچ ادویۂ باہیہ کے آوینگے۔

حرف السین

سنجرینیا ۔ ساتھ سین مہملہ وجیم وزاے معجمہ وتحتانی و نون وتحتانی ثانی والف کے معنی اُسکے کثیر النفاح ہین اور کہا گیا ہی الدواء الحاد بالجملہ دواے مذکور مشہور ومجرب ہی اور واسطے گرم کرنے معدے کے اور ازالہ تخمے اور تفتیح سدے جگر کے اور تحلیل صلابت احشا کے اور دفع کرنے ریاح غلیظہ کے اور تسکین درد معدے کے اور درد دندان کے اور واسطے تاکل دندان کے اور واسطے بطوء ہضم کے اور واسطے قولنج وعسر البول کے کہ بعد بلغم خاطب بول سے ہو نافع ہی اور نسخے اسکے متعدد ہین چنانچہ قانون مین بتمامہ مذکور ہین اور اس مختصر مین جو معمول اکثر اطبا کے ہین مرقوم ہوئے جندبیدستر دارچینی افیون اسارون توموددو قو ہر ایک ایک درم فلفل دار فلفل بارزد قسط ہر ایک چھ درم زعفران نصف درم اور ایک نسخے مین چھ قیراط اور بعض نے مرصافی چھ درم اضافہ کیا ہی بارزد کو بیچ عسل کے کہ سہ چند جملہ اجزا کا ہو حل کرکے ادویہ مسحوقہ منخولہ اُسمین ملادین اور بعد چھ مہینے کے استعمال مین لاوین مقدار شربت ایک دانگ سے دو مثقال تک ہی اور ایک نسخے مین مقدار اسکی بقدر نخود کے لکھی ہی اور دوسرے نسخے مین بقدر مرچ کے اور یہ اختلاف باعتبار حالات وامزجہ کے ہین اور اطبا نے کہا ہی کہ ایک قیراط اس سے اگر حل کرکے اوپر محل لسع بالذرع کے ملین نفع کرے اور اگر تھوڑا روغن سوسن مین ملاکر ساتھ صوف کے حمول کرین ریاح رحم وقلت حیض وقلت توالد کو نفع کرے اور زند ہین اس سے ساتھ روغن زنبق کے گھلا کر عورت کو سونگھانا بدستور نافع ہی اور بقدر نخود کھانا ساتھ طلاے صرف کے واسطے درد سینہ ودرد گردہ وسرفہ وعسر البول وبرادہ کے نفع کرتا ہی اور ایک مثقال ساتھ طلاے صرف کے واسطے تخمے کے مفید ہی۔

فائدہ ۔ طلا عبارت آب انگور سے ہی کہ پکاوین اور دو ثلث یا زیادہ اس سے جلجاوے۔

نوعِ دیگر ۔ جند دارچینی توموددو قو ایسارون ہر ایک ایک مثقال کوٹکر چھانکر ساتھ سہ چند عسل کف گرفتہ کے گھولین اور کبھی ربع رطل بثلث وتین قیراط زعفران زیادہ کرتے ہین۔

سفرجلی ۔ معدے کو قوت دے اور اشتہاے طعام پیدا کرے اور قی وغثیان کو منع اور رنگ کو اچھا کرے نام اسکا سفرجلی ممسک ہی بہی اصفہانی پاک کی ہوئی دانے وپوست سے ایک رطل سرکے مین جوش کرین یہانتک کہ گھل جاوے بعد اُسکے کوٹ کر ایک رطل شہد اُسپر ڈالکر جوش کرین یہانتک کہ قوام ہوجاوے بعد اُسکے اُتار کر یہ دوا کوفتہ بیختہ اُسمین ملاوین زنجبیل فلفل دار فلفل ہر ایک چار درم تخم کرفس نانخواہ زعفران ہر ایک دو درم مقدار خوراک چار مثقال اور نسخے سفرجلی

مسہل کے ادویہ اسہال مین آتے ہین ـ

سکنجبین افسنتین ـ درد معدے کو جو بسبب صفرا کے ہو نفع کرے افسنتین کو سرکے مین بھگو کر اُس سرکے سے سکنجبین بناوین جیساکہ رسم ہی ـ

سکنجبین صبری ـ کہ معدے کو صفرا سے پاک کرے اور درد معدے کو کہ صفرا سے ہو دفع کرے تخم کاسنی تخم کشوث گل سرخ تخم شاہترہ ہر ایک دس درم سرکہ تیز پانچ رطل آب شیرین دو رطل جملہ کو یکجا کرکے پکاوین یہانتک کہ نصف رہجاوے پس صاف کرکے قند سفید تین من ڈال کر قوام کرین اور بعد اُتارنے کے صبر سقوطری مسحوق تین اوقیہ ملاوین مقدار خوراک دس درم ساتھ گلاب و آب سرد کے ـ

سکنجبین ـ کہ درد معدے گرم کو نفع کرے گلقند شکری گلاب مین حل کرکے صاف کرین اور سرکہ جسقدر کہ منظور ہو ملا کر قوام کرین ـ

سکنجبین زبیبی ـ بیچ تقویت معدے وجگر کے بےنظیر ہی اور قلیل التبرید مویز کو سرکے مین تر کرکے صاف کرکے ساتھ شہد یا قند کے جیساکہ دستور ہی پکاوین ـ

سکنجبین سفرجلی ـ معدے وجگر کو قوت دے اور واسطے قلت ہضم کے کہ ساتھ پیاس شدید کے ہو فایدہ کرے اور ڈکار بدبو کو دفع کرے اور اشتہا لاوے اور طعام کو ہضم کرے اور حرارت وحرقت معدے کو فرو کرے اور سدہ جگر کا کھولے اور رنا قہون کو کہ ہضم مین اُنکے تخلل ہو بہت کرے آب بہی خصوصاً کہ ترش ہو قند سفید ہر ایک ایک من ربع من سرکے مین جوش کرین کہ قوام ہوجاوے اور اگر بجاے سرکے کے آب لیموں ڈالین بہتر ہی اور جالینوس ضامن ہوا ہی کہ سکنجبین سفرجلی کہ اُس مین تھوڑی سونٹھ ملاوین جمیع بیماریون معدے کو جو بہت گرم نہون فایدہ کرتی ہی اور مقدار اُسکا ایسا ہو کہ اوپر ایک من سکنجبین کے ایک اوقیہ سونٹھ ملاوین ـ

سکنجبین سفرجلی مرکب بہ افاویہ ـ واسطے تقویت معدے کے اور سب امور کے نافع ہی سواے اسکے حرارت کثیر مین نہین دے سکتے ہین آب بہی قند ہر ایک ایک رطل سرکہ ربع رطل مصطگی سنبل قرنفل ہر ایک ایک درم ادویہ کو خریطے مین رکھکر وقت طبخ کے ڈالین ـ

سکنجبین بہ لیموئی ـ کہ یہی عمل کرتی ہی آب بہی پچاس مثقال سرکہ صاف گلاب آب لیمو ہر ایک تیس مثقال قند سفید ایک من مین قوام کرین اور اگر چاہین مرکب کرین تو افاویہ مسطور ملادین ـ

سکنجبین تفاحی ـ مخترعات سے اس درویش کے واسطے اشتہا وہضم وتفتیح سدہ جگر وتقویت معدہ ودل کے اور دفع کرنے غثیان وقی کے نافع ہی آب سیب پختہ شیرین سو درم سرکہ چالیس درم آب انار ترش آب لیمو گلاب بیدمشک ہر ایک بیس درم قند سفید ڈیڑھ من پودینہ سنبل یک مشت پودینے کو جوش مین ڈالین جیساکہ ہی یعنی نہ کوٹین بعد خوب جوش ہونے کے نکال ڈالین ـ

سکنجبین رمانی ـ معدے وجگر گرم کو نافع ہی

اور حمیات محترقہ کو مفید ہی اور مسکن عطش آب انار ترش وشیرین ہر ایک ایک رطل آب زرشک سرکہ صاف ہر ایک ربع رطل قند دو رطل قوام کرین —

سکنجبین نانخواہ — کہ طعام کو ہضم کرے اور اشتہا لاوے اور معدے کو مفید ہی نانخواہ زیرہ سیاہ زوفا جعدہ جبلی ہر ایک ایک اوقیہ سرکہ کہنہ ڈیڑھ قسط عسل نصف قسط ادویہ کو سرکہ مین بھگوئین ایک رات دن بعد اسکے پکادین یہانتک کہ تہائی رہے بعد اسکے صاف کر کے شہد ملا کر قوام کرین اور ساتھ آب قلیل البرد کے دین اور نسخے اور سکنجبینون کے بیچ ادویۂ جگر وحمیات کے آوین گے —

سفوف قاقلہ — کہ واسطے شہوت کھانے مٹی کے اور شہوات ردیہ عورتون حاملہ کے نافع ہی قاقلہ خیر بوا کبابہ مساوی شکر سفید برابر سب کے مقدار خوراک دو درم ساتھ آب گرم کے اور ایک نسخے مین بجائے کبابہ کے بسباسہ

نوع دیگر — کہ شہوت طین وغیرہ جو حاملہ کو ہوتی ہی دفع کرے اور معدے کو قوت دے اور اشتہا لاوی زرنباد تخم کرفس نانخواہ زیرہ کرمانی ہر ایک دو درم کندر تین درم کنجد مقشر دس درم نبات نوے درم مقدار خوراک دو درم

دیگر — کہ شہوت ردیہ کو نافع ہی انیسون تخم کرفس زیرہ کرمانی نانخواہ ہر ایک دس درم فلفل سفید اڑھائی درم قرنفل پانچ درم کوٹ کر چھان کر تیار کرین مقدار خوراک ایک مثقال ہر صبح وشام —

دیگر — کہ یہی عمل کرے مصطگی زیرہ کرمانی نانخواہ قاقلتین مساوی نبات برابر سب کے —

سفوف مصطگی — ریاح معدے کو دفع کرے اور اخلاط غلیظہ بلغمی کو تحلیل کرے اور فضول کو منحدر اور طبع کو نرم کرے اور پیش از طعام و بعد از طعام کھا سکتے ہین ورتناول اسکا بعد غذا کے خوب جاذب کرتا ہی اگر تین دن متواتر کھاوین معدے کو نفع بہت کرے مصطگی ایک جز شکر دو جز وقت حاجت کے چار درم تناول کرین

سفوف شمار — غذا کو ہضم کرے اور اشتہا لاوے اور ریاح کو تحلیل کرے شمار یعنی رازیانہ تین اوقیہ پوست بیخ کرفس چھ درم پوست بیخ کبر چار درم گل بنفشہ سات درم بیخ سوسن دو اوقیہ انیسون ایک اوقیہ مصطگی تخم کشوث ہر ایک آدھا اوقیہ زرورد تین درم کوٹ کر چھانکر برابر سب کے شکر سفید ملا کر دین —

سفوف نمک — واسطے اشتہا کے نافع ہی اور واسطے معدے وجگر واوجاع مفاصل کے اور ہر مرض کے کہ سبب اسکا امتلا ہو مفید ہی نمک طعام ایک رطل نوشادر زنجبیل فلفل سیاہ حبق یعنی پودینہ کوہی ہر ایک دو اوقیہ فلفل سفید تین اوقیہ انیسون حب الغار نانخواہ سنبل ہر ایک ایک اوقیہ تخم کرفس بڑی ڈیڑھ اوقیہ کوٹ کر چھانکر دو مثقال ساتھ آب گرم کے کھاوین

نوع دیگر — کہ بھوک لگاوے اور محرورون کو مناسب ہی اور واسطے اسہال ہر روزہ کے مفید ہی نمک اندرانی ریزہ ریزہ کر کے اوپر تابہ آہنی یا اوپر ٹھیکرے گرم کے یا اوپر قرن کے رکھین اور سرکہ تیز اسپر چھڑکین اور حرکت دین نمک کو جب خشک ہووے اور سرکہ چھڑکین اسی طرح سرکے کو مکرر چھڑکین بعد اسکے بیس

درم نمک اگر ہو تو کشنیز بریان عصارۂ زرشک انار دانہ بریان سماق بناک کیا ہوا تخم سے ہر ایک سے دس درم اضافہ کرین اور کوٹ کر چھان کر بقدر حاجت کھاوین۔

نوع دیگر۔ کہ مسمی بہ ملح سلیمانی ہی اور واسطے تخمہ و درد معدہ و جمیع اوجاع مفاصل وغیرہ کے نافع ہی اور تیز کرنے والا بصر کا اور صاف کرنے والا رنگ کا اور دور کرنے والا نسیان و کلف و بہق کا اور گرم کرنے والا گردون کا اور دور کرنے والا ربو کا اور محرک جماع کا اور کثیر کرنے والا منی کا اور زیادہ کرنیوالا شوق کا طرف عورتون کے اور دفع کرنے والا ہم کا اور رفع کرنے والا وہم کا اور قایم مقام تریاق کے ہی بلکہ اس سے اجود اور گرمی و جاڑے مین مستعمل نمک سنگ چار رطل لیکر خوب بریان کرین بعد اسکے مٹی کے باسن مین رکھ کر بیچ تنور کے رکھین یہانتک کہ آگ تنور کی سرد ہو جاوے بعد اسکے ملح ہندی نوشادر ملح اندرانی ہر ایک چھ اوقیہ تخم کرفس بیس درم فلفل سیاہ پندرہ درم فلفل سفید بارہ درم اذخر گیارہ درم افتیمون سنبل الطیب حلتیت کمون ہر ایک چھ درم دارچینی کاشم لب قرطم زنجبیل انیسون اصل السوس ہر ایک چار درم ہر ایک کو جدا جدا کوٹین بعد اسکے وزن کرکے ساتھ نمک مزبور کے خلط کرین اور بیچ باسن چینی سبز یا سفال سبز کے رکھ کر جو مین دفن کرین اور جسقدر کہنہ ہو بہتر ہوا ور واسطے تیزی بصر کے دو دانگ نہار کھاوین اور واسطے باہ کے بیضہ نیمبرشت کے ساتھ اور واسطے ہضم کے ہمراہ طعام کے بقدر حاجت اور واسطے اوجاع وادرام کے چاہیے کہ پہلے شہد اوپر مقام درد کے ملین اوپر اسکے اس نمک کو چھڑکین اور اگر کاشم کہ زیرہ کوہی ہی میسر نہو عوض اسکے زیرہ معروف ایک مثل در ربع اسکا ملا دین۔

سفوف نعناع۔ معدے کو قوت دے اور ریح کو دفع کرے اور وہ بالطبع کاسر النفخ ہی پیش از غذا اور بعد اسکے کھا سکتے ہین نعناع خشک دس درم سماق پانچ درم فلفل دو درم نمک پانچ درم کوٹ کر چھانکر ایک درم سے دو مثقال تک کھاوین۔

دیگر۔ کہ معدے کو قوت دیوے پودینہ خشک عود مصطگی جملہ برابر کوٹ کر چھان کر مقدار شربت دو درم

سفوف عود۔ معدۂ سرد و تر کو نفع کرے قرنفل کبابہ ہر ایک پانچ درم مصطگی سنبل ہر ایک تین درم عود خام بیس درم قند سفید برابر سب کے مقدار خوراک ایک مثقال ساتھ دس درم گلقند آفتابی کے۔

دیگر۔ واسطے برد معدے اور ریاح غلیظ معدے کے نافع ہی مصطگی کبابہ قرنفل ہر ایک پانچ درم عود ہندی بیس درم سک مشک تین مثقال قند سفید تیس درم مقدار خوراک تین درم اور بیچ ایک نسخے کے قرنفل کبابہ ہر ایک پانچ درم مصطگی سگ ہر ایک تین درم عود خام بیس درم شکر سفید برابر سب کے مقدار خوراک ایک مثقال اور صاحب شفاء الاسقام نے

بیچ سفوف عود کے لکھا ہی کہ ادویہ کو بہت باریک نکرین
اور ساتھ ادویہ مطیب کے کام مین لاوین اور سک مشک
کہ بیچ نسخے وسط کے لکھا ہی مراد یہ ہی کہ سک اصلی
وغیر اصلی کو ساتھ تھوڑے مشک کے ملاوین ۔

سفوف عود نوعدیگر ۔ واسطے تقویت معدے کے اور سردی معدے کے اور بھوک لگانے کے نافع ہی قاقلہ طباشیر اصل السوس ریوند گل سرخ مصطگی کبابہ فرنجمشک نعناع خشک تخم کرفس ہر ایک پانچ درم عود ہندی اڑھائی درم قند سفید بیس درم کوٹ کر چھان کر استعمال کرین ۔

سفوف ۔ کہ ریاح معدے کو دفع کرے اور اخلاط غلیظ سے معدے کو پاک کرے انیسون نانخواہ تخم کرفس ہر ایک پانچ درم کندر چار درم فقاح اذخر قسط مصطگی ہر ایک تین درم سپندان سفید کیا ہوا تیس درم کوٹ کر چھان کر قند کہ برابر سب کے ہو ملاوین مقدار شربت پانچ درم اور بیچ ایک نسخے کے سپندان نہین ہی ۔

سفوف اذخر ۔ اشتہا غذا کی لاوے اور معدے کو قوت دے بیخ اذخر ایک درم سنبل آدھا درم کوٹ کر چھانکر ساتھ سرد پانی کے تناول کرین ۔

سفوف قرنفل ۔ واسطے ضعف معدے کے مجرب ہی قرنفل رازیانہ ہر ایک تین درم انیسون مصطگی ہر ایک دو درم زنجبیل نبات ہر یک ایک درم کوٹکر چھان کر دو درم پیش از غذا کھاوین ۔

سفوف آملہ معدے و جگر کو قوت دے اور اسہال معدے کو بند کرے آملہ تین درم مصطگی عود خام ریوند چینی گل سرخ زیرہ مدبر کرو یا مدبر رب السوس مغز تخم خیارین نعناع خشک ہر ایک ایک درم مقدار شربت ایک درم ساتھ گلاب کے ۔

سفوف کرفس ۔ ریاح کو توڑے اور بزرگی شکم و نفخ معدے و استسقاء طبلی کو نہایت مجرب ہی تخم کرفس رازیانہ انیسون اسارون قسط ریوند چینی ہر ایک دو درم زیرہ کرمانی تین درم سنبل سعد ہر ایک ڈیڑھ درم کوٹ کر چھان کر مقدار ایک درم کے کھاوین اور اس درویش نے بیچ اس نسخے کے عنبر آدھا درم واسطے دولتمندون کے کہ اضافہ کیا نافع تر پایا اور اگر طبع قبض ہو تیسرا حصہ جملہ ادویہ کا برگ سنا ممزوج کرین نہایت مفید ہی ۔

سفوف نرد ۔ ریاح کو توڑے اور معدے کو قوی کرے کرویا انیسون زیرۂ کرمانی قاقلہ تخم کرفس فرقہ نانخواہ ہر ایک دو درم قرنفل نصف درم زنجبیل دار فلفل ہر ایک دو دانگ قند بیس درم کوٹ کر چھان کر دو درم کھاوین ۔

سفوف نانخواہ ۔ واسطے ریاح و درد معدے و طحال کے اور تقویت ہضم کے اور رفع کرنے حبس بخارات کے نافع ہی نانخواہ تخم کرفس برابر قند ہمچند مقدار شربت دو درم ۔

سفوف کہربا ۔ واسطے ضعف معدے کے جو بسبب حرارت معدے کے ہو نافع ہی کہربا گل سرخ ہر ایک پانچ درم

عود خام دو درم زرشک دس درم آملہ طباشیر ہر ایک تین درم سنبل ایک درم زعفران کافور ہر ایک دو دانگ کوٹ کر چھان کر مقدار شربت ایک درم ساتھ شربت انار کے۔

سفوف طباشیر ـ معدے گرم کو قوت دے اور ڈکار دُخانی دفع کرے گل سُرخ دس درم طباشیر سماق منقّے ہر ایک تین درم کشنیز خشک دو درم اور ایک نسخے مین طباشیر بھی دس درم اور کشنیز سرکے مین تر کر کے بریان کی ہوئی پانچ درم مرقوم ہی مقدار شربت دو درم ساتھ سکنجبین سفرجلی یا وردی یا شربت انار ترش کے۔

سفوف ورد ـ واسطے ضعف شہوت طعام کے کہ بعد حمیات کے ایام نقاہت مین پیدا ہوتا ہی نافع ہی گل سُرخ پانچ درم سماق دو درم قاقلہ کبار ہر ایک ایک درم مقدار شربت دو درم اور جالینوس کہ سویق شعیر ساتھ سرکے و پانی کے یا ساتھ آب انار کے منبہ شہوت محرورون کا اور قاطع عطش کا ہی ثمّا وا کلّا۔

سفوف حاکمی ـ کہ رات دن پیش از غذا و بعد از غذا دے سکتے ہین نہ مسخن ہی نہ مبرد نہ مسہل ہی نہ قابض بلکہ معتدل ہی اور محلل ریاح و مقوی اعضاے باطنیہ کلہا خصوصاً معدے و کبد کا و مفتح سدد و مشہی و ہاضم و محسن لون و مبطی شیب و مقوی باہ ہی زرورد دس درم انیسون نو درم کزبرہ شامی آٹھ درم سک مشک سات درم طباشیر صندل مقاصری ہر ایک چھ درم ہلیلہ کابلی و ہندی ہر ایک پانچ درم مصطگی اسارون رومی سنبل عصفر یعنے ہندی آملہ کردیا دارچینی قسط حلو کباشس قرنفل ہر ایک چار درم نک لبسر ایک درم شکر سفید دو چند سب کی مقدار خوراک پانچ درم۔

سفوف فواق ـ واسطے ہچکی شدید امتلائی کے نافع ہی تخم کرفس سعد زیرۂ کرمانی مساوی مقدار شربت ایک درم۔

دیگر ـ واسطے ہچکی بلغمی کے مجرب ہی تخم کرفس فطراسالیون سعد ہر ایک دو درم دوقو پوست بیرون پستہ انیسون پودینہ اسارون قسط زیرۂ کرمانی ہر ایک تین درم وج آدھا درم مقدار شربت تین درم۔

دیگر ـ فواق وقتی کو دفع کرے اور بلغم کو قطع کرے کندر گل سُرخ ہر ایک تین درم مصطگی اڑھائی درم عود چار درم انار دانہ پوست اترج فرنجمشک ہر ایک پانچ درم قرنفل بری قاقلہ لبابسہ نعناع ہر ایک دو درم قند سفید سات درم مقدار شربت تین درم ساتھ سکنجبین سادہ کے یا ہی بریان کے یا گلقند عسلی یا شکری یا نبات مقوم کے۔

دیگر ـ کہ ہچکی ریحی کو دفع کرے اور باد محتبس کو حرکت دیکر ساتھ ڈکار کے نکالے صعتر برگ سداب کردیا پودینہ نعناع نانخواہ قرنفل مصطگی کندر جملہ برابر کوٹ کر چھان کر لقدر حاجت کے ساتھ گرم پانی کے کھاوے

دیگر ـ کہ فواق بلغمی و ریحی کو دفع کرے زیرہ سفید مصطگی ہر ایک چار درم شونیز ایک درم کوٹ کر چھان کر ساتھ ٹھنڈے

پانی کے کھاوین اور ایک نسخے مین عوض مصطگی کے کندر ہی

سفوف ۔ کہ غثیان وتہوع باز رکھے انار دانہ دس درم کندر مصطگی عود ہر ایک ایک درم کوٹکر چھان کر ساتھ شربت پودینہ کے دین۔

دیگر ۔ کہ قی صفراوی کو رد کے عود خام طباشیر ہر ایک تین درم گل سرخ نعناع انار دانہ بریان زرشک منقے ہر ایک پانچ درم سماق منقے چار درم اور ایک نسخے مین انار دانہ دس درم ہی کوٹکر چھان کر ایک درم ساتھ آب نعناع یا ریباس یا انار یا سیب کے کھا دین

دیگر ۔ کہ غثیان دمی کو نافع ہی اور محرور کو مفید ہی زرشک سماق انار دانہ ترش گل سرخ طباشیر ہر ایک پانچ درم پوست بیرون پستہ پودینہ ہر ایک دو درم عود خام ایک درم مقدار شربت ایک مثقال ساتھ آب انار کے اور شربت نعناع کے۔

سفوف دیگر ۔ کہ قی کو اکثر باز رکھتا ہی سماق کشنیز خشک تخم گل طباشیر کوٹ کر چھان کر بقدر حاجت دین

دیگر ۔ کہ قی بلغمی کو دفع کرے کندر انار دانہ سنبل آملہ مصطگی ہر ایک پانچ درم عود خام سات درم قرنفل کبابہ قاقلہ جوز بوا بسباسہ سعد نعناع ہر ایک چار درم پوست ترنج فرنجمشک ہر ایک دس درم گل سرخ چھ درم کوٹ کر چھان کر تین درم کھا دین اور ایک نسخے مین انار دانہ پندرہ درم ہی۔

دیگر ۔ کہ قی الدم کو نافع ہی گل ارمنی صمغ عربی گلنار دم الاخوین کندر جملہ برابر کوٹ کر چھان کر بقدر حاجت کے ساتھ دس درم بہی کے کھلا دین۔

سفوف ۔ کہ درد معدے کو جو گرمی سے ہو فایدہ کرے اور یہ نسخہ قریب نسخے کہربا کے ہی کہ مذکور ہوا کہربا گل سرخ زرشک منقے ہر ایک پانچ درم عود خام مصطگی طباشیر سک ہر ایک تین درم سنبل الطیب کافور زعفران ہر ایک دو درم زیرہ انیسون ہر ایک اڑھائی درم مقدار شربت دو درم ساتھ ایک اوقیہ رب سیب کے

اور سفوف مناسب معدے کے جو واسطے قبض و اسہال کے مخصوص ہین بیچ ادویہ امعا کے بیان ہونگے۔

حرف الشین

شربت فواکہ معتدل ۔ مقوی اعضا اور کل قوتون کا اور واسطے ناقہون کے اور ضعف احشا کے نافع ہی آب انار شیرین وترش و آب بہی شیرین وترش آب سیب شیرین وترش آب امرود شیرین وترش ہر ایک ایک جزو آب زعرور آب زرشک ہر ایک ایک جز قند سفید تہائی سب پانیون کا قوام کرین جیسا کہ معروف ہی اور بعض لوگون نے ایک جز آب انگور اضافہ کیا ہی بہتر و مناسب ہی اور اگر آب انگور کو علیحدہ پکا دین یہانتک کہ ثلث جلکر دو ثلث رہے اولے ہوا اور شربت کہ فواکہ شیرین وترش سے مرکب ہوا ہی ساتھ اسم معتدل کے مسمی ہوا اور اس سبب سے یہ نسخہ بسبب ترکیب کے ساتھ اکثر مزاجون کے مناسبت رکھتا ہی اکثر نسخے شربت فواکہ کے ترتیب مرقوم ہوئے ہین چنانچہ مشروحا مذکور ہوتے ہین۔

شربت فواکہ شیرین ۔ واسطے تقویت احشا و ناقہون کے اور صاحبان لین طبع کے اور صاحبان سعال کے

موافق ہو آب میوہ ہاے شیرین کو ساتھ قند کے کہ تہائی
اُنکا ہو قوام کرین

شربت فواکہ ترش - قابض زیادہ ہو شربت فواکہ
شیرین سے اور منافع مین مانند اُسکے ہے لیکن سعال
کو مناسب نہین ہو اور ترکیب وہی ہو کہ آب میوہ ہاے
ترش سے بدستور مسطور بنادین اور ہر ایک ان اشربہ
سے موافق احوال ہر شخص کے ساتھ ادویہ موافقہ کے
قوی کر سکتے ہین چنانچہ معلوم ہوتا ہو—

دیگر - کہ پیاس کو فرو کرے اور حرارت معدے و
جگر و دل کو تسکین دے آب انار ترش آب آلو آب
تمر ہندی ہر ایک ایک رطل آب حماض آترج نصف
رطل جملہ کو نرم آگ پر پکادین یہانتک کہ غلیظ ہوجاوے
پس ساتھ پانی برف کے یا آب سرد کے پیین قدر حاجت کے

دیگر - کہ معدے کو قوت دے اور اشتہاے محرورون
کی زاید کرے اور قی صفراوی کو دفع کرے سیب بہی
وحماض اترج وامرود وانار وحصرم سے پانی نچوڑین
اور اُسمین تھوڑا سماق وزرعرور دنبق وحب الآس
وزرشک بھگوئین اور ایک رات دن رکھین پھر نچوڑ
کر صاف کرین اور عسل ملا کر قوام کرین اور اگر قند
عوض شہد کے ڈالین بہتر ہو واسطے محرور کے اور
اگر پانی فواکہ کو کہ ادویہ مرقومہ اُسمین بھگوئے ہین
بعد صاف کرنے کے فقط جوش کرین بدون اختلاط
شربتی کے قوی تر اور محرور کو موافق تر ہو—

دیگر - کہ معدے و جگر کو قوت دے اور طبع کو قبض
کرے امرود خشک سیب خشک حب الآس حب الرمان
ترش انبر باریس جملہ کو نیمکوب کرین اور بیچ آب انار ترش
کے کہ چار چندان ادویہ کا ہو لکادین یہانتک کہ ثلث
رہے پس صاف کرکے نرم آگ پر پکادین تو غلیظ ہوئے
اور فواکہ خشک ودیگر سے بھی شربت بناتے ہین پانی
مین جوش کرکے قند ملا کر قوام کرین—

شربت فواکہ نوعدیگر - معدے کو قوت دے
اور قی کو روکے اور دل کو قوی کرے آب بہی آب
سیب آب انار شیرین آب انار ترش آب امرود ہر ایک
ایک جزو آب زرشک آب سماق آب غورہ آب زعرور
ہر ایک نصف جزو پکادین یہان تک کہ ثلث رہجاوے
پھر مقدار کفایت کے قند اضافہ کرکے پکادین تو قوام
ہوجاوے اور اگر آب ہاے مسطور کو بدون جوش
کرنے کے قند ڈال کر قوام کرین بھی درست ہو لیکن
پہلی صورت مین قوی تر ہوتا ہو بسبب کثرت دوائیت
کے اور بیچ ادویہ سر کے بیان رُبوب مین یہ امر
مرقوم ہوا ہو کہ شربت ورب بطور ترادف کے بھی
استعمال کرتے ہین—

فایدہ - مقدار شیرینی کا اشربہ مین احسن یہ ہو کہ سوم
حصہ پانی کا ہو اور کم وزیادہ بھی ہو سکتا ہو جیسا کہ
مشہور ہو—

نوعدیگر - کہ معدے کو قوت دے اور قی کو باز رکھے
اور امراض صفراوی کو نفع پہونچاوے آب سیب مز
آب انار مز آب بہی آب تمر ہندی آب ریباس ہر ایک
ایک رطل گلاب آب حصرم نعنع مشمش ہر ایک نصف رطل
جملہ کو نرم آگ پر پکادین اور درمیان طبخ کے عود مصطگی

وطباشیر و سک ہر ایک دو درم بیچ کپڑے کتان کے ڈھیلا باندھ کر ڈالین جب نصف رہے قند سفید ڈیڑھ من برگ نعناع قدر حاجت کے اضافہ کر کے قوام کرین اور بعد اُتارنے کے کافور ربع درم زیادہ کرین اور حسن یہ ہی کہ قند ڈیڑھ رطل ہو۔

دیگر۔ کہ معدے و احشا کو قوت دے اور صفرا و قی کو قطع کرے اور قذف کو کہ بسبب رحم کے زنان حاملہ کو ہوتا ہی فایدہ کرے آب سیب آب امرود سبز شامی آب انار آب زعرور اور اگر زعرور میسر نہو آب حصرم بدلے اُسکے ڈالین اور جملہ کو پکادین تو چہارم حصہ جاتا رہے اور کف پھینکتے جاوین اور ہم وزن اُسکے قند سفید ڈالکر قوام کرین۔

دیگر۔ کہ مسمے ہی بہ شربت فواکہ ترش معدے کو قوت دے اور قی روکے اور دل و جگر کو مفید ہی سبب و بہی و زرشک و سماق و غورہ و انارین و زعرور سے پانی لیوین ہر ایک سے ایک جزو اور آب لیمو و حماض ہر ایک نصف جزو اور پکاوین جب ثلث جاتا رہے قند سفید بقدر کفایت کے ڈالکر قوام کرین۔

دیگر۔ کہ قی کو روکے اور معدے کو قوت دے اور بھوک لادے بہی و سیب حماض و اترج و امرود و انار و غورہ انگور سے پانی لیکر تھوڑا سماق و زعرور و نبق و حب الآس و عنبر و انبر باریس کو ٹکر پانی مذکور مین ایک رات دن تر کرین بعد اسکے صاف کر کے ساتھ قند کے قوام کرین اور اگر قند نہ ملاوین سب پانی کو تنہا غلیظ کر کے رب بناوین قوی تر ہو اور نسخے

شربت فواکہ ملین کے کہ فواکہ تر سے یا خشک سے بناتے ہین بیچ ادویہ اسہال کے آوینگے۔

شربت عود سافرج۔ کہ معدے و دل و جگر کو قوت دے اور قے و اسہال کو روکے عود رطب جو بیس درم بیچ پانی بہت گرم کے ایک رات دن بھگو کر نرم آگ پر جوش کرین تو قوت اسکی نکل آوے بعد اُسکے صاف کر کے ساتھ نصف رطل عسل اور ساڑھے چار رطل قند کے قوام کرین اور اگر عود رطب نہ ملے عود قاقلی کام مین لاوین اور عود بہتر وہ ہی کہ اندر اُسکا سیاہ صرف و ظاہر اُسکا سیاہ مایل بہ شقرت ہو اور بھاری ہو اور پانی مین بیٹھ جاوے اور چکنا معلوم ہو۔

شربت عود مدبر۔ واسطے تقویت معدہ و تجوید ہضم و سو استمرار کے جو بردے سے ہو نافع ہی اور بو کو خوش کرتا ہی گلاب ایک رطل دیگ مین رکھین اور عود ہندی و سک و مشک ہر ایک دو درم سنبل الطیب قرنفل جوزبوا مصطگی ہر ایک ایک درم سب کو نیمکوفتہ کر کے بیچ کپڑے سنگین کے ڈھیلا باندھ کر گلاب مین ڈالین اور ایک رات رہنے دین بعد اسکے قند سفید نصف رطل ملا کر اوپر آگ معتدل کے پکاوین جب خوب جوش کرے کپڑے کو ملکر نکال ڈالین اور قوام پورا کر کے مشک ایک دانگ حل کر کے زیادہ کرین اور اُتار لیوین۔

شربت عود ترش۔ معدے و جگر و دل و دماغ کو قوت دے اور غثیان و فساد ہضم کو اور بخارات محترقہ و ڈکار دخانی کو دفع کرے سیب ترش و شیرین و انار ترش و شیرین و لیمو ہر ایک سے ڈیڑھ سو درم پانی لیکر ساتھ

تین سو درم قند کے قوام کرین اور عود قماری پانچ درم صندل سفید تین درم بادرنجبویہ گل سرخ قرنفل مصطگی ہر ایک دو درم سنبل الطیب اسارون بسباسہ سانج ورق نقرہ ہر ایک ایک درم عنبر و مشک ورق طلا ہر ایک نصف درم اُسمین حل کرین۔

شربت تفاح سادہ ۔ واسطے تقویت فم معدہ و دل اور تفریح نفس کے اور دفع کرنے خفقان کے اور تسکین قی و قیام کے نافع ہر اور جو شربت کہ خوشبو ہو بیچ تقویت دل کے قوی تر ہر تفاح یعنے سیب اصفہانی اندر اور باہر سے پاک کرکے بیچ ہاون سنگین یا چوبین کے کوٹ کر پانی اُسکا دس من لیکر پکا دین یہانتک کہ دو من رہجاوے پس ایک من قند اضافہ کرکے پکا دین تو قوام ہو جاوے اور بعض لوگ آب سیب کو جوش نہین دیتے نصف اُسکے قند ملاکر قوام کرتے ہین اور اگر وقت قوام کے گلاب بھی ملاوین بہتر ہر۔

شربت سیب نوع دیگر ۔ کہ معدے کو قوت دے اور دل ضعیف سوداوی کو فایدہ کرے آب سیب شیرین دو من آب بہی شیرین شراب ریحانی ہر ایک ایک من سب کو ملا کر قرنفل ایک مثقال عود ہندی گل سرخ ہر ایک دو درم گاؤزبان بادرنجبویہ ہر ایک تین درم سب کو نیمکوفتہ کرکے تھیلی مین رکھکر پانی مذکور مین ڈالین اور نرم آگ پر پکا دین جب نصف رہے تھیلی کو ہاتھ سے ملکر پھینک دیوین اور قند سفید ایک من ملاکر قوام کرین مقدار خوراک دو اوقیہ۔

نوع دیگر ۔ کہ بیچ منافع نسخے پہلے دوسرے کے مساوی ہر سیب اصفہانی پختہ اندر اور باہر سے پاک کرکے پانچ رطل لیکر کوٹین کہ یکسان ہو جاوے اور قند سفید یا عسل پانچ رطل اُسمین ملاکر خوب ملین تو سب ایک ذات ہو جاوے پس دھوپ مین ایک مہینے رکھین اور صاف کرین اور اگر چاہین کہ خوشبو ہو مشک ایک درم عود تین درم مشک مصطگی ہر ایک دو درم باریک کرکے اُسمین حل کرین اور جاننا چاہیے کہ شربت سیب جامع کا بیچ تقویت معدے و تسکین قی و قبض شکم کے قوی تر ہر اور شربت سیب شیرین کا منافع مسطورہ مین ضعیف اس سے ہر لیکن کھانسی کے مناسب زیادہ ہر۔

دیگر ۔ کہ واسطے ضعف معدہ و خفقان الفواد کے جو حرارت سے ہو نافع ہر اور قی صفراوی و پیاس کو مفید ہر سیب کوہی کوٹ کر پانی اُسکا نچوڑین اور پکا دین جب آدھا رہے صاف کرکے ایک رات رہنے دین بعد اُسکے پھر دیگ مین ڈالکر نرم آگ پر پکا دین تو غلیظ ہو جاوے اور بیچ باسن شیشے کے رکھین پس اگر زمانہ گرمی کا ہر باسن کو دھوپ مین کئی دن رکھین تو ماہیت دور ہو جاوے اور اگر چاہین شربت شیرین ہو قند سفید ایک رطل بیچ ایک من عصارہ کے ملاکر قوام کرین۔

شربت سفرجل ۔ واسطے بھوک کے کثیر النفع ہر یہانتک کہ بھوک ساقط کو پھیر لاتا ہر اور طبیع کو قبض کرتا ہر خصوصاً سفرجل خام کا اور واسطے

منع کرنیوالے قی کے اور تجوید ہضم و استمراء کے اور تسکین
عطش و غثیان کے خصوصاً شربت بہی ترش کا نافع
ہی اور واسطے تقویت معدہ و دل کے اور نشاط
کے اور ازالہ خفقان کے مفید ہی لیکن سینہ و حنجرہ
کو خشن کرتا ہی سفرجل یعنی بہی کو کپڑے سے صاف
کر کے تخم و حبوب اس سے جدا کرین اور ہاون سنگین یا
چوبین مین کوٹ کر پانی اُسکا نکال کر صاف کرین
اور اُسکے ایک رطل مین چار اوقیہ شکر ملا کر قوام
کرین اور بہتر وہ ہی کہ شکر نصف رطل ہو اور بعض لوگ
کہتے ہین کہ قند پانچوان حصہ پانی بہی کا چاہیے اور
شک نہین ہی کہ جس شربت مین دوائیت غالب
ہو وہ قوی الاثر ہوتا ہی اور جو شربت بہی شیرین
و ترش سے بناوین معتدل ہوتا ہی اور صاحب
تسفار الاستقام نے بیچ بحث اسہال کے لکھا ہی کہ
شربت بہی کا مدر بول ہی اور قابض شکم کا۔
نوع دیگر۔ کہ واسطے ضعف معدہ و جگر و قی و اسہال و
غثیان و تشنگی کے نافع ہی بہی ترش دانہ و پوست
سے پاک کی ہوئی پانی اُسکا نچوڑین اور دو رطل پانی ایک
ثفل کو بھی بیچ شراب یا جھوری کے کہ ایک رطل ہو
ایک رات دن تر کرین بعد اسکے مل کر صاف کرین
اور ساتھ نچوڑے ہوئے پانی بہی کے ملا کر پکاوین
یہان تک کہ نصف رہ جاوے پھر ساتھ نصف
رطل شہد صاف کے قوام کرین اور زنجبیل و
مصطگی ہر ایک دو درم قاقلہ کبار و صغار و دارچینی
زعفران غیر مسحوق ہر ایک چار درم ترنفل تین
درم کپڑے مین باندھکر اُسمین جوش کرین اور اگر دو
دانگ مشک بھی داخل کرین ہو سکتا ہی۔
شربت انار ترش۔ کہ غثیان و قی و غلبۂ صفرا کو
دفع کرے انار ترش رقیق القشر احمر اللون پختہ سالم
عفونت سے لیکر چھُری چوبین سے پوست اسکا جدا
کرین اور اسکے دانون سے پانی نچوڑین اگر ایک رطل
پانی ہو چار اوقیہ قند سفید ملا کر قوام کرین اور اگر قوی
تر چاہین ادویہ مناسبہ زیادہ کرین۔
شربت انار منعنع۔ قی و فواق کو کہ گرمی سے ہو
دفع کرے اور طبع کو قبض کرے آب انار میخوش لیکر
پکاوین یہان تک کہ نصف رہے پس اگر یہ پانی
جوش کیا ہوا ایک من ہو آب نعناع نچوڑا ہوا اور
قند سفید ہر ایک نصف من ملا کر قوام کرین اور اگر
انار میخوش میسر نہو آب انار ترش و آب انار شیرین عوض
اُسکے کرین اور بعض لوگ آب نعناع نہین ڈالتے
ہین بلکہ وقت طبخ کے شاخون نعناع سے شربت
کو ہلاتے ہین تو قوت اُسکی شربت مین آجاوے
دیگر۔ کہ معدے کو قوت دے اور قی کو رد کرے
اور صفرا کو دفع کرے آب انار ترش دو
دو من نعناع تازہ دو دستہ عود خام آلہ مصطگی
ہر ایک دو درم پوست بیرون پستہ پانچ درم
کوٹ کر پانی مین سوائے مصطگی کے جوش
کرین یہان تک کہ آدھا رہجاوے پس صاف
کر کے ایک من قند سفید ڈال کر قوام کرین بعد
اسکے مصطگی اضافہ کرین۔

دیگر۔ کہ مسمی بہ شربت رمان منعنع ہی واسطے
قمع صفرا کے اور تقویت فم معدہ اور واسطے غثیان و
قے معدے کے کہ صفرا سے ہو اور واسطے غثیان و قے
صفراوی کے نافع ہی اور واسطے تسکین پیاس کے
اور دور کرنے درد سر کے کہ بسبب التہاب کے ہو
مفید و قابض شکم ہی آب انار میخوش کا آگ پر رکھین اور
قند اسقدر کہ میخوشی اُسکی بالکل باطل نکرے ملاوین
اور پانی سیب کا اس مقدار کہ کڑوائی پیدا نکرے ملادین
اور برگ اترج یا چھلکا اسکا اسقدر کہ بو اُسکی ظاہر ہو
ڈالکر جوش کرین یہانتک کہ قوام ہوجاوے اور
اگر مادہ بلغم کا سبب قے کا ہو ہیضہ مین خصوصاً معدے
مین بھی سردی سے ضعف ہو چاہیے کہ وقت قوام کے
مصطگی و سنبل و قاقلہ اور مانند انکے باریک کرکے
بقدر حاجت کے اُس پر چھڑکین۔

شربت حب الرمان ۔ واسطے غثیان و قے کے
نافع ہی انار دانہ ترش نصف رطل سماق ربع رطل چار
رطل پانی سادہ مین ڈالکر پکاوین جب دو رطل
رہجاوے صاف کرکے برگ اترج برگ نعناع ہر ایک
دو طاقہ قرنفل دو درم سک یک درم کندر پانچ درم
پوست بیرون پستہ سبز تین درم باریک کرکے اسمین
ڈالین اور وقت غثیان شدید کے اور ہیضہ مین دین
اور اگر گلاب مین بناوین بہتر ہو اور اگر برگ اترج
نہ ملے پوست ترنج دو درم بدلے انکے ڈالین اسیطرح
اگر نعناع تازہ نہ ملے نعناع خشک دو درم بدلا اسکا
ہی اور جانین کہ اس نسخے مین قند نہین ہی اگر ملاوین
مضایقہ بھی نہین ہی اور نسخہ شربت انار شیرین کا
بیچ امراض سینے کے گذرا۔

شربت انار مسہل ۔ بیچ ادویہ امعا کے آویگا

شربت ریباس ۔ معدے کو قوت دے اور
تشنگی موقوف کرے اور قے و اسہال صفراوی کو باز
رکھے ریباس کا سر و دنبالہ لکڑی کی چھری سے کاٹکر
پھینک دیوین اور ریباس کو ہاون سنگین یا چوبین مین
کوٹ کر پانی اسکا لیوین اور ہموزن اسکے قند سفید
ملاکر کف دور کرین بعد اُسکے قوام کرین اور بہتر وہ ہی
کہ پہلے اس عصارہ کو پکاوین جب ایک ثلث جاتا رہے
برابر اُس باقی ماندہ کے قند سفید ملاکر قوام کرین۔

شربت بہ لیموئی ۔ واسطے تقویت ہاضمہ و تسکین
عطش معدے و کبدی کے نافع ہی آب بہی شیرین دو
جزو آب لیمو ایک جزو قند سفید نصف یا ثلث مجموع کا
بدستور معروف قوام کرین اور نسخہ شربت لیمو بیچ ادویہ
سر کے گذرا وہ بھی واسطے ضعف معدے و قے صفراوی
و عطش کے نافع ہی۔

شربت حصرم منعنع ۔ واسطے تقویت و باعث ہونے
کے اور ازالہ حرارت معدے کے اور قطع کرے عطش
و قے و اسہال کے کہ صفرا سے ہو اور واسطے تسکین
غم کے کہ گرمی سے ہو نافع ہی اور ہر مرض کو کہ فساد
ہوا سے پیدا ہوا ہو دور کرے اور حاملہ کو فایدہ
کرے اور فضول کو گرنے سے اور معدے حاملہ
کے باز رکھے اور ارحام اور جنین کو قوت دے
اور اسقاط حمل کو کہ حرارت سے ہو دفع کرے

اور حمیات گرم کو مفید ہی اور صفرا و دم و بلغم کو قمع کرے آب غورہ انگور پکادین اور کف نکالتے جاوین جب نصف رہی اُتار کر ایک رات نگاہ رکھین بعد اسکے صاف کرین اور فی رطل اس پانی مطبوخ کے آب نعناع و قند سفید ہر ایک نصف رطل ملا کر قوام کرین اور نسخہ غیر منعنع کا بھی معدے کو نافع ہی اور بیچ ادویہ سر کے گذرا۔

شربت آملہ ۔ معدے کو خصوصاً جو گرم ہو نافع ہی اور بھوک لگادے اور تقویت دل کی کرے آملہ تین اوقیہ بیچ تین رطل گلاب کے تر کرین اور صندل مقاصری نصف درم عود قاقلی ربع درم انبر بار یس تین درم بھی اضافہ کرین اور جوش کرین یہان تک کہ قوت ادویہ کی نکل آوے پس صاف کرین اور یہ پانی صاف کیا ہوا اگر دو حصہ ہو مثلاً قند سفید تین حصہ اضافہ کر کے قوام کرین اور برابر بھی روا ہی اور جب نزدیک قوام کے پہونچے انار دانہ نصف اوقیہ کہ بیچ پانی یا گلاب کے تر کیا ہو پانی صاف اسکا لیوین اور جلاب کو اس سے توڑین اور قوام تمام کرین۔

شربت گاؤزبان ۔ واسطے کرب معدے و خفقان کے کہ بمشارکت معدے کے ہو نافع ہی اور صفرا کو معدے سے دور کرے اور فزع و سہر و مالیخولیا کو اور لاغرون اور خشک مزاج والون کو فایدہ کرے برگ گاؤزبان چالیس درم گل بنفشہ تخم کشنوث ہر ایک بیس درم گل سُرخ سکاعی نعناع ریحان الاترج ہر ایک دس درم جملہ کو بیچ دس رطل آب گرم کے ایک رات دن تر کرین بعد اسکے نرم آگ پر پکاوین یہان تک کہ ثلث رہے پس مل کر صاف کرین اور آب انار ترش و آب کاسنی مروق ہر ایک ایک رطل اور قند سفید چار رطل اضافہ کر کے اوپر نرم آگ کے قوام کرین مقدار شربت ایک اوقیہ۔

شربت بلیخ ۔ کہ معدے کو قوت دیوے اور طبع کو بند کرے بلیخ اخضر کو ہاون سنگین مین کوٹ کر پانی اسکا لیوین اور پانچ رطل پانی مین قند سفید اڑھائی رطل اضافہ کر کے قوام کرین۔

شربت کون ۔ کہ غثیان و قے کو دفع کرے اور بلغم کو قطع کرے زیرہ سفید چار درم مصطگی تین درم انار دانہ ترش بیس درم تمام نعناع ہر ایک دس شاخ جملہ کو بیچ چار رطل پانی کے پکادین یہانتک کہ ایک رطل رہی پس صاف کر کے قند سفید سو درم ملا کر قوام کرین۔

شراب بلبہ سادہ ۔ واسطے تقویت معدے و جگر کے اور رفع کرنے غثیان و قے و عطش و خافقہ کے نافع ہی قند سفید پانچ رطل بیچ پانی کے حل کر کے پکادین اور کف دور کرتے رہین بعد اسکے آب سفرجل مروق و شراب مثلث ہر ایک ڈیڑھ رطل اضافہ کرین اور خم مین لادین اور مثلث کہ اسمین استعمال کرتے ہین چاہیے کہ چالیس دن اُسکو آفتاب مین رکھا ہو بعد اُسکے چالیس دن سایے مین رکھا ہو اور اگر گرم تر قوی تر چاہین عوض مثلث کے خمر ڈالین اور بدلے قند کے عسل۔

فایدہ ۔ یہ لفظ فارسی ہی مرکب ہی می دیہ سے

نوعدیگر میبہ مقویہ — معدے وجگر کو قوت دے اور تجویدِ ہضم کرے اور سوء مزاج کو کہ بیچ حمیات کے ظاہر ہوتا ہے نافع ہے اور دل کو فرحت بخشے اور حرارت غریزی مشایخ و بھرود مزاجون کی اُٹھاوے اور غثیان وقی وفواق واسہال وہیضہ وغشی کو کہ ہیضے سے ہوئی ہو دور کرے فلفل دارفلفل دارچینی زنجبیل ہر ایک تین درم عود ہندی قاقلہ بسباسہ سنبل الطیب زعفران ہیل جوز بوا ہر ایک ایک درم مشک خالص ایک دانگ جملہ کو باریک کرین اور جب شربت میبہ سادہ کو آگ سے آتارین ان اشیا کو ملاوین اور بعض لوگ مصطگی وقرنفل ہر ایک دو درم زیادہ کرتے ہین اور بعض لوگ انکو باریک نہین کرتے بلکہ جو کوب کرکے تھیلی مین رکھکر عین جوش مین ڈالتے ہین اور بعد سرد ہونیکے تھیلی کو نچوڑ کر پھینکتے ہین

شراب میبہ نوعدیگر — واسطے برد معدے وضعف معدے کے نافع ہے آب بہی میخوش لیکر ایک رات دن رکھکر صاف کرین اور اس سے اور شراب کہنہ اور قند سے برابر لیکر پکاوین آہستہ آہستہ یہانتک کہ قوام جلاب کا ہوجاوے اور کف دور کرتے رہین بعد اسکے فی ایک رطل اس شربت مقوم سے زنجبیل سنبل قرفہ دارفلفل ہر ایک ایکدرم مصطگی دو درم کوفتہ کرکے تھیلی مین باندھ کر اُسمین اُسوقت ڈالین کہ شربت گرم ہو جب سرد ہوجاوے تھیلی کو نچوڑ کر پھینک دیوین

دیگر — کہ یہی عمل کرے قند سفید عسل شلث خمر آب بہی جملہ برابر لیکر قوام کرین —

دیگر معدے کو قوت دیوے اور ریاح کو تحلیل کرے اور طبع کو بند کرے آب بہی دو من شراب کہ اُسمین ثفل نچوڑا ہوا بہی کا ایک دن بھگویا ہو اور عسل صافی ہر ایک ڈیڑھ من پکاوین اور کف دور کرتے رہین پس قوام کرکے اُتار لیوین اور سک وجوز بوا عود قرنفل زعفران دارفلفل قاقلہ کبار ہر ایک ایکدرم کوٹ کر چھان کر ملاوین یہان تک کہ برابر ویکسان ہوجاوین مقدار شربت پانچ درم سے دس درم تک —

نوعدیگر — معدے وجگر کو قوت دے آب بہی پانچ من شراب کہنہ یا جھوری اڑھائی من پکاوین جب نصف رہے صاف کرکے عسل یا قند سفید دو من اضافہ کرکے قوام کرین اور درمیان طبخ کے زنجبیل سک دارچینی قاقلہ ہر ایک ایک مثقال قرنفل سعد زعفران صعتر ہر ایک ایکدرم کپڑے کتان مین باندھ کر ڈالین اور بعد قوام کے نچوڑ کر پھینک دین اور مشک نصف درم شراب مین حل کرکے ملاوین —

دیگر — کہ درد معدے کو جو ساتھ اسہال کے ہو نافع ہے آب بہی ترش شراب کہنہ ہر ایک ایک رطل پکاوین تو قوام ہوجاوے اور مشک دو مثقال ملاوین —

دیگر — واسطے تقویت معدے و درد جگر وغثیان وفواق کے نافع ہے اور اسہال مزمن کو باز رکھے اور پیاس کو موقوف کرے آب بہی ترش دو رطل آب سیب ترش ایک رطل جوش کرین جب نصف رہے صاف کرکے ساتھ عسل وشراب کہنہ کے کہ ہر ایک ایک رطل ہو پکاوین تو غلیظ ہوجاوے اور کف دور کرتے رہین پس عود زنجبیل ہر ایک

دو مثقال زعفران مصطگی ہر ایک ایک مثقال سنبل
قرنفل جوز بوا قاقلتین دارچینی ہر ایک نصف مثقال لسباسہ
ڈیڑھ درم سک ایکدرم مشک دو دانگ اضافہ کرین -

شربت قشر اترج - معدے کو قوت دیوے پوست
ترنج خوشبو نجبتہ ڈیڑھ رطل بیچ ڈیڑھ قسط پانی کے پکاوین
جب تہائی رہے صاف کرین اور شہد موافق حاجت کے
ملاکر اوپر آگ نرم کے قوام کرین -

دیگر - کہ نہایت مقوی معدہ ہے اور ہاضم طعام اور خوشبو
کرنے والا بوے دہن کا اور بوڑھون و ضعیفون کو کہ معدہ
انکا ضعیف الہضم ہوا ہو فایدہ کرتا ہے پوست ترنج
دس درم زنجبیل ساذج قاقلہ کبار فرنجمشک دار فلفل
ہر ایک دو مثقال قرنفل مصطگی سنبل جوز بوا ہر ایک
دو درم عود ہندی سات درم اجزا کو کوٹ کر بیچ
تھیلی چھپلی ہوئی کے باندھ کر بیچ تین من گلاب کے پکاوین
بعد اسکے صاف کر کے ساتھ تین من عسل اور ایک من
قند کے قوام کرین اور آخر مین مشک زعفران ہر ایک
ایکمثقال اضافہ کرین مقدار شربت تین درم سے پانچ درم تک

شربت ورق الاترج ضعف معدے کو نفع کرے
اور بیچ ادویہ سینہ کے گذرا -

شربت اشنہ - غثیان وقی کو باز رکھے تمر ہندی آشنہ
ہر ایک دس درم بیچ استار گلاب کے پکاوین یہان تک
کہ آدھا رہے پس آب انار میخوش مشحوم اور آب سیب
ترش و آب نعناع ہر ایک دو استار پوست بیرون
پستہ دو درم قند سفید بقدر حاجت کے جملہ کو پکاوین یہانتک
کہ قوام ہوجاوے اور پوست پستہ کو شربت مین
جھینے دین ورنہ نکالین کذا فی قرابادینہ اقبال السمرقندی

شربت تمر ہندی - معدے کو قوت دے اور قے کو باز
رکھے خصوصاً اگر اسمین نعناع پڑا ہو اور مبرد مطفی و
قامع صفرا و مسکن عطش و ملین طبع ہے اور جب واسطے
تبرید کے استعمال کرنا چاہین منعنع نہ بناوین تمر ہندی کو
گٹھلی و پوست سے پاک کرکے اڑھائی رطل بیچ پانی شدید
الحرارت کے بھگوئین ایک رات دن بعد اسکے صاف
کر کے ساتھ دس رطل قند سفید کے قوام کرین اور بعض ایک
رطل تمر ہندی بیچ چار رطل پانی کے جوش کرتے ہین یہانتک
کہ ایک رطل باقی رہے پس صاف کر کے ساتھ ڈیڑھ
رطل قند سفید کے قوام کرتے ہین اور اگر منعنع کرین آخر
طبخ مین ایک باقہ نعناع کا یا عصارۂ نعناع زیادہ کرین

شربت آلو - واسطے پیاس کے فایدہ کرتا ہے بیچ ادویۂ
سر کے گذرا اور احسن یہ ہے کہ آلو گٹھلی سے پاک کر کے
جوش کرین -

شربت راسن - کہ معروف بہ شراب آلی ہے بجلالہ تذکرہ
اور بشراب مبرور ہی لتفریحہ واسطے تقویت معدہ
و تجوید ہضم کے اور تنبیہ شہوت جماع کے اور بسط
نفس کے اور دفع فزع کے اور زیادہ کرنے حرارت
غریزی کے اور تسمین بدن و تعدیل مزاج و تحسین رنگ
و تصفیہ حواس و تنقیہ فصول ردیہ کے نافع ہے اور
قوت دیتا ہے جگر و دل کو اور جمیع اعضاے باطنی
کو اور افعال کو اور پیدا کرنے والا خون کا اور
گوشت کا اور مدر بول ہے اور ساتھ منافع کثیر کے
موصوف ہے -

بیخ کرفس خشک پچاس مثقال بیچ تھیلی فراخ کے باندھ کر پانی مین انگور شیرین کے کہ سی رطل بغدادی ہو ڈالکر تین مہینے بیچ آفتاب کے رکھین بعد اسکے صاف کر کے بقدر حاجت و تحمل طبیعت استعمال کرین۔

شربت قطعت۔ کہ مواد فاسدہ مختلفہ کو قے سے نکالتا ہی تخم قطعت سات درم بیخ خربزہ زرد دس درم شبت ایک قبضہ تخم ترب تین درم بیچ آٹھ رطل پانی کے پکاوین یہانتک کہ آدھا رہے پس صاف کر کے سرکہ شراب کا اور آب ترب ہر ایک سو درم عسل تین رطل اضافہ کر کے قوام کرین اور صمغ حرشف سات درم نمک ہندی دو درم باریک کر کے ملاوین اور وقت حاجت کے بقدر مطلوب نیمگرم کثیر القدار پانی مین ملاکر پلاوین اور قے کراوین۔

شربت عسل۔ معدے و جگر کو گرم کرے اور آنکی برودت کو دفع کرے سنبل الطیب مصطگی قاقلہ کبار وصغار دارچینی عود ہندی جوز بوا ہر واحد ایک درم قرنفل نصف درم جملہ کو کوٹ کر بیچ تین رطل پانی کے پکاوین جب ایک رطل اس سے کم ہو جاوے صاف کرین اور ساتھ پانچ رطل عسل کے قوام کرین۔

شربت شکاعی۔ واسطے رطوبت و بلغم معدے کے اور اصحاب مزاج بارد کے نافع ہی زنجبیل دارچینی ہر ایک پانچ درم قاقلہ صغار و کبار ہر ایک دو درم قرنفل ایک درم جملہ کو کوٹکر بیچ دیگ سنگین کے ساتھ سات رطل پانی کے جوش کرین جب ایک ثلث جل جاوے سنگین کپڑے مین چھان کر ساتھ پانچ من قند سفید کے قوام کرین بعد اسکے زعفران نصف درم باریک پیسکر ملاوین۔

شربت عبد اللہ بن طاہر۔ جو نامبردہ اس شربت کو استعمال کرتا تھا اُسی کے نام سے مشہور ہوا اور اسکے اصلاح معدے کے مجرب ہی آب سیب آب بہی قند سفید عسل کف گرفتہ ہر ایک ایک رطل شراب ریحانی چھ رطل سب کو قوام مین لاوین اور اگر قلیل الحرارت چاہین عوض شہد کے قند ڈالین۔

شربت مشک۔ معدے کو قوت دیوے اور بدن کو گرم کرے اور مشایخ کو نفع دے اور مقوی سب اعضا کا ہی عسل قند سفید آب شیرین ہر ایک ایک من لیکر قوام مین لاوین بعد اسکے مشک ایکمثقال زعفران ایکدرم باریک کر کے ملاوین مقدار شربت تین درم سے پانچ درم تک ہی۔

شربت عنبر۔ درد معدے کو دفع کرے اگرچہ کہنہ ہو اور درد اعصاب و خفقان بارد کو نفع دے عسل و آب شیرین ہر ایک دو من قوام کر کے عنبر و زعفران ہر ایک ایکمثقال اضافہ کرین مقدار شربت پانچ درم۔

شربت سنبل۔ واسطے اوجاع معدے و جگر و تلی و حمیات مزمنہ کے نافع ہی سنبل بیس درم بیچ دو من پانی کے پکاوین جب نصف رہے یا کمتر اس سے صاف کر کے قند سفید یا شہد دو من ملاکر قوام مین لاوین۔

شربت فستق۔ غثیان و قے کو نافع ہی پوست بیرون پستہ نعناع ہر ایک دو درم گل سرخ انار دانہ زرشک ہر ایک چار درم عود مصطگی ہر ایک ایک درم شاخہائے انگور چھ درم آب بہی ایک رطل آب سیب آب انارین ڈیڑھ رطل جملہ کو

پکا دین جب آدھا رہے صاف کرکے قند سفید
ملاکر قوام کرین۔
شربت آس۔ واسطے تہلہل لسیج معدے کے
نافع ہی حب الآس تازہ و تر خواہ خشک نیمکوفتہ ایک
رطل بیچ تین رطل پانی کے پکادین یہانتک کہ گھل جاوے
پس صاف کرکے قند سفید آدھا رطل ملاکر قوام کرین
اور اگر حجر الیشب صلایہ کرکے اسمین ممزوج کرین
فایدہ تام حاصل ہو یہانتک کہ لٹکانا حجر الیشب کا
بھی اس بیماری مین نفع کرتا ہی اور پوست سنگدان مرغ کا
خشک کیا ہوا بقدر نیم مثقال کے اسی شربت مین اگر
داخل کرکے ہر دن دین نفع عظیم ہوتا ہی اور پوست مذکور
کبھی نہاوین اور کبھی ساتھ قرنفل کے اور کبھی ہمراہ
اطریفل کے اور کبھی میبہ کے ساتھ بالجملہ سنگدان مذکور بیچ
تہاہل واسترخاے لسیج معدے کے مجرب ترین ادویہ سے
ہی جسطرح چاہین استعمال کرین نفع ہوتا ہی اور ذرب کو
بھی فائدہ کرتا ہی اور پودینہ بدستور بیچ سب بیماریون
معدے کے نفع کرتا ہی خصوصاً مرض مذکور مین اور تدہین
روغن مصطگی کی اوپر معدے کے بدستور۔
شراب خبث الحدید۔ معدے کو گرم کرے اور
بدن کو فربہ خصوصاً مبرود کا اور زنگ بشرے کو اچھا کرے
اور ریح باسور کو فایدہ کرے انیسون نانخواہ رازیانہ
تخم کرفس بخدان صعتر گشنیز خشک کاشم کرویا فلفل
دار فلفل کندر سنبل قرنفل سعد جوزبوا تخم سداب تخم حرجیر
تخم پیاز ہر ایک ایک مثقال خبث الحدید بدبر سرکے
مین کیا ہوا دو مثقال سب کو بیچ تین من پانی کے پکادین
یہانتک کہ آدھا رہے پس صاف کرین اور ہر دن مین
درم سے چالیس درم تک نوش کرین کذا فی القلانسی
اور بیچ اکثر نسخون کے یہ ہی کہ ادویہ کو اندر چھ سیر شراب
کے طبخ کرین جب نصف کو پہونچے اُتار کر رکھین اور
بوزن سطور استعمال کرین اور نسخہ شرب خبث الحدید
شہرت نہین رکھتا ہی لہذا سمرقندی نے اس نسخے کو
باسم شراب نہین لکھا بلکہ الخبث بالشراب ارقام کیا
اور ابن وردلیش نے الخبث بالرائب حرف خاے مین
اسی بحث کے لکھا ہی اور خبث بالشراب اس جگہ رقم کیا
تو دونون موضع مین خبر اس نسخے کی حاصل ہو۔
شراب سلمونیہ۔ مقوی معدہ و مشتہی و رافع خفقان
ہی اور منافع اسکے امراض باردہ مین نہایت
نہین رکھتے ہین پوست ترنج ایک رطل مربا جوز ایک
اوقیہ قرنفل دو مثقال عود ایک مثقال نیمکوب کرکے
بیچ پانچ رطل شراب کے تین رات دن بھگوئین
اور ساتھ تین رطل قند سفید اور دو مثقال مصطگی
و نصف مثقال زعفران اور دو دانگ مشک
کے جوش کرین جب مائل بقوام ہو صاف
کرکے استعمال کرین۔
شراب انیسون۔ تسکین فواق کی کرے
اگر سبب اسکا طعام غلیظ ہو انیسون زیرہ فودنج
کندر بالسویہ پانی مین پکاکر قند سفید تھوڑا ملاکر تجرع
کرین اور اگر سبب فواق کا برودت معدہ ہی تو اسمین
انیسون تخم کرفس ڈالین اور اگر سبب اسکا
ریح غلیظ ہو تخم سداب یا لبس نانخواہ کوٹ کر

اور شراب مین یا شناشین یا پانی مین پکاکر تجربہ کرین

شربت لعابین ۔کہ پیاس شدید کو جو نزلے مین ہوتی ہی دور کرے لعاب اسبغول و بہدانہ ساتھ آب انار یا جلاب کے ملاکر پیین ۔

شراب دیمقراطیس ۔واسطے معدے و جگر و تلی کے نافع ہی اور فساد مزاج بارد کو اصلاح کرے لوگ ذکر کرتے ہین کہ دیمقراطیس حکیم بسبب استعمال اس شربت کے اپنی تمام عمر مین مبتلا بامراض نہوا بیخ سوسن آسمان گونی تو قیراط رازیانہ فلفل ہر ایک ایکدرم سلیخہ چار درم جملہ کو باریک کرکے بیچ باسن چینی یا شیشے کے رکھین اور شراب جید الجواہر ساڑھے سات رطل اُس مین ملاکر سر اسکا مضبوط بند کرکے چالیس دن رکھین پس قبل از غذا و بعد از غذا کھادین ۔

شربت نعناع شربت انار منعنع ۔ہی کہ گذرا

شراب کمثری ۔معدے کو قوت دے اور خلفہ کو باز رکھے امرود بختہ ایک پانی مین پکاوین تو گھل جاوے بعد اسکے صاف کرین پھر دیگ مین ڈالکر جوش کرین تو غلیظ ہو جاوے فائدہ نفع منفعۃ کثیرۃ ۔

شربت قصب السکر ۔معدے کو قوت دے اور سعال و شوصہ کو مفید ہی آب انار شیرین چار رطل آب سیب شامی آب نیشکر ہر ایک ایک رطل پکاکر قوام کرین اور اگر نیشکر میسر نہو قند سفید جوش کرین ۔

شربت افسنتین ۔واسطے سقوط اشتہا و ضعف معدے کے نافع ہی شراب کہنہ چار قسط عسل کف گرفتہ دو قسط ملادین اور مصطگی قسط شیرین ہر ایک چار درم اذخر سافج ہندی سنبل گل سرخ غاریقون صبر سقوطری ہر ایک دو درم شیش افسنتین سات درم زعفران غاریقون ڈیڑھ درم نیمکوب کرکے بیچ کپڑے کتان کے باندھکر شربت مین ڈالین اور بیچ ایام گرما کے سات دن آفتاب مین رکھین اور کپڑے مذکور کو ہر دن مین کئی مرتبہ ملین اور بعد ہفتہ کے استعمال کرین مقدار شربت ایک اوقیہ نہار پیین ۔

نوع دیگر ۔مؤلفات شیخ رئیس سے کہ سبب نسخون شربت افسنتین سے فایق ہی اور مجرب افسنتین رومی سو درم تین من پانی مین پکادین یہانتک کہ ربع رہجاوے لیکن چاہیے کہ آگ نرم ہو بعد اسکے ملکر صاف کرین اور سفرجل کو خمیر لگاکر مشوی کرین بعد اسکے نچوڑین پس پانی مطبوخ افسنتین کا چھ حصہ ادویہ کا اور عصارہ بہ عز بور کا دو حصہ اور عسل ڈیڑھ حصہ اور شراب کہنہ تین حصہ ملاکر پکادین تو قوام ہو وے اور ایک نسخہ واسطے تقویت معدے کے نافع ہی اور ریاح و لیا مراقی کو مفید ہی بیچ ادویہ سر کے گذرا ۔

نوع دیگر ۔کہ معدے ضعیف کو نافع ہی اور درد معدے کو برطرف کرے اور سدہ سپرز و جگر کا کھولے اور پیشاب جاری کرے افسنتین پانچ درم تخم کرفس تین درم سلیخہ دو درم انیسون گل سرخ ہر ایک دو درم شل الطیب سات درم مجموع کو نیمکوفتہ کرکے بیچ دو من پانی کے جوش کرین تو آدھا رہے پس ملکر صاف کرکے ساتھ ایک من قند کے قوام کرین پس سرد کرکے

مصطگی سات درم میسکر ملادین مقدار شربت پانچ درم سے دس درم تک اور نسخہاے دیگر شربت افسنتین کے کہ معدے کو نفع کرتے ہین لیکن چونکہ مسہل ہین بیچ ادویہ اسہال کے مذکور ہونگے اور بعضے بیچ ادویہ جگر کے ۔

شربت تریاقی ۔ واسطے کرب معدے وغثیان کے اور اٹھلنے اشتہا کے اور ازالے خفقان کے مجرب ہی اور رفاذنہر سموم کا اور لسع افعی کا اور تذکرہ سے منقول ہی آب زرشک آب سیب شیرین ہر ایک تین سو مثقال آب لیمو آب ترنج ہر ایک ڈیڑھ سو مثقال قند سفید ثلث جملہ اجزا یعنی دو سو مثقال شربت پکادین اور مروارید ناسفتہ کہ ساتھ آب ترنج کے حل کیا ہو چھ مثقال اضافہ کرین اور اُسیوقت مین واسطے دفع اکثر امراض کے قایم مقام تریاق کے ہی ۔

شربت سماق ۔ غثیان کو باز رکھے اور معدے کو قوت دے اور نزف الدم کو کہ جس مقام سے ہو بند کرے آب سماق منقوع صاف کر کے ساتھ قند سفید کے قوام کرین

شربت سعد ۔ معدہ کو قوت دے اور بواسیر کو نافع ہی اور بوے دہن کو خوش کرے سعد بیس درم آملہ دس درم دونون کو نیمکوب کرین اور ساتھ ایک من پانی اور چہارم حصہ قند سیاہ کہنہ کے بیچ ظرف چینی کے رکھکر ایک ہفتہ نیچے زمین کے دفن کرین اور بعد دو ہفتہ کے نکال کر صاف کر کے قوام کرین ۔

شربت نانخواہ ۔ برودت معدہ کو دفع کرے اور رفع قراقر و نفخ شکم کو بھی اور ہاضمہ کو قوی کرے نانخواہ ایک رطل قند سیاہ کہنہ سات رطل پانی اسقدر کہ مطلوب ہو بیچ ظرف کے رکھکر ایک ہفتہ خانہ گرم مین رکھین بعد اسکے جوش کر کے صاف کرین اور قوام مین لادین مقدار شربت تین درم سے دس درم تک

شربت سوسن ۔ کہ معروف بہ سوسنی ہی اور ملیسے بھی کہتے ہین ضعف معدہ وجگر کو اور دونون کی برودت کو فایدہ کرے اور غثیان کو جو بسبب بہت استفراغ کے ہو اور اسہال اور نزف الدم وضعف دل کو فایدہ کرے گل سوسن آزاد چار سو عدد ایک ایک کر کے اوپر صاف کپڑے کے رکھین تو خشک ہولیں قسط و قرنفل و قصب الذریرہ ہر ایک دو اوقیہ نمک اندرانی سلیخہ ہر ایک تین اوقیہ حماما سنبل الطیب مصطگی ہر ایک ایک اوقیہ عود بلسان چار اوقیہ جملہ نمکوب کرین پس ایک باسن شیشے کا لیکر اسمین تھوڑے پھول سوسن کے ڈالین اور تھوڑی ادویہ مذکورہ کوٹ کر اُنپر رکھکر ایک رات رہنے دین بعد اسکے سولہ رطل مثلث اسی ظرف مین ڈالین اور دوسری مرتبہ زعفران نصف اوقیہ و مشک دو مثقال کو بیچ مثلث کے بگھلا کر ادویہ اُسپر ڈالین اور میعہ سایلہ چار اوقیہ روغن بلسان ایک اوقیہ اُسمین ملادین اور ایک ساعت سر ظرف کا چھپادین بعد اُسکے ٹکڑا کاغذ پاک و صاف کا اُسپر رکھکر کتان سے چھپادین اوپر اُس ظرف کے پاک مٹی سے گل حکمت کر کے سبوس جو مین یا پشک تر مین چھ مہینے تک سایہ مین رکھین وقت چلنے ہواے شمال کے بعد اسکے کام مین لاوین ۔

شربت مفنج ۔ معدے کو نافع ہی اور حرف المیم ادویہ مفردہ مین مذکور ہی

شراب پختہ جوش - واسطے برد معدہ کے نفع کرے اورحرف ابا ادویہ مین بیان کی گئی -

شراب خندلقیون - واسطے برد معدہ کے اور ہضم کے اور ضعف جگر کے نافع ہے اور مشایخ و بلغمیون کو مفید سنبل قرنفل قاقلہ عود خام ہر ایک دو مثقال زعفران ایک مثقال دارچینی زنجبیل فلفل ہر ایک تین مثقال سک نیم مثقال مشک ربع مثقال ادویہ کو کوٹکر سواے سک و مشک کے کتان کے کپڑے مین باندہ کر بیچ شراب ریحانی کہنہ کے کہ بارہ رطل ہو ڈالین اور دو رات دن رہنے دین بعد اسکے ساتھ تین رطل شہد کے اور دو رطل قند سفید کے جوش کرین یہانتک کہ قوام ہو پس ازان اُتار کر سک و مشک باریک کر کے ملا دین اور نسخہ دوسرا اسکا بیچ حرف الخاء اسی بحث کے گذرا -

حرف الضاد

ضماد فیلغریوس - درد معدہ و جگر و رحم اور اورام اُنکے کو مفید ہے زعفران دو درم مقل مصطگی اشسح صبر میعۂ رطبہ ہر ایک تین درم شمع تین استار پیہ بط بارہ درم زوفاے یابس یا رطب تیس درم - روغن ناردین بقدر کفایت کے اور بعض نسخے مین زعفران بارہ درم ہے اور بیچ امراض رحم کے ساتھ صوف کے حمول کرنا چاہیے -

ضماد الصندلین - واسطے معدہ و جگر گرم کے نافع ہے صندل سفید صندل سرخ گل سرخ شیاف امیتا کافور کوٹ کر چھان کر ساتھ پانی مکوہ و تھوڑے سرکے کے ضماد کرین اور اگر بیچ معدے کے ورم ہو پہلے فصد کرین بعد اسکے یہ ضماد لگا وین -

ضماد - کہ سرد معدے کو گرم کرے اور قوت دیوے سعد مصطگی سنبل قسط افسنتین ہر ایک پانچ درم اذخر آملہ قرنفل دارچینی قصب الذریرہ ہر ایک دو درم کوٹکر چھان کر ساتھ شراب کہنہ و آب بہی کے ضماد کرین اور ایک نسخہ مین عوض آملہ کے سک مرقوم ہے -

ضماد - کہ ورم صلب معدہ و جگر کو نافع ہے زعفران صبر ہر ایک ایک درم افسنتین سنبل ہر ایک ڈیڑھ درم کوٹکر چھانکر ساتھ گرم پانی کے ضماد کرین -

ضماد - کہ ورم کہنہ معدے کو تحلیل کرے مقل حب البان تخم کرنب ہر ایک دس درم سنبل الطیب اشق مصطگی سیاہ ہر ایک پانچ درم موم تین درم روغن ناردین پندرہ درم صمغون کو بیچ شراب کے حل کرین اور ادوۃ کو کوٹ کر چھان کر اضافہ کرین اور ساتھ موم روغن کے گھول کر ضماد کرین -

ضماد - کہ ضعف معدے کو کہ بسبب اسکا حرارت ہو نافع ہے حب الآس آملہ عود گلنار برگ مورد پوست بہی پوست سیب قصب الذریرہ گل سرخ صندلین کوٹکر چھان کر گلاب و آب سیب مین ضماد کرین -

ضماد - کہ ورم بلغمی معدے کو نافع ہے جعدہ پانچ درم اکلیل الملک حماما بابونہ شبت مصطگی ہر ایک دس درم افسنتین صبر سنبل ہر ایک سات درم کندر چھ درم بسبخ خطمی سفید پندرہ درم پیہ بط بارہ درم پیہ مرغ بیس درم موم سفید تیس درم ضماد کرین بموجب رسم کے

ضماد - کہ قروح معدے کو نافع ہی انیسون زعفران ہر ایک
نصف دانگ مردار سنگ ایک مثقال سفیدۂ ارزیز
نصف درم روغن گل پانچ درم ضماد کرین -

ضماد اصطمخیقون - برودت معدہ و جگر و سپرز کو فایدہ
کرے افسنتین سنبل الطیب سلیخہ صبر سقوطری ہر ایک تین
درم عود بلسان زعفران ہر ایک دو درم موم سفید آٹھ
درم موم کو بیچ روغن ناردین کے یا روغن قسط کے یا
روغن زنبق کے پگھلاوین اور باقی ادویہ کو کوٹ کر
چھانکر اسمین ملا کر ضماد کرین -

ضماد - کہ معدے کو قوت دیوے خصوصا بیچ اطفال کے
اور اسہال کو بھی حبس کرے لادن ایک وقیہ اقاقیا چار
مثقال موم دس مثقال روغن سوسن پچیس درم تیار
کرکے خلاے معدے مین ضماد کرین -

ضماد - کہ ورم معدے و جگر و سپرز بارد کو نفع کرے اور
صلابات کو نرم کرے اور درد شقیقہ مزمن کو مفید ہو اور
مجرب ہی زوفاے رطب کو ساتھ چربی اردک اور چربی مرغ
کے ہر ایک سے دس درم حل کرکے نیمگرم ضماد کرین -

ضماد - کہ قی کو روکے گل سرخ سک ہر ایک پانچ درم صندل
سرخ و سفید ہر ایک چار درم عود تین درم زعفران ایک درم
کافور نیم درم ساتھ پانی بہی و سماق کے ضماد کرین -

ضماد - کہ واسطے گرم معدے کے نافع ہی برگ خشخاش نمک
شونیز وزن برابر ساتھ زہرہ گاؤ و سرکہ کے گھول کر ضماد کرین -

ضماد - کہ اورام صلب معدے کو نفع کرے اگر وہان حرارت
نہو گل بنفشہ گل بابونہ خطمی سفید آرد جو ہر ایک دس درم
گل سرخ پانچ درم سنبل الطیب مصطگی ہر ایک تین درم
سعد اذخر قصب الذریرہ ہر ایک دو درم آرد حلبہ بیس
درم حلبہ کو کوٹ کر چھان کر لعاب تخم السی مین گھولین اور
پہلے روغن ناردین نیمگرم اوپر معدے کے ملین بعد اسکے
ضماد لگاوین چار ساعت قبل طعام اور بعد ہضم کے اور
بعد ہلکا ہونے معدے کے ثقل غذا سے اور درمیان
اس زمانے کے روغن ناردین صوف مین تر کرکے
واسطے تحلیل ورم کے تکمید کرین -

ضماد - کہ بیچ تحلیل ورم صلب معدے و جگر کے قوی الاثر ہی
لیکن اسوقت استعمال کرین کہ حرارت نہو اور ورم کہنہ
ہوا ہو تخم کتان تخم حلبہ تخم کرنب حب البان حب بلسان
ہر ایک دس درم فرد مانا ایرسا مغز بادام تلخ قسط سعد
مر صافی سنبل ہر ایک پانچ درم مقل ازرق سات درم
مصطگی میعہ سائلہ اشق ہر ایک تین درم بابونہ قنہ موم
زرد پیہ بط ہر ایک بیس درم صمغون کو بیچ شراب کے
حل کرین اور سب کو ملا کر ضماد کرین -

ضماد - کہ ورم معدے کو جو کہنہ نہو فایدہ کرے تخم حلبہ
تخم کتان شبت خطمی بابونہ مصطگی ہر ایک پانچ درم
سنبل اذخر قصب الذریرہ ہر ایک دو درم موم تین درم
روغن بابونہ پندرہ درم بدستور معلوم ضماد بنا دین -

دیگر - کہ یہی عمل کرتا ہی قسط سعد سنبل بیچ روغن کنجد کے
تین بار پکا دین اور لعاب تخم السی و میتھی کو جدا پکاوین
یہانتک کہ گاڑھا ہو لیس پچاس درم اس لعاب
غلیظ سے لیکر ہمچند اسکے روغن مطبوخ ادویہ سے
بھی لین اور موم سفید بقدر حاجت لیکر اس روغن
مین پگھلا دین بعد اسکے لعاب بھی اضافہ کرکے

ملاوین اور مصطگی پانچ درم باریک کرکے ملاوین اور پھر خوب حل کرکے ضماد کرین۔

ضماد۔ کہ سختی کو جو معدے وعضلات شکم مین ہو نرم کرے اور جالینوس نے کہا کہ اس باب مین مجرب ہی موم ساٹھ درم صبر تبریز دعلک الانباط ہر ایک تیس درم زنجبیل جاؤشیر ہر ایک بیس درم روغن سوسن دو سو چالیس درم بطریق معروف مرہم بناکر ضماد کرین۔

ضماد۔ کہ معدے ضعیفہ کو قوت دے اور باوجود تپ کے بھی استعمال کرسکتے ہین گل سُرخ پانچ درم افسنتین سک ہر ایک تین درم سنبل ایک درم کوٹ کر چھانکر ساتھ پانی سیب پانی آس کے گھولکر ضماد کرین۔

ضماد۔ کہ تولد بلغم کو بیچ معدے کے نفع کرے عود خام سک لادن ہر ایک تین درم گل سُرخ چار درم سنبل مصطگی ہر ایک دو درم مشک ایک دانگ کوٹکر چھانکر ساتھ پانی مرزنجوش کے یا آب نمام کے گھولکر ضماد کرین وقت خالی ہونے معدے کے غذا سے۔

ضماد۔ کہ معدے ضعیف کو قوت دے سنبل گل سُرخ مصطگی قشور کندر جملہ برابر لیکر ساتھ شراب ریحانی یا آب تفلح یا آب بہی کے گھول کر ضماد کرین۔

ضماد دیگر۔ کہ یہی عمل کرتا ہی لادن افسنتین مصطگی ہر ایک ایک اوقیہ صبر دو اوقیہ خرماے قسب گل سُرخ دونون شراب مین پکائے ہوے ہر ایک تیس درم سفرجلی بیچ شراب کے پکائی ہوئی بیس درم سب کو آپس مین ملاکر ضماد کرین۔

حرف الطاء

طلا۔ کہ قی کو روکے اور شکم کو بند کرے گل سُرخ پانچ درم اقاقیا گلنار مازو شب یمانی جوز السرو صندل سرخ وسفید عدس برگ مورد ہر ایک تین درم طباشیر دو درم ساتھ پانی بہی کے اوپر شکم ومعدے وپشت کے طلا کرین۔

طلاء دیگر۔ کہ یہی عمل کرتا ہی اقاقیا سعد مر کندر کعک جوز السرو مازو گل سرخ آملہ گل ارمنی بلوط گاورس برنج عدس گلنار بزر البنج صندل ساتھ پانی مورد کے یا پانی بہ کے اوپر شکم کے طلا کرین۔

طلاء دیگر۔ کہ قی وہیضے کو بند کرے رامک سک گرد سماق ہر ایک ایک جزو ساتھ پانی برگ مورد کے اوپر معدے کے طلا کرین۔

طلاء دیگر۔ کہ معدے کو قوت دیوے سنبل سعد گل سُرخ رامک مصطگی قصب الذریرہ ہر ایک ایک جزو کوٹ کر چھان کر ساتھ پانی بہی کے معدے پر طلا کرین

طلاء۔ کہ آسیب معدے وجگر اور اعضاے دیگر کو فائدہ کرے ماش لادن گل ارمنی ہر ایک دس درم صبر سک زعفران ہر ایک تین درم ساتھ گلاب وآب برگ مورد کے طلا کرین اور اگر محل عصبانی ہو تھوڑی شراب اور روغن نرگس ملاکر طلا کرین۔

طلاء۔ کہ قی وخلفہ کو جو ہیضے مین ہوتے ہین نفع دیوے صندل سفید گل سرخ سُک کافور ساتھ گلاب کے طلا کرین اور اوپر اُسکے کپڑا گلاب سرد مین تر کرکے رکھین اور جب گرم ہوجاوے اعادہ کرین۔

طلا۔ کہ زخم وآسیب معدے کو نافع ہی سیب شیرین کپڑے مین لپیٹ کر نیچے نرم آگ کے دفن کرین تاکہ

کہ پک جاوے پس صاف کرکے گوشت اسکا پچاس درم گل سرخ دس درم برگ مورد اقاقیا سنبل ہر ایک پانچ درم مصطگی جوز السرو صبر ہر ایک ایکدرم کوٹین اور ساتھ گلاب کے طلا کرین اور اگر اندر حرارت ہو آردجو دس درم زعفران ایکدرم کافور نصف درم زیادہ کرین۔

طلا۔ کہ درد معدے کو نفع کرے دارچینی خاکسیز بیخ زنجبیل ساتھ عسل کے ملا کر معدے پر طلا کرین۔

حرف الفاء

فنداولیقون۔ درد معدے وامعا کو فایدہ کرے اور انکی برودت کو دفع کرے اور ریاح کو توڑے اور صاحب فتق کو مفید ہی زعفران انجدان تخم سداب تخم کرفس زنجبیل حاشا مغز چلغوزہ ہر ایک چھ درم فلفل آٹھ درم عسل دو وزن ادویہ کا مقدار شربت ایک مثقال سے دو مثقال تک اور ایک نسخہ فنداولیقون کا بیچ جوارشات کے گذرا۔

فیروزنوش ممسک۔ معدے کو قوت دیوے اور باہ کو زیادہ کرے اور سرعت انزال کو دفع کرے پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی شیطرج ہندی تخم کرفس ہیل قسط تلخ سلیخہ قرنفل بسباسہ خولنجان نارمشک ہر ایک چھ درم پوست ہلیلہ آملہ مقشر نانخواہ دارفلفل ہر ایک چار درم تودریین قرفہ سنبل جوزبوا زنجبیل فلفلمویہ ہر ایک آٹھ درم سعد دس درم مشک دو مثقال عنبر ایک مثقال خبث الحدید ربر برابر ادویہ کے روغن گاؤ چالیس مثقال عسل صافی اڑھائی وزن سب اجزا کا بطریق معہود کے معجون بناوین اور بعد چھ مہینے کے استعمال کرین مقدار شربت دو درم ساتھ نبیذ مویز کے یا ساتھ تازہ دودھ گوسفند کے اور ایک نسخہ اسکا بیچ ادویہ سر کے گذرا۔

فنجنوش۔ اسم فارسی ہی بمعنی خبث الحدید اور جزو اعظم اس معجون کا یہی ہی یہ معجون اسکے نام سے مسمی ہوئی اور بسبب بزرگی قدر کے اسکا نام عطیۃ الذہبی ہوا معدے کو قوت دیوے اور بواسیر کو نفع کرے اور باہ کو زیادہ کرے اور رنگ کو اچھا کرے اور سرعت انزال کو دفع کرے نسخہ اسکا بیچ جوارشش اسی بحث کے گذرا۔

فلافلی۔ واسطے درد معدے وشہوت کلبی وہضم طعام وتحلیل ریاح کے نافع ہی اور بیچ جوارشات اسی بحث کے گذرا۔

فودنجی۔ درد معدے وجگر کو کہ بسبب برد کے ہو اور حمیات بلغمی وتپ ربع اور حمیات کہنہ کو نافع ہی پودنہ نہری پودنہ کوہی فطراسالیون سیسالیوس ہر ایک بارہ درم تخم کرفس بابونہ حاشا ہر ایک چار درم کاشم بندرہ درم فلفل سیاہ چوبیس درم کوٹ کر چھانکر ساتھ شہد صاف کے گھولین مقدار شربت ایک درم ساتھ گرم پانی کے۔

فلونیا۔ واسطے درد احشا وقی کے نفع کرے اور سب نسخے اسکے بیچ ادویہ سر کے گذرے اور بعض نسخے قولنج مین بھی آوین گے۔

حرف القاف

قرص عود ۔ قے ہیضے کو روکے عود خام چار درم کبابہ مصطگی قرنفل سنبل ہر ایک دو درم قند سفید بارہ درم کوٹکر چھانکر قرص بناوین مقدار شربت دو درم ۔

قرص دیگر ۔ معدے کو قوت دیوے اور اشتہا لاوے اور غذا ہضم کرے عود خام قرفہ پوست ترنج ہر ایک پانچ درم قرنفل مصطگی ہر ایک تین درم قاقلہ سنبل بسباسہ ہر ایک دو درم زعفران جوز بویہ زنجبیل دار فلفل ہر ایک ایک درم قند سفید برابر سب کے قرص بناوین ۔

قرص دیگر ۔ کہ غشی قے و ہیضے کو نافع ہی اور غشی کو جو بعد استفراغات کے ہوتی ہی فایدہ کرے عود خام گل سرخ سک قرنفل طین خراسانی سنبل طباشیر ہر ایک ایک درم کبابہ دو درم کندر تین درم کوٹ کر چھانکر قرص بنادین مقدار خوراک ایک مثقال ساتھ رب انار و رب سیب کے اور ایک نسخے مین عود خام سنبل قرنفل ہر ایک ایک درم طین خراسانی کبابہ سک ہر ایک دو درم طباشیر کندر گل سرخ ہر ایک تین درم ہین اور بعض لوگون نے اس نسخے مین مشک نصف مثقال پوست بیرون پستہ دو درم زیادہ کیا ہی اور مقدار شربت دو درم لکھا ہے ۔

دیگر ۔ کہ قے و ہیضے کو جو ساتھ برودت کے ہو نافع ہی عود سنبل سک لمسک قرنفل کبابہ سعد کندر مصطگی ہر ایک دو درم گل سرخ پانچ درم کوٹ کر چھانکر ساتھ میفختج کے قرص بناوین ۔

قرص گل ۔ ورم دو درم معدے کو نافع ہی گلسرخ چھ درم سنبل اکلیل الملک بابونہ اذخر ہر ایک تین درم رب السوس کہربا ہر ایک چار درم مصطگی دو درم مقدار خوراک ایک مثقال ساتھ جوشاندے انیسون کے واسطے ورد معدے کے اور ساتھ پانی عنب الثعلب کے واسطے ورم معدے کے اور بیچ نسخے قلانسی کے کہربا دو درم

قرص گل دیگر ۔ واسطے درد ضعف معدے کے کہ برودت و رطوبت سے ہو نافع ہی گل سرخ تین درم عود سنبل مصطگی سلیخہ اذخر دارچینی افسنتین ہر ایک ایک درم ساتھ شراب کہنہ کے قرص بناوین ہر ایک قرص دو درم کا مقدار شربت ایک قرص ساتھ سات درم گلقند کے کہ بیچ جوشاندے انیسون کے محلول ہو ۔

قرص گل دیگر ۔ کہ واسطے حمیات بلغمی کے نافع ہی گل سرخ تازہ چھ مثقال اصل السوس چار مثقال سنبل ہندی دو مثقال کوٹ کر چھانکر ساتھ میفختج کے قرص بناوین ہر ایک قرص بقدر ایک درم کے اور سایے مین خشک کرین مقدار خوراک ایک قرص ۔

قرص دیگر ۔ واسطے قے شدید مزعج جو بسبب گرنے اخلاط ردیہ کے اوپر معدے کے ہو نفع کرے گلسرخ دس درم قرنفل سک ہر ایک ایک درم قرفہ دو درم اسن خشک مصطگی افیون بیروج ہر ایک ڈیڑھ درم کوٹ کر چھانکر دس قرص بنادین مقدار خوراک ایک قرص لیکن بہتر یہ ہی کہ پہلے آدھا قرص بلکہ تہائی قرص دیوین مگر افیونی کو ایک دینا مضائقہ نہین ہی ۔

دیگر ۔ واسطے اس شخص کے کہ بعد طعام کھانے

کے قی کرتا ہو فایدہ کرے گل سُرخ طباشیر زیرہ مدبر بریان
ہر ایک ایک درم کشنیز کہ سرکہ مین بھگو کر بریان کیا ہوا
انار دانہ ہر ایک دو درم سماق تین درم پوست بیرون
پستہ مصطگی ہر ایک نصف درم کوٹ کر چھانکر قرص
بناوین اور بقدر حاجت کے دیوین اور نسخہاے دیگر
قرص گل کے کہ بھی معدے کو نافع ہی اور بھی حمیات
کو بیچ حمیات کے ہم ذکر کرینگے۔

قرص مقل۔ ورم صلب معدے کو نافع ہی مقل تین
درم گل سرخ دس درم سنبل الطیب دو درم زعفران ہر
ایک درم قسط مغز بادام تلخ ہر ایک ڈیڑھ درم مصطگی
اڑھائی درم مقل کو شراب مین گھولکر ادویہ کو بعد
کوٹنے وچھاننے کے اسمین ملا کر قرص بناوین اور
قدر حاجت کے دیوین۔

قرص زرشک کبیر۔ ورم معدے و جگر و حمیات
بلغمی و استسقا کو نافع ہی عصارۂ زرشک مغز تخم خیارین
مغز تخم خربزہ ہر ایک تین درم گل سُرخ ترنجبین ہر ایک
چھ درم طباشیر تخم کشوث رب السوس تخم کاسنی
مصطگی سنبل الطیب عصارۂ غافث فوہ لک مغسول
ریوند چینی ہر ایک دو درم زعفران نصف
درم کوٹ کر چھانکر ساتھ پانی ترنجبین کے قرص بناوین
اور نسخہاے دیگر قرص زرشک کے مشروحاً
بیچ ادویہ جگر کے آتے ہین۔

قرص کندر۔ فواق بلغمی کو دفع کرے کندر پانچ
درم راسن تخم سیسنبر ہر ایک تین درم پودنہ نہری صعتر
برگ سداب ہر ایک دو درم نانخواہ ڈیڑھ درم
قرص بناوین ہر ایک قرص بقدر ایک مثقال کے مقدار
شربت ایک عدد ساتھ جوشاندے زیرہ و نانخواہ کے

قرص دیگر۔ کہ قی و ہیضے کو روکے کندر گل بنجاحی سُماق انبار باریس
قاقلہ سک بغدادی ہر ایک دس درم قرنفل آدھا درم
کافور مشک ہر ایک ایک دانگ کوٹ کر چھانکر
قرص بناوین مقدار خوراک ایک مثقال ساتھ شربت
نعناع کے۔

دیگر۔ کہ معدے کو قوت دیوے اور قے و ہیضے کو
نافع ہی کندر طین خراسانی ہر ایک دس درم کبابہ قاقلہ
ہر ایک ڈیڑھ درم کافور قرنفل سک بغدادی ہر ایک
ایک دانگ قرص بناوین ہر قرص بوزن ایک مثقال
کے مقدار خوراک ایک قرص ساتھ آب انار کے اور
جو قی کرے اور قرص دین وہی نافعہ للقی جداً۔

قرص سنبل۔ اورام کہنہ معدے و جگر کو نافع ہی فقاح
اذخر سلیخہ گل سُرخ ریوند چینی قصب الذریرہ سنبل
ہر ایک تین درم زعفران مرصافی انیسون قسط تلخ فلفل
ہر ایک ایک درم مقل ازرق مصطگی ہر ایک دو
درم اشق نصف درم اقراص بناوین ہر قرص بوزن
ایک مثقال کے مقدار شربت ایک قرص واسطے
امراض معدے کے ساتھ میفختج کے دیوین اور
واسطے درد جگر اور ورم جگر کے دو درم ساتھ
سکنجبین کے۔

قرص راسن۔ کہ مسمی ہی بہ قرص فواق واسطے
فواق ریحی و بلغمی و نفخ شکم و مغص ریحی کے
نافع ہی کندر پانچ درم راسن مخفف

فوتنج یالبس برگ سداب کہ سائے مین خشک کیا ہو تخم نمام ہر ایک تین درم صعتر نانخواہ ہر ایک ایک درم ونصف قرص بنا دین ہر قرص بوزن ایک مثقال کے مقدار شربت ایک قرص ساتھ جوشاندے زیرہ کے

قرص کہربا۔ کہ قی الدم کو نافع ہی کندر دم الاخوین جلنار ہر ایک تین درم کہربا پانچ درم گل مختوم شادنہ مغسول ہر ایک دس درم شب یمانی اڑھائی درم افیون دارچینی ہر ایک دو درم کوٹ کر چھان کر دس قرص بنادین مقدار شربت ایک قرص ساتھ پانی بارتنگ و پانی عصی الراعی و بادروج وخرفہ کے

قرص لبسد وقرص سرسہ۔ واسطے قی الدم کے تجرب ہین بیچ ادویہ امعا کے آوینگے۔

قرص انجبار۔ بدستور۔

قرص سلیخہ۔ درد معدے کو کہ بدون قی کے نہین ٹھہرتا ہی نافع ہی اور اس قرص کو قرص ایلادس بھی کہتے ہین لنفعہ لہ اور اس قرص مین اور قرص افسنتین مین تھوڑا تفاوت ہی سلیخہ بیس درم افسنتین دس درم تخم کرفس پانچ درم جندبیدستر افیون مر صافی ہر ایک دو درم مقدار شربت دو درم ساتھ جوشاندے پودنے کے

قرص مصطگی۔ نفخ و فواق کو نفع کرتا ہی مصطگی عود ہر ایک دو درم پوست بیرون پستہ چار درم گلسرخ سک ہر ایک پانچ درم مقدار شربت دو درم۔

قرص اقاقیا۔ معدے کو قوت دے اور استرخا سیج معدے کو فایدہ کرے اور شکم کو بند کرے اقاقیا تین درم صمغ عربی کثیرا ہر ایک دو درم گل سرخ گلنار ہر ایک چار درم قشار کندعود ہندی ہر ایک ایکدرم سک جیدز عفران ہر ایک آدھا درم کوٹین اور ریشمین کپڑے مین چھانین اور پانی مین قرص بنادین اور ایک درم سے ایک مثقال تک ساتھ رب سیب یا رب بہی یا پانی سرد کے کھلائین۔

قرص قسط۔ کہ فواق امتلائی کو نافع ہی قسط تلخ صبر سقوطری اذخر نمام یالبس فوتنج کوہی پودنہ خشک سداب خشک تخم کرفس کندر اسارون ہر ایک ایکدرم افیون ڈیڑھ دانگ گل سرخ آدھا درم کوٹ کر چھان کر مثلث مین گھولکر قرص بنادین اور سائے مین خشک کرین اور استعمال کرین۔

قرص سماق۔ مجرب ہی واسطے اس شخص کے کہ طعام کو قی کرے اور شہوت غذا کو روکے سماق تین درم زرد رد طباشیر زیرہ مدبر کزبرہ گلاب مین بھگو کر خشک کیا ہوا ہر ایک دو درم پوست بیرون پستہ ایک درم مصطگی نصف درم کوٹ کر چھانکر گلاب مین قرص بنادین مقدار شربت ایکدرم سے دو درم تک ساتھ شربت حصرم منعنع کے یا ورد مربے شکر تری کے

قرص افسنتین۔ معدے بارد کو فایدہ کرے اور اشتہا لگاوے اور سدہ کھولے اور واسطے حمیات کے نافع ہی افسنتین انیسون بادام تلخ تخم کرفس اسارون جملہ برابر کوٹ کر چھانکر ساتھ پانی کے قرص بنادین اور موافق حاجت کے ساتھ سکنجبین کے دیوین۔

دیگر۔ کہ درد معدے کو جو پیچھے طعام کھانے کے ظاہر ہو اور بدون قی کے ساکن نہو فایدہ کرے افسنتین تخم کرفس

افیسون ہرایک پانچ درم سلیخہ بیس درم مرصافی فلفل
جندبیدستر افیون ہرایک دو درم کوٹ کر چھانکر ساتھ
پانی سداب کے قرص بناوین اور ایکدرم ساتھ شربت پودینہ کے

قرص پستہ - معدے کو قوت دیوے اور قی بلغمی و سوداوی
کو بند کرے پوست بیرون پستہ گل سرخ ہرایک چار درم
عود خام مصطگی ہرایک تین درم سک پانچ درم کوٹکر چھانکر
ساتھ پانی سیب کے قرص بناوین -

قرص نارمشک - ضعف معدے و ضیق النفس
و سلسل البول کو نافع ہی نارمشک صمغ عربی ہرایک
دو درم مصطگی ایکدرم گل سرخ سنبل ہرایک تین درم
گلنار طباشیر ہرواحد ایک مثقال و نصف کوٹکر چھانکر قرص
بناوین مقدار شربت تین درم ساتھ گلقند کے -

قرص اقاقیا - ذرب الدم کو نافع ہی اقاقیا تخم گل افیون
بزرالبنج گل ارمنی گلنار صمغ عربی جملہ برابر کوٹ کر چھانکر
خرفے کے پانی مین قرص بناوین مقدار شربت نصف
مثقال ساتھ رب بہی یا رب سیب کے -

قرص طباشیر - معدے کو قوت دیوے اور
اسہال و قی کو روکے طباشیر انار دانہ گل سرخ کشنیز بلوط
ہرایک دو مثقال پوست بیرون پستہ مصطگی ہرایک
نصف مثقال سماق تین مثقال زیرہ کرمانی مدبر ایک
مثقال کوٹکر چھانکر گلاب مین قرص بناوین اور نسخہاے
قرص طباشیر و غیرہ بیچ ادویہ امعا کے آوینگے -

قرص مشک - معدے و دل و جگر بارد کو قوت دیوے
اور اوجاع باردہ معدے کو دور کرے اور غشی و خفقان
بارد کو دفع کرے مصطگی قرنفل عود دارچینی سنبل سک
جوز بوا کبابہ ہیل پوست ترنج قاقلہ ہرایک ایک مثقال
مشک ایک دانگ کوٹ کر چھانکر ساتھ شراب
ریحانی کے قرص بناوین مقدار شربت ایک مثقال

قرص سک - قی و ہیضے کو روکے اور طبع کو بند
کرے اور خواب لاوے سک قرنفل ہرایک دس
درم کزمازج پوست انار مازو ہرایک پانچ درم افیون
ایک دانگ کوٹ کر چھان کر ساتھ رب بہی کے
گھولکر قرص بناوین مقدار شربت ڈیڑھ درم -

قرص کوکب الارض - یہ ایسی دوا ہی کہ اطبا
مقدم نے مبارک و بزرگ جانا ہی اور منافع اسکے
بہت ہین امراض معدے مین اور بھی اور امراض مین
واضع اسکا سلیموس ہی اور وہ دعوت زحل کی کرتا
تھا اور ہمیشہ موافق لباس اس کوکب کے لباس
پہنتا تھا اور اس زمانے مین وہ معروف و ملقب
بہ کوکب تھا لہذا یہ قرص بھی مسمے بہ کوکب ہوا اور
سبب دوسرا بیچ تسمیہ اسکے کے یہ ہی کہ طلق کو
کوکب الارض کہتے ہین اور وہ جزو اعظم اس قرص کا
ہی اور فواید اسکے ساتھ اسکے نسخے کے بیچ ادویہ سر
کے مذکور ہوئے ہین -

حرف الکاف

کموئی صغیر - کہ معدے کو نافع ہی بیچ جوارشات اس
بحث کے بیان ہوئی -

کماد - کہ درد معدے کو جو ریح سے ہو فایدہ کرے
نانخواہ زیرہ راز یانہ ہرایک دو مثقال

گل سرخ پانچ مثقال کوٹ کر چھانکر تھیلی مین رکھکر نیم گرم اوپر معدے کے رکھین۔

فایدہ ۔ یہ تکمید معدے کے احسن یہ ہی کہ تکمید اوپر شراسیف کے پڑے نہ اوپر فم معدے کے اور معدے کے وسط پر اور شراسیف سر پہلو کو کہتے ہین۔

کماد ۔ کہ یہی عمل کرتا ہی نمک پسا ہوا سبوس گندم ہر ایک دس درم نانخواہ پانچ درم کوٹ کر چھان کر کپڑے مین باندھ کر تکمید کرین۔

کماد ۔ کہ ریاح معدے وسپرز وتہبگاہ کو دور کرے حلبہ شونیز تخم کرفس نانخواہ سب کو کوٹین اور آب نمک تھوڑا اسپر چھڑکین اور تھیلی مین رکھکر نیم گرم اوپر عضو کے رکھین اور اوپر معدے وجگر کے تسخین شدید وطویل روا نہ رکھین۔

کماد ۔ واسطے تحلیل ریاح احشا وشکم ومراق کے اور تقویت معدے کے نافع ہی اور ایلاقی نے بیچ مالیخولیاے مراقی کے اسکو لکھا ہی شبت افسنتین فودنج بری زیرہ سیاہ انیسون تخم کرفس صعتر پانی مین جوش کرین اور صاف کر کے مثانہ گاؤ مین ڈالکر وقت خالی ہونے معدے کے اوپر شکم کے تکمید کرین۔

کماد ۔ کہ مؤلفات اس درویش سے ہی واسطے تسکین درد معدے وامعا وجگر وگردہ وسپرز وجمیع اعضا کے نافع ہی اور سریع العمل وقولنج کو نہایت نافع ہی بابونہ گل سرخ سنبل حلبہ تخم کتان تخم شبت سبوس گندم نمک اکلیل الملک پانی مین جوش کرین بعد اسکے گاؤ کے مثانے مین ڈالکر تکمید کرین اور اگر اسفنج یا نمدہ اسمین تر کر کے عضو پر رکھین قوی تر ہو اور اس تکمید کو تکمید رطب کہتے ہین۔

حرف اللام

لعوق ناردان ۔ واسطے تقویت معدے کے اور رفع کرنے قی شدید کے مجرب ہی گل سرخ آرد سنجد پوست بیرون پستہ انار دانا رشک دانہ وار ہر ایک پندرہ مثقال سماق سات مثقال نعناع تخم کرفس ہر ایک تین مثقال جملہ کو بیچ تین رطل پانی کے جوش کرین یہانتک کہ ایک رطل رہے پس صاف کر کے ساتھ آب لیمو وآب غورہ وآب بہی وآب تمر ہندی کہ ہر ایک پچیس مثقال ہو اور ساتھ سرکہ ساٹھ دو مثقال اور نبات دوسو مثقال کے قوام موافق لعوق کے کرین اور تھوڑا تھوڑا چاٹین۔

لعوق غاریقون ۔ فساد شہوت کو جو بلغم صفرا سے ہو نافع ہی غاریقون سفید ایک مثقال ریوند چینی ایک درم خشیش غافث نصف درم افسنتین ربع درم کوٹ کر چھانکر بیچ پانچ درم شربت بیخ کاسنی کے ملا کر چاٹین۔

حرف المیم

معجون افسنتین ۔ واسطے درد معدے ووجع الفواد کے جو مواد سوداوی سے ہون نافع ہی افسنتین سات درم انیسون تخم کرفس ہر ایک پانچ درم سلیخہ دس درم افیون جند بید ستر ہر ایک دو درم

عسل دوچند سب کا۔

دیگر۔ کہ درد معدے وجگر کو کہ برد سے ہو زایل کرے اور استسقا کو نافع ہی افسنتین انیسون تخم کرفس مغز بادام تلخ بالسویہ کوٹ کر چھان کر ساتھ سہ چند عسل کے گھولکر معجون بناوین مقدار شربت دو درم۔

معجون سنبل۔ معدے وجگر کو نافع ہی اور سختی معدے اور جگر کو دور کرے سنبل الطیب فقاح اذخر ہر ایک پانچ درم زعفران مرصافی انیسون ہر ایک ایک درم فلفل سیاہ مقل ہر ایک دو درم مقل اور مرکو بسیح مثلث کے حل کرین اور ادویہ کوٹ کر چھانکر اسمین ملادین اور ساتھ عسل کے گھولکر معجون بناوین۔

معجون سنبل دیگر۔ کہ یہی عمل کرتی ہی سنبل الطیب قسط تلخ فقاح اذخر قصب الذریرہ مویز منقے ہر ایک چار درم مرکی زعفران انیسون فلفل ہر ایک ایکدرم سلیخہ پانچ درم مقل ازرق دو درم مقل کو مثلث مین حل کرین اور ادویہ کوٹ کر چھانکر ساتھ سہ چند عسل کے گھولکر معجون بناوین۔

معجون سنگدان۔ واسطے ضعف معدے وتحلیل نسیج معدے کے نافع ہی اور دل کو قوت دیوے پوست سنگدان خروس طباشیر ہر ایک دو مثقال گل سرخ تین درم نعناع خشک پوست بیرون پستہ پوست ترنج پوست ہلیلہ زرد ہر ایک ایک مثقال بہمن سرخ بہمن سفید صندل سرخ صندل سفید صعتر کشنیز خشک بریان حب الآس ہر ایک دو درم کوٹکر چھانکر ساتھ شربت فواکہ کے معجون بناوین مقدار شربت دو مثقال۔

معجون نانخواہ۔ معدے کو پاک کرے اور اشتہا لگاوے اور باہ کو قوت دیوے اور نعوظ خوب لاوے نانخواہ صعتر زوفا نعناع شونیز زیرہ کرمانی ہر ایک پانچ مثقال وج لبسباسہ رازیانہ زنجبیل جوزبوا تخم کرفس ہر ایک تین مثقال حاشا دو مثقال کوٹ کر چھانکر ساتھ سہ چند عسل کے گھولکر معجون بناوین قدر شربت تین درم۔

معجون نانخواہ دیگر۔ کہ معدے وجگر کو قوی اور بلغم کو دور کرے اور اشتہا لاوے اور بدہضمی کو دفع کرے اور بوے دہان کو خوش کرے اور سیلان لعاب کو باز رکھے اور سدہ کھولے اور کرم شکم کو مارے اور ریاح کو توڑے اور گردون کو قوت دے اور مثانے وگردے کو ریت سے پاک کرے اور باہ کو زیادہ کرے اور بقراط کہتا ہی کہ اگر کوئی شخص سال مین ایک ہفتہ ہر دن تین درم یہ معجون کھاوے جو مطلب کہ شہوت سے طلب کرے حاصل ہووے نانخواہ تخم گزر زنجبیل ہر ایک دس درم زعفران لبسفایج ہر ایک ایک درم بیخ کرفس پانچ درم مصطگی اڑھائی درم عود خام دو درم عاقرقرحا ڈیڑھ درم کوٹ کر چھان کر ساتھ سہ چند عسل کے معجون بناوین قدر شربت تین درم۔

دیگر۔ کہ یہی عمل کرے نانخواہ شبت ہر ایک دس درم مصطگی عاقرقرحا فرفہ اسارون عود خام سنبل فلفل زعفران ہر ایک ۵ درم مشک خالص نصف درم

کوٹ کر چھانکر ساتھ سہ چند عسل کے معجون بناوین قدر شربت تین درم۔

معجون پودینہ۔ ریاح کو توڑے اور طعام کو ہضم کرے پودینہ برگ سداب فلفل زنجبیل نانخواہ کرویا کاشم دارچینی دارفلفل کوٹ کر چھانکر عسل مین معجون بناوین مقدار شربت دو درم۔

دیگر۔ کہ نفع کثیر رکھتی ہی اور نام اسکا فودنجی ہی بیچ حرف الفا اسی بحث کے مذکور ہوئی۔

معجون اذخر۔ نافع ہی واسطے اس شخص کے کہ بسبب درد معدے کے طعام کو قی کرتا ہو بیخ اذخر سعد ہر ایک ایکدرم نانخواہ اشنہ بلیلہ فلفل کندر ہر ایک نصف درم زنجبیل دارچینی سلیخہ پودینہ ہر ایک ربع درم مصطگی عود خام ہر ایک ایک درم قرنفل سک ہر ایک ایک دانگ مویز بادانہ دو چند سب اجزا کو پہلے مویز سے دانے نکالکر ساتھ پانی کے پیسین پھر اسی پانی مین گوشت مویز کو بھی پیسین اور جوش کرین یہانتک کہ گاڑھا ہو وے بعد اسکے ادویہ کوٹ کر چھانکر اسمین ملاکر معجون بناوین قدر شربت بقدر بادام کے۔

معجون قسط۔ واسطے درد معدے اور جگر کے نافع ہی دارچینی قسط تلخ ہر ایک سات درم انیسون تخم کرفس اسارون ہر ایک تین درم کوٹ کر چھانکر شہد مین معجون تیار کرین مقدار شربت ایک مثقال۔

معجون بزور۔ درد معدے وجگر وسپرز کو فایدہ دے اور ریاح کو دفع کرے سلیخہ حماما سنبل نانخواہ رازیانج انیسون تخم کرفس سیسالیوس جندبیدستر تخم شبت زراوند طویل اسارون مصطگی کرویا اذخر جملہ وزن مین برابر کوٹ کر چھانکر شہد صاف مین معجون بناوین۔

معجون غیاثی۔ اشتہا پیدا کرے اور بوے دہن کو اچھا کرے اور حفظ ومنی کو بڑھاوے زعفران عاقرقرحا زرنباد فرفیون خولنجان قاقلہ کبابہ دارفلفل جندبیدستر ساذج کوٹ کر چھانکر ساتھ سہ چند عسل کے معجون بناوین۔

معجون مسیحی۔ اشتہا لاوے اور ہاضمہ کو بڑھاوے اور منی کو زاید کرے اور باہ کو اٹھاوے عاقرقرحا چھ درم فلفل سفید مصطگی دارچینی ہر ایک سات درم زعفران تین درم قاقلہ چار درم قرنفل دس درم جوز بوا تین عدد جز ماعظم تیس درم مشک نصف درم کوٹ کر چھانکر دس درم روغن بادام سے چرب کر کے ساتھ دو چند کے گھولکر معجون تیار کرین مقدار شربت ایک مثقال سے دو مثقال تک۔

معجون جلالی۔ واسطے اشتہا وتقویت معدے وجگر وے کے اور زیادہ کرنے منی وباہ کے نافع ہی قرفہ سنبل الطیب قرنفل دارچینی قاقلہ ہر ایک دو درم انیسون تخم کرفس ہر ایک ایک مثقال زیرہ کرمانی مدبر بریان مصطگی نعناع ہر ایک نصف مثقال فلفل دو مثقال عسل دو چند مقدار خوراک دو درم۔

معجون جوزی۔ واسطے قوت معدے واشتہا وہضم طعام وتقویت باہ ونشاط کے نافع ہی اور فواید کثیر رکھتی ہی ہیل جوز بوا بسباسہ ہر ایک دس درم نانخواہ زعفران ہر ایک پانچ درم جز ماعظم سو درم کوٹ کر چھانکر ساتھ دو چند عسل کے گھولکر معجون بناوین مقدار شربت دو مثقال

معجون زرنباد - واسطے ریاح کے جو بیچ معدے حاملہ کے جمع ہو کر اذیت دیتے ہین نافع ہی زرنباد درونج عقربی ہر ایک دو درم مروارید لسبد کہربا ابریشم لسباسہ قرنفل زعفران جندبیدستر ہر ایک ڈیڑھ درم سنبل اشنہ ہر ایک نصف درم کوٹکر چھانکر عسل مین معجون تیار کرین مقدار شربت ایک مثقال -

معجون طباشیر - حرارت و رطوبت معدے کو نافع ہی اور معدے کو قوت دے اور اشتہا لاوی اور تشنگی کو رفع کرے اور ضرر آب فاسد کو دفع کرے طباشیر اول گلسرخ ہر ایک دس درم سماق منقی دو درم گلنار قاقلہ کبار ہر ایک ایک درم مصطگی نصف درم مقدار شربت تین درم ساتھ آب سیب یا آب بہی کے استعمال کرین -

معجون عود - واسطے تقویت معدے کے نافع ہی عود عنبر مشک جدوار اصیل ہر ایک ایک مثقال دارچینی مصطگی فلفل قرنفل ہر ایک ایک مثقال و نصف بادرنجبویہ گاؤزبان بادیان تخم کرفس سنبل اگر ترکی پوست ترنج ہر ایک دو مثقال کوٹ کر چھانکر ساتھ شہد و نبات کے تیار کرین اور بیچ اس نسخے کے شیخ الرئیس نے کافور ایک دانگ و نصف زیادہ کیا ہی اور اکثر نسخے عود کے بیچ بحث جوارشات کے گذرے -

معجون جوزی - ملاست معدے کو نفع کرے دانہ مویز بیس درم حب الآس پچاس درم خرنوب نبطی گلنار کزمازج کندر نانخواہ ہر ایک دس درم ساتھ شہد کے تیار کرین مقدار شربت تین درم -

معجون خبث الحدید - ضعف معدے و بواسیر کو نافع ہی اور شہوت طین کو دور کرے اور نکلنا خون کا بواسیر سے اور حیض کو بند کرے اور رنگ اچھا کرے اور شکم کو قبض کرے ہلیلہ سیاہ آملہ کزمازج خبث الحدید برلسبر کیسنبل اذخر سعد زنجبیل فلفل نانخواہ کندر جملہ وزن مین برابر کوٹین اور چھانین اور ساتھ شہد کے کہ آملہ کے پانی مین جوش کیا ہو ملا کر معجون بنا وین مقدار خوراک ہر دن بقدر ایک جوز کے اور یہ نسخہ بیچ رفع کرنے حلقہ کہنہ و ورب کے اور جمیع امراض معدے کے نافع ہی اور واسطے تقویت مثانے کے مفید اور نسخے فنجنوش کے بیچ جوارشات اسی بحث کے ساتھ طریق مدبر کرنے خبث الحدید کے گذرے ہین -

معجون جوز جندم - دفع شہوت طین کی کرے جوز جندم ہلیلہ بلیلہ آملہ مصطگی قاقلہ کبار نانخواہ زنجبیل کوٹ کر چھانکر ساتھ شہد کے ملا کر معجون بنا دین اور قبل از طعام و بعد از طعام بقدر ایک جوز کے کھلا وین -

معجون بادمہرج - واسطے برد معدے و رحم کے اور ریاح غلیظ کے سود مند ہی اور حیض لبتہ کو کھولتی ہی زرنباد درونج بزر البنج فلفل ابیض فلفل اسود دار فلفل جندبیدستر سلیخہ سنبل قسط زنجبیل جاؤشیر قنہ اشق بزر الجلیب اکلیل بزر الاهیف نانخواہ شونیز قرنفل صغین بغین مجمہ یعنے سکبنج ہر ایک چھ درم حرمل و ج حب انغار میعہ خربق سفید زعفران سعد ہر ایک دس درم حلبہ بندرہ درم مروارید ناسفتہ صبر ہر ایک بارہ درم جو دوالایق کوٹنے کے ہی کوٹین اور جو لائق حل کرنے کے ہی شراب مین حل کرین اور ساتھ شہد کے

معجون بناوین مقدار شربت دو درم سے دو مثقال تک اور ایک نسخہ اسکا بیچ حرف البار کے گذرا۔

معجون ابن ہبل ۔ واسطے وجع الفواد اور التقاب نفس کے کہ برودت سے ہو نافع ہی اور بہت مقوی معدے کی ہی گلسرخ فلفل زنجبیل زرآوند طویل دارچینی سارون ہر ایک دو جزو مصطگی زرنباد فودنہ انیسون ہر ایک جزو جند بیدستر نصف جزو کوٹ کر چھانکر ساتھ ایک وزن شہد اور ایک وزن گلقند کے معجون بناوین مقدار خوراک دو مثقال

معجون فیقرا ۔ واسطے شہوت طین اور دیگر چیزون بد کے نافع ہی ایارج فیقرا بارہ درم ہلیلہ کابلی بلیلہ آملہ ملح نفطی کوٹ کر چھانکر ساتھ شہد کے معجون بناوین مقدار شربت تین درم سے چار درم تک ساتھ جوشاندے پودینہ کے

معجون ۔ کہ بیچ نفع کے مانند فیقرا مذکور کے ہی اور نہایت مجرب ہی اور مشہور بہ جوز جندم ہی ہلیلہ کابلی بلیلہ آملہ زنجبیل جوز جندم مصطگی قاقلہ کبار نانخواہ بالسویہ ساتھ شہد کے معجون بناوین پیش از طعام و پس از طعام میل کرین بقدر ایک جوزہ کے اور بجاے مٹی کے نشاستہ کو ساتھ نمک شور کے کھاوین یا جوز جندم کو شور کرکے تناول کرین اور غذا کو منحصر کرین بیچ کباب مرغ بچہ کے

معجون بقراط ۔ واسطے تقویت معدے و جگر کے اور قطع کرنے بلغم خام کے اور اشتہاے طعام کے اور تسکین درد معدے کے اور درد دندان کے اور تحلیل ریاح مختلف کے نافع ہی اور بقراط نے کہا مین تعجب کرتا ہون اس شخص سے کہ جو اس معجون کو کھاوے مع اصلاح اغذیہ کے کیونکر محتاج طبیب کا ہوتا ہی اور اس امر بارہ مین بہت مبالغہ کیا ہی اور کہا ہی کہ کھانیوالا اسکا قدرت پاتا ہی اوپر راضی کرنے دس عورت کے انیسون تخم کرفس تخم جزر تخم شبت ہر ایک دس درم زرورد دو درم مصطگی قرنفل عاقرقرحا عود ہر ایک ایکدرم کوٹکر چھانکر ساتھ چند شہد یا قند مین معجون بناوین مقدار شربت دو مثقال ۔

معجون ملح ہندی معدے کو قوت دیوے اور قے بلغمی و سوداوی کو بند کرے اور دوار کو کہ بلغم و سودا سے ہو نفع کرے ہلیلہ سیاہ بلیلہ آملہ ہلیلہ کابلی اسطوخودوس ہر ایک تین درم افتیمون غاریقون سفید ہر ایک چار درم نمک ہندی دو درم ایارج فیقرا دس درم کوٹکر چھانکر سکنجبین مین بناوین مقدار شربت تین درم نہار ساتھ گرم پانی کے

معجون بلادر ۔ جمیع انواع اوجاع معدہ و صداع کہنہ و ہذیان و دوار معدے و جنون و وجع صدر و کبد و طحال و کلیہ و مزاج بارد و اوجاع ارحام و نقرس و جذام و امراض سوداوی کو نافع ہی سنبل زعفران مویز سلیخہ سادج افتیمون اذخر حب البلسان ندر آوند قرنفل حب البان زنجبیل صبر تقل مرکی دہن بلسان ہر ایک ایک اوقیہ مصطگی عسل بلادر غاریقون سفید ہر ایک آٹھ اوقیہ عرمیات بیخ سوسن آسمان گون دو اوقیہ پوست بیخ رازیانہ تین رطل سرکہ تین قسط پوست بیخ رازیانہ کو تین دن سرکے مین بھگو کر دیگ مین ڈالکر جوش خفیف دین پھر صاف کرکے جڑ کو نچوڑین اور عسل ڈیڑھ رطل ملاکر اوپر نرم آگ کو ٹلے کے پکا دین تو کچھ غلیظ ہووے پس ادویہ کوٹ کر چھان کر ملاوین مقدار شربت ایک درم ساتھ

اشربہ موافقہ گے۔

معجون ہرمس۔ واسطے درد معدے وجگر و مفاصل وسپرز کے اور واسطے استسقا و رطوبت کے نافع و خصوصاً نقرس کو بیچ موسم بہار کے غاریقون اسارون ورج قردمانا تخم سداب فرفیون خارخسک ہر ایک سات مثقال زرہ آوند طویل عرطینثا نانخواہ قرنفل ہر ایک چودہ مثقال فراسیون جعدہ ہر ایک تیس درم کمافیطوس کماذریوس اسقولوقندریون ہر ایک اسّی درم کوٹکر چھانکر ساتھ سہ چند عسل کف گرفتہ کے تیار کرین مقدار خوراک ایک مثقال ساتھ گرم پانی کے اور بعد چھ مہینے کے استعمال کرین۔

معجون ابن عباد۔ معدے کو کہ طعام قبول نہین کرتا ہی اور فواق امتلائی و سوہضم و اوجاع معدے کو نہایت نافع ہی جند بید ستر قسط شیرین سنبل الطیب فلفل سیاہ دارچینی دار فلفل ہر ایک ایک اوقیہ سلیخہ دو درم مرکی تین درم افیون ایک درم مرکی کو بیچ شراب کہنہ ریحانی کے بھگوئین جب نرم ہووے ادویہ کوٹکر چھانکر ساتھ مثلث کے تیار کرین اور بعد چھ مہینے کے استعمال کرین مقدار شربت ایک مثقال

معجون کاسر الریاح۔ واسطے ضعف معدے کے جو بسبب ریح و احتباس حیض کے ہو اور واسطے امراض بادی و ڈکار و اوجاع ریحی و اوجاع مفاصل و حبس بول کے نافع ہی زیرہ کرمانی ہر ایک چھ درم سداب مصطگی ہر ایک تین درم قرنفل گل سرخ انیسون ورج ترکی نانخواہ بورہ ارمنی پوست بیرون پستہ ہر ایک تین درم کوٹ کر چھانکر سہ چند عسل مین تیار کرین اور بعد پانچ مہینے کے استعمال کرین مقدار شربت دو مثقال۔

معجون ابہل۔ کہ فواق شکم و نفخ معدہ و احشا کو برطرف کرے ابہل کندر نانخواہ دارچینی ورج ترکی زنجبیل ہر ایک کوٹ کر چھانکر ساتھ شہد کے تیار کرین مقدار شربت دو درم

معجون راوند۔ واسطے ورم معدے وجگر کے جو بسبب ضربہ و صدمہ کے پیدا ہو نافع ہی راوند زنجبیل شہدانہ ہر ایک آدھا اوقیہ کوٹ کر چھانکر ساتھ سہ چند عسل صافی کے تیار کرین مقدار شربت ایکدرم سے دو درم تک

دیگر۔ کہ درد معدہ وجگر اور اورام رحم کو نافع ہی زراوند ورج بیخ انجدان تخم کرفس رازیانہ انیسون نانخواہ شہدانہ مساوی الوزن کوٹ کر چھانکر عسل مین بنا دین مقدار خوراک ایک مثقال ساتھ ماء العسل کے اور بعض اطبا نے عوض شہدانہ کے راسن لکھا ہی۔

معجون ملوکی۔ واسطے تقویت معدہ و باہ و زیادتی اشتہا اور قوت مجامعت کے بہت مجرب ہی جوزبوا قرنفل بسباسہ لسان العصافیر بیخ اذخر زنجبیل دارچینی مصطگی زعفران عود ہر ایک تین مثقال قاقلہ کندر ہر ایک ایک مثقال اشنہ اڑھائی مثقال قند و گلاب ہر ایک دس مثقال عسل بقدر کفایت زیادہ کرکے قوام کرین اور ادویہ مسحوقہ کو اُس مین ملاکر تیار کرین مقدار شربت ایک مثقال اور جاننا چاہیے کہ بہت سے معاجین مانند مخلص اکبر و معجون فلاسفہ و معجون قیصر و

ومعجون تودم ومعجون دبید الورد ومعجون سقراط
ومعجون فولاد ومعجون الفع ومفرحات
کہ معدے کو نافع ہین بیچ ادویہ سر کے گذرے اور اکثر مفرحات
مفید معدہ کے بیچ ادویۂ قلب کے مذکور ہوئے -
ومعجون امروشیا بیچ حرف الالف اسی بحث کے اور اسیطرح
معجون فنداد یقون بیچ حرف الفاء کے -
ومعجون سنجرنیا ومعجون شفر جلی - ہیں بیچ
حرف السین کے -
ومعجون ورد - کہ جلنجبین ہی بیچ حرف الجیم اسی بحث
کے کہ بحث امراض معدہ کی ہی کہی گئی -
ودبیبہ بیچ اشربہ کے -
ومری - کہ عبارت آبکامہ سے ہی بیچ حرف الالف
کے گذرین اور یہ دونون معدے کو نافع ہین -
ماء العسل - اشتہا لاوے اور معدے کو قوت دے
اور بیچ ادویہ سر کے گذرا -
مربا سیب - معدے ودل کو نافع ہی اور واسطے
اچھا کرنے بوے دہن کے موثر ہی -
مربا بہی - معدے کو قوت دے اور غثیان وقی کو
باز رکھے اور ہیضہ وفواق ودرد جگر کو نافع ہی اور طریق
بنانے دونون کے مربا لون کا یون ہی کہ دونون کو پوست
ودانے سے پاک کرکے پانی مین جوش کرین یہانتک
کہ نیم پختہ ہوجاوین پس ساتھ قند کے قوام کرین اور
چاہیے کہ سیب درست کا مربا بناوین اور بہی کو دو
ٹکڑے کرکے -
مربا زنجبیل - معدۂ بارد وگردہ ومثانہ بارد کو
نافع ہی اور بول کو نکالے وحمیات بلغمی کو فایدہ کرے
اور باہ کو زیادہ کرے زنجبیل بے ریشہ کو ریت مین
بیس دن گاڑکر ہر دن آب باران اوسپر ڈالا کرین
بعد اسکے نکالکر دھووین اور ساتھ پانی وشہد کے جوش
کرکے قوام کرین -
مربا گردگان - معدے کو قوت دے اور باہ کو
زیادہ کرے گردگان تازہ کہ ہنوز سخت نہوا ہو پوست
اسکا جدا کرکے ساتھ آب وعسل کے جوش کرین
یہانتک کہ قوام ہوجاوے -
مربا اترج - معدے کو قوت دے خصوصا کہ ساتھ
پوست کے ہو ترنج بزرگ لیکر زردی اوسکی چھیلین
اسطرح سے کہ پوست اسکا دور نہووے اور ترشی
اسکی بھی جدا کرین اور گوشت اسکا ساتھ پانی کے
جوش کرین یہانتک کہ نیم پختہ ہوجاوے بعد اسکے
نکالکر نچوڑین اور عسل سفید اوسپر زیادہ کرکے بہت نرم
آگ پر جوش کرکے قوام کرین
مربا امرود - واسطے تقویت معدے کے نہایت
مفید ہی امرود بلخی یا اصفہانی لیکر جوش کرین تو نیم پختہ
ہووے بعد اسکے قند سفید اوسپر ڈالکر جوش کرین یہانتک
کہ رنگ اسکا پھرجاوے اور بعد چالیس دن کے
کام مین لاوین -
مربا ہلیلہ ومربا آملہ ومربا روج - واسطے
تقویت معدے کے نہایت نافع ہین اور بیچ ادویۂ
سر کے مذکور ہوئے -
مربا نارنج ومربا لیمو - واسطے تقویت معدے گرم

اور دل کے اور قطع کرنے صفرا کے نافع ہی پوست بیرونی ہر ایک کا چھیل کر دانہ کشش سے وانے انکے نکالکر پانی مین جوش کرین تو تلخی انمین نہ رہے بعد اسکے ساتھ شہد و قند کے پانی اچھا ڈال کر پکا وین یہانتک کہ قوام ہو جاوے ۔

مربا ورد ۔ کہ عبارت جلنجبین سے ہی واسطے تقویت معدہ کے نافع ہی بیچ حرف الجیم کے گذرا ساتھ فوایدکثیر کے

مربا حزر ۔ واسطے تقویت معدہ کے نافع ہی خصوصاً کہ توابل انمین پڑے ہون بیچ ادویہ سینے کے گذرا ۔

مربا قشر پستہ ۔ واسطے تقویت معدہ و جگر و دل و دماغ کے واسطے امراض مزمنہ کے نہایت نافع ہی پوست بیرون پستہ سبز لیکر بدستور مربے اترج کے پکا دین

مطبوخ افسنتین ۔ معدے گرم ضعیف کو نافع ہی افسنتین پانچ درم گل سرخ چھ درم تمر ہندی بیس درم مطبوخ کرین اور ترنجبین تیس درم حل کرکے وصاف کرکے تناول کرین اور اگر قوی چاہین اور نکالنے مادے کا منظور ہو ایارہ فیقرا ایک درم گولی بنا کر کھاوین پیچھے اسکے یہ مطبوخ پیین ۔

مطبوخ بسفائج ۔ واسطے درد معدے کے مفید ہی بیچ ادویۂ سر کے گذرا ۔

مطبوخ دار شیشعان ۔ واسطے رفع کرنے درد معدے بارد کے مجرب ہی دو مثقال اس سے جوش کرکے ساتھ نبات کے پیین ۔

مطبوخ عود ۔ معدے کو پاک کرے اور دل کو قوت دے عود قاقلی ایک درم تک مشک قرنفل جوز بوا سنبل الطیب ہیل زرنباد مصطگی تخم ریحان تخم باورنجبویہ زعفران ہر ایک آدھا درم مشک ایک حبہ جملہ کو پیس کر بیچ کپڑے کے سست و ڈھیلا باندھکر بیچ پانی انگور کے اوپر آگ نرم کے پکا دین اور بعد تھوڑی دیر کے کپڑے کو نچوڑین اور جب قوت ادویہ کی خوب نکل آوے اتار کر شیشے کے باسن بین رکھکر وقت حاجت کے کام مین لاوین

مطبوخ انار دانہ ۔ معدے کو قوت دے اور قی کو روکے انار دانہ دس درم مصطگی نعناع ہر ایک ایک درم بیچ ایک رطل پانی کے جوش کرین یہانتک کہ آدھا رہے بعد اسکے صاف کرکے عود مشک ہر ایک ایکدرم کوٹ کر چھان کر اضافہ کرین اور پیین ۔

مطبوخ ۔ کہ مسمی بہ ماء البزور ہی ریاح معدے و احشا کو تحلیل کرے اور اخلاط غلیظہ کو پگھلاوے اور قولنج و استسقاے طبلی کو نافع ہی نانخواہ کاشم زیرہ کرمانی صعتر شونیز ہر ایک ایک کف بیچ تین رطل پانی کے جوش کرین یہانتک کہ جب ایک رطل رہجاوے صاف کرین اور ہر صبح و شام بیس درم اس سے ساتھ تین درم روغن بیدانجیر کے پیین ۔

حرف النون

نقوع ۔ سوء مزاج گرم معدے و دل کو نافع ہی کشنیز ایک درم آملہ نصف درم گل سرخ گل نیلوفر ہر ایک ایک مثقال گلاب عرق کاسنی بید مشک ہر ایک ایک اوقیہ ادویہ کو بیچ عرقون کے تھوڑا پانی ڈال کر بھگوئین اور صبح کو صاف کرکے ساتھ

سکنجبین سادہ کے یا ساتھ شربت نیلوفر کے یا ساتھ قند کے دینا

لقوع - کہ غثیان و تہوع دفع کو روکے اور معدے کو قوت دے تمر ہندی پانچ درم رات کو پانی مین بھگوئین اور صبح کو بدون ملنے کے چھانین اور ساتھ شربت بہی یا سیب یا قند کے شیرین کر کے تھوڑا تھوڑا پئین اور اگر تھوڑا برگ پودینہ بھی ساتھ تمر ہندی کے ملائین خوب عمل کرے -

نقیع - کہ یہی عمل کرتا ہی اور بیچ تقویت معدے کے قوی زیادہ ہی اور صفرا و بلغم کو مفید عود ہندی نصف درم صندل سفید ایک درم پوست بیرون پستہ کشنیز خشک ہر ایک نصف مثقال بیچ تھوڑے پانی گرم کے تر کرین سخت اجزا کو نیمکوب کر کے اور بعد آٹھ پہر کے صاف کر کے شربت انارین منعنع سے شیرین کر کے پلاوین -

نقیع صبر - کہ معدے کو نافع ہی بیچ ادویہ سر کے کہا گیا

نقوع - کہ اشتہا لاوے ہلیلۂ کابلی عود آملہ صندل زرشک آلو ہر ایک بقدر حاجت کے گلاب مین تر کرین اور صاف کر کے اسی طرح یا نبات یا اور کوئی شربت ملا کر پئین -

حرف الیاء

یاقوت تہا - کہ معدے کو نافع ہین بیچ ادویہ سر و ادویۂ قلب کے مفصل مذکور ہین وہان سے لیوین -

باب تیرھوان بیچ ادویۂ جگر و زہرہ و سپرز و یرقان کے

جو ہضم دوسرا جگر مین ہی اور شروع اسکا ہضم کا ماساریقا سے ہی جسوقت بیچ جگر کے کوئی فساد لاحق ہوتا ہی اور تقسیم اخلاط کی اور ہضم انکا جیسا کہ چاہیے نہین ہوتا ہی ضرر اسکا تمام بدن مین ظاہر ہوتا ہی اور اُسکی مندی مین بھی خلل پڑتا ہی پس اعتنا بیچ امر جگر کے نہایت اہم ہوا اور اس سبب سے کہ سپرز خادم جگر کی ہی اسوجہ سے کہ سودا کو جگر سے اپنی طرف جذب کرتی ہی اور اسیطرح پتا بھی خادم جگر کا ہی کہ صفرا کو کھینچتا ہی درست کرنا انکے حال کا موجب درستی احوال جگر کا ہی پس تدبیر اُنکی بھی لازم پڑی تو فساد عام نہووے اور جانین کہ جگر عضو رئیس ہی اور نازک کوئی دوا قوی التحلیل اُسپر استعمال کرنا نہ چاہیے اور بیچ تناول اغذیہ کے مراعات ترتیب کی جسطرح کہ مفرح القلوب مین مفصل کہا ہمنے مرعی رکھنا چاہیے اور اگر کوئی آفت لاحق ہو جلد تدارک کیا جاہیے ساتھ ان چیزون کے کہ طب اکبر مین ہمنے ذکر کیا ہی مشروحاً اور تھوڑا بیچ اس مختصر کے بھی کلیۃً مذکور ہوا -

حرف الالف

امروسیا - جگر و سپرز کو فایدہ کرے اور سدہ کھولے اور بول کو جاری کرے اور سنگ کو گردے و مثانے سے پاک کرے اور ابتداے استسقا کو نافع ہی زیرہ کرمانی دوقو عود بلسان سلیخہ فودنا نافقاح اذخر تخم کرفس ہر ایک ایک درم قسط فلفل دارفلفل ہر ایک نصف درم مرمکی تین درم حب الغار دس عدد ورج زعفران ہر ایک دو درم کوٹ کر چھانکر ساتھ شہد کے تیار کرین مقدار شربت مقابلہ ایک فندق کے ہی

اور ایک نسخہ اسکا کہ معدے کو نافع ہی بیچ ادویہ معدے کے مذکور ہوا۔

اثاناسیاء کبرے۔ ضعف جگر اور صلابت جگر اور اوجاع جگر و طحال و معدے کو اور اسہال بلغمی و سعال مزمن و قی الدم و خدرہ و درد کلیہ و مثانہ و ربو و بواسیر کو نافع ہی اور ریاح کو توڑے اور سب اوجاع کو تسکین دے مرمکی افیون زعفران جند بیدستر بزر البنج قسط قردمانا خشخاش غافث شاخ راست بز جلائی ہوئی جگر گرگ خشک کیا ہوا جملہ وزن مین برابر جو لایق کوٹنے کے ہین کوٹ کر اور جو قابل حل کرنے کے ہین شراب مین حل کر کے ساتھ عسل مصفا کے گھولین اور بعد چھ مہینے کے استعمال کرین مقدار شربت نصف مثقال سے ایک درم تک ساتھ آب کاسنی کے یا ساتھ آب سیب کے کھاوین۔

اثاناسیاء صغری۔ منافع اسکے قریب منافع کبرے کے ہین یعنہ زعفران قسط سنبل افیون سلیخہ ہر ایک چار درم عصارہ غافث آٹھ درم اصل السوس بارہ درم کوٹ کر چھانکر ساتھ عسل کے معجون بناوین مقدار شربت ایک فندق اور بیچ اور نسخے کے عود بلسان و مر ہر ایک چار درم اضافہ کیا ہی۔

فائدہ اثاناسیاء۔ لفظ یونانی ہی ترجمہ اسکا بعض بعض لوگون نے منقذ اور بعض لوگون نے ناقض الامراض اور بعضون نے دواء الذئب کہا ہی۔

انوشدارو۔ بیچ تقویت جگر کے خوب نافع ہی بیچ ادویہ سر کے مذکور ہی۔

حرف الباء

باد مہرج۔ برودت جگر کو نافع ہی اور مفتح سدہ جگر و سپرز و محلل ریاح اور بیچ ادویہ معدے کے گذرا۔

پختہ جوش۔ برد جگر کو نافع ہی اور بیچ ادویہ سر کے گذرا۔

حرف التاء

تریاق فاروق۔ سدۂ جگر و سپرز کو کھولے اور ورم صلب اسکا تحلیل کرے مقدار خوراک اسکا بیچ استسقا کے ایک فندق ہی ساتھ سرکے کے ملاکر اور بیچ یرقان سدی کے ایک ترمس ہی ساتھ جوشاندے اسارون کے اور تجربہ اسکا بیچ ادویہ سر کے مذکور ساتھ فواید کثیر کے۔

حرف الثاء

ثنادریطوس۔ واسطے اوجاع کبد و طحال و معدے کے نافع ہی اور سدۂ جگر و سپرز کو کھولے اور استسقا کو جو برودت سے ہو دفع کرے اور ضعف کو جگر سے دور کرے بیچ ادویہ سر کے گذرا۔

حرف الجیم

جوارش شہریاران۔ سردی جگر و معدے و قولنج و عسر البول کو نافع ہی قرفہ دارچینی قرنفل زنجبیل سلیخہ سنبل جوز بوا ہیل مصطگی قاقلہ حب بلسان زعفران ہر ایک چار درم و نصف سقمونیا [illegible] درم تربد سفید حب النیل ہر ایک آٹھ درم قند سفید بوزن تمام ادویہ کے سب اجزا کو کوٹکر چھانکر شہد مین

ملاکر بناوین مقدار شربت چار مثقال سے سات مثقال تک ساتھ آب گرم کے اور نسخہ دوسرا بیچ ادویہ امعاء کے آویگا—

جوارش جوزی سطعام کو ہضم کرے اور اسہال کو روکے اور سپرز کو پگھلاوے اور جس شخص کو کہ خوف استسقا کا ہو نافع ہی اور بول کو ادرار کرے قسط قرنفل قرفہ سنبل حب بلسان سلیخہ ہر ایک دس درم جوزبوا پانچ عدد قاقلہ کبار انیسون شیطرج اکلیل الملک نارمشک ہر ایک چار درم بسباسہ درونج ہر ایک تین درم ریوند چینی زرآوند مدحرج اشنہ ہر ایک پانچ درم ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ کابلی ساتھ روغن زیت کے بریان کیا ہوا ہر ایک بیس درم بلیلہ دس عدد حب الآس برابر سب اجزا کے نبات دو چند سب کو بیچ گلاب کے قوام کرین اور ادویہ کو کوٹ کر چھانکر اسمین ملاوین اور بعد دو مہینے کے استعمال مین لاوین—

جوارش نارمشک— واسطے استسقاء طبلی کے نافع ہی وجوارش فشراترج وجوارش عود و جوارشش آملہ وجوارش مصطگی وجوارش تفاح وجوارش سفرجلی وجوارش فلافلی وجوارش طالیسفر وجوارش کافور وجوارش دارچینی وجوارش مشک وجوارش تمر ہندی— واسطے امراض جگر کے مفید ہین اور یہ سب بیچ ادویہ معدے کے گذرین—

حرف الحاء

حب ماذریون— استسقاء زقی کو نافع ہی ماذریون مدبر دس درم ریوند چینی عصارۂ غافث تخم کرفس ہر ایک تین درم غاریقون پانچ درم کوٹ کر چھان کر گولیان بناوین مقدار شربت دو درم اور بیچ ذخیرہ کے عوض تخم کرفس کے تخم کاسنی ہی اور بیچ قرابادین معصومی کے لکھا ہی کہ اگر حرارت ہو تخم کاسنی بہتر ہی ورنہ تخم کرفس اور یہ حب اور جو حب مسہل کہ بیچ استسقا کے دین ایکبار بیچ ہر ہفتے کے کافی ہی تو قوت بدن کی بحال رہے اور بھی مادہ بتدریج دفع ہو اور بیچ تحفۃ المومنین کے ماذریون ایک درم لکھا ہی اور ادویہ باقی اسی وزن سے مسطور ہین اور حب ریوند نام رکھا ہی اور اس درویش نے ماذریون کو اس نسخے مین پانچ درم کیا اور افراط و تفریط سے محفوظ پایا—

دیگر— کہ یہی عمل کرتا ہی تخم ماذریون مدبر مغز بادام ہر ایک نصف درم قند سفید ڈیڑھ درم کوٹ کر چھان کر گولیان بناوین اور یہ ایک مقدار خوراک ہی اور ایک نسخے مین قند بھی نصف درم ہی اور بادام تلخ ہی—

دیگر— کہ اخراج ماء اصفر کرتا ہی ماذریون مدبر دو جزو گل سرخ رب السوس ہر ایک ایک جزو کوٹ کر چھان کر ساتھ آب عنب الثعلب کے حب

بناوین اور سایہ مین خشک کرین مقدار شربت ایک مثقال سے دو درم تک ساتھ آب گرم کے۔

دیگر۔ کہ اخراج آب کا بقوت کرے اور بیچ استسقا ر بارد کے دین ماذریون مدبر سکبینج ہر ایک نصف درم نمک ہندی زرق[له] حمام ہر ایک ایک دانگ حب بناوین یہ ایک خوراک ہی۔

دیگر۔ کہ یہی عمل کرتی ہی اور قوی زیادہ ہی ماذریون مدبر نصف درم سکبینج ایک درم روسختج ثلث درم فرفیون کتیرا ہر ایک ربع درم نمک ہندی برگ سداب اشق زرق حمام ہر ایک ایک دانگ بناوین یہ بھی ایک خوراک ہی۔

فایدہ۔ ماذریون[ف] ادویہ سمی سے ہی لیکن جو نکالنے مین آب استسقا کے کوئی دوا اسکو نہین پہونچتی ہی موافق ضرورت کے اسکو اطبا نے تجویز کیا ہی چاہیے کہ بعد اصلاح کے استعمال کرین کہ اصلاح سے مضرت اسکی کم ہوجاتی ہی اور بدون اصلاح کے ہرگز استعمال نہ کرین اور قسم سیاہ اسکی کہ بالکل مضر ہی قطعاً استعمال کرنا نہ چاہیے اور طریق اصلاح کا یہ ہی کہ ماذریون غیر سیاہ لیکر پتے اور بیج اسکے جو ہون سرکے مین تین دن غرق کرین اقلاً دو رات دن بعد اسکے نکال کر شیرین پانی سے دھوئین تین بار پس خشک کرین گرما مین بیچ سائے کے اور سرما مین بیچ دھوپ کے اور بعد اسکے ساتھ روغن بادام شیرین کے چرب کرین اور تھوڑا کتیرا بھی ساتھ اسکے ممزوج کرین اور کام مین لاوین اور چاہیے کہ ماذریون بہت باریک نکرین اور استعمال اسکا گرما مین محرور کو جایز نہین ہی اور جو حب و قرص کہ اسمین ماذریون ہو ضعیف مزاجون کو دینا نہ چاہیے لہذا اہل تدقیق نے کہا ہی کہ احسن یون ہی کہ بیچ جوشاندے یا خیساندے کے قوت ماذریون کی لی جاے تا جرم اسکا کھانے مین نہ آوے بالجملہ جو دوا کہ ماذریون رکھتی ہی پہلے کمتر دین اور بعد تحقیق اثر کے بیچ مزاج شارب کے زیادہ کرین مقدار اسکا اور جسطرح کہ ہونا چاہیے کہ جرم ماذریون مدبر کا زیادہ نصف درم سے نکھایا جاے اور استعمال ماذریون کا متواتر مناسب نہین ہی بتفاریق دینا چاہیے اسی سبب سے اکثر نسخے اسکے زیادہ ایک خوراک سے لکھے نہین گئے۔

حب غافث۔ یرقان و ورم جگر کو فایدہ کرے اور حمیات غضہ کو نافع ہی غافث صبر سقوطری پوست ہلیلہ زرد جملہ برابر وزن مین کوٹ کر چھانکر ساتھ پانی کرفس کے گولیان بناوین مقدار خوراک دو درم تک ہی۔

حب بھرامی۔ استسقاء لحمی کو نافع ہی صبر سقوطری بارہ درم افتیمون چھ درم سقمونیا چار درم سنبل سلیخہ تربد سفید مصطگی ہر ایک دو درم زعفران ڈیڑھ درم غاریقون تین درم حماما ایک درم کوٹ کر چھانکر گولیان بناوین مقدار شربت اڑھائی درم۔

حب زر آوند۔ واسطے استسقاے لحمی کے مخصوص ہی مقل آدھا درم غاریقون ایک درم تربد موصوف دو درم زر آوند مدحرج دو دانگ انیسون ایک دانگ جملہ دو شربت ہین۔

حب استسقا۔ جمیع اقسام استسقا کو نافع ہی تربد

[له] زرق نام یعنی بیٹ کبوتر ۱۲

[ف] طریق اصلاح ماذریون ۱۲

ترید ایک درم ریوند چینی نصف درم غاریقون زراوند مدحرج و طویل ہر ایک ڈیڑھ دانگ مقل الیہود تخم انجرہ ہر ایک دو دانگ فرفیون روغن گل مین چرب کیا ہوا ایک دانگ کوٹ کر چھان کر ساتھ آب خالص کے گولیان بناوین یہ ایک خوراک ہی —

دیگر — کہ یہی عمل کرے ایارہ فیقرا ترید موصوف ہر ایک ایک درم غاریقون اسارون ریوند چینی انجرہ افسنتین ہر ایک نصف درم نمک ہندی ایک دانگ مقل ازرق دو دانگ ساتھ آب رازیانے کے گولیان بناوین

حب ہلیلہ — کہ شکم کو نرم کرے اور پانی نکالے اور خفت دے ہلیلہ زرد دس درم سکبینج پانچ درم کوٹ کر چھانکر گولیان بناوین مقدار شربت دو درم —

حب سکبینج — واسطے استسقا کے نافع ہی —

حب الشفاء و حب عنبر — بھی واسطے جگر کے مفید ہین بیچ ادویۂ سر کے مذکور ہین —

حب کبر — واسطے سپرز کے مجرب ہی ساتھ ماء العسل کے اور مانند اسکے ہین پوست بیخ کبر ریوند ہر ایک دو درم مرجان سوختہ صبر سند تخم کرفس غاریقون ملح ہندی ہر ایک درم ساتھ عرق بید کے گولیان بناوین مقدار شربت ایک مثقال —

حب صبر — کہ طبیعت کو نرم کرے اور یرقان کو جو بدون تپ کے ہو فایدہ دے صبر ایک درم سقمونیا ربع درم غاریقون دو ثلث درم کا عصارہ غافث ثلث درم ساتھ عصارۂ کاسنی کے گولیان بناوین یہ ایک مقدار شربت ہی —

حب افسنتین — واسطے اوجاع بارد جگر کے اور ابتدائے استسقا کے اور حمیات مزمنہ کے نافع ہی افسنتین رومی پوست ہلیلہ زرد لک شستہ مصطگی زعفران ریوند انیسون شاہترہ خشک فیقرا ہر ایک ایک جزو ساتھ آب عنب الثعلب کے گولیان بناوین مقدار شربت ایک مثقال وقت رات کے اور اگر سرفہ بھی ہو رب السوس نصف وزن جملہ ادویہ کے ملاوین —

حب غاریقون — استسقا و علل جگر کو نافع ہی اور سدہ کھولے غاریقون چار درم افتیمون صبر سقوطری ہر ایک چھ درم فطرا سالیون دوقو تخم کرفس ہر ایک دو درم سقمونیا ایک درم کوٹ کر چھانکر ساتھ پانی خالص کے گولیان بناوین مقدار شربت دو درم

دیگر — کہ یہی عمل کرتی ہی اور طبع کو نرم کرے اگر ہر رات ایک درم اس سے کھاوین غاریقون دس درم عصارہ غافث ریوند ہر ایک دو درم قند سفید پندرہ درم کوٹ کر چھان کر ساتھ پانی کے گولیان بناوین بقدر نخود کے مقدار شربت ایک درم وہذا السہل مجالس و تجفف و تنفع الکبد —

دیگر — کہ استسقاے زقی کو نافع ہی غاریقون ایک مثقال غافث دو دانگ گولیان بناوین یہ ایک خوراک ہی —

حب فیقرا — دو درم صاب سپرز کو نافع ہی ہلیلہ زرد ترید موصوف ہر ایک دس درم غاریقون سفید برگ کبر ہر ایک پانچ درم انیسون اشق مقل ہر ایک تین درم نمک ہندی دو درم مقدار شربت دو درم اور بیچ ایک نسخے کے طرفا قایم مقام کبر کے ہی —

حب تربد۔ وجع کبد کو نافع ہی تربد موصوف دو درم ایارج ایک درم ہلیلہ زرد ہلیلہ سیاہ افتیمون ہر ایک نصف درم انیسون نمک ہندی رازیانہ ہر ایک ڈیڑھ دانگ گولیان بناوین مقدار شربت تین درم۔

حرف الخاء

خند لقیون۔ واسطے جگر بارد کے نافع ہی اور نسخہ اسکا مع تحقیق اس امر کے کہ یہ لفظ بخائے معجمہ اصح ہی بیچ علل معدے کے گذرا۔

حرف الدال

دحمر ثا معجون۔ مشہور و کثیر النفع ہی اور اکثر بیماریون کو مفید ہی بیچ معاجین اسی بحث کے مذکور ہوگا۔

دواء اللک کبیر۔ صلابت جگر و سپرز و معدے و استسقا کو اور برودت معدے کو نافع ہی اور سدہ کھولتی ہی اور بول کو نکالتی ہی اور سنگ گردہ و مثانہ کو گلاتی ہی اور بدن کو لاغر کرتی ہی لک مغسول دو تو تخم کرفس جبلی زیرہ کرمانی زنجبیل ہر ایک آٹھ درم کمافیطوس زوفاے یابس ہر ایک چار درم اور چار دانگ جنطیانا زراوند گرد ہر ایک ایک درم صبر سقوطری سنبل ہر ایک بارہ درم فوہ پندرہ درم حب بلسان سلیخہ مصطگی مقل قصب الذریرہ اسارون ہر ایک چھ درم کندر چار درم دار فلفل زراوند طویل ہر ایک ساڑھے تین درم ریوند جعدہ اذخر ہر ایک دو درم فلفل قسط ہر ایک دس درم رب السوس اٹھائیس درم سیسالیوس تین درم کوٹ کر چھانکر شہد مین معجون بناوین مقدار شربت ایک مثقال۔

دواء اللک صغیر۔ منافع اسکے قریب منافع کبیر کے ہین لک مغسول قسط تلخ تفاح اذخر ترمس حب الغار حلبہ فلفل ہر ایک دس درم ریوند چینی پندرہ درم کوٹ کر چھانکر شہد مین بناوین مقدار شربت ایکدرم ساتھ جوشاندے افتیمون کے یا ساتھ آب گرم کے

دواء الکرکم کبیر۔ امراض جگر و سپرز کو جو سردی سے ہون نافع ہی اور سدہ کھولے اور ریاح کو دفع کرے اور گردہ و مثانہ کو قوت دے اور بول کو ادرار کرے اور استسقا کو جو بسبب ورم جگر و سپرز کے ہو فایدہ کرے زعفران بارہ مثقال اسارون دو تو انیسون قطر اسالیون ریوند چینی ہر ایک چار درم سنبل چھ درم قسط سلیخہ تفاح اذخر حب بلسان ہر ایک ایک درم فوہ دو درم رب السوس جعدہ مصطگی غافث ہر ایک تین درم روغن بلسان پانچ درم مر صافی چار درم کوٹ کر چھان کر شہد مین بناوین مقدار شربت ایک درم سے دو درم تک ساتھ ماء العسل کے۔

دواء الکرکم صغیر۔ منافع اسکے قریب منافع کبیر کے ہین زعفران سلیخہ سنبل ہر ایک دو درم مر تفاح اذخر قسط دارچینی ہر ایک ایک درم کوٹ کر چھانکر ایک رات دن بیچ شراب انگوری کے ترکرین اور دوسرے دن شہد مین معجون بناوین مقدار شربت ایک مثقال۔

دواء الکبریت۔ واسطے استسقا و سپرز کے

نافع ہی بیچ ادویہ و شش و سینے کے گذری۔

دوا۔ کہ جگر کو پاک کرے اور قوت دے اور سدہ کھولے لک مغسول ریوند چینی ہر ایک تین درم عصارۂ غافث تخم بادیان تخم شلغم ہر ایک پانچ درم افسنتین چھ درم تخم کاسنی دس درم تخم کشوث سات درم تخم کرفس چار درم کوٹ کر چھان کر دو درم اس سے کھاوین۔

دوا۔ کہ ورم جگر کو نافع ہی پودینہ نبسلوچین سونٹھ ہر ایک تین درم تخم کرفس سات درم کوٹ کر چھان کر ہر دن دو درم ساتھ سرکے یا سکنجبین کے کھاوین اور اگر ورم خون سے ہو پہلے فصد باسلیق کرین دست راست سے یا جگر کی جڑ مین حجامت کرین یا جونک لگاوین اور اگر طبع قبض ہو مغز خیار شنبر سے کھولین اسلیے کہ بیچ ازالۂ حرارت جگر کے اور تنقیے مادے جگر کے کوئی بلین اسکو نہین پہونچتا ہے۔

دوا۔ کہ ورم جگر کو نافع ہی ہلیلہ بلیلہ آملہ ساتھ آب کاسنی کے یا ساتھ پانی سادہ کے پیسکر اوپر جگر کے رکھین اور تر رکھین خشک ہونے نہ دین۔

دوا۔ کہ ورم سرد جگر کو نافع ہی مومیائی نصف درم یا کم زیادہ موافق مزاج کے ساتھ قند سیاہ کے ملا کر کھاوین اور خردل ساتھ دودھ گاے کے پیسکر طلا کرین اور مداومت کرین اور اگر بول بز کا ہر دن ایک سیر پیین واسطے ازالۂ ورم سو جگر کے مجرب ہی اور جسوقت ورم اور درد جگر کا مادا خون سے ہو یا بلغم سے اور مزمن ہو اور کسی دوا سے نفع نہوتا ہو اوپر جگر کے تین جگہ داغ کرین مجرب ہی۔

دوا۔ کہ ورم سرد و سپرز کو نافع ہی خردل جوا کھار ہر ایک ایک درم کوٹ کر چھان کر بیچ آدھ سیر کمیز اشتر نر نا زائیدہ کے ملا کر پیین اور مداومت کرین۔

دوا دیگر۔ کہ یہی عمل کرتی ہی اور نافع تر ہی برگ آک جو درخت سے خود بخود گر پڑے ہون سو عدد نمک سنگ اشخار سوہاگا زردچوبہ دارچوبہ نمک سیاہ نمک سیندھا جوا کھار ہر ایک بیس درم انگزہ دس درم جملہ کو باریک کر کے بیچ دس درم روغن سرشف کے اور دس سیر دودھ آک کے ملا کر اوپر تہون آک کے دونون جانب طلا کر کے بیچ دیگ مٹی کے کہ نئی ہو تہ بر تہ رکھین اور سر دیگ پر خمیر کرین بعد اسکے دیگ کو گل حکمت کر کے بعد خشک ہونے کے دیگ کو درمیان پاچک و فشتی کے رکھین اور آگ تیز جلاوین اور بعد سرد ہونے دیگ کے منہ دیگ کا کھولین کہ جملہ اجزا جل کر راکھ ہو گئے ہونگے اسکو لیکر نگاہ رکھین اور ہر دن اس مقدار کہ تین انگلی سے اٹھے ساتھ باسی پانی کے کھاوین اور ترشی و شیرینی و چکنائی و مچھلی سے پرہیز کرین علت سپرز و جگر کی اور جملہ علتین باردہ شکم کی دفع ہووین اور پھر عود نکرین۔

دیگر۔ ہر دن اگر ترنج نہار کھاوین سپرز پگھل جاوے۔

دیگر۔ خردل زردچوب ہر ایک بیس درم کوٹ کر چھان کر بیچ پیشاب بز نا زائیدہ کے تر کرین اور سائے

مین خشک کرین اور ہر دن ایک درم ساتھ پانی کے نہار کھاوین سپرز بالکل پگھل کر حالت اصلی پر آجاوے۔

نوع دیگر۔ کہ ورم سپرز کو جو بیمار شدت درد سے بیقرار ہو فایدہ کرے اسپند سوختنی تین درم پوست سنبھالو بیس درم ہلیلہ بلیلہ آملہ ہر ایک پانچ درم کوٹ کر چھان کر ہر دن دو درم ساتھ کیفر بز نا زائیدہ کے کھاوین اور مداومت کرین نفع خوب ہووے اور درمیان تناول اس دوا کے چاہیے کہ غذا گوشت آب بہ و نخود آب و کباب و قلیہ ساتھ پیاز و لہسن کے اور روٹی تنور کی مقرر کرین اور روغن سرشف ملنا اوپر سپرز کے نافع ہی۔

دوا۔ کہ واسطے استسقا کے مجرب ہی منڈوا کہ اقسام غلے سے بیچ ہند کے مشہور ہی جسقدر چاہین لیکر پیسین اور ساتھ آب برگ کچنال کے گھول کر روٹی بدون ملانے نمک کے پکاوین اور ساتھ بہت گھی کے کھاوین اور بجاے پانی کے آب جوشاندے کچنال کا یا عرق اسکا پیین بلکہ غذا بھی اسمین پکاوین اور غسل و وضو و آبدست بھی اسی پانی سے کرین انشاء اللہ دو ہفتے مین یہ مرض دفع ہوگا۔

حکایت۔ ایک شخص نے مقام جگر سے درد شروع ہو کر معدے تک پہونچتا تھا اور بیقرار کرتا تھا اور ایک رات دن اسی حالت مین بچین رہتا تھا اور ہر ہفتے مین دو تین مرتبہ اس بیماری مین مبتلا ہوتا تھا اور ہر چند تنقیہ فصد و اسہال و قے سے کرتا تھا مفید نہوتا تھا اتفاقاً ایک عزیز نے کہا کہ ایک بیضۂ مرغ کی زردی و سفیدی نکالکر شہد و آب پیاز و لعاب تخم ملتیمی ہر ایک ایک درم اسمین ملاکر کھاوے اور غذا ارد کی ادرک و پیازہ گوشت بز کا کرے اس بیمار نے ایسا ہی کیا صحت پائی اور طبیب دانا موافق مزاج کے بیچ کم کرنے اجزاے گرم کے مختار ہی۔

دوا۔ کہ بیچ پگھلانے سختی تلی کے بے نظیر ہی اور اشتہا بھی زیادہ کرتی ہی عرق گندھک بقدر ایک سرخ کے لیکر پانی مین پیین اور بتدریج بڑھاوین نہایت اسکی چار سرخ ہی زیادہ اس سے مجوز نہین ہی۔

نوع دیگر۔ نصف درم ساتھ پانی مولی کے پیین اور مولی و تل برابر لیکر کوٹین اور گرم کرکے اوپر تلی کے ضماد کرین مجرب ہی۔

دیگر۔ کہ ورم تلی کو پگھلاوے سونٹھ پیپل مرچ نمک جوا کھار چلیتہ کیلہ جملہ برابر کوٹ کر چھانکر بیچ خمیرۂ گھیکوار کے بقدر بیر جنگلی کے گولیان بناوین اور ہر دن ایک گولی کھاوین۔

دیگر۔ کہ یہی عمل کرے سہاگہ بریان ایک حصہ خردل تین حصے کوٹ کر چھان کر ایک ماشہ کھاوین۔

دیگر۔ کہ قوی زیادہ ہی سہاگہ بریان ایلوا برابر لیکر ساتھ قند سیاہ کے گولیان بناوین اور موافق احتیاج کے ایک مہینے تک کھاوین اگر متواتر نہ کھا سکے ایک دن یا دو دن درمیان دیکر کھاوے اور چاہیے کہ یہ گولی رات کو کھائی جاوے بعد غذا کے جب ایک ساعت بخوبی گذر جاوے اور اوپر اسکے کوئی چیز اور نہ کھاوین مگر قدرے پانی یا گلاب اور بادی ترشی سے

پرہیز کرین اور اس دوا سے دو تین دست بھی آتے ہین اور بیچ پگھلانے سختی سپرز کے اور ازالے ضیق النفس و جمیع علل شکم کے مفید ہی۔

دیگر۔ کہ بیچ دفع سختی سپرز کے مجرب ہی مہوک ایک چڑیا ہی ہند مین مشہور مشابہ زاغ کے بڑائی مین اور رنگ اسکا اشقر یعنے سرخ مایل بزردی ہوتا ہی گوشت اسکا ساتھ مصالحے کے پکا کر کھلا دین اور قوت باہ بھی اس سے زیادہ ہوتی ہی۔

دیگر۔ کہ سختی سپرز کو نافع تر ہی اور مزیل نفخ شکم اور مشتہی ہی اجوائن پوست ہلیلہ ہر ایک بیس دام بختہ کیٹ لوہے کی یعنی میل اسکا تیس دام بختہ تمبوں کو تھوڑا کوٹ کر چکنے باسن پرانے مین کہ پانی اس سے مترشح نہو رکھین اور پانی میٹھا دہ چند سب اجزا کا ڈالکر منہ باسن کا بند کر کے گڑھے مین کہ گوبر خشک اسمین ڈالا ہو رکھین اور تمام گڑھا گوبر خشک سے پر کرین اور تین ہفتے تک اسمین رکھین بعد اسکے نکالکر صاف کرین اور شیشے مین رکھین اور صبح و شام ایک ایک دام یا کم و زیادہ پیین اور بعض لوگ قند سیاہ کہنہ برابر سب ادویہ کے بھی بیچ ابتدا کے داخل کرتے ہین تو مرغوب زیادہ ہو اور بعضے تھوڑا شیرہ مغز گھیگوار کا ملاتے ہین ابتدا مین اور یہ قوی تر ہوتا ہی اور اس صورت مین کہ گھیگوار داخل کرین ملانا قند سیاہ کا لازم ہی۔

فایدہ۔ سختی اگر طرف جگر کے ہو اوپر اسلیم دست چپ کے داغ دین اور اگر طرف سپرز کے ہو اوپر اسلیم دست راست کے اور داغ کو کئی دن مترشح رکھین کہ عجیب الاثر ہی اور داغ بتی بٹی ہوئی کپڑے سے یا کاغذ بٹے ہوے سے کرنا چاہیے جیسا کہ مشہور ہی اور اگر لوہے سے کرین یہ بھی روا ہی۔

حرف الراء

رب انار۔ مقوی جگر و معدے کا ہی اور بیچ ادویہ معدے کے گذرا۔

روغن قسط۔ جگر سرد کو نافع ہی

روغن بید انجیر مرکب۔ سدہ جگر کو کھولے اور یہ دونوں بیچ ادویہ سر کے گذرے۔

روغن افسنتین۔ تقوی جگر ہی۔

روغن محلل۔ بیچ تحلیل ریاح جگر کے نافع ہی۔

روغن کلکلانج۔ واسطے جگر کے مفید ہی شربا اور یہ سب روغن بیچ ادویہ معدے کے گذرے۔

حرف السین

سنجر نیا۔ معجون مشہور ہی اور واسطے سدے جگر و صلابت جگر کے مفید اور بیچ بحث معدے کے مذکور ہی اسیطرح

سکنجبین سفرجلی و سکنجبین بہی لیمونی اور اسی طرح۔

سکنجبین ریباتی۔ واسطے جگر گرم کے مفید ہی اور اسیطرح **سکنجبین لفاحی**۔ اور یہ سب بیچ ادویہ معدے کے مذکور ہوئین اور بعض سکنجبین کہ جگر و سپرز سے مخصوص ہین ہم

یہان بیان کرتے ہین اور باقی حیات مین آوینگی ساتھ فواید کثیر کے و شکری و عسلی اور طریق اختیار کرتے ترش و شیرین و میخوش کا باعتبار حال کے اور منافع و مضار اُنکے مشروحاً اُسی جگہ حوالہ ہوئے ہین فلیرجع ثمہ —

سکنجبین ریوندی — یرقان و درد جگر کو کہ گرمی سے ہو فایدہ کرے تخم کاسنی نیم کوفتہ بیس درم تخم شاہترہ گل سرخ تخم کشوث ہر ایک دس درم ریوند پانچ درم ریوند کو خوب کوٹ کر تھیلی مین رکھین اور ساتھ ادویہ دیگر کے بیچ دو من پانی کے جوش کرین اور ہر لحظہ ریوند کو ہاتھ سے ملین تو بالکل شیرہ اسکا نکل آوے بعد اسکے ادویہ کو صاف کر کے ساتھ ایک من قند سفید و چالیس مثقال سرکے کے پکاوین یہان تک کہ قوام ہو مقدار شربت پندرہ درم —

سکنجبین ریوندی نوع دیگر — درد جگر کو فایدہ کرے اور سدہ کھولے اور طبع کو نرم کرے ریوند قسم اول تیس درم تربد موصوف بسفایج فستقی تخم کاسنی نیمکوفتہ ہر ایک بیس درم غاریقون مغز بلیلہ ہر ایک پانچ درم جملہ کو بیچ دو من پانی کے پکاوین زنجبیل تین درم دو دانگ کو ٹکڑا اضافہ کر کے صاف کرین اور قند سفید ڈیڑھ من و سرکہ چہارم حصہ قند کا ڈالکر قوام کرین —

نوع دیگر — کہ سختی سپرز کو نافع ہی ریوند غاریقون فوہ پوست بیخ کبر پوست درخت بید گز مازج افتیمون غافث تخم کثوث تخم کاسنی ہر ایک دس درم قند سفید ایک من سرکہ چہارم حصہ قند کا آب بقدر حاجت ادویہ کو سرکے و پانی مین بھگو کر جوش کرین و بعد صاف کرنے کے قند ملا کر قوام کرین —

سکنجبین فوہ — استسقا و صلابت سپرز و ورم صلب جگر کو نافع ہی اور سدہ کھولے رازیانہ پوست بیخ رازیانہ پوست بیخ کبر انیسون تخم کاسنی پوست بیخ کاسنی زوفا یابس فوہ غافث افسنتین ہر ایک دس درم تخم کشوث تخم کرفس پوست بیخ کرفس جعدہ سنبل اسارون ہر ایک سات درم بیچ پانی و سو درم سرکے کے بھگوئین اور بعد جوش کرنے کے ساتھ ایک من قند کے قوام کرین —

سکنجبین عنصلی — استسقا و درد پہلو کو جو سردی سے ہو نافع ہی اور سدہ جگر و سپرز کو کھولے اور صرع کہنہ بلغمی و فالج و لقوہ و سرسام بلغمی و ضیق النفس کو فایدہ کرے اور بچے مردہ کو نکالے سرکہ عنصل ایک من زنجبیل رازیانہ انیسون حلتیت عاقرقرحا پودینہ دشتی ہر ایک دس درم تخم کرفس زیرہ کرمانی قردمانا ہر ایک پانچ درم ادویہ کو نیمکوفتہ کر کے بیچ سرکے عنصل کے اور چہارم عسل کے بھگوئین اور ایک ہفتہ دھوپ مین رکھین بعد اُسکے صاف کر کے نگاہ رکھین اور پیش از طعام تیس درم استعمال کرین —

سکنجبین عنصلی — کہ سختی جگر و سپرز کو نافع ہی اور واسطے تفتیح سدہ کے اور قطع اخلاط غلیظ کے اور رفع کرنے سعال و ضیق النفس رطوبی کے

سفید ہی پیاز عنصل نصف رطل لکڑی کی چھری سے یا تیشے سے قطع کرین خرد خرد اور سرکہ کہنہ پانچ رطل ڈال کر نرم آگ پر پکاوین تو پیاز عنصل گھرا ہو جاوے پس صاف کر کے فی رطل سرکہ مین ڈیڑھ رطل قند سفید ڈالکر نرم آگ پر قوام کرین اور درمیان طبخ کے کف نکالتے جاوین بعد قوام کے اُتار کر کام مین لاوین۔

سکنجبین باذریون۔ استسقاے زقی کو نافع ہی سرکہ دس استار آب صاف نصف من برگ باذریون ایک اوقیہ بیچ سرکے و پانی کے ایک ہفتہ بھگو کر جوش کرین اور بعد صاف کرنے کے قند سفید ایک من ملاکر قوام کرین اور اگر آب سفرجل پانچ استار اور بدلے پانی کے گلاب ملادین بہتر ہی۔

سکنجبین بارد۔ کہ استسقاے گرم کو نافع ہی اور بدر بقول تخم خیار تخم خربزہ تخم کاسنی جملہ نیم کوفتہ ہر ایک دو اوقیہ تخم کرفس نصف اوقیہ سب کو ایک رات دن بیچ سرکے کے تر کرین اور صاف کرین اور ہموزن اُسکے قند سفید ملادین اور آب خیار معصور فی رطل ایک اوقیہ اضافہ کرکے قوام کرین۔

سکنجبین حار۔ کہ درد سپرز کو جو سردی سے ہو فایدہ کرے پوست بیخ کبر ثمرۃ الطرفا اسقولوقندریون پوست درخت بید اسارون فوہ وج جملہ برابر ساتھ پانی و سرکے کے پکاکر صاف کرین اور ساتھ شہد کے قوام کرین اور تقدیر اوزان ان اجزا کی جیسے کہ مذکور ہوئی ہی مخفی نہین ہی و ہذا عجیب۔

سکنجبین بزوری۔ سدہ جگر و سپرز کو کھولے اور واسطے ضعف معدے و حمیات عفنہ و ایرہ کے اور برد و مزاج اور اوجاع مفاصل بلغمی کے نفع کرے تخم کشوث رازیانہ تخم کرفس انیسون ہر ایک پانچ درم تخم کاسنی وس ۱۰ درم سب کو بیچ ڈیڑھ رطل سرکے قسم اول خوش مزہ کے اور دو اوقیہ آب خالص کے بھگوئین ایک رات دن تک بعد اسکے نرم آگ پر پکادین یہانتک کہ تھوڑا پانی کم ہووے پس صاف کر کے قند سفید پانچ رطل ملاکر قوام کرین اور کف نکالتے جاوین بعد اسکے وقت حاجت کے استعمال کرین۔

سکنجبین بزوری اصولی۔ سدہ جگر و سپرز کو کھولے اور بلغم کو دور کرے اور صفرا کو دفع کرے اور معدے کو نافع ہی انیسون تخم کشوث رازیانہ پوست بیخ کبر پوست بیخ کرفس ہر ایک پانچ درم تخم کاسنی دس درم جملہ نیمکوب بیچ ڈیڑھ رطل سرکے تند خوب کے اور نصف رطل آب خالص کے ایک رات دن تر کرین بعد اُسکے نرم آگ پر پکادین تو قدرے آب کم ہو جاوے اور قند سفید پانچ رطل حل کرکے قوام کرین۔

سفوف کرفس۔ واسطے استسقاے طبلی کے مجرب ہی اور۔

سفوف نمک و سفوف آملہ و سفوف حاملی۔ واسطے جگر کے اور۔

سفوف نانخواہ۔ واسطے سپرز کے نافع ہی اور یہ سب ادویہ معدے مین گذرے۔

سفوف ہلیلہ۔ ورم جگر اور سپرز کو نافع ہی ہلیلہ سیاہ
پوست ہلیلہ کابلی ہر ایک چالیس درم تخم کرفس انیسون
رازیانہ ہر ایک پانچ درم کوٹ کر چھانکر تیار کرین مقدار
شربت تین درم ساتھ شیر شتر کے۔

سفوف بزور۔ ورم جگر کو نافع ہی اور بول کو
جاری کرے تخم خربزہ تخم خیارین ہر ایک پانچ درم
تخم کاسنی تخم کشوث ہر ایک تین درم انیسون رازیانہ
تخم کرفس رب السوس ہر ایک دو درم عصارۂ زرشک
چار درم ریوند چینی ایک مثقال لک مغسول چار دانگ
زعفران سنبل مصطگی افسنتین ہر ایک ایک درم کافور
دو دانگ مقدار خوراک تین درم۔

سفوف کبدی۔ جگر کو مخصوص ہی اور بیچ تقویت
جگر کے کامل تر گل سرخ تین درم زرشک منقے لک
مغسول ہر ایک ڈیڑھ درم فوہ طباشیر صندل سفید
نشاستہ صمغ عربی ہر ایک ایک درم ریوند چینی نصف
مثقال تخم حماض ایک مثقال زعفران دو دانگ
کوٹ کر چھان کر سفوف بنادین۔

سفوف ورد۔ درد جگر و تبیج کو نافع ہی گل سرخ
آٹھ درم زرشک پانچ درم سنبل مصطگی عصارۂ غافث
افسنتین رومی ریوند چینی ہر ایک دو درم اسارون
فقاح اذخر رب السوس ہر ایک دو درم و نصف زعفران
ایکدرم مقدار شربت دو درم ساتھ سکنجبین کے۔

نوع دیگر۔ حرارت جگر کو موقوف کرے اور خمار کو
دفع اور اسہال صفراوی کو بند اور غلبۂ خون کو ساکن کرے
اور جس شخص کو چیچک نکلی ہی فایدہ کرے گل سرخ
دس درم طباشیر بیس درم سماق تخم حماض عدس مقشر
زرشک منقے تخم خرفہ تخم کاہو خشخاش سفید ہر ایک
پانچ درم صندل سفید دو درم و نصف کافور ایک
درم مقدار شربت تین درم ساتھ شربت غورہ
یا شربت انار یا شربت حماض کے۔

سفوف دیگر۔ کہ مسمی ہی بہ سفوف تبرید گل سرخ
چار درم زرشک منقے الطعامی درم سنبل مصطگی عصارۂ
غافث افسنتین رومی ریوند چینی ہر ایک ایک درم
فقاح اذخر اسارون رب السوس ہر ایک پانچ درم
زعفران نصف درم سفوف بنادین۔

سفوف لولوی۔ ذوسنطاریائے کبدی کو نافع
ہی اور جگر و دل و معدے کو قوت دے اور حرارت
و تشنگی کو بجھاوے مروارید ناسفتہ چار درم لبد سوختہ
گلنار طباشیر خرنوب گل ارمنی گل قبرسی صندل سفید
تخم گل بارتنگ بریان تخم حماض بلوط بریان تخم
مورد پست کنار کشنیز بریان آرد سنجد صمغ عربی
بریان سماق زرشک پست جو بریان طراثیث تخم
خرفہ اسبغول ہر ایک تین درم گل مختوم مصطگی ہر ایک
ایک درم انار دانہ پانچ درم کہربا اقاقیا لک مغسول
ہر ایک دو درم سواے اسبغول و بارتنگ کے
سب اجزا کو کوٹ کر آپس مین ملاوین۔

سفوف بہدانہ۔ نافع ہی واسطے حرارت جگر و یرقان
و نفث الدم و سدۂ جگر کے بہدانہ مقشر نشاستہ مغز تخم
خیار ہر ایک چار درم گل ارمنی گل سرخ لک
مغسول سنبل اصل السوس ہر ایک ایک درم

طباشیر نصف درم مصطگی دو دانگ مقدار شربت ایکدرم ساتھ ٹھنڈے پانی کے —

سفوف لمک۔ واسطے یرقان و ورم جگر و تپ صفراوی کے نافع ہی لک مغسول ایک درم طباشیر دو درم زعفران ایک درم ریوند چینی ڈیڑھ دانگ کافور ایک دانگ مقدار شربت دو درم ساتھ شربت تمر ہندی یا شربت آلو کے

سفوف — کہ واسطے سپرز کے مجرب ہی ایک ہفتہ میں زایل کرتا ہی منقول ہی تذکرہ سے مرجان سوختہ ایکدرم کتیرا دو دانگ پیپن اور بدستور شکر ایک مثقال عرق چار مثقال و مرجان دو دانگ ایک ہفتے تک مداومت کریں مجرب ہی —

دیگر — واسطے سپرز کے مجرب ہی زوفا یابس پوست بیخ کبر عنب الثعلب پرسیاوشان تخم فنجنکشت تخم سداب بالسویہ مقدار شربت دو درم ساتھ سکنجبین کے

سفوف کزمازج — سدہ سپرز کو کھولے اور طحال کو نفع کرے کزمازج تخم کاسنی ہر ایک پانچ درم حب الفقد ڈیڑھ درم کوٹکر چھانکر تین درم ساتھ سکنجبین کے دیں

سفوف الطین — واسطے صدمے کے جو جگر و سپرز و معدہ و احشا پر واقع ہو نافع ہی گل ارمنی گل مختوم لک مغسول ریوند چینی قصب الذریرہ ہر ایک تین درم اکلیل الملک چار درم زعفران قسط ہر ایک دو درم کوٹکر چھانکر مقدار شربت دو درم ساتھ پانی مکو کے کہ مغز خیار شنبر اسمین محلول ہو اور مقدار خیار شنبر موافق احتیاج کے ہی اگر تلیین مطلوب ہو زیادہ کریں ورنہ کم —

سفوف لک — ورم جگر کو نافع ہی مغز تخم خیارین مغز تخم خربزہ ہر ایک پانچ درم تخم کاسنی تخم کشوث تخم کرفس ہر ایک تین درم رازیانہ انیسون رب السوس ہر ایک دو درم ریوند ایک مثقال زرشک منقی چار درم سنبل زعفران افسنتین مصطگی ہر ایک ایک درم لک دو ثلث ایکدرم کافور ثلث ایک درم کا۔

سفوف اسہال کبدی — گل سرخ چھ درم لک مغسول تخم حماض انبرباریس ہر ایک تین درم قوہ طباشیر صمغ عربی صندل سفید ہر ایک دو درم ریوند ڈیڑھ درم زعفران ایک درم مقدار شربت دو درم ساتھ دوغ کے جو لوہے گرم سے بجھایا ہو —

سفوف سکبینج — واسطے استسقاء طبلی اور ریاح شکم و قولنج کے نافع ہی سکبینج ہلیلہ زرد ہر ایک ایک جزو حب الرشاد تخم کرفس ہر ایک نصف جزو مقدار شربت دو درم ساتھ آب گرم کے —

سفوف — کہ ورم گرم جگر کو نافع ہی ہلیلہ زرد دس درم تخم کاسنی تخم کشوث مغز تخم خیارین ہر ایک دو درم لک مغسول ریوند چینی ہر ایک ایک درم سقمونیا نصف درم مقدار شربت دو درم ساتھ ماء الجبن کے اور اگر تپ قوی ہی ساتھ آب خرفہ و فلوس خیار شنبر کے دیں —

سفوف — کہ جگر گرم کو نافع ہی ہلیلہ زرد دس درم لک مغسول تین درم طباشیر دو درم رازیانہ ایک درم اور بعضے عوض رازیانے کے تخم کشوث ڈالتے ہیں

دیگر — کہ یہی عمل کرے ہلیلہ زرد دس درم لک مغسول

گل سرخ طباشیر ہر ایک پانچدرم ریوند تین درم رازیانہ انیسون ہر ایک ایک درم مقدار شربت تین درم ساتھ شیر شتر کے —

سفوف عبادہ — جگر کو قوت دے اور ہزال کو دور کرے اور حرارت و رطوبت معدے کو سود مند ہے لک مغسول حب الآس بلوط مصطگی بازو و عود بلسان لوست انار ہر ایک ایک جزو زنجبیل کندر ہر ایک ربع جزو قند سفید دو چند سب اجزا کا مقدار شربت دو درم سے تین مثقال تک اور چاہیے کہ ایک ہفتے تک دین اور صبح کو بھی اور وقت خواب کے بھی اور اس درمیان مین بھی گوشت ترک کرین لو بیچ قانون کے وزن قند کا بھی ہمراہ لک وغیرہ کے ایک جزو لکھا ہے یعنی اگر لک وغیرہ کہ ہموزن ہین ہر ایک واحد اوسکے مثلاً ایک درم ہو قند بھی ایکدرم لینا چاہیے لاغیر اور وزن قند کا کہ دو نا سب اجزا کا لکھا گیا مختار صاحب ذخیرہ کا ہے اور صاحب ذخیرہ نے عوض لک کے بیچ نسخے مذکور کے عیدان اللک لکھا ہے اور رجا تین کہ شیخ نے بیچ قانون کے لک عیدان مرقوم کیا ہے اور اکثر اطبا نے اس لفظ سے لک مراد لیا ہے اور اضافت اسکی ساتھ عیدان کے انکے کلام مین آئی ہے واسطے رفع مشابہت کے اسلیے کہ بعضے لک کو جلہ کہربا سے جانتے ہین اور تحقیق مین سوا اسکے ہے اسلیے کہ لک نبات ہے لہذا ساتھ عیدان کے مضاف ہوا اور کہربا علے الاصح معدنی ہے اور صاحب ذخیرہ نے لک عیدان کو کہ بیچ قانون کے لکھا ہے عیدان لک تفسیر کیا ہے بلحاظ تقدیم مضاف الیہ کے اوپر مضاف کے اور عجب نہین ہے کہ وقت ترجمۂ کلام یونانی کے برعایت ہیر گلمے کے اسکے مقام مین مترجم اول سے ایسا واقع ہوا ہو اور تقدیم مضاف الیہ کی اوپر مضاف کے کلام اہل یونان مین شائع ہے بالجملہ بیچ عمل لک کے اور عیدان لک کے یعنی اسکی لکڑیون کے اگرچہ آپس مین قریب ہین لیکن بیچ تجربہ اس درویش کے لک نافع تر ہے عیدان لک سے اور صاحب فلانسی سے بیچ نسخے سفوف مسطور کے اسی کو اختیار کیا کما تظہر من کلامہ —

حرف الشین

شربت فواکہ — کہ حرارت جگر کو بجھاوے —

شربت عود سادہ و ترش — جگر کو قوت دے —

شربت بہی لیموئی و شربت بہیہ و شربت عسل و شربت سنبل و شربت سوسن و شراب خنذ لقون — واسطے جگر کے نافع ہے شراب دیمقر اطیس — واسطے جگر و سپرز کے مفید ہے اور یہ سب بیچ ادویہ معدے کے مذکور ہوئے ہین —

شربت دینار — دواے جلیل القدر ہے اور ساتھ بیماریون جگر کے مخصوص مولف اسکا بختیشوع ہے اور بعد حکماے دیگر نے بعد اسکے تصرفات اس نسخے مین بہت سے کیے ہین اور کہتے ہین نسخے اس کے متعدد ہوئے چنانچہ مشروحاً مذکور ہوتے ہین اور بیچ وجہ تسمیہ اس شربت کے ساتھ دینار کے

لکھا ہے کہ بختیشوع حکیم ایک مقدار خوراک اس شربت کی بدلے ایک دینار کے بیچتا تھا لہذا یہ نام ہوا اور بعضے لوگ کہتے ہین کہ دینار نام کشوث کا ہے اور جو کشوث اسمین پڑتا ہے باعتبار نام رکھنے کل کے ساتھ نام جزو کے یہ نام رکھا گیا نسخہ کہ صاحب تحفۃ المومنین نے لکھا ہے اور وہی مؤلف بختیشوع کا ہے اور واسطے ضعف جگر و معدے و حمیات و عفونت اخلاط فاسدہ کے جو عمق بدن مین ہو نافع ہے زرشک بیدانہ تخم کاسنی ہر ایک دس مثقال عود بیخ سوسن ہر ایک چار مثقال تخم کشوث گل سرخ قنطوریون دقیق مصطگی زعفران دارچینی فودنج ہر ایک تین مثقال ادویہ کو نمکوب کر کے اگر واسطے تپ کے بناتے ہین آب کاسنی مین بھگوئین اور اگر واسطے خفقان کے بناتے ہین آب رازیانے مین بھگوئین اور بہتر یہ ہے کہ تین دن اس پانی مین بھگوئین جس مین کاسنی و بادیان و شبت و گاؤزبان و مویز منقے بالسویہ ہر ایک سے پانچ مثقال جوش کیا ہو اور بمقابلہ ہر ایک رطل کے پانی سے ایک مثقال اسارون اضافہ کر کے ساتھ دو رطل قند سفید کے قوام کرین اور عود و زعفران کو بعد قوام کے اضافہ کرین —

نوع دیگر — کہ بیچ سدیدی کے مرقوم ہے اور قریب باعتدال و کثیر المنافع اور واسطے سدد ماساریقا و جگر و احشا کے نافع ہے اور اورام احشا کو مفید ہے اور مدر بول و ملین طبیع و رافع یرقان و حرارت جگر و معدہ ہے ساتھ شیرۂ تخم خیارین کے خصوصاً کہ سکنجبین شکری بھی مضاف ہو اور دافع حصبہ و جدری و حمیات دمویہ و صفرا و یہ ہے ساتھ شربت عناب کے تخم کاسنی نمکوفتہ بیس[۲۰] مثقال پوست بیخ کاسنی تیس درم گل سرخ پندرہ درم تخم کشوث پانچ درم ریوند اول چار مثقال اور ریوند اول کہ بیچ کتب قدیم کے ساتھ ریوند چینی کے مشہور ہے اور سوا ے راوند الدواب کے ہے بیچ ملک ہند کے ریوند خطائی مشہور ہوا اور راوند الدواب کہ لکڑیان لانبی ہین اور واسطے دواب کے کام آتا ہے باسم ریوند چینی مخصوص ہوا بالجملہ بیچ کتب طبیہ کے معالجات انسانی مین جس جگہ ریوند چینی لکھا گیا ہے مراد اس سے ریوند خطائی ہے اور وہ بمنزلہ سم گھوڑے کے ہے اور چاہیے کہ زرد مائل بسرخی ہو و گران وزن ہوا ور کرم خوردہ نہو جو آدمی اشتباہ اسمی سے یہان راوند الدواب استعمال کرتے ہین تفصیل کرنا اس مقام مین ہمنے واجب جانا بالجملہ ریوند کو بھی نمکوب کرین اور تھیلی مین باندھکر ہمراہ دیگر ادویہ کے آب مین بھگوئین اور صبح کو جوش کرین نرم آگ پر اور بعد حاصل ہونے مدعا کے صاف کرین اور قند سفید دو رطل ملا کر قوام کرین پس اگر ایک مثقال اور ریوند باریک کر کے اسپر چھڑک کر حل کرین قوی الفعل ہو مقدار شربت دس درم سے دس مثقال اور پندرہ درم تک ہے و ہذا ہوالشراب الدیناری المشہور فی الدیار المصریۃ والشام والتبریز —

نوع دیگر - بھی سدیدی سے کہ قرابادین مختار ابن ہبل سے نقل کیا اور کہا کہ یہ نسخہ اندر تقویت احشا و قبض کے کثیر الاثر ہی اور نسخہ پہلا بیچ تفتیح و تلیین کے موثر زیادہ ہی اور یہ بیچ منافع دیگر کے دونون برابر ہین آب کشوث تازہ دو رطل آب انار ترش آب زرشک آب سیب میخوش آب لیمون تازہ ہر ایک نصف رطل آپس مین ملا کر جوش کرین اور کف پھینکتے جاوین اور ساتھ تین رطل قند کے قوام کرین -

نوع دیگر - کہ صاحب اقسرائی نے لکھا ہی اور واسطے ضعف جگر کے نافع ہی زرشک تخم گل ہر ایک آٹھ درم تخم کاسنی پانچ درم رازیانہ پوست بیخ رازیانہ بیخ کاسنی بیخ کرفس تخم کشوث ہر ایک تین درم اصل السوس دو درم ریوند چینی ایکدرم قند بقدر حاجت کے شربت بنا دین -

نوع دیگر - کہ طبع کو نرم کرے اور جگر و دل کو قوت دے اور سدہ کھولے اور سوء القنیہ و استسقا و ذات الجنب کو نافع ہی اور تشنگی بجھاوے تخم کاسنی نیمکوفتہ برگ گل ہر ایک بیس درم پوست بیخ کاسنی تازہ چالیس درم نیلوفر گاؤزبان ہر ایک دس درم تخم کشوث کتان مین باندھ کر تین درم جوش کرین یہانتک کہ مہرا ہو وے پس صاف کر کے ساتھ ایک من قند کے قوام کرین اور آثار لیمون اور ریوند اول دس مثقال پیسکر اسمین حل کرین -

نوع دیگر - قلانسی سے واسطے یرقان جگر گرم کے نافع ہی ریوند چار درم تخم کاسنی نیمکوفتہ بیس درم تخم کشوث تخم ریحان ہر ایک دو درم جملہ کو بیچ تین من پانی کے پکا کر صاف کرین اور ساتھ ایک من قند و چار درم سرکے کے قوام کرین مقدار شربت پندرہ درم ساتھ گلاب کے -

نوع دیگر - کہ صاحب طحال کو نافع ہی ریوند غاریقون پوست بیخ کبر پوست درخت خلاف کزمازج و غافث تخم کشوث تخم کاسنی ہر ایک دس درم ادویہ کو بیچ سرکے و گلاب کے کہ ہر ایک ایک رطل ہو بھگو کر صبح کو جوش کرین اور صاف کرین اور ساتھ ایک من قند سفید کے قوام کرین مقدار شربت بیس درم اور نسخہ شربت تربد کا کہ واسطے سختی سپرز کے نافع ہی اور صاحب قلانسی سے ذکر کیا بدون نام رکھے شربت تربد کے بعینہ یہی نسخہ ہی مگر یہ کہ بیچ نسخے شربت تربد کے عوض ریوند کے تربد ہی اور بجائے گلاب کے آب

نوع دیگر - کہ واسطے حرارت جگر و رفع کرنے عفونت اخلاط کے نافع ہی اور بیچ تحفہ کے مرقوم و مذکور ہی صندل سفید گل سرخ اصل السوس ہر ایک چار مثقال تخم کاسنی دس مثقال زرشک بیدانہ سات مثقال لک مغسول دو مثقال تخم کشوث تین مثقال کوٹنے کے لایق دوائین کوٹ کر بیچ عرق کاسنی کے یا اسکے پانی مین بھگو کر جوش کرین بعد اسکے صاف کر کے ساتھ نوے مثقال قند سفید کے قوام کرین اور اگر ریوند اضافہ کرین قوی تر ہوتا ہی -

شربت ابریشم - کہ جگر و دل اور احشا و باہ کو قوت دے اور سدہ کھولے اور استسقا کو فائدہ کرے اور بیچ ادویۂ باہ کے آویگا -

شربت بزوری - تفتیح سدۂ جگر و سپرز کی کرے

اور یرقان کو دفع کرے اور حمیات مین بیان ہوگا۔

شربت ریوند مفرد۔ جگر کو قوت دے اور سدہ کھولے ریوند بیس درم بیچ تین رطل آب کے ایک رات دن بھگو کر نرم آگ مین جوش کرین اور ساتھ تین رطل قند سفید کے قوام کرین۔

شربت ریوند مرکب۔ واسطے امراض جگر و سپرز کے اور تفتیح سدہ کے اور تلیین طبع کے نافع ہے ریوند دس درم تربد موصوف غاریقون بسفائج تخم کاسنی ہر ایک پانچ درم زنجبیل دو ثلث ایک درم کے قند سفید سو درم شربت بناوین اور بقدر حاجت کے دین

شربت کشوث۔ کہ بیچ اصفہان کے بہت مشہور ہے مفتح سدہ و ملین طبع اور مقوی جگر و معدہ اور واسطے حمیات مرکبہ اور سوء القینہ کے مفید ہے تخم کشوث رازیانہ تخم کاسنی گل کشوث تخم خیارین تخم خربزہ گل بادیان(؟) پوست بیخ کاسنی ہر ایک تین مثقال بیخ رازیانہ گل سرخ انیسون ہر ایک دو مثقال قند سفید ساتھ شیر خشت کے نوے مثقال بطریق معمول شربت بناوین اور دس مثقال تک ساتھ شیرہ تخم کاسنی و تخم خربزہ و آب کاسنی و مانند انکے بین۔

شربت افسنتین۔ واسطے ضعف جگر و سوء المزاج و سوء القینہ کے نفع کرے ایک نسخہ اسکا بیچ ادویہ سپرز کے اور ایک نسخہ اسکا بیچ ادویہ معدے کے گذرا۔

نوع دیگر۔ کہ واسطے ضعف جگر و معدے کے کہ ساتھ یبوست طبع و حرارت مزاج کے ہو نہایت نافع ہے افسنتین دو مثقال گل سرخ چار مثقال تمر ہندی دو مثقال ترنجبین تیس مثقال ادویہ جوش کر کے صاف کرین بعد اسکے ترنجبین اسمین حل کر کے اور صاف کر کے تھوڑا پکا کر پیلا مجموع ایک خوراک ہے۔

نوع دیگر۔ کہ سوء القینہ کو نافع ہے اور دو تین دست لاتا ہے افسنتین رومی دس درم گل سرخ تیس درم تربد موصوف سات درم سنبل چار درم بیچ چھ رطل پانی کے پکاوین یہان تک کہ تہائی رہجاوے بعد اسکے صاف کرین اور قند سفید نصف رطل ملا کر پکاوین یہانتک کہ تھوڑا قوام ہو جاوے مقدار شربت تیس درم۔

نوع دیگر۔ واسطے علل جگر و معدے کے اور التہاب و غلظ سپرز کے اور یرقان کے جو حرارت سے پیدا ہو اور واسطے ریاح و قولنج حار کے اور تفتیح سدد کے اور اخراج اخلاط کے کہ اول مین بیچ نافع ہے افسنتین ایک رات دن بیچ پانی خالص کے یا بیچ عرق کاسنی کے بھگوئین اور ساتھ قند سفید کے یا شہد کے قوام کرین۔

شربت ہندبا۔ مسمی بہ شربت مدبر واسطے امراض جگر کے اور تفتیح سدد جگر کے اور اصلاح مزاج جگر کے نافع ہے پوست بیخ کاسنی بیخ رازیانہ ہر ایک تیس درم تخم کاسنی ایک اوقیہ ثمرۃ الطرفا گاوزبان اصل السوس مقشر تخم کشوث بزرقطونا تخم خطمی ہر ایک دو درم بسفائج بادآورد ہر ایک پانچ درم لک مغسول چار درم انبرباریس صندل سفید خشخاش افسنتین

افسنتین رومی ہر ایک تین درم اسارون ایک مثقال بہت گرم پانی مین بعد کوٹنے کے ایک رات دن بھگوئین بعد اسکے صاف کرکے ساتھ پانچ رطل قند سفید اور سو درم آب مروق کاسنی اور اور نصف رطل سرکہ و نصف رطل گلقند و دو اوقیہ آب لیموے سبز و تین اوقیہ آب رازیانہ کے قوام کرین اور بعد اُتارنے کے آگ سے ریوند چینی ایک مثقال کوٹ کر چھان کر ملادین اور نسخہاے دیگر اسکے حمیات مین آوینگے —

شافہ — کہ استسقاے طبلی کو نافع ہو اور ریاح امعا کو توڑے سداب حرمل رازیانہ تخم کرفس تربد سفید بورۂ ارمنی ہر ایک ایک درم شکر سرخ پانچ درم ساتھ آب سداب کے شیاف بنادین

حرف الضاد

ضماد شعیر — ورم جگر کو نافع ہی جو کوفتہ سرکے مین بھگو کر مہرا کیے ہوئے چھ درم طباشیر سفید فوفل ہر ایک پانچ درم افسنتین گل سرخ قصب الذریرہ صندل سفید نشاستہ مائیشا ہر ایک ایک درم کوٹ کر چھان کر ساتھ گلاب کے اوپر جگر کے رکھین —

ضماد دقیق شعیر — کہ استسقاے کو اور استسقا کو جو ساتھ حرارت کے ہو نافع ہی آرد جو سعد پشک گوسفند کہنہ بورۂ ارمنی گل ارمنی مساوی الوزن کوٹ کر چھان کر ساتھ سرکے کے ضماد کرین —

ضماد سداب — نفخہ و صلابت سپرز کو نافع ہی سداب دس درم بورۂ ارمنی فودنج ہر ایک تین درم اشق سات درم کوٹ کر چھان کر ساتھ سرکے کے ضماد کرین —

ضماد اشق — سختی طحال کو نافع ہی اشق مقل بورۂ ارمنی نمک ہندی ہر ایک چار درم اشنہ کرمانج ہر ایک چھ درم سداب آٹھ درم گوگرد دو درم انجیر دس عدد انجیر کو سرکے مین پکادین اور اشق و مقل کو اُسمین حل کرین اور باقی ادویہ کو کوٹ کر چھان کر اضافہ کرکے ضماد کرین —

دیگر — کہ یہی عمل کرتا ہی اشق سرکے مین حل کرکے لگادین

ضماد التین — سختی سپرز کو نافع ہی مقل دو درم اشق ایک درم باقلاء مقشر کرسنہ نخود اکلیل الملک بزرگ حلبہ بابونہ سنبل الطیب ترمس ہر ایک پانچ درم انجیر زرد چوبیس عدد انجیر کو سرکے مین پگھلادین پھر اُسمین ملاکر اور ادویہ کو کوٹ کر چھان کر حلبہ کو ساتھ روغن سداب یا روغن بادام یا روغن بابونہ کے گھولکر ضماد کرین —

ضماد الرماد — سپرز سخت کو نرم کرے راکھ لکڑی انگور کی راکھ پشک بز کی مساوی الوزن سرکے مین گھول کر حمام مین ضماد کرین —

ضماد افسنتین — سپرز کو قوت دے افسنتین سنبل گزمازو قردمانا نانخواہ اذخر زنج کبر گل سرخ مقل

خوب کوٹین اور ساتھ آب برگ جھاؤ کے یا ساتھ پانی سداب کے ملاکر سرکہ زیادہ کر کے ضماد کرین ـ

ضماد فیلغرلوس ـ درد جگر و ورم جگر کو نافع ہی ـ

وضماد الصندلین ـ واسطے حرارت جگر کے ـ

وضماد اصطمخیقون ـ واسطے برودت جگر و سپرز کے اور اکثر اضمدہ کہ واسطے صلابت و اورام جگر و سپرز کے مفید ہین بیچ بحث معدے کے مذکور ہوئے ہین ـ

ضماد سنبل ـ سوء مزاج بارد کو نافع ہی اور بیچ علل جگر کے کہ جہان قرص راوند مستعمل ہوتا ہی استعمال کرین سنبل قصب الزریرہ مصطگی اذخر زعفران فرصافی جملہ برابر کوٹین اور مصطگی و مر کو شراب مین حل کرین اور ادویہ کوٹ کر چھان کر اُس مین گھولکر ضماد کرین اور اغذیۂ باردہ ترک کرین ـ

حرف الطاء

طلاء ـ ورم جگر کو نافع ہی گل بنفشہ گل خطمی آرد جو ہر ایک سات درم گل سُرخ چار درم صندل سُرخ و سفید بابونہ اکلیل الملک تخم کاسنی تخم کشوث گل نیلوفر ہر ایک دو درم شیاف مامیثا تین درم ریوند چینی ایک درم سنبل نصف درم کوٹ کر چھانکر ساتھ گلاب و آب کاسنی کے طلا کرین ـ

فایدہ ـ ادویہ کہ اوپر جگر و سپرز کے رکھین چاہیے کہ معدہ اُسوقت غذا سے خالی ہو اور جو دوا مین شدید التحلیل ہین ہرگز جگر پر نہ رکھین بخلاف سپرز کے کہ وہان مضایقہ نہین ہی اور اضمدہ کہ سپرز پر واسطے تحلیل اورام و تلیین صلابات کے رکھین چاہیے کہ زیادہ دو تین ساعت سے نہ گذرے اور بعد اُٹھانے دوا کے اُس جگہ کو ساتھ جوشاندے بابونہ و کبریت کے دھوئین اور روغن خیری ملین ـ

طلا ـ کہ استسقاے لحمی کو نافع ہی ارمنہ ترکی صدف سوختہ بورۂ ارمنی سرگین گاؤ کہنہ ساوی الوزن سرکے مین ملاکر طلا کرین ـ

طلا ـ کہ ورم اطراف مستسقیون کو نافع ہی اور ہر ورم نرم کو سرکہ تند و روغن گل دونون آپس مین ملائین اور طلا کرین اور برگ ترب اُسپر باندھین ـ

طلا ـ کہ ورم نرم کو جو بعد بیماریون دراز کے منھہ آنکھ و پانوٗن مین پیدا ہوتا ہی دور کرے صبر اقاقیا شیاف مامیثا مر کی سعد زعفران حضض گل ارمنی کوٹکر چھانکر سرکہ و آب عنب الثعلب مین طلا کرین ـ

حرف الفاء

فودنجی ـ درد جگر و معدے کو نافع ہی ادویہ معدے مین مذکور ہی ـ

حرف القاف

قرص زرشک کبیر ـ واسطے استسقا و ورم جگر کے نافع ہی ـ

قرص سنبل ـ ورم صلب جگر کو مفید ہی اور یہ دونون ادویہ معدہ مین مذکور ہوئے ـ

قرص زرشک صغیر — قریب النفع ہی ساتھ کبیر کے اور واسطے حمیات محرقہ و جگر گرم کے مفید ہی زرشک منقی پندرہ درم تخم کاسنی تخم خرفہ تخم خیارین ہرایک تین درم گل سرخ پانچ درم ریوند چینی سنبل ہرایک ایک درم لعاب اسبغول مین قرص بناوین مقدار دو درم ساتھ سکنجبین کے —

قرص زرشک بارد — واسطے علل گرم جگر کے اور عطش اور حرارت اور صفرت رنگ و فساد مزاج حار کے نافع ہی زرشک دس درم تخم کاسنی تخم خرفہ تخم خیارین ہرایک تین درم گل سرخ طباشیر ہرایک پانچ درم ریوند لک تخم کرفس ہرایک ایک درم سنبل نصف درم کوٹکر چھانکر ہر قرص بوزن ایک مثقال کے تیار کرین مقدار شربت ایک قرص ساتھ سکنجبین شکری حامض کے یا آب انار کے —

دیگر — کہ استسقا کو نافع ہی اور ابن زکریا استعمال کرتا تھا عصارۂ انبرباریس لک مغسول گلسرخ ریوند عصارۂ کاسنی خشک تخم کشوث مساوی الوزن کوٹکر چھانکر ہر قرص بوزن دو درم کے بناوین مقدار شربت ایک قرص —

دیگر — کہ گرمی جگر کو نافع ہی عصارہ انبرباریس دس درم تخم خرفہ مغز تخم خیارہ ہرایک تین درم گل سرخ دو درم ریوند ایک درم سنبل نصف درم کوٹکر چھانکر قرص بناوین مقدار خوراک دو درم ساتھ سکنجبین کے یا آب انار کے اور اگر سرفہ بھی ہو صمغ عربی و نشاستہ و کتیرا ہرایک ایک درم رب السوس نصف درم زیادہ کرین اور ساتھ شربت بنفشہ کے دین —

دیگر — کہ جگر گرم کو نافع ہی زرشک منقی پانچ درم رب السوس ڈیڑھ درم مغز تخم خیارین تخم کاسنی تخم خرفہ ہرایک اڑھائی درم گلاب مین بناوین مقدار شربت دو مثقال ساتھ سکنجبین و آب کاسنی و آب عنب الثعلب کے

نوع دیگر — کہ تپ گرم اور اورام جگر و عطش شدید کو نافع ہی اور وہ مسہل نہین ہی لیکن اسکی شان سے یہ ہی کہ مادے کو متفرق و منقسم کرتا ہی اور اعضا کے پس ہر عضو حصہ اپنے کو تحلیل کرتا ہی عصارۂ زرشک اصل السوس ترنجبین ہرایک چار درم زرورد سات درم سنبل مصطگی افسنتین غافث طباشیر ہرایک دو درم مغز تخم خیار تین درم لک لیسر ریوند زعفران ہرایک ایک درم عصارہ انبرباریس ترنجبین کو بیچ آب کاسنی مروق کے حل کرین اور ادویہ کو کوٹ کر چھانکر اسمین ملاکر قرص بناوین ہرایک قرص بوزن اڑھائی درم کے مقدار شربت ایک قرص —

دیگر — کہ مسمی بہ قرص زرشک کبیر ہی زرشک منقے تازہ رب السوس زرورد و مغز تخم خیار مغز تخم خربزہ ہرایک تین درم مصطگی سنبل عصارہ غافث فوہ الصبغ لک لیسر افسنتین اسارون فقاح اذخر تخم شاہترہ تخم کاسنی تخم کشوث ریوند چینی ترکی طیب زعفران طباشیر ہرایک دو درم ترنجبین چھ درم سے پہلے ترنجبین کو بیچ آب کاسنی کے حل کرین اور ادویہ کو کوٹ کر چھان کر اسمین

ملاکر ہر قرص اڑھائی درم کا بناوین اور ایک نسخے مین زرشک گیارہ درم اور اجزا بحال۔

قرص زرشک حارہ اوجاع جگر کو جو برودت سے ہون نفع کرے زرشک منقی پانچ درم لک مغسول ریوند سنبل عصارۂ غافث انیسون مصطگی ہر ایک ایک درم کوٹ کر چھان کر قرص بناوین اور ساتھ جوشاندے بزور کے دین۔

قرص ریوند۔ ورم جگر و صلابات جگر و سپرز و حمیات کہنہ کو نافع ہی ریوند چھ درم فوہ لک مغسول ہر ایک تین درم تخم کرفس انیسون عصارۂ غافث ہر ایک ایک درم کوٹ کر چھان کر ساتھ آب خالص کے قرص بناوین اور بیچ اعراض کے ریوند آٹھ درم فوہ لک ہر ایک چار درم تخم کرفس غافث انیسون ہر ایک تین درم لکھا دیکھا ہی کہ ساتھ سکنجبین کے گھولین مقدار شربت ایک مثقال اور تحریر کیا ہی کہ زخم و ضربہ کو کہ جو اوپر جگر و سپرز کے ہو پہونچے بھی نفع کرتا ہی۔

دیگر۔ کہ سوء مزاج بارد جگر کو اور بدی رنگ سفید کو دور کرنے والا اور انطلاق بطن اور انتفاخ اجفان اور اطراف کو نافع ہی اور فساد سحنہ کو جو بعد حمیات طویلہ کے ہوتا ہی فایدہ کرتا ہی ریوند دس درم سنبل مصطگی عصارۂ غافث افسنتین رازیانہ انیسون ہر ایک دو درم کوٹ کر چھانکر ہر قرص بقدر ایک مثقال کے بناوین مقدار خوراک ایک قرص ساتھ سکنجبین عسلی کے اور جانین کہ ریوند بیچ اقراص کے جو جگر سے مخصوص ہین بمنزلہ گلسرخ کے ہی بیچ اقراص معدے کے اور مانند فنجنکشت کے بیچ اقراص سپرز کے۔

قرص دیگر۔ کہ استسقاے طبلی کو نافع ہی ریوند لک مغسول ہر ایک دو درم مغز تخم خرپزہ تین درم تخم کاسنی سات درم تخم کشوث رب السوس ہر ایک ایک مثقال رازیانہ گل سرخ ہر ایک پانچ درم کوٹ کر چھان کر قرص بناوین مقدار ایک مثقال ساتھ آب کاسنی کے یا سکنجبین کے اور اگر سرقہ ساتھ استسقا کے ہو ساتھ مطبوخ زوفا کے ساتھ آب سونف و تخم کرفس کے دین۔

قرص دیگر۔ کہ سوء مزاج گرم جگر کو نافع ہی اور سحج و قرحہ امعا کو فایدہ کرے ریوند زرشک تخم کاسنی مساوی کوٹ کر چھان کر ساتھ پانی بارتنگ کے قرص بناوین اور سایے مین خشک کرین اور دین۔

قرص دیگر۔ کہ واسطے امراض جگر کے نافع ہی اور اسہال کو منع کرے ریوند لک مغسول ہر ایک تین درم طباشیر گل سرخ ہر ایک چار درم تخم حماض پانچ درم زعفران نصف درم کوٹ کر چھانکر ہر ایک قرص دو درم کے وزن پر بناوین مقدار شربت ایک قرص۔

قرص دیگر۔ کہ جگر سرد کو نافع ہی ریوند دس درم سنبل مصطگی غافث افسنتین انیسون رازیانہ ہر ایک دو درم کوٹ کر چھانکر ساتھ پانی رازیانے کے قرص بناوین۔

قرص غافث۔ یرقان و درد جگر و سپرز کو اور تپ ربع اور حمیات کہنہ کو نافع ہی اور سدہ کھولتا ہی

عصارۂ غافث بیس درم سنبل دس درم طباشیر چار درم
کوٹ کر چھان کر صاف پانی مین قرص بنا دین ۔

دیگر ۔ کہ درد جگر و یرقان کو اور تپ کو نافع ہی عصارۂ
غافث زرورد لک مغسول ہر ایک ایک درم تخم خرفہ
دو درم طباشیر نصف درم رب السوس ربع درم کوٹکر
چھانکر کاسنی کے پانی مین قرص بنا دین ۔

قرص شبرم ۔ استسقای زقی کو نافع ہی شبرم ہلیلہ
زرد دونون برابر کوٹ کر چھان کر قرص بنا دین مقدار
خوراک ایکدانگ ساتھ سکنجبین کے اور بتدریج زیادہ
کرین ایک درم تک اور ہفتے مین ایکبار کافی ہی اور
ایک نسخے مین مر بھی داخل ہی اور تینون برابر ۔

قرص لک ۔ استسقاے لحمی کو سودمند ہی اور سدہ
کھولتا ہی لک مغسول ریوند ہر ایک تین درم اسارون
زراوند گرد خطیانا سنبل مصطگی تخم کرفس انیسون
نانخواہ اذخر ابہل مغز بادام تلخ قسط فوہ افسنتین عصارۂ
غافث ہر ایک دو درم فلفل زنجبیل ہر ایک ایک
درم مقدار خوراک ایک مثقال ساتھ
ماء الاصول کے ۔

دیگر ۔ کہ یہی عمل کرتا ہی لک مغسول فوہ تخم کرفس
عنب الثعلب ہر ایک ایک درم رازیانہ انیسون
دوقو ہر ایک ایک مثقال تخم کاسنی تخم کشوث ہر ایک
دو درم کوٹ کر چھانکر قرص بنا دین ۔

قرص افسنتین ۔ برودت جگر کو نافع ہی اور سدہ
جگر و سپرز کا کھولے اور عسر البول و حمیات بلغمی کو
فائدہ کرے ۔ افسنتین تخم کرفس اسارون مغز بادام
مساوی کوٹ کر چھان کر آب خالص مین قرص
بنا دین مقدار خوراک ایک مثقال ۔

دیگر ۔ کہ جگر کو اصلاح اور یرقان کو دفع کرے اور
اگر شروع استسقا مین کھا دین تمکن ہونے کو منع کرے
افسنتین چھ درم عصارۂ غافث رازیانہ تخم سرمق ہر ایک
پانچ درم لک مغسول ریوند چینی ہر ایک تین درم
تخم کاسنی دس درم تخم کشوث آٹھ درم تخم کرفس
چار درم کوٹ کر چھان کر قرص بنا دین یا سفوف اور
ایکبار ساتھ سکنجبین کے دین اور دوسری بار ساتھ
آب عنب الثعلب کے ۔

قرص کبر ۔ صلابت سپرز کو پگھلا دے اور ریح کو
جو نیچے تلی کے سردی سے بند ہو تحلیل کرے پوست
بیخ کبر حب الفقد ہر ایک دس درم استوقو قندریون
سات درم زراوند طویل برگ سداب حرف وج شونیز
اشق ہر ایک تین درم اشق کو بیخ سرکے کے حل
کرین باقی ادویہ کو اسمین گھولین اور ہر قرص دو درم
کا بنا دین مقدار شربت ایک قرص ساتھ سکنجبین
عسلی کے یا ماء الاصول کے ۔

دیگر ۔ کہ اوجاع سپرز کو نافع ہی اور سدہ کھولے پوست
بیخ کبر اشق ہر ایک چار درم زراوند طویل دو درم
تخم فنجنکشت فلفل ہر ایک چھ درم اشق کو سرکہ
کہنہ مین حل کرکے باقی ادویہ کو کوٹ کر چھان کر
اسمین گھولکر قرص بنا دین ۔

دیگر ۔ کہ یہی عمل کرتا ہی پوست بیخ کبر چار درم تخم
فنجنکشت فلفل سیاہ اسارون زراوند طویل ہر ایک

دو درم زعفران نصف درم کوٹکر چھانکر ساتھ میفختج کے قرص بناوین اور ساتھ سکنجبین بزوری کے بطور چٹنی کے کھاوین اور ایک نسخے مین ایرسا سنبل ہر ایک دو درم زیادہ ہی اور اگر اسی نسخے مین اسقولوقندریون زیادہ کرین اسوقت نام اسکا قرص اسقولوقندریون ہوگا۔

قرص انیسون۔ تالیف ابن اسحاق کا کہ ضعف جگر کو نافع ہی انیسون افسنتین اسارون تخم کرفس مغز بادام مقشر مساوی کوٹ کر چھانکر پانی مین گھول کر قرص بناوین اور ساتھ سکنجبین کے کھاوین۔

قرص دیگر۔ کہ جگر ضعیف و تپ بلغمی کو نافع ہی انیسون افسنتین مغز بادام تلخ سنبل صبر ہر ایک چار درم عصارہ غافث سافج ہندی اسارون ہر ایک تین درم مصطگی تخم کرفس ہر ایک ایک درم کوٹ کر چھانکر گلاب مین قرص بناوین مقدار خوراک ایک درم ساتھ جوشاندے افسنتین کے۔

قرص خردل۔ درد سپرز کو جو ریح سے پیدا ہو دور کرے حب الرشاد پانچ سیر سرکے مین یا پانی مین ایک رات دن بھگو کر بعد اسکے برگ سداب خشک ایک سیر اس مین ملاوین اور ایک دن اور رکھین بعد اسکے کوٹین اور قرص بنا کر اوپر تنور نیمگرم کے بریان کرین لیکن جلنے نپاوے بعد اسکے خوب کوٹکر ہر صبح کو دو درم سکنجبین کے ساتھ دین۔

قرص ایرسا۔ سپرز سخت کو نرم کرے ایرسا چار درم فلفل سفید اشق ہر ایک دو درم اشق کو سرکے مین حل کرکے باقی ادویہ کوٹ کر چھان کر اسمین گھولکر قرص بناوین اور دو درم ساتھ سکنجبین کے کھلاوین اور اعراض مین مرقوم ہی کہ اہرن کہتا ہی کہ مؤلف اس قرص نے قرص مذکور کو تین دن تک خوک کو دیا تھا بعد اسکے جو ذبح کیا تلی اسکی پگھلی ہوئی تھی۔

قرص فنجنگشت۔ سدہ جگر و سپرز کو کھولے تخم فنجنگشت تخم کاسنی تخم خرفہ مغز تخم کدو مساوی کوٹ کر چھان کر سکنجبین مین گھولکر قرص بناوین اور ایک نسخے مین مغز تخم کدو نہین ہی اور بعض اطبا نے کہا کہ ترنجبین مین گھولین اور ایک نسخے مین کزمازج بھی داخل ہی

دیگر۔ درد سپرز کو جو ساتھ تپ و حرارت کے ہو نافع ہی حب الفقد یعنی تخم فنجنگشت کزمازج بھی داخل ہی

دیگر۔ درد سپرز کو جو ساتھ تپ و حرارت کے ہو نافع ہی حب الفقد تخم فنجنگشت کزمازج ہر ایک دس درم تخم کاسنی تخم خرفہ ہر ایک پانچ درم کوٹ کر چھانکر قرص بناوین مقدار خوراک تین درم سے چار درم تک ساتھ سکنجبین کے۔

دیگر۔ کہ سختی سپرز کو جو ساتھ گرمی کے ہو نافع ہی حب الفقد گلسرخ طباشیر تخم خرفہ مغز تخم خربزہ مغز تخم کدو تخم کاسنی ہر ایک چھ درم لک مغسول ریوند ہر ایک دو درم کافور نیم درم مقدار خوراک ایکدرم سے ایک مثقال تک ساتھ سکنجبین بزوری کے اور لڑکے کو نصف درم۔

دیگر۔ کہ سدہ و غلظ و صلابت سپرز کو نافع ہی لیکن اس وقت دینا چاہیے کہ حرارت نہو یا کمتر ہو حب الفقد دس درم تخم کاسنی پانچ درم

خرفہ پوست بیخ کبر تخم کرفس ہر ایک تین درم عذبہ سے بینے
گزمازج چار درم کوٹ کر چھان کر قرص بناوین اور اگر
حرارت ہو کرفس و کبر کو نکال ڈالین اور عذبہ دس
درم کرین۔

قرص فوہ۔ کہ طحال کو نافع ہو فوہ بارہ درم ایرسا
پوست بیخ کبر زراوند طویل ہر ایک دو درم کوٹ کر
چھانکر سکنجبین مین گھولکر قرص بناوین اور ساتھ
جوشاندے انیسون کے استعمال کرین۔

قرص مازریون۔ کہ استسقا کو جو حرارت و قبض
کے سبب سے ہو دفع کرے اور زرد آب نکالے مازریون
مدبر آرد جو پوست ہلیلہ زرد طبرزد مساوی کوٹ کر
چھانکر ایک مثقال ساتھ جلاب کے یا شراب کے
پلاوین۔

دیگر۔ کہ استسقائے زقی کو نافع اور زرد آب کو نکالے
مازریون مدبر غاریقون عصارۂ غافث ہر ایک
ایکدرم و چار دانگ تخم کاسنی دس درم گل سرخ
مغز تخم خیارین ہر ایک ڈھائی درم کوٹ کر چھان کر
مجموع کے دس قرص بناوین مقدار خوراک ایک
ساتھ سکنجبین یا شربت پوست بیخ کاسنی کے۔

قرص طباشیر۔ استسقائے گرم اور فساد جگر و سپرز کو
جو ساتھ اسہال کے ہو نافع ہو طباشیر گل سرخ گلنار زرشک
سماق گزمازو تخم کاسنی تخم فرنجمشک تخم خرفہ ہر ایک ایک
درم سعد فقاح اذخر انیسون سنبل ریوند لک پوست
بیخ کبر افیون ہر ایک نصف درم کافور ایکدانگ کوٹکر
چھانکر قرص بناوین مقدار خوراک تین درم۔

قرص کافور۔ واسطے علل حار جگر کے نفع بہت کرتا
ہو حمیات مین آویگا۔

قرص مقل۔ اورام صلب جگر کو نافع ہو مقل تین درم
سنبل دو درم زعفران مر ہر ایک ایک درم قسط مغز بادام
تلخ ہر ایک ڈیڑھ درم مصطگی اڑھائی درم مقل کو شراب
مین حل کر کے اقراص بناوین مقدار خوراک تین درم
ساتھ آب کاسنی کے اگر حرارت ہو ورنہ ساتھ ماء العسل
یا شراب کے یا ساتھ پانی تخم کرفس کے یا ساتھ
آب رازیانہ کے۔

قرص ورد۔ یہ دوائے شریف ہو جگر و معدے کو
قوت دے اور رطوبت کو پاک کرے اور سدہ جگر و
سپرز کھولے اور واسطے حمیات بلغمی کے نافع ہو گل سرخ
دس درم اصل السوس چھ درم سنبل تین درم مصطگی طباشیر
ہر ایک ایک درم کوٹ کر چھانکر گلاب مین قرص بناوین
مقدار خوراک دو درم۔

قرص گزمازج۔ ترکیب جالینوس سے ہو سپرز
سخت کو نرم کرے گزمازج چار مثقال فلفل سفید سنبل
اسارون اشق ہر ایک دو مثقال اشق کو سرکے
عنصل مین حل کر کے باقی ادویہ کوٹ کر چھانکر اسمین
گھولین اور قرص بناوین اور ایک مثقال ساتھ
سکنجبین کے دین۔

قرص غاریقون۔ سپرز غلیظ کو گھلاوے غاریقون
گل سرخ ہر ایک پانچدرم طباشیر زرشک ہر ایک دو درم
سنبل عصارۂ غافث لک مغسول ریوند پوست کبر
سرکے مین تر کر کے خشک کرین اور یہ اجزا وزن مین

ڈیڑھ ڈیڑھ درم ہون پس کوٹکر چھان کر قرص بنا دین مقدار شربت اڑھائی درم ساتھ سکنجبین کے ۔

قرص استسقا ۔ گل سرخ تین درم عود سنبل مصطگی سلیخہ فقاح اذخر دارچینی افسنتین ہر ایک ایک درم کوٹ کر چھان کر قرص بنا دین ۔

قرص اسقولوقندریون ۔ واسطے طحال کے نافع ہی اور یہ قرص کبیر کے بیان ہوا ۔

قرص دیگر ۔ کہ یہی عمل کرتا ہی افسنتین مغز بادام تلخ انیسون اسارون غاریقون مساوی کوٹ کر پیس کر قرص بنا دین ۔

حرف الکاف

کلکلانج ۔ ترکیب جلیل القدر ہی اور واسطے علل جگر و سپرز کے مفید اور مولفات اہل ہند سے ہی اور انکے بہت نسخے ہین چنانچہ مشہور گانذ کو رہوئے ا ہین نسخہ ۔ واسطے استسقا و سوء مزاج جگر و سپرز کے نافع ہی اور ریاح باعتدال ہی فقاح اذخر سنبل اسارون فطراسالیون ہر ایک تین درم غافث لک مغسول ریوند ہر ایک ڈیڑھ درم تخم کاسنی مغز تخم خیار ہر ایک چار درم مقدار شربت ایک مثقال ۔

دیگر ۔ واسطے استسقا کے نافع ہی اور معتدل اور تالیف کیا ہوا ثابت بن قرہ کا ہی برگ مازریون مدبر پوست ہلیلہ زرد غاریقون ہر ایک پانچ درم عصارہ افسنتین تین درم ابرسا گل سرخ مغز تخم خیار تخم کاسنی رب السوس ہر ایک دو درم ترنجبین منقی فلوس خیار شنبر قند سفید ہر ایک پندرہ درم ان تینون کو پانی مین حل کر کے پکا دین تو گاڑھی ہو جاوین پس باقی ادویہ کوٹ کر چھان کر اسمین ملائین مقدار شربت دو درم سے تین درم تک ۔

دیگر ۔ تالیف ثابت بن قرہ سے کہ یہی عمل کرتا ہی مازریون مدبر غاریقون تربد ہلیلہ زرد ہر ایک پانچ درم عصارۂ افسنتین تین درم گل سرخ تخم کاسنی مغز تخم خیار ہر ایک دو درم رب السوس ایک درم ترنجبین دس درم پہلے ترنجبین کو قوام کرین بعد اسکے ادویہ باقی کوٹکر چھانکر اس مین گھول کر بنا دین مقدار شربت تین درم ۔

کلکلانج بارد ۔ استسقاے گرم کو نافع ہی مازریون مدبر ہلیلہ زرد ہر ایک پانچ درم عصارۂ افسنتین تین درم گل سرخ اصل السوس تخم کاسنی مغز تخم خیار رب السوس ہر ایک دو درم ترنجبین منقی فلوس خیار شنبر قند سفید ہر ایک پندرہ درم مقدار شربت دو درم سے تین درم تک اور ترکیب وہی ہی کہ یہ نسخے ثابت بن قرہ کے بیان ہوئی ہی ۔

کلکلانج حار ۔ کہ استسقاے سرد کو نافع ہی مازریون مدبر غاریقون ہلیلہ زرد سکبینج ہر ایک پانچ درم ابرسا تین درم ریوند عصارۂ غافث انیسون ہر ایک دو درم کوٹکر چھانکر عسل مین بنا دین مقدار خوراک تین درم سے چار درم

کلکلانج فیروزی ۔ استسقا و برودت معدے کو اور حمیات کہنہ و سدۂ بلغمی و ضیق النفس و قولنج و صرع و طحال و سلعۂ بلغمی و بہق و اختناق رحم کو فایدہ رکھتا ہی اور پیشاب کو جاری کرتا ہی ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ آملہ

مقشر ہر ایک سات درم فلفل زنجبیل فلفلمویہ نمک ہندی
سرخ وسیاہ نمک اندرانی نمک طبرزد نمک خمیر لسان العصافیر
شیطرج ہندی سعد ہندی خیر بوا قرفہ قرنفل صعتر بزنگ
کابلی مقشر شونیز حب النیل زیرۂ کرمانی سافنج ہندی تخم
کرفس کشنیز خشک ہر ایک پانچ درم تربد سفید
ڈیڑھ سو درم فلوس خیارشنبر دس درم مویز منقے
نصف من شیر آملہ ایک من مویز و آملہ کو چھ من پانی
مین پکاوین جب دو من رہے ملکر صاف کرکے
خیارشنبر اسمین حل کرین اور تین من قند سفید بھی اُسمین
پگھلاوین اور نصف من روغن کنجد اسمین ملاکر جوش
کرین یہانتک کہ قوام ہوجاوے پس ادویہ کوٹ کر
چھانکر اسمین گھول کر بناوین مقدار شربت پانچ درم
ساتھ شیر شتر کے یا آب عنب الثعلب کے۔

حرف المیم

معجون کلکلانج ۔ واسطے مستسقیین ومکبودین
ومطحولین کے نافع ہے اور طبع کو نرم کرے لک مغسول
سنبل گل سرخ دو دو فطراسالیون فوہ ریوند ملح ہندی
ایرسا غاریقون ہر ایک چھ درم کما ذریوس زیرہ سیاہ
سیسالیوس زرآوند طویل اسارون عود بلسان مصطگی
جنطیانا بابزنگ مقشر سلیخہ ہر ایک چار درم زنجبیل حب النیل
جیز بوا قرفہ قرنفل دار فلفل نمک اندرانی نمک نفطی
نمک خمیر کشنیز خشک عصارۂ غافث عصارۂ افسنتین
سعد اذخر ہر ایک پانچ درم تخم کشوث تخم سریق
رب السوس سقمونیا قسط ہر ایک دس درم
تخم کرفس وج انیسون رازیانہ ہر ایک تین درم
تربد موصوف ڈیڑھ سو درم سب کو کوٹ کر چھانین بعد
اُسکے ہلیلہ سیاہ پوست بلیلہ ہر ایک پندرہ درم
آملہ ایک من و نصف تمر ہندی پچاس درم مویز
منقی ایک رطل اور ان پانچ جزو کو پندرہ من پانی
صاف مین جوش کرین یہانتک کہ چہارم حصہ رہے
صاف کرکے فلوس خیارشنبر ایک رطل اس مین
حل کرکے پھر صاف کرین اور قند سفید دو من ملا کر
قوام کرین بعد اسکے مازریون مدبر بیس درم بیچ تین
اوقیہ روغن بادام اور ایک رطل پانی کے پکاوین
یہانتک کہ پانی جلجاوے اور روغن رہے اس روغن
کو ساتھ تیس آثار روغن کنجد کے ادویہ پسی ہوئی مین
ڈال کر ملین تو ادویہ چرب ہوجاوین بعد اُسکے
قوام مذکور مین ڈالین مقدار شربت چار درم سے
پانچ درم تک ساتھ شیر شتر کے یا ساتھ آب عنب الثعلب
یا ساتھ ماء الجبن کے۔

معجون حب الغار ۔ نسخۂ محمد زکریا کا استسقاے
طبلی و قولنج ریحی و مغص و تمدد شکم و جمیع امراض ریحی
کو کہ ساتھ ان کے حرارت نہو نافع ہے سداب خشک
پانچ درم نانخواہ زیرۂ کرمانی کاشم شونیز صعتر
کرویا فطراسالیون مقشر بادام تلخ فلفل
دار فلفل فودنج حب الغار جند بید ستر ہر ایک
دو درم جاؤشیر تین درم سکبینج چار درم
گوندون کو شراب مین حل کرین اور
ادویہ کو کوٹ کر چھان کر داخل کرکے
ساتھ عسل کے معجون بناوین مقدار

شربت دو مثقال۔

معجون گل ۔کہ ورم جگر کو نافع ہی گل بیخ چار درم بیخ سوسن سات درم ریوند لک مغسول ہر ایک ایک مثقال و نصف سلیخہ زعفران ہر ایک تین درم صافی نصف مثقال زعفران کو سرکے مین حل کر کے باقی ادویہ کوٹ کر چھان کر اسمین مخلوط کر کے ساتھ شہد کے معجون بنا دین۔

معجون اصطمخیقون ۔کہ تباہی مزاج جگر کو اور درد معدے کو نافع ہی اور تباہی مزاج نزدیک اطبا کے ہی کہ سوء القینہ و استسقا جگر مین ہو جاوے قسط حماما ہر سنبل سلیخہ مصطگی ہر ایک بارہ درم زراوند طویل فلفل سیاہ تخم کرفس تخم شبت انیسون نانخواہ زیرہ کرمانی دو درم فطر اسالیون کاشم اسارون افسنتین انجدان پودینہ نعناع ہر ایک چار درم کوٹ کر چھان کر ساتھ عسل کے معجون بناوین۔

معجون جنطیانا ۔صلابت جگر و سپر ز و درد معدہ و گردہ و مثانہ کو نافع ہی اور سدہ کھولے جنطیانا رومی فلفل سیاہ ہر ایک دس درم قسط سافج ہندی سنبل ریوند ہر ایک سات مثقال کوٹ کر چھان کر ساتھ سہ چند اُسکے شہد مین معجون بناوین مقدار شربت دو درم ساتھ آب برگ سداب کے۔

معجون افسنتین ۔درد جگر و معدے کو جو سردی سے ہو زایل کرے اور استسقا کو نافع ہی افسنتین انیسون تخم کرفس مغز بادام تلخ مساوی الوزن کوٹ کر چھان کر ساتھ سہ چند شہد کے معجون بناوین مقدار شربت دو درم۔

معجون جالینوس ۔واسطے جگر و برودت گردہ و مثانہ کے اور اصلاح بدن کے اور امراض بلغمی و ریاح جگر و سپرز کے نافع ہی فلفل سفید ہیل ہر ایک چار درم قسط بحری سنبل الطیب عود بلسان قصب الذریرہ تخم مورد زنجبیل سعد خولنجان قرنفل دار فلفل دار چینی سلیخہ اسارون زعفران مصطگی ہر ایک درم کوٹ کر چھان شہد مین معجون بناوین۔

نسخہ دیگر ۔کامل الصناعہ سے فلفل سیاہ و سفید حماما سافج تخم کرفس انیسون عاقرقرحا تخم انجرہ تخم سداب کوہی قسط بحری سنبل الطیب قصب الذریرہ زعفران ہر ایک پانچ مثقال شہد مین معجون بنا دین۔

نسخہ دیگر ۔کہ بیچ امراض جگر کے کوئی معجون اور نافع تر اس سے نہین ہی مویز منقے پچیس درم زعفران ایک درم قصب الذریرہ ہلد ہر ایک دو درم مقل ارزق اڑھائی درم ترنجبین سولہ درم مر مکی چار درم مقل کو بیچ شراب کے حل کرین اور ادویہ کوٹ کر چھان کر جملہ کو شہد مین معجون بنا دین مقدار شربت ایک مثقال اور اگر حرارت غالب ہو افیون و بزرالبنج ہر ایک ایکدرم اضافہ کرین۔

معجون مشک ۔کہ درد جگر و ضعف معدے کو نافع ہی اور سدہ کھولے اور اورام صلبہ جگر و معدے کو تحلیل کرے مشک سلیخہ سنبل سافج ہندی لک مغسول ریوند جنطیانا رومی ہر ایک

ہرایک دو درم زعفران نانخواہ کرفس مصطگی ہرایک تین درم عود ہندی مرقرنفل ہرایک ڈیڑھ مثقال کوٹ کرچھانکر ساتھ سہ چند عسل کے معجون بناوین مقدار شربت بقدر باقلا کے ساتھ گرم پانی کے ـ

نسخۂ دیگر ـ کہ درد جگر وسدۂ جگر کو فایدہ کرے اور ضعف معدہ وسردی معدہ کو دور کرے اور ریاح غلیظہ کو تحلیل کرے مشک خالص سلیخہ سنبل الطیب سازج ہندی لک شقی ریوند چینی جنطیانا رومی ہرایک دو درم زعفران نانخواہ کرفس مصطگی ہر ایک تین درم عود ہندی قرنفل مرصافی ہرایک نصف درم کوٹکر چھانکر ساتھ سہ چند عسل کے معجون بناوین مقدار شربت بقدر باقلا کے ساتھ آب گرم کے ـ

معجون مسمی بہ دحمرثا ـ واسطے سدۂ جگر وسپرز وبرد رحم وتپ ربع د مواظبہ وسرفہ رطوبی وانقطاع نفس وسستی اعضا کے نافع ہر اور ریاح غلیظہ وشکم کو تحلیل کرے اور حیض وبول ادرار کرے تخم حرمل ڈیڑھ من لبان ذکر مصطگی حب البلسان زعفران اکلیل الملک سنبل فلفل سیاہ ہرایک دس درم ریوند چینی زراوند طویل زراوند مدحرج ہرایک بیس درم انیسون زنجبیل قسط تلخ سلیخہ ہرایک تین استار سعد دس استار قرنفل چھ درم خربق سفید گل سرخ خشونیز ہرایک چھ استار سعد دس استار صبر سقوطری مغسول چار درم ادویہ کوٹ کرچھان کرساتھ شہد کف گرفتہ کے کہ سہ چند ادویہ کا ہو معجون بناوین ـ

معجون وحمرثا لولوی ـ منافع اسکے مانند منافع پہلے کے ہین زرنباد درونج افیون جند بیدستر فلفل دار فلفل سلیخہ ہوم المجوس بر بدا لبنج قسط شیرین سنبل الطیب جاوشیر زعفران میعہ ہرایک چھ مثقال حابہ تین مثقال مروارید ناسفتہ دو مثقال قند مرصافی ہرایک بارہ مثقال ادویہ کوٹ کرچھان کر ساتھ سہ چند عسل کے معجون بناوین ـ

معجون راسن ـ کہ ورم صلب جگر ومعدے کو نافع ہی راسن ریوند زنجبیل اشنر غار ہرایک ایک جزو تخم کرفس تخم رازیانہ تخم انیسون تخم نانخواہ ہرایک ڈیڑھ جزو کوٹ کرچھان کر ساتھ سہ چند عسل کے معجون بناوین مقدار خوراک موافق ایک فندق کے ـ

معجون فلاسفہ ـ واسطے ضعف جگر واستسقا کے نافع ہی ـ

معجون دارچینی ـ جگر کو قوت دے ـ

معجون توم ـ مقوی جگر ومفتح سدہ ہی ـ

معجون دبید الورد ـ مزیل استسقا ومفتح سدۂ جگر ومقوی جگر ہی ـ

معجون سقراط ـ واسطے تسکین درد معدہ کے ویرقان سدی طحالی کو نفع کرے اور یہ پانچ معجونین بیچ ادویہ سپر کے بیان ہوئین ـ

معجون نقی ـ کہ درد جگر وگردے کو نافع ہی ـ

معجون قباد الملک ۔ واسطے درد سپرز کے مفید ہی اور یہ دونون معجونین بیچ ادویہ سینے کے مذکور ہوئین۔

معجون سنبل ۔ سوء مزاج جگر و سختی جگر کو فایدہ کرے۔

معجون افسنتین ۔ واسطے تفتیح سدہ جگر و سپرز کے

و معجون نانخواہ و معجون بقراط ۔ واسطے تقویت جگر کے

معجون قسط و معجون بزور ۔ واسطے درد جگر و سپرز کے

معجون ہرمس ۔ واسطے استسقا و درد جگر و سپرز کے

معجون ریوند ۔ واسطے ورم جگر کے مفید ہی اور یہ آٹھ معجونین ادویہ معدے مین مذکور ہوئین۔

معجون حافظ الاجساد ۔ واسطے انواع سدۂ ماساریقا و جگر کے اور ضعف و برودت جگر کے اور سوء القینہ و امراض معدے کے نافع ہی اور خواص کثیرہ و منافع جلیلہ رکھتی ہی اور صاحب تحفۃ المومنین کہ مؤلف اس معجون کا ہی کہتا ہی کہ مانند اسکے ان امور مین کوئی اور معجون نہین دیکھی گئی دارچینی اصل الکبر ہر ایک پانچ مثقال زعفران بارہ مثقال قوموا انیسون دوقو مرصافی روغن بلسان ہر ایک چار مثقال سنبل الطیب چھ مثقال رب السوس عصارۂ غافث جعدہ ہر ایک تین مثقال کوٹکر چھانکر ساتھ شہد کے معجون بناوین مقدار شربت ایک مثقال اور اگر روغن بلسان نہ پایا جاوے روغن زیت کہنہ عوض اسکے ڈالین۔

معجون انیسون ۔ استسقاء طبلی کو جو ساتھ حرارت کے نہو نفع کرے انیسون فطراسالیون حب نغار شونیز سعد کاشم جندبیدستر فودنج سنبل الطیب حب بلسان جاوشیر حلتیت انجدان اسارون زعفران ہر ایک ایک درم سکبینج وج مغز بادام تلخ سداب خشک زیرہ کرویا نانخواہ صعتر دوقو خولنجان ورق الغار جعدہ زنجبیل غاریقون حماما کعب گوسالہ یا گاو سوختہ ہر ایک دو درم کوٹ کر چھانکر شہد مین معجون بناوین۔

معجون کرکم ۔ کہ مشہور بہ دار الکرکم ہی حرف دال مین گذری

معجون مازریون ۔ استسقاء زقی کو نہایت مفید ہی خصوصاً اگر ساتھ شیر شتر کے استعمال کرین مازریون مدبر تدبیر موصوف پوست ہلیلہ زرد ہر ایک دس درم پوست ہلیلہ کابلی دو درم آملہ زنجبیل ہر ایک چار درم فلفل پانچ درم کوٹ کر چھانکر شہد کف گرفتہ مین معجون بناوین اور ایک مثقال اس سے ساتھ شیر شتر کے دین اور اگر بدون شیر کے دین تو تین درم دینا چاہیے

فایدہ ۔ شیر شتر واسطے امراض جگر کے نہایت نافع ہی لیکن اگر استسقا یا اور کوئی مرض جگر کا ساتھ حمی کے ہو ہرگز شیر نہ دین کہ شیر تپ مین نہایت مضر ہی اور بعض قدما نے کہا ہی کہ گوشت قنفذ کا اگر خشک کرکے خوب کوٹین اور دو درم سے تین درم تک دین استسقاء لحمی کو مفید ہی اور بدستور آب اثل کا بوزن بیس درم اور عصارۂ سوسن آسمان گونی کا دس درم ملاکر ساتھ تھوڑی شراب ریحانی کے پینا استسقاء لحمی کو نفع ظاہر کرتا ہی۔

معجون غافث ۔ استسقا کو جو ساتھ حرارت ظاہر کے ہو نفع کرے عصارۂ غافث ریوند چینی زعفران ہر ایک ڈیڑھ درم عصارۂ افسنتین نقاح اذخر مغز تخم خیارین تخم خرفہ ہر ایک ایک درم لک مغسول تخم کشوث

ہر ایک دو درم کوٹ کر چھانکر شہد مین معجون بناوین مقدار
شربت ایک مثقال ساتھ پانی لبلاب کے یا کاسنی
کے یا مکوہ کے۔

معجون دیگر۔ یرقان مع الحمی کو نافع ہی کشنیز تین درم
گل سرخ ڈیڑھ درم کوٹ کر چھانکر ساتھ شربت سیب
کے معجون بناوین مقدار شربت ایک مثقال ساتھ
دس درم شربت سیب کے۔

معجون ہلیلہ۔ کہ زرد آب کو نکالے اور استسقاے
زقی کو فوراً تخفیف دے پوست ہلیلہ زرد تربد ہر ایک
دس دس درم آملہ زنجبیل ہر ایک چار درم پوست بلیلہ
دو درم مازریون مدبر ایک اوقیہ فلفل پانچ درم
کوٹکر چھانکر شہد مین معجون بناوین مقدار شربت
ایک مثقال۔

معجون سداب۔ کہ معروف بہ معجون الغار ہی ریاح
غلیظہ کو کہ بیچ استسقاء طبلی و قولنج ریحی کے رنج دیتی
ہی تحلیل کرے اور سب بیماریون ریحی کو کہ بدون
حرارت کے ہون فایدہ کرتی ہی اور وجع اضلاع و مغص
و تمدد شکم کو نافع ہی برگ سداب سو درم نانخواہ زیرہ
صعتر شونیز کرویا حب الغار کاشم فطراسالیون مغز بادام
تلخ فلفل دارفلفل وج فودنج ہر ایک تین درم جند
بیدستر جاوشیر سکبینج ہر ایک دو درم کوٹ کر چھانکر شہد
مین معجون بناوین مقدار شربت ایک مثقال سے
تین مثقال تک ساتھ آب نیمگرم کے اور ایک نسخے مین
وزن سداب کا دس درم ہی اور ایک نسخے مین پانچ درم
مفرحات مقوی جگر کے ادویہ سر مین بیان ہوے۔

ماء الاصول۔ سدۂ جگر کو کھولے اور سپرز و استسقاے
بلغمی و برودت معدے کو نافع ہی پوست بیخ کرفس
پوست بیخ رازیانہ ہر ایک سات درم بیخ اذخر لقاح اذخر ہر ایک
پانچ درم سنبل مصطگی ہر ایک ڈیڑھ درم فوہ لک منقی
عود بلسان ہر ایک ایکدرم غافث افسنتین گل سرخ
شکاعی بادآورد پوست بیخ کبر ہر ایک تین درم انجیر
دس عدد مویز منقی بیس درم بیچ تین رطل پانی کے
جوش کرین یہانتک کہ دھا رہے بعد اُسکے صاف
کر کے ہر دن چالیس درم ساتھ ایک درم روغن بادام
تلخ و ایک درم روغن بادام شیرین کے پیین۔

ماء البقول۔ حرارت جگر و یرقان کو نافع ہی برگ
کشوث برگ کاسنی برگ عنب الثعلب برگ کاکنج برگ
لبلاب برگ رازیانہ جملہ یا جو میسر ہو کوٹکر نچوڑین اور
ایک پیالہ اُس سے ساتھ قند کے شیرین کر کے پیین

ماء البزور۔ کہ استسقاے طبلی کو نافع ہی اور ریاح کو
پراگندہ کرے بیچ مطبوخات ادویہ معدے کے گذرا۔

مطبوخ۔ کہ ورم صلب سپرز کو نافع ہی ہلیلہ سیاہ دس
درم شاہترہ بیخ اذخر ثمرۃ الطرفا انیسون اشنہ تخم کرفس
رازیانہ ہر ایک تین درم برگ کبر پنج درم بطریق مشہور
پکاوین مقدار شربت دس درم ساتھ ایک درم ایارج
فیقرا و ایک درم غاریقون کے اور بیچ ایک نسخے کے
عوض غاریقون کے ایک درم تربد ہی۔

مطبوخ۔ کہ واسطے امراض جگر و سپرز کے و استسقاء
سدہ کے نافع ہی مویز منقی تمر ہندی ہر ایک دس درم
انیسون اسارون اذخر غافث سنبل افسنتین ہر ایک تین درم

شاہترہ پانچ درم پوست ہلیلہ کابلی و زرد ہر ایک سات درم عناب دس دانہ بطریق معروف پکا کر صاف کرین اور مغز فلوس خیارشنبر پانچ درم اسمین حل کرکے پھر صاف کرین اور ایارج فیقرا غاریقون ہر ایک ایکدرم کو ساتھ سکنجبین کے ملا کر پیش از مطبوخ مذکور کے تناول کرین اوپر اسکے یہ مطبوخ پیین۔

مطبوخ۔ کہ ورم بلغمی سپرز کو نافع ہی اور سفیدی رنگ بدن کی کہ مائل بسیاہی ہو نشانی ورم بلغمی کی ہی ہلیلہ سیاہ ہلیلہ زرد ہر ایک سات درم و نصف شاہترہ سات درم کزمازج پوست بیخ کبر ہر ایک تین درم تخم کاسنی ایکدرم تخم کشوث ڈیڑھ درم اکو و تمر ہندی بقدر حاجت کے سبکو پکاوین و صاف کرین بعد اسکے ایارج فیقرا ایک مثقال غاریقون ایک درم کو گولی بناکر وقت سحر کے کھاوین اوپر اسکے وقت طلوع آفتاب کے یہ مطبوخ تناول کرین۔

مطبوخ۔ کہ ورم صلب سپرز کو نافع ہی اور یہ نسخہ بعینہ وہی ہی کہ عنقریب گذرا ساتھ ادنی تفاوت کے ہلیلہ سیاہ تربد موصوف شاہترہ ہر ایک دس درم بیخ اذخر برگ کبر ہر ایک پانچ درم انیسون اشنہ کزمازج تخم کرفس رازیانہ ہر ایک تین درم بطریق متعارف پکاوین مقدار شربت دس اوقیہ اور چاہیے کہ قبل اسکے ایارج فیقرا اور غاریقون اور تربد ہر ایک ایکدرم حب بناکر کھاوین بعد اسکے مطبوخ کو پیین اور شیخ رئیس نے کہا ہی کہ زوفا یابس برگ سیاوشان تخم فنجنکشت بالسویہ کوٹکر چھانکر تین درم اس سے کھانا واسطے ورم صلب سپرز کے مجرب ہی اور جانین کہ اگر ورم بلغمی ہو جاہیے کہ پہلے استفراغ بلغم کا کرین اور غذا مطول کی شوربا فرنج ساتھ کبر کے کرین۔

مطبوخ اصول۔ واسطے برد جگر و سپرز و استسقا و یرقان کے نافع ہی اور اخلاط غلیظ کی تلطیف کرے اور سدے اور جگر کو قوت دے پوست بیخ رازیانہ پوست بیخ کاسنی پوست بیخ کرفس بیخ اذخر انیسون تخم کرفس سنبل الطیب تخم کشوث ہر ایک تین درم فوہ مصطگی ہر ایک ایک مثقال مویز منقی پندرہ درم سب کو نیمکوب کرکے بیچ چارسو درم آب شیرین کے نرم آگ پر پکاوین یہانتک کہ چہارم حصہ رہجاوے بعد اسکے صاف کرین مقدار شربت پچاس درم ساتھ دس درم شکر سفید دو درم روغن بادام کے اور اگر مینا اس مطبوخ کا واسطے تنقیہ حصاۃ کے ہی حجر الیہود نصف درم زیادہ کرین۔

مطبوخ۔ کہ سدہ جگر و یرقان و سپرز کو نافع ہی غافث افسنتین سنبل اسارون مصطگی پرسیاوشان قرفہ زرآوند عیدان بلسان ہر ایک ایکدرم کوٹکر جوش کرین اور بہتر یہ ہی کہ ریوند کو کوٹکر چھانکر سردار و کرین۔

مطبوخ زرشک۔ کہ حرارت جگر کو بجھاوے اور معدے و جگر کو قوت دے زرشک منقی ایک رطل تخم کشوث تخم کاسنی ہر ایک ایک کف ریوند تین درم جو لائق کوٹنے کے ہی اُسکو کوٹین بعد اسکے سب کو بیچ ایک ظرف کے رکھین اور پانی اوپر اسکے اسقدر ڈالین کہ دو انگشت مغموم عرض مین اوپر رہے اور دھوپ مین رکھین گرما مین تین دن

اورجاڑے مین چار دن اور بقدر احتیاج کے دین۔

حرف النون

لقوع خیار شنبر۔ واسطے امراض جگر و یرقان کے نہایت نافع ہی اور سدون کو کھولے فلوس خیار شنبر بقدر حاجت کے آب کاسنی تازہ و آب رازیانہ و آب برگ عنب الثعلب مین تر کرین تمام رات اور صبح کو صاف کرکے پیین اور اگر گلاب بھی ملاوین بہتر و نیک ہو۔

حرف الیاء

یاقوتیہا۔ کہ سب جگر کو نافع ہین بیچ بحث سر و دل کے مذکور ہوئین۔

باب چودھوان بیچ ادویۂ امعاء و قولنج و اسہال و زحیر و سحج و مغص و دیدان

جاننا چاہیے کہ امعاء چھ ہین اور جرم انکا عصبی ہی اور رحم سے شریف تر ہین لہذا امالہ مادے کی امعاء کا طرف رحم کے تجویز ہوا ہی بالجملہ بیچ امراض امعاء کے مہلت روا نہ رکھین کہ جب مرض مزمن ہوجاویگا علاج کو دیر مین قبول کریگا اور مزاج امعاء مشابہ مزاج معدے کے ہی جو چیز مقوی معدے کی ہی وہ مقوی امعاء کی ہی۔

حرف الالف

آبزن۔ کہ زحیر بلغمی کو مفید ہی شبت تخم کتان حلبہ خطمی جوش کرکے اسکے جوشاندے مین کہ نیم گرم ہو بیٹھین۔

آبزن۔ کہ زحیر ورمی کو نافع ہی حلبہ بنفشہ تخم کتان بیخ خطمی کو پکاوین اور روغن گل اور زردی انڈے کی ملاکر نیم گرم آبزن کرین۔

ایارجات و انقرویا و نوشدار و سادہ و لولوی۔ باقامہا مفید امعاء کو ہین اور بیچ بحث سر کے مذکور ہین۔

اطریفل۔ کبیر مقوی امعاء ہی۔

امروسیا۔ واسطے درد امعاء کے و ریاح شکم کے نافع ہی

ارسطون۔ واسطے درد امعاء کے مفید ہی۔

آبکامہ۔ یعنی مری واسطے اجتماع بلغم کے امعاء مین سودمند اور یہ چار نسخے بیچ ادویہ معدے کے گذرے۔

اثاناسیا۔ واسطے اسہال بلغمی کے مفید اور مجرب ہی اور بیچ بحث جگر کے مذکور ہی۔

حرف الباء

بخور۔ واسطے اس شخص کے کہ ہمیشہ بسبب زحیر کے مشتاق براز نکلنے کا رہتا ہو اور کچھ براز نہ نکلتا ہو اور یہ حالت دراز ہوئی ہو نافع ہی کبریت کو چربی گردہ بکری مین ملاکر جلاوین اور بو سالت قمع کے مقعد مین پہونچاوین۔

بادھیرج۔ مسخن امعاء ہی اور ادویہ معدے مین گذرا

پختہ جوش۔ واسطے برودت امعاء کے نافع ہی اور ادویہ سر مین گذرا۔

بنادق کندری ۔ ذرب و اسہال معدی و معائی کو نافع ہی مازو سبز ایک درم کندر گزمازج ہر ایک پانچ درم افیون چار درم حب الآس دس درم کوٹکر چھانکر بنادق بناوین ہر ایک بندقہ مقدار دو دانگ کے ۔

نوع دیگر ۔ مغص و وجع و قولنج مراری کو تسکین دیوے تخم کاہو تخم خرفہ افیون مساوی کوٹ کر چھان کر ساتھ لعاب اسپغول کے بنادق بناوین ہر ایک ایک دانگ کا مقدار شربت دو دانگ ۔

نوع دیگر ۔ وجع قولنج بارد کو تسکین دے جند بیدستر سونٹھ نانخواہ کمون افیون مساوی الوزن کوٹ کر چھان کر بنادق بناوین اور بقدر حاجت دین نہایت دو دانگ ۔

نوع دیگر ۔ کہ زحیر و مبطون کو نافع ہی مر واسنج ڈیڑھ دانگ کافور ایک دانگ روغن زنبق مین بندقہ بناوین اور کھلاوین کہ فوراً حبس کرتا ہی اور یہ ایک خوراک ہی واسطے کلان کے اور لڑکے کو کمتر دینا چاہیے اور زیادہ اس نسے کہ یہان مرقوم ہی نہ دینا چاہیے تو قولنج نہ پیدا کرے ۔

حرف التاء

تریاق فاروق ۔ واسطے قولنج بلغمی اور درد گردہ و مثانہ کے نافع ہی اور انکے پتھرون کو نکالے اور ریح غلیظ احشا کو دفع کرے اور ہیضے کو روکے اور حب القرع کو قتل کرے اور بیچ قولنج و نفخ کے مفید تر ہی ایک ترمس ساتھ ماء العسل کے دین اور نسخہ اسکا بیچ بحث سر کے گذرا ۔

تریاق اربعہ ۔ قولنج کو کھولے اور ریاح کو توڑے بحث سموم مین آویگا ۔

تریاق الذرب ۔ واسطے ذرب و ضعف معدہ و امعا و قبض شکم و تقویت اعضاے رئیس کے بعدیل ہی مروارید ناسفتہ مرجان کہربا صندل سفید بہمن سرخ بہمن سفید عقیق طباشیر یشب عاج طلا ثیث کشنیز خشک بریان فوفل سعد زیرۂ کرمانی مدبر مصطگی کرویا مازو گل ارمنی شادنہ عدسی صمغ عربی آرد کنار آرد نجد حسب الآس عذبہ دانۂ عناب بریان کردہ پوست بیرون پستہ تخم زبیب ہر ایک تین درم ورق نقرہ ایک درم تخم خرفہ بریان بزرگ خشخاش سفید دانۂ انگور ہر ایک پانچ درم عود خام بزرالبنج ہر ایک دو درم رب بہ شیرین رب سیب رب مورد بالسویہ دو چند یا سہ چند نسب ادویہ کو کوٹ کر چھان کر ساتھ اشربہ کے تریاق بناوین ۔

حرف الجیم

جوارش تمری ۔ قولنج و عسر البول کو کھولے زیرۂ کرمانی مدبر بورۂ ارمنی فطراسالیون زنجبیل فلفل سفید ہر ایک اڑھائی درم سقمونیاے مشوی پانچ درم خرما دانہ نکالا ہوا مغز بادام مقشر بریان ہر ایک دس مثقال ورق سداب دس درم پہلے خرما کو سرکے مین ایک رات دن بھگو کر کوٹین اور چھلنی سے

چھان کر عسل کف گرفتہ مین وزن ادویہ کا اوپر تم کے ڈال کر جوش کرین یہانتک کہ قوام ہو پس ادویہ کو کوٹکر چھان کر اسمین ملادین مقدار خوراک پانچ سے سات مثقال تک ساتھ آب گرم کے ۔

جوارش مُسک ۔ واسطے قولنج کے کہ بدون حمی و حرارت کے ہو اور ساتھ متلی کے ہو نافع ہی سک مصطگی قرنفل زنجبیل فلفل دارفلفل قرفہ جوزبوا سقمونیا جملہ برابر لیکر کوٹین و چھانین بعد اسکے آب بہی ترش اور برابر اسکے شہد دونون کو ملاکر جوش کرین تو تھوڑا گاڑھا ہووے بعد اسکے اس قوام سے برابر ادویہ کے لیکر ملادین مقدار شربت ایک درم سے دو درم تک ۔

جوارش شہریاران ۔ شکم کو موے بقوت اور فضول کو شکم سے نکالے سقمونیا دس درم فلفل زنجبیل زیرہ برگ سداب بورہ قرفہ خولنجان بالسویہ ساڑھے دس درم یعنی ہر ایک ڈیڑھ درم عسل و قند سب کا یعنی اکتالیس درم کوٹ کر چھانکر جوارش بناوین مقدار خوراک ڈیڑھ درم سے تین درم تک ساتھ آب گرم کے

نوع دیگر ۔ کہ برد امعاء معدہ و استسقا و قولنج کو نافع ہی زنجبیل دارچینی شیطرج مصطگی نانخواہ نارمشک ملح ہندی خیربوا ہر ایک تین درم سنبل قرفہ قرنفل قاقلہ فلفل دارفلفل جوزبوا انیسون ہر ایک درم افتیمون حب النیل سقمونیا ہر ایک دس درم بسفائج پانچ درم تربد فانیذ ہر ایک بیس درم کوٹکر چھانکر شہد مین تیار کرین خوراک پانچ درم سے سات درم تک ۔

دیگر ۔ کہ یہی عمل کرتی ہی زنجبیل قرفہ شیطرج فلفل دارفلفل خیربوا قرنفل نارمشک ساذج ہندی بسباسہ قاقلہ دارچینی سنبل سلیخہ ہر ایک چھ درم افتیمون تربد ہر ایک بارہ درم سقمونیا دس درم جند بیدستر دو درم قند سفید تیس درم کوٹ کر چھان کر شہد مین جوارش بناوین اور بعضے اس نسخے مین خولنجان و جوزبوا ہر ایک چھ درم زعفران تین درم رازیانہ تخم کرفس انیسون ہر ایک ایک درم زیادہ کرتے ہین مقدار شربت چار درم سے چار مثقال تک اور ایک نسخہ اسکا بیچ جوارشات ادویہ جگر کے مذکور ہوا ۔

جوارش سفرجلی مسہل ۔ کہ بیچ قولنج کے جسوقت متلی شدید ہو اور بیمار جو چیز پیے قی کرے استعمال کرین مفید ہو آب سفرجل ترش عسل دونون برابر لیکر پکادین تو غلیظ ہووے پس سقمونیا دس درم تربد تیس درم مصطگی قرنفل مشک زنجبیل فلفل دارفلفل جوزبوا بالسویہ دس درم کوٹکر چھانکر قوام مذکور مین کہ برابر سب اجزا کے ہو جوارش بناوین ۔

نوع دیگر ۔ کہ یہی عمل کرے آب بہی آب سیب ہر ایک چالیس درم قند سفید شہد ہر ایک پچاس درم جملہ اکٹھا پکادین جب قریب انعقاد کے پہونچے مصطگی عود دارچینی ہر ایک چار درم تربد پندرہ درم سقمونیا دو درم کوٹ کر چھانکر ملادین مقدار خوراک چار مثقال تک

نوع دیگر ۔ سکہ قولنج کو کھولے سفرجل چھلکے

وحب سے پاک کی ہوئی نصف من شہد صافی ایک من سفرجل کو بیچ سرکے یا شراب کے پکاوین کہ مہرا ہوجاوے بعد اسکے نکال کر اوپر بوریا صاف کے رکھین یہانتک کہ بو سرکے کی دور ہوجاوے پس ہاون چوبین مین کوٹین کہ یکسان ہوجاوے بعد اسکے شہد کو ایک جوش دین اور کف نکالتے جاوین اور یہی کوٹی ہوئی مین ملاوین پس ان ادویہ کو کوٹ کر چھانکر ملائین زنجبیل دارچینی دار فلفل ہر ایک دو درم قاقلتین زعفران ہر ایک تین درم مصطگی پانچ درم سقمونیا دس درم تربد تیس درم مقدار خوراک چار مثقال۔

جوارش انجدان۔ قولنج کو کھولے اور ریاح کو اور جشائے ترش کو دفع کرے انجدان پندرہ درم فلفل دار فلفل ہر ایک پانچ درم ایرسا زنجبیل ہر ایک چھ درم انیسون رازیانہ مصطگی نانخواہ تخم کرفس ہر ایک دو درم کوٹ کر چھانکر شہد مین جوارش بناوین مقدار خوراک دو درم۔

جوارش نارمشک۔ طبع کو نرم کرے اور قولنج کو کھولے اور نفخ کو دور کرے نارمشک ہیل بوا قرفہ ہر ایک آٹھ درم سقمونیائے مشوی بارہ درم زنجبیل فلفل دار فلفل ہر ایک چھ درم قند سفید چالیس درم مقدار شربت ڈیڑھ درم سے دو درم تک اور ایک نسخے مین ایسا لکھا ہی کہ خیر بوا ایک درم قاقلہ دارچینی ہر ایک دو درم نارمشک قرنفل ہر ایک تین درم دار فلفل پانچ درم زنجبیل چھ درم سقمونیا بیس درم نبات تیس درم کوٹ کر چھان کر شہد مین جوارش بناوین مقدار شربت ایک درم سے تین درم تک۔

جوارش عود مسہل۔ صفرا کو اسہال کرے بدون تکلیف کے عود خام مصطگی ہر ایک ایک درم تربد سفید چار درم سقمونیا نصف درم کوٹ کر چھان کر شہد مین جوارش بناوین مقدار خوراک پانچ درم ساتھ پانی گرم کے۔

دیگر۔ کہ رطوبت و برودت معدہ و امعا کو نافع ہی عود قرنفل زعفران جوزبوا ہر ایک ڈیڑھ دانگ سقمونیائے مشوی نصف دانگ شہد مین بناکر دو درم ساتھ گرم پانی کے کھاوین۔

جوارش تربد۔ امعا و معدے کو فضلات سے پاک کرے تربد موصوف دس درم زنجبیل پانچ درم قند سفید پندرہ درم مقدار شربت تین درم اور بعضے پانچ درم مصطگی اس مین اضافہ کرتے ہین اور قند برابر سب کے یعنی بیس درم اور اس صورت مین نام اسکا دواء التربد ہوتا ہی اور حمیات بلغمی کو نفع دے۔

نوع دیگر۔ کہ طبع کو نرم کرے اور معدہ و امعا کو قوت دے تو مواد کو قبول نکرین اور سرفہ تر کو مفید ہی تربد موصوف بیس درم مصطگی تیرہ درم مویز سرخ دانہ سے پاک کیا ہوا ایک رطل جلاب مقوم پانچ استار مقدار خوراک واسطے مداومت کے تین درم اور واسطے استفراغ کے دس درم سے بارہ درم تک۔

دیگر۔ کہ اسہال کرے اور معدے گرم کو نافع

ہی تربد موصوف دس درم سقمونیا ایک درم طباشیر زعفران گل سرخ ہر ایک ڈیڑھ درم قند سفید مقوم سولہ درم مقدار خوراک دو مثقال۔

دیگر۔ کہ اسہال کرے اور معدے کو قوت دے تربد موصوف دس درم محمودہ بریان دو درم مصطگی چار درم عود ہندی تین درم رب سیب بیس درم مقدار خوراک پانچ درم۔

جوارش ہندی۔ کہ قولنج کو نافع ہی اور واسطے اوجاع مفاصل و نقرس و درد پشت کے مفید سقمونیا دس درم خیر بوا قاقلہ دارچینی زنجبیل قرفہ نارمشک قرنفل فلفل ہر ایک پانچ درم تربد موصوف سو درم کوٹ کر چھانکر شہد مین بناوین۔

جوارش قیصر۔ قولنج و نقرس کو نافع ہی اور اخلاط غلیظ لزجہ کو دفع کرے دارفلفل زنجبیل ہلیلہ زرد سقمونیا تربد موصوف ہر ایک بارہ درم تخم کرفس نانخواہ عاقرقرحا نمک طبرزد ہر ایک چھ درم قند سفید سولہ درم کوٹ کر چھانکر شہد مین ملاکر تیار کرین۔

جوارش سقف۔ قولنج و لقوہ و بواسیر و ریاح معدہ و امعا کو نافع ہی سقمونیا تربد ہر ایک پانچ درم فلفل قاقلہ ہر ایک تین درم زنجبیل دارچینی آملہ مقشر قرنفل بسفایج جوزبوا ہر ایک اڑھائی درم قند سفید نوے درم کوٹ کر چھان کر شہد مین جوارش بناوین مقدار خوراک چار مثقال۔

نوع دیگر۔ بلغم خام کو کہ معدہ و امعا مین ہو نکالے اور قولنج کو کھوے اور ریاح بواسیر اور درد پشت کو نفع دے اور قی کو باز رکھے اور باہ کو زیادہ کرے اور اسقف طبیب نے قسم کھائی اور کہا کہ نہین جانتا ہون مین کہ کسیکے نزدیک اس سے بہتر کوئی دوا ہو تربد موصوف سقمونیا ہر ایک سات درم و نصف فلفل زنجبیل ہر ایک چار درم دارچینی آملہ منقی بسباسہ مصطگی قرنفل جوزبوا ہر ایک اڑھائی درم قند سفید بیس درم کوٹ کر چھان کر شہد مین جوارش بناوین مقدار شربت واسطے ہضم کے دو درم اور واسطے اسہال کے چھ درم۔

جوارش ہندی نوع دیگر۔ کہ قولنج کھولے تربد پانچ درم دارفلفل تین درم قند سفید چوبیس درم مقدار خوراک پانچ درم سے چھ درم تک۔

دیگر جوارش ہندی۔ کہ مسمی بجوارش تربد ہی سقمونیا تربد ہر ایک پانچ درم خیر بوا دارچینی قاقلہ کبار زنجبیل قرفہ نارمشک قرنفل بحری فلفل ہر ایک اڑھائی درم قند سفید پچاس درم کوٹکر چھانکر شہد مین بناوین مقدار شربت پانچ درم سے دس درم تک اور یہ جوارش واسطے اوجاع مفاصل کے بھی نافع ہی۔

جوارش زنجبیل۔ ضعف امعاء و معدے کو نافع ہی اور اسہال کو بند کرے بیچ ادویہ معدے کے مذکور ہی۔

جوارش کافور۔ اسہال صفرا کو باز رکھے اور حرارت و پیاس کو بجھاوے کافور تین درم زرشک دس درم گلسرخ آٹھ درم طباشیر سفید کہربا فوفل ہر ایک چار درم تخم حماض بریان سات درم حب الآس چھ درم پست سیب پست غبیرا ہر ایک دس درم انار دانہ بریان اٹھارہ درم زعفران شاہ بلوط ہر ایک پانچ درم کوٹ کر چھانکر

ساتھ شربت حماض کے معجون بناوین مقدار شربت دو درم

جوارش کندری — اسہال بلغمی کو باز رکھے اور معدے کو گرم کرے اور طعام کو ہضم کرے اور مسمی ہی جوارش ایوب کندر ساٹھ درم فلفل دار فلفل ہر ایک بارہ درم زنجبیل خولنجان ہر ایک دس درم قرنفل جوزبوا اخیر لوا ہر ایک پانچ درم مشک نصف درم قند سفید ساٹھ درم کوٹکر چھان کر شہد مین بناوین مقدار خوراک تین درم —

جوارش طباشیر — اسہال صفراوی کو باز رکھے اور تپ کو نافع ہی طباشیر سفید حب الآس گل سرخ ہر ایک دس درم گلنار سماق عصارہ لحیۃ التیس ہر ایک چھ درم زعفران افیون ہر ایک دو درم کوٹ کر چھانکر ساتھ شربت سیب کے گھولین مقدار شربت تین درم —

جوارش سماق — اسہال صفراوی کو روکے سماق بیس درم حب الآس دس درم خرنوب تیس درم گلنار صمغ عربی انار دانہ ہر ایک پانچ درم کوٹ کر چھانکر ساتھ مویز منقے مدقوق کے دوسری مرتبہ کوٹین مقدار خوراک تین درم

دیگر — سماق تیس درم سویق شعیر سویق نبق سویق تفاح کعک بغدادی خرنوب شامی ہر ایک دس درم ساتھ شربت سیب و نبات کے تیار کرین مقدار شربت پانچ درم

جوارش جوزی — اسہال کو روکے اور ایک نسخہ اسکا ادویہ جگر مین گذرا اور دوسرا نسخہ کہ ابن زکریا نے تالیف کیا ہے یہ ہی عجم زبیب کہ سرکہ مین بھگو کر نکالا ہو بریان کرکے اور مانند سرمہ کے خوب باریک پیسا تیس درم حب الآس ساٹھ درم خرنوب نبطی گلنار کزمازج ہر ایک دس درم کندر نانخواہ مصطگی سعد سنبل ہر ایک پانچ درم قند سفید معقوم یا شہد اسقدر کہ ادویہ اسمین ملجاوین مقدار خوراک تین درم سے چار درم تک ہی اور یہ دوا واسطے طاقت معدہ و امعاء کے اور زلق الامعاء کے اور قراقر کے نافع ہی

نوع دیگر — کہ واسطے ضعف ماسکہ معدے و امعاء کے نفع کرے ہلیلہ سیاہ روغن مین بریان کرکے خبث الحدید سرکہ مین مدبر کیا ہوا ہر ایک دس درم حرف بریان پانچ درم نانخواہ صعتر فارسی ہر ایک تین درم کوٹکر چھان کر شہد مین ملاوین —

دیگر — کہ یہی عمل کرے عجم الزبیب بیس درم حب الآس چار درم خرنوب نبطی گلنار کزمازج کندر نانخواہ ہر ایک دس درم کوٹکر چھانکر شہد مین بناوین مقدار خوراک تین درم

جوارش خرنوب — اسہال کو روکے معدے و امعاء کو قوت دے خرنوب نبطی بلوط گلنار دانہ انگور کہ سرکے سے نکالا ہوا انار دانہ سرمے کے مانند پیسا ہوا ہر ایک ایک جزو حب الآس دو جزو کوٹکر چھانکر ساتھ رب سفرجل کے تیار کرین

جوارش فواکہ خلفہ کو جو ضعف معدے سے ہو نفع کرے سفرجل پاک کی ہوئی دانے سے ایک رطل تفاح منقی نصف رطل کمثری منقی ثلث رطل سبکو بیچ سرکے یا پانی لیمو مین پکاکر خوب کوٹین عسل القصب یعنی شیرہ نیشکر ایک رطل اسپر زیادہ کرکے پھر جوش کرین تو بستہ ہو جاوے پس زرشک منقے دس درم طباشیر پانچ درم اسمین ملاوین مقدار خوراک پانچ درم

جوارش مقلیاثا — زحیر و مغص و بواسیر کو نافع ہی تخم ترہ تیزک بریان زیرہ کرمانی مدبر ہر ایک ایک درم مصطگی چھ درم ہلیلہ کابلی روغن گاو مین بریان کیا ہوا ڈیڑھ درم کوٹ کر چھانکر گلاب مین بناوین —

سوداوی کو دور کرے سکبینج صبر غاریقون تعل یالسویہ مقدار خوراک دو درم سے تین درم تک۔

حب حجر ارمنی ۔اسہال سودا کرے حجر ارمنی غاریقون ڈیڑھ درم سقمونیا آدھا درم قرنفل افتیمون مغسول ایک درم فیقرا بسفایج ہر ایک اڑھائی درم ہر ایک ربع درم حب بناوین مقدار خوراک تین درم۔

حب ممسک ۔ طبع کو قبض کرے اور خون نکلنے کو موقوف کرے سماق دو درم مازو ایک درم پوست انار نصف درم حب الآس دس درم عجم زبیب تین درم کوٹ کر چھانکر ساتھ آب کے یا لعاب صمغ عربی کے گولیان بناوین مقدار خوراک دو درم ساتھ آب مورد کے اور پیچھے اسکے آب سرد دیوین۔

نوع دیگر ۔ کہ اسہال خون کو باز رکھے مازو کزمازج افیون جملہ برابر ساتھ پانی کے حب بناوین مقدار شربت دو دانگ۔

نوع دیگر ۔ کہ اسی وقت شکم کو بند کرے افیون ایکدرم اقاقیا دس درم گل گز سماق حب الآس ہر ایک چار درم کوٹ کر چھانکر اس پانی مین کہ صمغ عربی جسمین گھولا ہو حب بناوین مقدار خوراک نصف مثقال۔

نوع دیگر ۔ کہ اسہال جدید و مزمن و سحج مخوف و قرحہ امعا و مقعد کو نافع ہی پوست انار ترش مازو سبز برابر کوٹ کر چھانکر سرکہ و پانی مین استقدر پکاوین کہ گولیان بنا سکین پس رہنے دین جب سخت ہو جاوے گولیان بنائین بقدر مرچ کے مقدار خوراک دس حب سے پندرہ حب تک ساتھ سرد پانی کے۔

نوع دیگر ۔ کہ اسہال دموی کو بند کرے ہلیلہ دس عدد حب الآس بیس درم عجم الزبیب پانچ درم سماق شک ہر ایک تین درم کوٹ کر چھانکر ساتھ آس پانی کے کہ گوندا سمین گھولا ہو گولیان بناوین اور سایہ مین خشک کرین مقدار خوراک دو درم ساتھ رب آس کے۔

نوع دیگر ۔ کہ بیچ منع کرنے روانگی شکم کے مجرب ہی سماق ایک درم مازو دو درم پوست انار نصف درم کوٹ کر چھانکر بقدر نخود کے گولیان بناوین مقدار خوراک دس گولی سے بیس گولی تک ساتھ زردی انڈے نیمبرشت کے

دیگر ۔ یہی عمل کرے پوست انار مازو خرنوب الشوک مینون برابر کوٹ کر چھانکر گولیان بنائین مقدار شربت ایک درم۔

حب زحیر ۔ کہ اسہال کہنہ اور زحیر کو نافع ہی اگر حرارت ہو تو جند بیدستر اسارون میعۂ سائلہ بزرالبنج سیاہ کندر مساوی ساتھ پانی کے حب بناکر مقدار دو درم کے کھاوین۔

حب الذرب ۔ کہ زلق الامعاء ذرب مزمن کو نافع ہی مازو سبز اقماع الرمان خرد گلنار خرنوب سماق کندر صمغ عربی مر زعفران بالسویہ کوٹ کر چھان کر ساتھ آب آس کے گولیان بناوین مقدار شربت دو درم ساتھ آب آس کے۔

حب مسکن ۔ کہ جو بیچ قولنج کے شدت درد سے خوف غشی کا ہووین درد کو موقوف کرے زنجبیل دار فلفل میعہ یالبسہ زعفران بزرالبنج ہر ایک ایک جز و افیون جند بیدستر ہر ایک ڈیڑھ جز و کوٹکر چھانکر بقدر نخود کے گولیان بناوین مقدار شربت آدھے درم سے ایک مثقال تک۔

فایدہ ۔ مکرر مذکور ہوا ہی کہ جب تک ضرورت شدید نہو بینا و استعمال کرنا مخدرات قوی کا منع ہی خصوصاً بیچ مزاج ضعیف کے

اور

اور لوگون نے کہا ہی کہ پینا مخدرات کا اُسوقت روا ہی کہ حصول آنکا مفید نہو اور حصول اُسوقت جایز ہی کہ طلا کرنا مخدرات کا درد کو ساکن نکرے —

حقنہ — کہ مفشی ریاح ہی سداب کو بیچ روغن زیت کے تین مرتبہ پکاوین یعنی ایک حصہ روغن زیت مین سداب پکاکر ملکر صاف کرلین پھر سداب جدید کو اسی روغن مین ڈال کر پکاوین اسی طرح دو مرتبہ اور پکاوین پس بیس درم اُس روغن سے لیکر جندبیدستر جاوشیر سکبینج ہر ایک آدھا درم اُسمین ڈالکر حقنہ کرین اور اگر درد شدید ہو افیون بقدر نخود کے داخل کرین

فایدہ — اس سبب سے کہ تدبیر حقنے کی اور تعریف محقنہ کی بیچ مفرح القلوب کے مفصلاً ہمنے لکھی ہی یہان بقدر ضرورت بطور اجمال کے لکھتے ہین چاہیے کہ لولہ محقنہ کا احسن یہ ہی کہ دو منفذ رکھتا ہو ایک واسطے دخول دوا کے دوسرا واسطے خروج ریح امعا کے جو منفذ کہ واسطے دخول دوا کے ہی وسعت اُسکی دونی دوسرے منفذ کی ہو اور اگر لولہ اس شکل کا موجود نہو اور ضرورت قوی داعی ہو تو لکڑا نی کا بھی کافی ہی کما ہو المعروف اور بہتر یہ ہی کہ رزق محقنہ کا تھیلی جلود سے ہو بشکل تھیلی دوختہ کے ایک کنارہ اسکا موافق شکل کدو کے ہو اور اسی کنارے کو مضبوط کرنا چاہیے تو اُترنا دوا کا آسان ہو اور اگر تھیلی ایسی موجود نہو مثانہ گاؤ کا بھی کافی ہی اور چاہیے کہ مقدار پانی کا پچاس مثقال سے زیادہ نہو اور بعض لوگ یہ کہتے ہین کہ اس سے کمتر جایز نہین ہی اور اکثر اطبا نے بیچ استعمال حقنہ کے صحیح ہونا اعضاے رئیسہ کا شرط جانا ہی اور حق یہ ہی کہ یہ شرایط بیچ وقت غیر ضروری کے ہین اور وقت ضرورت کے رعایت کرنا اُنکا ضرور نہین ہی اسلیے کہ وقت ضرورت کا واسطے میسر ہونے ان شرایط کے مہلت نہین دیتا ہی اور پانی حقنہ کا چاہیے کہ معتدل ہو رقت و غلظت و حرارت و برودت مین اسلیے کہ غلیظ باعث زحیر و قرحۂ امعا کا ہوگا اور بہت رقیق سبب انتشار و افساد کا اور بارد پیدا کرنے والا ریاح کا اور حار مورث غشی و کرب کا ہوگا اور جو پانی حقنہ کا نہ پھرے تدبیر اسکی یہ ہی کہ نصف پانی مقدار پہلے سے اور ڈالین تو یہ نصف پانی پہلے کو پھیر لاوے اور بہتر یہ ہی کہ پیش از حقنہ روغن مناسب و آب گرم سے حقنہ کرین اور جس شخص کو حقنہ واسطے قولنج و سرسام وغیرہ کے نہین کرتے ہین واجب ہی کہ نہار نکرین بلکہ پہلے اسکو کوئی چیز مقوی مانند گلقند و مصطگی کے کھلادین بعد اسکے حقنہ کرین اور محقون کو ہمیشہ کھانسی اور چھینک اور ہچکی سے لازم جانین —

حقنہ مسہلہ لینہ — انجیر زرد پانچ عدد سبوس گندم گل خطمی ہر ایک ایک کف تھیلی مین باندھکر برگ چقندر دس عدد بیچ دو رطل پانی کے پکاوین یہانتک کہ ایک رطل رہے پس صاف کرین اور بورہ ایک مثقال و روغن کنجد ایک اوقیہ ملاکر حقنہ کرین اور اگر چاہین کہ عمل قوی تر ہو شافہ کہ اسکو فرزجۂ بیضا کہتے ہین اور بحث شیاف مین مذکور ہوگا اس دوا مین

داخل کرین —

حقنہ معتدلہ — کہ قولنج کھوے حلبہ دو حصہ تخم کتان تخم شبت بابونہ خطمی لیتے ہین باندھکر خار خسک ہر ایک ایک حصہ عناب انجیر ہر ایک دس عدد پکا کر صاف کرین بعد اسکے روغن بید انجیر پانچ درم روغن کنجد دس درم نمک بورۂ ارمنی ہر ایک ایک درم شکر شرخ ایک حصہ ملا دین اور حقنہ کرین —

حقنہ — کہ قولنج بلغمی و درد پشت و ریاح غلیظہ کو نافع ہی حلبہ بزر گ قنطوریون بابونہ خشک نیمکوفتہ گل خطمی ہر ایک ایک کف انجیر تیس عدد عناب سپستان ہر ایک تیس دانے سبوس گندم برگ چقندر برگ کرنب شبت سداب ہر ایک ایک دستہ سکبینج مقل جاؤشیر ہر ایک تین درم مغز تخم کافیشہ بیس درم پکا دین اور ملکر صاف کرین جیسا کہ معمول ہی اور نمک ہندی ایک درم بورہ ارمنی تخم حنظل ہر ایک دو دانگ جند بید ستر نصف درم آبکامہ شکر سرخ ہر ایک بیس درم اضافہ کر کے حقنہ کرین —

حقنہ دیگر — کہ قولنج کھوے سناء مکی پانچ مثقال گاوزبان شبت ہر ایک تین درم رازیانہ انیسون بسفائج ہر ایک دو درم بابونہ سبوس گندم گل خطمی ہر ایک ایک کف گل سرخ تازہ بارہ عدد روغن زیتیا روغن گل آب برگ چقندر ہر ایک دس مثقال آبکامہ گلقند ہر ایک دس درم بورۂ ارمنی نصف درم پکا کر ملین و صاف کرین جیسا کہ معمول ہی اور کام مین لاوین —

حقنہ — کہ قولنج کو جو ورم گرم سے ہو نفع دے برگ لبلاب جو مقشر ہر ایک دو اوقیہ آب برگ خطمی ایک اوقیہ برگ نیلوفر بابونہ برگ کرنب ہر ایک ڈیڑھ اوقیہ عناب بیس دانہ سپستان تیس دانہ پرسیاوشان چار درم بیخ سوسن پانچ درم تین من پانی مین پکا دین یہانتک کہ ایک من رہے پس صاف کرین اور چہارم حصہ اس سے لیکر روغن بنفشہ روغن بادام روغن نیلوفر چربی مرغ کی ہر ایک پانچ درم اضافہ کر کے حقنہ کرین —

حقنہ لینہ — کہ قولنج خفیف کو نافع ہی عناب بیس دانہ سپستان چالیس دانہ انجیر پانچ عدد تخم خطمی سبوس گندم ہر ایک ایک کف بابونہ بنفشہ جو نیمکوفتہ خسک ہر ایک دس درم پکا کر صاف کرین اور مقدار دو ثلث رطل کے اس سے لیکر شکر سرخ ایک اوقیہ روغن کنجد ڈیڑھ اوقیہ بورۂ ارمنی ایک درم داخل کر کے نیم گرم حقنہ کرین —

حقنہ — کہ تسکین لذع صفرا و حرارت کرے عناب سپستان بیخ خطمی نخالہ پکا دین اور خیار شنبر اسمین حل کرین اور صاف کر کے حقنہ کرین اور اگر روغن کدو تر ملا دین —

حقنہ دیگر — کہ یہی عمل کرتا ہی روغن گل روغن بنفشہ روغن نیلوفر روغن کدو سفیدی انڈے کی شیر میش سب کو یکجا کر کے حقنہ کرین کہ حرارت احشا کی بجھاوے —

حقنہ ملینہ — کہ باوجود تپ و سرسام کے کر سکتے ہین آب چقندر ایک سکرجہ لیکر بورہ یکدرم و روغن بنفشہ ایک اوقیہ ملا کر حقنہ کرین

حقنہ دیگر — اگر تپ نہو استعمال کرین سبوس گندم

ایک کف جوش کرکے شکر سرخ تیس درم بورہ ارمنی دو درم روغن کنجد ایک اوقیہ ملا کر حقنہ کرین۔

حقنہ۔ کہ زخم امعا اور اسہال صفراوی کو نافع ہی آب برگ خرفہ آب بارتنگ ہر ایک چار مثقال تخم مرغ روغن گل مین ملا ہوا ایک عدد اقاقیا نصف درم دم الاخوین چار دانگ کاغذ سوختہ کہربا سپیدہ رانگے کا مرجان گل مختوم ہر ایک ایکدرم ملا کر استعمال کرین۔

حقنہ۔ کہ قروح امعا و اسہال دموی کو نافع ہی کشک جو برنج شستہ پیہ گردہ بز ہر ایک تیس مثقال پکا کر صاف کرین اور سپیدہ رانگے کا اور نشاستہ اقاقیا گلنار ہر ایک نصف درم زعفران شیاف ابیض ہر ایک ایک درم زردی انڈے کی ایک عدد بیچ نو درم روغن گل کے حل کرین اور ملا کر حقنہ کرین۔

دیگر۔ کہ ۔۔۔ کی تحلیل کرتا ہی پانی برنج کا پست جو مطبوخ پیہ بز غیر ملیح ہر ایک چار اوقیہ سپیدہ رانگے کا کاغذ سوختہ صمغ عربی اقاقیا دم الاخوین ہر ایک ایکدرم ادویہ باریک کرکے اس مین ملاوین اور زردی انڈے کی تین عدد سرکہ مین جوش کرکے روغن گل نصف اوقیہ مین ملا کر نیمگرم حقنہ کرین۔

حقنہ۔ کہ زحیر شدید کو نافع ہی اور پینا اسکا بھی مفید ہی پانی چاول مطبوخ کا لیکر ساتھ دودھ تازہ کے ملا کر پکاوین تو گاڑھا ہو جاوے صمغ عربی تھوڑا اسمین ملا کر پلاوین یا حقنہ کرین۔

حقنۂ دیگر۔ کہ زحیر ورحی کو نافع ہی جو مقشر و برنج و گل سرخ پکا کر صاف کرین اور روغن گل ملا کر نیمگرم حقنہ کرین۔

حقنہ۔ واسطے اسہال صفراوی و گرانی کے کہ ساتھ تپ و سدہ کے ہو نافع ہی اور مجرب تخم خبازی دو درم گل بنفشہ ہلیلہ زرد ہر ایک پانچ درم نیلوفر تین درم جو مقشر چار درم سپستان عنب الثعلب اڑھائی درم تخم کدو سات درم بو لا لیق کو سٹنے کے ہی نیمکوب کرین اور جوش کرکے صاف کرین اور لعاب اسبغول دس درم روغن تخم کدو آٹھ درم شیر خشت نو درم ملا کر حقنہ کرین۔

فایدہ۔ اطباے قدیم نے استعمال ہلیلہ کا اور مانند اسکے جو مسہل بصر ہی منع کیا ہی حقنے مین اور بعضے متاخرین نے جایز رکھا ہی چنانچہ شرح اسباب مین بیچ علاج سرسام صفراوی کے ہلیلہ بیچ حقنے کے لکھا ہی اور صاحب تحفۃ المومنین نے اسی نسخہ کو اپنے مجربات سے کہا ہی اور اوپر دلیل امتناع استعمال خاصرات کے حقنے مین کلام کیا ہی لیکن نزدیک اس ہیچمدان کے ترک کرنا مختلف فیہ کا اولی ہی یا اللہ مگر ضرورت داعی ہو اور نفع بہت کی امید ہو استعمال ممنوع کا کر سکتے ہین اور امتناع عقلی صاحب تحفۃ المومنین کا مخدوش ہی۔

حقنہ۔ زرنیخ واسطے زحیر و اسہال و قرحۂ امعا و تحلیل ریاح کے قدما کا مجرب ہی نانخواہ بکسمات سوختہ زرنیخ سرخ و زرد شب یمانی مازو سنگ آہک آب نا دیدہ ہر ایک ڈیڑھ جزو اقاقیا بلوط صمغ عربی دم الاخوین ہر ایک چار جزو راسخت ایک جزو افیون پندرہ جزو کوٹ کر چھان کر ساتھ آب مویز و آب مورد کے گھول کر قرص بنا وین اور ایک مثقال اس سے ساتھ پانی برنج مطبوخ کے کہ تیس مثقال

ہو اور روغن گل کہ پانچ مثقال ہو ملا کر حقنہ کرین۔

دیگر۔ کاغذ سوختہ شب یمانی زرنیخ سرخ عصارۂ حصرم توبال مس زعفران افیون آہک سرونا کردہ بیچ طبیخ حب الآس کے ملاکر اقراص بنادین اور بقدر مثقال کے یا کم زاید لیکر ساتھ عصارۂ بارتنگ کے ملا کر حقنہ کرین۔

دیگر۔ کہ عجیب الاثر ہی داغ کرتا ہی اور درد نہین لاتا ہی زرنیخ زرد آہک ہر ایک دو جزو افیون دم الاخوین کندر ہر ایک ایک جزو کوٹ کر چھان کر روغن بناوین اور تھوڑا اس سے ساتھ جوشاندے خشخاش وگل سرخ کے ملا کر حقنہ کرین۔

فائدہ۔ جو وقت جانین کہ قروح امعا کے ساعی و عفن ہین چاہیے کہ ماء العسل سے جو قلیل الماء ہو حقنہ کرین تو قرحہ وسخ سے پاک ہو جاوے اور یہ مکرر کرین بعد اسکے ساتھ پانی اور نمک کے حقنہ کرین تو بیچ تنقیہ کے کچھ ریب وشک نرہے بعد اسکے واسطے اندمال کے ساتھ آب بارتنگ کے کہ گل مختوم کو اسمین ملایا ہو حقنہ کرین اور جب مرض طویل ہو جاوے لیکن ابھی تک قرحہ غائر نہوا ہو حقنہ زرنیخ کا استعمال کرین اسلیے کہ اسکے استعمال مین یہ شرط ہی کہ قرحہ ابتدا مین نہو ورنہ باعث زیادتی تقرح کا ہوگا اور اسی طرح غایر نہوا ہو ورنہ یہ موجب سوراخ امعا کا ہوگا اسلیے کہ حقنہ زرنیخ کا جرم کو چھیل ڈالتا ہی اور دلیل اوپر غایر ہونے قروح کے نکلنا خراطہ ثخین کا اور بہت دراز ہونا مرض کا اور حاصل ہونا تکلیف کا ہی بالجملہ بیچ استعمال اس حقنے کے احتیاط واجب ہی اور رعایت کرنا شرایط مسطور کا ضرور ہی تا اور آفت کو نہ پہونچاوے۔

حقنہ۔ کہ قرحہ کو پاک کرے اور اندمال کو پہونچاوے آب عسل و آب نمک و مانند اسکے جو چیز کہ جلی ہو لیکر سفیدہ رانگے کا دشادنہ و کہربا و سرمہ و کاغذ سوختہ و مانند اسکے باریک کر کے اسمین ملادین اور حقنہ کرین

حقنہ۔ کہ واسطے قروح امعا کے نہایت مفید ہی اور اگرچہ زرنیخ نہین رکھتا ہی لیکن نفع مین قریب نفع حقنہ زرنیخ کے ہی اور حاوی کبیر سے منقول ہی عدس مقشر گلسرخ اور گلنار خشخاش جو مقشر پکاوین وصاف کرین اور دم الاخوین کندر سفیدہ رانگے کا اور اقاقیا کوٹ کر چھان کر گوند کے پانی مین گھول کر اقراص بناوین اور چار درم ان اقراص سے بیچ تین اوقیہ جوشاندے مذکور کے ملادین اور روغن گل نصف اوقیہ اسمین ملا کر حقنہ کرین۔

حقنہ سہل الوجود۔ کہ اسہال و قروح امعا کو نافع ہی جوشاندہ چاول کا خصوصاً چاول سرخ کا لیکر جوش کرین تو غلیظ ہو اور قوام عسل کا حاصل ہو بعد اسکے عمل کرین۔

حقنہ۔ کہ اسہال دموی کو روکے آب عصی الراعی ساتھ آب بارتنگ کے لیکر اقاقیا و طراثیث و مانند انکے ملاوین و حقنہ کرین اور اگر خون خالص متواتر آتا ہو جس مین قاطع الدم سے حقنہ کرین مانند صوف سوختہ کے کہ بیچ زفت رطب کے یا بیچ سرگین بط جب کے اور مانند انکے کے ڈبویا ہو۔

حقنہ کہ ثقل متحجر کو جو مانند جوز کے ہو گیا ہو اور درد پیدا کرے نافع ہی اور یہ بیچ قروح امعا کے اکثر ہو جاتا ہی اکارع کو جوش کرکے اور روغن اُسمین ملا کر حقنہ کرین اور بھی اس سے اوپر امعا کے نطول کرین کہ بنادق کو نکالتا ہی اور درد کو موقوف کرتا ہی۔

حمول۔ کہ واسطے زحیر کے مجرب ہی زردی انڈے کی روغن گل مین ملا دین اور مرداسنگ مغسول وصمغ عربی وسفیدہ رانگے کا باریک کرکے اُس مین ملا دین اور ایک کپڑا اسمین آلودہ کرکے دبر مین رکھین

حمول۔ کہ قولنج ریحی کو نافع ہی اور ریح کو اسفل سے بہت نکلے اور اس امر مین عجیب ہی برگ سداب تازہ زیرہ نانخواہ نمک نان برابر کوٹ کر شہد مین ملا دین اور کپڑا اسمین آلودہ کرکے حمول کرین اور ایک دھاگا کپڑے مین بندھا رکھین تو وقت حاجت کے کپڑے کو باہر نکال سکین اور ایک نسخہ مین ایسا لکھا ہی کہ برگ سداب تازہ زیرہ ہر ایک ایک کف بخور مریم عرطنیثا ہر ایک دو درم بورہ ایک درم شہد مین ملا کر ساتھ صوف کے حمول کرین۔

حمول دیگر۔ کہ ریح کو دور کرے سداب کو پکا کر ساتھ ماء العسل کے ملا دین کہ مانند خلوق کے ہو جاوے نصف اُسکے زیرہ اور ربع اُسکے نطرون ملا کر بلوط بنا دین بمقدار چھ انگل کے۔

حمول دیگر۔ کہ ریح کو باہر نکالے تخم سداب جند بیدستر ساتھ شہد و زہرہ گاو کے و بورق کہ ہر ایک نصف مثقال ہو ملا کر حمول کرین

حمول دیگر۔ سکبینج مقل بورۂ ارمنی حنظل خطمی کوٹ کر بلوط بنا دین و حمول کرین۔

حمول۔ واسطے دود صغار کے کہ بیچ معا مستقیم کے پیدا ہوتے ہین نافع ہی خصوصاً لڑکون کو لتہ ساتھ زہرہ گاو کے یا نفط سیاہ کے یا قطران کے آلودہ کرکے دبر مین رکھین اور آب نعناع و آب برگ شفتالو یہی عمل کرتا ہی اور صبر مسحوق کہ سرکہ مین ملا کر لتہ کو اسمین آلودہ کرکے حمول کرین یہی عمل کرتا ہی۔

حرف الدال

دحمرثا۔ معنی اسکے بادمہرہ ہین یعنی ساکن کرنے والا ریاح کا اور بعض لوگون نے ترجمہ اُسکا مدر حیض لکھا ہی بالجملہ دحمرثا نسخہ قدما کا ہی واسطے قولنج ریحی و بلغمی کے اور ریاح احشا کے نفع تمام کرتا ہی حلبہ ہزار اسپند ہر ایک تیس درم درونج عقربی عاقرقرحا فلفل دارفلفل اسارون سلیخہ قسط زعفران زنجبیل ہر ایک دو دو درم کوٹ کر چھان کر ساتھ شہد کے ملائین مقدار شربت دو درم۔

دوار الفرس۔ واسطے ضعف امعا و معدے کے جو بسبب برد و رطوبت کے ہو نافع ہی اور بیچ ادویہ معدے کے گذری۔

دوا۔ کہ حب القرع و کرم دراز کو مار ڈالے اور اخراج کرے قنبیل ترخس حب النیل ترمس ہر ایک نصف درم درمنہ ترکی دو درم تربد سفید برنگ کابلی مقشر ہر ایک ایک درم نمک ہندی ایک دانگ

کوٹکر چھان کر ساتھ دودھ و شکر کے ملاکر پیین ۔

دوار دیگر ۔ کہ یہی کام کرے برنگ کابلی مقشر تین درم تربد سفید دو درم قنبیل ایک درم حب النیل نمک ہندی ہر ایک نصف درم کوٹ کر چھان کر ساتھ مویز منقے کے گھول کر تناول کرین ۔

دوار دیگر ۔ کہ یہی عمل کرے اور مجرب ہی اور اکثر مردم مین دیکھا ہی کہ اس دوا سے تھیلی حب القرع کی پانچ گز کی لانبی نکلی ہی سرخس قنبیل حب النیل شیح ارمنی خشیرک خراسانی انیسون تربد افسنتین برگ شفتالو ترمس ہر ایک تین درم مقل ازرق سقمونیا ہر ایک ثمن درم کوٹ کر چھانکر ساتھ شراب اصول کے گولیان بناوین اور کھاوین پیچھے اسکے مغز جوز تنقل کرین اور آب گرم جرعہ جرعہ پیین ۔

دیگر ۔ کہ یہی عمل کرتا ہی کبیلا دارو فلفل سفید قنبیل برنگ کابلی مقشر نمک ہندی ہر ایک پانچ درم قسط ترمس مرمکی ہر ایک سات درم شیح دس درم تربد پندرہ درم مقدار شربت پانچ درم ساتھ آب راسن تازہ کے ۔

دیگر ۔ کہ حیات یعنی کرم دراز کو نکالے برنگ کابلی مقشر ہلیلہ زرد آملہ ہر ایک ساڑھے پانچ درم تربد تیرہ درم قند سفید برابر سب کے مقدار خوراک چھ درم گرم پانی کے ساتھ

دیگر ۔ کہ دیدان عراض کو نکالے برنگ کابلی مقشر سات درم بہت بھوک مین کھاوین ۔

فایدہ ۔ جو دوا واسطے دیدان کے کھاوین چاہیے کہ تین دن پہلے دودھ پیین ہر صبح کو اور چوتھے دن سوراخ ناک کا بند کرکے دوا کو ساتھ تازے دودھ

و سرکہ انگوری کے ملاکر بہت بھوک مین پیین ۔

دوار ۔ کہ دیدان صغار کو جو نزدیک مقعد کے پیدا ہوں اور کھجلی لاوین فایدہ کرے اور یہ مرض اکثر لڑکون کو ہوتا ہی زیت ریحانی یا روغن خستہ زرد آلو یا روغن خستہ شفتالو یا نفط سفید یا زہرۂ گاو کا مرود ج بصبر طلیس جوانمین سے میسر ہووے روئی کو اسمین آلودہ کرکے حمول کرین اور عمل دوسرا کہ عورتون مین مشہور ہی اخراج دیدان کبیر کا کرنا ہی وہ یہ ہی کہ لڑکے کو اوندھا لٹا کر اسکی مقعد کو تھوڑا تھوڑا کھجلاوین اور کھولین مقابل چراغ کے جو کیڑا کہ ظاہر ہو نکال لیوین ۔

دوار ہندی ۔ جس شخص کو قولنج بسبب ریح یا بلغم کے اکثر ہوتا ہو چاہیے کہ مقدار پانچ درم کے آرد گندم لیکر ایک دام زرد چوب باریک کرکے اسمین ملاوین اور پانی مین گھول کر روٹی اسکی لگاوین اور ساتھ گھی و شکر سرخ کے ملکر وقت صبح کے کھاوین تین دن تک اسی طرح کرین لیکن جاننا چاہیے کہ یہ دوا عین حدوث علت مین نہ کھاوین اسلیے کہ اسوقت مین بدون نکالنے مادہ کے کوئی اور تدبیر نہین ہی لیکن بعد زوال اسوقت کے حالت صحت مین واسطے قلع مادے قولنج کے جو دورہ کرتا ہی استعمال اس دوا کا کرین کہ مجرب ہی ۔

دیگر ۔ واسطے قولنج و درد شکم کے مجرب ہی ناگیسر قرنفل الایچی زنجبیل صندل کنول گٹا خس نیلوچن ناگرموتھ کشنیز اگر سیاہ زیرہ سیاہ چھرنتر بالا پیپل دراز تگر جملہ برابر اور ہمچند سب کے نسوت اور اسیقدر شکر جملہ کو کوٹکر چھان کر ساتھ شہد کے گولیان بمقدار بڑے جا پھل کے بناوین

اور ہر روز ایک حب نہار کھاوین ہفتہ تک اور ایک
ہفتہ ترک کرین اسی طرح چالیس دن کھاوین درد
مزمن دور ہو جاوے اور پرہیز شے ثقیل و بادی
سے لازم ہی ـ

دوا مسہل ـ کہ مقدار قلیل اسکی عمل کثیر کرتی ہی
جمالگوٹہ پوست وغیرہ سے پاک کیا ہوا ایک دام آملہ
چار دام باریک کرکے ساتھ پانی لیموکے کھرل کرین اسقدر
کہ اکتیس لیمو کا پانی خرچ ہو پس بقدر نخود گولیان بناوین
اور ایک حب نہایت تین حب اسہال خوب لاتی ہین
بغیر اذیت کے اکثر مزاجون مین ـ

دوا مسہل دیگر ـ کہ یہی عمل کرتی ہی جمال گوٹہ سرگین
مین پکاکر پوست و سبزی اسکی دور کرکے کوٹین اور
روغن اسکا نکالین اور وقت حاجت کے دو تین
قطرہ اس سے ساتھ شربت نبات کے اور مانند اسکے
تناول کرین تین چار دست فراغت سے آتے ہین
بغیر تکلیف کے ـ

دیگر ـ کہ بلغم لسبتہ کثیر المقدار کو نکالتی ہی اور امراض اعضای
سفلی کو اور درد مزمن پائون کو دور کرتی ہی ہلیلہ
کلان زرد چوبہ نمک لاہوری ہر سہ برابر کوٹکر چھانکر
ساتھ شیرہ پھل اندراین کے تین دن تک کھرل کرین
اور بقدار کنار صحرائی کے گولیان بناوین خوراک اسکی
موافق مزاج کے ایک گولی سے سات گولیان تک
اور طریق اسکے کھانے کا یہ ہی کہ بعد تناول دوا کے
جب دو گھڑی گذرین کھچڑی منقشر ساتھ بہت روغن کے
کھاوین اسلیئے کہ جو روغن مصلح اندراین کا ہی البتہ
روغن بہت کھانا چاہیے اور اس دوا سے اکثر بلغم
لسبتہ مسطح دفعتہ نکلتا ہی ـ

دیگر ـ کہ طلا کرنے سے اوپر پیٹ کے دست آتا ہی سرگین
کبوتر ساتھ شہد کے گھول کر اوپر ناف کے رکھین ـ

دیگر ـ کہ قبض و سدہ جو بیچ شکم لڑکے کے ہو رفع کرے
بادیان پشک موش دونون برابر باریک کرکے ساتھ
نیم گرم پانی کے نیچے ناف کے طلا کرین اور اوپر اسکے برگ
ترب یا برگ تنبول باندھین ـ

دوا ـ کہ درد شکم اور درد ہر جگہ کو جو بسبب حرارت
کے ہو نفع کرے اور مجرب ہی آرد ماش سیاہ
آب مین خمیر کرکے تھوڑا نمک بھی ملاکر ایک طرف سے
اوپر توے گرم کے رکھین تو پک جاوے پس اتار کر
طرف خام اسکے مین روغن کنجد یا روغن گل ملکر عضو پر
باندھین اور اگر تھوڑا مین پھل کہ عربی مین اسکو
جوز القے کہتے ہین بھی ملاوین قوی تر ہو اور اگر
کسی کو بوے بد سے نفرت ہو حلتیت بھی تھوڑی
ملالیوے ـ

دیگر ـ کہ قولنج کھوے اور حبس بول کو بھی نافع ہی اور بیچ
کتب اہل یونان کے بھی مرقوم ہی فلوس خیار شنبر آب
خالص مین یا عرق بادیان مین یا گلاب گرم مین بقدر
حاجت کے ملین اور صاف کرین اور روغن بیدانجیر
تازہ نکلا ہوا موافق حاجت زیادہ کرکے پیین
قدر معتدل فلوس کا تین دام اور روغن کا
ایک دام ہی ـ

دوا ـ کہ واسطے اسہال صفراوی و دموی و بلغمی

وپیچش شکم کے نافع ہی اور ساتھ تپ کے بھی دے سکتے ہین اور اس جوشاندہ کو اہل ہند دہانا پنچک کہتے ہین دوا سے مبارک ہی اور مجربات سے تخم گشنیز موتھ بالا سیفند زنجبیل مغز بل ہر ایک پانچ ٹانک نیمکوب کر کے تین حصہ کرین اور ہر صبح کو ایک حصہ پانی مین جوش کرین جب چہارم حصہ رہے صاف کر کے پیین اور ادویہ جوش کی ہوئی کو پھر آخر دن جوش کر کے اور صاف کر کے پیین اور غذا خشکہ برنج تنہا یا ساتھ دال مسور کے یا ساتھ دال مونگ بریان کے کرین اور اگر تپ نہو وہی کبھی کبھی ہمراہ طعام کے دینا چاہیے اور جس جگہ اسہال کہنہ وقوی ہون دینا چاہیے اور اگر تین دن مین نفع نہو تین چار دن دو ہفتہ سے تین ہفتہ تک دین اور جب حرارت و تپ ہو یا اسہال خونی ہون زنجبیل کو موقوف رکھین اور صندل یا فوفل یا طباشیر یا خس اضافہ کرین اور واسطے تپ کے گلو داخل کرین اور واسطے اسہال خونی کے اور جس جگہ کہ بواسیر خونی ساتھ اسہال کے مرکب ہو عوض زنجبیل کے گل دھاوا اور اندر جو ڈالین اور اس درویش نے بیچ اسہال کے جو ساتھ حرارت کے ہو و پیچش بھی مطبوخ مذکور مین عوض زنجبیل کے تخم خطمی تخم خبازی اور گلو کو ملایا ہی اور کبھی طباشیر کو بھی علاوہ انکے ملایا ہی نفع بہت دیکھا اور واسطے سرفہ و تپ دق کے بھی بہت مفید پایا۔

فایدہ۔ بیچ اسہال کے تدبیر عمدہ تقلیل و تلطیف غذا ہی اور اعتقاد اطباے ہندیہ کا یہ ہی کہ دوا کو جو جوش کیا چاہین پانی مین ڈال کر فوراً جوش دین اور قبل از جوش نہ بھگوئین کہ خاصیت دوا کی جاتی رہتی ہی

دوا۔ کہ واسطے اسہال و پیچش کے کہ کسی دوا سے نہ جائے فایدہ کرے ہلیلہ اجواین زیرہ سفید ہر ایک آٹھ درم جدا جدا بریان کر کے کوٹین و چھانین و ہر دن پانچ درم ساتھ دہی چکیدہ کے کھا دین۔

دیگر۔ کہ یہی عمل کرتی ہی لال زنجبیل شکر تری ہر ایک ایک درم ساتھ پانی سرد کے کھا دین۔

دیگر۔ کہ واسطے پیچش شکم کے جو ساتھ خون کے ہو یا بدون خون کے مجربات سے ہی اور کمتر ہی کہ نفع نہ کرے ہلیلہ سیاہ خرد کہ ہندی مین زنگی ہڑ کہتے ہین روغن مین چرب کر کے بیچ باسن لوہے کے بریان کرین تو پھول جاوے لیکن جلنے نہ پاوے پس کوٹ کر چھانکر ساتھ ہمچند اسکے شکر سفید ملا کر نصف تولہ اس سے ساتھ پانی کے دین اور غذا برنج و ماست کرین۔

دیگر۔ کہ اسہال دموی و صفراوی کو حبس کرے طباشیر آملہ موچرس ہلیلہ جملہ برابر کوٹ کر چھانکر ہر دن دو درم ساتھ سرد پانی کے کھا دین۔

دیگر۔ کہ اسہال ہر قسم کو بند کرے اور سنگرہنی کو کہ عربی مین ذرب کہتے ہین نفع کرے صمغ کتیرا تخم اسبغول ہر ایک دس درم شکر سفید پانچ درم کوٹکر چھانکر ہر دن چار درم ساتھ آب سرد کے نہار کھا دین صحت پا دین۔

فایدہ۔ اطباے یونان نے تناول کرنا اسبغول کوفتہ کا منع کیا ہی ساتھ اسکے اکثر آدمیون مین دیکھا گیا کہ ضرر نہین کیا پس احتمال ہی کہ ضرر اسکا بیچ مقدار معین کے اور

بیچ صورت خاص اور ترکیب خاص کے ہو لیکن باوجود اس امر کے نہ تناول کرنا اسکا احتیاط ہی —

دوا — کہ واسطے اسہال و پیچش کے مجرب ہی مغز بیل ہو چرس خستہ کہنہ ابنہ ہر ایک ایکدرم جائپھل ایک عدد افیون بمقدار نخود کوٹکر چھانکر بمقدار ایک کف کے یا کم یا زاید ہو موافق حاجت کے اور موافق قوت مریض کے دین —

دوا — کہ واسطے سنگرہنی کے مجرب ہی پوست سنگدان خروس قرنفل ہر ایک ایک تولہ کوٹ کر چھانکر سب کو کھاوے اسیطرح تین دن عمل مین لاوے ذرب مزمن دفع ہو جاوے اور اگر جانین کہ مزاج کسی شخص کا متحمل نہوگا پس ایک ایک تولہ اس دوا سے نو دن دین —

دوا — کہ واسطے زحیر کے مجرب ہی زنجبیل بادیان مغز بیل ہر ایک سات ماشہ نبات دس ماشہ کوٹ کر چھانکر پہلے دن سات ماشہ دین دوسرے دن دس ماشہ تیسرے دن چودہ ماشہ ساتھ پانی کے —

دوا — کہ واسطے اسہال و سحج و زحیر و مغص و ضعف معدے کے نافع ہی بنگ مدبر چار تولہ مصطگی بادیان نیم بریان ہر ایک ایک تولہ کوٹ کر چھان کر ایک ٹانک کہ ساڑھے تین ماشہ ہی ساتھ آب سرد کے کہ رات کا رکھا ہو دین اور احتیاط غذا مین مرعی رکھین طریق[1] مدبر کرنے بنگ کا کہ عربی مین قصب کہتے ہین یون ہی کہ بنگ قسم اول صاف کرکے روغن بنفشہ یا دام یا روغن بادام مین یا روغن گاؤ مین چرب کرین اور علف سبز کہ ہندی مین اسکو دوب کہتے ہین لیکر شیرہ اسکا نکالین اور تھوڑا شیرہ نا نخواہ نکال کر دونون شیرہ

بنگ مین ڈالکر ہاتھ سے ملین اور اوپر سفال نو آب نارسیدہ کے نرم آگ پر بھونین بعد اسکے آتارین بعد سرد ہونے کے پھر شیرہ ہاے مذکور ملاکر بریان کرین اسیطرح سات مرتبہ بریان کرین بعد اسکے کام مین لاوین —

دوا — کہ پہلی دوا سے نافع تر ہی بنگ مدبر چار ٹانک مصطگی انار دانہ کوکنار نیم برشتہ ہر ایک ڈیڑھ ٹانک زنجبیل نیم برشتہ بیل کشنیز خشک بریان ہر ایک ایک ٹانک صمغ عربی ربع ٹانک کوٹ کر چھان کر ساتھ پانی سرد باسی کے ہر صبح کھاوین —

دوا — کہ واسطے اسہال و ذرب کہنہ کے مجرب ہی سنگ بصری زرد پشت بریان کیا ہوا جاوتری دونون برابر باریک کرکے آدھے ماشے سے شروع کرین اور تدریج چار ماشہ تک دیسکتے ہین اور بعض لوگ جاوتری کو نصف سنگ بصری کے ڈالتے ہین اور بعض لوگ بار تنگ بھی ملاتے ہین برابر سب کے بہر تقدیر ہمراہ پانی کے کھلاوین اور متصل اسکے کئی لقمہ فرغن کھلانا چاہیے تو تدارک ضرر بصری کا ہووے اور اگر حاجت باقی رہی ہو پھر ایک ہفتہ تک دین کہ سنگرہنی مرض برطرف ہوتی ہی اور طریق[2] بریان کرنے سنگ بصری کا یہ ہی کہ سنگ بصری کو آگ مین لال کرکے گلاب مین اکیس[21] بار سرد کرین اور اگر سو بار سرد کرین بہتر ہووے اور بعض لوگ سنگ بصری کو بیچ پیون انار کے لپیٹ کر آگ مین لال کرکے گلاب مین سرد کرتے ہین اور بعض لوگ جغرات مین سرد کرتے ہین اور بعض لوگ

[1] طریق بریان کرنا بنگ کا ۱۲

[2] طریق بریان سنگ بصری کا ۱۲

آب لیمو مین اور اس درویش کا مختار یہ ہی کہ سنگ بصری کو فقط آگ مین سرخ کرکے دس بار گلاب مین سرد کرین اور دس بار خیرات مین اور دس بار آب لیمو مین اور دس بار آب برگ انار مین —

دوا — کہ اسہال خونی کو بند کرے رال جو پان کے ساتھ کھاتے ہین اور مغز بیل ہر سہ برابر کوٹ کر چھانکر مقدار قوت کے دین —

دیگر — کہ انواع اسہال کو حبس کرے خستہ خرمائے ہندی کوٹ کر چھانکر سہ ماشہ ساتھ خیرات گاوی کے دین —

دوا — کہ جو اوپر شکم کے طلا کرین اسہال کو حبس کرے آملہ کو باریک پیسین ساتھ پانی کے یا دوغ کے اور گرد ناف کے دیوار اٹھاوین اور درمیان اسکے شیرہ ادرک کا بھر لین در ایک ساعت رہنے دین اور مکرر البا کرین

دیگر — جائپھل تخم ابنہ کہنہ مغز بیل ہر ایک نصف تولہ افیون ایک ماشہ ہمراہ آب گلاب کے پیسکر اوپر شکم کے طلا کرین —

دوا — سہل اور کثیر النفع کہ بیچ اسہال و ہیضہ کے اثر تمام رکھتی ہی تخم ترب بریان کوٹ کر چھان کر نصف تولہ لیکر ساتھ شہد برابر کے ملا کر دین —

دیگر — کہ بیچ حبس اسہال کے قوی اور مجرب ہی سہاگہ بریان ایک حصہ شنگرف دو حصہ افیون چار حصہ باریک کرکے دو حصہ کرین ایک حصہ کو ساتھ شہد کے گولیان بناوین مقدار مرچ کے اور دوسرے حصے کی گولیان ساتھ آب لیمو کے پس اگر اسہال رات کو زیادہ ہو حب عسلی دین اور اگر دن کو غالبہ کرتا ہی حب لیموئی دین

دوا — کہ کرم شکم کو دفع کرے اجواین کرمانی مغز کرنجوہ بلاس پاپڑہ کیلا یا برنگ ہر ایک ایکدرم کوٹکر چھانکر ساتھ قند سیاہ کے ملاوین اگر آدمی کلان ہی اور غلبہ کرم کا بہت ہی جملہ کی دو خوراک کرین اور بیچ اطفال کے باعتبار سن کے دین اور طریق اسکے کھلانے کا یہ ہی کہ بعد تناول طعام اور پینے پانی کے وقت خواب کے ہمراہ شربت قند سفید کے کھا کر سو رہین صبح کو سب کیڑے گر پڑینگے —

دیگر — کہ مجرب ہی مردار سنگ پسا ہوا ایک درم ساتھ نو درم روغن کنجد کے کھاوین —

فائدہ — مرداسنگ جملہ سموم سے ہی اور اہل یونان اسکے تناول سے اجتناب تمام رکھتے ہین لیکن اہل ہند اکثر امراض مین اسکو بے وسواس دیتے ہین جو دوغن مصلح اسکا ہی اور بے مصلح کے نہین دیتے مضرت بھی نہین کرتا ہی لیکن ساتھ اسکے جبتک دوائے غیر سمی سے کام نکلے استعمال اسکا بیچ مزاج پاک طبعون کے نچاہیے

دیگر — کہ بڑے کیڑون کو گراوے زیرہ کرمانی کوٹا چھانا ہوا ایک کف کھاوین —

دیگر — راکھ شم ستور کی ساتھ شہد کے کھا دین کرم کدو دانہ گر پڑین لیکن بہتر یہ ہی کہ پہلے کباب کھاوین بعد اسکے یہ دوا ناک بند کرکے استعمال کرین —

دیگر — کہ انواع کیڑون کو گراوے برگ نیم بابرنگ کمیلا ہر ایک دو درم کوٹ کر چھان کر ساتھ شہد کے ملا کر کھاوین —

دیگر — کہ چھوٹے کیڑون کو کہ ہندی مین چنّے کہتے ہین اور اکثر لڑکون کو یہ مرض ہوتا ہی نفع کرے

برگ بھنگرہ سیاہ برگ دھتورہ سیاہ برگ تنبول ہر سہ کوٹ کر شیرہ نکالین اور ہر دن دو مرتبہ انگلی سے سر سے مقعد مین ملین۔

دیگر۔ کہ یہی عمل کرتی ہی پتے نرم درخت ارنڈ کے ہاتھ مین ملکر شیرہ اسکا مقعد مین لگاوین۔

دوا۔ کہ خراطین وغیرہ کو نکالے پوست درخت انار کہنہ خصوصاً کہ ترش ہو بمقدار چار درم کے لیکر پانی مین جوش کرین جب تھوڑا پانی رہے صاف کر کے پیین اسی طرح ہر نہار عمل مین لاوین یہانتک کہ امعا پاک ہا جاوین۔

حرف الراء

روغن بہی۔ امعا کو قوت دے اور معدہ کو بھی اور اگر اوپر کشکاب کے ڈالکر کھاوین اسہال کو بند کرے آب بہی دو جزو آب برگ مورد ایک جزو روغن گل ایک جزو جوش کرین یہان تک کہ پانی جاتا رہے اور روغن رہجاوے

روغن گل۔ مسکن التہاب معدہ و امعا ہی حقنہ کرنا اس سے رافع قرحہ امعا ہی اور تناول کرنا اسکا حابس اسہال صفراوی اور مسہل مادہ لزجہ اور دافع زحیر و درد امعا اور جرب کرنا ادویہ حابس اسہال کا اس سے مقوی انکے فعل کا ہی اور۔

روغن گل بادام۔ بدستور اور بیچ حبس اسہال مراری کے نافع تر

روغن بید انجیر۔ مسہل بلغم و کدو دانہ و رافع قولنج۔

روغن بید انجیر مرکب۔ بیچ امور مذکورہ کے قوی تر اس سے

روغن ناردین۔ واسطے قولنج و مغص کے نافع ہی۔

اور یہ پانچ روغن بیچ بحث سر کے مذکور ہوئے۔

روغنہا۔ کہ مقوی معدہ ہین بیچ بحث معدہ کے گذرے امعا کو بھی نافع ہین۔

حرف السین

سفرجلی مسہل تابستانی۔ صاحب مزاج گرم کو نافع اور بیچ فصل گرما کے دے سکتے ہین لہذا محمد زکریا نے اسکا نام تابستانی رکھا ہی سقمونیا اڑھائی درم تربد سفید دس درم مغز تخم خیار مغز تخم کدو ہر ایک پانچ درم گل سرخ طباشیر ہر ایک دو درم ترنجبین عصارۂ بہی ہر ایک پچاس درم ترنجبین کو آب بہی مین جوش کرین یہانتک کہ ترنجبین پگھل جاوے پس صاف کر کے قوام کرین اور ادویہ کو ٹکر چھانکر اسمین گھولین جملہ دس ۱۰ خوراک ہی اور نسخہاے دیگر سفرجلی کے بیچ جوارش اسی بحث کے گذرے اور ایک نسخہ سفرجلی ممسک کا بیچ ادویہ معدے کے کہا گیا اور ایک نسخہ سفرجلی قابض کا بیچ معاجین اسی بحث کے آویگا

سنجر نیا۔ واسطے قولنج کے نافع ہی اور بیچ بحث معدہ کے گذرا۔

سکنجبین۔ کہ اسہال صفراوی کو باز رکھے اور حرارت خمار و صفرا کو فرو کرے اور جس شخص کے آبلہ نکلے ہون اسکو فایدہ کرے سرکہ کہنہ گلاب ہر ایک چار ٹانک برگ گل پچاس درم گلنار بلسی ۱۲ درم بیچ سرکہ و گلاب و آب کے تین رات دن بھگوئین بعد اسکے جوش کر کے صاف کرین اور ساتھ ایک من قند کے قوام کرین۔

سکنجبین مسہل۔ بلغم کو نکالے شکر سفید ایک من

دیگ مین ڈال کر ہاتھ سے برابر بچھا دین اور سرکہ شراب انگور کہ غنصلی ہوا سمین ڈالین اس طرح سے کہ اوپر شکر کے نہ آوے باکہ شکر کچھ کھلی رہے پس نرم آگ پر دیگ کو رکھین تو کف نکلے اور نکالتے رہین بعد اسکے بقدر حاجت پانی ڈالین اور آب قرطم پانچ استار نیمکوفتہ ملا دین اور رب تربد بیش درم تھیلی مین رکھکر کہ ڈھیلا اُسے باندھا ہو اضافہ کرکے جوش کرین اور تھیلی کو ہر وقت ملتے رہین تو تھیلی مین رب تربد کچھ باقی نہ رہے اور سکنجبین کا قوام ہوجاوے مقدار خوراک دس درم سے پندرہ درم تک

سکنجبین - کہ یہی عمل کرتی ہی عسل کف گرفتہ سرکہ تند ہر ایک ایک قسط پکادین یہان تک کہ قوام ہووے بعد اسکے مغز قرطم مسحوق ایک اوقیہ زیادہ کرکے کئی دن رہنے دین بعد اسکے استعمال کرین -

سکنجبین - کہ اسہال صفرا کرے اسی سکنجبین مین کہ مذکور ہوئی عوض قرطم کے سقمونیا نصف اوقیہ ملا دین اور چار ساعت پہلے غذا سے ایک ملعقہ چاٹ لیوین -

سکنجبین مسہل سودا - یہ سکنجبین قرطمی مذکور کے عوض قرطم کے افتیمون مسحوق ایک اوقیہ زیادہ کرین اور پندرہ دن رکھکر کام مین لادین -

سفوف تربد - معدہ و امعا کو پاک کرے بلغم و اخلاط لزج کو نکالے تربد سفید پانچ درم زنجبیل مصطگی ہر ایک ایک درم مغز بادام مقشر پندرہ عدد و قند سفید برابر سب اجزا اسکے جملہ پانچ شربت ہین ساتھ گرم پانی کے دین -

نوع دیگر - کہ شکم کو روان کرے اور ساتھ اسکے معدے کو قوت دے سنا مکی انار دانہ ہر ایک چھ درم زنجبیل نمک ہندی تربد سفید بادیان ہر ایک دو درم کوٹکر چھانکر وقت خواب کے دو مثقال کھاوین ساتھ آب گرم کے اور اڑھائی مثقال وقت صبح کے -

دیگر - کہ امعا و معدے کو پاک کرے پوست ہلیلہ کابلی دو درم نمک ہندی دارفلفل ہر ایک دو دانگ کوٹکر چھانکر ساتھ گرم پانی کے کھاوے جملہ ایک شربت ہی -

نوع دیگر - کہ شکم کو روان کرے اور نفخ و ثقل کو کم کرے تربد موصوف بیس درم زنجبیل دس درم شکر سفید تیس درم کوٹکر چھانکر اڑھائی درم ساتھ آب گرم کے کھاوے تین دن تک اور اگر بیچ تربد و زنجبیل کے عوض شکر کے نمک بقدر ذائقہ کے ملاوین چاہیے کہ ساتھ سرد پانی کے کھاوین تو خوب عمل کرے کذا قال القرشی -

سفوف حب الرمان ضعف معدہ و امعا و اسہال مراری کو نافع ہی انار دانہ بریان دس درم بلوط سماق زیرہ کرمانی مدبر حب الآس سنجد کشنیز خشک بریان خرنوب آرد کنار ہر ایک پانچ درم عود خام نیم درم آملہ ڈیڑھ مثقال کوٹ کر چھانکر ساتھ رب بہی کے استعمال کرین مجرب ہی مقدار خوراک تین درم -

نوع دیگر - کہ اسہال سفید و رقیق کہ ساتھ ثقل کے ملے ہوئے آئین باز رکھے اور اشتہاے ساقط کا عود کرادے انار دانہ بریان مانند سرمہ کے پسا ہوا سو درم کشنیز خشک سرکہ مین تر کرکے بریان کیا ہوا کر دیا سرکہ مین تر کرکے بریان کیا ہوا ہر ایک بیس درم خرنوب نبطی سماق پاک کیا ہوا دانون سے گزمازد گلنار ہر ایک دس درم کوٹکر

چھانکر تیار کرین مقدار خوراک ڈیڑھ درم ساتھ شراب مورد کے یا رب بہی سکے۔

نوع دیگر۔ کہ اسہال سوداوی کو باز رکھے انار دانہ بریان دس درم بہمن سُرخ زرنباد بریان کہربا تخم سداب تخم شاہسفرم ہر ایک ایک درم کوٹ کر چھان کر تیار کرین مقدار خوراک تین درم۔

نوع دیگر۔ کہ واسطے اسہال کے جو ضعف معدہ و امعا سے ہو نافع ہی اور معدہ و امعا کو قوت دے انار دانہ لبوب حب الآس بلوط سماق زیرہ مدبر آرد کنار آرد سنجد کشنیز خشک بریان خرنوب نبطی خرنوب شامی ہر ایک ایلچی و سک رامک ایک ایک ربع جزو نمکوب کرکے کام مین لاوین

نوع دیگر۔ کہ اسہال صفراوی کو باز رکھے اور عطش کو فرو کرے اور معدہ و جگر کو قوت دے انار دانہ مدبر بچاس درم قرط یمانی طراثیث دانہ مویز طباشیر کشنیز بریان ہر ایک وشا درم آرد سماق کہ خشن یعنی دردرا ہو تیس درم بلوط سرکے مین تر کرکے بریان کیا ہوا بیس درم کوٹکر چھانکر تیار کرین مقدار خوراک دو مثقال ساتھ رب آس کے یا دیگر قوابض کے اور تدبیر انار دانہ کی کہ اس نسخے مین صاحب شفاء الاسقام نے لکھا ہی یون ہی کہ انار دانہ کو ہاون مین کوٹین یہانتک کہ باریک ہو اور عجین ہو جاوے بعد اُسکے اقراص بناوین اور ساتھ روغن گل کے چرب کرکے طاجن آہنی مین بریان کرین تو سُرخ ہو کر خشک ہو جاوے بعد اُسکے اُتار کر ہوا مین رکھین اور جمیع نسخون حب الرمان مین بہتر یہ ہی کہ انار دانہ ترش ہو۔

سفوف قشر الرمان۔ کہ مسمی بہ علق ہی اور نزدیک افراط اسہال کے اور افراط عمل کے دیتے ہین فوراً روکتا ہی پوست انار مازو ہر ایک ایک درم کعک دو درم کندر نیم درم بزرالبنج ربع درم افیون ایک درم اور یہ ایک خوراک کامل ہی آدمی قوی کو ساتھ بیہ کے دین۔

سفوف اقماع الرمان۔ واسطے اسہال مفرط کے نفع کثیر کرتا ہی اور بہت عجیب ہی و مراد اقماع سے یہان گل انار ہین اور قید بیان کی اسلیے کی ہی ہمنے کہ بعض نے تفسیر اقماع کی ساتھ قشر کے بھی کی ہی گلنار شب یمانی سماق بلوط خرنوب الشوک آرد کنار تخم مورد انار دانہ ترش قرط بزرالبنج سفید کہربا زرج طراثیث طلق کشتہ کشنیز بریان دانہ انگور بریان پوست انار سرمہ افیون مازو سب اجزا برابر نخود بریان پانچ حصہ کوٹ کر چھان کر موافق حاجت کے دین گرما مین ساتھ پانی سرد اور سرما مین ساتھ پانی گرم کے۔

سفوف الطین۔ کہ اسکو سفوف الشابھی کہتے ہین اسہال صفراوی و دموی کو نافع ہی اسبغول تخم خرفہ تخم ریحان نشاستہ تخم حماض بری بریان گل ارمنی صمغ عربی طباشیر جملہ برابر لیکن سوائے تین تخم پہلے کے باقی اجزا کو کوٹین پھر مجموع کو یکجا کرکے تین درم اس سے ساتھ روغن گل یا بادام کے چرب کرکے اور گلاب مین تر کرکے کہاوین اور اگر چاہین کہ جلد حابس ہو کو کنار ربع یا ثمن درم موافق مزاج کے بیچ ہر مقدار خوراک اس سفوف کے داخل کرین اور دین

لغ قرص الکاجن
اقماع الرمان
سفوف الطین

نوع دیگر۔ کہ زحیر و اسہال و سحج کو نافع ہی اور ساتھ ترب کے
دے سکتے ہین گل ارمنی صمغ عربی ہر ایک پندرہ درم
اسبغول بیس درم تخم ریحان و بارتنگ تخم مرو خشخاش ہر ایک
دس درم تخمون کو بریان کرین اور سوائے اسبغول و مر
و ریحان و بارتنگ کے دیگر اشیا کو کوٹین مقدار شربت
تین مثقال اور بعضے طباشیر و حب الآس بقدر حاجت
کے اضافہ کرتے ہین اور بیچ اسہال دموی کے کہربا
زیادہ کرتے ہین اور بعضے کوکنار بقدر حاجت کے مضاعف
کرتے ہین اور بیچ حبس جمیع اقسام اسہال کے نافع تر
و سریع الاثر ہی اور مجرب کرنا ادویہ سفوف الطین کا
ساتھ روغن گل کے سود مند ہی۔

نوع دیگر۔ واسطے زحیر و قرحہ امعا و مغص و سحج و اسہال
صفرا و خروج خون و سرفہ کے نافع ہی گل ارمنی صمغ عربی
بیچ روغن گل کے بریان کیا ہوا نشاستہ بریان
ہر ایک پانچ درم اسبغول تخم ریحان تخم خرفہ یہ چارون
بریان کیے ہوئے تخم حماض بری ہر ایک سات
درم دم الاخوین تین درم بطریق معلوم کے سفوف
کرین مقدار شربت تین درم ساتھ رب آس کے
یا رب سفرجل کے یا اسکے پانی کے صبح و شام دین۔

فایدہ۔ صاحب شفاء الاسقام و سمرقندی نے لکھا
کہ بریان کرنا ادویہ سحجیہ کا واسطے دو غرض کے ہوتا ہی
ایک یہ کہ جملہ بزور لعابی ہین غرویت اسمین ظاہر ہو
دوسری غرض یہ ہی کہ اکثر الرطوبت ہین کچھ خشکی پیدا
ہو جاوے اور جو تخم حماض دونون غرض سے خالی ہی
اسکو حاجت بریان کرنے کی نہین ہی انتہے کلامہ

لیکن اکثر کتابون مین اشارہ اسکے بریان کرنے کا ہوا ہی
اور ہمارے تجربہ مین بھی بو دادہ اسکا بونا دادہ سے
قابض تر دیکھا گیا اور معلوم رہے کہ کوٹنا اسبغول کا
ممتنع ہی اسلیے کہ اسکے باطن مین عدت ہی جو چھاکا سنگین
اسکا چھپائے ہی اتنا اسکے باطن کا ظاہر نہین ہو سکتا ہی
مگر وقت کوٹنے کے لیکن منع کرنا کوٹنے تخم مرو و تخم ریحان
و تخم بارتنگ و تخم حرف کا خاص سبب سے ہی کہ انکا باطن
بھی مانند اسبغول کے صاحب حدت واقع ہوا ہی اور ضرر
کرتا ہی بلکہ اسواسطے کہ کوٹنے سے مقصود فوت ہوتا ہی
اسلیے کہ استعمال بزور مذکورہ کا صرف واسطے غرویت
کے ہی اور یہ بات انکی ظاہر مین بہت ہی والا بیچ
کتب معتبرہ کے اجازت انکے کوٹنے کی بہت جگہ
وارد ہوئی ہی کما لا یخفی علے مطالعہا صاحب خاوی نے
واسطے زحیر و سحج کے تخم ریحان و صمغ کوفتہ کو فرمایا
اور صاحب کفایہ مجاہدیہ نے بھی اسپر تصریح
کی ہی اور اس درویش نے بھی بارہا آدمیون کو
حکم دیا اور سریع الاثر پایا اور بیچ شفاء الاسقام
کے لکھا ہی کہ گل ارمنی کو بیچ ادویہ سحج کے بہت باریک
نہ کرین تو جلد ہٹ نجاوے محل سحج سے بخلاف صمغ
کے کہ اسکو بہت باریک کرنا چاہیے تو خوب چپکے لیکن
سمرقندی نے اپنی قرابادین مین لکھا ہی ولا ینعم
دق الطین والصمغ لئلا تنزل سریعا عن الموضع المتسحج
اور اولے یہ ہی کہ بزور کو گلاب مین تر کرکے ساتھ صمغ
و طین کے ملا دین تو یہ دونون ساتھ بزور کے خوب
چپک جاوین پس جملہ کو مخلوط کرین اور یہ فواید

لگی سب جگہ اس بحث مین یاد رکھین اور بیچ حرف دال اسی مرض کے گذرا ہی کہ بعض تجربہ والون نے اسبغول کو بھی کوٹ کر دیا ہی لیکن احتراز کوٹنے سے اوطہی اور بزر ور کو کہ بریان کرنے مین احتیاط کرین تو جل کر ضایع نہو جاوین۔

سفوف پھودی۔ واسطے زحیر کے مجرب ہی تخم ترہ تیزک بریان بزر قطونا بریان اہل برشتہ ہر ایک دو دو درم زیرہ کرمانی تخم گندنا تخم شبت تخم خشخاش سفید انیسون تخم کرفس بزر البنج سپید ہر ایک اڑھائی درم افیون مصری تین درم اور ایک دانگ مقدار شربت دو ماشہ۔

سفوف مقلیاثا۔ مغص وزحیر واسہال کہنہ وضعف معدہ وامعاد و بواسیر کو نافع ہی تخم ترہ تیزک بیس درم زیرہ کرمانی سرکے مین بھگو کر خشک و بریان کیا ہوا پانچ مثقال تخم گندنا تخم کتان ہلیلہ سیاہ بیچ روغن زیت کے بریان کیا ہوا ہر ایک دو مثقال مصطگی ایک مثقال مجموع کو سوائے ترہ تیزک کے کوٹ کر چھانکر تیار کرین مقدار خوراک دو درم ساتھ آب سرد کے۔

نوعدیگر۔ کہ سحج وزحیر کو نافع ہی صمغ عربی سات درم نشاستہ چار درم اسبغول دس درم تخم مرو تخم ریحان شاہ بلوط حب الآس تخم حماض طباشیر گل ارمنی ہر ایک چھ درم تخم خرفہ تخم خشخاش ہر ایک تین درم سوائے طباشیر و گل ارمنی و خشخاش سب اجزا کو بریان کر کے نمکوب کرین مگر اسبغول کو مسلم رکھین مقدار شربت دو درم سے تین درم تک ساتھ شربت حب الآس کے

نوعدیگر۔ واسطے سحج واسہال صفراوی کے نافع ہی اسبغول بیس درم تخم مرو تخم ریحان و تخم بارتنگ نشاستہ تخم خشخاش گل ارمنی صمغ عربی ہر ایک دس درم تخم حماض تخم خرفہ گل سرخ ہر ایک سات درم اور بیچ ایک نسخہ کے صمغ عربی بیس درم گل ارمنی تیس درم ہی۔

نوعدیگر۔ کہ واسطے زحیر و مغص واسہال و بواسیر کے نافع ہی حب الرشاد سفید بریان ڈیڑھ رطل زیرۂ مدبر بریان تخم گندنا بریان ہر ایک دس استار تخم کتان بریان چار اوقیہ مصطگی ایک اوقیہ ہلیلہ کابلی کوٹ کر چھانکر روغن مین چرب کرین مقدار شربت تین درم ساتھ رب سفرجل کے یا پانی سرد کے۔

نوعدیگر۔ کہ یہی عمل کرے سپندان سفید بریان یعنے حب الرشاد ایک رطل تخم کتان اسبغول بریان ہر ایک تین درم تخم کرفس بریان گل ارمنی ہر ایک دو دو درم تخم مرا اڑھائی درم صمغ عربی ایک درم۔

نوعدیگر۔ کہ سحج وزحیر واسہال صفراوی کو نافع ہی اسبغول بریان بیس درم گل ارمنی تیس درم صمغ عربی تخم خشخاش بریان ہر ایک دس درم نشاستہ طباشیر ہر ایک پانچ درم جیسا کہ رسم ہی سفوف بناوین مقدار شربت تین درم ساتھ رب سفرجل کے۔

نوعدیگر۔ کہ واسطے اسہال مزمن وزلق الامعاد کثرت رطوبت کے نافع ہی اور بواسیر کو مفید اور عضلہ مقعد کا مقوی و مشد د حرف بریان ڈیڑھ اوقیہ زیرۂ کرمانی مدبر بریان تخم گندنا نبطی ہر ایک پانچ درم ہلیلہ کابلی ہلیلہ ہندی دونون روغن گاؤ یا روغن گل زیتی مین بریان کیے ہوے مقل ازرق ہر ایک

تین درم سب کو دردرا کوٹ کر آپس مین ملا کر دو درم سے تین درم تک کھاوین۔

نوع دیگر۔ کہ سحج و حرارت و مغص کو نافع ہی اسبغول تخم مرو تخم حماض تخم خشخاش سفید تخم خرفہ حب الآس صمغ عربی گل ارمنی جملہ برابر لیکر سوا ے اسبغول کے سب کو کوٹ کر ساتھ پانی سفرجل کے بقدر حاجت دین اور اگر کھانسی ہو ساتھ حب الآس کے دین۔

نوع دیگر۔ کہ واسطے زلق الامعا کے مجرب ہی ہلیلہ سیاہ بلیلہ آملہ ہر سہ روغن زیت بریان کیے ہوئے ہر ایک پانچ درم زیرہ کرمانی مدبر حب الرشاد بریان ہر ایک سات درم تخم کرفس انیسون سرکہ مین بھگو کر خشک و بریان کیا ہوا ہر ایک چار درم مصطگی قرنفل قاقلہ عود ہندی سنبل الطیب ہر ایک دو درم سعد تین درم صبح و شام دو درم کھاوین۔

فایدہ۔ مقلیاثا لفظ سریانی ہی بمعنی حرف و بمعنی بزور لہذا بعضے سفوف کو کہ حرف اسمین ہی یا سفوف مقلیاثا کہتے ہین چنانچہ ان نو نسخون مین مقلیاثا دیکھا گیا۔

سفوف جوز۔ اسہال بلغمی کو روکے مغز جوز بریان تین درم نانخواہ ایک درم کندر نصف درم ساتھ گرم پانی کے دین یہ ایک خوراک ہی اور لڑکے کو کم دین

سفوف ابن ماسویہ۔ واسطے زحیر و درد امعا و سحج کے نافع ہی تخم خطمی مقشر تخم خبازی مقشر ہر ایک پانچ درم نشاستہ بریان تین درم صمغ عربی گل ارمنی ہر ایک دو درم کوٹ کر چھانکر تیار کرین مقدار خوراک

تین درم صبح کو تین درم شام کو ساتھ پانی کے کہ طباشیر گل ارمنی صمغ عربی اسمین بھگوئی ہون۔

سفوف زرشک۔ شکم کو بند کرے اور ضعف معدہ کو نافع ہی سماق زنجبیل نانخواہ انار دانہ بریان زرشک منقی آرد کنار ہر ایک دو درم نبات سفید بیس درم کوٹ کر چھان کر مقدار خوراک ایک مثقال۔

سفوف سماق۔ اسہال معدے دموی کو روکے پیاس کو بجھاوے سماق دس درم حب الآس انار دانہ بریان ہر ایک پانچ درم خرنوب پندرہ درم صمغ عربی گلنار فارسی ہر ایک دو درم کوٹ کر چھان کر تیار کرین مقدار شربت ایک مثقال۔

سفوف بلوط۔ فوراً شکم کو بند کرے شاہ بلوط تین درم مازو پوست انار ہر ایک چار درم خشخاش گرد سماق ہر ایک چھ درم حب الآس سات درم کوٹ کر چھانکر سفوف بناوین مقدار خوراک دو درم ساتھ سرد پانی کے۔

نوع دیگر۔ کہ اسہال معدے دموی کو نافع ہی بلوط سرکہ مین ایک رات دن بھگو کر سایہ مین خشک اور آگ پر بریان کیا ہوا خرنوب شامی خرنوب برنجی ہر ایک پانچ درم کشنیز بریان چار درم آرد کنار انار دانہ بریان آرد سنجد ہر ایک دس درم سماق تین درم کوٹ کر چھانکر سفوف تیار کرین مقدار خوراک دو درم۔

سفوف ذرب۔ تخم حماض گلسرخ زرشک بیدانہ عجم زبیب کشنیز خشک بریان شاہ بلوط خرنوب

طباشیر ہر ایک ایکدرم سماق حب الآس ہر ایک دو درم انار دانہ چار درم کوٹ کر چھان کر سفوف بنا دین مقدار شربت دو درم ۔

سفوف خرنوب ۔ اسہال معدے واسترخاے معدہ وضعف امعا کو نافع ہی خرنوب نبطی بہیدانہ زیرہ کرمانی مدبر سماق آرد کنار حب الآس مصطگی بلوط کشنیز خشک بریان جملہ برابر کوٹکر چھان کر تیار کرین مقدار خوراک ایک مثقال ساتھ آب مورد کے ۔

سفوف حب العنب ۔ شکم کو بند کرے اور معدے کو قوت دے دانہ انگور صمغ عربی ہر ایک چار درم حب الآس سماق ہر ایک دو درم مصطگی گلنار ہر ایک ایک درم کوٹ کر چھانکر سفوف بنا دین یہ ایک خوراک ہی ۔

سفوف حب الآس ۔ واسطے اسہال کے جو ساتھ کھانسی کے ہو مفید ہی حب الآس شاہ بلوط خشخاش سفید خرنوب ہر ایک دو درم صمغ عربی ایک درم کوٹ کر چھان کر سفوف تیار کرین مقدار شربت تین درم ۔

نوع دیگر ۔ حب الآس صمغ عربی طباشیر گل ارمنی ہر ایک چار درم پر سیاوشان کندر ہر ایک ایک درم خرنوب شامی نقل مکی ہر ایک تین درم کوٹ کر چھانکر سفوف تیار کرین مقدار خوراک تین درم ساتھ شربت خشخاش کے ۔

نوع دیگر ۔ کہ اسہال کو باز رکھے اور معدہ و امعا کو قوت دے حب الآس خرنوب نبطی ہر ایک بیس درم بلوط شاہ بلوط دانہ مویز آرد کنار ہر ایک دس درم کوٹ کر چھانکر تیار کرین مقدار خوراک تین درم ۔

نوع دیگر ۔ کہ یہی عمل کرے حب الآس بلوط ہر ایک چار درم دانہ مویز صمغ عربی تخم حماض انار دانہ ہر ایک تین درم خشخاش سفید ایکدرم کوٹ کر چھان کر تیار کرین مقدار شربت تین درم اور ان دو سفوف اخیر کو بعضے لوگ سفوف بلوط کہتے ہین ۔

سفوف کندر ۔ اسہال نئے اور پرانے کو روکے کندر تخم خشخاش سفید ہر ایک کو برابر لیکر خوب کوٹین اور دو درم سے تین درم تک کھا دین ۔

سفوف اسوقہ ۔ اسہال معدے دموی کو روکے سویق جو سویق انار دانہ سویق غبیرا سویق تفاح سویق سفرجل سویق خرنوب شامی سویق نبق سویق سماق سویق حب الآس سویق بلوط سویق انبر باریس کعک شامی جملہ ایکجا کر کے اقتماح کرین لہذا اسکو قمیحۃ الاسوقہ کہتے ہین ۔

فایدہ ۔ فرق درمیان قمیحہ و سفوف کے یہ ہی کہ جو چیز کوٹ کر بیچ پانی یا عرق کے ڈالکر پیین اُسکو قمیحہ کہتے ہین کما ہو المتعارف فی السویق اور جو چیز خشک منہ مین ڈالین اور ساتھ پانی کے اُتارین اُسکو سفوف کہتے ہین اور کبھی بطور مجاز کے اقتماح کو اوپر استفاف کے بولتے ہین ۔

سفوف حصرم ۔ خلفہ صفراوی کو باز رکھے تخم حماض مقشر سماق منقی طباشیر طراثیث گلنار زرشک تخم خرفہ جملہ برابر کوٹ کر پارچہ بیز کرین اور اسکے مقدار کے

ف اسوقہ جمع سویق کی ہے یعنی ستو ۱۲ ن ل اقتماح قمیحہ بنا کے اور استفاف سفوف کو پھانکنا ۱۲

برابر شیرہ حصرم لیکر اسمین ڈالکر دھوپ مین کھرل کرین تو
شیرہ بالکل منجذب ہو جاوے بعد اسکے نگاہ رکھین اور
وقت حاجت کے صبح و شام تین درم ساتھ اس
پانی کے کہ سویق انار دانہ ترش و سویق جو و سماق
اسمین بھگویا ہو استفاف کرین یا اقتماح ـ

سفوف طباشیر ـ واسطے اسہال اطفال کے
مجرب ہی اور غیر اطفال کو بھی نافع ہی طباشیر انار دانہ
بو دادہ اور بہت نرم صلایہ کیا ہوا صمغ عربی کتیرا مصطگی
سفید تخم مورد گل سرخ گل ارمنی برابر سفوف بناوین اور
لڑکون کو نصف مثقال صبح کو اور نصف مثقال رات
کو ساتھ شربت بہی یا شربت سیب ترش کے دین ـ

سفوف گل ـ واسطے اسہال مراری مزمن و بواسیر
و نواسیر حارہ کے نہایت نافع ہی اور مجرب گل سرخ صمغ عربی
بریان سماق بہدانہ ہر ایک تین مثقال گل ارمنی انار دانہ
بریان دانہ انگور کہ سرکہ مین بھگو کر بعد خشک ہونے
کے بریان کیا ہو ہر ایک پانچ مثقال طباشیر گل مختوم
یا داغستانی ہر ایک دو مثقال مصطگی عود قماری
ہر ایک ایک مثقال مقدار شربت دو مثقال
ساتھ ربوب مناسبہ کے ـ

سفوف تیواج ـ واسطے اسہال بواسیر کے مجرب
ہی تیواج خطائی نصف مثقال نیلوفر ایک مثقال ـ

سفوف رو دناس ـ واسطے اسہال خون و بلغم
کے رودناس دو درم طباشیر نشاستہ صمغ عربی
گلنار گل سرخ ہر ایک پانچ درم زعفران ایکدرم
مقدار خوراک دو مثقال ساتھ رب بہی کے ـ

سفوف صمغ ـ کہ واسطے اسہال مراری و دموی
و مغص کے بہتر ادویہ مین ہی صمغ عربی ہر دن تین مثقال
پیسکر تین دن تک یا زیادہ اس سے اور اگر ساتھ
اسہال کے سدہ نہو بینا کو کتار کہ مانند غبار کے پیسا ہو
ایک مثقال سے دو مثقال تک مجربات سے ہی اور اگر
ساتھ صمغ کے ممزوج کرین بدستور اور اس درویش نے
تخم ریحان و صمغ دونون برابر کو کتار چہارم حصہ اسکا ممزوج
کیا اور کثیر النفع پایا اور بے مضرت ـ

سفوف سعد ـ واسطے اسہال صبیان کے مجرب ہی
سعد کندر حب الآس خشخاش بالسویہ کوٹ کر چھانکر
ساتھ شیر مرضعہ کے پلاوین ـ

سفوف لک ـ کہ اسہال کبدی و سوداوی و
صفراوی کو مفید ہی اور سفوف لوکو ادویہ جگر مین گذرے
اور سفوف نمک کہ اسہال مرہ صفرا و مرہ سودا
کو مفید ہی اور محرور نافع ہی ـ

سفوف آملہ ـ کہ اسہال معدے کو فایدہ کرتا ہی
ادویہ معدہ مین مذکور ہو گئے ـ

حرف الشین

شربت انجیر ـ شکم کو روان کرے اور جس شخص کو
براز خشک ہو اور قولنج رنج دیتا ہو جب مداومت اسکی
کرے مفید ہو انجیر زرد جسقدر چاہیے لیکر بیچ دس
حصہ پانی کے پکاوے یہانتک کہ گہرا ہو جاوے اور
رات بھر اُسی طرح انجیر کو جوش مین رہنے دین صبح
کو صاف کرین اور عسل نصف مقدار پانی

جوشاندہ کے ڈالکر قوام کرین اور موافق حاجت کے پیین اور اگر چاہین کہ تلیین زیادہ کرے فی رطل اس شربت کے شیر انجیر کا دہ درم اضافہ کرین اور اگر چاہین کہ قلیل الحرارت ہو اور سینہ و شش کو بھی نفع کرے و ساتھ اسکے تلیین بھی زاید ہو قند سفید عوض عسل کے ڈالین اور اگر اس سے زاید تلیین چاہین ترنجبین یا شیر خشت بدلے قند کے ڈالین اور اگر اس سے بھی تلیین قوی اور زاید مطلوب ہو مغز خیار شنبر قدر حاجت کے ساتھ روغن بادام کے ماسبق پر اضافہ کرین درمیان طبخ کے اور قوام کرین۔

نوع دیگر۔ کہ شکم کو نرم کرے اور کلیہ کو فربہ اور رنگ کو اچھا اور بدن کو بھی فربہ اور ریاح کو تحلیل اور نفخ کو دور اور حرارت غریزی کو انتعاش کرے اور مانع حدوث قولنج ہو اور اصحاب بواسیر و ضیق النفس کو فایدہ کرے اور باہ کو زیادہ کرے اور بدن محتاج گرمی کو گرم کرے انجیر زرد لحیم عمامک ایک رطل مویز سرخ منزوع العجم تین اوقیہ دونون کو تین رطل پانی مین پکاوین یہانتک کہ انجیر مہرا ہو جاوین اور پانی تہائی حصہ رہجاوے پس ملکر چھلنی مین چھانکر ربع اسکے قند سفید ملاکر قوام کرین اور فی رطل اس مجموع کے خولنجان دارچینی دارفلفل زنجبیل ہر ایک ایکدرم باریک کرکے تھیلی مین باندھکر درمیان جوش کے ڈالین اور حرکت دیتے رہین یہانتک کہ یکجا ہوجاوے اور اگر چاہین کہ بیچ امر باہ کے نافع زیادہ ہو اور درد پشت کو مفید ہو نخود صد درم بھی جوش مین اضافہ کرین و قند سفید یا عسل صاف جبکہ نصف پانی باقی رہے ملاکر قوام کرین اور سنبل قرنفل خولنجان زعفران دارچینی ہر ایک ایک مثقال مرضوض کرکے جوش مین ڈالین اور اگر مویز نکال ڈالین اور اوپر انجیر نخود کے قصر کرین جیسا کہ بعضے نسخون مین ہی روا ہی لیکن اولی یہ ہی کہ جسوقت واسطے قولنج کے استعمال کرین شربت انجیر کا بغیر نخود کے بنانا چاہیے۔

شربت افسنتین۔ معدہ و امعا کو صفرا سے پاک کرے اور سوء المزاج گرم کو زایل کرے گل سرخ سات درم شاہترہ افسنتین ہر ایک پانچ درم آلو سیاہ بیس عدد مویز منقے تیس دانہ تمر ہندی بیس درم بیچ دو من پانی کے پکاوین یہان تک کہ نصف رہجاوے پس صاف کرکے قند سفید نصف من ملاکر قوام کرین مقدار خوراک دس درم ساتھ ایک درم صبر سقوطری کے اور صاحب قلانسی نے مویز بیس درم اور شاہترہ دس درم لکھا ہی اور قند کو نکال ڈالا ہی اور کہا ہی کہ جملہ کو بیچ دو رطل پانی کے پکاوین جب ایک رطل رہے صاف کرین اور ہر دن صبح و شام کو چار اوقیہ ساتھ ایک درم صبر سقوطری کے پیین اور مکرر گذرا ہی کہ اطبا نے بعض مطبوخات کو بیچ شربتون کے لکھا ہی۔

نوع دیگر۔ کہ طبع کو نرم کرے اور ریاح امعا کو دفع کرے اور جگر سرد و سپرز کو نافع ہی افسنتین پچاس درم سلیخہ بیس درم تخم کرفس تیس درم دو من پانی مین پکاوین جب آدھا رہے ایک من قند ڈالکر شربت بناوین مقدار خوراک دس درم سے پندرہ درم تک

نوع دیگر۔ کہ یہی عمل کرتا ہی افسنتین پچاس درم انیسون گلسرخ سلیخہ اسارون ہر ایک دس درم مصطگی سفید سنبل ہر ایک سات درم دو من پانی مین سوا مصطگی کے پکاوین اور صاف کرین اور ساتھ ڈیڑھ من قند کے قوام کرین بعدہ مصطگی پیسکر ملاوین۔

نوع دیگر۔ کہ مسمی ہی بہ شراب افسنتین کبیر اور واسطے اسہال صفرا کے اور تفتیح سدہ کے اور تقویت معدہ و جگر و اعصاب کے نفع رکھتا ہی افسنتین رومی غاریقون ہر ایک چار مثقال گلسرخ آٹھ مثقال حاشا صبر زرد بیخ کرفس بیخ رازیانہ ہر ایک دو مثقال مصطگی اذخر تخم کرفس انیسون سنبل الطیب اسارون ساذج ہندی فودنہ زعفران ہر ایک ایک مثقال و نصف نعناع اصل السوس ہر ایک تین مثقال جملہ کو آٹھ رطل شراب مین جوش کرین جب آدھا رہی ڈیڑھ رطل شہد ڈالکر قوام کرین اور اگر بجاے شراب کے آب و بجاے عسل کے شکر کرین ہو سکتا ہی۔

نوع دیگر۔ کہ معدہ و امعا کو اخلاط فاسدہ سے پاک کرے افسنتین رومی پانچ درم گل سرخ بیس درم تربد موصوف دس درم دو من پانی مین نکالکر ملین و صاف کرین بعد اسکے قند سفید ایک من اضافہ کر کے قوام کرین و نسخہاے دیگر شربت افسنتین کے کہ امعا کو نافع ہین بیچ ادویہ معدہ و جگر کے گذرے۔

شربت تربد۔ اسہال بلغم کرے اور نہایت لطیف ہی تربد موصوف سو درم نیمکوب کر کے شیشے مین رکھین یا پانی صاف یا گلاب یا اور کوئی عرق جو مناسب ہو اسکے اوپر اسکے گراوین اسقدر کہ ایک انگل بھر اوپر رہے اور دھوپ مین رکھین بعد تین دن کے پانی اسکا ایک باسن مین لیکر رکھین اور پانی تازہ اسپر ڈالکر تین دن رکھین بعد تین دن کے یہ پانی نکالکر ساتھ پہلے پانی کے ضم کرین اور پانی تازہ ڈالکر تین دن رکھین اسیطرح کرتے ہین یہانتک کہ تربد مین کچھ مزہ باقی نہ رہے پس قند سفید ایک من اس پانی مین ڈالکر قوام کرین مقدار خوراک دو اوقیہ سے تین اوقیہ تک اور اگر چاہین کہ اسہال بلغم خوب کرے زنجبیل بیس درم ہمراہ تربد کے نیمکوب کر کے ڈالین اور اگر چاہین قوی العمل ہو اور صفرا کو بھی نکالے سقمونیا قدرے وقت حاجت کے ملا کر دین اور سمرقندی نے کہا کہ ایک رطل تربد بیچ تین رطل پانی کے بیچ باسن سر بستہ کے دس دن رکھین گرمی مین بعد اسکے صاف کرین اور ساتھ دو رطل قند سفید کے قوام کرین۔

نوع دیگر۔ کہ شکم کو روان کرے اور اوجاع معدہ کو جو حرارت سے ہون نفع کرے آب انار ترش آب انار شیرین ہر ایک دو رطل تربد موصوف نیمکوب دو اوقیہ اوپر نرم آگ کے پکاوین کہ آدھا رہجاوے بعد اسکے صاف کرین اور قند سفید دو رطل ملا کر قوام کرین اور کف نکالتے جاوین بعد اسکے سقمونیا مشوی پانچ درم زعفران ایک درم پسا ہوا اور تھیلی مین کتان کے بندھا ہوا اسمین ملین مقدار خوراک اڑھائی اوقیہ۔

نوع دیگر۔ کہ یہی عمل کرتا ہی تربد نیمکوفتہ ایک رطل بیچ چھ رطل گلاب کے پکاوین یہانتک کہ ثلث رہجاوے پس صاف کر کے قند سفید چار رطل ملا کر قوام کرین۔

اور سقمونیا دو درم زعفران یکدرم ملا کر دین مقدار خوراک دو اوقیہ

شربت آلو مسہل صفرا ہی اور بلغم کو دفع کرے آلو سیاہ سو عدد و تمر ہندی یک چہار یک تربد بنفشہ ہر ایک بیس درم تھیلی مین رکھکر بیچ پانچ من پانی کے پکاوین جب ایک من رہجاوے خوب مل کر چھانین اور ایک من ترنجبین صاف ڈالکر قوام کرین بعد اتارنے کے سقمونیا مشوی ایک مثقال اسمین حل کرین اور وقت حاجت کے دس مثقال یا کم زیادہ پین —

شربت تمر ہندی مسہل — کہ یہی عمل کرتا ہی تمر ہندی عناب ہر ایک ایک رطل آلو دو رطل تربد ایک اوقیہ سقمونیا پانی مین پکاوین جب آدھا رہے قند سفید نصف رطل و شکر سفید ایک رطل اضافہ کرکے قوام کرین —

شربت انار مسہل — آب انار شیرین آب انار ترش ہر ایک ایک من تربد موصوف نیم کوفتہ تھیلی مین بندھا ہوا دو اوقیہ پکاوین یہانتک کہ آب انار مین قوت و مزہ تربد کا ظاہر ہو پس تھیلی کو نچوڑ کر باہر پھینکین اور قند سفید ایک من اضافہ کرکے قوام کرین اور کف نکالتے جاوین اور انتہاے قوام مین سقمونیا پانچ درم زعفران ایک درم تھیلی مین باندھکر ڈالین اور ملین تو گھل جاوین مقدار شربت ایک اوقیہ سے دو اوقیہ تک —

شربت فاکہہ ملین — کہ قولنج ثقلی کو نفع کرے کشمش مقدو مویز سرخ دانہ نکالا ہوا ہر ایک ایک رطل خوخ مغلق عناب آلو ہر ایک نصف رطل زشوق انجیر سفید مویز سیاہ سنقی غنجد ہر ایک پانچ استار سپستان تنقا لو؟

بیس درم اسقدر پانی مین کہ دو انگلی اوپر رہے بھگوئین ایک رات دن بعد اسکے پکاوین اور صاف کرین اور قند سفید ایک رطل و بنفشہ تھیلی مین بندھا ہوا پانچ درم اضافہ کرکے قوام کرین اور اشربہ قابضہ فاکہہ ادویہ معدے مین گذرے —

شربت ورد — کہ اسہال بلغم و سودا کرے اور ساتھ اسکے معدہ و امعا کو قوت دے گل سرخ تازہ دو رطل تربد موصوف نیمکوفتہ افیتمون افریطی ہر ایک ایک اوقیہ سب کو بیچ چار رطل پانی گرم کے بھگوئین ایک رات دن بعد اسکے پکاوین جب آدھا رہجاوے مل کر صاف کرین اور قند سفید ڈیڑھ رطل ملا کر بعد نکالنے کف کے قوام کرین اور درمیان طبخ کے سقمونیا دو درم عود قرنفل سک لباسہ ہر ایک دو دانگ تھیلی مین باندھکر ڈالین اور ہر ساعت ملتے رہین یہانتک کہ قوام ہوجاوے مقدار خوراک ڈیڑھ اوقیہ سے دو اوقیہ تک —

نوع دیگر شربت ورد سافج — کہ طبع کو نرم کرے اور تپ اور غم و عطش کو نفع کرے اور مبرد و مجفف ہی اور موقد معدہ کا اور مقوی دل کا اور مسکن سوزش احشا کا ہی اور جو تلیین اسکی بسبب عصر کے ہی آخر کو قبض کرتا ہی گل سرخ تازہ تخم او قماع سے پاک کیا ہوا دو رطل پاکیزہ پتیلہ مین دس رطل پانی اسمین ڈالکر جوش کرین یہانتک کہ جوش خوب آوے بعد اسکے صاف کرین اور ہر رطل اس پانی مین دو رطل قند سفید ملا کر قوام کرین اور کف دور کرتے رہین اور بعضے لوگ قند برابر پانی کے ڈالتے

ہین یہ قوی تر ہوتا ہی اور اسلیے کہ اسہال اسکا بعصر ہی
آب سرد مدد دیتا ہی اسکے اسہال کو پس چاہیے
کہ بعد اُسکے آب سرد البتہ پیین ۔

نوع دیگر ۔ کہ مسمی ہی بہ شربت ورد مکرر مسہل واسطے
اسہال صفرا و بلغم کے و تسکین سوزش معدہ کے
اور تبرید کے نافع ہی اور واسطے احتراق و جرب
و حکہ و امراض جگر و سدہ و سودا سے رقیق و صفرا ے
سوختہ و ضعف معدہ و گردہ و تپ غیر خالص و حمیات
مرکبہ کے مفید ہی لیکن بسبب یبوست کے پیاس
لگاتا ہی مصلح اُسکا یہ ہی کہ تھوڑا تخم کاہو و تخم خرفہ و طباشیر
بھی ساتھ اُسکے ملا دین درمیان طبخ کے یا وقت
تشرب کے اور طریق اُسکے بنانے کا یون ہی کہ
گل سُرخ تازہ خوشبودار اقماع و تخم سے پاک کیا ہوا
دو رطل بیچ دس رطل آب شیرین کے جوش کرین
نرم آگ پر یہانتک کہ قوت و رنگ و مزہ اُسکا
پانی مین نکل آوے بعد اُسکے مل کر چھانین پھر برگ
گل جدید اُسیقدر یا کم اُس سے جوشاندۂ مذکور
مین جوش کرین اور اُسیقدر مل کر نچوڑین
اور اسیطرح پانچ مرتبہ یا سات مرتبہ یا دس
مرتبہ پھول تازہ ڈالکر جوش کرین اور معلوم کرین
کہ جسقدر تکرار زیادہ ہوتی ہی قوت مسہلہ
قوی ہوتی ہی اور بعد اتمام کے موافق مقدار پانی
کے قند سفید یا ترنجبین ملا کر قوام کرین اور اگر
چاہین کہ لذیذ ہو شیرینی دوچند پانی کے ڈالین
اور دریافت کرین کہ اطبا بیچ مقدار وزن

پھول و پانی کے اس شربت مین اقوال مختلف رکھتے
ہین لیکن جو معمول اس درویش کا اور قریب الفہم
و لطیف العمل و متوسط الحال و خوش مزہ ہی یہ ہی کہ برگ
گل سُرخ اڑھائی رطل بیچ بارہ رطل پانی کے جوش کرین
جب دو رطل پانی جلجاوے مل کر صاف کرین پھر اور
پھول تازہ دو رطل اسمین جوش کرین کہ ڈیڑھ رطل
پانی اور جل جاوے مل کر صاف کرین پھر اور پھول
تازہ ڈیڑھ رطل اُسمین جوش کرین کہ ڈیڑھ رطل اور
جلے اور مل کر جوش کرین پھر اور پھول تازہ ایک
رطل ملا کر جوش کرین کہ پانی ڈیڑھ رطل اور جلے ملکر
صاف کرین پھر اور نصف رطل پھول تازہ طبخ کرین کہ پانی
ڈیڑھ رطل اور جلے اور چار رطل پانی رہجاوے پس
قند سفید چھ رطل ڈالکر قوام کرین مقدار خوراک چار اوقیہ
سے تیس درم تک ساتھ آب سرد و برف کے اور
اگر سکنجبین دس درم ملا دین وقت تشرب کے بیچ
تقطیع صفرا و بلغم کے نافع تر ہوگا اور خاصیت شربت
ورد کی یہ ہی کہ جسقدر بعد اُسکے آب سرد پیین خوب زیادہ
عمل کرے جب تک کہ معدے مین رہے اور اگر طبع کسی
شخص کی عاصی ہو تھوڑا اسقمونیا مشوی بھی مرکب کرین
اور واسطے مبرود کے عسل بجاے قند کے ڈالین ۔

نوع دیگر ۔ کہ گل خشک سے بنا دین اور طبع کو خوب
نرم کرے گل سُرخ خشک اقماع و تخم سے پاک کیا ہوا
ایک رطل بیچ چار رطل پانی صاف کے جوش کرین جب ایک
رطل رہجاوے مل کر صاف کرین اور قند سفید ایک
رطل ملا کر قوام کرین مقدار خوراک چالیس درم

ساتھ آب سرد کے اور مقدار شربت کا مل ساڑھے درم ہی اور اگر دس درم سکنجبین ملاوین بہتر ہو پیچھے اسکے ہر بار کہ آب سرد پیین ایک دست آویگا اور صاحب معصوی نے لکھا ہی کہ شربت دید دخشک کو دیگ کا سر بند کرکے پکانا چاہیے تو بخار نہ نکل جاوے اور اگر اس شربت کو بھی مکرر نہ بنایا چاہین ترکیب مسطور سے بناوین اور ترنجبین عوض قند اولے تر ہی اور شربت ورد قابض اسی بحث مین بعد اشربہ ملینہ کے عنقریب آتا ہی —

شربت مسہل — کہ بہترین مسہلات مین ہی اور امراض دماغی کو نہایت مفید ہی بیچ ادویہ سر کے گذرا —

شربت شیر خشت — طبع کو نرم کرے اور حمیات حادہ وحرارت کو ساکن کرے اور استعمال اسکا درست نہین ہی مگر مرد جوان کثیر الحرارت کو شیر خشت اصیل آب سیب آب بہی ہر ایک دس درم آب کشنیز دو درم شیر خشت کو ان پانیون مین جوش کرین اور اوپر نرم آگ کے قوام کرین اور سقمونیا ایک درم دکافور ایک دانگ یا جسقدر کہ حال مقتضی ہو اسمین ملاوین اسوقت کہ آگ سے اتار لیا ہو اور ابھی تک نیم گرم ہو اور یہ سب چھ خوراک معتدل ہین —

شربت ترنجبین — ملین طبع ہی و مبرد و قاطع عطش و مخدر صفرا اور بیچ فصل گرمی کے صبح کو پیین حرارت کو بجھاوے ترنجبین کو کانٹے اور کوڑے سے پاک کرکے جسقدر چاہین بیچ پانی جوش کیجے کہ جوش ٹھہر گیا ہو حل کرکے نرم آگ پر پکا دین تو قوام ہو جاوے اور اگر بقدر ہر اوقیہ کے اُس سے مقدار ایک قیراط ایک دانگ سقمونیا ملاوین شکم کو جلد روان کرے اور صفرا کو نکالے اور صاحب حمیات کو کہ محتاج باسہال ہو فایدہ کرے اور قولنج کو کہ حرارت سے ہو کھووے اور ثقل کو بدون اذیت کے نکالے —

شربت سنا — کہ لایق ثنا کے ہی اور بہترین مسہلات سے معتدل مزاجون کو اور حمی مین بھی دے سکتے ہین اور اخراج اخلاط ثلاثہ کا کرتا ہی اور تناول کرنے مین قلیل المقدار وغیر کریہ الطعم ہی اور امراض دماغی وغیرہ کو مفید اور باوجود اسہال کے دل کو قوت دیتا ہی اور مولفات اس درویش سے برگ سنا پاک کی ہوئی بیس درم گل بنفشہ گل سرخ گاؤزبان گل نیلوفر ہر ایک پانچ درم عناب ولایتی بیس دانہ آلو بخارا پندرہ دانہ سپستان ساٹھ دانہ تخم خیارین نیمکوب چھ درم تخم کاسنی نیمکوب چار درم ترنجبین خراسانی خار وغیرہ سے پاک کی ہوئی ڈیڑھ رطل بطریق مشہور شربت بنادین اور اگر عوض آب کے گلاب و بید مشک و عرق نیلوفر مین طبخ کرین بہتر ہو اور اگر قند سفید عوض ترنجبین کے ڈالین روا ہی —

فایدہ — اور اگر کوئی شخص نزف الدم مین مبتلا ہو یا اُسکو عادت نزف الدم کی ہو اُسکو ترنجبین دینا نہ چاہیے لان فیہ ادرار الدم کذا فی شفاء الاسقام فی باب اسہال الدم اور مقدار خوراک اس شربت کا باعتبار قوت کے و مناسبت مزاج کے اوپر رائے طبیب کے موقوف ہی —

شربت سقمونیا — اسہال صفرا کرے سقمونیا نصف اوقیہ سلیخہ ایک اوقیہ شراب پانچ قسط ہر دو دوا کو بیچ تھیلی کتان کے باندھکر بیچ شراب کے ڈالین اور بعد

پانچ دن کے تھیلی کو نچوڑ کر باہر کرین اور موافق مزاج کے تھوڑا اس سے قبل از طعام ایک مرتبہ ساتھ آب گرم کے پیین۔

شربت ماہودانہ۔ بلغم کو اسہال کرے ماہودانہ منقے ایک اوقیہ سنبل رومی تین کرمہ شراب بیخ قسط بدستور شربت بناوین۔

شربت بسفائج۔ اسہال سودا کرے بسفائج ایک اوقیہ کوٹ کر چھانکر بیچ کپڑے کتان کے باندھکر بیچ پانچ قسط شراب کے بھگوئین سات دن تک۔

شربت بسفائج سافج۔ شکم کو نرم کرے اور اخلاط کو امعا و معدے سے اُتارے بسفائج سبز مکسر چار اوقیہ نیمکوب بیچ پانی شدید الحرارت کے ایک رات دن بھگوئین اور نرم آگ پر جوش کرین یہانتک کہ اسقدر پانی رہے کہ قند سفید ایک رطل اُسمین حل ہوجاوے پس قند کو اُسمین حل کر کے قوام کرین اور ایک اوقیہ عسل اضافہ کرین۔

شربت بسفائج مدبر۔ اسہال اخلاط سوداوی و بلغمی کرے اور بہت منافع رکھتا ہی بسفائج سبز مکسر جید نصف رطل مویز منقے تین اوقیہ آلو کالان فراصیا ہر ایک چار اوقیہ تمر ہندی دو اوقیہ تخم خطمی خیری گاؤزبان سنارکی ہر ایک دس درم گل بنفشہ بیس درم تخم کاسنی چھ درم اصل السوس پانچ درم رازیانہ تیرہ فلوب قند سفید چار رطل بطریق مشہور شربت بناوین۔

نوع دیگر کہ مسمی ہی بہ شربت مبارک اور بیچ قولنج و امراض باردہ کے نہایت نافع ہی اور مقوی احشا و مجرب ہی بسفائج سبز مکسر مخروط کہ باریک کوٹا ہو پچاس درم تربد موصوف مرضوض دس درم عود قاقلی بدنوق یعنی کوفتہ کہ نہ ناعم ہو اور نہ مرضوض دو درم ابریشم خام زرد صیقل مقرمن سات درم سب کو خوب جوش کرین اور گلاب و عرق گاؤزبان و عرق بادرنجبویہ ہر ایک ایک سکرجہ و قند سفید تین سو درم اضافہ کر کے قوام کرین اور مشک خالص زعفران ہر ایک ربع درم زیادہ کرین مقدار شربت تیس درم ساتھ ساٹھ درم آب گرم کے۔

شربت سپستان۔ کہ سرد و تر ہی شکم کو نرم کرے اور یبوست امعا کو بشرط مداومت کے زمانہ کثیر تک زائل کرے اور درد معدہ و امعا کو کہ یبوست سادہ یا مادہ یابس سے ہو ساکن کرے اور واسطے کھانسی و خشونت حلق و سینہ و خراشیدگی سینہ کے اور واسطے ذات الجنب و ذات الصدر و ذات الریہ کے اور حمیات صفراوی اور درد حلق و حنجرہ کے نہایت نافع ہی سپستان خوب فربہ یک چہاریک بیچ دو من آب کے جوش کرین جب تیسرا حصہ رہے مل کر صاف کرین اور قند سفید ایک من ملا کر قوام کرین مقدار شربت دس مثقال تک۔

شربت ملین۔ کہ واسطے اس شخص کے کہ یبوست امعا مین رکھتا ہو اور براز فراغت سے نہ آتا ہو جو اس دوا کی مداومت کرے دفع ہو اور مرکبات اس درویش سے ہی اور سرفہ و تپ و سینہ کو نافع ہی عناب ولایتی بیس دانہ سپستان کلان ساٹھ دانہ گل بنفشہ گل سرخ ہر ایک سات درم گاؤزبان پانچ درم بہدانہ

دو درم اسبغول نو درم ادویہ کو مطبوخ کرین اور بعد ملنے وصاف کرنے کے دونون لعاب ملا کر ساتھ ایک رطل قند یا ترنجبین کے قوام کرین اور موافق حاجت کے ہر صبح ساتھ روغن بادام کے دین ۔

شربت عسل ۔ کہ ثقل کو اتارے اور معدہ کو قوت دے عسل ایک قسط مصطگی تین اوقیہ شراب پانچ قسط مصطگی کو پیس کر بیچ کپڑے کتان کے باندھکر شراب و عسل مین ڈالین اور بعد چھ دن کے قبل غذا کے ایکبار ساتھ گرم پانی کے پئین ۔

شربت عسل ۔ کہ بلغم کو اتارے تخم قرطم چار درم نیم کوب کر کے بیچ کپڑے کتان کے باندھکر بیچ پانچ قسط شراب کے اور ایک قسط عسل کے تر کرین اور بدستور مسطور عمل مین لاوین ۔

شربت ہلیلہ ۔ طبع کو نرم کرے اور حمیات گرم اور اوجاع مفاصل کو نفع دیوے ہلیلہ زرد کلان پانی سے دھوئے ہوئے ساٹھ عدد نیم کوفتہ کر کے اسقدر پانی مین کہ دوا انگل اوپر رہے بھگو کر تین دن دھوپ مین رکھین بعد اسکے پانی اسکا لیکر نگاہ رکھین اور پانی ہلیلہ مین ڈالین اور تین دن پھر دھوپ مین رکھین پس پہلا پانی و دوسرا آپس مین ملاوین اور ڈیڑھ سو مثقال ترنجبین پاک ملا کر قوام کرین اور بعد اتارنے کے سقمونیا سودہ ایک مثقال اسمین حل کرین اور اگر حاجت سقمونیا کی نہو نہ ملاوین اور بعض لوگ بھگونا ہلیلہ کا پانی مین دو مرتبہ مقرر نہین کرتے بلکہ اسوقت تک کہ مزہ و رنگ ہلیلہ کا پانی مین آتا ہو تجدید پانی کی اور بعد ہر تین دن کے بدلنا جایز رکھتے ہین مقدار شربت دو اوقیہ سے تین اوقیہ تک ۔

شربت شاہترہ مدبر ۔ طبع کو نرم کرے اور اخلاط بلغمی وسوداوی محرق کو نکالے اور جرب وحکہ وجذام کو نفع دیوے اور تسکین اخلاط وغلبہ مرار کرے ہلیلہ زرد تخم ہندی ہر ایک تیس درم ہلیلہ کابلی ہلیلہ ہندی گاؤزبان سنا مکی بسفایج اصل السوس مقشر پرسیاوشان ہر ایک بیس درم آلو تیس عدد عناب سپستان ہر ایک پچاس دانہ تخم کشوث تین درم زرد رد انبر باریس ہر ایک پانچ درم گل بنفشہ سات درم گل نیلوفر تازہ تیس پھول بیچ دس رطل پانی شاہترہ کے ایک رات دن بھگوئین بعد اسکے جوش کرین یہانتک کہ تہائی جاتی رہے پس صاف کر کے نگاہ رکھین مقدار شربت سات درم سے بیس درم تک استعمال کرین ساتھ ماء الجبن کے اور کبھی عسل خیارشنبر وسقمونیا اضافہ کرتے ہین باعتبار قوت کے اور ایک نسخے مین افسنتین رومی بھی تین درم داخل ہی ۔

شربت دینار ۔ یہ نسخہا ہے متعدد و شربت ریوند و شربت بنفشہ و شربت نیلوفر و شربت زوفا اور دیگر اشربہ ملینہ کہ سرفہ کو بھی نفع کرتے ہین بیچ ادویۂ جگر و سینے کے تحریر ہوئے ۔

شربت ورد قابض ۔ شکم کو بند کرے اور جگر کو فایدہ دیوے گل سرخ مع اقماع ایک دفعہ بیچ دس رطل پانی کے جوش کرین یہانتک کہ ربع رہجاوے پس صاف کر کے ہموزن اسکے قند سفید ملا کر قوام کرین اور اگر قوی چاہین تو مقابلہ مین ہر ایک رطل اسکے کے مصطگی حب الآس صندل سفید آرد کنار طباشیر کشنیز خشک ہر ایک

ایک مثقال کپڑے مین باندھکر درمیان طبخ کے ڈالین اور باقی تصرفات اوپر رائے طبیب کے ہی اگر اجزا ے حارہ قابض چاہین اضافہ کرین اور اگر مرکب چاہین حار و بارد دونون مضاف کرین —

شربت انجبار — اسہال دموی و نفث الدم و سیلان حیض کو نفع کرے و معدہ و جگر گرم کو قوت دے انجبار سات مثقال صندل سرخ صندل سفید ہر ایک پسا ہوا پانچ مثقال اقاقیا دو مثقال قند سفید ایک رطل ملاکر شربت بناوین چنانچہ رسم ہی اور ایک نسخے مین انجبار سات مثقال خرنوب شامی بیخ صندلین تخم مورد ہر ایک دو مثقال ہین اور قند سفید ایک رطل —

شربت قابض — واسطے اسہال و زلق الامعا کے مجرب ہی خصوصاً جسوقت ساتھ سفوف قابضہ کے ہین آب بہی آب امرود آب سیب ہر ایک ایک رطل تخم مورد تیس مثقال انمین بھگوکر جوش کرین جب نصف رہے صاف کرکے استعمال کرین اور اگر اسہال بلغمی ہو اثنا ے طبخ مین سنبل الطیب مصطگی عود ہندی سک ہر ایک دو مثقال کپڑے مین باندھکر جوش کرین —

شربت حب الآس — اسہال کو باز رکھے اور معدہ و امعا کو قوت دے حب الآس امرود خشک ہر ایک پچاس درم قرط طراثیث ہر ایک دس درم آب بہی آب سیب آب انار ہر ایک ایک من ادویہ کوٹ کر ان پانیون مین جوش کرین جب تہائی رہ جاوے مل کر صاف کرین اور دوسری مرتبہ جوش کرین بدون ملانے قند کے یہانتک کہ قوام ہوجاوے اور اس لیے کہ آب فواکہ اس شربت مین اور شربت سابقہ مین داخل ہی اگرچہ شیرینی نہین ملاتے ہین لیکن قوام ہوجاتا ہی بطور رب کے مگر فواکہ بعض مقام کے بسبب قوت مائیت کے جب تک قند انمین نہ ملاوین طبخ سے گاڑھے نہین ہوتے اور اوپر بیان ہوتا ہی کہ اطبا نے بعض مطبوخات کو بیچ اشربہ کے شمار کیا ہی اور صاحب اقسرائی نے ایسا لکھا ہی کہ اگر حب الآس کو نیمکوب کرکے سات دن بیچ پانی کے ترکرکے جوش کرین اور قند ملاکر قوام کرین اسہال و نزف کو بند کرے —

نوع دیگر — کہ بیچ حبس اسہال کے قوی تر ہی اور بیچ قطع نزف الدم کے مجرب اور سرفہ اور امراض سینہ کو مفید ہی حب الآس تازہ ایک رطل نیمکوفتہ ماز دقی جید نیمکوفتہ برابر اسکے دونون کو سات دن پانی مین بھگوکر جوش کرین اور قند سفید برابر پانی کے جو باقی رہا ہی ملاکر قوام کرین اور اگر بجاے قند کے شربت بہی یا شربت سیب کا ڈالین قوی تر و مفرح ہوگا —

نوع دیگر — حب الآس طری ایک رطل کوٹکر تین رطل پانی مین ترکرکے جوش کرین جب تہائی رہے صاف کرکے قند سفید دو رطل یا ایک رطل مین قوام کرین اور اگر درمیان طبخ کے نقیع انار دانہ کا تھوڑا سا ملادین قوی تر ہووے —

نوع دیگر — کہ شدید القبض ہی برگ آس و حب الآس دونون برابر

لیکر جوش کرین اور قند ملاکر قوام کرین اور ایک نسخہ اس شربت کا بیچ ادویہ سینے کے اور ایک نسخہ بیچ ادویہ معدے کے گذرا۔

شربت امرود - کہ اسہال کو روکتا ہی اور معدے کو قوت دیتا ہی امرود کہ پختہ ہو لیکر پکا دین تو بھرا ہو جاوے پس ملکر پھر دیگ مین ڈالکر پکا دین تو گاڑھا ہو جاوے و استعمال کرین فانہ یرفع منفعۃ کثیرۃ۔

شربت زعرور و شربت خرنوب - کہ قابض شکم و مبرد معدہ و قاطع سیلان مواد ہی طرف معدہ و امعا کے طریق اسکا وہی ہی کہ بیچ امرود کے گذرا۔

شربت زہر الکرم البری - کہ اسہال مزمن کو روکے اور قرح امعا کو نافع ہی اور واسطے ضعف معدہ و امعا کے اور قلت اشتہا کے مفید و ہر کرم بری خشک و دہن لیکر شیرۂ انگور ایک جزو اسپر ڈالکر تیس دن رکھین بعد اسکے استعمال مین لاوین۔

شربت عود - شربت تفاح - شربت سفرجل شربت انار - شربت ریباس - شربت بہی لیمونی شربت حصرم شربت آملہ - شربت بنج شربت بیہ - قابض شکم ہین اور بیچ ادویہ معدے کے مذکور ہوئے۔

شربت صندل - حابس طبیعت ہی بیچ ادویۂ دل کے گذرا۔

شربت سماق - اور باقی میوون ترش کا بالکل قابض و مقوی احشا و مسکن حرارت ہین ترتیب انکی لکر معلوم ہوئی ہی۔

شافہ - کہ قولنج کھولے و صفرا و بلغم کو دفع کرے اور درد پشت کو نافع سکبینج مقل جاوشیر اشق نمک ہندی شحم حنظل بورۂ ارمنی سقمونیا تربد حب النیل بالسویہ صمغون کو ساتھ آب سداب کے حل کرین اور ادویہ کو کوٹ کر چھان کر انمین ملاکر شافہ بناوین ہر ایک دو درم۔

فائدہ - جسوقت شافہ واسطے قولنج کے بناوین چاہیے کہ طول شافہ کا بقدر طول انگلی مریض کے بلکہ بمقدار چھ انگلی مضموم کے ہو تو بیچ معای مستقیم کے سیدھا پہونچے اور اثر اسکا قولون ہین کہ جگہ قولنج کی ہی سرایت کرے بخلاف اور شافون کے کہ واسطے وجع الورک و عرق النسا کے بناتے ہین چاہیے کہ گول ہون تو ٹھہرنا انکا موضع قریب بیماری کے دیر تک ہوئے کذا قال الشیخ فی القانون

شافہ خیار شنبر کہ قولنج کھولے اور طبع کو ملائم کرے اور حمیات مین استعمال کر سکتے ہین اور نہایت سریع الاثر ہی گل بنفشہ دو درم خطمی تین درم سنا مکی پانچ درم نمک ہندی ایک درم عسل خیار شنبر شکر سرخ ہر ایک دس درم شافہ بناوین۔

شافہ بنفشہ - قولنج کھولے گل بنفشہ پانچ درم سقمونیا نمک ہندی ہر ایک دو درم بورۂ ارمنی تربد ہر ایک تین درم قراقروت فانیذ ہر ایک پانچ مثقال شیاف بناوین۔

شافہ قولنج - کہ قولنج قوی کو کھولے بورۂ ارمنی دس درم شحم حنظل مقل سکبینج ہر ایک پانچ درم سقمونیا اڑھائی درم شکر نو درم شیاف بناوین۔

شافہ زبلی - طبع کو کھولے پشک موش شکر سرخ سنا مکی گل بنفشہ بورق ارمنی جملہ برابر نرم کوٹ کر ساتھ ناطف کے گھولین اور شافہ بناوین-

فائدہ - ترجمہ زبل کا پشک ہی یعنے بیٹ اور ناطف عبارت ہی قوام غلیظ ترسے شکر کے یعنے شکر کو بیچ پانی کے اسقدر پکاوین کہ جب سرد ہووے سخت ہو جاوے-

نوع دیگر - یہی عمل کرے اور معمول اور کثیر النفع ہی زبل الفار تلح عجین شکر سرخ بالسویہ اوپر نرم آگ کے بستہ کرین اور مانند خستہ خرما کے تبیان بناوین اور روغن بنفشہ شیرجی مین چرب کرکے دبر مین رکھین-

شافہ قلیل الاجزا - کہ محرور کو واسطے تابین کے نفع کرے شکر سرخ کو بستہ کرین اور تھوڑا نمک اوسپر چھڑک کر شافے بناوین-

شافہ - کہ بیچ قولنج شدید کے استعمال کرتے ہین وسمی بہ فرزجۃ البیضا ہی اور حقنے مین بھی پڑتا ہی جیسا کہ کہا گیا بورۂ نان دس درم شحم حنظل پانچدرم سقمونیا اڑھائی درم حل کرکے شیاف بناوین-

شافہ جند بید ستر - شکم کھولے اور امعا کو بلغم سے پاک کرے سکبینج جاؤشیر مقل ازرق اشق حلتیت تربد بورہ ارمنی ہر ایک تین درم شحم حنظل بورہ نمک سیاہ جند بید ستر ہر ایک ایک درم و نصف الطائی سقمونیا ایک درم-

شافہ صابون - کہ اسہال بلغم کرے صابون بورہ ہر ایک تین درم حبۃ السودا دو درم زنجبیل شحم حنظل جند بید ستر ہر ایک ایک درم سقمونیا دو دانگ سب اجزا کے چار شافہ بناوین اور اگر قوی تر چاہین تھوڑا تربد بھی داخل کرین-

شافہ حب النیل - قولنج قوی کو کھولے حب النیل صعتر جاؤشیر مقل اشق نمک ہندی بورۂ ارمنی شحم حنظل سقمونیا برابر لیوین اور صمغون کو سداب کے پانی مین حل کرین اور باقی ادویہ کو کوٹ کر چھانکر اوسمین گھولکر شیاف بناوین اور بعضے لوگون نے تخم بید انجیر و فانیذ کو اضافہ کیا ہی اور اگر چاہین کہ اقوے و شدید الحدت ہو ساتھ زہرۂ گاؤ کے گھولکر بناوین-

شافہ - کہ پیچھے مسہل کے استعمال کرین اگر اسہال مین قصور رہا ہوا اور گرم مزاجون کو بھی مناسب ہی ترنجبین شکر سرخ ہر ایک پانچدرم صابون رقی گل خطمی نمک طعام ہر ایک دو درم کوٹ کر چھان کر شیاف بناوین-

شافہ - کہ تسکین درد قولنج کرے افیون جند بید ستر برابر لیکر مقدار چھوٹی گٹھلی خرما کے شافہ بناوین اور دھاگا اوسمین مضبوط باندھکر دبر مین رکھین تو آسانی سے بعد حصول مطلب کے باہر نکال لیوین-

انتباہ - جب مریض محموم ہو واسطے رفع قبض کے صرف ترنجبین سے شافہ بناوین اور اگر کفایت نہ کرے شکر سرخ مقوم کرکے وقت عقد کے نمک پسا ہوا ملا کر شافہ بناوین اور اگر یہ بھی کافی نہو پشک موش نیز اضافہ کرین بالجملہ جب تک دواے نرم سے کام نکلے اقوی کو استعمال نہ کرین اور جس جگہ امعا مین خشکی غالب ہو اور ثقل بھی خشک آوے احسن تدبیر یہ ہی

کہ مسکہ لیکر اوپر برف کے منجمد کرین اور شافہ اُس سے بنا کر برمین رکھین اور جانین کہ بیچ شافون گرم کے واسطے مادہ بلغمی کے قوی ترین افیون ہے صابون ہو اور وہ اکیلا بھی اگر شافہ اُس سے تراش کر رکھین کفایت کرتا ہی اور ملانا اُسکا ساتھ شکر و شہد کے اور اوپر آگ کے رکھکر بستہ کرنا قوی العمل قلیل الحدث ہی اور شافہ گرم بہت استعمال نہ کرین کہ بواسیر پیدا کرتے ہین اور بعد استعمال کے روغن گل اور زردی بیضہ سے یا روغن بادام یا مسکہ سے تدہین مبرز کی لازم جانین تو آفت سے محفوظ رہے اور بیچ حرف الفا کے فتائل مسہلہ بھی مذکور ہوتے ہین۔

شافہ زحیر۔ زعفران حضض مر افیون کندر مساوی الوزن کوٹ کر شیاف بناوین۔

نوع دیگر۔ کہ زحیر کو جو بسبب صفرا کے ہو یا بلغم شور کے ہو فائدہ کرے صدف سوختہ گل ارمنی اقاقیا گلنار ہر ایک تین درم کوٹ کر چھان کر ساتھ پانی بارتنگ کے یا پانی خرفہ کے شیاف بناوین۔

نوع دیگر۔ کہ واسطے زحیر کے نافع ہی خردہ ملک زعفران افیون مازو سبز انار گلنار صمغ عربی کوٹ کر ساتھ آب مورد کے شیاف بناوین۔

دیگر۔ کہ نام اُسکا شیاف کندر ہی واسطے زحیر شدید و درد قوی کے عجیب الاثر ہی اور مجرب کندر مازو افیون مر بالسویہ شیاف بناوین۔

دیگر۔ واسطے زحیر و اسہال دم و اخراش کے نفع کرتا ہی صمغ عربی اقاقیا افیون مازو بزر البنج کندر گل ارمنی بزر البنج بریان مساوی الوزن کوٹ کر ساتھ آب مورد کے یا ساتھ آب کشنیز کے شیاف بناوین۔

شافہ۔ کہ شکم کو بند کرے اقاقیا گلنار صمغ عربی کزمازو بلوط خرنوب بریان بزر البنج بریان مساوی الوزن کوٹ کر چھان کر ساتھ آب مورد کے شیاف بناوین اور ادویہ مسکنہ وجع قولنج اور دافع زحیر کے بیچ بنادق کے بھی مذکور ہو گئے ہین۔

شافہ۔ کہ واسطے زحیر بلغمی کے عام النفع و مجرب ہی کندر مر ہر ایک ایک جزو زعفران افیون ہر ایک نصف جزو سب کو بہت باریک پیسکر شافہ بناوین۔

شافہ۔ کہ واسطے زحیر کے جو بلغم لزج سے حادث ہو فائدہ کرے مرمیعہ کندر ذکر سندروس زعفران افیون برابر باریک کر کے پانی مین شیاف بناوین اور ان ادویہ سے اگر بقدر نخود کے گولیان بنا کر صاحب زحیر کو دو گولی ساتھ پانی نیمگرم کے دین نفع کرے۔

شافہ۔ کہ واسطے زحیر صفراوی کے نافع ہی کندر زعفران حضض ہر ایک ایک جزو افیون ربع جزو۔

شافہ۔ کہ واسطے زحیر کے جو بلغم لزج سے عارض ہو فائدہ کرے اور نشان اُسکا نکلنا بلغم اور کم ہونا پیاس کا ہی اور جو نکلے ساتھ قراقر و ریاح و خراطہ کے نکلے اور خون کمتر ہو زعفران کندر مر تخم شبت برابر باریک کر کے شیاف بناوین اور شیاف مخدر کو لازم ہی کہ ایک طرف اُسکے ساتھ دھاگے کے مضبوط باندھین اور سر دھاگے کا باہر رکھین تو بعد حصول مطلب کے باہر نکال سکین اسلئے

کہ اگر ایک ساعت یا دو ساعت رہے حدر بالکل پیدا کرے اور اسی طرح چپکار ہے۔

حرف الضاد

ضماد سلموبہ۔ اگر ناف پر رکھین شکم کو روان کرے اور اگر معدے پر رکھین قے لاوے اور اگر عانہ پر رکھین ادرار حیض کرے برنگ کابلی عصارۂ قثاء الحمار ہر ایک تین مثقال خربق سفید مردار سنگ ہر ایک چار درم روغن زیت دس درم موم سفید پیہ بز ہر ایک پانچ موم و پیہ کو روغن زیت مین پگھلاوین اور باقی ادویہ کو کوٹکر چھان کر اسمین ملاکر ضماد بناوین بعد اُسکے اوپر کاغذ کے لگاکر ضماد کرین اور ایک نسخے مین عوض روغن زیت کے عکر الزیت لکھا ہی اور بیچ قلانسی کے عوض پیہ کے زبد البحر مرقوم ہی۔

ضماد ترمس۔ کہ جو اوپر لتہ کے لگاکر فم معدہ پر رکھین اسہال سودا کرے اور نیچے بغل کے اگر ضماد کرین اسہال صفرا کرے اور مابین الورکین پر اگر ضماد کرین اسہال بلغم کرے اور یہ ضماد اسرار اطبا سے ہی اطفال و مشائخ اور جو لوگ کہ طاقت اسہال کی دوا مسہل سے نہین رکھتے ہین اس سے معالجہ کرین ترمس مقشر ایک کف کوٹ کر دیگ مین ڈالین اور اُسقدر دودھ تازہ کہ چھپا لیوے اُسپر ڈالکر جوش کرین یہانتک کہ ترمس دودھ کو جذب کر لیوے پس برابر اسکے روغن گاؤ اضافہ کرین اور جوش کرین کہ قوام ہووے اور استعمال کرین اور جب کہ اسہال منقطع ہو لتہ کو اٹھا لیوین اور موضع کو گلاب سے دھووین اور دیگ اگر تانبے کی ہو بہتر ہی اور تاثیر ان ادویہ کی بدن نازک نرم پوست مین ہوتی ہی نہ بیچ بدن کثیف کے۔

ضماد۔ کہ اگر اوپر کنج ران کے کرین اسہال صفرا کرے اور اگر اوپر معدے کے کرین اسہال بلغم اور اگر اوپر ورکین کے کرین اسہال سودا اور اوپر پستان کے اسہال خون کرے ترمس خوب پسا ہوا النصف اسکا حنظل اور خمس اُسکا ایرک حل کیا ہوا ربع اُسکا زہرہ گاؤ ساتھ تازہ دودھ کے دیگ مین کہ اسکے منھ مین خمیر لگایا ہو جوش کرین یہانتک کہ خوب ملجاوے۔

ضماد خزامی۔ کہ جو ناف پر لگاوین شکم کو روان کرے خزامی حمام ساتھ عسل کے گھولکر ناف پر رکھین۔

ضماد مراری۔ کہ جو معدے اور زیر ناف پر رکھین دست لاوے زہرۂ گاؤ عسل روغن زیت شحم حنظل زرنیخ بالسویہ استعمال کرین۔

ضماد مورد۔ کہ اسہال صفرا کو روکے برگ مورد گلسرخ گلنار صندل مازو آملہ لاذن سماق اقاقیا حضض مساوی الوزن کوٹ کر چھان کر ساتھ آب مورد کے گھولکر شکم پر ضماد کرین۔

ضماد لاذن۔ زلق الامعاء بلغمی کو نافع ہی لاذن سعد مصطگی قصب الذریرہ اذخر مرزنجوش نمام ہر ایک پانچ درم عود جوزبوا قرنفل ہر ایک ڈیڑھ درم کوٹ کر چھان کر ساتھ آب مورد کے ضماد کرین۔

ضماد سنبل۔ اسہال کو جو بسبب ضعف ہاضمہ و برودت جگر کے ہو نافع ہی سنبل قصب الذریرہ

افسنتین قشور کندر مصطگی لادن برگ مورد گل سرخ صندل ہر ایک دس دس درم پوست انار رش آملہ ہر ایک پندرہ درم کوٹکر چھانکر ساتھ شراب کہنہ کے ضماد کرین۔

ضماد کرنب۔ کہ زحیر صفراوی و ورمی گرمی کو نافع ہی کلم کو روغن گل و زردی انڈے مین پکاکر عدس عشرہ عنب الثعلب اسمین گھولکر ضماد کرین۔

ضماد کعک۔ واسطے اسہال گرم و ذرب کے اور تقویت معدہ و امعا و جگر کے نافع ہی کعک کہ اسکو نان بکسمات بھی کہتے ہین پانچ درم گل سرخ شگوفہ انگور برگ مورد تخم مورد ہر ایک چار درم اقاقیا مازو حضض سماق جاورس بودادہ زعفران مصطگی ہر ایک دو درم کافور نصف درم ساتھ آب مورد کے گھولکر لگا دین اور شگوفہ انگور کا اگر میسر نہو بدلے اسکے شاخ انگور ڈالین۔

ضماد۔ کہ واسطے اسہال بارد و تقویت معدہ و جگر و امعا کے نافع ہی کعک پانچ درم نقاح اذخر شونیز سعد ہر ایک چار درم شب یمانی دم الاخوین نانخواہ پوست ترنج گاورس مرصافی کندر ہر ایک دو درم ساتھ آب مورد کے گھولین اور جب تقویت احشا کی منظور ہو اور اسہال نہو چاہیے کہ صبر سات درم زیادہ کرین اور عوض آب مورد کے روغن ڈالین۔

ضماد جاورس۔ بیچ قطع اسہال کے مجرب ہی گاورس تین درم کندر گل سرخ برگ مورد کعک ہر ایک دس دس درم آرد جو پانچ درم ساتھ آب بہی کے یا جوشاندہ بہی کے گھولکر ضماد کرین۔

ضماد۔ کہ واسطے اسہال صبیان کے مجرب ہی زرورد برگ آس زیرہ کشنیز کندر پوست انار رش کوٹ کر چھانکر اور ساتھ پانی بہی کے یا پانی سماق کے ضماد کرین۔

ضماد۔ کہ واسطے اسہال اطفال وغیرہ کے اور واسطے تقویت معدہ و امعاے اطفال وغیرہ کے نہایت موثر ہی لادن ایک اوقیہ اقاقیا چار مثقال موم دس مثقال روغن سوسن پچیس درم بیچ خلوے معدے کے ضماد کرین۔

حرف الطاء

طلاء افسنتین۔ حب القرع و حیات کو جو اطفال مین پیدا ہوتے ہون خارج کرے افسنتین تین درم برگ شفتالو دس درم زہرۂ گاؤ ایک عدد گرد ناف کے طلا کرین۔

طلاء ترمس۔ کہ حیات و حب القرع کو نافع ہی آرد ترمس ساتھ زہرۂ گاؤ کے ملاکر ناف پر طلا کرین۔

طلاء۔ کہ واسطے حیات و حب القرع کے فائدہ کرتا ہی آس یا آبس حنظل شونیز کندش عراقی ترمس تخم کتان بزر البنج برابر کوٹ کر ساتھ پانی و روغن گل کے پکا دین اور ناف پر اور گرد اسکے لگا دین۔

طلاء قثاء الحمار۔ واسطے کھولنے قولنج کے نفع رکھتا ہی ساتھ اسہال کے عصارۂ قثاء الحمار سقمونیا زہرۂ گاؤ شحم حنظل ہر ایک ایک جزو کوٹکر چھانکر روغن یاسمین کہ جسمین موم پگھلایا ہو گھولکر عانہ پر طلا کرین اور بعض لوگ بدلے سقمونیا کے دودھ شبرم کا اور عوض موم کے وسخ النحل ڈالتے ہین۔

طلاء طباشیر۔ اسہال و قی کو نافع ہی طباشیر دو درم گل سرخ پانچ درم اقاقیا گلنار مازو شب یمانی جوز السرو صندل سرخ سفید برگ مورد و عدس ہر ایک تین درم ساتھ آب بہی کے اور تخم و

معدہ و پشت کو طلا کرین۔

طلاء اقاقیا۔ کہ اسہال کو روکے اقاقیا سعد مرکند رکعک جوز السرو ناز و گلسرخ آملہ گل ارمنی کاورس برنج عدس بلوط گلنار بزر البنج صندل برابر ساتھ آب مورد کے یا آب بہی کے اوپر شکم کے طلا کرین۔

حرف الفاء

فیروزنوش۔ قولنج و مغص ریحی کو نافع ہی اور ریاح غلیظ کو دفع کرے بیچ ادویۂ سرکے گذرا۔

فیروزنوش ممسک و فندادلیقون۔ واسطے درد امعاو کسر ریاح کے نافع ہی اور ادویۂ معدہ مین گذرا۔

فلافلی۔ بدستور۔

فلونیاء فارسی و فلونیاء رومی و فلونیاء محمودی و فلونیاء مجرب کثیر الاجزاء۔ یہ سب واسطے قولنج کے اور حبس اسہال کے نافع ہین اور بیچ ادویہ سر کے گذرے ہین

نوع دیگر۔ کہ مسمی ہی بہ فلونیار رومی اور واسطے قولنج و درد دندان کے عظیم النفع ہی و سرفہ و خناق کو مفید ہی افیون دو مثقال سنبل الطیب فطراسالیون یا تخم کرفس ہر ایک چار مثقال سافرج ہندی سلیخہ رومی عاقرقرحا حب بلسان فرفیون ہر ایک ایک مثقال سب کو کوٹکر چھانکر ساتھ روغن بلسان کے یا روغن زیت کے یا روغن گاؤ خالص کے چرب کرین اور ساتھ عسل کف گرفتہ کے قوام کرین اور ہر صبح کو بقدر نخود کے میل کرین۔

نوع دیگر۔ کہ مسمی ہی بہ فلونیاء فارسی واسطے درد قولنج و گردہ کے نافع ہی اور کثرت حیض و سیلان رطوبت رحم کو مفید فلفل سفید بزر البنج ہر ایک بیس مثقال افیون عاقرقرحا فرفیون ہر ایک دس مثقال زعفران پانچ مثقال جند بیدستر ایک مثقال زرنباد درونج عقربی مشک اذخر مرداسنگ ناسفتہ ہر ایک نصف مثقال کو کوٹکر چھانکر ساتھ شہد کف گرفتہ کے قوام کرکے تیار کرین اور بقدر نخود کے کھاوین۔

فلونیاء۔ کہ مفشی ریاح و ملین بطن مسکن وجع و جالب نوم ہی فلفل نانخواہ برگ سداب فوتنج زیرہ جند بیدستر حب الغار افیون یبروج بزر البنج ہر ایک ایک جزو سقمونیا ثلث جزو کو کوٹکر چھانکر ساتھ عسل کے کہ برابر اونکے ہو گھولین مقدار خوراک ایک مثقال۔

فلونیا۔ کہ مسہل نہین ہی لیکن مسکن وجع و مفشی ریاح غلیظہ ہی فلفل شونیز نانخواہ حب الغار جندبیدستر زیرہ افیون بزر البنج یبروج جملہ وزن مین برابر عسل اسقدر کہ ادویہ اوسمین گھولے جاوین۔

فتیلۂ مسہلہ قویہ۔ کہ قولنج بلغمی و ثقلی کو نافع ہی بورہ ارمنی شحم حنظل ہر ایک ایک درم خطمی سفید تین درم کو کوٹکر چھانکر قند یا شکر کے قوام مین گھولکر بتیان بناوین۔

فتیلہ۔ کہ نہایت قوی و کثیر المنافع گل بنفشہ عراقی چار درم نمک خمیر بورہ ہر ایک دو درم رب السوس آٹھ درم محمودہ تین درم عسل القصب یعنی آب نیشکر دس درم شکر چودہ درم ادویہ کو کوٹکر مانند سرمہ کے باریک کرین بعد اوسکے شکر بیچ آب نیشکر کے ڈالکر قوام غلیظ کرین اور آگ سے اوتار کر ادویہ کو اوسمین گھولین اور اوپر پتھر کے کہ روغن تخم کتان یا روغن بنفشہ سے چکنا کیا ہو ڈالکر بتیان بناوین اور بیچ شیاف کے کہا گیا کہ طول شافہ و فتیلہ کا کہ واسطے قولنج کے بناوین قدر ایک انگلی

کے بلکہ مقدار جیسے انگلی مضموم کے ہو۔

حرف القاف

قرص افتیمون - کہ قولنج کو جڑ سے اُکھاڑے تربد افتیمون ہر ایک دس درم سکبینج پانچ درم کوٹکر چھانکر قرص بناوین اور ہر دن ایک قرص ساتھ ماء الاصول کے کھلاوین۔

قرص ایلاؤس - اور وہ ایک قسم ہی قولنج سے کہ براز منھ کی راہ سے نکلتا ہو تخم کرفس انیسون غاریقون دارچینی ہر ایک چھ درم افسنتین مصطگی ہر ایک چار درم فلفل افیون جندبیدستر ہر ایک دو درم ساتھ آب خالص کے قرص بناوین مقدار خوراک ایک مثقال۔

نوع دیگر قرص ایلاؤس - کہ قئ مفرط کو قطع کرے تخم کرفس انیسون ہر ایک پندرہ درم افسنتین رومی دس درم سلیخہ بیس درم فلفل جندبیدستر افیون ہر ایک اڑھائی درم کوٹکر چھانکر تیس قرص بناوین ہر قرص بقدر دو درم و ثلث کے مقدار شربت ایک قرص۔

قرص بنفشہ - قولنج کو مستاصل کرے گل بنفشہ تربد سقمونیا ہر ایک دس درم رب السوس پانچ درم کوٹکر چھانکر دس قرص بناوین مقدار شربت ایک قرص ساتھ اس مطبوخ کے انجیر زرد دس عدد مویز سرخ منقے دس درم بیچ ایک رطل پانی کے پکاوین جب نصف رہے ملکر نچوڑین اور مغز خیارشنبر پانچ درم اسمین حل کرین اور روغن بادام ایک درم و قرص بنفشہ مسطور ایک عدد ملا کر پیوین۔

قرص گل مسہل - کہ گرما مین دے سکتے ہین گل سرخ دس درم اصل السوس مقشر سنبل ہر ایک پانچ درم سقمونیا تین درم کوٹکر چھانکر بقدر ایک درم کے قرص بناوین مقدار شربت ایک قرص اور نسخہاے قرص گل بیچ معدے کے گذرے اور بیچ حمیات کے بھی آوینگے مشروحًا اور باقی اقراص کہ ممی کو بھی نفع کرتے ہین بیچ بحث حمیات کے ذکر کرینگے۔

قرص مسہل نوع دیگر - کہ بیچ امراض حادہ و حمیات گرم و مرکبہ و رفع قولنج ثقلی کے نہایت نافع و سریع العمل ہی اور بے رنج اور بہترین اقسام اقراص مسہلہ سے ہی گل بنفشہ تخم خرفہ ہر ایک پانچ درم تخم کاسنی تخم خیار مقشر گل نیلوفر تخم ہندوانہ مقشر ہر ایک تین درم کشنیز خشک مصطگی انیسون گل سرخ طباشیر نشاستہ کتیرا ہر ایک ایک درم حب الملوک پاک کیا ہوا مشوی بطریق حکماے ہند کے کہ خاتمہ مین بیان ہوگا دس عدد کوٹکر چھانکر ساتھ لعاب اسبغول کے قرص بناوین مقدار شربت ایک مثقال سے نصف مثقال تک ساتھ شیرہ ہا و آبہاے مناسبہ کے اور ایک نسخے مین اجزا مذکور ہر ایک پانچ درم لکھے ہین الا مصطگی و انیسون کہ یہ دونون ایک ایک درم تحریر ہین اور رجا ہین کہ اگر حب الملوک کو ساتھ کتیرا و انیسون و مصطگی کے پیسکر دو تین دن بیچ پانی لیمو کے بھگوئین بہتر ہی اُسکے تشویہ سے۔

قرص برملی - واسطے دفع بلغم و صفراے حاد کے بہت نافع ہی ہلیلہ بلیلہ آملہ برنگ کابلی مقشر ہر ایک ایک جزو و تربد موصوف برابر سب کے قند سفید نیم وزن سب اجزا کے قند کو ساتھ تھوڑے پانی کے جوش کرین بعد اُسکے اُسپر ادویہ کوٹ کر چھان کر چھڑکین اور خوب ملاوین بعد اُسکے سات سات مثقال کے قرص بناکر رکھین مقدار شربت ایک قرص ساتھ اُس پانی کے

کہ اُسمین کشنیز خشک کو ایک رات بھگو کر صبح کو صاف کیا ہوا اور یہ قرص دس بار سے زیادہ اور بیس بار سے کم دست لاتا ہی اور اگر حاجت نکالنے بلغم خارجی کی ہو شحم حنظل ربع جزو و ہلیلہ کے زیادہ کرین ۔

قرص بنفشہ مسہل ۔ واسطے امراض حارہ کے کہ ساتھ یبوست طبع کے ہون نافع ہی گل بنفشہ مغز تخم کدو خرفہ سقمونیا مشوی ہر ایک دس درم گل سرخ تخم کاسنی ہر ایک پانچ درم رب السوس کتیرا ہر ایک تین درم مصطگی دو درم کوٹ کر چھان کر ساتھ آب ترنجبین کے قرص بناوین اور موافق حاجت کے دین ۔

قرص طباشیر مسہل ۔ کہ معدے کو قوت دے اور حرارت بجھاوے طباشیر عصارۂ زرشک ہر ایک ایک درم سقمونیا گل سرخ کتیرا ہر ایک ایک دانگ کوٹ کر چھانکر ساتھ آب کاسنی کے گھولین اور یہ ایک مقدار خوراک ہی ۔

قرص بنفشہ ۔ قولنج کو کھولے اور سرفہ و تپ محرقہ بلغمی کو نفع کرے گل بنفشہ دس درم تربد موصوف گل سرخ ہر ایک پانچ درم رب السوس سقمونیا ہر ایک تین درم مصطگی ایک درم و نصف کتیرا نصف درم کوٹ کر چھان کر قرص بناوین مقدار خوراک کی اڑھائی درم بیچ تپ کے ساتھ جلاب کے دین اور قولنج مین ساتھ جوشاندہ مویز و انجیر و فلوس خیار شنبر کے یا ماء الاصول کے یا شربت بنفشہ کے ۔

نوع دیگر ۔ کہ یہی عمل کرتا ہی گل بنفشہ پانچ درم تربد اصل السوس ہر ایک دو درم ساتھ پانی کے اقراص بناوین مقدار شربت تین درم ۔

قرص عود ۔ واسطے ہیضہ کے نافع ہی ۔

قرص کندر ۔ بدستور ۔

قرص راسن ۔ واسطے مغص کے ۔

و قرص سلیخہ ۔ کہ مسمی بہ قرص ایلاوس ہی ۔

و قرص طباشیر و قرص سک و قرص اقاقیا واسطے اسہال کے اور یہ سب بیچ ادویۂ معدے کے بیان ہوئے ہین

قرص راوند ۔ واسطے شنج و قروح امعا کے نافع ہی ۔

نوع دیگر ۔ کہ منع اسہال کرے ۔

و قرص طباشیر ۔ کہ واسطے اسہال کے جو ساتھ استسقا کے مفید ہی بیچ ادویۂ جگر کے مذکور ہی ۔

قرص بزر ۔ واسطے اسہال و قروح امعا کے اور اُس شخص کے کہ طعام ہضم نہوتا ہو اور پیچش سخت و زحیر و سیلان حیض متواتر کے نافع ہی دوقو تخم رازیانہ انیسون نانخواہ تخم کرفس بزر البنج ہر ایک ایک اوقیہ حب الآس دو مثقال افیون دو درم ساتھ شراب کے معجون کرکے ڈیڑھ درم تک وزن مین قرص بناوین اور بعد چھ مہینے کے استعمال کرین مقدار خوراک ایک قرص ۔

قرص بسد ۔ واسطے اسہال دموی کے اور قذف خون کے بسد صمغ عربی کندر ہر ایک ایک درم اقاقیا گلنار ہر ایک چار درم دارچینی نصف درم ساتھ سفیدی انڈے کے بقدر درم کے قرص بناوین مقدار خوراک ایک قرص ۔

قرص تخم حماضی ۔ واسطے اسہال دموی کے نافع ہی تخم حماض گل سرخ ہر ایک پانچ درم صمغ عربی نشاستہ طباشیر ہر ایک دو درم ساتھ لعاب اسبغول کے

قرص بناوین مقدار شربت ایک مثقال۔

قرص کہربا۔ کہ واسطے اسہال خون کے اور نزف الدم جمیع اعضا کے مجرب ہی کہربا تخم خرفہ بسد تخم حماض شاخ گاؤ کوہی سوختہ پوست تخم مرغ سوختہ گل ارمنی صمغ عربی بریان تخم کشنیز بریان چلغوزہ ہر ایک پانچ درم ودع محرق جلنار سک ہر ایک تین درم بزرالبنج لک منقے طباشیر کتیرا نشاستہ مصطگی زعفران افیون ہر ایک ایک درم مقدار خوراک ایک مثقال ساتھ آب بہی کے واسطے نفث الدم اور ساتھ شربت خشخاش کے واسطے قروح امعا کے کذا ذکر فی تحفۃ المومنین نقلاً عن نجیب الدین السمرقندی لیکن بیچ قرابادین قدیم صحیح شیخ نجیب الدین مرحوم کے کہ نزدیک اس درویش کے ہی اوزان اجزا کے اس طرح دیکھے گئے بسد خرفہ صمغ عربی کشنیز ہر ایک پانچ درم تخم حماض شاخ گوزن سوختہ پوست بیضہ سوختہ گل مختوم ودع محرق گلنار سک ہر ایک تین درم بزرالبنج سفید لک منقے طباشیر کتیرا نشاستہ ہر ایک دو درم مصطگی بریان زعفران افیون ہر ایک ایک درم اور بیچ کامل الصناعہ کے نسخہ مذکور ایسا تحریر ہی مروارید کہربا تخم خرفہ بسد تخم حماض ہر ایک پانچ درم خشخاش سفید وسیاہ چلغوزہ کشنیز ہر ایک چھ درم گل مختوم گل قبرسی شاخ گاؤ کوہی سوختہ پوست تخم مرغ سوختہ صمغ عربی بو دادہ سک طباشیر ہر ایک تین درم ودع محرق گلنار بزرالبنج لک منقے کتیرا نشاستہ ہر ایک دو درم مصطگی بریان زعفران افیون ہر ایک ایک درم۔

نوع دیگر۔ کہ اسہال وقرحہ معی وافراط حیض وبواسیر کو باز رکھے کہربا بسد مروارید ناسفتہ ودع سوختہ شاخ بز کوہی سوختہ شادنہ مغسول ہر ایک تین درم گل سرخ تخم خرفہ کشنیز خشک سماق نشاستہ بریان صمغ عربی بریان گلنار ہر ایک پانچ درم طباشیر اقاقیا عصارہ لحیۃ التیس ہر ایک دو درم ساتھ آب بارتنگ کے قرص بناوین مقدار شربت دو درم ساتھ عصارہ بادروج کے یا شربت مورد کے یا رب بہی کے۔

نوع دیگر۔ کہ واسطے زخم امعا کے اور بول الدم کے نافع ہی کہربا صمغ عربی ہر ایک پانچ درم گلنار گل ارمنی عصارہ لحیۃ التیس کتیرا مغز تخم کدوے شیرین مغز تخم خیار ہر ایک تین درم کندر افیون تخم کرفس طباشیر دم الاخوین ہر ایک دو درم اقراص بناوین مقدار شربت دو درم ساتھ رب بہی کے۔

نوع دیگر۔ کہ شکم سے خون نکلنے کو روکے کہربا بسد مروارید ناسفتہ تخم خرفہ ہر ایک پانچ درم شاخ بز کوہی سوختہ پوست بیضہ مرغ سوختہ کتیرا صمغ عربی ہر ایک تین درم کشنیز خشک بریان خشخاش سفید وسیاہ ہر ایک چھ درم ودع سوختہ بزرالبنج ہر ایک دو درم کوٹ کر چھان کر ساتھ لعاب اسبغول کے قرص بناوین مقدار شربت ایک مثقال چھ مہینے تک قوت اسکی باقی رہتی ہی۔

نوع دیگر۔ کہ اسہال دم کو اور خون بواسیر کو سوا اسکے قطع کرے تخم گاؤزبان طباشیر طین قبرسی طین مختوم ہر ایک ایک درم کندر سفید کہربا صدف سوختہ بسد حجر الدم ہر ایک شادنہ مروارید ناسفتہ ہر ایک دو درم حضض ڈیڑھ درم عصارہ لحیۃ التیس تین درم باریک پیسین اور ساتھ شربت

آس یا ریباس یا بہی یا سیب کے ملا کر قرص بناوین اور سلائی مین سوکھاوین اور بقدر حاجت ساتھ ایک کے شربتون مذکورہ سے کھلاوین اور حکیم علی نے بیچ شرح قانون کے مقدار خوراک اس قرص کی دو درم لکھی ہی اور غذا اُس شخص کی جو نزف الدم مین مبتلا ہو سماقیہ و رمانیہ و حصرمیہ ہو اگر کوئی امر مانع نہو۔

نوع دیگر۔ کہ اسہال دموی و افراط خون بواسیر و حیض کو نافع ہی کہربا خشخاش مصطگی ہر ایک دس ۱۰ درم زعفران دو درم کوٹ کر چھان کر ساتھ لعاب اسبغول کے قرص بناوین۔

نوع دیگر۔ کہ اسہال دموی و افراط خون بواسیر کو اور بول الدم کو نافع ہی کہربا صمغ عربی نشاستہ کتیرا مغز کدو تخم خیار ہر ایک تین درم گلنار اقاقیا ہر ایک ڈیڑھ درم کوٹ کر چھان کر ساتھ لعاب اسبغول کے قرص بناوین مقدار شربت دو درم ساتھ شیرۂ تخم خرفہ کے۔

نوع دیگر۔ کہ اسہال دم و سیلان کو جس جگہ سے کہ ہو روکے کہربا بسد تخم خرفہ بریان ہر ایک چار درم کشنیز خشک خشخاش سفید ہر ایک چھ درم صدف سوختہ بزر البنج شادنہ مغسول گل ارمنی ہر ایک تین درم کوٹ کر چھان کر ساتھ شیرۂ بارتنگ و گلاب کے قرص بناوین۔

نوع دیگر۔ کہ یہی عمل کرتا ہی کہربا گل سرخ صمغ عربی ہر ایک تین درم بیخ انجبار چار درم گل ارمنی بسد طباشیر رب السوس گلنار ہر ایک دو درم اقاقیا ایک درم و نصف ساتھ رب آس کے قرص بناوین مقدار شربت ایک مثقال۔

قرص شادنہ۔ کہ قرص کہربا سے بہتر ہی واسطے اسہال کے اور قطع کرنے خون کے سب اعضا سے اور واسطے حمیات مرکبہ کے اور تجفیف قروح کے اور بقایاے آتشک کے نہایت مفید ہی شادنہ ودع محرق بزر البنج ہر ایک ایک درم کشنیز بریان خشخاش سفید ہر ایک چھ درم کہربا مرجان تخم خرفہ ہر ایک پانچدرم گل مختوم شاخ گاؤ کوہی سوختہ پوست تخم مرغ سوختہ کتیرا صمغ عربی ہر ایک تین درم مقدار خوراک ایک مثقال بدل شادنہ کا مقناطیس محرق ہی اور عوض گل مختوم کا گل ارمنی ہی۔

قرص شادنہ۔ کہ واسطے اسہال صفراوی و ذوبانی کے اور سیلان خون کے اعضاے باطنی سے اور واسطے تپ دق و سل و حمیات دموی و سرفہ حارہ کے مجرب ہی شادنہ مغسول کتیرا رب السوس صمغ عربی انجبار شاخ گاؤ کوہی سوختہ ہر ایک تین درم تخم خرفہ کشنیز خشک خشخاش سفید نشاستہ گل سرخ طباشیر گل ارمنی مغسول طین رومی طین شیرازی ہر ایک پانچدرم سرطان نہری سوختہ دس ۱۰ درم بزر البنج افیون زعفران ہر ایک ایک درم ساتھ لعاب اسبغول کے قرص بناوین مقدار شربت ایک مثقال۔

قرص گلنار۔ کہ واسطے اسہال مراری رقیق کے دموی ہون یا صفراوی نافع ہی گلنار خرنوب نبطی کزمازج کندر مازو ہر ایک ایک جزو افیون صمغ ہر ایک نصف جزو دو درم تک قرص بنائین۔

قرص گلنار نوع دیگر۔ کہ اسہال دموی کو روکے گلنار گل ارمنی سلیخہ صمغ عربی ہر ایک چار درم گل سرخ اقاقیا ہر ایک

تین درم کثیرا دو درم کوٹ کر چھان کر ساتھ آب گلنار کے قرص بناوین مقدار شربت ایک مثقال۔

قرص راوند۔ کہ اسہال خون کو موقوف کرے ریوند چینی تخم کاسنی زرشک منقے برابر کوٹ کر چھان کر صمغ عربی مین گھول کر قرص بناوین مقدار شربت ایک مثقال ساتھ پانی بارتنگ کے دین اور اگر تپ ہو ساتھ دوغ آہن تپا گے دین۔

قرص راوند نوع دیگر۔ کہ اسہال کو روکے اور امراض کو فائدہ کرے بیچ ادویۂ جگر کے مذکور ہوا۔

قرص سک ہیضہ۔ مفرط اور اسہال وقی کو اور افراط عمل مسہل کو نافع ہی اور نفس کو قوت دے اور نیند لاوے سک قرنفل سعد ہر ایک ایک جزو افیون بزرالبنج بیروج ہر ایک نصف جزو بقدر ایک درم کے قرص بناوین مقدار خوراک آدھا قرص سے ایک قرص تک اور ایک نسخہ اسکا بحث معدے مین مرقوم ہوا۔

قرص طباشیر قابض۔ واسطے اسہال کے کہ ساتھ تپ وحدت و عطش کے ہو اور مقعد مین لذع پیدا کرے نافع ہی طباشیر سفید گل سرخ ہر ایک دس درم تخم حماض سماق تخم خرفہ ہر ایک پانچدرم گلنار دو درم صمغ عربی ڈیڑھ درم کوٹ کر چھان کر قرص بناوین مقدار شربت دو درم ساتھ ایک اوقیہ رب ہہی سادہ کے یا پانی سویق جو کے اور اگر حبس شدید منظور ہو ایک قیراط افیون ایک مقدار شربت مین زیادہ کرین۔

نوع دیگر۔ کہ واسطے اسہال کے جو ساتھ حرارت مفرط کے ہو قوی الاثر ہی اور مسمی بہ قرص طباشیر افیونی ہی طباشیر گل سرخ تخم کاہو تخم خرفہ تخم کاسنی سماق ہر ایک ایک درم گلنار صندل افیون ہر ایک نصف درم تخم حماض ڈیڑھ درم کافور ایک دانگ مقدار شربت دو درم تک ساتھ آب سویق جو کے دین۔

نوع دیگر۔ کہ حبس اسہال کرے اور غلیان خون کو تسکین دے اور حمیات مرکبہ دموی و صفراوی کو نافع ہی طباشیر چار درم تخم خرفہ بریان دس درم گل سرخ سات درم صندل پسا ہوا صمغ عربی بریان نشاستہ بریان شاہ بلوط بریان رب السوس تخم حماض بریان زرشک منقے ہر ایک دو درم گلنار اقاقیا ہر ایک ایک درم ادویہ کو باریک کر کے آپس مین ملاوین بعد اسکے ساتھ آب سیب یا ہہی یا زرشک کے قرص بناوین اور سائے مین سکھلاوین مقدار شربت ایک مثقال اور اگر ساتھ اسہال کے دغدغہ کبدی ہو اور خون صرف بہت آتا ہو ریوند چینی کہربا بسد ہر ایک ایک درم سماق پانچدرم انجبار تین درم اضافہ کرین۔

نوع دیگر۔ کہ اسہال دموی کو روکے طباشیر نشاستہ صمغ عربی ہر ایک دو درم گل سرخ تخم حماض ہر ایک پانچدرم ساتھ لعاب اسبغول کے قرص بناوین مقدار شربت ایک مثقال۔

نوع دیگر۔ کہ اسہال دموی و صفراوی و نزف خون کو جس جگہ سے کہ ہو باز رکھے اور سحج و سرفۂ رطوبی اور ربو اسیر کو نہایت مجرب ہی طباشیر نشاستہ صمغ عربی گلنار گل سرخ کثیرا شاخ گاؤ کوہی سوختہ ہر ایک پانچ درم زعفران افیون ہر ایک ایک درم تخم مورد انجبار گل ارمنی خرنوب نبطی

آرد کنار ہر ایک تین درم مازو حماض دم الاخوین ہر ایک دو درم ساتھ آب بارتنگ کے قرص بناوین مقدار شربت ایک مثقال ساتھ ادویہ موافقہ ہر مرض کے ۔

نوع دیگر ۔ کہ شکم کو بند کرے اور ورم صلب معدہ و جگر کو نافع ہی طباشیر چار درم گل سرخ آٹھ درم تخم حماض چھ درم نشاستہ صمغ عربی ہر ایک ۔ تین درم زعفران ایک درم کوٹ کر چھان کر گلاب مین قرص بناوین ہر قرص ایک مثقال کا اور سایہ مین خشک کر کے وقت حاجت کے استعمال کرین ۔

نوع دیگر ۔ کہ خون شکم بند کرے اور واسطے بچون کے مفید ہی طباشیر سفید تخم حماض ہر ایک تین درم گل سرخ چھ درم صمغ عربی نشاستہ کتیرا ہر ایک چار درم کوٹ کر چھان کر ساتھ لعاب اسبغول کے قرص بناوین مقدار شربت ایک مثقال اور یہ قرص مسمی ہی بہ قرص طباشیر معتدل

نوع دیگر ۔ شکم کو بند کرے اور خون کو باز رکھے اور پیاس کو بجھاوے اور حمیات صفراوی کو نفع دے طباشیر سفید سماق زرشک منقے ہر ایک سات درم گل سرخ پندرہ درم صمغ عربی نشاستہ تخم حماض گل ارمنی ہر ایک دس درم کوٹ کر چھان کر قرص تیار کرین ۔

نوع دیگر ۔ کہ یہی عمل کرتا ہی طباشیر گل سرخ سماق پاک کیا ہوا ہر ایک دس درم تخم حماض تخم خرفہ گلنار ہر ایک پانچ درم سک دو درم صمغ عربی گل ارمنی ہر ایک تین درم مقدار شربت دو درم ساتھ شربت بہی کے اور بعض نسخے مین شاہ بلوط دو درم اضافہ ہوا ہی ۔

نوع دیگر ۔ کہ مسمی ہی بہ قرص طباشیر کافوری اور واسطے اسہال قوی نفث الدم و کرب و عطش و سل و دق و خفقان گرم و حمیات حادہ کے نافع ہی اور اسکے وصف مین صاحب شفاء الاسقام نے یہ لکھا ہی کہ ہذا القرص شاف منجح من الاسہالات التی لم تفلح فیہا سائر الادویۃ مجرب عند الاطباء خصوصاً اذا کان مع الاسہال تعفن و حرارۃ وقل ما ینفع غیرہ وہو آخر الادویۃ المستعملۃ فی الاسہال الحار اذا لم ینفع غیرہ فہو بمنزلۃ الکی فی کونہ آخر الدواء و طباشیر صمغ عربی کتیرا اسفید نشاستہ ہر ایک دو درم گل سرخ رب السوس ہر ایک چھ درم مغز تخم خیارین و کدو و تخم خرفہ ہر ایک چار درم کافور قیصوری ایک درم زعفران نصف درم کوٹ کر چھان کر ساتھ لعاب اسبغول کے قرص بناوین ہر قرص اڑھائی درم کا تو بعد خشک ہونے کے دو درم رہے مقدار خوراک ایک قرص ۔

نوع دیگر ۔ مشہور بہ قرص طباشیر حامض ممسک کہ شکم کو بند کرے اور تیزی صفرا کی توڑے اور گرمی کو دور کرے طباشیر حب الآس زرشک مع دانہ نشاستہ بریان تخم حماض صمغ عربی ہر ایک تین درم گل سرخ دس درم زعفران نصف درم کوٹ کر چھانکر ساتھ گلاب قابض کے قرص بناوین ہر قرص اڑھائی درم کا ۔

نوع دیگر ۔ موسوم بہ قرص طباشیر جلناری کہ واسطے قطع کرنے اسہال صفراوی و دموی کے اور منع کرنے انصباب اور تحلب مواد کے اور تسکین درد امعاء کے اور رفع کرنے سحج کے مجرب ہی طباشیر گل ارمنی صمغ عربی کوکنار گلنار ہر ایک پانچ درم گل سرخ تخم خرفہ بریان ہر ایک دس درم

نشاستہ تین درم کتیرا دو درم زعفران ایک درم قرص بناوین موافق رسم کے اور وقت استعمال کے کوٹ کر بیچ شربت صندل کے یا شربت ورد کے یا شربت آس کے یا شربت ہبی کے ملاکر چاٹین اور ایک نسخہ قرص طباشیر کا معدے مین مذکور ہوا ہی۔

قرص عشرینی - کہ قطع خون شکم اور نزف الدم جمیع اعضا کا کرے صمغ عربی روغن بادام مین بریان کیا ہوا گل ارمنی تخم خرفہ بریان ہر ایک چار درم طباشیر تخم حماض بری زرورد عراقی حب الآس گلنار کشنیز خشک بریان تخم قثا قلت بریان ہر ایک تین درم اقاقیا طراثیث بسد سوختہ شاخ گوزن سوختہ ہر ایک دو درم سماق ایک مثقال کتیرا سفید کہربا گل خطمی تخم خبازی ہر ایک ایک درم ادویہ کوٹ کر چھان کر ساتھ آب بارتنگ کے قرص بناوین اور سایہ مین خشک کرین اور ساتھ شربت صندل کے یا آب بارتنگ کے وسواے اُنکے استعمال کرین۔

قرص خشخاش - واسطے اسہال دموی و صفراوی و سحج و بواسیر کے اور دفع کرنے عفونت کے اور تسکین حرارت واوجاع امعا کے مجرب ہی پوست خشخاش گل مختوم گل ارمنی طباشیر صمغ عربی نشاستہ ہر ایک ربع درم دم الاخوین تین حبہ مصطگی دو خرنوبہ کا غذ ایک حبہ زعفران نصف حبہ جملہ ایک خوراک ہی۔

قرص زحیر - خون شکم کو اور زحیر و نفث الدم کو نافع ہی گل مختوم گل ارمنی قرط طباشیر طراثیث حب الآس بلوط آرد کنار ہر ایک دو درم تخم حماض بری صمغ عربی گلنار ہر ایک چار درم نشاستہ گل سرخ ہر ایک تین درم تخم کرفس سماق مصطگی ہر ایک ایک درم بازوہ زیرہ کرمانی سرکہ مین بھگوکر بریان کیا ہوا ہر ایک نصف مثقال کوٹ کر چھانکر اسبغول کے لعاب مین قرص بناوین مقدار خوراک ایک مثقال۔

دیگر - کہ واسطے زحیر کے جو بدون حرارت کے ہو اور ساتھ ریاح و قراقر کے ہو فائدہ کرے بزرالبنج ابیض تخم شبت رازیانہ ہر ایک پانچ درم نانخواہ اڑھائی درم افیون تین درم کرفس دس درم مقدار خوراک ایک مثقال اور بعض لوگ زعفران کو دو درم اضافہ کرتے ہین۔

دیگر - کہ واسطے زحیر کے عجیب الاثر ہی اور بیچ حاوی کبیر کے لکھا ہی کہ قد بری عنہ خلق کثیر لا یخلف حرف سفید بریان اسبغول بریان اہل بریان ہر ایک دو درم زیرۂ کرمانی تخم گندنا تخم شبت تخم خشخاش انیسون تخم کرفس بزرالبنج ہر ایک اڑھائی درم افیون ڈیڑھ درم مقدار خوراک نصف درم سے ایک درم تک بڑے مرد کو اور ایک دانگ سے ڈیڑھ دانگ تک طفل کو۔

قرص گل - کہ واسطے سحج و اسہال خون کے مجرب ہی گل سرخ تخم حماض بریان ہر ایک تین درم صمغ عربی کتیرا نشاستہ بریان ہر ایک ڈیڑھ درم ساتھ لعاب اسبغول کے قرص بناوین مقدار خوراک ایک مثقال ساتھ رب آس کے۔

نوع دیگر - کہ واسطے نزف الدم اور اسہال ذوبانی کے مجرب ہی گل سرخ گل ارمنی طباشیر شاہ بلوط تخم حماض مقشر صمغ عربی سرطانات سوختہ جملہ برابر کوٹ کر چھانکر ساتھ آب ہبی کے قرص بناوین اور دین۔

قرص خرفہ - کہ خلفہ و خون شکم کو بند کرے گندنا تخم خرفہ بریان بیج انجبار صمغ عربی ہر ایک چار درم مازو ایک درم ساتھ پانی خالص کے قرص بنا وین -

قرص حب الآس - اسہال و قی کو روکے حب الآس سماق کزمازج گل ارمنی نشاستہ بریان بلوط ہر ایک دس درم مقل ایک درم پوست انار مازو ہر ایک پانچ درم کوٹ کر چھان کر قرص بنا وین مقدار خوراک دو درم ساتھ آب بہی یا سیب کے -

نوع دیگر - واسطے اسہال کے جو ساتھ کھانسی کے ہون حب الآس دس درم پرسیاوشان مغز تخم کدو مغز تخم خیارین مغز تخم خربزہ ہر ایک پانچ درم رب السوس صمغ عربی ہر ایک ڈیڑھ درم قرص بنا وین مقدار شربت تین درم -

قرص سرمہ - واسطے اسہال دموی و قی الدم کے مجرب ہی سرمہ اصفہانی شادنہ عدسی مغسول دم الاخوین ہر ایک تین درم گلنار مازو ہر ایک دو درم شاخ بزکوہی سوختہ اقاقیا ہر ایک ایک درم لاون زعفران ہر ایک نصف درم پرسیاوشان ڈیڑھ درم کوٹ کر چھان کر ساتھ پانی بارتنگ کے قرص بنا وین مقدار شربت دو درم و بیچ ایک نسخے کے کہربا تین درم طباشیر دو درم اضافہ کیا گیا ہی -

قرص انجبار - اسہال خون اور افراط حیض و قی الدم کو نافع ہی بیچ انجبار چار درم گل سرخ صمغ عربی کہربا تخم خرفہ ہر ایک تین درم گلنار نشاستہ گل ارمنی رب طباشیر رب السوس ہر ایک دو درم اقاقیا ڈیڑھ درم نیم کوفتہ کر کے چھان کر ساتھ آب مورد کے قرص بنا وین مقدار شربت ایک مثقال -

قرص خرنوب - اسہال دموی و غیر دموی کو نافع ہی خرنوب مازو کزمازج گلنار ہر ایک ایک جزو افیون صمغ عربی ہر ایک نصف جزو قرص بنا وین مقدار شربت دو درم ساتھ رب بہی کے -

حرف الکاف

کمونی - جوارش مشہور ہی واسطے قولنج ریحی کے اور کسر ریاح احشا کے نہایت نافع ہی اور ہمیشہ استعمال کرنا اسکا بیچ رفع کرنے قولنج دوری کے مجرب ہی اور بیچ جوارشات معدے کے مذکور ہوئی -

کماد - کہ بیچ حل کرنے قولنج کے اور تسکین درد شدید قولنج اور تحلیل ریاح امعا کے اور بھی ریاح دیگر اعضا کے مجرب ہی رطب ہو یا یابس اور بیچ بحث معدے اور بیچ حرف دال ادویہ امعا کے بھی بعض کمادات مجرب لکھے گئے -

حرف المیم

مخلص اکبر - واسطے قروح امعا و مغص کے نافع ہی -

معجون فلاسفہ - واسطے قولنج بلغمی و ریحی کے مفید اور یہ دونون بیچ بحث سر کے لکھے گئے -

معجون نانخواہ - کہ کرم شکم کو مار ڈالے اور ریاح کو توڑے

معجون بزور - ریاح احشا کو تحلیل کرے -

معجون بادمہرج - بدستور -

معجون کاسر الریاح — واسطے قولنج و اوجاع ریحی کے مجرب ہی۔

معجون ابہل — واسطے دفع شکم کے اور نفخ احشا کے نافع ہی اور یہ سب ادویہ بیچ بحث معا سے کے مذکور ہوئے ہین۔

معجون حب النغار — واسطے قولنج ریحی و تمدد شکم و مغص و درد اضلاع کے مفید ہی اور بیچ بحث جگر کے مذکور ہوئے ہین۔

معجون تربد — کہ قولنج کو کھولے اور بلغم کو دفع کرے اور درد پشت کو زائل کرے تربد موصوف شکر سرخ ہر ایک سو مثقال سقمونیا دس درم قاقلتین زنجبیل دارچینی قرفہ نارمشک قرنفل مصطگی فلفل ہر ایک پانچدرم عسل صاف قدر حاجت مقدار شربت دو درم۔

دیگر — کہ طبع کو نرم کرے اور اصحاب قولنج کو فائدہ کرے تربد موصوف دس درم زنجبیل دو درم قند سفید بارہ درم مقدار شربت ایک ملعقہ وقت رات کے۔

دیگر — کہ یہی عمل کرے تربد سمسم مقشر شکر سلیمانی یعنے شکر سفید برابر مقدار شربت پانچدرم۔

دیگر — کہ امعا کو پاک کرے اگر بیچ تپ ربع بلغمی کے جو مادہ اسکا پک جاوے ہر ہفتہ مین ایک مرتبہ دین بہت نفع کرے تربد دو درم زنجبیل ایک دانگ و نصف بسفائج ڈیڑھ درم گلقند یا سکنجبین تیس درم جملہ تین شربت ہین۔

دیگر — کہ اسہال صفرا و بلغم کرے تربد بیس درم سقمونیا پانچدرم لعاب قرطم شکر سلیمانی — ایک دس درم کنجد مقشر مغز بادام ہر ایک تین درم زعفران دو دانگ عسل قدر حاجت مقدار خوراک پانچدرم سے چھ درم تک وقت سحر ساتھ نیم گرم کے۔

معجون راحت — کہ قولنج کو ایک ساعت مین کھولے فلفل دار فلفل زنجبیل زیرہ کرمانی سداب خولنجان قرفہ ہر ایک دس درم سقمونیا ستر درم عسل ایک سو چالیس درم مقدار شربت ایک مثقال۔

معجون خیار شنبر — قولنج گرم اور یبوست امعا کو زائل کرے اور جمیع علل صفراوی کو نفع دیوے فلوس خیار شنبر قند عسل ہر ایک سو درم گل بنفشہ تربد ہر ایک چالیس درم نمک ہندی سات درم و نصف رازیانہ انیسون مصطگی ہر ایک پانچدرم رب السوس دو استار سقمونیا پندرہ درم روغن بادام یا روغن گاو چالیس درم بطریق معروف معجون بناوین مقدار شربت پانچدرم سے دس درم تک اور بیچ ایک نسخے کے تربد چالیس درم گل بنفشہ تیس درم اور ایک نسخے مین گل بنفشہ بیس درم و سقمونیا دس درم۔

معجون شراب الاشہ — کہ قولنج شدید کو اسی وقت کھولے خیربوا قرفہ ساذج ہندی فلفل دار فلفل زنجبیل برنگ کابلی مقشر آملہ مقشر قرنفل ہر ایک ایک مثقال تخم کرفس سنبل زعفران مصطگی ہر ایک نصف مثقال تربد سقمونیا ہر ایک دس مثقال کوٹ کر چھان کر ساتھ سہ چند عسل کے گھولین مقدار شربت دو درم۔

معجون زبل — کہ یہی خاصیت رکھتی ہی زبل الذئب چار درم تربد پانچدرم تخم کرفس انیسون ہر ایک تین درم کوٹ کر چھان کر ساتھ عسل کے معجون بناوین مقدار شربت تین درم سے چار مثقال تک۔

معجون قہری — کہ قولنج کو کھولے خرمہ دانہ نکالا ہوا بریان مغز بادام برگ سداب ہر ایک ساٹھ درم زنجبیل فلفل سفید ہر ایک بیس درم سقمونیا دس درم خرما سرکے مین ایک

رات دن بھگو کر کوٹین اور ساتھ ادویہ کے کوٹ کر چھان کر ڈیڑھ من عسل صاف ملاکر معجون بناوین مقدار شربت تین درم سے چار درم تک اور ایک نسخہ اسکا بحث کلیہ مین آویگا۔

معجون سکبینج - کہ قولنج کو نافع ہی سکبینج کرفس جند بیدستر ہر ایک ایک جزو سقمونیا نصف جزو بیچ روغن بادام کے بھیین اور سکبینج کو عسل مین حل کرین اور آپس مین ملاکر پھر ادویہ کوٹ کر چھان کر اسمین ملاکر معجون بناوین مقدار شربت تین مثقال۔

معجون حب النیل - واسطے تنقیہ بدن کے رطوبات سے نافع ہی حب النیل چھ مثقال فلفل سیاہ فلفل سفید دارچینی دارفلفل قرنفل قرفہ سلیخہ سعد کوفی برنج کابلی مقشر جوز بوا ہر ایک ایک مثقال تربد موصوف شکر سفید ہر ایک چوبیس درم مقدار شربت واسطے استفراغ کے چھ درم سے سات درم اور واسطے برص وبہق وفالج کے ایک مثقال۔

معجون بنفشہ - کہ قولنج کو کھولے اور بلغم وصفرا کو نکالے گل بنفشہ روغن بادام ہر ایک دس درم مصطگی رب السوس ہر ایک پانچ درم تربد موصوف بیس درم ترنجبین صاف قند طلوس خیارشنبر ہر ایک پچاس درم مقدار شربت چار مثقال سے دس درم تک۔

نوع دیگر - گل بنفشہ چالیس درم اصل السوس مقشر سقمونیا ہر ایک بیس درم گل سرخ دس درم کتیرا ازیانہ ہر ایک پانچ درم زعفران اڑھائی درم قند عسل ہر ایک سو درم مقدار شربت چار درم سے پانچ درم تک۔

دیگر - گل بنفشہ تیس درم تربد چالیس درم سقمونیا سات درم گل سرخ دس درم رازیانہ کتیرا ہر ایک پانچ درم زعفران اڑھائی درم قند عسل ہر ایک سو درم مقدار شربت چار درم سے پانچ درم تک۔

معجون مرکب - محمد زکریا سے واسطے قولنج ثقلی وریحی کے خصوصاً جو ساتھ متلی کے ہو نافع ہی سقمونیا ربع درم تربد موصوف ایک درم مصطگی ایک دانگ زنجبیل فلفل دارفلفل دارچینی ہر ایک ایک ونصف دانگ عسل کف گرفتہ اسقدر کہ ادویہ اسمین ملادین یہ ایک خوراک ہی۔

نوع دیگر - بھی اُسی محمد زکریا سے واسطے وحشت وسوداکے نافع ہی ہلیلہ سیاہ اسطوخودوس افتیمون بسفائج تربد غاریقون نمک ہندی ہر ایک ایک جزو حجر ارمنی مغسول ہر ایک نصف جزو درخمشک قرنفل سادج ہندی ہر ایک ربع جزو کوٹ کر چھان کر ساتھ شربت آملہ مقوم بعسل کے معجون بناوین مقدار خوراک تین درم۔

معجون سقمونیا - کہ قولنج کھولے اور فصل گرما مین بیچ امزجہ گرم کے دے سکتے ہین سقمونیا ربع درم تربد گل سرخ مصطگی رب السوس ہر ایک ایک دانگ کافور ایک جبہ ادویہ کو پیسین اور آب سیب وآب بہ شیرین برابر اور قند سفید ہم چند دونون کے قوام کرین پس ساتھ تھوڑے قوام مذکور کے معجون بناکر کھلادین یہ ایک خوراک ہی اور بیچ ایک نسخے کے مصطگی نصف دانگ ہی۔

معجون برمکی - واسطے نکالنے حب القرع کے نافع ہی اور بیچ بحث سینہ کے مذکور ہی۔

معجون ایارج ۔ کہ امعا و معدہ و مفاصل اور جمیع اعضا کو رطوبات و بلغم سے پاک کرے ایارہ فیقرا افتیمون افریطی ہرایک ایک اوقیہ غاریقون سفید نصف اوقیہ شحم حنظل ڈیڑھ اوقیہ ادویہ کوٹ کر چھان کر ساتھ عسل کف گرفتہ کے معجون بناوین مقدار خوراک دو درم ساتھ آب گرم کے ۔

معجون قرطم ۔ کہ واسطے حفظ صحت کے ہر وقت مین طبع کو اُس سے نرم کر سکتے ہین مغز قرطم مغز بادام مقشر ہرایک آٹھ درم انیسون ایک درم عسل برابر سب اجزا کے ۔

نوع دیگر ۔ واسطے قولنج کے نہایت عظیم الفعل ہی مغز قرطم پچاس درم سکبینج دس درم قند سفید برابر سب کے مقدار خوراک پانچ درم ۔

دیگر ۔ کہ قولنج و درد مفاصل بارد کو نافع ہی مغز قرطم دو جز و انجیر زرد ایک جز و پہلے انجیر کو خوب کوٹین بعد اسکے ساتھ مغز قرطم کے کہ کوٹا ہو ملا کر معجون بناوین اور ہر صبح بقدر ایک بندقہ کے کھاوین ۔

دیگر ۔ کہ امعا کو ثقل و بلغم غلیظ سے پاک کرے مغز خشک دانہ یعنے قرطم ایک رطل بورہ خمیر پندرہ درم انجیر زرد نصف رطل انجیر کو جوش کرین جب گاڑھا ہو جاوے ادویہ کو اُسمین ملا کر معجون بناوین مقدار خوراک بقدر جوز بزرگ کے ۔

دیگر ۔ کہ واسطے تلیین طبع مشائخ کے بیچ قانون کے مرقوم ہی لب القرطم ایک جز و انجیر خشک دس اجزو مقدار خوراک بقدر جوز کے ۔

معجون عود ملین ۔ کہ طبع کو نرم کرے اور معدہ و امعا کو قوت دے اور مؤلفات شیخ رئیس سے ہی عود خام سات مثقال ہیل زنجبیل دارچینی سلیخہ زعفران فلفل سیاہ زرنباد فرنجمشک ہرایک پانچ مثقال سعد زرنب سادج قرنفل ہرایک تین مثقال لاجورد دو دانگ کافور ایک دانگ تربد موصوف چار مثقال نمک ایک مثقال عسل و قند بالمناصفہ سہ چند یا دو چند سب اجزا کے اور اگر عنبر و مشک ہرایک نصف مثقال ہلیلہ کابلی تین مثقال محمودہ مشوی دو مثقال اضافہ کرین بہتر ہو ۔

معجون شہریاران و معجون سفرجلی مسہل بیچ حرف الجیم اسی بحث کے جوارشات مین مذکور ہوتے ہین

معجون ارسطو ۔ واسطے قولنج و درد شکم کے نافع ہی اور بیچ بحث معدہ کے حرف الالف مین مذکور ہی ۔

معجون سنا ۔ تحفۃ المومنین سے واسطے قولنج کے نہایت نافع ہی اور اخراج مواد سوداوی کا کرتی ہی لیکن بعد نضج کے اور امراض حارہ کو دور کرتی ہی سنا مکی گل بنفشہ ہرایک تیس مثقال گل سرخ بسفایج نشاستہ محمودہ مشوی رب السوس ہرایک پانچ مثقال ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ کابلی روغن بادام تخم کافیتہ ہرایک بیس مثقال عسل دو چند سب اجزا کا پہلے شہد کو اس پانی مین کہ اسمین سنا گل سرخ بسفایج گل بنفشہ ہلیلہ سیاہ ہرایک دس مثقال ہلیلہ کابلی بیس مثقال جوش کیا ہوا قوام کرین اور ادویہ کوٹ کر چھان کر اسمین ملا کر معجون بناوین مقدار خوراک پانچ مثقال

دیگر ۔ سدیدی سے کہ قولنج کھولے اور معدہ و دل کو قوت دیوے برگ سنا پچاس درم ترنجبین پاک کی ہوئی کشمش ہرایک ایک رطل شیر خشت تیس درم گل بنفشہ گل نیلوفر بادرنجبویہ گل سرخ روغن بادام ہرایک دس درم ترنجبین

شیر خشت کو پانی مین حل کرکے صاف کرین بعد اُسکے کشمش
کوٹ کر اُسمین ملاکر قوام کرین بعد اُسکے ادویہ کوٹ کر
چھان کر اُسمین ملاکر معجون بناوین مقدار خوراک پانچ
مثقال سے سات مثقال تک اور اگر شکر سفید نصف
رطل بھی ملاوین بہتر ہو۔

فائدہ۔ اگر کوئی کہے کہ صاحب تحفۃ المومنین نے لکھا
ہی کہ بعض رسالون مین شیخ الرئیس نے لکھا ہی کہ شیر خشت
باوجود اسکے کہ مسہل ہی قولنج کو مضر کرتی ہی پس نہ استعمال
کرنا اُسکا قولنج مین اصوب ہی ہم کہین گے کہ شیخ نے بیچ
قانون کے بحث قولنج مین امر باستعمال شیر خشت مکرر بتصریح
کیا ہی پس نقل کرنا صاحب تحفۃ المومنین کا رسالہ غیر
معلوم الاسم سے معتبر نہوگا اور برتقدیر صحت کے محمول
اسپر ہوگا کہ شیر خشت کو تنہا استعمال نہ کرین اسلیے کہ
درصورت ترکیب کے بہت مضرتین مفردات کی دور
ہو جاتی ہین۔

معجون سرخس۔ واسطے حمیات وحب القرع کے مجرب
ہی سرخس، برنج کابلی مقشر ہر ایک ایک درم تربد مقل ہر ایک
دو درم ادویہ کوٹ کر چھان کر ساتھ شہد کے معجون بناوین
یہ ایک خوراک ہی اور چاہیے کہ ایک ساعت قبل تناول
اس معجون کے تازہ دودھ پین بقدر دو اوقیہ کے اور
تین دن پہلے سے پرہیز کرین۔

معجون مسہل۔ منقول تذکرہ سے واسطے اسہال جمیع
اخلاط حارہ ومحرقہ کے اور مواد جذام وحمیات کے مجرب
ہی اور پیاس دور کرتی ہی آلو بخارا تمر ہندی ہر ایک نصف
رطل عناب سپستان مویز منقے ہر ایک تیس مثقال ہلیلہ زرد

تخم کشوث افسنتین گل بنفشہ ہر ایک پندرہ مثقال گل سرخ
دس مثقال تخم خطمی تخم خبازی رازیانہ صندل زرد ہر ایک
چار مثقال سب کو پانی مین پکاکر صاف کرین اور ساتھ
تیس مثقال ترنجبین اور ہموزن سب ادویہ کے شکر ڈالکر
قوام کرین اور طباشیر صمغ عربی کثیرا سقمونیا نشاستہ
ہر ایک پانچ مثقال اضافہ کرین اور اگر چاہین کہ اسہال قوی تر
ہو ترنجبین دو وزن ادویہ کے ڈالین اور سقمونیا
سات مثقال مقدار خوراک پانچ مثقال سے سات
مثقال تک۔

فائدہ۔ بیچ شفاء الاسقام کے بیچ بحث معاجین کے
بعد بیان کرنے معجون نوبری کے کہا ہی وعادۃ الاطباء فی
استعمال المعاجین مسہلۃ وسائر المسہلات انہم اذا استعملوا
مرۃ یوخرونہا ایاما بقدر عدد مجالس المسہل مثلا ان الدواء
ثلثۃ مجالس اخروا استعمالہا ثلثۃ ایام الا ان یکون الضرورۃ
واعتبر التعجیل والقوۃ متحملۃ للتاخیر فیعجلون او یوخرون
حسب ذلک۔

معجون میعہ۔ کہ خلفہ کہنہ وزحیر کو جو ساتھ تپ وحرارت
کے ہو اور ساتھ ریاح موذی کے ہو مجرب ہی میعہ سائلہ
جندبیدستر افیون اسارون بزرالبنج سیاہ مر صافی کندر
جملہ برابر عسل کف گرفتہ بقدر حاجت کے مقدار خوراک
دو درم تک اور جو اس معجون مین افیون ہی غیر افیونی
کو پہلے نصف درم کافی ہی بعد اُسکے بتدریج زیادہ
دین۔

معجون فوتنج۔ واسطے اسہال رقیق مائی وضعف
جگر کے نافع ہی فوتنج خشک برگ سداب فاغل نانخواہ

گرد یا کاشم زنجبیل دارچینی دارفلفل جملہ برابر عسل
بقدر حاجت۔

معجون مختصر۔ واسطے زلق الامعا کے نافع ہی نانخواہ
کندر گلنار پوست بیرون پستہ برابر کوٹین اور ساتھ مویز
کے جو ساتھ معجون کے کوٹا گیا ہو ملا کر معجون بناوین مقدار
شربت بقدر جوز کے۔

معجون کندر۔ کہ نرمی طبع کو جو سردی سے ہو باز رکھے
اور شہوت طعام کی ہو لاوے کندر تیس درم انیسون تخم
فلفل نانخواہ فوذنج کاشم سنبل ہر ایک پانچ درم گلنار
دس درم ادویہ کو باریک پیسکر شہد مین معجون بناوین
مقدار خوراک تین درم۔

معجون جندبیدستر۔ واسطے زلق الامعا کے اور
اسہال مزمن اور زحیر کے مفید ہی جندبیدستر افیون
سنبل بزرالبنج میعہ سائلہ دارچینی فلفل سفید زنجبیل ہر
ہر ایک دس درم ہادار دقسط تلخ ہر ایک پانچ درم
زعفران تین درم عسل دوچند یا سہ چند۔

معجون سفرجلی قابض۔ بہی پاک کی ہوئی ایک من
عسل ایک من فلفل دارفلفل زنجبیل ہر ایک پانچ مثقال
ہیل قلقلہ سنبل قرنفل دارچینی زعفران ہر ایک سات
مثقال پہلے بہی مذکور کو پانی مین پکا کر چھلنی مین صاف
کرین اور ساتھ شہد مقوم کے معجون بناوین مقدار
خوراک چار مثقال۔

معجون اسود۔ کہ زحیر و اسہال کہنہ کو نافع ہی افیون
جندبیدستر میعہ بزرالبنج زعفران اسارون مر تخم کرفس
سلیخہ انیسون سنبل گل ارمنی مساوی الوزن کوٹ کر چھانکر
ساتھ سہ چند عسل کے معجون بناوین مقدار شربت ایک درم
ساتھ آب مورد کے یا آب بہی کے۔

معجون اختلاف۔ کہ اسہال بلغمی کو دور کرے اور زحیر
کو نافع ہی افیون جندبیدستر میعہ سائلہ بزرالبنج زعفران مر اسارون
تخم کرفس سلیخہ انیسون سنبل گل ارمنی گلنار مساوی الوزن
کوٹ کر چھان کر ساتھ سہ چند عسل کے معجون بناوین مقدار
شربت نصف درم ساتھ رب بہی کے یا آب سرد کے یا
آب سماق کے۔

معجون فواکہ۔ کہ اسہال صفراوی کو باز رکھے اور
معدہ و امعا کو قوت دے بہی پاک کی ہوئی سیب ترش
پاک کیا ہوا ہر ایک نصف من امرود پاک کیا ہوا دس
استار سب کو سنگین پتیلہ مین رکھکر ساتھ پانی سماق کے
پکاوین بعد اُسکے بیج ہاون چوبین کے کوٹین یہانتک
کہ مانند مرہم کے ہو جاوے پس قند سفید ایک من
ڈال کر جوش کرین اور کف نکالتے رہین بعد قریب
ہونے قوام کے فواکہ کوٹے ہوئے ملا کر نرم آگ
پر رکھین یہانتک کہ قوام کامل ہو جاوے پس اُتار کر
طباشیر سفید تخم حماض ہر ایک ایک اوقیہ عصارۂ ہندک
دو اوقیہ نرم پیسکر اُسمین ملادین مقدار خوراک
تین درم سے پانچ درم تک ساتھ آب سرد کے

معجون خبث الحدید۔ کہ قابض ہی اور بیچ بحث
سر کے گذری ہی۔

ماء العسل واسطے اُس شخص کے جو قولنج کی عادت
رکھتا ہو نافع ہی مداومت اسکی اور ماء السکر بدستور
اور یہ دونون ادویہ سر مین مذکور ہوئے۔

ماء البزورت - ریاح واخلاط غلیظ کو تحلیل کرے معدہ وامعاسے اور قولنج کو کھولے اور بیچ مطبوخات بحث معدے کے مذکور ہوا۔

ماء الجبن - بہترین مسہلات سے ہی اور بحث سر مین مذکور ہوا۔

مطبوخہائے مسہلہ - مشروحاً بیچ بحث سر کے مذکور ہوئے اور بحث معدے مین بھی۔

مطبوخ دارشیشعان - واسطے رفع کرنے درد احشا کے نافع ہی اور مجرب نسخہ اُسکا بیچ بحث معدے کے مرقوم ہوا ہی۔

مرق - کہ طبع کو نرم کرے اور قولنج کو فائدہ کرے خروس پیر یعنے مرغ بوڑھے کو دوڑاوین یہانتک کہ ماندہ ہو دے پس ذبح کرکے پانی مین بعد پاک کرنے کے پکاوین یہانتک کہ گھل جاوے مصالح مناسبہ اُسمین اضافہ کرکے ملاوین اور اگر بسفائج فستقی چار مثقال باریک کرکے اُسپر چھڑکین خلط سودا کا اسہال اور شوربا مرغی کا ساتھ بسفائج کے یہی عمل کرتا ہی۔

نوعدیگر - کہ طبع کو نرم کرے آب شیرین ایک قسط روغن بادام یا روغن کنجد ایک اوقیہ نمک بقدر مزہ کے آبکامہ شبت تھوڑا تھوڑا ڈال کر سب کو آگ پر پکاوین اور کف دور کرتے جاوین جب پک جاوے مغز قرطم ایک اوقیہ باریک کرکے اُسمین ملاوین اور پیوین۔

فائدہ - صاحب قلانسی نے اس ترکیب کو مرق پڑھا ہی ساتھ اس امر کے کہ اُسمین گوشت نہین پس اطلاق کرنا مرق اوپر شوربائے گوشت کے حقیقۃً ہی اور اوپر شوربائے دیگر کے کہ بدون گوشت کے ہو مجازاً ہی۔

مربا آملہ - قائم مقام مربا ہلیلہ کے ہی واسطے حبس خون بواسیر کے بہت نافع ہی۔

مربا وج - واسطے قولنج ریحی اور درد معدہ وامعا کے مفید ہی۔

مربا ہلیلہ - ملین طبع ومقوی امعا وکثیر المنافع ہی۔

مربا سیر - واسطے تحلیل ریاح کے اور ازالۂ رطوبات کے سودمند ہی اور یہ سب بیچ ادویۂ سر کے مرقوم ہین۔

مربا ہبی - کہ امعا کو قوت دے اور اسہال کو بند کرے۔

مربا زنجبیل - کہ قولنج ریحی اور ریاح امعا کو نافع ہی۔

مربا گردگان ومربا امرود ومربا اترج واسطے تقویت احشا کے اور تحلیل ریاح کے مفید ہی اور یہ سب بیچ بحث معدے کے مذکور ہوئے ہین۔

حرف النون

نقوعہائے مسہلہ - بیچ بحث سر کے اور نقوعات معدلہ بیچ بحث معدے کے تحریر ہوئے۔

باب پندرھوان بیچ ادویہ گردہ ومثانہ کے

فائدہ - جو فتور سبب بیماری ان دو عضو کا ورم گرم ہو یا ضربہ وسقطہ وقرحہ وجرب ہو یا غلبہ

خون سے کوئی بیماری اور انمین ہوئی ہو پہلے فصد باسلیق کرین اور موافق مادہ کے تنقیہ و تعدیل فرماوین اور قی اکثر ان امراض مین فائدہ کرتی ہو اور بیچ بول الدم کے حجامت کعب کی موصوف بفائدہ تام ہو اور پینا پانی کا درمیان غذا کے حدوث سنگ کو مانع ہوتا ہو اور روکنا بول کا سبب حدوث سنگ کا ہو اور پیشاب کرنا بعد جماع کے محدث سلس البول والبول فی الفراش کا ہو اور جماع طویل اور جماع بے انزال مورث آفات مجاری بول ہو اور پینا اُس پانی کا کہ لوہے گی کان سے نکلے یا اُس پانی کا کہ اُسمین لوہا گرم سرد کیا ہو مقوی مثانہ ہو اور اسی طرح کھانا اُس غذا کا کہ ظروف آہنی مین پکا یا ہو تقویت مثانہ کرتا ہو اور مضر ہو اشیا مثانہ کو استعمال کرنا ترشیون کا۔

حرف الالف

اثاناسیا۔ واسطے اوجاع گردہ و مثانہ کے نافع ہو نسخہ اُسکا بحث جگر مین مذکور ہو۔

اطریفل کبیر۔ مقوی مثانہ ہو اکثر نسخے اُسکے ادویہ معدہ مین مذکور ہوئے اور ایک نسخہ بحث سر مین بھی۔

ایارجات۔ واسطے بیماریون گردہ و مثانہ کے نافع ہین نسخے اُنکے ادویۂ سر مین مذکور ہوئے۔

امروسیا۔ مدر بول ہو اور شفقے سنگ گردہ و مثانہ نسخہ اسکا بحث جگر مین مذکور ہی۔

آبزن۔ کہ عسر البول کو دفع کرتا ہو اگر بعد بول المدہ و بعد بول الدم کے پیدا ہوا ہو بابونہ شبت تمام مرزنجوش شاخہاے کرنب کہ باریک ہون رطبہ زرق الحمام کو پانی مین جوش کر کے بیمار کو اُسمین بدستور معروف کے بٹھائین اور اُسی حالت مین مدرات بول پلاوین اور ثفل ادویہ کا عانہ پر ضماد کرین تو مدہ و خون کہ بیچ مثانہ کے باعث عسر البول ہوا ہی گھل کر بول کھل جاوے۔

آبزن دیگر۔ کہ سنگ گردہ و مثانہ کو نافع ہی برگ کرنب برنجاسف رطبہ فوتنج زرق الحمام مغز خسک دانہ کو جوش کر کے آبزن کرین بعد مفتتات پلاوین۔

فائدہ۔ استعمال آبزن کا واسطے توسیع مجاری اور تحلیل ریاح کے بہت اچھی تدبیر ہو بیچ تدبیر امراض گردہ و مثانہ کے بوقت حاجت آبزن سے کوتاہی نہ کرین اگر اور ادویہ موجود نہون آبزن گرم پانی کا فقط کافی ہو۔

حرف الباء

برشعثا۔ نفعت حصاۃ مثانہ اور مدر بول محتبس اور نکالنے والا ریت کا ہو نسخہ اسکا بحث سر مین مذکور ہو۔

بخور۔ کہ واسطے کھولنے بول لڑکون کے عجیب النفع ہو کندر سرشت بال و سرگین بلی کا آگ پر جلا کر دھوان انکا ناک مین پہونچا دین۔

بنادق البزور۔ کہ سوزش کو اور قروح اور جرب کلیہ و مثانہ کو اور عسر البول کو نافع ہو مغز تخم خربزہ دس درم و مغز تخم خیار پانچ درم مغز تخم کدو بزر البنج سفید خرفہ تخم خطمی مغز بادام مقشر کتیرا نشاستہ رب السوس خشخاس سفید گل ارمنی تخم کرفس ہر ایک دو درم ادویہ کو خوب پیسکر ساتھ لعاب بہدانہ یا پانی سادہ کے بنادق بناوین ہر بندقہ مقدار ایک درم کے اور

تین بندقہ ساتھ شربت خشخاش یا شربت بنفشہ کے کھلاوین اور اگر خشخاش سفید یا بنفشہ کو یا دونون کو پانی مین پیسکر نبات سفید سے شیرین کرکے بنادق کو ساتھ اُسکے کھلاوین روا ہی اور اگر دھنیہ خشک کو پانی و گلاب مین بھگو کر صبح کو صاف کرکے ساتھ شربت بنفشہ یا نبات شیرین کے شیرین کرکے بنادق کو اُسکے ساتھ دین بیچ تسکین درد قروح اور حرقت بول کے بہت مفید ہی اور اس فقیر نے کانکج پانچ درم طباشیر تین درم کو اسی نسخے مین زیادہ کرکے استعمال کیا سریع العمل پایا۔

بنادق ۔ یہ نسخہ دیگر کہ گردہ و مثانہ کو پاک اور پیشاب باد گرفتہ کو کھولتا ہی اسارون فطراسالیون انیسون تخم کرفس حب بلسان ہر ایک چار درم فو مووج ہر ایک چھ درم دو فو سات درم مغز تخم خربزہ دس درم مغز تخم خیار دس درم مغز تخم خیارزہ دس درم کتیرا دو درم مقدار شربت دو درم ساتھ پانی مولی کے یا پانی نخود سیاہ کے استعمال کرین۔

بنادق نوع دیگر ۔ کہ ادرار بول قوت سے کرتا ہی اور سنگ جگر و گردہ و مثانہ کو نکالتا ہی تخم کرفس مرد و فو فوہ الصبغ فطراسالیون ابہل اسارون نانخواہ سنبل الطیب تخم رازیانہ مغز بادام تلخ قسط ہر ایک بیس درم مغز تخم خربزہ دس درم ذراریح کہ سر اور بازو اُسکے دور کیے ہون ایک درم اُشق تین درم اُشق کو شراب مین حل کرین اور ادویہ کو اُسمین گھول کر بنادق بناوین مقدار شربت تین درم اور یہ بنادق واسطے اُس عسر البول کے کہ ساتھ اُسکے نفخ عانہ مین اور درد ثقل قطن مین اور حرارت و حدت مزاج مین نہو فائدہ کرتا ہی اور استسقاء لحمی و ترہل کو مفید ہی۔

فائدہ ۔ اسر ساتھ الف کے بالکل بند ہونا پیشاب کا ہی اور عسر ساتھ عین مہملہ کے نکلنا پیشاب کا دشواری سے ہی اور بالکل بند نہونا۔

بنادق نوع دیگر ۔ واسطے عسر البول کے کہ سبب اُسکا بستہ ہونا خون یا ریم کا مثانہ مین ہو اور نشانی اُسکی حدوث اُسکا پیچھے بول الدم و بول المدہ کے ہی قردمانا مرصافی فوہ الصبغ ابہل اشق حلتیت اجزا برابر اشق کو سرکہ مین حل کرکے باقی اجزا کو کوٹ کر چھان کر اُسمین ملا کر بنادق بناوین ہر ایک بندقہ وزن ایک درم کے اور ایک دن مین چار مرتبہ ایک ایک کھلاوین اور طبیخ بزور اُسپر پلاوین یا طبیخ اصول یا ادویۂ مدرۂ بول اور چاہیے کہ وقت جلوس مریض کے آبزن مین یہ بنادق استعمال کرین کہ خوب عمل کرین اور بعض نسخے مین قردمانا اور مر متروک ہی اور واسطے عسر البول مذکور کے سکنجبین ترش کو متواتر پینا نفع کرتا ہی اور اسی عسر البول مین اگر حب بلسان دو درم کوٹ کر چھان کر ساتھ گرم پانی یا سکنجبین ترش یا سکنجبین عنصلی یا تیز سرکہ زیت الانفاق کے دین نفع کرتا ہی اور مر ایک مثقال

تین اوقیہ پانی کرفس کے یا سکنجبین سادہ یا بزوری کے بھی فائدہ رکھتا ہی۔

بنادق نوع دیگر۔ کہ حرقت بول بے مادہ کو فائدہ کرتا ہی مغز تخم خیار مغز تخم خیارزہ مغز تخم کدو تخم خرفہ تخم خشخاش سفید ہر ایک دس۱۰ درم نشاستہ کتیرا رب السوس ہر ایک تین درم مغز تخم خربزہ بیس درم بزرالبنج سفید دو درم بدستور معروف بنادق بناوین ہر بندقہ مقدار تین درم کے مقدار شربت ایک بندقہ۔

نوع دیگر۔ کہ حرقۃ البول بے مادہ اور قروح کو نافع ہی مغز تخم خربزہ تخم خیار تخم کدو ہر ایک بیس۲۰ درم صمغ عربی دم الاخوین ہر ایک دس۱۰ درم افیون تین درم تخم کرفس ایک درم بدستور معہود بنادق بناوین ہر بندقہ بوزن ایک درم کے اور مقدار شربت ایک بندقہ۔

نوع دیگر۔ کہ بیچ ورم آلات بول کے قبل از ظہور نضج وتقیح کے دیتے ہین مغز تخم خیارین مغز تخم کدو تخم خرفہ تخم کاسنی تخم خطمی اسبغول بخاری تخم بارتنگ سب اجزا برابر سوائے اسبغول کے سب ادویہ کو کوٹ کر ساتھ اسبغول کے بنادق بناوین مقدار شربت تین درم۔

فائدہ۔ ورم گرم گردہ مین چاہیے کہ عوض پانی کے پانی خیار یا پانی کدو کا کہ پکا ہو یا پانی تربز کا اگر دین بہت نفع کرتا ہی۔

پختہ جوش۔ کہ واسطے درد گردہ ومثانہ کے نافع ہی اور پیشاب کو نکالتا ہی بحث سرین نسخہ اسکا لکھا گیا۔

حرف التاء

تریاق فاروق۔ درد گردہ ومثانہ کو فائدہ کرتا ہی اور سنگ گردہ ومثانہ کو نکالتا ہی نسخہ اُسکا ساتھ فوائد کے بحث سرین مذکور ہوا۔

حرف الثاء

ثبادریطوس۔ کہ درد گردہ کو نفع کرے اور سنگ گردہ ومثانہ کو گرادے بحث سدہ مین مذکور ہوا۔

حرف الجیم

جوارش جالینوس۔ سنگ گردہ ومثانہ اور بہت نکلنے پیشاب کو کہ بسبب سردی مثانہ کے ہو فائدہ کرتی ہی نسخہ اسکا بحث سرین لکھا گیا۔

جوارش تمری۔ عسر البول کو کھولتی ہی بیچ ادویہ امعاء کے نسخہ اسکا لکھا گیا۔

جوارش دارچینی۔ ضعف گردہ ومثانہ کو نافع ہی اور بحث سرین مذکور ہی۔

حرف الحاء

حب مفتت الحصاۃ۔ کہ بیچ گرانے سنگ کے عجیب الاثر ہی بشرط دوام کے حب بلسان تخم ترب دو قوفطرا سالیون پوست بیخ کبر پوست بیخ بادیان جاؤشیر مغز بادام حب الغار

اذخر سنبل سعد سلیخہ اسقولوقندریون حرمل نزر آوند
مدحرج خبطیانا اسارون فو مانا مراشق سکبینج بزرالبنج
سفید مقل فلفل موج جملہ برابر صمغون کو پانی مین حل
کرکے باقی ادویہ کو باریک پیسکر روغن بلسان
سے چرب کرین اور گولیان بناوین ہردن
ایک درم ساتھ طبیخ بزورکے دین اور اگر راکھ
بچھو کی ایک دانگ ہردن زیادہ کرین خوب
عمل کرے -

دیگر - کہ سنگ مثانہ کو گراوے فلفل نطرون ہرایک
ایک درم حب بلسان دو درم مر چار درم کوٹ کر
چھان کر شراب شیرین مین گھولکر بقدر چنے کے
گولیان بناوین اور ہردن تین گولی دودھ کے
ساتھ کھلاوین بعد نکلنے کے حمام سے اور اوپر انکے
شراب پلاوین چالیس دن اسی طرح عمل
مین لاوین -

حقنہ - کہ ورم صلب گردہ و مثانہ کو نرم و تحلیل کرے
بابونہ کرنب اکلیل الملک سبوس گندم خطمی کوٹ کر
چھانین اور روغن سوسن زیادہ کرکے حقنہ
کرین -

دیگر - کہ یہی عمل کرتا ہی لعاب حلبہ تخم کتان آپس مین ملاکر
حقنہ کرین -

حقنہ - کہ واسطے جرب آلات بول کے نافع ہو بعد دو دن
کے استعمال کرین بابونہ اکلیل الملک قرطم مرضوض تخم کتان
خشک مدقوق حلبہ سبوس خطمی سپستان عناب جو نیمکوفتہ
ہرایک ایک کف اطراف کرنب اطراف چقندر ہرایک
ایک گڈی نخالہ خطمی کو تھیلی مین رکھکر مع باقی ادویہ اسقدر
جوش کرین کہ موافق قوام ماءالشعیر کے ہوجاوے پس
صاف کرکے ربع من اُس سے لیکر روغن بنفشہ بیس درم
شکر دس درم نمک آدھا درم اضافہ کرکے ہاون مین
حل کرین اور حقنہ کرین -

حقنہ - کہ واسطے برو کلیہ و مثانہ و رحم کے نافع ہو روغن
بادام روغن جوز روغن حبۃ الخضرا زیت ہرایک ایک اوقیہ
روغن گاؤ نیم اوقیہ کشکاب کہ گندم مقشر سے بنایا ہو ساٹھ
درم سب کو ملاکر تین دن متواتر حقنہ کرین -

حقنہ - کہ یہی عمل کرتا ہی اور بحقنۃ الادہان مشہور ہی روغن
بادام روغن گردگان روغن حب البطم ہرایک اٹھارہ
درم روغن زیتون ساٹھ درم پانی موافق وزن
مجموع کے سب اجزا کو اسقدر جوش کرین کہ پانی آدھا
رہجاوے قبل اور دبر مین موافق حاجت کے حقنہ
کرین اور جب سردی غالب ہو روغن مرزنجوش و
زنبق اضافہ کرین -

حرف الدال

دواءالکبریت - کہ سنگ گردہ و مثانہ کو گراوے
اور عسرالبول کو کھوے بحث سینہ مین مذکور ہی اور
دواءالملک کبیر و صغیر و دواءالکرکم کبیر و صغیر واسطے
اخراج سنگ گردہ و مثانہ کے نافع ہی بحث جگر مین گذری -

دواء - کہ ادرار بول فراغت سے کرے اور مجاری
بول کو پاک کرے اور جو مادہ کہ قریب بہ تحجر اور
در پی پیدائش حصاۃ کے بیچ گردہ و مثانہ کے
ہو نکالے بشرط دوام کے اور گرمی و حدت

اس سے نہین ہوتی ہی مغز تخم خربزہ دس درم تخم کرفس دو دفو ہرایک اڑھائی درم شکر آدھے وزن ادویہ کے مقدار شربت واسطے حصاۃ کے دو مثقال پیش از غذا اور ایک مثقال بعد غذا کے پیچھے گذرنے دو ساعت کے۔

دیگر۔ کہ ادرار بول کرے مغز تخم خربزہ پانچ درم شکر سفید بجند اُسکے سفوف کرکے پھانکین۔

دواء۔ مفتت حصاۃ کہ بیچ محرورون کے اور حالت حدت وحرارت مین استعمال کرسکتے ہین تخم خربزہ تخم خیار صمغ آلو تخم کاسنی سب وزن مین برابر کوٹ کر چھان کر سفوف کرکے کھاوین مقدار دو مثقال کے ساتھ ایک اوقیہ سکنجبین کے۔

دیگر۔ کہ یہی عمل کرے اور گرمی ظاہر نہ کرے مغز بادام تلخ اڑھائی درم مثقال ساتھ ایک اوقیہ میفختج کے کھاوین۔

دیگر۔ کہ مفتت حصاۃ ومنقی مثانہ ومخرج بول غلیظ ہی تخم خربزہ ایک جزو تخم کرفس نصف جزو حب القلت حب صنوبر پوست بیخ کبر ہرایک ربع جزو مقدار شربت دو مثقال۔

دیگر۔ کہ یہی عمل کرے پوست بیخ کبر حب القلت حب الغار دو قو فطراسالیون سعد کوفی حب المحلب فوہ وج سب وزن مین برابر مقدار شربت دو درم ساتھ ایک اوقیہ پانی افشردہ مولی کے۔

دیگر۔ کہ قوی ہی اثر مین اور ضعیفون ولاغرون کو نہ دینا چاہیے فرونا حب الغار ہرایک ایک جزو وج پوست بیخ کبر ہرایک دو جزو ابہل فوہ اشق ہرایک نصف جزو مقدار شربت ایک مثقال ساتھ جوشاندہ مشکطرامشیع کے وقت صبح اور آدھا مثقال وقت شب کے ساتھ اُسی جوشاندہ کے۔

دیگر۔ کہ بیچ تفتت حصاۃ کے عجیب الفعل ہی اور بانجاصیت اثر کرتی ہی راکھ بچھو کی جکاک حجرالیہود حجرالاسفنج ہرایک دو دانگ ساتھ شراب کے یا ماءالعسل کے دین۔

دواء۔ کہ ادرار بول کرے تخم بادیان انیسون ہرایک دو درم جوش کرکے صاف کرین اور تخم خربزہ وتخم خیار وتخم بادرنگ ہرایک تین درم اس جوشاندے مین پیسکر شیرہ نکالین اور بعد صاف کرنے کے قند سفید سے شیرین کرکے تناول کرین۔

دیگر۔ کہ عسرالبول کو کھولے تخم بادیان تخم کرفس ہرایک دو مثقال بیچ آدھے پیالے کے اسقدر جوش کرین کہ آدھا رہے بعد اُسکے صاف کرین تخم خربزہ پانچ مثقال کو ساتھ جوشاندہ مذکور کے پیسکر صاف کرین اور قند سفید سے شیرین کرکے پیین۔

دیگر۔ کہ حبس بول کو نافع ہی انیسون تخم کرفس ہرایک تین درم قند سفید چار درم کوٹ کر چھان کر کھاوین اوپر اُسکے آدھا پیالہ شیرہ سہ تخم کا پیین۔

بیان ادویۂ مفردہ۔ کہ عسرالبول کو کھولین اور ادرار بول کرین موافق مزاج کے دے سکتے ہین بیخ خطمی کو پانی مین جوش کرکے پانی اُسکا پینا اور تخم خطمی بھی بدستور مرجان کا باندھنا اور کھانا جوشاندہ نعناع کا پینا خسک کو کھانا جس طریق سے کہ ہوسکے اور ضماد کرنا اور کھانا جوزبوا کو انگور سپید بطریق القصاص کے کھانا تو جرم اُسکا نکھایا جاوے بہی اور عصارہ اُسکا کھانا بادام تلخ کھانا اور روغن بادام تلخ کھانا اور اُسکا حقنہ کرنا قبل مین مغز تخم کدو کھانا

دو دو مو پینا نمک کا شاذہ کرنا نانخواہ کوٹ کر ساتھ شہد کے کھانا شاخ زعفران احلیل مین رکھنا خرفہ کو پانی مین پکا کر عانہ پر تکمید کرنا سداب کو زیت مین جوش کرکے تکمید کرنا جوشاندہ پرسیاوشان کا پینا بیج عصی الراعی پیسکر پینا ورق طلا ایک دانگ کھانا کافور ریاحی احلیل مین رکھنا سپس زندہ احلیل مین ڈالنا تو اُسمین حرکت کرے مغز تخم پیٹھ پیسکر ناف پر طلا کرنا شورۂ قلمی پیسکر عانہ پہ رکھنا اور تھوڑا سیر پانی چھڑکنا اور ایک ساعت اسی طرح چت لیٹا رہنا یہ دوائین جو لکھی گئی ہین جو انمین سے مناسب حال و طبع ہو چاہیے دینا۔

دوا۔ کہ تقطیر البول بے حرقت کو فائدہ دیتی ہی کندر بلوط ہر ایک پچاس درم حب المحلب سعد مر اسن خولنجان قرفہ وج ہر ایک پانچ درم کوٹ کر چھان کر تین درم کھاوین۔

ذکر ادویۂ ہندیہ

دوا۔ کہ سنگ گردہ و مثانہ کو گراوے بوے باریک پیسکر پیین اور بوے ببار موحدہ عربی ہی سوا اُس بوے کے جو ببارے فارسی ہو پیسکر تین دن کرین۔

دیگر۔ کہ یہی عمل کرے کلتھی تین درم سونف دس درم دونون کو نیم کوب کرکے چار پیالہ پانی مین جوش کرین جب ایک پیالہ رہجاوے صاف کرکے ایک درم نمک سنگ دو درم روغن ملا کر تجرع کرین یعنی گھونٹ گھونٹ پیین۔

دیگر۔ کہ سنگ کو نرم کرکے نکالے پیٹھ کہ پارسی مین نیرو یہ کہتے ہین مغز تخم اُسکا کوٹ کر نچوڑین اور بمقدار ساڑھے تین تولہ کے پانی اُسکا پیین اور پوست اُسکا عانہ پر باندھین۔

دیگر۔ کہ سنگ گردہ کو گرا دے اور ریگ کو نکالے شکر سرخ خالص آدھ سیر شاہجہانی کہ بتیس تولہ ہوتا ہی بیچ ڈیڑھ سیر پانی کے حل کرکے پیین ایک دفعہ یا کئی دفعہ اور تین دن تک یہی عمل مین لاوین۔

دیگر۔ کہ سنگ کو نفوذ دے اور بول بستہ کو جاری کرے ٹیسو کہ درخت اُسکا ڈھاک ہی اور فارسی مین اُسکو گل پلاس کہتے ہین بقدر احتیاج کے لیکر پانی مین پکاوین اور بخار اُسکا گردہ و مثانہ پر پہونچاوین اور پانی اُسکا اوپر محل ماؤف کے گراوین اور پھوک اُسکا ضماد کرین۔

دیگر۔ کہ واسطے تفتیت سنگ مثانہ کے مجرب ہی بھوین آملہ بری ہو یا بستانی دو تولہ لیکر برابر اُسکے شکر سفید ملا کر ناشتا کھاوین ساتھ پانی کے۔

فائدہ۔ بھوین آملہ دو قسم ہی ایک کے دانے درمیان دو پتے کے ہوتے ہین اور غلاف رکھتے ہین دوسرا غلاف نہین رکھتا ہی یہان غلاف دار مستعمل ہی۔

دوا۔ کہ سوزش بول کو نافع ہو گوکھرو بلیلہ آملہ بلیلہ زنجبیل فلفل دارفلفل ہر ایک تین درم موتھا ایک دام گوگل سات دام پہلے گوکھرو کو بیچ چھ حصہ پانی کے جوش کرین کہ چار حصہ رہے پس خوب ملین اور

گوگل اُسمین پگھلاکر پکاوین کہ مانند حلوا ہو جاوے بعد اُسکے آگ پرسے اُتار کر ادویہ کوٹ کر چھان کر اُس مین گھولین اور مقدار نصف دام کے یا کم زایدہ موافق حال مریض کے دین سوزاک جس قسم سے کہ ہو دور ہو جاتا ہی خصوصاً سوزاک کہنہ۔

دوا۔ کہ واسطے سوزاک اور سیلان ریم کے قضیب سے نافع ہی قرنفل عاقرقرحا گوکھرو کافور چینہ گوگل افیون خالص ہر ایک بقدر ساڑھے تین ماشہ کے کوٹ کر چھان کر انتیس گولی بناوین پس ایک گولی پھینک کر باقی کو چودہ دن تک ایک صبح کو ایک شام کو کھاوین اور رات کو پانی نہ پلاوین اور غذا نان گندم بے نمک ساتھ بہت روغن کے کھاوین۔

دوا۔ کہ سوزاک کہنہ کو نافع ہی کبابہ پانچ درم بنگ یعنے قلعی کشتہ ایک دام دونون کو باریک کرکے برابر اُسکے شکر ملاوین اور مقدار آدھے دام کے یعنے سات ماشہ اس دوا سے ساتھ دو دام جغرات کے صبح کو کھلاوین بادی و ترشی سے پرہیز کرین۔

دوا۔ کہ واسطے سوزاک و سیلان چرک کے مجرب ہی اور اکثر خلاف نہین کرتی ہی شورہ قلمی دانہ الایچی ہر ایک ایک دام پختہ یعنے اکیس ماشہ کوٹ کر پیسکر چھ حصہ کرین اور تین دن تک کھائین ایک حصہ صبح کو ایک حصہ شام کو ساتھ پانی کے اور چوتھے دن وہ پانی کہ چاول ساٹھی کے بقدر دو تین دام کے اُسمین تر کیے ہون صاف کرکے پیین اور پانچوین دن اور چھٹے دن بھی یہی پانی پیین اور غذا اس اثنا مین بدون نون کے اور تین دن بعد اسکے بھی بے نمک و بے ترشی کھائین عجیب الاثر ہی۔

دیگر۔ کہ واسطے ادرار بول بستہ کے مجرب ہی شورہ پختہ قلمی خردل ہر ایک آدھا دام پختہ پیسکر ساتھ پانی کے ناشتہ کھلاوین

فائدہ۔ بیچ طب فرشتہ کے لکھا ہی کہ اکبر بادشاہ کا پیشاب بند ہوا کسی دوا سے نہ کھلا آخر حکیم مصری نے تین تولہ شورہ پانی مین حل کرکے کھلایا اور بفاصلہ دو گھڑی کے دو مرتبہ اور دیا شفا ہوئی۔

دوا۔ کہ بیچ ادرار بول کے قوی الاثر ہی اور بیچ تنقیہ آلات تناسل کے مجرب ہی اور اہل ہند اُسکو اندری جھاڑ کہتے ہین تخم مولی کے کوٹ کر مقدار پانچ دام کے پانی اُسکا لیوین شورہ قلمی دو ماشہ ملاکر تین دن تک دین

دوا۔ کہ واسطے بول الدم کے مجرب ہی اور رافع قبض ہی ریوند خطائی ایک دام پختہ کوٹ کر تین حصہ کرے ہر حصہ کو کہ سات ماشہ ہی ساتھ پانی کے گولی بناکر نگل جاوے اور پر اسکے نبات پانچ درم تھوڑے پانی مین حل کرین کہ گاڑھا شربت ہو جاوے تناول کرین اور اسی طرح تین دن عمل مین لاوین۔

دوا۔ کہ واسطے زخم مثانہ و احلیل کے اور بول الدم کے نافع ہی حنا کشنیز خشک زیرۂ سفید آملہ اصل السوس تخم خیارین تخم کاسنی بربارا گوکھرو ریوند چینی گل حکمت نشاستہ ہر ایک ایک تولہ کوٹ کر چھان کر برابر سب کے شکر ملاکر آدھا تولہ ہر دن کھاوین اور ترشی و گرم چیزون سے پرہیز کرین۔

دیگر۔ کہ بول الدم کو نافع ہی مولی کو کوٹ کر پانی اُسکا

ایک دام لیکر ساتھ ایک درام گلاب کے ملاکر پیئین تین دن تک اور غذاے گرم سے پرہیز کرین۔

فایدہ۔جسوقت بول الدم بسبب غلبۂ خون کے ہو اور کوئی مانع نہو بے توقف فصد باسلیق کھولین۔

دوا۔اُس حبس البول کو کہ کسی دوا سے نہ کھلتا ہو کھولے روغن بیدانجیر سہ دام گرم پانی مین پیئین۔

دوا دیگر۔کہ پیشاب کو کھولے چرک بھینس کے کان کا اوپر ناف بیمار کے رکھین کہ فی الفور عمل کرے۔

دیگر۔کہ سوزش بول کو نفع کرے درخت کیلہ کو درمیان سے چیر کر ایک باسن نیچے اُسکے رکھین کہ پانی اُسمین آوے تمام رات اوس باسن کو رہنے دین پس صبح کو جسقدر کہ پانی جمع ہوا ہو لیکر موافق حاجت کے تھوڑا اُس سے دین۔

دیگر۔کہ واسطے سوزاک کہنہ و بول الدم کے مجرب ہی زردچوب آدھا تولہ آملہ ایک تولہ زردچوب کو پہلے نیمکوب کرکے دونون کو پانی مین رات بھر بھگوئین صبح کو پانی صاف اُسکا لیکر دو تولہ شہد اُسمین ملاکر پلادین اور بعض لوگ دونون اجزا برابر کوٹکر چھانکر رکھتے ہین اور آدھا تولہ اُس کے ساتھ آدھے تولہ شکر سفید کے کھاتے ہین سوزاک کہنہ سالہاے دراز کا دو مہینے مین دفع ہوتا ہی اور سوزاک تازہ ایک ہفتہ مین اور اگر مزاج موافقت کرے سفوف کو ایک تولہ تک ساتھ ایک تولہ شکر کے دیتے ہین۔

دوا۔کہ سلس البول کو نافع ہی کنجد سیاہ نانخواہ برابر کوٹکر چھانکر ساتھ قند سیاہ کے آدھا درم کھادین۔

دوا۔کہ یہی عمل کرتی ہی موتھ یعنے سعد کو کوٹکر چھانکر چار ماشہ کھادین۔

دیگر۔پوست بیضۂ مرغ کو روغن گاؤ مین بریان کرکے پیسکر ایک درم ہر روز کھادین۔

انتباہ۔اکثر دوائین کہ سوزاک کو مفید ہین بحث سیلان منی مین بیان ہونگی۔

حرف الراء

روغن سوسن۔کہ گردہ و مثانہ کو گرم کرے اور برودت و اختناق رحم کو نفع کرتا ہی گل سوسن تیس عدد سلیخہ حب بلسان قسط ہر ایک دس دس درم قرنفل مصطگی ہر ایک پانچ درم زعفران دو درم روغن کنجد ڈیڑھ رطل پھول کو زردی سے پاک کرکے باقی ادویہ کو کوٹ کر سب کو روغن مین ڈالکر شیشہ مین رکھین سایہ مین نزدیک دھوپ کے چالیس دن تک بعد اُسکے استعمال کرین۔

روغن خسک۔کہ عسر البول کو نافع ہی خسک دس مثقال زنجبیل چار مثقال نیمکوفتہ پانی مین جوش کرکے بعد ملنے کے صاف کرین بعد اسکے ڈیڑھ چھٹانک روغن کنجد اضافہ کرکے جوش کرین یہانتک کہ پانی جلجاوے۔

روغن عقرب۔کہ سنگ مثانہ کو پارہ پارہ کرکے نکالے ریوند سعد خبطیانا پوست بیخ کبر ہر ایک ایک اوقیہ روغن بادام تلخ ایک رطل پہلے ادویہ کوٹ کر شیشہ مین رکھین پھر روغن کو اُسپر ڈالین اور شیشہ کو ایک ہفتہ پانی مین رکھین بعد اُسکے مل کر صاف کرین اور دس بچھو زندہ اُسمین ڈال کر سر شیشہ کا بند کرکے ایک ہفتہ دھوپ مین رکھین بعد اُسکے صاف کرین

دو قطرے اس سے احلیل مین ٹپکاوین بعد نکلنے کے ابزن
سے اور اوپر عانہ کے بھی ملین۔
روغن ناردین۔ کہ جب احلیل مین ٹپکاوین امراض
مثانہ کو نفع کرے بحث سر مین گذرا۔
روغن سداب۔ کہ واسطے درد گردہ و مثانہ کے
اور واسطے ادرار بول کے نافع ہی دوا سے سر مین مذکور ہوا
روغن کلکلانج۔ پینا اُسکا مقوی کلیہ و مدر بول ہی
بحث معدے مین گذرا۔
روغن سیر۔ کہ واسطے تقطیر بول کے نفع کرتا ہی ادویۂ
مخصوصۂ مردان مین بیان ہوگا۔
رماد العقرب۔ کہ سنگ گردہ و مثانہ کو گراوے عقرب
کو جسقدر چاہین لیکر نئی ہانڈی یا شیشہ مین گل حکمت کرکے
سر اُسکا مضبوط کرکے نیم گرم تنور مین چھ ساعت رکھین بعد
اسکے نکالکر بچھو کو کوٹ کر چھان کر ایک دانگ استعمال کرین
اور بعض اطبا نے مرد جوان کو ایک درم تک اور چھوٹے
مرد کو آدھے درم تک تجویز کیا ہی۔

حرف الزاء معجمہ

زرعونی۔ کہ مشہور ہی واسطے تقویت گردہ کے
اور تنقیہ ریگ مثانہ کو نافع ہی نسخہ صغیر اسکا بحث معدے مین
گذرا اور دو نسخے کبیر اسکے بحث باہ مین مذکور ہونگے۔

حرف السین

سنجرینیا۔ کہ واسطے تقطیر و عسر و سلس البول کے نافع
ہی اور مقوی و مسخن مجاری بول ہی بحث معدے مین گذرا۔

سکنجبین۔ کہ سنگ کو گراوے پوست بیخ کبر و پوست بیخ کرفس
ہر ایک ایک اوقیہ پوست ترب دو اوقیہ راسن وج عنصلی
فطراسالیون دو دو ہر ایک آدھا اوقیہ سرکہ تین رطل شکر
سفید ایک رطل اجزا کو تین دن سرکہ مین بھگوئین بعد اسکے
نرم آگ مین یہانتک پکاوین کہ آدھا رہے بعد اسکے صاف
کرکے شکر سفید ڈالکر قوام کرین اور بعض لوگ بیخ کرفس
کے بدلے بیخ بادیان لکھتے ہین۔
سفوف بزرالبنج۔ کہ درد گردہ و مثانہ کو تسکین دے
بزرالبنج ایک دانگ افیون ایک قیراط مغز تخم خیارین تین
درم تخم کاہو تخم خرفہ ہر ایک ایک درم کوٹ کر چھان کر ساتھ
شربت خشخاش کے کھاوین۔
سفوف۔ کہ پیشاب کو نکالے اور سوزش پیشاب کو نفع
کرے مغز تخم خیارین مغز تخم کدو تخم خرفہ خشخاش نشاستہ
کتیرا رب السوس ہر ایک تین درم بزرالبنج دو درم قند
سفید برابر وزن سب اجزا کے مقدار شربت تین درم
ساتھ شربت خشخاش کے۔
سفوف مدر۔ کہ پیچ اورام گردہ و جگر کے نفع کرے
مغز تخم خیارین مغز تخم خربزہ ہر ایک پانچ درم تخم کاسنی تخم
کشوث ہر ایک تین درم تخم کرفس رازیانہ انیسون رب السوس
ہر ایک دو دو درم ریوند چینی ایک مثقال زرشک منقے چار
درم لک دو تہائی ایک درم کی کافور تہائی ایک درم کی
سنبل زعفران افسنتین مصطگی ہر ایک ایک درم۔
سفوف۔ کہ ورم گرم مثانہ کو نافع ہی مغز تخم خیارین مغز
تخم خربزہ مغز تخم کدو ہر ایک پانچ درم تخم خرفہ چار درم
تخم خطمی تخم خبازی پرسیاوشان ہر ایک تین درم سب کو

باریک کرکے سفوف تیار کرین مقدار خوراک دو درم ساتھ جلاب یا شربت بنفشہ کے۔

سفوف حجر الیہود۔ واسطے تفتیت و اخراج سنگ کے تخم خربزہ تخم خیارین ہر ایک پانچ درم تخم خرفہ دو درم تخم کدو تین درم نشاستہ کتیرا حب القلت ہر ایک ایک درم حجر الیہود چار دانگ شکر سفید برابر سب اجزا کے کوٹ کر چھان کر سفوف بناوین مقدار خوراک تین درم ساتھ پانی چنے سیاہ کے اور چاہیے کہ غذا اسفید باج ہو اور دس دن اسی دوا و غذا پر قناعت کرین فانہ یفتت الحصاۃ ولا یسخن البدن یعنے پس بیشک یہ دوا ریزہ ریزہ کرتی ہی سنگریزہ کو اور گرم کرتی ہی بدن کو۔

سفوف۔ کہ سنگ گردہ و مثانہ محرور المزاج کو نفع دے مغز تخم خیارین مغز تخم تربز مغز تخم کدو ہر ایک چار درم رازیانہ حجر الیہود ہر ایک دو درم ساتھ سکنجبین کے نوش کرین۔

سفوف دیگر۔ کہ یہی عمل کرتا ہی مغز تخم ہندوانہ و مغز تخم خربزہ و مغز تخم خیار تخم ہلیون خار خسک ہر ایک تین درم کاکنج رازیانہ تخم کرفس ہر ایک ایک درم حجر الیہود دو درم ساتھ سکنجبین و پانی پرسیاوشان کے استعمال کرین۔

سفوف۔ کہ سنگ گردہ و مثانہ کو پارہ پارہ کرکے نکال لاوے حجر الیہود حب القلت ہر ایک تین درم مغز تخم خیارین مغز تخم خربزہ مغز تخم کدو ہر ایک پانچ درم خسک مربی چار درم تخم کرفس سیسالیوس فطراسالیون ہر ایک ایک درم صمغ عربی کتیرا ہر ایک ایک درم کوٹ کر چھان کر مقدار دو درم کے ساتھ شربت خسک کے پیین۔

سفوف۔ کہ یہی عمل کرتا ہی حجر الیہود چھ درم تخم قلت پندرہ درم مغز تخم خربزہ مغز تخم کدو مغز تخم خیارین ہر ایک ساڑھے چار درم سیسالیوس دو درم صمغ عربی نشاستہ کتیرا ہر ایک تین درم قند سفید اٹھاسی درم کوٹ کر چھان کر مقدار دو درم کے ساتھ پانی کالے چنے کے دیتے رہین۔

سفوف حب القلت۔ کہ سنگ گردہ و مثانہ اطفال کو پاک کرے قلت مغز تخم خربزہ صمغ عربی صمغ آلو بالسویہ کوٹ کر چھان مقدار ایک درم کے دین۔

سفوف دیگر۔ کہ تفتیت حصاۃ کرے اور گرمی نہ لاوے اور واسطے محرورون اور صاحبان جگر گرم کے نافع ہی مغز تخم خربزہ مغز تخم خیار ہر ایک ایک جزو صمغ آلو تخم کاسنی ہر ایک آدھا جزو دو مثقال اس سے ساتھ ایک اوقیہ سکنجبین کے کھاوین۔

سفوف۔ کہ ادرار بول کرے اور مجاری کو پاک کرے اور جو مادہ کہ قریب بہ تحجر ہو باہر نکالے تخم کرفس تخم خربزہ ہر ایک ایک جزو دو ثلث ربع جزو شکر سفید نصف سب کے کوٹ کر چھان کر ایک مثقال قبل از غذا اور ایک مثقال بعد از غذا کے بفاصلہ دس ساعت کے کھاوین اور استعمال کرنا اس سفوف کا علی الدوام تولد سنگ کو منع کرتا ہی بدون پیدا کرنے گرمی و حدت کے۔

سفوف

سفوف - کہ ادرار بول کرتا ہی اور مادۂ سنگ کو پیدا ہونے نہین دیتا ہو تخم جزر بری تین درم رازیانہ دو درم اسقولوقندریون مغز تخم خربزہ ہر ایک دس درم زجاج سوختہ قلت ہر ایک سات درم سب کو باریک کرکے پارچہ بیز کرین اور مقدار حاجت کے کھلاوین محرور کو ساتھ سکنجبین کے اور مبرود کو ساتھ ماء الاصول کے -

سفوف شادنہ - کہ بول الدم کو مجرب ہی شادنہ مغسول دم الاخوین بسد کہربا گلنار شب یمانی تخم خرفہ گل ارمنی گل قبرسی وزن برابر کوٹ کر چھان کر دو درم اس سے ساتھ پانی سماق کے دین -

سفوف - کہ واسطے بول الدم و حرقۃ البول و سرفۂ گرم کے نافع ہی تخم خشخاش سفید تخم خرفہ صمغ عربی ہر ایک پانچدرم تخم کاہو کتیرا ہر ایک تین درم قند سفید برابر سب اجزا کے پانچدرم اس سے کھاوین -

سفوف - کہ قرحۂ مثانہ کو نافع ہی دم الاخوین شادنہ مغسول نشاستہ تخم کرفس ہر ایک آدھا درم صمغ عربی ایک درم مومیائی کافی دو دانگ کا کنج دو درم کوٹ کر چھانکر ڈیڑھ درم ساتھ شربت خشخاش کے دین -

سفوف دیگر - کہ حرقۃ البول و درد گردہ و مثانہ کو نافع ہی اور پیشاب کو نکالے مغز تخم خربزہ تیس درم مغز تخم خیارین مغز تخم کدو خرفہ خشخاش سفید ہر ایک دس درم نشاستہ کتیرا رب السوس ہر ایک تین درم بزر البنج سفید دو درم قند سفید برابر سب اجزا کے مقدار خوراک تین درم ساتھ شربت خشخاش کے وقت رات کے -

سفوف دیگر - کہ قروح گردہ و مثانہ کو نافع ہی گل مختوم دم الاخوین نشاستہ کندر مغز تخم تربز مغز تخم خیار تخم کرفس مغز تخم کدو رب السوس لک مغسول ریوند چینی عنصنہ حب الصنوبر خشخاش سفید بزر البنج سفید سب اجزا برابر مقدار شربت دو درم ساتھ سکنجبین کے -

سفوف - کہ ذیابیطس کو نافع ہی صمغ عربی گل ارمنی گلنار سماق بلوط ہر ایک پانچ درم نشاستہ کتیرا تخم کاہو تخم خرفہ ہر ایک تین درم صندل سفید ایک درم کوٹ کر چھان کر تین درم ساتھ بعضے اُن چیزون کے کہ قابض و ترش ہون دین -

سفوف ماسک البول - واسطے کثرت بول و سلس البول بے حرقت کے اور واسطے اُس شخص کے کہ خواب مین پیشاب کرتا ہو نافع ہی - بلوط پچاس درم کندر تیس درم کشنیز خشک بریان صمغ عربی گل ارمنی ہر ایک دس درم گلنار کزمازج ہر ایک پانچ درم کوٹ کر چھان کر تین درم ساتھ پانی خالص کے تناول کرین -

نوع دیگر - کہ واسطے سلس البول کے نافع ہی کندر سعد خولنجان زیرۂ کرمانی شاہ بلوط حب الآس اجزا برابر کوٹ کر چھان کر تین درم تناول کرین -

سفوف ماسک البول - ترکیب قوام الدین طبیب صاعد المنتی حب الآس خولنجان ہر ایک چار درم سعد ایک درم کندر گلنار گل سرخ گل ارمنی ہر ایک دو درم صمغ عربی پانچ درم کوٹ کر چھان کر تین درم ساتھ آب سرد کے کھاوین -

سفوف دیگر - کہ یہی عمل کرتا ہی صمغ عربی دس درم کندر پانچدرم کشنیز خشک حب الآس گل ارمنی ہر ایک دودرم مقدار خوراک دودرم ساتھ جلاب کے -

سفوف دیگر - کہ یہی عمل کرتا ہی ترکیب ثقۃ الدین سرخسی حب الآس سعد کوفی کندر نار مشک گلنار صمغ عربی سنبل اجزا برابر مقدار شربت دودرم -

سفوف - کہ نزف الدم گردہ ومثانہ ومقعد و رحم کو حبس کرتا ہی کہربا گل ارمنی گلنار اقاقیا کندر ہر ایک ایک جزو افیون ربع جزو مقدار شربت ایک مثقال -

سفوف - واسطے حرقت بول مزمن کے کہ ساتھ چرک کے ہو اور تقطیر البول وسلس البول بھی ساتھ اسکے ہو نافع ہی اور درد رمنی کو بھی مفید ہی اور صاحب تحفہ نے کہا کہ بیچ امراض مذکورہ کے کئی مرتبہ تجربہ ہوا ہی بہت موثر تخم بزر البنج بو دادہ پندرہ درم گل ارمنی کشنیز خشک صمغ عربی تخم حماض بو دادہ کندر ذکر ہر ایک دو درم مقدار شربت دو مثقال ساتھ سرد پانی کے -

فائدہ - ایام تشرب مین اس سفوف کے سرد پانی سے پرہیز کریں -

حرف الشین

شربت انجیر - کہ گردہ ومثانہ کو نافع اور رمنی کو زائل کرے اور باہ کو قوت دے اور درد پشت کو زائل کرے انجیر خوب دو من بیچ پانچ من پانی کے پکاوین جب ایک من رہجاوے ایک من چینے سفید کو ساتھ پانچ من پانی کے پکاوین یہانتک کہ ڈیڑھ من رہجاوے پس دونون کو ہاتھ سے ملکر صاف کرین اور شہد ڈیڑھ من اُسپر ڈالین خولنجان ودارچینی وسنبل الطیب وقرنفل ہر ایک ایک درم زعفران آدھا درم تھیلی مین باندھکر اُسمین ڈالین اور جوش کرین یہانتک کہ قوام مین آوے مقدار شربت پانچ مثقال شربت مذکور باطرف مختلفہ بحث امعا مین بھی گذرچکا -

شربت ہندی - منقول ترجمۂ باہر وشمسرت سے واسطے درد گردہ ومثانہ ورحم وجگر ومغص وورم سپرز وعرق النسا ونفث الدم وربو وخفقان وفواق وقرح امعا وحمیات دایرہ کے اور واسطے کاٹنے ہوام ودرد کمر ومفاصل کے مجرب ہی اسی طرح ذکر کیا گیا تحفۃ المومنین مین انجیر زرد رازیانہ ہر ایک ڈیڑھ سو مثقال سہ چند پانی مین ایک رات دن بھگوکر جوش کرین یہانتک کہ تہائی رہجاوے بعد اُسکے صاف کرکے ساتھ تین سو مثقال شیرۂ گل سرخ تازہ وتین سو مثقال قند سفید کے جوش کرین کہ قوام ہوجاوے پس ڈیڑھ سو مثقال ریوند چینی کہ گلاب مین اُسکو بھگویا ہوا اور پندرہ مثقال روغن گردۂ گاؤ سے چرب کیا ہو اُسمین حل کرین مقدار دس مثقال سے بیس مثقال تک -

شربت لیمون - سنگ گردہ ومثانہ کو پاک کرتا ہی اور عسر البول کو کھولتا ہی لیمون اگر تازہ

کوٹ کر شیرہ اُسکا نکالین اور اگر تازہ نہ ملے تھوڑا پانی خشک اُسپر چھڑک کر شیرہ اُسکا نکالین پس اگر شیرہ اُسکا ایک رطل ہو اُسمین قند سفید دو رطل ملا کر قوام کرین اور اگر چاہین ہلیون تازہ یا خشک کو پانچ رطل لیکر پانی مین یہانتک جوش کرین کہ پکجاوے بعد اُسکے ملکر صاف کرین اور قند سفید دس رطل ڈال کر قوام کرین اور شہد صاف ایک رطل اضافہ کرکے اُتار لین اور وقت حاجت کے استعمال کرین اور اگر حب ہلیون سے شربت بنانا چاہین تو حب ہلیون دو اوقیہ ہو قند سفید ایک رطل اور بعض لوگ ایک رطل قند سفید بیچ تین اوقیہ حب ہلیون کے ڈالتے ہین اور بعض کتابون مین اسطرح مرقوم ہی کہ ہلیون مطلق تیس مثقال کو بیچ دو من پانی کے جوش کرکے ملین اور صاف کرکے بعد اسکے ایک من قند سفید ملا کر قوام کرین۔

شربت بزور - کہ ادرار بول وحیض کرتا ہی اور سنگ گردہ و مثانہ کو گراتا ہی اور حمیات مین نسخہ اسکا لکھا جاویگا۔

شربت خسک - واسطے تفتیت سنگ مثانہ و عسر البول کے بہت نفع کرتا ہی اور باہ پیدا کرتا ہی خسک اگر تازہ ہو اُسپر تھوڑا پانی چھڑک کر کوٹین تو عصارہ اُسکا نکلے پس ایک رطل عصارہ اُسکا دو رطل قند دو اوقیہ شہد باہم ملا کر قوام کرین اور اگر خشک ہو دو یا تین اوقیہ خسک لیکر شیرہ اُسکا پانی مین نکالکر قند سفید ایک رطل ڈالکر قوام کرین اور چاہیے کہ خسک خشک جو کوب کرکے ایک رات دن پانی مین بھگو کر بعد اُسکے آگ نرم پر پکا کر صاف کرین اور قند سفید ملا کر شربت بناوین

شربت نجیل - بفتح نون و کسر جیم و سکون یار تحتانی و آخر لام کہ سرد و خشک باعتدال ہی واسطے تفتیت سنگ و عسر البول و قروح مثانہ و مغص کے نافع نجیل سبز کنار دریا وغیرہ جگہ نمناک سے لیکر پانی سے دھووین تو مٹی دور ہو جاوے پس ہاون مین دستہ سے کوٹین اور تھوڑا پانی چھڑکین اسلیے کہ نجیل مین مائیت کمتر ہوتی ہی جب خوب کٹ جاوے نچوڑین اور پانی اُسکا جسقدر نکلے نصف اُسکا قند سفید ملا کر قوام کرین اور اگر چاہین نجیل کے پتون کا شربت بناوین اس طرح کہ پتے سبز اُسکے پانچ رطل پانی مین جوش کرین یہانتک کہ قوت اُسکی پانی مین آجاوے بعد اُسکے ملکر صاف کرین اور شہد ایک رطل قند سفید نو رطل ملا کر قوام کرین۔

شافہ - کہ اگر احلیل مین ٹپکاوین حرقت بول کو فائدہ کرے کوکنار رب السوس نشاستہ وزن برابر شیاف بناوین اگر سوزش بہت ہو اور حاجت تسکین کی ہو تھوڑی افیون یا بزر البنج زیادہ کرین۔

حرف الضاد

ضماد - کہ بول بستہ کو کھولدے گل کافیشہ کہ عصفر ہی دودھ مین پکاوین برابر اُسکے شورہ ملا کر عانہ پر ضماد کرین۔

ضماد - کہ جب عانہ پر رکھین ادرار بول کرے مرکبہ سداب پودینہ برنجاسف سنبل مرزنجوش خطمی تمام فلفل

برگ ترب شیخ بابونہ شبت کرنب پانی مین پکا کر مریض کو اُسمین بٹھاوین اور ثفل اُسکا ضماد کرین ۔

ضماد ۔ کہ بول کو کھولے قرطم رطبہ پانی مین پکا کر عانہ پر ضماد کرین ۔

ضماد ۔ کہ بول کو حبس کرے گل ارمنی گل مختوم صمغ عربی تخم کثیرا گل سرخ گلنار شاخ گوزن سوختہ عصارۂ لحیۃ التیس ہر ایک دو درم مازو ایک درم کوٹ کر چھان کر ساتھ پانی امرود کے ضماد کرین ۔

ضماد ذیابیطس ۔ خرفہ عنب الثعلب مغز خیارہ جرادۂ کدو ان مین سے جو میسر آئے تنہا یا مجموع کوٹ کر اوپر قطن کے سرد کرکے ضماد کرین جب نیم گرم ہو جاوے تبدیل کرین ۔

ضماد ۔ کہ ورم گردہ و مثانہ کو نافع ہی بابونہ بزرکتان سبوس گندم کوٹ کر چھان کر پانی مین پکاوین کہ گاڑھا ہو جاوے پس روغن کنجد اُسمین ملاکر اوپر قطن و عانہ کے نیم گرم ضماد کرین ۔

ضماد ۔ کہ ورم صلب گردہ و مثانہ کو نافع ہی تخم خرفہ کوٹ کر ساتھ روغن سوسن یا کنجد کے گھولکر عانہ پر ضماد کرین ۔

حرف الطاء

طلا ۔ کہ واسطے عسر البول کے قوی الاثر ہی عاقرقرحا بورہ ارمنی خردل کوٹ کر چھان کر ساتھ شہد کے بیچ حمام کے طلا کرین اور لگائے رہین یہانتک کہ سوزش اُسکی محسوس ہو اور یہ طلا اوپر عانہ و عجز و ثنیہ مابین

ورکین کے استعمال کرین ۔

حرف الفاء

فلونیا ۔ واسطے درد گردہ کے نافع ہی بحث امعا مین نسخہ اُسکا لکھا گیا ۔

حرف القاف

قرص بول الدم ۔ کہربا گل ارمنی ہر ایک دو درم اقاقیا گلنار صمغ عربی ہیوفسطیداس ہر ایک تین درم تخم کرفس بزرالبنج ہر ایک دو درم کوٹ کر چھان کر دس قرص بناوین ایک قرص ساتھ ربوب حامضہ کے تناول کرین ۔

قرص بول الدم دیگر ۔ نشاستہ کثیرا مغز تخم خیارین ہر ایک پانچ درم گلنار دو درم شب یمانی نصف درم اور ایک نسخے مین نشاستہ کثیرا مغز تخم خیار ہر ایک تین درم گلنار دو درم شب یمانی سوختہ ڈیڑھ درم لکھا ہی

قرص الطین ۔ کہ واسطے بول الدم و قروح مثانہ کے نافع ہی گل مختوم طباشیر کثیرا صمغ عربی صمغ فارسی تخم خرفہ و مغز تخم خیارین جملہ آٹھ درم ہین وزن برابر لیکر کوٹین چھانین بعد اُسکے میبختج مین گھولکر قرص بناوین اور اگر حرارت غالب ہو لعاب اسبغول مین قرص بناوین اور ساتھ کشکاب کے کھلاوین ایک نسخہ مین مغز تخم خربزہ بھی لکھا ہی ۔

دیگر ۔ کہ قرحہ گردہ کو فائدہ کرے یعنی ریم سے پاک کرے گوشت جماوے گل ارمنی گل مختوم طباشیر

صمغ البطم مقل وزن برابر پہلے مقل کو شراب شیرین مین حل کرے بعد اُسکے دواؤن کو اُسمین ملاکر قرص بنا دے مقدار شربت ایک مثقال۔

قرص کاکنج۔ کہ واسطے قروح کلیہ ومثانہ وبول الدم کے سودمند ہی مغز تخم خیار دس۱۰ درم کاکنج تین درم تخم کرفس شہدانہ گل ارمنی صمغ عربی دم الاخوین بزرالبنج ہر ایک دو درم افیون ایک درم مقدار شربت تین درم۔

نوع دیگر۔ کہ یہی عمل کرتا ہی حب کاکنج مغز بادام مقشر رب السوس نشاستہ صمغ عربی دم الاخوین کتیرا کندر ہر ایک دس۱۰ درم تخم کرفس دو درم افیون ایک درم صاف پانی مین قرص بناوین مقدار شربت ایک درم سے ایک مثقال تک۔

نوع دیگر۔ کہ بول الدم وقروح گردہ ومثانہ وسوزش مثانہ کو مفید ہی کاکنج خشک چھ درم مغز تخم بادرنگ دس۱۰ درم گل ارمنی صمغ عربی کندر دم الاخوین ہر ایک ڈیڑھ درم تخم خشخاس سفید مغز بادام تلخ وشیرین رب السوس نشاستہ تخم کرفس کتیرا ہر ایک دو درم افیون ایک درم لعاب اسبغول مین قرص بناوین مقدار شربت تین درم ساتھ شربت بنفشہ کے اور بیچ نسخے قلانسی کے کاکنج چھ درم تخم کرفس دو درم افیون ایک درم ہی اور باقی اجزا ہر ایک دس۱۰ درم اور مغز بادام تلخ متروک ہی۔

قرص دیگر۔ کہ یہی اثر رکھتا ہی کاکنج پچیس عدد تخم کتان بزرالبنج سفید ہر ایک پانچ درم تخم حماض حلغوزہ بریان مغز بادام تلخ انیسون صمغ عربی کتیرا ہر ایک تین درم تخم بادیان زعفران ہر ایک دو درم شہدانہ چھ درم مغز تخم خیار دس۱۰ درم ہر ایک درم لعاب تخم کتان مین گھول کر قرص بناوین اور ساتھ میفختج یا جلاب کے کھلا دین اور بعضے نسخون مین تخم کرفس اور دوقو ہر ایک تین درم ہی۔

دیگر۔ کہ واسطے قروح گردہ ومثانہ وتقطیر البول وبول الدم کے نہایت مجرب ہی حب کاکنج پچیس عدد افیون تخم کرفس بزرالبنج سفید شاہدانہ ہر ایک ایک مثقال تخم رازیانہ دو مثقال زعفران تخم حماض بری مغز حلغوزہ مغز بادام تلخ مقشر ہر ایک تین مثقال تخم خیار بارہ مثقال کوٹ کر چھان کر ساتھ میفختج کے قرص بناوین۔

قرص دیگر۔ کہ واسطے قروح واوجاع گردہ ومثانہ وبول الدم وبول المدہ وجرب ومثانہ کے نافع ہی حب کاکنج جبلی پچھتر عدد مغز تخم خربزہ چھتیس مثقال افیون سات مثقال کشنیز خشک انیسون ہر ایک دس مثقال تخم رازیانہ مغز بادام تلخ مغز حلغوزہ بریان زعفران بزرالبنج سفید تخم کرفس تخم حماض ہر ایک نو مثقال کوٹ کر چھان کر انگور کے شیرے مین قرص بناوین مقدار شربت ایک مثقال سے تین مثقال تک۔

قرص دیگر۔ کہ یہی تاثیر رکھتا ہی حب کاکنج پچاس عدد تخم کرفس رازیانہ ہر ایک سات درم بزرالبنج مغز تخم خربزہ تخم حماض بری انیسون نشاستہ مغز بادام

تلخ مغز چلغوزہ ہر ایک دو درم سب کو نرم کوٹ کر میفختج مین قرص بنادین موافق رسم کے اور بعد چھ مہینے کے استعمال کرین۔

قرص دیگر۔ کہ یہی عمل کرتا ہی۔ کاکنج دس عدد مغز تخم خربزہ مغز تخم خیار خشخاش سفید کتیرا ہر ایک چار درم گل قبرسی شادنہ مغسول رب السوس صمغ عربی مغز بادام دم الاخوین کندر ہر ایک دو درم تخم کرفس ایک درم مقدار شربت دو درم اگر شادنہ نہو مقناطیس سوختہ مغسول بدلے اُسکے ڈالین۔

فائدہ۔ نسخے قرص کاکنج کے بہت ہین اُنمین سے آٹھ نسخے کہ مجرب تھے لکھے گئے۔

قرص کہربا۔ کہ واسطے بول الدم کے نافع ہی بحث امعا مین مذکور ہی۔

قرص شب۔ کہ بول الدم و بواسیر کو نافع ہی۔ شب یمانی شاخ گوزن سوختہ گل ارمنی کتیرا گلنار تخم خرفہ اجزا برابر کوٹ کر چھان کر خرفے کے پانی مین قرص بنادین۔

قرص شب دیگر۔ شب یمانی دم الاخوین گلنار ہر ایک تین درم کتیرا چھ درم صمغ عربی دو درم خرفے کے پانی مین قرص بناوین اور شربت حب الآس کے ساتھ کھلاوین۔

قرص۔ کہ واسطے بول المدہ کے عجیب الاثر ہی۔ مغز تخم خربزہ مغز تخم خیار مغز تخم کدو ہر ایک بیس درم گل ارمنی صمغ عربی کندر دم الاخوین ہر ایک دس درم افیون تین درم تخم کرفس دو درم قرص بناوین مقدار دو درم کے مقدار شربت ایک قرص ساتھ ایک اوقیہ شربت خشخاش کے۔

قرص ذیابیطس۔ طباشیر رب السوس ہر ایک دس درم تخم کاہو بیس درم تخم خرفہ پندرہ درم گل سرخ کشنیز خشک گل ارمنی ہر ایک پانچ درم اقاقیا صمغ عربی صندل زرد گلنار ہر ایک دو درم کافور آدھا درم قرص بموجب معمول کے بناوین مقدار شربت تین درم ساتھ پانی انار ترش کے یا گلاب کے اور ایک نسخے مین گل ارمنی دو درم ہی۔

قرص ذیابیطس نوع دیگر۔ حب الآس تخم حماض مقشر ہر ایک دو درم صمغ عربی نشاستہ ہر ایک ایک درم کوٹ کر چھان کر لعاب اسبغول مین قرص بنادین مقدار شربت دو درم۔

قرص ذیابیطس دیگر۔ طباشیر دس درم تخم کاہو تخم خرفہ ہر ایک پندرہ درم کشنیز خشک گل سرخ گل ارمنی ہر ایک پانچ درم گلنار دو درم کافور آدھا درم بموجب رسم کے قرص بناوین مقدار شربت تین درم ساتھ پانی انار ترش کے۔

فائدہ۔ ذیابیطس وہ مرض ہی کہ آدمی جیسا پانی پیتا ہی یا اور چیز سایل اُسی ساعت پیشاب کرتا ہی اور پیاس اسمین لازم ہی اور غذا اس بیماری مین عدس مقشر و سرکہ و غورہ اور جو غذائین کہ مغلظ خون ہین تناول کرین۔

قرص بزور۔ کہ جرب و مثانہ کو نافع ہی مغز تخم خربزہ

دس درم مغز تخم خیار پانچدرم مغز تخم کدو تخم خطمی مغز بادام شیرین کتیرا رب السوس نشاستہ خشخاش سفید گل ارمنی تخم کرفس ہر ایک دو درم بزر البنج ایک درم مقدار شربت تین درم ساتھ شربت بنفشہ کے۔

قطور۔ کہ احلیل ٹپکاتے ہین اور قرحہ وسوزش بول کو نافع ہو سفید آب کندر انزروت نشاستہ صمغ عربی دم الاخوین اجزا برابر کوٹ کر چھانکر گولیان بناوین اور وقت حاجت کے تھوڑا اُسمین لیکر کہ ساتھ دودھ عورت کے کہ لڑکی پیتی ہو پیسکر احلیل مین ڈالین اگر آفت مثانے مین ہو پچکاری سے دوا پہونچا دین۔

حرف الکاف

کمونی۔ طلا کرنا اوپر عانہ کے سلس البول کو باز رکھتا ہی نسخہ اسکا معدہ مین بیان ہوا۔

کلکلانج۔ کہ بول کو کھولتا ہی بحث جگر مین مذکور ہوا۔

کماد۔ کہ واسطے اوجاع گردہ کے نافع ہی اقسام اُسکے بحث معدے مین لکھے گئے۔

حرف اللام

لبوب کبیر۔ نسخہ اسکا بحث باہ مین آویگا۔

لبوب صغیر۔ نسخہ اسکا بحث سر مین لکھا گیا اور یہ دونون مسخن ومقوی گردہ ہین۔

حرف المیم

معجون فلاسفہ۔ واسطے سلس البول ودرد گردہ ومثانہ کے نافع ہی نسخہ اسکا بحث سر مین بیان ہوا۔

مخلص اکبر۔ گردہ ومثانہ کو نافع ہی بحث سر مین نسخہ اسکا مذکور ہوا۔

معجون جالینوس۔ کہ گردہ ومثانہ سرد کو گرم کرے اور سدہ کھولے فلفل سیاہ وسفید حماما قسط سنبل الطیب قصب الذریرہ سافج ہندی زعفران تخم کرفس انیسون عاقرقرحا تخم انجرہ تخم سداب اجزا برابر کوٹ کر چھانکر ساتھ عسل کے معجون بناوین مقدار شربت ایک مثقال ساتھ ماء الاصول کے یا پانی بادیان کے یا پانی تخم کرفس کے۔

معجون حجر الیہود۔ کہ سنگ گردہ ومثانہ کو گراتی ہی حجر الیہود پچاس درم مغز تخم خربزہ مغز تخم خیارین کاکنج ہر ایک پانچ درم ادویہ خوب کوٹ کر چھان کر شہد مین گھولین مقدار شربت دو درم سے تین درم تک

معجون عقرب۔ کہ سنگ گردہ ومثانہ کو گرادے اور عقرب کے کاٹنے کو نہایت نافع ہی عقرب سوختہ ساڑھے تین درم خبطیانا ڈیڑھ درم زنجبیل ایک درم فلفل دارفلفل ہر ایک دو درم کاکنج ساڑھے پانچ درم جند بیدستر چار درم کوٹ کر چھان کر شہد مین گھول کر معجون بناوین مقدار شربت ایک دانگ ساتھ پانی کرفس کے اور بیچ قلانسی کے زنجبیل وفلفل ودارفلفل ہر ایک اڑھائی درم لکھا ہی اور رکھا ہی کہ بعد چھ مہینے کے استعمال کرین۔

معجون اذاراقی۔ کہ سلس البول کو نافع ہی وجع المفاصل

مین نسخہ اسکا آویگا۔

معجون کاکنج۔ کہ قرحۂ گردہ ومثانہ وبول الدم کو نفع کرتی ہی کاکنج پچیس عدد بزرالبنج تخم کرفس رازیانہ ہرایک سات درم مغز تخم خربزہ تخم حماض افیون مغز چلغوزہ بریان مغز فندق مغز بادام تلخ بریان ہرایک تین درم زعفران اڑھائی درم کتیرا چار درم کوٹکر چھان کر منفعج مین معجون بناوین مقدار شربت ایک درم ساتھ خندیقون کے یاماءالعسل کے یاشربت خشخاش کے۔

معجون عطائی۔ کہ تقطیر البول وسرعت انزال کو نافع ہی اور اختیارات بدیعی مین لکھا ہی کہ وہ بیچ سرعت انزال کے نظیر نہین رکھتی ہی اور کہا ہی کہ غذا چاہیے کہ کباب ہو مصطگی کندر جفت بلوط بزرالقنب اجزا برابر کوٹکر چھان کر ساتھ دونے وزن شہد کے معجون بناوین مقدار شربت دو مثقال۔

معجون کندر۔ کہ واسطے تقطیر البول وسرعت انزال منی کے نافع ہی گلنار بلوط شونیز کشنیز خشک ہرایک دس درم زیرۂ کرمانی کرویا نانخواہ ہرایک پانچدرم پوست بلیلہ ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ زرد آملہ مقشر ہرایک تین درم کوٹ کرچھان کر ساتھ سہ چند شراب کے معجون بناوین مقدار خوراک دو مثقال صبح اور شام کو اور غذا کباب۔

معجون رشیدی۔ کہ یہی عمل کرے کبابہ قرنفل خصیۃ الثعلب فوفل سنبل مصطگی نانخواہ ہرایک دس درم ساتھ نصف من عسل کے معجون بناوین مقدار خوراک دو درم۔

معجون جنطیانا۔ دردگردہ ومثانہ کو نافع ہی اور سدہ کھولے اور بیچ بحث جگر کے گذری۔

معجون چلغوزہ۔ عسرالبول کو نافع ہی مغز چلغوزہ تیس درم دوقوریوندا ذخر حب بلسان انیسون سلیخہ زعفران دارچینی فطراسالیون اسارون کمافیطوس ہرایک تین درم نعناع خشک نصف درم کوٹ کر چھان کر عسل مین معجون بناوین۔

معجون ماسک البول۔ ادرار بول کو روکے اور سیلان منی کو بھی خصوصاً بوڑھے آدمی مین اقاقیا گلنار ہرایک تین درم صندلین عدس سرخ قصب الذریرہ تخم حماض صمغ عربی طباشیر ہرایک دو درم تخم مورد دو مثقال کندر ایک درم جلاب مین معجون بناوین مقدار خوراک پانچ مثقال غذا گوشت برہ بریان کردہ وقلیہ وخشکہ۔

معجون۔ کہ بول فی الفراش کو روکے مر کندر اقاقیا شیاف مامیثا ہرایک دو درم شب یمانی بریان تین درم تخم خطمی سات درم راسن تخم کتان ہلیلہ کابلی بریان ہرایک دس درم کوٹ کرچھان کر ساتھ شہد کے ملاوین مقدار خوراک تین درم۔

معجون خبث الحدید۔ کہ بسیاری بول کو جو سردی سے ہو دفع کرے خبث الحدید مدبر بیس درم قشور کندر سرکے مین بھگو کر خشک کیا ہوا پانچدرم طباشیر چار درم کشنیز خشک تین درم شوکران دو درم ساتھ شربت بہی سادہ کے معجون بناکر صبح کو تین درم اور رات

کو تین درم ساتھ شربت بہہ کے کھاوین۔

معجون گلنار۔ کہ سلس البول کو موقوف کرے گلنار دس درم کندر بلوط ہر ایک تین درم سعد کوفی ہر ایک پانچ درم کوٹ کر چھان کر ساتھ عسل کے معجون بناوین مقدار شربت ایک مثقال۔

نوع دیگر۔ کہ یہی عمل کرے گلنار دو درم شاہ بلوط سات درم دار فلفل خصیۃ الثعلب ہر ایک ایک درم کوٹ کر چھان کر ساتھ شہد کے تیار کرین مقدار خوراک ایک درم۔

معجون۔ کہ عسر البول کو نفع کرے فطر اسالیون چار درم دوقو انیسون تخم کرفس حب بلسان ہر ایک تین درم کتیرا دو درم کوٹ کر چھان کر ساتھ میفختج کے تیار کرین۔

معجون تمری۔ واسطے عسر البول وقولنج کے نافع ہے اور بدون تکلیف کے اسہال کرتی ہے ہر وقت مین گرمی ہو یا جاڑا خرماے ہیرون یا تمر صیرفان دانہ نکالا ہوا مقشر پچاس درم کو ایک رات دن خمیر کر کے سرکے مین بھگو کر چھانین لیکن فراخ سوراخ چھلنی مین بعد اسکے سقمونیا سداب خشک ہر ایک سات مثقال فلفل سیاہ سوداناز نجبیل تین مثقال بورۂ ارمنی ایک مثقال بادام شیرین مقشر دو لون پوست تیس عدد کوٹ کر چھان کر ساتھ تمر کوفتہ بختہ کے ملا کر ساتھ تین وزن عسل کف گرفتہ کے معجون بناوین مقدار شربت چار مثقال ساتھ آب گرم کے

معجون بلوط۔ کہ واسطے سلس البول اور تقطیر البول کے سودمند ہے ومجرب بلوط مقشر بریان پندرہ درم حرف مرصافی تخم سداب ہر ایک ایک درم کندر حب الآس جوز بوا بسباسہ قرنفل ہلیلہ سیاہ ہر ایک دو درم سعد شونیز اہیل ہر ایک تین درم انجیر خشک پانچ درم کوٹ کر چھان کر شہد مین بناوین مقدار خوراک تین مثقال سے پانچ مثقال تک۔

فائدہ۔ معاجین بہی کہ بیچ بحث باہ کے انشاءاللہ تعالے مذکور ہونگے وہ سب مقوی گردہ اور رفربہ کرنے والے اُسکے ہین۔

مربا زنجبیل۔ گردہ ومثانہ کو فائدہ کرے اور بحث مین معدے کے گذرا۔

مربا شقاقل۔ مثانہ کو فائدہ رکھتا ہے اور بیچ بحث باہ کے آویگا۔

مربا کدو۔ مثانہ گرم کو نافع ہے اور بیچ بحث سینہ کے گذرا

ماء العسل۔ مدر بول ہے اور بیچ بحث سینہ کے گذرا۔

ماء الاصول۔ کہ سنگ گردہ ومثانہ کو گراوے اور بیچ بحث سر کے مرقوم ہوا۔

حرف النون

نطول۔ کہ سنگ گردہ ومثانہ کو پارہ پارہ کر کے باہر نکالے اور بول کو جاری کرے اکلیل الملک بابونہ گل سرخ خطمی خشک ہر ایک دس درم پوست خربزہ خشک پرسیاوشان تخم قلت نیمکوفتہ ہر ایک سات درم اشنان اصل السوس پوست بیخ رازیانہ ہر ایک پانچ درم کاکنج بطبہ ہر ایک چار درم برنجاسف گل بنفشہ ہر ایک تین

درم دو قو برگ نیلوفر ہر ایک دو مثقال ہیچ دس ا
من پانی کے جوش کرین جب پانچ من رہے اُسمین
بیٹھین اور جب نکلین دو تین قطرے روغن عقرب
کے احلیل مین ٹپکاوین۔

نطول۔ کہ یہی عمل کرے بابونہ درمنہ ترکی تمام مرزنجوش
برگ کرنب سرگین کبوتر جوش کرکے اُسکے پانی مین
بیٹھین اور ثفل اُسکا عانہ پر اور گرد اُسکے ضماد
کرین۔

نطول۔ کہ یہی اثر رکھتا ہی درمنہ ترکی برگ ترب
اسپست سداب بابونہ برنجاسف سنبل مرزنجوش
خطمی تمام شلغم شبت کرنب جوش کرین یہانتک کہ
نرم ہوویں اُسکے پانی مین بیٹھین اور عانہ پر اُسکے
ثفل کا ضماد کرین۔

نطول۔ کہ یہی خاصیت رکھتا ہی گل بنفشہ گل سرخ
گل نیلوفر خطمی ہر ایک پانچ درم خشک بابونہ پوست
خربزہ اکلیل برگ کرنب ہر ایک تین درم جوش
کرکے پانی مین بیٹھین اور ثفل کو اوپر عانہ کے اور
گردہ کے ضماد کرین۔

نطول۔ کہ سوزاک بول کو نافع ہی برگ یاسمین
سفید کوفتہ جوش کرین اور بعد نیمگرم ہونے کے
قضیب کو اُسمین نصف ساعت رکھین بعد اُسکے
اُسی پانی مین پیشاب کرین اور تین مرتبہ یہ عمل
کرین کہ خوب نفع ہو اور واسطے سوزش البول کے
بیچ تربوز معقور کے آلت کو رکھنا نافع ہو اور اسیطرح
بیچ کدو و خیار معقور کے۔

باب سولھوان بیچ ادویہ مقعد ورحم وقبل وبواسیر کے

معلوم کرین کہ داغ کرنا درمیان خنصر وبنصر دست چپ
کے واسطے قطع کرنے خون بواسیر کے اور داغ کرنا
مفصل مرقوۃ کا واسطے ریاح بواسیر کے مجربات سے ہی

حرف الالف

اطریفل مقل۔ کہ شکم اصحاب بواسیر کو نرم کرے
اور ریاح تحلیل کرے مقل ازرق تیس درم پوست
ہلیلہ کابلی پوست بلیلہ آملہ منقے ہر ایک دس ا درم ترب
بیس ۲۰ درم سکبینج پانچ درم انیسون مصطگی ہر ایک دو
درم کوٹ کر چھان کر ساتھ شہد کے تیار کرین مقدار
خوراک تین درم۔

نوعدیگر۔ واسطے بواسیر کے عظیم النفع ہی مقل تیس
درم پوست ہلیلہ زرد آملہ مقشر پوست بلیلہ ہر ایک
دس درم مقل کو گندنا کے پانی مین حل کرکے ساتھ مثقال
عسل اضافہ کرکے قوام کرین اور ادویہ کو کوٹ کر
چھان کر اُسمین ملاوین۔

نوعدیگر۔ کہ طبع کو نرم کرے اور بواسیر کو فائدہ
دے مقل ازرق فلوس خیارشنبر ہر ایک تیس ۳۰ درم
پوست ہلیلہ کابلی پوست بلیلہ ہلیلہ سیاہ آملہ مقشر
افتیمون اسطوخودوس ہر ایک دس ا درم مقل
و فلوس کو پانی مین حل کرکے ساتھ شہد کے

قوام کرین اور ادویہ کو کوٹ کر چھان کر ساتھ روغن
بادام کے چرب کرکے ملاوین۔

نوع دیگر۔ کہ یہی عمل کرے مقل ازرق روغن بادام
شیرین ہر ایک بیس درم پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ
کابلی ہلیلہ سیاہ آملہ منقے ہر ایک پانچ درم مزید سفید سات
درم مصطگی تین درم عسل نصف من آب گندنا بقدر حاجت
پہلے مقل کو پانی مین حل کرین پھر ادویہ کوٹ کر چھانکر
روغن بادام مین چرب کرکے مقل مذکور کو ساتھ شہد
کے قوام کرین اور سب اجزا کو اُسمین ملاوین مقدار
شربت ہر رات دو مثقال۔

اطریفل صغیر۔ واسطے بواسیر کے نافع ہی اور بیچ بحث
سر کے گذرا۔

اطریفل کبیر۔ بواسیر کو نافع ہی اور بیچ بحث معدے کے گذرا

اثاناسیا۔ بواسیر کو فائدہ کرے اور ریاح کو توڑے
اور بیچ بحث جگر کے مذکور رہی۔

ایارج فیقرا۔ کہ عوض صبر کے حضض اُسمین پڑا ہو
واسطے بواسیر و حبس خون کے فائدہ کرے اور بیچ بحث
سر کے مذکور ہوئی۔

نسخہ دیگر۔ کہ خون بواسیر کو حبس کرے سلیخہ عود بلسان
مصطگی سنبل اسارون قرنفل دارچینی عصارہ ثمافث
جوز بوا بسباسہ ہر ایک ایک درم زعفران نصف مثقال
حضض برابر سب اجزا کے۔

آبزن۔ کہ جنین کو پیٹ مین وقت ولادت تک
نگاہ رکھے اور قبل از وقت ولادت نکلنے نہ دے
گل سرخ سات درم گلنار مازو ہر ایک پانچ درم برگ مورد
خشک چار درم شب یمانی پوست انار ہر ایک تین درم
سب کو نیمکوفتہ کرکے بیچ دس من پانی کے جوش کرین
جب آدھا رہے تاش مین ڈال کر حاملہ کو اُسمین بٹھاوین

آبزن۔ کہ خون بواسیر و خون حیض مفرط کو رد کرے
آب بارتنگ مین مریض کو بٹھائین اور بیچ جوشاندہ
قوابض دیگر کے بدستور۔

حرف الباء

بادھنج۔ کہ برودت رحم و احتباس حیض کو نافع
ہی اور بیچ بحث معدے کے گذرا۔

بخور۔ کہ درد باسور کو موقوف کرے خوب کلان
تخم گندنا کشنیز خشک برابر جلاکر دھوان اُسکا دبرین
پہونچاوین۔

بخور دیگر۔ واسطے گرانے دانہ ہاے بواسیر کے
مجرب ہی گندھک بھلاوان ملٹھی بیخ کبر برگ مورد
خشک برابر روغن زیتون مین ملاکر گولیان بناوین
اور وقت حاجت کے جلاوین اور آب مورد مین
بیٹھین اور یہ تدبیر مکرر کرین۔

بخور۔ کہ ادرار حیض کرے جاوشیر کندش اظفار الطیب
عود صلیب میعہ یابسہ تبخیر کرین رحم کو مجموع ان اجزاے
یا تنہا تنہا۔

بخور۔ کہ واسطے رفع کرنے احتباس حیض کے نافع
ہی شحم حنظل شونیز کندش میعہ یابسہ علک البطم ہر ایک
ایک جزو عنبر اشہب نصف جزو مشک زعفران ہر ایک
ربع جزو ساتھ روغن زیتون یا زنبق کے گھول کر بقدر

فندق کے جلاکر بتخیر کرین۔

بخور۔ کہ بیچ اسقاط حمل کے اور آسان کرنے ولادت کے عجیب ہی مقل ارزق مرا بہل مساوی الوزن کوٹ کر چھان کر بنادق بناکر بخور کرین۔

بخور۔ کہ واسطے نکالنے جنین مردہ و زندہ کے نافع ہی سرگین اسپ جلاکر بیچ رحم کے بخور کرین اور پوست سانپ کا جلاکر بخور کرین بشرطیکہ مکرر عمل کرے۔

بخور۔ کہ اوپر حمل رہنے کے مدد کرے میعۂ سایلہ حب الغار بازرد بالسویہ کوٹ کر چھان کر ساتھ عسل کے گھولین اور بعد پاک ہونے کے حیض سے تین دن متواتر ایک درم اُس سے لیکر بتخیر کرین بعد اُسکے مباشرت کرین۔

بخور۔ کہ بھی تحمل کرتا ہی سداب خشک کوفتہ ساتھ موم کے پگھلاکر پیشم خرگوش اُسمین ملاکر بتخیر کرین۔

بخور۔ کہ مشیمہ و بچہ مردہ کو باہر لاوے اور واسطے اختناق رحم اور عسر ولادت کے بہت نافع ہی مر صافی بازرد جاوشیر گوگرد مساوی الوزن کوٹ کر چھان کر ساتھ زہرۂ گاؤ کے گھول کر گلولہ بنادین اور بتخیر کرین اور ایک نسخہ مین شحم حنظل بھی مرقوم ہی اور طریق بتخیر باسور وامراض رحم کا یون ہی کہ نیچے تغار کے سوراخ کرکے اسکو اوندھا رکھین اور نیچے اُسکے دوا کو جلا دین اور مقابلہ سوراخ تغار کے عضو ماؤف رکھکر بیٹھین اور واسطے بتخیر رحم کے بہتر یہ ہی کہ آتشدان ٹونٹی دار ہو تو دھوان اُسکا پراگندہ نہو بالکل عضو مقصود مین پہونچے۔

حرف التاء

تریاق فاروق۔ حیض کو جاری کرے اور ریاح غلیظۂ احشا کو دفع کرے اور بیچ بحث سر کے مذکور ہی۔

تریاق اربعہ۔ جنین مردہ کو نکالے اور ولادت کو آسان کرے بیچ بحث سموم کے مذکور ہوگا۔

حرف الثاء

ثادریطوس۔ ادرار حیض کرے بحث سر مین مذکور ہوا۔

حرف الجیم

جوارش عنبر۔ اوجاع رحم کو نافع ہی بحث معدہ مین مذکور ہوئی۔

جوارش لولو۔ واسطے حاملہ کے اور واسطے اُسکے کہ جنین اُسکا ضعیف ہوتا ہی اور بعد ولادت کے مرجاتا ہی اور واسطے اُس عورت کے کہ کثیر الاسقاط ہووے فائدہ کرتی ہی بشرطیکہ حرارت اُسکے مزاج پر غالب نہو مروارید ناسفتہ غافث قرحا ہر ایک ایک درم زنجبیل مصطگی ہر ایک چار درم زرنباد درونج تخم کرفس شیطرج قاقلہ جوزبوا بسباسہ قرفہ ہر ایک دو درم بہمن سفید بہمن سرخ فلفل دارفلفل ہر ایک تین درم دارچینی پانچ درم شکر سفید برابر سب اجزا کے یا زیادہ مقدار شربت ایک معلقہ فانہ یصلح حال الرحم وحال المعدۃ اور بیچ حفظ اسقاط جنین کے مداومت شرط ہی۔

جوارش ہمسم۔ واسطے ازالہ شہوت ردیہ عورت حاملہ کے نافع ہی بحث معدہ مین بیان ہوئی ہی۔

جوارش بسباسہ۔ بواسیر ریحی کو مفید ہی اور سردی معدہ کو اور بدی ہضم کو اور ریاح غلیظہ کو نافع بسباسہ قرنفل قاقلہ صغار زنجبیل دار فلفل دارچینی اسارون ہر ایک ایک درم قاقلہ کبار پانچدرم فلفل دو درم قرنفل ڈیڑھ درم قند سفید بیس درم کوٹ کر چھان کر شہد مین معجون بناوین مقدار خوراک ایک ایک مثقال۔

جوارش اسقف۔ ریاح باسور کو نافع ہی بحث امعا مین مرقوم ہی۔

جوارش مقلیاثا۔ بواسیر کو نافع ہی بحث امعا مین گذر گئی ہی۔

جوارش بلادری۔ واسطے ریاح بواسیر کے مجرب ہی ادویۂ باہ مین آویگی۔

حرف الحاء

حب المقل۔ واسطے شقاق وبثور واوجاع مقعد کے نافع ہی ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ کابلی ہر ایک دس درم سکبینج تین درم حرف ابیض بریان دو درم مقل نرم وچرب پندرہ درم پہلے مقل کو بیچ آب گندنا کے حل کرین پھر ادویہ کو اُسمین ملا کر گولیان بناوین مقدار خوراک دو درم سے چار درم تک۔

حب مقل۔ کہ خون بواسیر کو حبس کرے ہلیلہ بلیلہ آملہ ہر ایک دس درم بسد کہربا صدف سوختہ شاخ گوزن سوختہ ہر ایک پانچدرم زاج سفید دو درم نانخواہ تین درم مقل بیس درم مقل کو بیچ آب گندنا کے حل کرین یا بیچ آب آہنگرون کے بعد اُسکے ادویہ کو اُسمین ملا کر گولیان بناوین مقدار شربت دو درم اور ایک نسخے مین نانخواہ وزاج نہین ہی اور مروارید پانچ درم زیادہ ہی اور ایک نسخے مین صدف سوختہ ہلیلہ سیاہ وبلیلہ آملہ ومقل ہر ایک ایک جزو وبسد سوختہ کہربا ہر ایک نصف جزو ہی۔

حب مقل۔ کہ شقاق کو فائدہ کرے اور طبع کو نرم اور محرور المزاج کو نافع ہی پوست ہلیلہ کابلی بیس درم مقل دس درم کتیرا پانچدرم انجیر تیس عدد انجیر کو پانی مین پکاوین جب مہرا ہو جاوے ملکر صاف کرین اور مقل وکتیرا کو اُسمین حل کرین اور پوست ہلیلہ کوٹ کر چھان کر اُسمین گھولین اور گولیان بناوین مقدار شربت دو درم

حب مقل۔ کہ واسطے بواسیر وبستگی طبع کے جو ایذا دینے والی ہی مجرب ہی آملہ مقشر پوست ہلیلہ زرد ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلۂ کابلی پوست بلیلہ تخم گندنا ہر ایک پانچ جزو مقل ارزق چار جزو مقل کو نیمکوب کرکے بیچ پانی گندنا ناشتہ کے بھگوئین دوسرے دن ہاون مین کوٹین تو مانند مرہم کے ہو جاوے پس ادویہ اُسمین ملا کر بقدر نخود کے گولیان بناوین اور ہر روز خلاے معدہ مین نو عدد سے پندرہ عدد تک نگلین اور اشیاے سوداوی سے پرہیز کرین اور ایک نسخہ سہل الوجود کثیر النفع حب مقل کہ معدہ وامعا کو بھی فائدہ رکھتا ہی بحث معدہ مین مرقوم ہی۔

حب دیگر۔ کہ جو تین رات متواتر کھاوین دوجع

بواسیر کو تسکین دے ہلیلہ سیاہ بلیلہ آملہ مقل ہر ایک چار درم نمک ہندی صعتر مصطگی سورنجان اشق ہزار اسفند شیطرج نانخواہ ہر ایک ایک درم سنبل زعفران دارچینی وج قاقلہ سلیخہ ہر ایک آٹھ درم عدس سقوطری بسبائج درم سکبینج دو درم مقل و سکبینج کو بیچ آب گندنا کے پگھلاوین اور باقی ادویہ کوٹکر چھانکر اُسمین ملاکر گولیان بناوین مقدار خوراک دو مثقال۔

حب مقل۔ کہ خون بواسیر کو بند کرے ہلیلہ کابلی روغن گاؤ مین بریان کیا ہوا تیس درم کہربا دس مثقال مقل برابر سب اجزا کے مقل آب گندنا مین حل کرکے باقی ادویہ کوٹ کر چھان کر اسمین ملاکر گولیان بناوین مقدار خوراک دو درم۔

حب مقل دیگر۔ کہ خون بواسیر کو حبس کرے اور نفخ و ریاح کو زایل کرے ہلیلہ کابلی ہلیلہ زرد بلیلہ ہر ایک دس درم صدف سوختہ شاخ گوزن ہر ایک ایک درم نانخواہ تین درم مقل دوچند ادویہ کا مقل کو آب گندنا مین حل کرکے باقی ادویہ بعد کوٹنے و چھاننے کے اُسمین ڈال کر گولیان بناوین مقدار خوراک ایک مثقال وقت خواب کے اور شفاء الاسقام مین ایسا لکھا ہی کہ ہلیلہ سیاہ و کابلی و بلیلہ و آملہ و صدف سوختہ و کہربا ہر ایک پانچ درم نانخواہ چھ درم مقل ارزق بیس درم مقل کو بیچ پانی گندنا کے حل کرین اور باقی ادویہ کو اُسمین ملاکر گولیان بناوین مقدار شربت تین درم نہار ساتھ گرم پانی کے۔

دیگر۔ کہ خون بواسیر کو حبس کرے ہلیلہ سیاہ بلیلہ آملہ ہر ایک پانچ درم تخم گندنا تین درم بسد کہربا صدف سوختہ ہر ایک اڑھائی درم مقل ارزق دس درم ادویہ کو کوٹ کر چھان لیوین اور مقل کو آب برگ سرو و آب برگ گندنا مین حل کرین بعد اُسکے ملاکر گولیان بناوین مقدار خوراک تین درم ساتھ اُنکے پانی کے کہ لوہا گرم اُسمین سرد کیا ہو۔

حب۔ کہ واسطے بواسیر دموی و ریحی کے اور قطع کرنے خون زخم بواسیر کے مجرب ہی ہلیلہ سیاہ آملہ حب الآس ہر ایک چار درم جفت بلوط طراثیث گلنار مقل خبث الحدید ہر ایک دو درم مصطگی جوزبوا سنبل الطیب قرنفل ہر ایک ایک درم تخم گندنا تین درم ہلیون کو اور تخم گندنا کو بیچ روغن زیتون کے جوش کرین اور مقل کو آب برگ سرو مین حل کرین اور ادویہ کو اُسمین حل کرکے گولیان بناوین اور دو مثقال اُنسے ساتھ آب گرم کے کھاوین۔

حب۔ کہ مانع حمل ہی اور منی کو قابل منعقد ہونے کے نہین کرتی ہی انیسون تخم کرفس رازیانہ فودنہ جبلی مشکطرا مشیع ہر ایک ایک جزو سنبل الطیب دارچینی سلیخہ حب بلسان عود بلسان جوزا بہل عسط ہر ایک نصف جزو کوٹکر چھان کر گولیان بناوین جب ارادہ صحبت کا ہو قبل اُسکے عورت کو کھلاوین کہ حمل نہ ٹھہریگا۔

حمول ۔ کہ تسکین وجع بواسیر کی کرے اور صلابت ورم رحم اور درد رحم کو نفع کرے موم دو درم پیہ بط یا بابونہ افیون بالسویہ دو درم قیروطی بنا کر ساتھ صوف کے حمول کرین موضع آفت رسیدہ مین ۔

حمول ۔ واسطے اُس شخص کے کہ اسکی مقعد مین کچھ چیز مانند مستی وغیرہ کے نکلے اور درد کرے اور مترشح ہو آب پیاز یا زہرۂ گاؤ صوف مین آلودہ کرکے رکھین تو اُس چیز کو بہا دے ۔

حمول ۔ کہ ریح کو رحم سے جذب کرے بادیان برگ سداب انیسون تخم کرفس صعتر ہر ایک ایک درم شہد چار درم شہد کو گرم کرین اور ادویہ کوٹ کر چھان کر اسمین ملاوین بعد اُسکے روئی پرانی کو اُسمین آلودہ حمول کرین یا برابر مقدار خستہ خرما کے شلفے بناوین اور رکھین اور اس دوا کو اگر مقعد مین رکھین ریح امعا کو نکالے ۔

حمول ۔ کہ حیض کو نکالے اور کتب مین آیا ہی کہ یہ دوا آزمائی گئی ہی اوپر ان عورتون کے کہ سات برس تک حیض اُنکا بند تھا اس دوا کے استعمال سے کھل گیا مر پودینہ کوہی ہر ایک چار درم ابہل آٹھ درم سداب خشک دس درم مویز بیدانہ بیس درم کوٹ کر چھان کر ساتھ زہرۂ گاؤ کے گھول کر پشم یا نمد یا لتہ اُسمین آلودہ کرکے حمول کرین ۔

فائدہ ۔ جو حمول کہ ساتھ رحم و فرج کے مخصوص مین مدر حیض ہون یا قابض یا تنگ کرنے والے قبل کے یا خشک کرنے والے رطوبات فرج کے اور مانند انکے مددگار حمل کے یا منع کرنے والے حمل کے اور حافظ جنین کے اور مسقط جنین کے بیان فرزجہ مین مشروحاً مرقوم ہونگے ۔

حقنہ ۔ واسطے برودت رحم و احتباس حیض کے نافع ہی اشق مقل سکبینج تخم کرفس ہر ایک تین درم نانخواہ رازیانہ سیسالیوس بابونہ حلبہ جند بیدستر ہر ایک دو درم جاؤشیر سنبل ہر ایک ایک درم ساتھ پانی اور تازہ دودھ کے کہ ہر ایک اڑتالیس درم جوش کرین یہانتک کہ نصف رہے پس چالیس درم اُس سے ساتھ روغن تازہ گاو و عسل کف گرفتہ کے ہر ایک بیس درم ہو اور روغن کنجد بیس درم کے قبل مین حقنہ کرین اور جب تک ممکن ہووے روکین کہ پانی حقنہ کا جلد نہ نکل آوے اور حقنہ نافع رحم کا بحث کلیہ و مثانہ مین مرقوم ہوا ہی ۔

حقنہ ۔ کہ ریاح بواسیر کو نافع ہی عصارۂ شبت ساٹھ درم عصارۂ گندنا تیس درم عسل روغن کنجد روغن حبۃ الخضرا ہر ایک نصف سکرجہ قند سفید اٹھائیس درم سب کو جوش کرکے نیم گرم حقنہ کرین ۔

حقنہ ۔ کہ واسطے بواسیر غائر کے پہونچنا دخان دوا کا وہان تک نہو سکتا ہو نفع کرے مغز خستہ زرد آلو تلخ کوٹ کر روغن اُسکا لیوین اور ثفل اُسکا کہ عربی مین کسب کہتے ہین پانی مین حل کرین اور اس پانی سے ستر درم اور اس روغن سے پندرہ درم لیکر باہم ملاوین اور حقنہ کرین ۔

حرف الدال

دواء السنہ ۔ بواسیر کو نافع ہی بحث سر مین گذری ۔

دواء ۔ کہ حیض کو کھولے اسلیخہ شونیز ہر ایک دو مثقال جند بید ستر ابہل ہر ایک دو درم کوٹ کر چھان کر ساتھ دوچند عسل کف گرفتہ کے گھول کر ہر صباح ایک مثقال سے دو مثقال تک غلولہ بناکر کھاوین اور چالیس درم عرق بادیان اوپر اُسکے پیین ۔

دواء ۔ کہ ادرار حیض کرے آب سداب دس استار لیوین اور ایک اوقیہ روغن جوز یا روغن بادام تلخ یا روغن خروع ملاکر پیین وہذان الدہنا الاخیران انفع واقوے ۔

دواء ۔ کہ ادرار حیض کرے اور درد رحم و درد پشت کو کہ قبل حیض کے ظاہر ہوتا ہی دفع کرے تخم کرفس ایک مثقال حلبہ سات مثقال تخم خیارین نیمکوفتہ چار مثقال بادیان نیمکوفتہ انیسون جوانی تخم شبت روناس ہر ایک دو مثقال جوش کرین اور ساتھ ساٹھ مثقال قند کے قوام کرین اور سات دن پیین ۔

دواء ۔ کہ ادرار حیض فراغت سے کرے اور مجربات امین الدولہ سے ہی تخم خربزہ پانچ مثقال تخم کرفس انیسون رازیانہ ہر ایک دو مثقال نیمکوب کرکے بیچ تین رطل پانی کے تین رات دن بھگوئین پس ہر دن ایک رطل اور ایک نسخے مین تیس مثقال لکھا ہی ساتھ ایک مثقال روغن بادام کے پیین ۔

ادویۂ مفردہ ۔ کہ درد رحم کو موقوف کرین اذخر یا صعتر کو جوش کرکے پانی اُسکا پیین ترید کھانا یا اُسکے جوشاندے سے حقنہ کرنا اس درد کو کہ جو پیش از حیض پیدا ہوتا ہی ساکن کرتا ہی سلیخہ جوش کرنا اور جوشاندہ اُسکا پینا یہی اثر کرتا ہی اور تخم کتان جوش کرکے اُسکے جوش سے حقنہ رحم مین کرنا لذع رحم کو موقوف کرتا ہی پسست جو کا کھانا درد رحم کو جو حرارت سے ہو زائل کرتا ہی شیر مادۂ خر اگر اس سے حقنہ کرین درد شدید کو موقوف کرے مغز بلوط کہ اُسکو اقوز کہتے ہین ساتھ آب رازیانہ تر کے جوش کرین اور ملکر نہار پیین درد رحم کو کہ وقت مباشرت کے ظاہر ہوتا ہی ساکن کرے موے سر آدمی جلا کر دھوان اُسکا رحم مین پہونچاوین درد کو موقوف کرے خبازی کو جوش کرکے اُسکے پانی سے حقنہ کرین روغن نسرین حمول کرین اور ملین ۔

دواء ۔ کہ حمل کو منع کرے فلفل کو بعد جماع کے عورت حمول کرے نعناع کو قبل جماع کے فرزجہ کرے خون نفاس کا کہ اول فرزند کا ہو اگر تمام بدن مین ملین تمام عمر حاملہ نہو اگر حنطیانا ساتھ حنا کے ملاکر ہاتھون مین اُسکا خضاب کرین حیض کو روکے اور حمل کو منع کرے سرگین فیل کا حمول کرنا بیچ منع کرنے حمل کے مجرب ہی سرگین موش ساتھ شہد کے بدستور بول شتر ساتھ آب آہن تاب کے اگر عورت پیے ہرگز حاملہ نہووے ۔

ادویہ ۔ کہ بچۂ مردہ و زندہ کو نکالتی ہین اور دشواری کو جننے کی آسان کرتی ہین کنجد کو پانی مین ایک دن رات ترکرین صبح کو ملکر پانی اُسکا پیین اسی وقت بچہ کو نکالے اگر حیض بند ہو کھلجاوے سنگ آہن ربا اگر عورت ران پر باندھے جلد جنے بسد اوپر ران عورت کے اگر باندھین فوراً جنے محمودہ قدرے ساتھ آب سداب

تر کرکے پہینن اور اوپر قضیب کے ملکر جماع کرین فی الفور بچہ کو نکالے اگر ایک ٹکڑا کلیجی بکری کا لیکر ایک ماز و سوختہ اُسپر چھڑک کر اوپر آگ کے بریان کرکے عورت کھاوے بچہ گر جاوے تجربہ پوست مار کی بیچ اسقاط کے مجرب ہی اور یہ بیان ہو چکا اگر برنجاسف مشکطرامشیع و اگر ترکی و قسط و سلیخہ و نانخواہ و فوتنج و مرزنجوش و تخم ہلیون و حلبہ و فراسیون و جعدہ و عود بلسان و اسارون و تخم انیسون ہر ایک ایک جزو جوش کرین اور عورت کو اُسمین بٹھا دین بچہ مردہ کو نکالے

دواء۔ کہ واسطے عسر ولادت کے عدیل نہین رکھتی ہی مرجند بیدستر میعہ ہر ایک ایک مثقال دارچینی حلتیت ابہل فلفل ہر ایک نصف مثقال کوٹ کر چھان کر ساتھ عسل کے گھولین اور دو مثقال دین چاہیے کہ ہوا کو معتدل رکھین۔

ادویہ ہندیہ۔ کہ بیماریون مذکور کو نفع کرین۔

دواء۔ کہ استحاضہ یعنے صرف خون رحم کو نافع ہی تال مکھانا خرما سوت لودھ برابر کوٹ کر چھان کر ہر صبح موافق نصف تولہ کے ساتھ چار ماشے شکر کے ملاکر ساتھ آب برنج کے کھاوین۔

دیگر۔ سرگین خر کو خشک کرین بعد اُسکے کوٹ کر چھان کر اور لتہ مین باندھکر حمول کرین خون مفرط کو بند کرے۔

دیگر۔ سنگ جراحت نبات ہر ایک دو دو دام گوند ڈھاک کا ایک دام مائین جزو نیم دانگ کوٹ کر چھان کر مقدار ایک کف دست کے ساتھ شیر خام گاؤ کے کھا دین کہ جلد حبس ہوگا۔

دیگر۔ پشک بزمٹی کے باسن مین جلا دین اور راکھ اُسکی نی مین رکھکر فم رحم مین پھونکین خون بند ہو جاویگا۔

دیگر۔ سپاری ایک عدد بانسہ دو ٹانک رال ڈیڑھ ٹانک کوٹ کر چھان کر نصف تولہ ساتھ آب سرد کے کھاوین بیچ ایک ہفتہ کے استحاضہ و خون بواسیر و اسہال کو بند کرے۔

دیگر۔ میل بدن آدمی کا کہ حمام مین جمع ہوتا ہی فرزجہ کرین اور بہترین غذا بیچ نزف خون کے جس عضو سے کہ ہو عدس ہی اور لال ساگ اور شاخین ساگ لونیا کی کہ فارسی مین خرفہ کہتے ہین۔

دیگر۔ استحاضہ کو جس قسم سے کہ ہو روکے بیج کھرنی بیج چولائی سرخ ہر ایک دو ٹانک کوٹ کر چھان کر ساتھ آب برنج کے ایک ہفتہ کھاوین۔

دیگر۔ کہ انواع خون رحم کو روکے غار خشک صمغ عربی شکر تری ہر ایک دس ٹانک ہر دن اسی قدر ساتھ روغن گاؤ کے چاٹین۔

دواء۔ کہ حیض و نفاس کو کھولے اور مشیمہ و بچہ کو باہر نکالے ترکھنی ہڑ بھارنگی کوٹ کر چھان کر روغن گاؤ کے ساتھ کھاوین۔

دیگر۔ کہ حیض کو کھولے سونف بابرنگ ہر ایک ایک ٹانک بہروزہ گجراتی ایک درم کوٹ کر چھان کر ابتدائے حیض سے تین دن تک کھلاوین جملہ تین خوراک ہی۔

دیگر۔ کہ حیض و نفاس کو کھولے تخم جرجیر شکر سفید

ہر ایک ایک تولہ چونا آب نا دیدہ ڈیڑھ ماشہ کوٹ کر چھان کر تین حصہ کرین اور شروع حیض سے تین دن تک ایک ایک حصہ کھاوین حیض فراغت سے آویگا۔

دیگر۔ تخم ترب تخم زردک ہر دن ایک کف کھاوین۔

دیگر۔ کہ رحم کو پاک کرے اور بچہ زندہ و مردہ کو فوراً نکالے اور حیض بستہ کو کھولے اور سختی رحم کو دور کرے شیر آک قدرے ساتھ روئی کے آلودہ کرکے اوپر فم رحم کے رکھین لیکن جانین کہ اس دوا سے ورم ہو آتا ہی اور بیچ نازک بدنون کے پوست بھی دور ہو جاتا ہی پس بہتر وہ ہی کہ بیچ لطیف مزاجون کے اس دوا کو استعمال نہ کرین اور اگر ضرورت ہو ساتھ روغن گاؤ کے یا روغن بادام کے شیر آک کو حل کرکے حمول کرین۔

دیگر۔ کہ حیض کو نکالے پوست درخت نیم کہنہ قند سیاہ کہنہ ہر ایک دو تولہ زنجبیل چار ماشہ نیمکوب کرکے جوش دین اور قند ملا کر پیین۔

دیگر۔ اجواین مسلم ایک کف دست کئی دن کھاوین حیض نکالے۔

دیگر۔ کہ تنقیہ رحم کرے اور پاک کرے صبر سقوطری بیش بند ال بول کہ عربی مین مر کہتے ہین برابر لیکر کوٹ کر چھان کر ساتھ شراب کے صلایہ کرین اور شافہ بنا کر رکھین۔

دیگر۔ کہ حیض بستہ دیرینہ کو کھولے اگر سبب اسکا رطوبت یا سردی ہو گل پیپل درازین پھل جوا کھار تخم کدو تلخ بالسویہ کوٹکر چھانکر ساتھ دودھ زقوم کے گھولکر گولیان بناوین اور ہر دن ایک گولی حمول کرین رحم مین اور بہت اتفاق ہوا ہی کہ کثرت جماع سے حیض بستہ کھل جاتا ہی اور اکثر بیماریان عورت کی اس سے ہوتی ہین۔

دوا۔ کہ درد رحم کو جو شروع حیض مین یا بعد ولادت کے یا بعد جماع کے ظاہر ہووے ساکن کرے برگ نیم بیچ ایک باسن کے رکھکر گرم کرین اور اوپر عانہ کے باندھین۔

دیگر۔ کہ درد رحم کو جو ایام حیض مین ہوتا ہو دفع کرے ریوند خطائی کوٹکر چھانکر برابر اُسکے نبات ملا کر قدر نصف تولہ کے شروع حیض سے دو دن پیشتر کھانا شروع کرین اور تین دن تک کھاوین۔

دیگر۔ درد رحم کو جو بعد جماع کے ظاہر ہوتا ہی دفع کرے اور مانع حمل کی ہووے مازو پیسکر روئی اُسمین آلودہ کرے اور گلولہ بنا کر اور فم رحم کے قبل از وطی رکھین۔

دیگر۔ کہ یہی عمل کرے نمک باریک کرکے روئی اُسمین آلودہ کرکے رکھین

دیگر۔ کہ درد شدید کو جو بعد نفاس کے ظاہر ہوتا ہی اور کسی دوا سے فائدہ نہو ساکن کرے کوکنار کو قدرے آب مین تر کرین جب قوت اُسکی پانی مین آجاوے تھوڑا پانی پیین تنہا یا قدرے شکر ملا کر اور مختار ہین کہ سرد پیین یا گرم کرکے۔

دیگر۔ کہ درد رحم کو کہ سبب اوسکا جمع ہونا آب گندہ کا بیچ رحم کے ہو فائدہ کرے اور اسکو ٹپکنے رطوبات بدبو اور پھولنے پیڑو سے دریافت کر سکتے ہین بابرنگ کف دریا ہر ایک ایک حصہ بہروزہ خشک نمک لاہوری ہر ایک دو حصہ کوٹکر چھانکر بیچ تین ٹکڑون کپڑے کے علیحدہ علیحدہ باندھین مانند بڑے بیر کے اور ہر دن ایک اُنسے حمول کرین

کر پانی بالکل نکل جاویگا۔

دوادے کہ آب رحم جذب کرے اجمود بابرنگ بہروزہ خشک ہر ایک ایک ٹانک شورانمک لاہوری ہر ایک نصف ٹانک شہد اسقدر کہ ادویہ اُسمین ملجاوین ڈال کر روئی پرانی اُسمین مخلوط کرکے حمول کرین۔

دواے کہ سیلان رطوبت رحم کو فائدہ کرے شیر گاؤ پانچ آثار شاہجہانی مائین کلان مائین خرد ہر ایک ڈیڑھ دام پختہ گل سپیاری گل دھاوا ہر ایک پانچ دام پختہ صمغ ڈھاک کہ ہندی مین کمرکس کہتے ہین نصف پاؤ سپیاری سرخ ایک پاؤ شکر سفید نصف سیر شاہجہانی پہلے شیر کو اوپر آگ کے جوش کرین اور سپیاری کوٹ کر اُسمین ڈال کر کفچہ سے ملاوین تو خوب پکجاوے بعد اُسکے شکر ملاکر پکاوین کہ قوام ہوجاوے پس اور اجزا بعد اُتارنے آگ سے اور شیر گرم ہونے کے خوب ملاوین اور وقت ضرورت کے بقدر حاجت دین۔

ادویہ کہ فرج کو تنگ کرے شاخ نورستہ برگ نابرآوردہ برنب بیج کی کہ عبارت ہے درخت ڈھاک سے لیکر سایہ مین خشک کرین بعد اُسکے کوٹ کر چھانکر برابر اُسکے نبات ملاوین اور نصف دام سے ایک دام تک کھاوین تین ہفتہ مین اثر اسکا ظاہر ہوتا ہی اور چالیس دن مین نفع تمام حاصل ہوتا ہی۔

دوا۔ گل کیوڑہ کو بیچ باسن چینی وغیرہ کے یا کاغذ مین جھاڑین جو کچھ اُسکے درمیان سے مانند عبیر کے نکلے لیوین اور تھوڑا اُس سے فرج مین ڈالین کہ تنگی حاصل ہوگی

دیگر۔ پوست مغیلان کہ ہندی مین کیکر کہتے ہین جسقدر چاہین لیکر نیمکوفتہ دس حصہ پانی مین بھگوئین دو دن تک بعد اُسکے جوش کرین جب نصف رہے ملکر صاف کرین اور شیشے مین رکھین اور بیچ ایام حیض کے بعد پیشاب کرنے کے استنجا اُس پانی سے کرین اور ہر حیض مین یہی عمل ہمیشہ کرین مانند باکرہ کے ہوگی مجرب ہی۔

دیگر۔ ٹکڑا اسفنج کا کہ فارسی مین ابر مردہ کہتے ہین لیکر دو تین گھڑی پیش از جماع حمول کرین اور وقت جماع کے نکال ڈالین ضیق تری وخشکی وگرمی لاتا ہی۔

دیگر۔ تخم تمر ہندی کوٹ کر چھان کر فرج مین رکھین کہ ضیق تمام لاتا ہی۔

دیگر۔ مازو کو باریک پیسکر تھوڑے کافور مین ملاوین اور ساتھ شہد کے مخلوط کرکے فرج مین ملین تنگی شدید لاتا ہی۔

دیگر۔ کف دریا مغز تخم ہلیلہ برابر کوٹ کر چھان کر فرج مین ملین اور یہ دوا بیچ سوراخ رحم کے رکھین نفع کرے۔

دیگر۔ بیر بھوٹی کہ ایک کیڑا ہی سرخ گول ایام برسات مین نکلتا ہی اور ہند مین مشہور ہی ساتھ روغن گاؤ کے پیسکر بیچ فرج کے ملین تین دن تک کہ بہت تنگی ہو اور لذت وقت جماع کے حاصل ہوگی۔

دوادے کہ اگر کوئی لڑکا ازالۂ بکارت ہوا ہو اس حیلہ سے مانند باکرہ کے ہوجاوے روده باریک کبوتر کا لیکر خون سے پر کرین بعد اُسکے پھٹکری مازو موتھ چھڑ مشک کہ ہر ایک دو حصہ ہووے اور لونگ نیم

حصہ پیسکر اُسمین ملاکر فرج مین رکھین کہ وقت وطی کے
تنگی کا مائل لائے اور خون بھی ظاہر کرے۔
دواء۔ کہ دشواری جننے کی آسان کرے لعاب تخم
کتان مین روغن کنجد ملاکر رحم مین جیسا کہ معمول ہے
رکھین۔
دیگر۔ کہ عسر شدید تولد کو آسان کرے جڑ اندرائن کی
پیسکر روغن گاؤ مین ملاکر فم رحم مین رکھین۔
دیگر۔ بال سر آدمی کے جلاکر دھوان اسکا رحم
مین پہونچاوین کہ جنین کو گراوے۔
دواء۔ کہ حمل کو اسقاط کرے لیکن یہ کام بدون ضرورت
کے نہ کرنا چاہیے اور ضرورت یہ ہو کہ عورت صغیرہ
یا مریضہ ہو جانین کہ جب حمل بڑا ہوگا یہ ہلاک ہو جاویگی
مغز بار بند ارکا مغز توری تلخ مغز تخم بیدانجیر مغز تخم
کدو تلخ مغز اندرائن سیاہ دانہ کا مغز خربزہ تلخ ہر
ایک ایک ٹانک پیسکر بہروزہ تازہ اُسقدر لین کہ جو
ادویہ اُسمین ملاوین بتی بندھ جائے پس بہروزہ مین
ادویہ ملاکر تین بتیان بناوین ایک فم رحم مین رکھکر
عورت سے کہین کہ دونون پانؤن اپنے تکیہ بلند پر رکھکر
سیدھی لیٹے تو اثر دوا کا جیسا چاہیے اندر رحم کے پہونچے
اور دوا جلد عمل کرے اور اگر ایک بتی مین کام نہ نکلے
دوسرے دن دوسری بتی رکھے اور خربزہ تلخ اگر میسر
نہو باقی ادویہ کافی ہین۔
دیگر۔ شورہ نصف ماشہ تک ناشتا کھلاوین کہ فوراً بچہ
اگر مردہ ہوگر پڑیگا۔
دیگر۔ شاخ نرم بیدانجیر بیچ روغن بیدانجیر کے آلودہ
کرکے فم رحم مین رکھین کہ جلد حمل کو گراویگی۔
دیگر۔ بیخ بسکھپرا بقدر حاجت کے کاٹ کر ایک طرف
اُسکے صبر ساتھ پانی کے پیسکر لگاوین اور فم رحم مین رکھین
دواء۔ کہ اگر فرج سے بدبو آتی ہو زایل کرے برگ
درخت جامن و برگ درخت انبہ و برگ درخت کونبھ
برگ درخت ترنج جملہ برابر لیکر پیسین اور پانی مین جوش
کرین یہانتک کہ پانی خشک ہو جاوے پس ان اجزا کو
دھوپ مین خشک کرکے پیسین اور تھوڑا جوزبویا ملاکر
ساتھ روغن گاؤ کے گھول کر صبح و شام فرج مین ملین اور
مہینے تک اگر اُسکی مداومت کرین بوے بد کو بالکل دور کرے
اور کہتے ہین کہ بو مانند مشک اذفر کے ہو جاویگی۔
دواء۔ کہ سب اقسام ورم رحم کو نافع ہی اسبغول تخم کتان
کو پیسکر ساتھ شہد کے ملاکر فرج مین رکھین۔
دواء۔ کہ قروح رحم کو فایدہ کرے عسل کو شیر گاؤ مین پکاوین
یہانتک کہ دودھ جلجاوے بعد اُسکے روئی عسل مین آلودہ
کرکے حمول کرین اور یہ عمل مکرر کرین تو قرحہ بالکل
میل سے پاک ہو جاوے بعد اُسکے آب مازو مین لتہ
تر کرکے حمول کرین تو قرحہ کو اندمال کرے اور حمول
مازو گل سرخ پسے ہوئے کا یہی اثر رکھتا ہی۔
دواء۔ کہ شقاق قبل کو جو ازالہ بکارت سے یا عسر ولادت
سے ہوتا ہی اور پس و پیش یکسان ہو جاتا ہی فایدہ کرے
موم سفید پیہ گردہ بز مغز ساق گاؤ برابر پگھلاکر آپسمین
ملاوین اور تھوڑی سنگجراحت و مردارسنگ پیسکر اُسمین
ملاوین اور ایک مدت تک اس مرہم کو اوپر شقاق
کے رکھین کہ اچھا کر دیگا۔

دواء۔ کہ واسطے بواسیر کے نافع اور خون کو بند کرے اگرچہ مزمن ہو سرمہ سرخ ایک دام ہلیلہ سیاہ تین درم دونون کو جدا جدا پیسکر ساتھ دو چند قند سیاہ کے ملا دین اور بقدر کنار صحرائی کے گولیان بنا دین ایک گولی صبح کو ساتھ روغن کے کھا دین اور ایک گولی شام کو ساتھ پانی کے اور بیچ مرض مزمن شدید کے پچاس دن تک مداومت کرین اور غذا درمیان مدت تناول اس دوا کے دوپیازہ گوشت و روٹی ہو اور بعد تین دن کے ایک گولی کو ساتھ آب برگ تنبول کے حل کر کے روئی پر لگا کر باسور پر باندھین اور سات دن تک اسی طرح باندھنا چاہیے کہ بواسیر خشک ہوکر گر پڑیگی اور بعض لوگ ساگ چولائی کا اور روٹی ساتھ بہت روغن کے کھلاتے ہین اور گوشت نہین دیتے۔

دیگر۔ ناگیسر نبات برابر کوٹ کر چھان کر نصف دام کھا وین کہ خون کو بند اور درد کو زایل کرتی ہی۔

دیگر۔ کچلہ کو جلا کر دھوان مقعد مین پہونچا دین کہ خون کو بند و درد کو موقوف کرے۔

دیگر۔ ہلیلہ بلیلہ مائین کلان تخم بکائن برابر کوٹ کر چھانکر برابر سب اجزا کے شکر سفید ملا کر ہر صبح کو ایک کف کھا وین بواسیر خونی و بادی کو نفع کرے۔

دیگر۔ تخم بنڈال تخم ہلیس زرد مجیٹھ رسوت عنب الثعلب برابر پیلے تکڑا چربی بز کا گرم کرین پس ان اجزا کو پیسکر اسمین چھڑکین اور باسور پر رکھین کہ خون آور درد کو تسکین دے وخون کو بند کرے اور اگر کئی دن لگایا کرین دانے بواسیر کے گرا دے۔

دیگر۔ روغن تخم نیم باسور پر ملین۔

دیگر۔ پانی دھتورہ سیاہ کا دو حصہ روغن کنجد ایک حصہ جوش کرین یہانتک کہ روغن رہے پس روئی اسمین آلودہ کر کے بواسیر پر ملین۔

دیگر۔ خراطین کو بیچ روغن کنجد یا زیت کے جوش کر کے ساتھ تھوڑے سرکے کے پیسین ملتو مانند مرہم کے ہو جاوے پس نمدہ یا پشم اسمین آلودہ کر کے حمول کرین دبر مین کہ بواسیر کو نفع کرے۔

دیگر۔ کژدم کئی عدد لیکر بیچ روغن کنجد یا زیت کے ڈالکر چالیس دن تک بیچ شیشے کے دھوپ مین رکھین پس اوپر بواسیر کے ملین متواتر کئی دن تو نفع تمام دے۔

دیگر۔ کراچھال کہ مشہور ہی کوٹ کر چھان کر بقدر دو ماشہ یا تین ماشہ کے تنہا کھا وین یا ساتھ پانی یا شہد کے اور اگر نقوع کر کے دین ایک تولہ سے کم نہو۔

دیگر۔ کالی زیری تین دام لیکر آدھی بریان کر کے پھر سب کو ملا کر تین حصہ کرین ہر دن ایک حصہ کھا وین اور غذا برنج ساٹھی و جغرات ہو کہ باسور خونی و بادی کو فایدہ کرے۔

دیگر۔ کہ مسون کو نرم کرے اور بٹھائے اور درد کو موقوف کرے راسنا بھانگ ہر ایک چار درم میدہ لکڑی دو دانگ بیچ روغن کنجد کے بریان کرین باقی ادویہ باریک کر کے اسمین ملا دین اور پانی ڈالکر پکا دین یہانتک کہ غلیظ ہو جائے بعد اسکے بواسیر پر باندھین۔

حرف الذال

ذرور — که واسطے خروج مقعد و نتو مقعد و نتو رحم کے نافع هی سفیده راانگے کاشب یمانی مازو گلنار مساوی کوٹ کر چهان کر عضو ماؤف کو روغن گل سے چرب کرکے دوا اوسپر چهڑکین۔

ذرور — که استرخاے مقعد کو فائده کرے مازو جفت بلوط قشار کندر شیح سوخته گلنار شاخ گوزن سوخته مرداسنگ صدف سوخته اقلیمیا مساوی صلایه کرکے اوپر مقعد کے چهڑکین۔

ذرور دیگر — که یهی خاصیت رکهتا هی جفت جوط گلنار جوزالسرو کاغذ سوخته هر ایک تین درم کوٹ کر چهان کر مقعد پر چهڑکین۔

ذرور مصعد — که بیچ اسقاط بواسیر کے قائم مقام آهن کی هی بیچ بحث قروح کے آویگا۔

حرف الراء

روغن سداب که مدر حیض هی بیچ ادویهٔ سر کے گذرا۔

روغن کلکلانج — مدر حیض هی اور بیچ ادویهٔ معده کے گذرا۔

روغن زعفران — که اوسکو دهن الخلوق کهتے هین واسطے صلابات و اوجاع رحم و معده کے اور تشنج و فساد رنگ رخسارون کے اور رفع کرنے بیخوابی کے اور تنقیه قروح کے اور خروج رحم کے نافع هی زعفران پندره درم فرو ماناچه درم قصب الذریره پانچ درم مرصافی دس درم بیچ تین سو مثقال روغن کنجد کے ایک هفته بهگوئین اور هر دن هلاتے رهین بعد اوسکے ساتهه سو مثقال پانی کے جوش کرین یهانتک که روغن رهجاوے پس صاف کرین۔

روغن مبارک — که مسمی به روغن لقوه هی فرزجه اوسکا واسطے امراض رحم کے نافع هی اور ادویهٔ سر مین گذرا۔

روغن مقل — واسطے بواسیر و جمیع امراض بارده کے اور تحلیل ریاح غلیظه کے عظیم النفع هی اور یه تالیف قدما کا هی مقل ازرق برگ مورد سعد مرزنجوش حلبه اسپند حبة الخضرا حب الخروع هر ایک دس مثقال میعه سایله شق افیون بسفائج حب بلسان بادام مقشر خربق سفید زرنب افلنجه شیطرج هر ایک چهه مثقال قرنفل جوزبوا زنجبیل خولنجان دارچینی بلادر جندبیدستر هر ایک تین مثقال بزرالبنج کندر سیسالیوس تخم گندنا شونیز تخم تره تیزک نانخواه قسط تلخ هر ایک پانچ مثقال اشنه شبت ورق الغار فوفل هر ایک چار مثقال عسل کف گرفته روغن گاؤ روغن یاسمین نفط سفید قطران روغن خروع دهن الغار هر ایک تیره مثقال روغن زیتون ساڑهے چهه سو مثقال پانی صاف هزار مثقال جوش کرین یهانتک که پانی جل جاوے اور بعض لوگ اس روغن کو روغن بلادر نام رکهتے هین۔

روغن بواسیر — خراطین پچاس عدد بیچ روغن کنجد کے بریان کرکے روغن سے نکال لیوین اور ساتهه دس درم دنباله بادنجان کے پیسین ادر

روغن کو ساتھ موم کے موم روغن بناکر اُن اجزاء سائیدہ کو ملاوین اور بواسیر پر ملین اور واسطے بند کرنے خون کے تھوڑا مازو ملاکر استعمال کرین۔

روغن - کہ واسطے گرانے دانہاے بواسیر کے مجرب و بیغایلہ ہی گوگرد زرنیخ دونون برابر پیسکر روغن کنجد سے تسقیہ کرین یہانتک کہ روغن جذب ہو جاوے پس قرع و انبیق مین تقطیر کرین اور وقت تسقیہ کے چاہیے کہ نرم آگ پر ہو۔

روغن وزغ - واسطے ورم مقعد و درد بواسیر کے نہایت آزمودہ ہی اگر حرارت سے ہو وزغ کو ساتھ پیہ بز کے کوٹ کر پانی مین جوش کرین تو مہرا ہو جاوے اور روغن کہ اوپر پانی کے بعد سرد ہونے کے بستہ ہو جاتا ہی اُٹھا رکھین اور اگر دنبالہ بادنجان کو پیسکر اضافہ کرین واسطے بواسیر بارد کے نافع ہی

روغن کراث - کہ بواسیر کو نافع ہی آب گندنا ایک من روغن کنجد نیم من ساتھ دس درم مقل کے جوش کرین یہانتک کہ پانی جاتا رہی اور روغن رہے

روغن تخم کتان - کہ بواسیر و حکۂ اسفل کو نافع ہی اگر حرارت نہو۔

حرف السین

سفوف - کہ نزف خون کو روکے باسور سے ہو یا رحم سے یا ازالۂ بکارت سے یا غلیم سے یا قے سے یا رعاف سے یا بول سے ریوند چینی ایک درم مامیران چینی ثلث درم حضض عصارۂ لحیۃ التیس ہر ایک ڈیڑھ درم کہربا مسحوق دو دانگ ہلیلہ ساتھ روغن گاؤ کے بریان کیا ہوا تین درم کوٹ کر چھان کر ایک درم صبح کو اور ایک درم شام کو کھاوین اور ترک عشا کرین۔

سفوف مقلیا ثا - بہت قسم ہین بعضے اُنسے بواسیر کو فایدہ کرتے ہین اور بیچ بحث امعا کے گذرے۔

سفوف - کہ بواسیر و اسہال و زحیر و مغص کو نافع ہی تخم شبہ تیزک بریان نوے درم تخم کتان بریان اسبغول بریان ہر ایک تین درم تخم کرفس بریان گل ارمنی تخم مرد ہر ایک اڑھائی درم صمغ عربی ایک درم غیر از ترہ تیزک و اسبغول و تخم مرد باقی کو کوٹ کر چھان کر آپسمین ملاکر سفوف کرین

سفوف تیواج خطائی - و سفوف گل واسطے بواسیر یا اسہال کے نافع ہی اور بیچ بحث اسہال کے گذرا۔

سفوف جوز - واسطے قطع خون بواسیر کے مجرب ہی اور عجیب الفعل اور معالجات بقراط سے منقول جوز محرق ایک جزو زردی انڈے کی سوختہ ایک جز دکنجد بو داده تین جزو کوٹ کر چھان کر اور دو مثقال شربت سیب یا ریباس یا اُس کے ناشتا استعمال کرین۔

سفوف - واسطے ریاح بواسیر کے نافع ہی ہلیلہ سیاہ بلیلہ آملہ ہر ایک دس درم ساتھ روغن زیتون کے کہ بریان کیا ہو تخم گندنا بریان حب الرشاد بریان نانخواہ حرمل حلبہ ابہل مغز دانۂ زردآلو ہر ایک پانچدرم مصطگی جوز بوا ہر ایک ایک درم کوٹ کر چھان کر دو مثقال تک ساتھ آب گرم کے استعمال کرین۔

سفوف - منقول از ذخیرہ کہ خون نکلنا مقعد و رحم سے باز رکھے کشنیز خشک بریان سماق پاک کیا ہوا جندبیدستر

صدف سوختہ کہربا بسد ہر ایک دو درم مازو بے سوراخ بلوط بریان قرنفل گلنار ہر ایک پانچ درم و دو دو درم ساتھ آب سرد کے تناول کرین۔

سفوف ۔ کہ واسطے حوامل کے بہت نافع اور بیچ دور کرنے شہوت ردیہ کے نہایت مجرب ہی کشنیز مقشر زیرۂ کرمانی زنجبیل ہر ایک دس دس درم فلفل دارفلفل ہر ایک پانچدرم دارچینی دو درم ہیل قاقلہ ہر ایک تین درم قند سفید ایک رطل۔

سفوف ۔ کہ ریاح کو دور کرے اور عورت حاملہ کو فایدہ کرے اور معدہ وجگر کو قوت دے مروارید عاقرقرحا ہر ایک دو درم زنجبیل مصطگی ہر ایک پانچدرم زرنباد درونج تخم کرفس وج جوزبوا دارفلفل دارچینی خیربوا ہر ایک تین درم پودینہ تخم بادیان ہر ایک ڈیڑھ درم شکر برابر سب اجزا کے مقدار شربت دو درم سے تین درم تک۔

سفوف قاقلہ وغیرہ ۔ کہ واسطے ردیہ شہوت عورتون حاملہ کے نافع ہی بیچ بحث معدے کے گذرا۔

حرف الشین

شراب خبث الحدید و شراب سعد ۔ ریح بواسیر کو نافع ہی اور بیچ بحث معدے کے مرقوم ہی۔

شربت الجبار ۔ بیچ قطع کرنے خون بواسیر کے اور جس سے کہ ہوا اثر عظیم رکھتا ہی اور خاصیت اُسکی یہ ہی کہ شکم کو قبض نہین کرتا ہی مگر یہ کہ اور قوابض اسمین پڑے ہون پوست بیخ الجبار بیس درم رات کو

ایک رطل پانی مین تر کرین اور صبح کو جوش دین جب نصف رہے صاف کر کے نبات سفید نصف رطل ملاکر قوام کرین اور ایک نسخہ بیچ بحث اسہال کے گذرا۔

شیاف تحلی ۔ خون بواسیر کو بند کرے کندر گلنار مازو شب یمانی اقاقیا صمغ عربی برابر کوٹ کر چھانکر شیاف بنا دین۔

شیاف غدیوط ۔ اقاقیا رانگ گلنار صمغ عربی کوٹ کر چھان کر مانند بلوط کے گولیان بنا دین اور وقت جماع کے دبر مین رکھین اور قبل مجامعت کے چاہیے کہ پائخانہ مین جاوین تو پیٹ براز سے پاک ہو اور اشیاے قابضہ استعمال کرین۔

فائدہ ۔ غدیط نام مرض کا کہ وقت جماع کے غائط مقعد سے بے اختیار نکل آتا ہی اور غدیوطا او پر وزن قرطعب کے صاحب مرض کو کہتے ہین۔

شیاف ۔ کہ خون بواسیر کو بند کرے کندر انزروت دم الاخوین گلنار سرمہ زاج سفید ہر ایک ایک درم زنگار ایک دانگ کوٹ کر چھان کر ساتھ عسل کے شیاف بنا دین

شیاف دیگر ۔ کہ یہی عمل کرتا ہی قنطوریون دقیق بیخ سوسن انزروت ہر ایک ایک مثقال مازو نصف مثقال زنگار ایک دانگ ساتھ عسل کے شیاف بنا دین

دیگر ۔ کہ یہی اثر رکھتا ہی اقاقیا عصارۂ لحیۃ التیس گلنار گل ارمنی ہر ایک ایک درم صدف سوختہ سفیدۂ ارزیز ہر ایک نصف درم ساتھ آب لسان الحمل یا آب خرفہ کے شیاف بنا دین۔

دیگر ۔ کہ نفع اسکا یہی ہی عصارۂ لحیۃ التیس اقاقیا

جفت بلوط دم الاخوین ہر ایک ایک درم مرسفیدۂ ارزیز
صدف سوختہ ہر ایک نصف درم ساتھ آب لسان الحمل
کے شیاف بنا دین ۔

شافہ ۔ کہ عورتون کو باکرہ کرے مازو شب یمانی
سعد تفاح اذخر دم الاخوین مر برگ سوسن آزاد مشک
ہر ایک نصف درم قرنفل سنبل پوست انار ہر ایک دو
دانگ مشک نصف دانگ صمغ عربی ڈیڑھ دانگ کوٹکر
چھان کر شیاف بنا دین اور حمول کرین صبح سے شام
تک اور شام سے صبح تک رکھین کہ ایسی حالت حاصل
ہوتی ہی کہ درمیان اس عورت کے اور باکرہ کے
فرق نہین ہی ۔

شافہ ۔ کہ منی عورتون کو جو بدون مجامعت کے
روان ہوتی ہی روکے اور احتلام عورتون کو فائدہ
دے تخم کاہو گل نیلوفر ہر ایک ڈیڑھ درم مقل ایک درم
بنجنکشت برگ سداب پودینہ خشک ہر ایک تین درم
کسیلا دو درم تخمون کو حل کرین اور ادویہ کوٹ کر چھانکر
اسمین ملا دین اور رحم مین رکھین ۔

شافہ ۔ کہ حیض کو کھولے مر صافی پودینہ کوہی اکلیل الملک
ہر ایک چار درم مویز بیس درم اجزا کوٹ کر ساتھ
زہرہ گاؤ کے شیاف بنا کر رکھین ۔

شافہ ۔ کہ حیض کو کھولے خربق سیاہ بیخ حنظل ہر ایک
سے تھوڑا تھوڑا اسمین ملا کر شافہ بنا دین اور
شافہ کو طویل کرین اور یہ شافہ پہلے رطوبت کو نکالتا
ہی بعد اسکے خون ۔

شافہ ۔ کہ بچہ مردہ کو نکالے مر جاؤشیر خربق سفید
بالسویہ کوٹ کر چھان کر ساتھ زہرہ گاؤ کے ملا کر استعمال
کرین ۔

شافہ ۔ کہ حیض کو روکے سرمہ گلنار زنگار زرگران
برابر لیکر ساتھ آب مورد کے ملا دین اور ریشم کو اسمین
آلودہ کرکے پیٹین اور اس شافہ سے بنے ہوئے کو بیچ
سحیق اقاقیا و مازو و شب یمانی کے پھیر کر حمول کرین ۔

حرف الضاد

ضماد ۔ کہ وجع رحم و بواسیر کو ساکن کرے زعفران
افیون بزرالبنج پیہ مرغ ہر ایک دو درم تخم خطمی تخم کتان
ہر ایک پانچ درم زردی انڈے نیم پختہ کی ایک عدد
روغن خستہ زرد آلو مین ضماد کرین ۔

ضماد مقل ۔ کہ کثرت نفع سے مسمی ہی بضماد بواسیر مقل
ارزق تخم کتان تخم گندنا ہر ایک پانچ درم روغن گاؤ
مین ملا کر ضماد کرین ۔

ضماد ۔ کہ درد بواسیر کو بٹھائے مقل کوہان شتر مغز
ساق گاؤ مغز خستہ زرد آلو میعہ زردی انڈے کی مساوی الوزن
بیچ روغن گاؤ کے کہ پیاز کو اسمین جوش کیا ہو حل
کرین اور ضماد کرین ۔

ضماد ۔ کہ درد بواسیر و درد اورام کو موقوف کرے اور خون
بواسیر کو اگر بند ہو جاری کرے پیاز کو روغن گاؤ مین بریان
کرکے ضماد کرین اور اگر پیاز کو ورق ورق کرکے رکھین روا
ہی اور بیچ کھولنے افواہ باسور کے اسرع ہی اور اگر پیاز سفید کو پانی
مین خوب جوش کرکے ساتھ روغن گاؤ کے کوٹین تو مرہم ہووے
پس شیر گرم کرکے باندھین جلد درد و ورم بواسیر کو موقوف

لیے اور اگر زردی انڈے کی بھی ممزوج کرین بہتر ہو
اور چاہیے کہ پیاز کو بعد جوش کرنے کے مقشر کرین
بعد اسکے کوٹین۔

ضماد۔ کہ درد باسور کو موقوف کرے و مجرب ہی
گل خطمی گل بابونہ اکلیل الملک ہر ایک چار درم حلبہ تخم
کتان ہر ایک تین درم عدس مقشر دس درم مجموع
کو پکا کر ساتھ زردی انڈے کے اور روغن بنفشہ
کے گھولکر رکھین۔

ضماد۔ کہ بواسیر درد مقعد و زحیر کو نافع ہی مغز
ساق گاؤ دس درم موم سفید تین درم اقاقیا
دم الاخوین کندر ہر ایک نصف درم مردار سنگ
سپیدہ رانگے کا ہر ایک ایک درم و نصف مقل
ایک درم افیون ایک دانگ روغن گل بیس درم
بطریق معلوم بناکر لگا دین۔

ضماد۔ کہ ساتھ بواسیر کے مخصوص مغز استخوان زرد
آلو پانچ مثقال پیہ بط پانچ درم میعہ سائلہ تین درم مقل
دو درم زفت ڈیڑھ مثقال بناکر ضماد کرین۔

ضماد دیگر۔ کہ یہی عمل کرتا ہی پیاز و گندنا پکاکر اور روغن گاؤ
مین بریان کیا ہوا ہر ایک پانچ درم مقل ایک درم زعفران
نصف درم افیون ڈیڑھ دام ضماد کرین۔

نوع دیگر۔ کہ یہی عمل کرتا ہی روغن مغز خستہ زرد آلو دس
درم کوہان شتر نو مثقال برگ شفتالو خشک موم سفید
ہر ایک تین درم مقل ایک مثقال مردار سنگ دس
مثقال ضماد کرین۔

دیگر۔ سوزش و درد مقعد کو نافع ہی کنجد کو کوٹین اور ساتھ
روغن گل و سفیدی انڈے کی ضماد کرین۔

دیگر۔ زردی انڈے کی اور آرد جو اور روغن گل کا
ضماد کرین یہی اثر رکھتا ہی۔

دیگر۔ سفیدۂ ارزیز بزر البنج زردۂ تخم مرغ کو بیچ روغن
بنفشہ کے گھول کر ضماد کرین۔

ضماد مجرب۔ کہ بواسیر و شقاق مقعد کو اور رقت مقعد
کو اور اسہال بواسیری اور نزف حیض کو فائدہ کرتا ہی
سفیدہ رانگے کا حضض موم ہر ایک ایک جزو گل خطمی
مقل ہر ایک دو جزو روغن گل پانچ جزو ساتھ زردی
انڈے کے استعمال کرین۔

ضماد۔ کہ درد بواسیر متورم کو نفع کرے اکلیل الملک
بابونہ کو پانی مین پکا دین تو مہرا ہووے پس ایک قبضہ
اُس سے لیکر بیچ ہاون کے کوٹین تو مانند مرہم کے
ہووے پس زردی انڈے کی جوش کی ہوئی ایک
عدد زعفران ایک درم افیون دو درم تخم کتان حلبہ تخم
خطمی کو ٹکر چھانکر ہر ایک ایک جفتہ مقل تین درم پہلے مقل
کو بیچ میفختج کے کرین اور ادویہ مزبورہ اُسمین گھول کر
بقدر حاجت کے اوپر ایک پتے کے رکھین اور سطح دوا
مین وہ روغن کہ جسمین پیہ بط یا پیہ ماکیان کو پگھلایا ہو
ملاکر نیم گرم بواسیر متورم پر لگا دین اور اگر ورم شرح
کا عظیم ہو پہلے فصد باسلیق کرین۔

ضماد۔ بواسیر بارد و مفاصل و ریاح کے واسطے
مجرب ہی ثوم یعنے سیر دس جزو کو ٹکڑے بیچ روغن تخم کتان کے
کہ ستر جزو ہو جوش کرین جب نصف رہے صاف کرے
روغن کو طلا اور سیر کو ضماد کرین۔

ضماد۔ کہ واسطے خروج مقعد کے ورم سے نفع کرے
عدس مقشر پوست انار حفت بلوط جوز السرو ہر ایک
ایک جزو سب کو ساتھ پانی آس کے پکا دین جب مہرا
ہو جاوین روغن ملاکر ہاون مین ملین اور ضماد کرین۔
ضماد۔ کہ شقاق مقعد کو فائدہ کرے اور جملہ مراہم سے
ہی لیکن اس کتاب مین ایسا بہتر معلوم ہوا کہ مراہم بھی بیچ
اضمدہ کے مذکور رہون واسطے آسانی طالبون کے اور
بیچ مراہم کے بھی اشعار اس امر کا ہوگا موم سفید روغن
کنجد پیہ بط مغز ساق گاؤ روغن گاؤ کوہان شتر تازہ
غیر مملح مقل بالسویہ یا کم و زائد موافق حاجت کے لیوین
اور مقل کو بیچ لعاب تخم کتان کے حل کرین پھر جملہ اجزا
کو ملاکر ضماد کرین فانہ بلیغ۔
دیگر۔ کہ درد بواسیر کو موقوف کرے مقل کوہان شتر
پیاز مشوی مغز ساق گاؤ خستہ زرد آلو تلخ روغن گاؤ
زردۂ بیضۂ مرغ سائلہ برابر لیکر ملاوین و ضماد کرین۔
دیگر۔ کہ درد مقعد جو بواسیر سے ہو ساکن کرے
مقل ازرق کو بیچ روغن تخم کتان کے حل کرین اور
گندنا کو بیچ روغن گاؤ کے پکاکر جملہ کو ہاون مین ملین
یہانتک کہ ملکر برابر ہو جاوین پس مقعد پر ضماد کرین۔
ضماد۔ کہ واسطے شقاق قبل کے جو غیر حامی ہو نافع
ہی پیہ بط و فار رطب مغز ساق گوزن ساتھ موم کے
کہ بیچ روغن سوسن کے یا نرگس کے پگھلایا ہو مخلوط کرکے
ضماد کرین اور شقاق ساتھ تپ شدید کے ہو
یہ ضماد لگاوین شحم مصفا مرداسنج مربی ہر ایک دو درم
روغن گل سفید رانگے کا ہر ایک دس درم نشاستہ

افیون کافور ہر ایک ایک درم سفیدی بیضۂ مرغ
کی ایک عدد آبسمین ملاکر ضماد کرین شقاق حامی و حرق
نار و ہر حدث کو نافع ہی۔
دیگر۔ واسطے شقاق قبل و دبر کے اور شبو رہ کے اور
حرق نار کے نافع ہی روغن گل سفیدہ مرداسنج ہر ایک
تین درم موم پانچدرم۔
ضماد۔ کہ استحاضۂ عورت حاملہ و غیر حاملہ کا روکے عدس
مقشر پوست انار ترش برگ مورد خشک مازو ہر ایک
ایک جزو کوٹ کر چھان کر ساتھ سرکہ شراب کے گھولکر
اوپر پشت و زہار کے ضماد کرین۔

حرف الطاء

طلا۔ کہ افراط حیض کو روکے گل سرخ عدس مقشر ہر ایک
پانچدرم اقاقیا گلنار صندل سفید و سرخ ہر ایک تین درم
گل ارمنی چار درم بلوط طباشیر ہر ایک ایک درم کوٹکر
چھانکر پانی مین بھگوکر اوپر عانہ و پشت کے طلا کرین۔
طلا۔ کہ حمل رہنے کو منع کرے اور اگر حاملہ ہو بچہ کو گرادے
سداب خشک نطرون مساوی لیکر کوٹین و چھانین
اور ساتھ پانی سداب کے گھولین اور اوپر قضیب
کے طلا کرکے مباشرت کرین۔
طلا۔ کہ اوپر حمل رہنے کے مدد کرے حب بلسان جاوشیر
باد اور دبداہ کوٹ کر چھان کر ساتھ زہرۂ گاؤ کے اوپر
قضیب کے طلا کرین اور رہنے دین یہانتک کہ خشک
ہو جاوے بعد اُسکے مجامعت کرین عورت حاملہ ہوگی۔
طلا۔ کہ یہی خاصیت رکھتا ہی برگ سنجد خشک کو ٹکر پکاوین

اور ساتھ زہرۂ گاؤ کے قضیب پر طلا کرکے مباشرت کرین

طلا۔ کہ خارش فرج کو فائدہ کرے سرب کو ساتھ پانی کاسنی کے پیسکر گل نیلوفر تخم کاہو کوٹ کر چھان کر اُسمین گھول کر بعد اُسکے گلاب ملا کر اندر فرج کے طلا کرین۔

طلا۔ کہ سوزش شدید فرج کو اور سوزش پیشاب کو نافع ہی اور بیچ ایام حمل کے بھی لگا سکتے ہین کافور ریاحی گلاب مین یا پانی مین داخل کرکے ملین۔

حکایت۔ ایک عورت کی یہ عادت تھی کہ بیچ ایام حمل کے سوزش فرج مین ہوتی تھی اور منھ رحم کا بعد چوتھے مہینے کے آہستہ آہستہ کھلجاتا تھا اور ساتوین یا آٹھوین مہینے حمل ساقط ہوتا تھا اور کوئی دوا فائدہ نہ کرتی تھی آخر الامر اس درویش نے اجازت استعمال اس دوا کی دی اور تدبیرین دیگر بھی کین آخر تمام ہوا اور مقصد حاصل ہوا۔

طبیخ۔ کہ حیض کو روان کرے اسارون ایک درم سداب نصف درم رازیانہ دو درم لوبیا سرخ پانچ درم عسل دس درم جوش کرکے صاف کرین اور تین دن متواتر کھاوین۔

طبیخ۔ کہ یہی عمل کرتا ہی اور نافع ہی مردون کو بھی جب منی اُنکی محتبس ہوئی ہو افسنتین درمنہ ترکی ترمس سداب رازیانہ تخم کرفس ہر ایک دو درم انجیر دس عدد گلقند دس مثقال جوش کرین اور صاف کرین اور تین دن متواتر کھا کر تین دن آرام کرین پھر تین دن کھاوین تو ادرار تمام واقع ہو۔

طبیخ۔ کہ یہی اثر رکھتا ہی لوبیا سرخ حلبہ انیسون فوہ ہر ایک چار درم سداب تین درم بیچ تین رطل پانی کے جوش کرین جب ایک رطل رہے صاف کرکے تھوڑی شکر اضافہ کرین اور ہر صبح کو چار درم پیین۔

طبیخ۔ کہ یہی کام کرتا ہی لوبیا سرخ تین درم فراسیون فوہ ہر ایک چار درم فودنج دس عدد بیچ پانچ رطل پانی کے جوش کرین جب آدھا رہے صاف کرکے تھوڑی میفخج اضافہ کرین اور صبح کو تین درم پیین۔

طبیخ افسنتین۔ واسطے کھولنے حیض کے مفید ہی اور بیچ بحث حمیات کے آویگا۔

طبیخ قرطم۔ واسطے لانے حیض کے مجرب ہی اور مائل باعتدال ہی حب قرطم گاؤزبان تخم خربزہ بادیان برابر نیمکوب کرکے آپس مین ملاوین اور مقدار سات درم کے بیچ ڈیڑھ رطل پانی کے رات کو بھگوئین صبح کو جوش کرین جب آدھا رطل رہے صاف کرکے شکر سے شیرین کرکے پیین۔

حرف الفاء

فنجنوش۔ کہ بواسیر کو نافع ہی اور بیچ جوارشات معدہ کے مذکور ہوا۔

فیروزنوش۔ کہ عورت حاملہ کو جو بیچ عارضہ سردی کے تکلیف پاتی ہو فائدہ کرے اور ریاح غلیظ کو دفع کرے اور بیچ بحث ادویہ سر کے مرقوم ہوا۔

فلونیا فارسی۔ رحم کو قوت دے اور ریاح رحم کو دفع کرے اور استفراغ خون کو جس جگہ سے کہ ہو روکے اور جنین کی محافظت کرے۔

فلونیاء رومی – حیض کو روکے اور اوجاع کو موقوف کرے یہ دو نون ادویۂ سرین مذکور ہین اور ایک نسخہ فلونیا فارسی کا کہ واسطے قوت جنین کے اور رطوبت رحم کے نافع ہی بیچ ادویۂ امعاکے بھی مذکور ہوا۔

فرزجہ – کہ رحم کو قوت دے اور فرج کو تنگ وخوشبو کرے بسباسہ سنبل مرزنجوش قشار کندر صعتر اذخر خیری گل سرخ پوست کبر ترمس مساوی کوٹ کر چھانکر ساتھ روغن کے گھول کر پشم کو اُسمین آلودہ کرکے رکھین۔

فرزجہ – کہ یہی عمل کرتا ہی تفاح اذخر سعد عود قرنفل ہر ایک ایک درم عود نصف دانگ مشک ایک دانگ آلمہ نیم دانگ کوٹکر چھان کر گلاب مین گھول کر کپڑا پشم کا اُسمین آلودہ کرکے استعمال کرین۔

فرزجہ – کہ فرج کو تنگ اور عورت کو خواہش جماع کی پیدا کرے شب یمانی آب مین حل کرکے کپڑا اُسمین آلودہ کرین اور اُس کپڑے کو بیچ سحیق سعد وسلیخہ ومازو کے کہ مانند سرمہ کے کیا ہولت کرکے دو ساعت قبل جماع کے حمول کرین۔

دیگر – کہ ثیب کو مانند بکر کے کرے تخم حماض کوٹکر مانند سرمہ کے پیسین اور فرزجہ کرین۔

دیگر – کہ یہی کام کرے مازو سبز بے سوراخ پوست انار قرنفل بالسویہ باریک کرکے ساتھ شراب کے گھول کر پشم کو اُسمین آلودہ کرکے فرزجہ کرین۔

دیگر – کہ فرج کو نرم کرے سرمہ مرداسنگ آبگینہ بالسویہ نرم کرکے ساتھ شراب تلخ کے ملاکر حمول کرین۔

دیگر – کہ ثیب کو باکرہ کرے سرگین کبوتر شیشہ بغدادی نرم پیسین اور دو درم اُس سے کتان مین باندھکر ساتھ گرسے پشم کے حمول کرین اور زہرۂ خرگوش کا حمول کرنا بہت تنگی پیدا کرتا ہی۔

دیگر – کہ مضیق قبل ہی سک تین درم قرنفل ایک درم مشک ایک قیراط شراب ایک اوقیہ پہلے شراب کو گرم کرین اور ادویہ کوٹ کر چھان کر اُسمین ملاکر ایک کپڑا کتان کا اُسمین آلودہ کرکے حمول کرین۔

دیگر – کہ یہی کام کرے شب سعد تفاح اذخر برگ سوسن کوٹ کر چھان کر لتہ آلودہ کرکے حمول کرین یا ان ادویہ کو پانی مین جوش کرکے عورت کو اسمین کئی دن بٹھائین۔

دیگر – کہ یہی اثر کرتا ہی سک اور تھوڑی سی زعفران بیچ شراب ریحانی کے جوش کرکے خرقہ کتان کا اسمین بھگو کر خشک کرین وقت حاجت کے ایک ٹکڑا اسمین سے لیکر ایک رات دن قبل وطی کے رکھین۔

دیگر – کہ بہت مضیق قبل ہی صمغ سوسن کو حمول کرین فانہ عجیب۔

دیگر – کہ یہی کام کرے رانگ اقاقیا سعد سنبل باریک پیسکر صوف کو بیچ شراب قابض کے بھگو کر ان ادویہ مین لت کرکے حمول کرین۔

فرزجہ – کہ رطوبت فرج کو نافع ہی مرداسنج آبگینہ باریک پیسکر حمول کرین۔

دیگر – کہ رطوبت فرج کو دفع کرے نمک اندرانی شب یمانی باریک کرکے حمول کرین یا پوست درخت صنوبر کا اور شب وسعد کو شراب مین پکاکر خرقہ کتان کا اُسمین بھگو کر حمول کرین یا مازو جفت بلوط گلنار پانی مین

تر کرکے اس پانی سے استنجا کرین یا سرمہ و شب برابر پیسکر حمول کرین۔

فرزجہ۔ کہ قبل کو گرم کرے کرم دانہ مقشر کوٹ کر ریشمی کپڑے مین چھان کر روغن زنبق مین ملاکر حمول کرین۔

دیگر۔ کہ فرج کو گرم و خشک کرے کرم دانہ فلفل سعد کو بیچ شراب کے پکاکر کپڑا اُسمین آلودہ کرکے حمول کرین۔

دیگر۔ کہ رطوبت فرج کو نشف کرے اور سیلان رطوبت سے وقت جماع کے مانع ہو مازو وتخم حماض ہر ایک دو درم سرمہ و خبث الحدید ہر ایک نصف درم خوب کوٹ کر چھانین اور ایک کپڑا بیچ جوشاندۂ جفت بلوط و گلنار کے بھگو کر ان ادویہ مین آلودہ کرکے حمول کرین۔

فرزجہ۔ کہ لذت زیادہ کرے کبابہ یا دارچینی یا عاقرقرحا پیسکر تھوڑا ملاکر ریق میں اسکا قضیب پر ملین۔

دیگر۔ کہ لذت دے حلتیت ایک درم روغن زنبق دس درم ملاکر کئی دن رکھین بعد اُسکے آلت پر ملین یا فرج مین۔

دیگر۔ کہ لذت پیدا کرے عاقرقرحا زنجبیل دارچینی برابر کوٹ کر چھان کر ساتھ اُس پانی کے کہ گوند اُسمین حل کیا ہو گھول کر گولیان بناوین اور وقت حاجت کے منھ مین رکھین بعد گھلنے کے جماع کرین۔

فرزجہ۔ کہ حمل کو نہونے دے تفاح کرنب حرف قنطران مین ملاوین بعد اُسکے بیچ آب فوتنج بری کے بھگو کر بعد پاک ہونے کے حیض سے حمول کرین اور اگر بعد ہر جماع کے قنطران کو حمول کرین یا عصارہ سداب کا ساتھ فلفل کے حمول کرین حمل کو منع کرے اور اجود یہ ہے کہ اُن چیزون کو مرد اوپر قضیب کے طلاع کرکے جماع کرے۔

دیگر۔ کہ حمل کو منع کرے تخم خندقوقا سرگین فیل خردل حب فلفل استخوان زعرور مساوی کوٹ کر چھانکر ساتھ میعۂ سایلہ کے گھولکر پشم اُسمین آلودہ کرکے حمول کرین پس ہرگز حاملہ نہوگی اور اگر حاملہ ہو جاوے بچہ گر پڑیگا اور لوگون نے کہا ہے کہ جو عورت ایک دانہ بید انجیر کو نگل جاوے ایک سال حاملہ نہووے اور اگر دو سال نگلے دو برس تک وعلی ہذا القیاس۔

دیگر۔ کہ حمل کو منع کرے مازو وحب الآس مساوی کوٹکر چھان کر گرم پانی مین گھول کر فرزجہ کرین قبل مجامعت کے۔

دیگر۔ کہ حمل کو مانع ہووے تفاح کرنب وتخم اُسکے کوٹ کر بعد پاک ہونے کے حیض سے حمول کرین اور حمول انفحۂ خرگوش کا بھی یہی عمل کرتا ہے۔

دیگر۔ کہ حمل کو منع اور حیض کو ادرار کرے عروق بیخ کرنب کوٹ کر گھول کر حمول کرین۔

فرزجہ۔ کہ حمل ہونے پر مدد گار ہے شب یمانی دو درم سماق عود زعفران ہر ایک ایک درم کوٹ کر چھان کر اوپر پشم پارہ کے چھڑک کر حمول کرین بعد اُسکے مجامعت کرین۔

دیگر۔ کہ حمل رہنے پر مدد کرتا ہے جند بید ستر میعۂ سایلہ جاوشیر مر قسط بارزد ہر ایک ایک جزو مشک عنبر ہر ایک ربع جزو شراب مین ملاکر فرزجہ بناوین۔

دیگر۔ کہ مدد کرے حمل ہونے پر سرگین بز کوہی پنیر مایۂ خرگوش ہر ایک ایک جزو کوٹ کر چھان کر ساتھ شہد گرم کیے ہوئے کے گھولین اور ساتھ

ٹکڑے ریشم کے حمول کرین۔

دیگر۔ پنیر مایہ خرگوش دارچینی عنبر زاج نبات برابر کوٹ کر چھانکر گلاب مین گھولکر حمول کرین۔

دیگر۔ مامیران چینی سورنجان صبر رازیانہ زبد البحر ہر ایک ایک دانگ ساتھ شکر سرخ کے فرزجہ کرین۔

دیگر۔ میعہ سایلہ جند بید ستر مرجاؤ شیر قسط باز رد مقل مشک کوٹ کر چھان کر حمول کرین بعد طہر کے کئی مرتبہ اور ربعد ساعت کے مباشرت کرین۔

دیگر۔ پنیر مایہ خرگوش اور سرگین خرگوش کو شہد مین گھولکر ریشم کا ٹکڑا اسمین آلودہ کرکے حمول کرین تین رات بعد حیض کے بعد اُسکے مجامعت کرین اور تحفۃ المومنین مین عوض پنیر مایہ خرگوش کے زہرہ خرگوش ہی۔

دیگر۔ زعفران سنبل فردمانا پیہ ماکیان لبان علک مصطگی روغن ناردین ہر ایک ایک مثقال لیکر بعد کوٹنے وچھاننے کے ملاوین پس ایک مثقال اس سے صوف مین رکھکر پانچوین وچھٹی اور ساتوین رات حیض سے حمول کرین اور آٹھوین رات مجامعت کرے البتہ حمل ہوگا بحکم اللہ تعالے۔

دیگر۔ کہ حمل رہنے مین مجرب ہو شب یمانی زعفران لسان العصافیر ہر ایک ایک درم جند بید ستر ایک مثقال عود نصف درم مشک ربع درم کوٹ کر چھان کر ساتھ عسل کے گھول کر تین رات بیچ ایام حیض کے حمول کرین اور چوتھی رات جماع کرین۔

دیگر۔ کہ واسطے حمل کے ابن سرافیون سے منقول ہی زعفران حاما ہر ایک ایک اوقیہ روغن ناردین نصف اوقیہ کوٹ کر چھان کر ساتھ خطمہ کے تین دن حمول کرین اور ہر دن وہر رات کو تازہ اور ہر دن برادہ دندان فیل کا ایک مثقال ساتھ نبات کے کہ برابر اُسکے ہو تناول کرین۔

دیگر۔ کہ حمل پر معین اور سخن فرج ہی سنبل مقل کوٹ کر ساتھ شراب کے ملاکر کئی رات حمول کرین بعد اُسکے مباشرت کرین اور اشنان فارسی عاقرقرحا شونیز سداب فراسیون برابر کوٹ کر چھان کر روغن زیت مین گھول کر حمول کرین۔

فائدہ۔ ایسے فرزجون مین احسن یہ ہی کہ تمام رات عورت اپنے پاؤن کو اوپر تکیہ بلند کے رکھے اور سر کو پست۔

دیگر۔ کہ بچہ مردہ کو نکالے مرجاؤ شیر خربق سفید برابر کوٹ کر چھان کر ساتھ زہرۂ گاؤ کے فرزجہ کرین۔

دیگر۔ کہ مشیمہ وبچۂ مردہ کو نکالے ابہل زراوند مدحرج ترمس حرف ہر ایک ایک جزو کوٹ کر ساتھ زہرۂ گاؤ کے حمول کرین۔

دیگر۔ کہ یہی عمل کرے تخم خبازی خردل سفید مقل ازرق ہر ایک ایک جزو کوٹ کر چھان کر ساتھ قطران کے گھول کر فرزجہ کرین۔

فرزجہ۔ کہ حیض کو جاری کرے اشنان فارسی عاقرقرحا جاؤشیر سداب ہر ایک ایک درم فرفیون نیم درم کوٹکر چھان کر قطران مین ملاکر فرزجہ کرین۔

دیگر۔ کہ حیض کو نکالے مرفودنہ ہر ایک چار درم ابہل آٹھ درم سداب دس درم مویز منقے بیس درم کوٹ کر چھانکر ساتھ

زہرۂ گاؤ کے گھول کر حمول کرین۔

دیگر۔ کہ حیض کو نکالے اور درد رحم کو کہ سردی سے ہو نفع دے بازرد مقل ازرق جاؤشیر مصطگی اشق ہر ایک دو درم سب کو دو رات دن بیچ سرکہ و عسل کے رکھکر صلایہ کرین یہانتک کہ مانند مسکہ کے ہو جاوے پس روغن پیہ بط و جند بید ستر کوٹ کر چھان کر ہر ایک تین درم زعفران پسی ہوئی ایک درم و نصف ضم کر کے صلایہ کرین تو خوب آپسمین ملجاوے پس ہر دن تین مرتبہ ہر مرتبہ مقدار مازو کے پشم مین لپیٹ کر حمول کرین۔

دیگر۔ کہ ادرار حیض کرے جند بید ستر نصف مثقال مثلث دو جہ روغن زنبق مین حل کر کے صوف اُسمین آلودہ کر کے حمول کرین۔

دیگر۔ کہ یہی عمل کرتا ہی جاؤشیر کندش میعۂ یابسہ اظفار الطیب عود الصلیب کوٹ کر چھان کر فرزجہ کرین۔

دیگر۔ کہ یہی اثر رکھتا ہی آب سداب آب فنجنکشت مہری مین صوف کو آلودہ کرین اُس صوف کو ابہل و شکاعی مسحوق حل مین کہ بہت باریک کیا ہو پھر کر حمول کرین۔

دیگر۔ کہ واسطے اس کام کے مجرب ہی سداب مرصافی ابہل رازیانہ تخم مرد بالسویہ ساتھ زہرۂ گاؤ کے فرزجہ کرین۔

دیگر۔ کہ مدر حیض ہی تخم انجرہ مرصافی بالسویہ کوٹ کر چھان کر فرزجہ کرین۔

دیگر۔ واسطے حیض کے اور نکالنے جنین زندہ و مردہ کے نہایت موثر ہی عصارۂ قثاء الحمار سات قیراط ساتھ زہرۂ گاؤ کے حل کر کے میلے کپڑے مین آلودہ کر کے حمول کرین

دیگر۔ کہ واسطے ادرار حیض و اخراج جنین و مشیمہ کے قوی الاثر ہی اور جنین کو قتل کرتا ہی افسنتین عرطنیثا قطران شحم حنظل قثاء الحمار خربق سیاہ ہو فیج نوشادر زراوند مدحرج روغن ہیدا انجیر زہرۂ گاؤ جاؤشیر سکبینج مرصافی مفرداً مجموعاً کلاً و بعضاً استعمال کرین۔

فرزجہ قاتل جنین۔ کہ واسطے اخراج جنین زندہ و مردہ مشیمہ کے اور عسر ولادت کے اور رطوبت رجا کے نہایت مجرب ہی جاؤشیر خربق سیاہ برابر ساتھ زہرۂ گاؤ کے گھول کر حمول کرین۔

فرزجہ۔ کہ واسطے قطع کرنے حیض کے مجرب ہی صمغ عربی کافور ہر ایک ایک درم گلنار تین درم کشنیز تازہ سات درم ساتھ کپڑے کے بموجب معمول کے حمول کرین۔

دیگر۔ کہ بیچ قطع کرنے خون حیض کے عدیل نہین رکھتا ہی شب یمانی نصف درم بزرالبنج ایک دانگ افیون نصف دانگ۔

دیگر۔ کہ نہایت موثر ہی مرداسنج نشاستہ سفید گلنار گل ارمنی گل مختوم سرمہ برابر لیکر فرزجہ کرین۔

دیگر۔ واسطے بند کرنے حیض کے اور ازالۂ قروح و عفونت رطوبات سائلہ رحم کے نافع ہی گلنار شب یمانی سرمہ کاغذ سوختہ زیرۂ کرمانی مدبر برابر ساتھ آب برگ بید کے یا آب کشنیز کے یا آب مازو مطبوخ کے گھول کر حمول کرین

دیگر۔ کہ بیچ قطع کرنے خون حیض کے مجرب ہی مازو سوختہ دم الاخوین برگ مورد گل ارمنی گل سرخ بالسویہ ریشمی کپڑے مین چھانین اور پوست انار ترش کو نیمکوب کر کے جوش کرین یہانتک کہ گہرا ہو جاوے پس تھوڑی

یشم اُس پانی مین بھگو کر ساتھ اُدویہ پسی ہوئی کے
آلودہ کرکے حمول کرین۔
دیگر۔ کہ یہی عمل کرتا ہی بلکہ قوی تر ہی برگ مورد مازو
سوختہ سرمہ نشاستہ ہر ایک پانچ درم زاج سوختہ
صمغ عربی ہر ایک دو درم گل ارمنی تین درم بدستور سابق
استعمال کرین اور وقت استعمال کے اگر ہر دن ثلث لک
کو کہ زرگر اُسکو زہرہ کہتے ہین ایک مثقال پیسکر ساتھ
زردی انڈے کے پکا کر تناول کرین اُسکے اثر مین
ہرگز خلاف نہین ہوتا ہی کہ ربح تجربہ ہوا ہی اور حمول
زیرۂ بودادہ کا اور زیرہ بونداوہ کا برابر ساتھ پانی
ترنج کے کہ مطبوخ ومصرا ہو مجرب ہی
دیگر۔ کہ حیض کو روکے اور مجرب ہی اور بیچ تقویت
رحم کے بیعدیل ہی مومیائی صمغ عربی گل ارمنی ہر ایک
ایک درم دم الاخوین دو درم۔
دیگر۔ کہ حیض کو بند کرے گلنار کندر مازو سرمہ اقاقیا
شب یمانی برابر کوٹکر چھان کر ساتھ پانی بارتنگ کے
گھول کر حمول کرین اور بھی اوپر پشت وعانہ کے
طلا کرین۔
دیگر۔ کہ یہی اثر کرتا ہی کاغذ سوختہ اقاقیا گلنار گل سرخ
عصارۂ لحیۃ التیس مازو ٹکڑا کتان کا جلا ہوا برابر کوٹ کر
چھان کر سرکہ مین گھول کر حمول کرین۔
فرزجہ۔ کہ حکۂ رحم کو کہ اُسکو ابنۃ النسا کہتے ہین نافع
ہو سداب نعناع پوست انار عدس مقشر بیچ گلاب اور
تھوڑے سرکے کے پکا کر ٹکڑا ابریشم کا اُسمین آلودہ کرکے
حمول کرین اور بیچ حاوی کبیر کے کہا ہی کہ ساتھ طبیخ بنفشہ

کے پکاوین اور حمول کرین۔
دیگر۔ کہ یہی اثر رکھتا ہی زعفران کافور ہر ایک ایک
دانگ مرداسنگ دو دانگ حب الغار نصف درم کوٹکر ساتھ
سفیدی انڈے و روغن گل کے گھولکر حمول کرین۔
دیگر۔ کہ واسطے رفع کرنے حکہ کے اور اختلاج فرج ورحم
کے مجرب ہو ناردین نعناع خشک گل نسرین خشک گل نیلوفر
برگ سرو برگ سدر لاجورد بالسویہ ساتھ روغن زیتون
کے گھول کر ایک مثقال فرزجہ کرین اور ایک مثقال
ساتھ آب بابونہ مطبوخ کے اوپر ناف کے ضماد کرین
اور پانی وشراب سے پرہیز کرین اسلیے کہ دوا توقف
کرے اور احسن یہ ہی کہ وقت ہونے حیض کے اس
دوا کو استعمال کرین۔
فرزجہ۔ کہ حکہ و اختلاج کو پیدا کرے اس مرتبہ تک
کہ عورت بیقرار ہو جاوے چاہیے کہ ایک ہفتہ تک استعمال
کرے اور بیچ ایام استعمال کے اثر حکہ کا معلوم نہوگا مگر جسدن
کہ فرزجہ کو ترک کرے ظاہر ہوگا اور چھ مہینے تک اثر
اُسکا باقی رہے گا اقحوان ابہل اشنہ انجدان بیچ درخت
فندق اشنان سبز مرزنجوش مر بارجہ زمحروث بالسویہ
کوٹ کر ریشمی کپڑے مین چھان کر ایک مثقال ساتھ شیر
حیوانات کے گھول کر ساتھ لتہ کے حمول کرین اور
جسوقت یہ سب دوائین نملین بعضے اُنسے کافی ہین۔
فرزجہ۔ واسطے اوجاع حارہ وباردہ رحم کے مجرب
ہی کنجد کو کوٹ کر ساتھ روغن گل سرخ کے حمول کرین
اور تھوڑا اُس سے گرم کرکے ضماد بھی کرین۔
فرزجہ۔ کہ واسطے ورم گرم کے نافع ہی خشخاش سفید

نیموفتہ کو بیچ دودھ کے پکاکر روغن گل سرخ اور تھوڑی
زعفران وموم کے فرزجہ کرین اور بدستور مرہم داخلیون
روغن گل سرخ مین حل کرکے ساتھ آب بارنگ کے
یا دودھ عورت کے ممزوج کرکے حمول کرین۔

فرزجہ۔ واسطے تحلیل اورام صلبہ رحم کے نافع ہی موم
پیہ اروک پیہ مرغ مقل ازرق ہر ایک تین درم خطمی تخم
کتان ہر ایک اٹھارہ درم ساتھ عسل کے یا ساتھ مغز
خیارشنبر کے گھول کر حمول کرین۔

دیگر۔ کہ درد ورم سخت رحم کو موقوف کرے اور
نرم کرے اور حمول کرنا اسکا دبر مین وجع بواسیر کو ساکن
کرتا ہی بابونہ پیہ بط افیون موم بالسویہ ساتھ ٹکڑے
ریشم کے حمول کرین۔

دیگر۔ کہ اوجاع رحم کو نافع ہی انزروت کندر دم الاخوین
حب الآس گل ارمنی اقاقیا کوٹ کر چھان کر ساتھ
آب بارنگ کے گھولکر ساتھ ٹکڑے ریشم کے استعمال کرین

فرزجہ۔ کہ مدہ وصدید کو جو قبل سے سائل ہون نافع
ہی بشرطیکہ موضع قریب سے آتے ہون اور عفن اور
بدبو ہون صبر دم الاخوین کندر انزروت باریک کرکے
حمول کرین اور جو مواضع بعیدہ سے آتے ہون
حقنہ کرین قبل مین اُن حقنون سے کہ بیچ باب قروح الامعا
کے مذکور ہین اور وہ شافہ کرین کہ بیچ باب بول الدم
والمدہ کے مضبوط ہین۔

فرزجہ۔ کہ نتو رحم کو نافع ہی قرط طراثیث مازو
خرنوب چارون جزو مساوی لین اور آب شیرین
اور تھوڑی شراب مین جوش کرین پس اُتارکر
صاف کرین اور اقاقیا سنگ رامک باریک کرکے
طبیخ مذکور مین ملاوین اور ٹکڑا ریشم نرم سے لیکر پیٹین
اور گردصہ بنا کر اس اسفنج مین تر کرکے
استعمال کرین۔

فرزجہ۔ کہ ورم بارد وصلابت رحم کو نفع کرے
کندر مقل حجرالیہود بارزد ہر ایک دو درم زعفران
جاؤشیر اشق ہر ایک ایک درم مصطگی میعہ سایلہ جندبیدستر
روغن سوسن پیہ بط روغن بابونہ ہر ایک تین درم
صمغ کو بیچ شراب وعسل کے حل کرین اور موم
کو آگ پر پگھلاوین پھر سب کو ملاکر فرزجہ بناوین اور
حمول کرین۔

دیگر۔ کہ واسطے قروح وسرطان رحم ونزف الدم کے
نافع ہی ٹکڑا سیسے کا اوپر صلایہ سیسے کے ساتھ روغن گل
کے ملین یہانتک کہ غلیظ ہوجاوے بعد اسکے
حمول کرین۔

دیگر۔ کہ اورام صلبہ اور درد رحم کو نافع ہی پیہ بط
مغز ساق گاؤ واونٹ کا مقل ازرق زعفران زردی
انڈے بریان کی دردروغن سوسن کا سب کو برابر
لیکر ساتھ شراب کے یا طلایہ کے گھول کر حمول کرین

حرف القاف

قرص کہربا۔ اور سب اقراص کہ حابس نزف الدم
کے ہین بیچ ادویۂ امعا کے مذکور ہوئے ہین۔

قرص مر۔ کہ ادرار طمث کرتا ہی قوت سے اور ولادت
کو آسان کرتا ہی اور اگر اُسکی مداومت کرین جنین کو

ساقط کرے مرتین درم ترمس پانچدرم حلتیت سکبینج جاؤشیر برگ سداب خشک برگ پودینہ خشک مشکطرامشیع فردمانا فوہ الصبغ ہرایک دو درم کوٹکر چھانکر قرص بناوین ہرایک قرص دو درم کا وزن ہین مقدار خوراک ایک قرص ساتھ جوشاندۂ ابہل کے اور اگر ترمس نہو عوض اسکے دارچینی ڈالین اور اگر ساتھ آب سداب کے قرص بناوین بہتر ہو۔

قرص صموغ ۔ کہ ولادت کو آسان کرے اور بچہ مردہ وزندہ کو اسیوقت نکالے مرجاؤشیر سکبینج بارزد ہرایک ایک درم حلتیت نصف درم جملہ ایک خوراک ہی ساتھ آب سداب کے یا ساتھ جوشاندہ حلبہ کے دین اور بخور کرنا ان ادویہ کا بھی عمل کرتا ہی اور غذا نخوداب بہتر ہی۔

حرف الکاف

کبوس ۔ واسطے استرخاے مقعد کے کندر قنتور کندر شیح سوختہ صدف سوختہ مرداسنج اقلیمیاے فضہ بالسویہ باریک کرکے اوپر فاوہ کے رکھکر باندھین۔

حرف المیم

ماالقمقم ۔ واسطے خروج مقعد دبرد زرحم کے نافع ہی مازو گلنار حفت بلوط برگ آس جملہ کو قمقم مین پکاکر علیل کو اسمین بٹھائین اور اس سے استنجا کرادین۔

فائدہ قمقم ۔ آفتابہ کو کہتے ہین۔

مسوح ۔ کہ واسطے بواسیر وشقاق رحم کے نافع ہی مقل ازرق گوہان شتر مغز ساق گاؤ مغز خستہ زرد آلو میعہ سائلہ زردی انڈے کی ہرایک ایک مقدار لیکر روغن گل مین کہ پیاز کو اسمین پکایا ہو گھول کر ملین۔

مسوح دیگر ۔ کہ درد بواسیر کو موقوف کرے روغن خستہ زرد آلو دس۱۰ درم میعۂ سائلہ تین درم مقل دو درم مرکب کرکے ملین۔

معجون ۔ کہ بیچ اسقاط جنین کے قوی تر ہی ابہل سو درم فوتنج خشک سداب خشک ہرایک بیس۲۰ درم فردمانا فوہ الصبغ مشکطرامشیع ہرایک دس۱۰ درم کوٹ کر چھان کر ساتھ شیرۂ انجیر کے ملاکر صبح وشام بقدر بیضہ کے دین۔

معجون ۔ کہ حمل کو معین ہی بہمنین قاقلہ مغز چلغوزہ دارچینی ہرایک دو درم مرداریدناسفتہ بسد فلفل زنجبیل قرنفل جوز ہندی سکبینج سافج ہندی برگ قرنفل ہرایک ایک درم جوز الطیب زعفران ہرایک نصف درم کوٹکر چھان کر ساتھ سہ چند شہد کف گرفتہ کے گھولین اور شیشے کے باسن مین رکھین اور مرد وعورت ہر رات کو ڈیڑھ مثقال کھاوین۔

معجون مقل ۔ کہ بواسیر کو اور ریح کو جو اندر امعا کے ہو تحلیل دے و قطع کرے اور آماس مقعد کو کہ خون آتا ہو فائدہ کرے پوست ہلیلہ کابلی پوست بلیلہ آملہ منقے تخم سپندان سفید تخم گندنا نانخواہ شاہسفرم ہرایک پانچدرم

مقل پچاس درم مقل کو بیچ آب گندنا کے حل کرین
اور ادویہ کو اُسمین گھولین مقدار خوراک دو درم ۔
مرہم شادنہ ۔ کہ بواسیر و شقاق مقعد کو نافع ہی
شادنہ مغسول گل ارمنی عصارہ لحیۃ التیس ہر ایک تین
درم افیون نصف مثقال و چہار جبہ سفیدہ رانگے کا
دو درم زعفران ایک درم روغن بنفشہ بادام روغن
گل بادام ہر ایک دس دس درم موم سفید پانچدرم موم
بیچ روغن کے پگھلا کر ادویہ کو کوٹ کر چھانکر اُسمین ملاوین
اور ساتھ دس درم شیر عورت کے بیچ ہاون کے
ڈالکر ملین تو مانند مرہم کے ہو جاوے ۔
مرہم کافوری ۔ کہ شقاق مقعد و لب کو اور سوزش
باسور کو اور آگ سے جلنے کو نافع مرداسنگ سپیدہ
رانگے کا موم سفید ہر ایک پانچدرم روغن گل بیس
درم موم کو روغن مین پگھلا کر ادویہ کو اُسمین ملا کر
بیچ ہاون کے ملین تو ہموار ہووے اور رہنے دین
یہانتک کہ خشک ہو جاوے بعد اُسکے ایک سفیدی انڈے
کی اور تھوڑا کافور داخل کرین اور مراہم دیگر کہ علل مقعد
و رحم کو سودمند ہین بیچ اضمدہ کے مفصلاً مذکور ہوئے اور
بھی بیچ علل ظاہر اعضا کے آخر کتاب مین مراہم کثیر مذکور ہونگے

حرف النون

نقوع بزور ۔ کہ حیض کو نکالے تخم خربزہ نیم کوفتہ
سات درم تخم انیسون بادیان ہر ایک تین درم دو قو
مشکطرامشیع ہر ایک دو درم سنبل افسنتین ہر ایک چار
درم سنجر اسپند ابہل ہر ایک ڈیڑھ درم جملہ نیمکوفتہ باسن

شیشے مین رکھکر ڈیڑھ من پانی اُسپر ڈالین اور تین
دن دھوپ مین رکھین اور رات کو گرم گھر مین بعد
اُسکے ہر صبح چار اوقیہ ساتھ ایک درم روغن بادام شیرین کے
پیین اور اگر جوش کرین یہانتک کہ آدھا من رہے بہتر ہو
نطول ۔ کہ افراط حیض کو نافع ہی گل سرخ برگ مورد
ہر ایک دس دس درم شب یمانی مازو نیمکوفتہ گلنار
ہر ایک پانچدرم پوست انار نیمکوفتہ جوز السرو گزمازج تین
درم اقاقیا دو درم مجموع کو جوش کرکے اُسکے پانی
مین بٹھائین اور قرص کہربا کو ساتھ آب مورد کے
پیین ۔
فائدہ ۔ نطول اس جگہ بمعنی آبزن کے ہی ۔
نطول ۔ کہ جنین کی محافظت کرے اور قبل از وقت
نہ نکلنے دے گل سرخ سات درم گلنار گزمازج ہر ایک
پانچدرم برگ مورد خشک چار درم شب یمانی پوست
انار مازو ہر ایک تین درم نیمکوب کرکے جوش کرین اور اُسمین بٹھائین
نطول ۔ کہ واسطے درد رحم و صلابت رحم کے نافع ہی
مرزنجوش شبت تمام تخم کرنب قیصوم حلبہ تخم کتان بابونہ اکلیل الملک
پانی مین پکاوین اور اُسمین بٹھائین ۔
نطول ۔ کہ یہی کام کرتا ہی حلبہ تخم کتان بابونہ اکلیل الملک
اطراف کرنب ۔
نطول ۔ کہ واسطے خروج مقعد کے نافع ہی گلنار پوست
انار جفت بلوط مورد تر گل سرخ مازو ہر ایک ایک
مقدار نیمکوب کرکے جوش کرین اور اُسمین بٹھائین ۔
انتباہ ۔ جملہ امراض مخصوصہ رحم سے ایک اختناق رحم
ہی اور وہ اگر بسبب نہ کرنے جماع کے پیدا ہو تو حکم جماع کا کرین

بشرط امکان کے ورنہ اشیاے مقللۂ منی اور لیجانے والیان شہوت جماع کی کام مین لاوین اور کہین کہ قابلہ انگلی سے یا کسی اور چیز سے رحم کو کھجلاوے اور اگر یہ مرض احتباس سے ہوا ہو مدرات حیض دین اور وقت نوبت اس علت کے حبس سبب سے کہو واسطے افاقہ کے اطراف کو باندھین اور اشیاے خوشبو کو حمول کرین اور اشیاے بدبو کو سونگھاوین تو رحم طرف اسفل کے میل کرے اسلیے کہ رحم خوشبودار چیزون کا مشتاق ہی اور بدبودار چیزون سے نفرت کرتا ہی اور بھی ادویہ ناف کے مجمجہ عظیمہ بغیر شرط لگاوین خصوصاً مجمجۂ ناری اور کندش باریک پیسکر ناک مین دم کرین بیماری دوسری رجا ہی تدبیر اُسکی فصد کرنا طرف اور ادرار حیض کے اور طرف اشیاے مسقط جنین کے اور جب منتین دینا کئی دن تک اور امراض دیگر کہ رحم مین ہوتے ہین علاج اُنکا مرکبات بحث رحم سے کر سکتے ہین اور حقنہ کرنا رحم مین واسطے امراض رحم کے نفع کثیر رکھتا ہی۔

باب سترھوان

بیچ ادویۂ پستان وخصیہ وآلت اور مقویۂ باہ اور مانع سرعت انزال کے اور مقللۂ باہ کے اگر افراط کرے اور حابسہ سیلان منی کے۔

حرف الالف

الوشدارو۔ بیچ امر قوت باہ کے اثر قوی رکھتی ہی۔

القروپا۔ مقوی باہ ہی اور بیچ ادویہ مرکبہ کے مذکور ہی

اطریفل کبیر۔ کہ باہ کو زیادہ کرے بیچ بحث معدے کے مذکور ہوا۔

حرف الجیم

جوارش جالینوس۔ واسطے باہ کے اثر تمام رکھتی ہی اور بیچ ادویہ مرکبہ کے مذکور ہی۔

جوارش نرزعونی۔ منی زائد کرے اور باہ کو قوت دے اور پشت وگردہ کو مضبوط کرے اور امر مجامعت مین عظیم النفع ہی تخم کرفس تخم گزر تخم شلغم تخم شبت نانخواہ رازیانہ مغز تخم خربزہ مغز تخم بادرنگ بیخ کرفس مغز حب قلقل مغز حب الزلم مغز نارجیل تازہ مغز چلغوزہ ہر ایک پانچ مثقال تبسباسہ قرنفل فاقلمویہ کبابہ عاقرقرحا زنجبیل تخم شبت تخم جرجیر تخم پیاز حب الرشاد انجرہ تخم گندنا خولنجان جوزبوا گل قرفہ دارفلفل ہر ایک تین درم قرفہ زعفران کندر مصطگی عود ہر ایک چار درم تخم ہیون بوزیدان بہمن سرخ بہمن سفید تودریین شقاقل لسان العصافیر ہر ایک پانچ درم بصل الفار بریان خصیۃ الثعلب قضیب گاؤ پسا ہوا مغز کلۂ گنجشک نر خشک مربا گشنۂ خرما ہر ایک دس مثقال عنبر اشہب دو مثقال مشک ترکی نصف مثقال قند برابر سب ادویہ کے عسل مصفا ہموزن مجموع کے بطریق معہود معجون بناوین دو مثقال گرم مزاج کھاوے پیچھے اُسکے دودھ تازہ دس درم اُسمین حل

کر کے پیوے اور سرد مزاج پانچ درم کھاوے پیچھے اُسکے
ایک کاسہ ماء العسل کا پیوے۔

جوارش زرعونی دیگر۔ کہ واسطے تقویت
باہ و اعضاے رئیسہ و گردہ و کمر و آلات بول کے
معتمد علیہ ہو نزدیک جوارش سقنقور کے ہے تخم
ہلیون شقاقل تودری ناف سقنقور لسان العصافیر
ہر ایک ایک درم تخم انجرہ دو درم زنجبیل تخم شلغم
تخم گزر تخم شبت تخم ترہ تیزک تخم جرجیر تخم پیاز تخم
گندنا خولنجان جوز الطیب دارچینی دار فلفل بوزیدان
ہر ایک تین درم کوٹ کر چھان کر ساتھ قند
مقوم کے گھولین مقدار شربت ایک مثقال
سے دو مثقال اور اگر ناف سقنقور میسر نہو دو
وزن خصیۃ الثعلب اور تھوڑی رائی بدلے
اُسکے ڈالین کہ نہایت نافع ہے اور مختار صاحب
تحفۃ المومنین کا یہی ہے لیکن شیخ نجیب الدین
سمرقندی نے ایسا لکھا ہے کہ تخم ہلیون شقاقل
بہمنین تودرین ناف سقنقور لسان العصافیر
ہر ایک پانچ درم زنجبیل تخم شلغم تخم پیاز تخم رطبہ
تخم جرجیر تخم گندنا خولنجان جوزبوا دارچینی
دار فلفل بوزیدان اسقیل بریان ہر ایک
تین درم تخم انجرہ دس درم قند برابر سب اجزا
کے کوٹ کر چھان کر ساتھ شہد کے گھولین مقدار
شربت تین درم اور ایک نسخہ زرعونی کا بیچ بحث
معدہ کے گذرا ہے۔

جوارش بلادری۔ واسطے ریاح بواسیر
و تقویت باہ و ہضم طعام کے نہایت نافع ہے اور
مبرودون کو موافق زنجبیل دس استار فلفل تین
استار شیطرج ہندی دو استار شقاقل پانچ استار
قند ساڑھے چارسو مثقال مغز اخروٹ کنجد ہر ایک
دس مثقال بلادر دس عدد پہلے بلادر کو کوٹ کر
بیچ تین اوقیہ روغن کنجد کے بھگو کر ہاتھ سے ملکر
صاف کرین اور ادویہ کو اُسمین چرب کر کے
ساتھ قند کے کہ ڈیڑھ وزن اجزا کا ہے قوام کر
جوارش بنا دین۔

حرف الحاء

حلواء۔ کہ باہ و پشت و گردہ کو تقویت کرے
تودرین خشخاش سفید ہر ایک دو درم و نصف
حب المحلب زنجبیل قرنفل دارچینی شقاقل ہر
ایک ڈیڑھ درم حب السمنہ بوزیدان
جوز جندم حب القلقل ہر ایک ایک درم
زعفران پانچ درم مغز بادام مغز فندق آرد
برنج شکر سفید ہر ایک نصف من مغز نارجیل کتیرا
آرد باقلا آرد نخود روغن کنجد ہر ایک ربع من
عسل ایک من۔

حلوا سوہان۔ کہ مبرودون کو موافق و کثیر الغذا
و مولد خون غلیظ ہے اور واسطے تقویت باہ و
اعصاب و درد کمر کے نافع ہے گندم کو بیچ اتنے
پانی کے بھگوئین کہ گیہون نمی کو اُٹھا لیوین ورنہ
زیادتی آب مین قوت گندم کم ہو جاویگی

بعد اسکے تھیلی مین رکھکر دھوپ مین خشک کرین اور ہر روز تھوڑا پانی اُسپر چھڑکین تو سبز ہونا شروع کرین پس دھوپ مین خشک کرکے آٹا اُنکا بناوین اور نصف اُسکے یا برابر اُسکے آٹا گیہون کا ملاوین اور پانی کو جوش کرکے تھوڑا تھوڑا پانی اُسپر گرا کر آگ پر پکاوین اور ہلاتے جاوین یہانتک کہ آٹا بالکل پک کر گاڑھا ہوجاوے پس تھوڑا روغن طعام یا روغن کنجد اضافہ کرین اور بعد جذب ہونے روغن کے شیرہ شکر کا یا دوشاب انگور کا بقدر شیرینی کے کہ مقصود ہو اضافہ کرین اور اسقدر جوش کرین کہ روغن جذب شدہ نکلنا شروع کرے بعد اُسکے مغز پستہ مغز گردگان مغز نارجیل دارچینی زنجبیل پیپل جوزبوا قرنفل فلفل ہر ایک ایک مقدار اضافہ کرین تو ذائقہ موافق حاصل ہووے۔

حلواء۔ کہ مسمّی ہی بخوان احمدی منی کو زیادہ کرے اور باہ کو قوت دے اور بدن کو فربہ کرے برنج پاکیزہ دھوئے ہوئے ایک رطل پانی مین جوش کرین یہانتک کہ پک جاوین اور مغز بادام ایک رطل کوٹکر ساتھ دو رطل قند سفید و ایک پیالہ گلاب کے نرم آگ پر پکاوین اور کفچہ مارتے جاوین اسوقت تک کہ پک جاوے پس مشک ایک دانگ ملا کر کام مین لاوین۔

حلوائے بیضہ۔ کہ واسطے تقویت باہ و تولید منی و درد کمر مزمن صعب کے مجرب ہی اور مخصوص زردہ بیضۂ مرغ پچاس عدد آرد برنج آدھ سیر شہد خالص ڈیڑھ سیر روغن گاؤ سیر بھر مصطگی اندرجو شیرین بسباسہ سنبل الطیب درونج عقربی بہمن سفید و سرخ موصلی سیاہ و سپید قرفہ زعفران مغز کعنیج جوزبوا تخم اُٹنگن ہر ایک نیم درم تخم گزر نیم دام خصیۃ الثعلب مصری دو دام تودریین ایک دام مشک اصیل ایک درم اول آرد کو روغن مین بریان کرین اور زردۂ بیضہ ڈال کر خوب کفچہ مارین پھر شہد اور ادویہ دیگر ملا کر نگاہ رکھین۔

حلوائے جزر۔ کہ جماع کو قوت دے اور منی زیادہ کرے اور بدن کو فربہ کرے گاجر کو تراش کر ایک من پانی مین پکاوین اور ہاون چوبین مین نرم کرین بعد اُسکے مغز پنبہ مغز بادام مغز گردگان مغز نارجیل مغز فندق مغز پنبہ دانہ مغز حب الزلم حب القلقل کنجد سیاہ مقشر خشخاش سفید ہر ایک ایک استار کبابہ زنجبیل دار فلفل دارچینی ثعلب مصری جوزبوا بسباسہ زرنباد ہر ایک تین درم مجموع کوٹ کر ساتھ نصف من عسل و نصف من قند و ربع من روغن گاؤ اور پچاس عدد زردی انڈے کے نرم آگ پر پکاوین تو موافق مدعا کے پکجاوے اور اگر چاہین شیرینی زیادہ ڈالین۔

حلواء۔ کہ باہ کو زیادہ کرے اور مجامعت کو قوت دے اور بدن کو فربہ کرے آرد نخود سفید آرد گندم شستہ ہر ایک ایک اوقیہ روغن گاؤ مین بریان کرین اور نصف من جلاب قند سفید و نصف من پانی دیگ مین ڈالکر کفچہ مارتے رہین اور نرم آگ پر پکاوین اور مغز بادام ربع من زعفران ایک مثقال مشک تبتی ایک دانگ گلاب ایک پیالہ آخر مین اضافہ کرین

اور ہر صباح ایک سکرجہ تناول کرین۔

حلوا، دیگر۔ کہ یہی عمل کرے مغز بادام مغز گردگان مغز پستہ مغز فندق کنجد مقشر شاہدانہ مغز حبۃ الخضرا مغز نارجیل مغز چلغوزہ ہر ایک تین استار خوب کوٹکر ساتھ ایک رطل مائدہ گندم اور ایک رطل روغن گاؤ اور ایک من قند کے پکاوین اور آخر طبخ مین ایک دانگ مشک اور ایک مثقال زعفران اور ایک پیالہ گلاب اضافہ کرین اور نرم آگ پر پکاوین اور کفچہ مارتے رہین یہانتک کہ پک جاوین۔

حلوا۔ کہ اس امر مین قوی تر ہی گوشت سینۂ مرغ فربہ کا کوٹین کہ مانند مرہم کے ہوجاوے اور بیچ قند و عسل کے پکاوین اور روغن گاؤ اضافہ کرین اور آہستہ آہستہ کفچہ مارتے رہین یہانتک کہ پک جاوے اور بریان ہوجاوے اور آخر مین تھوڑا مغز بادام خوب کوٹکر اُسمین ڈالین اور ساتھ مشک و زعفران و گلاب کے معطر کرین اور ہر صبح ایک اوقیہ کھاوین اور اگر بعضے مغز و عقاقیر اضافہ کرین بہتر ہی۔

حلوا۔ کہ بیچ تقویت باہ و تولید منی و فربہی بدن کے نظیر نہین رکھتا ہی اور واسطے درد کمر و ضعف گردہ و مثانہ کے مجرب ہی اور اس درویش نے اُسکو مرکب کیا ہی زردک سرخ رنگ شیرین لیکر پوست سے اور چیز سخت سے کہ اُسکے درمیان مین ہوتی ہی پاک کرین پس ایک من اُس سے و نصف من خرماء فربہ پر مغز گٹھلی نکالے گئے سے ساتھ دودھ گاے کے پکاوین تو مہرا ہوجاوے بعد اُسکے ہاون چوبین مین کوٹین تو مانند مرہم کے ہو پس آرد نخود اور مائدہ گندم ہر ایک پندرہ درم تھوڑے روغن گاؤ مین بریان کرکے قند سپید ایک من پانی مین حل کرین اور صاف کرکے اُسپر ڈالین اور پکاوین اور بعد اُسکے زردک و خرما ہندکو رکو دو تین جوش دیکر نیچے اُتار لین اور زردۂ بیضۂ مرغ پانی مین جوش کی ہوئی بیس عدد بھی اضافہ کرکے سب کو خوب ملاوین بعد اُسکے مغز پستہ مغز جوز مغز فندق مغز چلغوزہ مغز نارجیل ہر ایک دس درم خصیۃ الثعلب گشنیز خرما خشک مربا دارچینی خولنجان زنجبیل ہر ایک تین درم زعفران مشک ہر ایک ایک درم باریک کرکے ملاوین اور ہر صبح دس درم کھاوین۔

حب۔ کہ اورام بارد خصیہ و فتق کو نافع ہی اور ریاح کو توڑے تخم کرفس ہزار سپند انیسون مصطگی زعفران ہر ایک ایک درم پوست ہلیلۂ کابلی آملہ سکبینج مقل ہر ایک دو درم فطرا سالیون فودنہ اذخر قسط زرنباد درونج اسارون ہر ایک نصف درم کوٹ کر چھان کر ساتھ شراب سداب کے حب بناوین اور ہر دن ایک درم تناول کرین۔

حب مہی۔ پنیر مایۂ خرگوش ساتھ شراب انجیر کے حب بناکر وقت کام کے ایک گولی منہ مین رکھکر پانی اُسکا نگلتے جاوین کہ نعوظ خوب لاویگا۔

حب قرص افعی۔ کہ بیچ تقویت باہ کے عجیب ہی ثعلب خولنجان ہر ایک تین مثقال پنیر مایۂ شتر اعرابی زنجبیل قرص افعی گشنیز خرما ہر ایک ایک مثقال خردل

مثقال ساتھ گلاب کے گولیان بنا دین۔

حب۔ کہ خوب لغوظ لاوے اور دیری انزال مین اثر بہت رکھتی ہی اور رکھنا اُسکا منھ مین بہت امساک لاوے اور مجرب ہی اور بیچ بحث معدے کے مذکور ہی۔

حب جالینوس۔ واسطے اُس شخص کے کہ عاجز ہو انزال بکثرت سے بسبب سست ہوںے اعصاب کے یا بسبب حلق یا اور کوئی سبب سے نافع ہی بلکہ اغلب یہ ہی کہ پہلی رات مین قادر کرے ورنہ دوسری تیسری رات اور مجرب ہی مغز سر کنجشک نر کہ وقت ہیجان کے لیوین شقاقل مصری تازہ تخم پیاز سفید گشن خرما تخم گندنا ثعلب مصری تخم جرجیر سمکہ صیدا جملہ وزن مین برابر تھوڑا سا مشک کوٹ کر چھان کر ساتھ عسل کے یا آب جرجیر کے گولیان بنا دین ہر ایک گولی بقدر ایک نخود کے مقدار خوراک ایک مثقال سے ڈیڑھ درم تک ساتھ تین پیالہ شراب کے یا آب انگور شیرین کے یا ساتھ اُس پانی کے کہ نخود اُسمین بھگوئے ہون۔

حب۔ کہ جب بعد جماع کے کھاوین پھر قوت اصلی عود کرے گویا جماع نہین کیا ہی چوبہ کہ چوب عود ہندی سے لیتے ہین اور جملہ خوشبویون ہند سے ہی اور مصطگی ہر ایک ایک درم تخم بادنجان ایک درم ان دونون کو باریک کر کے ساتھ چوبہ کے گولیان بنا دین مقدار شرح کے مقدار خوراک دو گولی سے چار تک اور تقویت معدہ کے لیے اثر تمام رکھتی ہی۔

حب عنبر۔ بعد چھ ساعت کے نغوظ لاتی ہی اور رکھنا اُسکا منھ مین باعث دوام لغوظ کا اور خوشبودار ہونے منھ کا ہی اور مقوی دماغ ہی اور بیچ ادویہ کے مذکور ہوئی ساتھ حبات دیگر کہ منشط و مبہی و ممسک ہین فانظر ثمہ۔

حب جدوار۔ بیچ تقویت باہ کے اثر تمام رکھتی ہی اور بیچ بحث معدے کے مرقوم ہوئی۔

حب افیون۔ واسطے امساک منی کے مجرب ہی افیون دس درم فلفل دار چینی زنجبیل کثیرا صمغ عربی زعفران بسباسہ ہر ایک پانچ درم حب بلسان مرصافی عاقرقرحا رب السوس زرنباد جندبیدستر جدوار خطائی درونج عقربی مصطگی عود خام ہر ایک دو درم قرفہ تخم کرفس قرنفل دار فلفل خبطیا نا ہر ایک بین درم مشک خالص ایک درم نبات پندرہ درم کوٹ کر چھان کر گلاب مین گولیان بقدر نخود کے بنا وین۔

فائدہ۔ امساک مین بہت حرص کرنا نہ چاہیے کہ آخر کو مضر رکمر تا ہی۔

حب سیماب ممسک۔ پارہ سفت کپڑے مین ملکر چھانا ہوا افیون خالص ہر ایک تین درم دونون کو ایک جا ساتھ شیرۂ برگ تنبول کے پیسکر سایہ مین خشک کرین اور اسی طرح سات مرتبہ عمل مین لاوین بعد اسکے عاقرقرحا بذرالبنج خولنجان جوزبوا قرنفل بزباز ہر ایک ایک درم کوٹ کر چھان کر سب کو آپسمین ملاکر گولیان بقدر نخود کے بنا دین وقت حاجت کے آخر دن روٹی گیہون کی ساتھ روغن گاؤ کے کھاوین لیکن شکم سیر نہ کھاوین اور جو ایک پہر سے

کچھ زیادہ تناول غذا سے گذرے ایک اسمین نکلکر بعد تین گھڑی کے جماع شروع کرین بہت امساک ہو یہانتک کہ بدون کھانے ترشی کے فراغت نہو گی۔

حب ممسک - کہ افیون نہین رکھتی ہے عاقرقرحا ایک درم تخم ریحان آٹھ درم قند سفید نو درم کوٹکر چھان کر گولیان بناوین اور ایک درم کھاوین جبتک آب لیمون نہ چکھین انزال نہو گا۔

حب ممسک افیونی - قرنفل جوزبوا زعفران مصطگی قضیب گاؤ دار چینی خصیۃ الثعلب ہر ایک ایک درم مشک نصف درم افیون رومی چار درم ساتھ شہد مقوم نصف درم کے گولیان بناوین مقدار خوراک ایک گولی اُسکے لیے کہ عادت افیون کی رکھتا ہو ورنہ کمتر اس سے دینا چاہیے۔

حب سہل الوجود - واسطے امساک منی کے نہایت مجرب ہے دانہ تمر ہندی کو تین چار دن تک پانی مین بھگو کر پوست دور کرین اور مغز اُسکا ساتھ دو چند قند کے کوٹین اور گولیان بقدر نخود بناوین اور دو حب کھاوین اور اگر انزال متعسر ہو آب لیمون میسر اُسکا ہے۔

حب سیماب - کہ مسمی ہے بعقد سیماب اور رکھنا منہ مین وقت جماع کے باعث امساک منی کا ہے پارہ پانچ درم ساتھ تند سرکے کے ہاون مین پیسین تو حل ہو جاوے پس نمک ہندی تین مثقال ساتھ اُسکے ملاوین اور لوہے کا باسن سرکے سے بھر کر پارہ اُسمین جوش کرین اور پارا سخت پیسا ہوا تھوڑا تھوڑا اُسپر ڈال کر ہاون کے دستہ سے پیسین تو منعقد ہو جاوے بعد اُسکے موٹے کپڑے مین رکھکر نچوڑین اور جو کپڑے مین رہگیا ہو ساتھ سرد پانی کے دھووین تو میل اُسکا دور ہو جاوے اور مجموع کا ایک غلولہ بنا کر اُسکے درمیان مین سوراخ کر کے رسی روئی کی سوراخ مین ڈال کر ایک رات دن لیمون کے پانی مین رکھین تو منجمد ہو جاوے پس روغن دھتورہ مین ڈال کر نرم آگ پر جوش کرین اور وقت حاجت کے منہ مین رکھین لیکن رسی باہر منہ سے رکھین تو غلولہ حلق مین اُتر جاوے جب ارادہ انزال کا ہو غلولہ کو منہ سے نکال لیوین اور اگر غلولہ کو بعد تیار ہونے کے ایک برس تک کبھی دودھ مین اور کبھی روغن مین کبھی دیگ طعام مین کبھی بیچ پانی نون اور گھاسون مختلف کے ڈالین اور ہمیشہ ہاتھ سے ملتے رہین یہانتک کہ مانند آئینہ کے صاف و روشن ہو جاوے اور کچھ کدورت اُسکے جرم مین نہ رہے وصف مذکور مین بیمثل ہو گا۔

حب ملذذ - کہ باد لاوے اور بھی فاعل کو لذت دے اور بھی مفعول کو بشرطیکہ اس امر کے کہ تیزی دوا کی مزاج عضو مین تکلیف نہ دے عاقرقرحا مویز ج دار چینی اور بعضے کبابہ بھی ملاتے ہین جملہ برابر کوٹ کر چھانکر ساتھ شہد زنجبیل کے گھولین اور بمقدار نخود کے گولیان بناوین اور وقت کام کے ایک گولی منہ مین رکھین اور آب

وہان کا اوپر ذکر کے یا قبل کے ملین۔

حرف الدال

دوالسنہ۔ مقوی باہ ہی بیچ بحث سر کے مذکور ہوئی۔
دواء المسک۔ باقتباعدا واسطے تقویت دل کے اور باقی اعضاے رئیسہ باہ کو بھی قوت تمام دیتی ہی باعتبار مزاج کے اور بہت اتفاق پڑتا ہی کہ منافع دواء المسکون اور یاقوتیون کے منافع لبوب کبیر وغیرہ سے بیچ بعض مزاجون کے ظاہر ہوتے ہین بیچ بحث قلب کے مذکور ہوئے

دواء الترنجبین۔ ضعف باہ کو جو بسبب گرمی کے ہو نافع ہی ترنجبین سفید کلان دانہ سے پاک کی ہوئی تیس درم بیچ دو رطل تازہ دودھ کے جوش کرین تو موافق قوام عسل کے آوے اور ہر رات دو ملعقہ چاٹین و مراد ملعقہ سے یہان چار مثقال ہی اور سمرقندی نے کہا کہ ہر صبح بیس درم کھاوین اوپر اُسکے تازی مچھلی بریان کباب کی ہوئی گرم گرم کھاوین ساتھ پیاز کے اوپر اُسکے شراب پیین۔

دواء المسک۔ بیچ تقویت باہ کے بے نظیر ہی خسک کو کوٹ کر پارچہ بیز کرین اور بیچ پانی خسک تر کے تین رات دن دھوپ مین پرورده کرین اور ہر دن پانی کو تازہ کرتے رہین یہانتک کہ پانی خسک تازے کا تین وزن خسک خشک کے کام آوے پس خشک کر کے تین درم اُس سے ساتھ چالیس درم تازہ دودھ اور دس درم نبات کے پیین اور سرد مزاج تھوڑی زنجبیل کوٹ کر چھان کر اضافہ کرے اور اعتدال وزن زنجبیل کا چہارم حصہ خسک کا ہی اور بعضے طبیب عاقرقرحا عوض زنجبیل کے ڈالتے ہین اور بعضے ہر ایک کو ان دونون سے آٹھوان حصہ خسک کا ملاتے ہین اور اگر دودھ نہو ساتھ آب نیمگرم کے کھاوین و اگر زنجبیل قلیل دودھ مین بھگوئین اور مربا خسک ساتھ دودھ مذکور کے عجیب فعل کرے۔

فائدہ۔ خسک بیچ تہیج باہ کے قوت تمام رکھتا ہی اور ساتھ اسکے حرارت کو نہین اُٹھاتا ہی اگر چیزین گرم اسکے ساتھ نہون

دواء البصل۔ کہ تولید منی کرے اور نعوظ لاوے اور نہایت مقوی باہ اور مبرودون کو مناسب ہی آب پیاز ایک جزو عسل دو جزو جوش کرین یہانتک کہ آب پیاز جلجاوے اور عسل رہے اور وقت خواب کے دو ملعقہ یعنے آٹھ مثقال پیین۔

نوع دیگر۔ کہ اول سے اعتدال ہی آب پیاز ایک جزو تازہ دودھ گاے کا دو جزو پکاوین یہانتک کہ گاڑھا ہوجاوے اور ایک اوقیہ اُس سے پیین۔

دوا الحمص۔ واسطے باہ کے نظیر نہین رکھتی ہی نخود سفید بڑے آب جرجیر تازہ مین بھگوئین اور پانی جرجیر کا اسقدر ہو کہ نخود اسمین پھول جاوین پانی بیچ نہ رہے پس سایہ مین خشک کرین اور پیسین اور روغن حبۃ الخضرا مین چرب کرین اور قند سفید برابر نخود کے ڈال کر قوام کرین پس آپس مین ملاوین اور پیش از غذا اور وقت خواب کے بقدر بیضہ کے کھایا کرین اوپر اُسکے تین اوقیہ نبیذ پیا کرین فانہ جید بلیغ۔

دواء الحلتیت ۔ کہ بیچ نعوظ لانے کے سریع الاثر ہی حلتیت شہد مین ملا کر ایک مثقال یا دو ساعت قبل از جماع کھاوین ساتھ ایک اوقیہ شراب کے ۔

دواء البلادر ۔ بیچ امر باہ کے عجیب الاثر ہی عسل بلادر و عسل مصفا و روغن گاؤ تینون برابر لیکر تھوڑا جوش کرین اور بقدر احتمال کے پیین ۔

دواء الدارچینی ۔ کہ بہت نعوظ لاوے اور اصحاب امزجۂ باردہ کو مفید ہی تازہ دودھ گاے کا ایک رطل لیوین اور دس درم دارچینی کو مانند سرمہ کے پیسکر اُسپر ڈالین اور ایک ساعت کے پیچھے بدفعات پیین تو سب دودھ کو نوش کرین اور اسی طرح ایک ہفتہ عمل مین لاوین اور جماع سے پرہیز کرین فانہ یولد المنی کثیراً و یہیج الباہ شدیداً ۔

دواء البزور ۔ واسطے باہ کے مجرب ہی اور کثیر الاثر تخم جرجیر تخم شلغم پیاز تخم ترب ملیون حب الصنوبر حب القلقل حب الزلم شقاقل بوزیدان بہمنین تودرین لسان العصافیر ہر ایک دس درم زنجبیل قرفہ دارفلفل ہر ایک پندرہ درم حلتیت طیب حرف فلفل تخم جرجیر ہر ایک پانچ درم روغن نارجیل روغن حبۃ الخضراء بالسویہ اسقدر کہ ادویہ اُسمین لت ہو جاوین عسل صاف قدر حاجت کے مقدار خوراک پانچ درم صبح و شام ساتھ دودھ اور شکر کے کہ ہر ایک ایک اوقیہ ہون ۔

دواء ۔ کہ جماع و منی کو قلیل کرے بزور الفقد دس درم بزر ہوتنج بزر سداب ہر ایک پانچ درم سعد گلنار ہر ایک دو درم صبح و شام ایک کف کھاوین

اور اسکو قاطع النسل کہتے ہین ۔

دیگر ۔ کہ منی کو قلیل کرے اور ساتھ گرمی کے دیکھنے مین تخم کاہو تخم خرفہ ہر ایک دس درم اسبغول کشنیز خشک ہر ایک تین درم گلنار گل نیلوفر گل سرخ ہر ایک دو درم مقدار شربت تین درم ساتھ تھوڑے کافور کے کئی دن کھاوین اور ترشیون کو غذا کرین ۔

ادویۂ ہندیۂ باہیہ ۔ ماکول ہون یا غیر ماکول ۔

دواء ۔ کہ بیچ تقویت باہ کے مجرب ہی مالکنگنی تخم زردک عاقرقرحا ہر ایک ایک دام لونگ زعفران ہر ایک آدھا دام اسپند آدھا تولہ خشخاش کنجد ہر ایک پانچ درم روغن گاؤ شہد خالص ہر ایک چار دام زردی انڈے کی پانچ عدد ادویہ کوٹ کر چھان کر روغن و شہد و زردی مین گھول کر گولیان بناوین اور قبل از جماع ایک گولی کھاوین اور اگر موافق آوے دو گولی تک کھا سکتے ہین اور اگر زردی کی بو سے نفرت ہو انڈون کو پانی مین پکا کر پانی اُنکا لیکر ادویہ کو اُسمین ملاوین ۔

دیگر سہل الوجود ۔ نخود بریان مقشر شکر سرخ ہر ایک ایک دام وقت خواب کے کھاوین اور اگر ہاضمہ قوی ہو زیادہ کھا سکتے ہین ۔

دیگر سہل الوجود کثیر الاثر ۔ خرما نخود بریان برابر کوٹکر چھانکر ساتھ آب پیاز سفید کے گولیان بقدر چار مغز کے بنا کر ایک صبح کو اور ایک شام کو کھاوین اور چاہیے کہ خرما کو ساتھ تخم کے کوٹین تو بہت نافع ہو ۔

دیگر ۔ بیچ ڈھاک کہ فارسی مین پلہ کہتے ہین نصف دام

لیکر پانی مین پیسکر قبل از جماع پیین —

دیگر — ڈھاک کہ کہنہ ہو گرد اُسکے کھودین اور اُسکی جڑ وان سے جو درمیان مین موٹی و بھاری ہوتی ہی اور اہل ہند اُسکو کند کہتے ہین لیکر کوٹکر چھانکر تخوڑین شیرہ اُسکا نصف دام ساتھ تھوڑے روغن کے چاٹین —

دیگر — کہ سرد مزاجون کو بہت نفع دیتی ہی اور مجرب ہی ہیرا ہینگ چار ماشہ تلکر اوپر اُسکے دودھ گاے کا پیین —

دیگر — خرما چار عدد جو کوب کرکے تھوڑے پانی مین بھگوئین اور صبح و شام پیین اور اگر تھوڑے نخود خام بھی ساتھ خرما کے بھگوئین اور نخود کو کھالیوین اور پانی کو پی لیوین بہت نفع دے مجرب ہی —

دیگر — پوست بیخ اونٹ کتارہ کوٹ کر چھان کر نیم دام یا زیادہ باعتبار مزاج کے کھاوین اوپر اُسکے دودھ جوش کیا ہوا اور شکر سے شیرین کیا ہوا پیین قوت بخشے —

فائدہ — دودھ بیچ امر باہ و قوت بدن کے اثر تمام رکھتا ہی بشرط موافقت مزاج و معدے کے اور اگر مزاج کسی شخص کا بارد ہو تھوڑی دارچینی یا دو عدد مرچ یا ٹکڑا سونٹھ کا مسلم درمیان طبخ کے ڈالین اور اگر دو تین خرما بھی زیادہ کرین قوی تر ہووے اور بیچ طبخ شیر کے شرط یہ ہی کہ ربع حصہ اُسکا پانی ملاوین اور نرم آگ پر ظرف قلعی دار مین جوش کرین جب مقدار پانی کا جلجاوے اُتار لیوین اور شکر سفید ملا کر پیین اسلیے کہ شکر مانع بستہ ہونے کی دودھ کی بیچ معدہ کے ہی اور قند و نبات بہتر ہی شکر سے —

فائدہ — اگرچہ اہل ہند پینا دودھ کا رات مین مجرب نہین جانتے ہین لیکن جو اہل یونان نے منع کیا ہی بہتر یہ ہی کہ شرب اُسکا صبح کو مقرر کرین اور جب دودھ معدے سے گذر جاوے اور اقل مدا اُسکی ایک پہر ہی اسوقت غذا کھاوین تو بدون نقصان کے ہو اور بعد دودھ کے فوراً برگ پان نہ کھانا چاہیے کذا قال فی طبیب فرشتہ اور غالب ہی کہ سبب منع کرنے تناول تنبول کا پیچھے دودھ کے خوف پھٹ جانے دودھ کا ہی حرارت تنبول سے —

دیگر — کہ جملہ اغذیہ سے ہی اور بیچ تقویت باہ کے اثر عجیب رکھتی ہی اور صاحب گنج باد آورد نے لکھا ہی کہ یہ دوا معمول حضرت سلیمان پیغامبر علیٰ نبینا و علیہ السلام کی تھی کہ بیضہ مرغ چار عدد مغز حلوان ایک عدد آب گوشت جو فشاندہ بقدر حاجت آب ادرک آب پودینہ آب پیاز ہر ایک مناسب حال کے جملہ کو آپسمین خوب ملا کر بس روغن گاو کو گرم کرکے یہ اجزا اُسمین ڈالکر خاگینہ جیسا کہ مشہور ہی پکا کر اور وقت اُتارنے کے لونگ دارچینی فلفل ہر ایک تھوڑا تھوڑا باریک کرکے اضافہ کرین لیکن چاہیے موافق ہاضمہ کے کھاوین اور اُسکے تھوڑی نانخواہ تناول کرین کہ بیچ مداومت کئی دن کے فائدہ تمام حاصل ہوتا ہی —

دیگر — کہ بیچ امر باہ کے نفع کثیر رکھتی ہی گوند ببول خالص کہ عربی مین صمغ عربی کہتے ہین اور قند سیاہ کہنہ دو سالہ اور روغن گاو ہر ایک ڈیڑھ سیر گوکھرو کھارہ ہر ایک پاؤ سیر زنجبیل نیم پاؤ پہلے گوند کو روغن مین بریان کرکے

تکوب کرین پھر باقی اجزا کو کوٹ کر پارچہ بیز کرین بعد اُسکو قند کو قوام کرکے اور گوند ساتھ اشیاء مسحوقہ و روغن کے اُسمین ملاکر تیار کرین اور چاہین لبوب مناسب مانند بادام و چار مغز و نقل خواجہ کہ ہندی مین چرونجی کہتے ہین اور مانند انکے زیادہ کرین اور ہر روز آدھا پاؤ یا کم زیادہ موافق مزاج کے کھایا کرین ساتھ نان مرغن کے ایک مہینے سے چھ مہینے تک کھانے سے قوت بحال رہتی ہی اور باہ زیادہ ہوتی ہی اور بھی بھوک اور منفعۂ دائمی کو کہ ہندی مین کھروگ کہتے ہین بھی فائدہ کرتی ہی اور مراد سیر سے یہان سیر شاہجہانی ہی کہ چالیس دام سیر شاہی ہوتا ہی۔

دیگر۔ کہ باہ لاوے اور امساک کرے بہمن سفید خبطیا نارمی جوتری جائفل نکچھکنی لونگ موصلی سیاہ اسگند مغز تخم کوانچ ستاور موچرس عاقرقرحا دارچینی ہر ایک ایک درم زیرہ سیاہ ثعلب مصری ورنج عقربی بھوبھلی گندھک صاف کی ہوئی ہر ایک دو دو دام اور مراد دام سے سیر شاہی ہی اکیس ماشہ ہوتا ہی سقنقور دو عدد افیون مصری نصف دام سب کو کوٹکر چھانکر ساتھ شہد خالص کے گھولین اور ہر صبح ایک تولہ کھاوین لیکن کم سے شروع کرین اور بعد اُسکے تناول کے پان کھاوین اور دودھ بہت پیین اور ترشی و نمک سے پرہیز کرین۔

دیگر۔ کہ نعوظ لاوے اور لذت زیادہ کرے اور لائق نفیس مزاجون کے ہی چوہ و عطر گلاب دونون اُسمین ملاکر قضیب پر ملین۔

دیگر۔ سیماب ایک حصہ شہد دو حصہ اکٹھا کرکے لوہے کے ہاون مین آہنی دستہ سے اُسقدر حل کرین کہ ایک ذات ہوجاوین پس کپڑے پر لگاکر اوپر قضیب کے لپیٹین جب نعوظ خوب حاصل ہو کپڑا دور کرکے نزدیکی کرین۔

دیگر۔ افیون عاقرقرحا لونگ جاپھل برابر کوٹکر چھانکر ساتھ چربی سور کے آہنی ہاون مین آہنی دستے سے سات پہر تک کھرل کرین بعد اسکے طلا کرین کہ بہت نفع کرتی ہی یہانتک کہ عنین کو۔

دیگر۔ کہ بیچ امر باہ کے جلیل الاثر ہی کباب چینی ریوند چینی دارچینی چوب چینی عاقرقرحا لونگ جوتری جاپھل ہر ایک ایک تولہ سیماب تین تولہ پہلے سیماب کو بیچ دردی بول خر کے کھرل کرین ایک پہر تک بعد اسکے اور اجزا باریک کرکے ملاوین اور چار گھڑی اور کھرل کرین پس تھوڑا اُس سے اوپر پان کے رکھکر حشفہ کو چھوڑکر قضیب پر باندھین اوپر اُسکے کپڑا لپیٹ دین اور بدون ضرورت کے حرکت نہ کرین اکثر ساکن رہین اور قدرت حق کی مشاہدہ کرین کہ کسقدر بڑائی و قوت پیدا ہوتی ہی اور دردی بول خر کی یہ ہی کہ پیشاب گدھے کا بیچ ایک ہاون کے رکھکر بعد تین چار گھڑی کے جو رقیق و صاف ہی گرا دین اور جو غلیظ و سپید و تہ نشین ہو کام مین لاوین۔

دیگر۔ سہل الوجود کثیر الاثر کاپھل لبنی طلیکہ کہنہ ہو ساتھ دودھ بھیڑ کے کہ خالص ہو پیسکر اوپر قضیب کے طلا کرین اور ہر رات و صبح کو آب گرم سے دھو دین۔

دیگر۔ درخت ڈھاک و پتی بھٹ کٹائی سے شیرہ نکالکر

اُس شیرہ مین پوست بیخ کنیر سفید تازہ پیسین اور قبل از جماع بہ چار گھڑی طلا کرین۔

دیگر۔ کہ بہت نفع رکھتی ہی مصطگی رومی ایک دام لونگ بیخ آگ ریگ ماہی عاقرقرحا چھل ہر ایک نصف دام روغن گاؤ چار درم ادویہ باریک کرکے آہنی باسن مین رکھکر روغن مذکور سے ایک دام ملاوین اور نیم کی لکڑی سے صبح سے شام تک حل کرین اور اسیطرح رات دن حل کرتے رہین اور ہر دن آدھا دام روغن زیادہ کرین تو چار دام ہوجاوے پس اکیس دن اوپر قضیب کے ملین اور پانی نہ لگاوین کہ شہوت زائد عود کریگی اور خوب ہوگا اور شخص عاجز ازالۂ بکارت پر قادر ہوگا اور جو فقیر جانتا ہی یہ ہی کہ روغن تھوڑا تھوڑا ڈالنا اور سات دن مین صلایہ کرنا محض واسطے بیان کرنے شان و حال دوا کے ہی ورنہ خوب پیسنا چاہیے تو اجزا متلاشی و معدوم ہوجاوین اور روغن اگر کم ہو قدرے زیادہ کرین۔

دیگر۔ کباب ہ دارچینی کوٹ کر عاقرقرحا پوست بیخ کنیر سفید ہر ایک ایک دام لیکر جوکوب کرین اور سیر بھر پانی مین ایک رات دن بھگوئین بعد اُسکے جوش کرین جب ربع رہجاوے ملکر صاف کرین جو حاصل ہووے نصف اُسکے روغن کنجد ملاکر پھر جوش کرین یہانتک کہ پانی جلجاوے اور روغن رہے پس اُسکو طلا کرین کہ قوت و عظم بہت حاصل ہوگا

دیگر۔ کہ بیچ جلدی و تندی کے نظیر نہین رکھتی ہی پوست بیخ کنیر سفید پوست بیخ دھتورہ پوست بیخ بھنگ پوست بیخ آگ پہار دن لیکر سایہ مین خشک کرین اور برگ دھتورہ کا شیرہ نکالکر اُسمین گولیان بناوین اور وقت حاجت کے شراب یا اپنے پیشاب یا آب بھٹ کٹائی مین پیسکر طلا کرین جب خشک ہو دور کرین اور کام شروع کردین۔

دیگر۔ کہ یہی عمل کرتی ہی پوست بیخ کنیر سفید ایک حصہ برگ کٹائی دو حصہ شراب مین پیسکر طلا کرین اور پان اُسپر باندھین چار گھڑی تک۔

دیگر۔ کہ بیچ تقویت و تعظیم ذکر کے اثر تمام رکھتی ہی بیخ کنیر سفید کیوڑہ بچھناگ گھوگھچی سفید خراطین خشک مالکنگنی تخم دھتورۂ سیاہ و سفید افیون کچلہ ہینگ سرگین کبوتر صحرائی ہر ایک برابر جوکوب کرین اور ساتھ روغن کنجد کے چرب کرین یہانتک کہ سب تر ہووے اور ایک رات دن اسی طرح رکھین بعد اسکے مانند چوہ کے تقطیر کرین۔

دیگر۔ جو اوپر ذکر کے ملین استحکام خوب لاوے کافور سہاگہ ہر ایک ایک ماشہ لونگ بارہ عدد فلفل سولہ عدد باریک پیسکر گولیان بناوین بعد اُسکے پانی مین پیسکر وقت حاجت کے طلا کرین۔

دیگر۔ چربی شیر کی پوست بیخ چنبیلی پوست بیخ کنیر سفید ہر ایک دو دام لونگ پانچ دام کیکڑہ دو عدد پان کیکری کہ قسم اول تنبول ہی چالیس عدد ادویہ کوٹکر چربی پگھلاکر اُسمین گھول کر بطریق چوہ کے تقطیر کرین

دواء۔ کہ ورم خصیہ کو فائدہ کرے گیرو سونٹھ نوہ یعنے پنبہ دانہ کنجد سیاہ جملہ برابر خوب کوٹکر مادہ گاؤ

پیشاب مین پکا کر نیم گرم ضماد کرین تین دن مین ورم بالکل دور ہوگا۔

دیگر۔ کہ درد خصیہ کو جو بسبب ریح کے ہو یا بسبب ورم کے فائدہ کرے۔ مغز تخم بیدانجیر پانی مین پیسکر بیچ ظرف نقرہ کے گرم کرین اور رات دن مین تین چار مرتبہ طلا کرین۔

دیگر۔ کہ اگر آنت مین خصیہ اُتر آوے دفع کرے بہروزہ خشک کیا ہوا بیچ اُس پانی کے کہ افیون اُسمین حل کی گئی ہو ملا کر اوپر کپڑے کے رکھکر خصیہ پر لگا وین اور ایک پہر دھوپ مین بیٹھین بعد اُسکے تمام دن و تمام رات دوا لگی رہے صبح کو آہستگی سے جدا کرین اور دوسری مرتبہ لگا وین تو آنت اُتری ہوئی بالکل چڑھ جاوے۔

دیگر۔ کہ واسطے ورم خصیہ کے مجرب ہے آماس اگر جانب راست ہو اوپر اسیلم دست چپ کے داغ کرین اور اگر خصیۂ چپ مین ہو اوپر اسیلم دست راست کے داغ کرین۔

فائدہ۔ اسیلم نام اُس رگ کا ہے کہ درمیان خنصر و بنصر کے ہے داغ اُسکا ساتھ کپڑے بٹے ہوئے مانند بتی کے اوپر عضو کے رکھتے ہین و مشہور ہے کرنا چاہیے اور اگر لوہے سے کرین بھی روا ہے اثر داغ کا بدون تخلف کے ہے۔

حرف الراء

روغن سیر۔ کہ مسمی ہے بہ دہن راہب اور واسطے راہبون کے تالیف ہوا اعادۂ باہ مایوسون کا کرتا ہے اور جمیع امراض باردہ مین مجرب ہے اور واسطے تعقد عصب و درد کمر و حدبہ و بواسیر و تقطیر بول و سرخ کرنے رنگ رخسارون کے آزمودہ ہے جو زمستان مین استعمال کرین احتیاج اوڑھنے کی نہو سیر مقشر ایک جزو فرفیون عاقرقرحا ہر ایک ثلث جزو فلفل سداب ہر ایک ربع جزو روغن زیتون نو جزو مین جوش کرین یہانتک کہ ثلث رہے پس صاف کر کے استعمال کرین۔

روغن تا تورہ۔ واسطے سرعت انزال کے نظیر نہین رکھتا ہے اگر کف پا مین اُسکو لگا وین تا تورہ ہندی پوست سے پاک کر کے نیمکوب کرین اور شیشۂ گردن دراز مین رکھکر سر شیشہ کا گھوڑون کے بالون سے خوب بند کر کے شیشہ کو گل حکمت کرین اور بیچ کاسہ بزرگ کے کہ آب اُسمین رکھ سکین ترتیب کرین اور جڑ مین کاسہ کے سوراخ کرین اور سر شیشہ کا اُس سوراخ سے لگا وین اور نیچے شیشہ کے پیالہ رکھین اور کاسہ کو اوپر تپائی کے رکھین اور اوپر شیشہ کے آگ جلا وین اور اندر کاسہ کے جو روغن کہ ٹپکے نگاہ رکھین اور کام مین لاوین۔

روغن القلم۔ کہ مقوی باہ ہے بیچ بحث معدے کے گزرا

روغن مورچہ۔ اگر اوپر احلیل کے ملین قوت مباشرت کی زیادہ کرے مورچہ دراز سات عدد ساتھ روغن زنبق کے شیشہ مین رکھکر سر اُسکا بند کر کے بیچ سرگین گوسفند کے دفن کرین ایک رات دن بعد اُسکے صاف کر کے کام مین لاوین۔

دیگر۔ کہ مجرب ہے اور مداومت اُسکی سبب عظیم ہونے ذکر کا ہے مورچہ سیاہ بزرگ کہ قبرستان مین ہوتے ہین

سو عدد لیکر زندہ شیشہ مین رکھین اور روغن زراقی
کہ روغن زنبق ہی نصف اوقیہ اُسپر ڈال کر شیشہ
کا بند کر کے تین ہفتہ تک آفتاب اسدی مین رکھین
بعد اسکے عمل مین لاوین۔

حرف الزاء

زرعونی۔ بیچ امر باہ کے قوی الاثر ہی بیچ جوارشات
اسی بحث کے گذری۔

حرف السین

سفوف۔ کہ سیلان منی و تقطیر بول و خروج مذی
کو نافع ہی گلنار گل سرخ ہر ایک پانچ درم بزرا لبنج کسیلا
زیرہ انیسون ہر ایک دو درم خرمیان ایک درم
تخم کاہو تخم سداب جفت بلوط کندر سعد ہر ایک تین
درم تخم خرفہ چار درم کوٹ کر چھان کر ہمچند اُسکے
قند ملا کر ہر صبح پانچ درم سے سات درم تک کھاوین
اور اگر ہلیلہ کابلی و بلیلہ آملہ ہر ایک سات درم
اضافہ کرین بہتر ہی اور اگر عوض قند کے شہد
ملاوین روا ہی۔

سفوف۔ کہ قطع احتلام کرے کشنیز خشک و قند برابر
کوٹ کر چھان کر دو درم کھاوین۔

سفوف۔ کہ سیلان منی کو بند کرے اور سرعت
انزال کو نافع ہی تخم سداب تین درم تخم سنبھالو
بیخ سوسن ہر ایک دو درم گلنار گل سرخ ہر ایک
ایک درم و نصف کوٹ کر چھان کر دو درم اس سے
لیکر بیچ دوغ کے یا پانی کے حل کر کے پیین۔

سفوف حنین۔ کہ واسطے سرعت انزال کے
جو بسبب حرارت کے ہو نظیر نہین رکھتا ہی اسبغول
دو درم تخم خرفہ تین درم کشنیز خشک ڈیڑھ درم
اور ایک نسخہ مین تخم کاہو دو درم بھی اضافہ کیا
ہی سوا اسبغول کے باقی اجزا کو کوٹ کر چھانکر
اسمین ملا کر ایک درم نہار کھاوین۔

سفوف۔ کہ سرعت انزال کو دفع کرے طباشیر
خشخاش انیسون کندر ہر ایک ایک درم جوز السرو
تین درم مقدار خوراک دو درم ساتھ شربت
خشخاش کے۔

سفوف۔ کہ واسطے قطع دور منی و مذی کے
مجرب ہی اصل السوس دو درم گلنار چار درم تخم
کاہو تین درم گل سرخ تخم سداب تخم سنبھالو ہر ایک
پانچ درم کوٹ کر چھان کر تیار کرین مقدار
خوراک تین درم۔

سفوف فتق۔ کہ ہر مصطگی قضیب گاؤ روغن گل
زنبق مین بریان کیا ہوا پوست بیخ کنیر تخم کاسنی
نانخواہ ہندی زردہ تخم کرفس ہر ایک چھ درم
شیح اعرابی تین اوقیہ انیسون نصف رطل
شمار ایک رطل ادویہ کوٹ کر چھان کر ساتھ آب
علیق و آب یاسمین و آب جبق کے تر کرکے سایہ
مین خشک کرین اسی طرح تین مرتبہ تسقیہ کرین اور
ہر دن تین درم ساتھ عرق گاؤزبان و شکر کے
یا ساتھ آب ریحان اترجی و شکر کے کھاوین۔

سفوف - کہ دور شیر و منی کو موقوف کرے
تخم بادروج حب الفقد ہر ایک دس ۱۰ درم ابہل
سداب خشک ہر ایک پانچ درم کوٹ کر چھانکر تیار
کرین مقدار خوراک تین درم -

دیگر - کہ شیر کو زیادہ کرے اور منی کو بڑھاوے
تخم شلغم تخم رطبہ تخم ترب تخم گندنا تخم پیاز آرد جو تخم
رازیانہ تخم جرجیر جملہ برابر لیکر کوٹ کر چھانین صبح وشام
تین درم ساتھ دودھ کے کھاوین بعد اسکے نخود
دودھ مین تر کرکے کھاوین اور دودھ پیین -

سفوف - کہ شہوت جماع کو قطع کرے عورتون
و مردون سے شہدانج تخم خرفہ تخم کاہو تخم شبت
ہر ایک ایک جزو گل نیلوفر دو جزو مقدار شربت تین
درم ساتھ شیرۂ تخم خرفہ کے -

دیگر - تخم خرفہ تخم سنبھالو تخم کاہو برابر لیکر کوٹ کر
چھانین مقدار شربت ایک مثقال ساتھ آب
عدس کے -

سفوف - کہ ابنہ کو دور کرے گل سرخ پانچ درم
اسبغول دس ۱۰ درم تخم خرفہ تخم کاسنی ہر ایک تین درم
کشنیز خشک اڑھائی درم سواے اسبغول کے
سب اجزا کوٹ کر آپس مین ملاوین اور تین
درم ساتھ سرکۂ ممزوج بآب کہ بقدر ایک اوقیہ
کے ہو کھاوین اور اگر سرکہ کو مکروہ جانین آب
سرد کافی ہے -

حرف الشین

شربت انجیر - کہ باہ کو نافع ہے بیچ بحث گردہ
کے گذرا اور بیچ بحث امعا کے بھی -

شربت خسنک - کہ باہ کو مفید ہے بحث گردہ کے گذرا

شربت ابریشم - کہ باہ کو زیادہ کرے اور نشاط لاوے
اور جگر و دل و احشا کو قوت دے اور سدہ کھولے اور
جمیع امراض باردہ کو فائدہ کرے ابریشم پچاس درم بیچ
پانی آہنگرون کے بھگوئین تین رات دن بعد اُسکے
دیگ سنگین مین جوش کرین یہانتک کہ آدھا رہے پس
صاف کرکے خولنجان مصطگی ہر ایک تین درم زعفران
ایک درم صلایہ کرکے اضافہ کرین اور ساتھ ایک من قند
کے شربت پکاوین مقدار خوراک تین درم -

شربت گزر - باہ کو قوت دے اور درد پشت
کو نافع ہو زردک شستہ پاکیزہ دس من سر اور جڑ
اُسکی دور کرکے اور موافق درم کے کاٹ کر دیگ سنگین
مین ساتھ پانی کے ڈالین اور سر دیگ کا مٹی یا خمیر
سے بند کرین ایسا کہ بخار نہ نکلے اور نرم آگ پر پکاوین
بعد پکنے کے سرد ہونے دین بعد سرد ہونے کے منھ دیگ
کا کھولکر خوب ملین اور پانی اُسکا لیکر صاف کرین
برابر اسکے شہد ملاکر سنبل قرنفل خولنجان دارچینی
ہر ایک ایک درم زعفران نصف درم مجموعہ کوفتہ
پوٹلی مین رکھکر اُسمین ڈالین اور ہر ساعت
ہاتھ سے ملتے رہین اور آہستہ آہستہ جوش کرین
یہانتک کہ قوام ہو جاوے اور بعض لوگ نصف وزن
شیرہ جوش کیے ہوئے گاجر کے شراب انگوری بھی ملا کر
ساتھ شہد کے جوش کرتے ہین اس صورت مین

شراب گزر کہتے ہین

شربت فنجنوشت - کہ سرعت انزال کو نافع ہی آب انگور خام چھ رطل سماق ۔ نزو گلنار گلسرخ کشنیز خشک کندر صعتر سعد ہر ایک دس درم زعفران شب یمانی ہر ایک ایک درم خبث الحدید تین مثقال جوش کرین یہانتک کہ تہائی رہے صاف کر کے استعمال کرین ۔

شراب داروبخت - کہ باہ کو اور اعضاے رئیسہ کو قوت دیوے و نسیان و امراض بلغمی و سوداوی کو نافع ہی اور بوڑھون کے موافق آب انگور سو من بہ شیرین تین من سیب اصفہانی دو من گلاب نصف من آب خالص دس من دارچینی قرنفل مصطگی سنبل الطیب کبابہ قشیر بوا خولنجان ہر ایک پانچ درم عود خام بسباسہ دوالہ ہر ایک تین درم زعفران دو مثقال مشک نصف مثقال عنبر ایک مثقال سیب وہی آب انگور مین جوش کرین یہانتک کہ ہرا ہو جاوین بعد اسکے مل کر صاف کرین اور مشک زعفران عنبر گلاب مین حل کر کے اضافہ کرین اور باقی ادویہ کو نیکوب کر کے تھیلی مین رکھکر وقت جوش کرنے کے تھیلی کو دیگ مین ڈال کر ہر ساعت ہاتھ سے ملتے رہین یہانتک کہ شیرہ نکل آوے اور جب شیرہ انگور کا خم مین ڈالین تھیلی کو بھی خم مین ڈالین اور بعد چھ مہینے کے استعمال کرین ۔

شراب راسن - کہ بشراب الٰہی اور بشراب سرور مشہور ہی واسطے انبساط النفس کے اور تقویت جگر و دماغ و دل کے اور جمیع اعضاے باطنہ رئیسہ کے اور تنبیہ شہوت جماع کے اور ادرار بول کے اور دفع کرنے فزع کے نہایت نافع ہی اور واسطے تقویت معدہ کے اور زیادہ کرنے قوت حرارت غریزی کے اور دیر مین آنے پیری کے اور تقویت افعال اور فربہ کرنے بدن کے اور زیادہ کرنے خون و گوشت کے اور تنقیہ فضول ردیہ کے اور تعدیل طبع کے اور تحسین رنگ کے اور صاف کرنے حواس کے اور جید کرنے ہضم کے مفید ہی اور ساتھ منافع کثیر کے موصوف ہی بیخ راسن خشک پچاس مثقال کپڑے مین ڈھیلا باندھین اور شیرہ انگور پختہ کا ستر رطل بغدادی اُسپر ڈالین اور تین مہینے دھوپ مین رکھین بعد اسکے نکال کر صاف کرین و استعمال مین لاوین ۔

شیاف فرفیون - کہ باہ کو قوت دے اور رقت و ضعف مثانہ و سلس البول کو نافع ہی فرفیون جندبیدستر سداب ہر ایک تین درم نارجیل حب صنوبر حب المحلب مقشر مغز بادام کردمانہ حب الزلم ہر ایک دو درم مقل دس درم آب گندنا مین شافہ بناوین ۔

دیگر - کہ مقوی باہ ہی فرفیون حلتیت ہر ایک ایک درم مشک نصف درم اور ایک نسخہ مین فرفیون و مشک ہر ایک نصف درم اور حلتیت ایک درم کوٹکر چھان کر شیاف بناوین ۔

شیاف - کہ مقوی باہ ہی بیہ سوسمار زہرہ گرگ حب القطن عاقرقرحا برابر کوٹ کر چھان کر روغن سنبل مین شافہ بناوین ۔

شیاف منعظ - کہ باہ کو اُٹھاوے اور گردہ کو

قوت دے ابہل اشق تخم جرجیر تخم گندنا تخم کرنس تخم ترب فنتر انزروت تخم بیدانجیر ہرایک ایک استار نمک اندرانی مقل سکبینج مرصاف ہرایک نصف استار شحم حنظل دس درم قند پانچ استار ساتھ آب گندنا وسفیدی انڈے کے گھول کر حمول کرین۔

دیگر۔ کہ مقوی باہ ہی مغز پنبہ دانہ ساتھ بہروزہ کے کوٹ کر شافہ بناوین اور ساتھ روغن ناردین کے دبر مین رکھین۔

دیگر۔ کہ نعوظ جلد لاوے پیہ سقنقور لیکر ساتھ بازرد کے پگھلا کر اول شب حمول کرین اور اگر تنہا بازرد کا شافہ بناوین یہی عمل کرے۔

حرف الضاد

ضماد۔ کہ شیر کو زیادہ کرے آرد باقلا دس درم تخم بادروج پانچ درم کوٹ کر چھان کر ساتھ آب بادروج کے ضماد کرین۔

دیگر۔ کہ یہی عمل کرے تخم بادروج آرد جو آرد باقلا نعناع فوتنج سداب ضماد کرین۔

ضماد۔ کہ ورم پستان کو جو بسبب جمود دودھ کے ہو نفع کرے تخم کتان کو کوٹ کر ساتھ سرکے کے گھول کر ضماد کرین اور اگر ورم نے میل بصلابت کیا ہو آرد باقلا اکلیل الملک ساتھ روغن کنجد کے گھول کر ضماد کرین۔

ضماد۔ کہ ورم گرم پستان کو مفید ہی اسبغول کو سکنجبین کے ملا کر رکھین اور اگر ورم ملتہب ہو مغز روٹی کا ساتھ آب عنب الثعلب و روغن گل کے ملا کر ضماد کرین اور بیچ ورم بارد پستان کے زبد کو فتہ لگاوین اور جو بیچ بحث اثمین کے آویگا استعمال کرین۔

ضماد۔ واسطے اُس عورت کے کہ پستان اُسکی نہایت چھوٹی ہون یا نہ نکلتی ہون جب اس دوا کو لگاوے بڑی ظاہر ہون پیہ فیل پیہ گاو پیہ گاو میش برابر لیکر پگھلا دین پھر مخلوط کر کے قدرے قدرے شیر گرم پستان پر ملین۔

ضماد۔ کہ پستان کو بہت بڑھنے اور سست ہونے اور ڈھیلی ہونے سے محافظت کرے زیرہ پیسکر ساتھ پانی کے ملا کر ضماد کرین کپڑا سرکے مین بھگو کر رکھین اور سینہ بند سے مضبوط باندھین اور تین دن تک نہ کھولین بعد اُسکے کھول کر پیاز سوسن سفید کو کوٹ کر ساتھ سرکہ اور پانی کے ملا کر باندھین اور تین دن بندھا رکھین اسی طرح ہر مہینے مین تین مرتبہ اقلاً ایک مرتبہ عمل مین لاوین۔

دیگر۔ ودع سوختہ ایک جزو آرد جو دو جزو ساتھ سرکہ کے گھول کر ضماد کرین تین دن رات محافظت چھاتیون کی کرتا ہی۔

فائدہ۔ وہ چیزین کہ واسطے محافظت پستان کے مفید ہین محافظت خصیون کی بھی کرتی ہین۔

ضماد دیگر۔ کہ لڑکون کے خصیون کو اور لڑکیونکی چھاتیون کو جلدی بڑھنے سے منع کرے حجر المس ایک کو اوپر دوسرے کے ساتھ سرکہ و پانی کے رگڑین اور پسین اُس اوپر پستان و خصیہ کے طلا کرین فانہ یحفظہما۔

دیگر - شب یمانی روغن گل مین پیسکر ضماد کرین اوپر پستان کے فائدہ وہم لہ الصغر زمانا طویلا۔

دیگر - طین خرمازہ کو پیسکر ساتھ شہد کے طلا کرین اور ایک رات دن رہنے دین بعد اُسکے سرد پانی سے دھوئین اور ہر مہینے مین تین بار یہ عمل کرین فائدہ وہم الصغر

دیگر - قیمولیا اسفیداج رصاص برابر لیکر کوٹین اور ساتھ شیرہ بیخ و روغن آس کے خصیون پر ضماد کرین کہ خصیون کو بڑھنے اور پیڑو پر بالونکو جمنے نہ دیگا۔

ضماد - کہ ورم خصیون کو جو بدون حرارت کے ہو فائدہ کرتا ہی آرد باقلا آرد حلبہ ساتھ میفختج کے گھولکر ضماد کرین۔

ضماد - کہ صلابت خصیون کو نفع کرے مقل اشق یعنی ساتھ میفختج کے گھول کر آرد باقلا اسقدر کہ مناسب ہو ملاوین اور روغن سوسن یا روغن بزور تھوڑا ملاکر ضماد کرین۔

ضماد - کہ ورم بارد و صلب خصیون کو نفع کرے مویز صادق الحلاوت منزوع العجم زیرہ آرد باقلا پیہ ماکیان پیہ گردہ بز پیہ بط بطور معلوم تیار کرکے ضماد کرین۔

ضماد دیگر - کہ یہی عمل کرے اکلیل بابونہ خطمی مقل تخم مرو حلبہ آرد نخود زیرہ برابر لیکر کوٹ کر چھان کر ساتھ لعاب تخم کتان و روغن کنجد کے ضماد کرین اور اگر مویز دانہ برآوردہ بھی ملاوین بہتر ہو۔

ضماد - کہ قیلۃ الماء کو فائدہ کرے آرد جو خشک گوسفند کعتہ گل ارمنی سرگین گاو خشک ہر ایک دو درم سعد بورہ ارمنی زیرہ کرمانی مس سوختہ شحم حنظل صبر سقوطری

قثاء الحمار ہر ایک ایک درم کوٹکر چھان کر سرکہ مین ضماد کرین

ضماد - کہ ادرۃ الماء کو نافع ہی سعد آرد جو سرگین گاو آبمین ملاکر ضماد کرین اور اگر زیت تنہا پکاوین یہانتک کہ گاڑھا ہو جاوے بعد اُسکے راکھ چوب بلوط کی اُسمین ملاکر ضماد کرین نفع تمام ہووے اور راکھ بیخ کرنب کی بھی کثیر النفع ہی۔

ضماد - کہ فتق کو نافع ہی جوز السرو دو جزو سعد مصاف صمغ عربی مرزنجوش مازو اقاقیا کندر ہر ایک ایک جزو صمغون کو شراب مین حل کرین اور آبمین ملاکر ضماد کرین اور پٹی سے باندھین اور کمونی و سنجر نیا و بادفرنج اور جو چیزین کہ کاسر ریاح ہین ہمیشہ کھایا کرین۔

فائدہ - فتق مراق البطن کا اسی سے علاج کرتے ہین۔

ضماد - کہ فتق کو نافع ہی مصطگی کندر انزروت جوز السرو برگ سرو مرصاف سریش بلوط برابر لیکر کوٹکر چھانکر ساتھ سریش مچھلی کے ملاکر ضماد کرین اور مضبوط باندھین۔

حرف الطاء

طلاء - کہ حکۂ خصیونکو نافع ہی شیاف مامیثا اقاقیا ہر ایک چار درم اشنان دو درم نوشادر ایک دانگ زعفران ایک طسوج کوٹکر چھان کر ساتھ روغن گل و سرکہ کے تر کرکے طلا کرین۔

طلاء دیگر - کہ حکۂ خصیونکو نفع کرے شیاف مامیثا اقاقیا ہر ایک تین درم نوشادر صبر ہر ایک چار دانگ نشاستہ ایک درم ساتھ آب گلاب و سرکہ کے طلا کرین۔

طلاء - کہ ورم صلب خصیہ کو نافع ہی بیضۂ سنگ پشت یعنی

انڈے کچھوے کے آب کشنیز تر مین پیسکر طلا کرین ۔

طلا ۔ کہ ورم صلب خصیون کو نافع ہی بابونہ اکلیل الملک خطمی شیافت مامیثا بوش درہندی ہر ایک سات درم صندل سرخ و سفید ہر ایک تین درم گل بنفشہ دو درم کوٹکر چھانکر ساتھ گلاب و آب کاسنی کے طلا کرین ۔

طلا ۔ کہ سرعت انزال کو نافع ہی قسط سعد سنبل اقاقیا آس مرزنجوش کوٹ کر چھان کر ساتھ روغن قسط و روغن یاسمین وغیرہ کے گھول کر اوپر پیڑو و پشت کے طلا کرین ۔

طلا ۔ کہ شروع درد و ورم خصیون کو نافع ہی کاکنج کو کنار آرد جو عدس جملہ مساوی الوزن ساتھ زردی انڈے کے اور روغن گل کے طلا کرین ۔

طلا ۔ کہ قضیب کو سخت کرے فرفیون مشک عاقرقرحا ہر ایک ایک ماشہ ساتھ روغن زنبق یا روغن یاسمین کے ملاکر طلا کرین ۔

طلاء دیگر ۔ واسطے تقویت قضیب کے اثر تمام رکھتا ہی بیخ نرگس ایک رات دن دودھ مین تر کی ہوئی چار عدد مویزج عاقرقرحا دارچینی ہر ایک تین درم مشک ایک درم اسمین ملاکر ساتھ زہرہ گاؤ کے یا شراب کے طلا کرین اور ساتھ پانی کے بھی روا ہی ۔

طلاء دیگر ۔ کہ ذکر کو بڑا کرے خراطین کو لیکر دھوئین پھر خشک کر کے باریک کرین اور ساتھ روغن کنجد کے ملاکر قضیب پر طلا کرین بعد ملنے کے کپڑے خشن سے اور ایک رات لگا رہنے دین بعد اسکے دھوئین اور ملین اور اسیطرح مکرر عمل مین لاوین خانہ لعظم جدا گ ۔

دیگر ۔ کہ ذکر کو بڑا اور موٹا کرے جونک کو بیخ نارجیل کے کہ پانی اسکا اسمین موجود ہو ڈالکر جائے محفوظ مین رکھین تو پانی بالکل خشک ہو جاوے جونک کو نکالکر باریک کر کے طلا کرین اسلیے کہ واسطے موٹا کرنے ذکر کے کوئی چیز اور اسکو نہین پہونچتی ہی اور جسوقت پانی نارجیل مین ہو تھوڑی شراب ملاوین اور اگر قضیب کو اسقدر ملین کہ سرخ ہو جاوے بعد اسکے شیر پیش کا کہ گندہ و بدبو ہوا ہو طلا کر کے رہنے دین کہ خشک ہووے بعد ایک ساعت کے ملین اور رگڑین یہانتک کہ دور ہو جاوے اسی طرح صبح و شام کرتے رہین کہ عظم تمام لاویگا ۔

فائدہ ۔ ہمیشہ ملنا اور پیچھے ملنے کے روغن طلا قضیب پر اسلیے کہ جو منجذب ہوا ہی تحلیل ہو اور ساتھ آب گرم کے نطول کرنا اور ساتھ زفت کے طلا کرنا عظم ہر عضو کا ہی اگر جیسا کہ حق ملنے کا ہی ملین اور بھی قضیب کو ہر دن کئی مرتبہ ملنا اس درجہ کہ سرخ ہو جاوے پس آب گرم اسپر ڈالنا بعد اسکے روغن ملنا عظم بہت لاتا ہی اور اگر بعد ملک کے شیر پیش کا ایک دن مین دس مرتبہ استعمال کرین یہی عمل کرتا ہی ۔

دیگر ۔ کہ قوی الاثر ہی ٹکڑا ارق کا کہ اسپر زفت لگا ہو یا کتہ مزفت گرم کر کے گرما گرم قضیب پر بعد ملک کے لگاوین جب سرد ہو جاوے جدا کرین اور رات دن مین مکرر کرین عظم لاتا ہی ۔

دیگر ۔ کہ انعاظ قوی لاوے روغن سوسن ایک اوقیہ

لیکر فرفیون فلفل نطرون خردل ہر ایک ایک درم شاب ایک قیراط باریک کرکے اُسمین ملاوین اور شیشہ مین رکھین اور اکیس روز دھوپ مین رکھکر قضیب و نشست و درمیان مقعد و خصیہ و سرین و گرد خصیون کے ملین۔

دیگر۔ کہ بیچ تقویت ذکر کے عجیب الاثر ہی تخم انجرہ باریک کرکے اور ساتھ چربی شیر کے پگھلا کر ملاوین اور ہمیشہ اوپر آلت اور گرد اُسکے ملین اور پیہ شیر کی اکیلی بھی کافی ہی۔

فائدہ۔ چربی پرانی کچھ کام نہین آتی اور حد اُسکی کہنگی کی یہ ہی کہ ایک سال اُسپر گذرا ہو۔

دیگر۔ خردل پیسکر روغن مناسب مین ملاکر اوپر قضیب کے اور گرد اُسکے ملین۔

دیگر۔ بورۂ حلتیت مانند سرمہ کے پیسکر ساتھ شہد کے ملاوین اور جڑ ذکر کو اور مراق کو اور باطن قدم پر اُسکو ملین اور معلوم کرین کہ روغن مورچہ اس امر مین قوی ہی۔

دیگر۔ کہ استرخاے ذکر کو نافع ہی روغن قسط روغن سعد تنہا و مرکب ہمیشہ ملین۔

دیگر۔ جندبیدستر عاقرقرحا ساتھ روغن یاسمین کے ملین۔

فائدہ۔ اُسترخاے آلت برودت سے ہوتا ہی یا رطوبت سے علامت رطوبی کی یہ ہی کہ آلت ہمیشہ ڈھیلا رہے اور سبا بھذا اُسکے آلت فربہ ہو اور نشانی اُسکی اُسترخا کی جو برودت سے ہو یہ ہی کہ آلت لاغر اور ساتھ اُسکے بعض اوقات اور وقت گرم ہونے بدن کے استرخا مین تخفیف ظاہر ہووے بالجملہ استرخاے رطوبی مین چیزین قابض و مخفف مانند اہلیل سعد و جوز السرو وغیرہ کے کام مین لاوین اور جو استرخا بسبب برودت کے ہو اسمین اشیاے مسخنہ مانند فرفیون جندبیدستر فلفل شیطرج کے استعمال کرین۔

طلا۔ کہ بیچ تقویت قضیب کے نظیر نہین رکھتا ہی اور عنینیت کو دفع کرتا ہی پیاز عنصل پیاز نرگس قنہ ہر ایک نصف جزو بیچ اٹھائیس مثقال روغن زیتون اور تھوڑے پانی کے جوش کرین تو خوب بھرا ہو جاوے پس صاف کرکے زہرۂ کنجشک تخم انجرہ عاقرقرحا خردل سرخ ہر ایک ایک مثقال اضافہ کرکے قضیب و عانہ و خصیون پر مکرر ضماد کرین اور اگر مومیائی وغیرہ و زہرۂ مرغ اور مانند اسکے اضافہ کرین باعث تقویت کے ہوگا۔

دیگر۔ پیاز نرگس رات دن دودھ مین بھگو کر پیسکر عنین کے ذکر پر سواے حشفہ کے طلا کرین عجیب الاثر ہی اور جو سورنجان و مر صاف ہر ایک ایک مثقال اضافہ کرین اور اوپر کنج ران و زہار و خصیہ کے مکرر طلا کرین مجربات سے ہی۔

حرف العین

عقد سیماب۔ کہ واسطے سرعت انزال کے نظیر نہین رکھتا ہی بیچ حبوب اسی بحث کے گذری۔

حرف الفاء

فنجنوش ۔ باہ کو زیادہ اور سرعت انزال کو دفع کرے نسخہ اُسکا بیچ جوارشات معدے کے مذکور ہوا ۔
فیروزنوس ممسک ۔ باہ کو زیادہ و سرعت انزال کو دفع کرے بیچ بحث معدے کے حرف الفاء مین مذکور ہوا ۔

حرف القاف

قرص عود ۔ واسطے قوت باہ و تقویت ذکر کے و زیادتی اشتہا و ہضم طعام رفع ضعف دل کے نافع ہی عود غرقی دو درم و نصف قرنفل شقاقل مصری خصیۃ الثعلب مصطگی زرآوند گرد ہر ایک ڈیڑھ درم جوزبوا البسباسہ زعفران زنجبیل ہر ایک نصف درم خیربوا قاقلہ سنبل الطیب ہر ایک دو درم پوست ترنج چار درم قند سفید سہ چند سب اجزا کو کوٹ کر چھان کر قرص بناوین ۔
قطور ۔ کہ جب احلیل مین ٹپکاوین قرحہ و سوزش بول کو نافع ہو بیچ امراض گردہ و مثانہ کے گذرا ۔

حرف الکاف

کماد ۔ کہ قضیب کو سخت کرے اور اُسترخا کو زائل کرے اور عظم پیدا کرے سرشف عاقرقرحا خردل دارچینی کباب چینی پوست بیخ خرزہرہ سفید قسط جملہ یا جو چیز انسے میسر ہو کوٹ کر چھان کر گرم گرم آلت پر ملین دن مین کئی مرتبہ اور اگر شراب مین گھول کر اور کپڑے مین باندھ کر گرم کرکے کماد کرین روا ہی ۔

حرف اللام

لبوب کبیر ۔ گردہ کو گرم کرے اور قوت دے اور باہ کو زیادہ کرے اور دل و دماغ کو قوت دے اور نشاط لاوے اور بدن کو فربہ کرے اور رنگ اچھا کرے اور اعصاب کو استحکام بخشے اور بیچ امر مجامعت کے نظیر نہین رکھتا ہی مغز پستہ مغز فندق مغز بادام مغز حبۃ الخضراء مغز گردگان مغز چلغوزہ مغز حب الزلم ماہی روبیان خولنجان شقاقل بہمن سرخ و سفید تودری سرخ و زرد و زنجبیل کنجد مقشر دارچینی ہر ایک پانچ درم سنبل الطیب سعد کوفی کبابہ حب القلقل تخم گزر تخم شلغم تخم ترب تخم پیاز تخم اسپست تخم ہلیون لسان العصافیر درونج عقربی زرنباد ہر ایک تین درم جوزبوا البسباسہ دوالہ دارفلفل ہر ایک دو درم خصیۃ الثعلب نارجیل تازہ مغز سرکنجنک خشخاش ہر ایک ڈیڑھ درم قضیب گاؤ سودہ سورنجان بوزیدان نعناع خشک ہر ایک چار درم مایۂ ختر اعرابی زعفران مصطگی ہر ایک تین مثقال عود خام دو مثقال ورق طلا تیس عدد ورق نقرہ پچاس عدد عنبر اشہب ایک مثقال مشک تبتی نصف مثقال عسل تین حصہ ادویہ کا اور بعض نسخون مین مروارید کہربا مرجان عقیق یمنی یاقوت رمانی ہر ایک چار مثقال مضاعف ہوا ہی سب کو ٹکر چھانکر بطریق مشہور معجون بناوین ۔
لبوب صغیر ۔ کہ قریب نفع کبیر کے ہی بیچ بحث دماغ کے گذرا ۔
لبان ۔ کہ جب مضغ کرین الغاظ قوی حاصل ہو

یہانتک کہ جب تک منہ سے نہ نکالین فرو ہووے اور یہ امر از قسم
سے ہی اور مرطوب ہون کو مناسب ہی بلادر کو لیکر مقشر
کرین پس جو اُسکے اندر رہی پھینک دین اور چھلکا لیکر
مقراض سے چھوٹا چھوٹا کاٹین ایک اوقیہ اُس سے
لیکر دیگ سنگین مین ڈالین اور اُسکے روغن بطم
گرادین اسقدر کہ اُسکو چھپا لیوے بعد اُسکے لبان
ذکر بیس درم باریک پیسکر اضافہ کرین اور نیچے دیگ
کے آگ نرم پر جلاوین۔ تو بستہ ہونا شروع ہووے
پس محمودہ زرد نصف دانگ بحساب فی اوقیہ
دواء مذکور کے ملادین جب خوب بستہ ہو جاوے
آگ سے اُتار کر شیشے کے باسن مین رکھین اور
نزدیک حاجت کے اُس سے ایک ٹکڑا بوزن
ایک درم کے لیکر منہ مین رکھین اور چباوین جبتک
چاہین مشغول رہین جب ارادہ ہو کہ نعوظ کم ہو منہ سے
نکال لیوین اور یہ ٹکڑا تین مرتبہ استعمال کر سکتے ہین
بعد اسکے کام مین نہ آویگا نیا ٹکڑا استعمال کرین اور
بہت اتفاق ہوتا ہی کہ نعوظ اسقدر رہوتا ہی کہ بعد نکالنے
کے منہ سے بھی نعوظ جاتا ہی اسوقت مین حاجت
لبان مسکن کی ہوتی ہی۔

لبان مسکن۔ کہ نعوظ شدید کو فرو کرے
لبان سفید پسا ہوا دس درم روغن کنجار تازہ
تیس درم قند سفید اتنی درم کافور بحساب
ہر اوقیہ دوا کے ایک دانگ سب کو اوپر
نرم آگ کے بستہ کرین اور وقت حاجت کے
مضغ کرین۔

حرف المیم

معجون فولاد۔ بیچ امر باہ کے قوی الاثر ہی۔

معجون ثوم۔ واسطے اُٹھانے باہ مایوسین
کے مفید ہی۔

معجون فلاسفہ۔ واسطے تقویت باہ کے نافع ہی

مخلص اکبر۔ جو اوپر قضیب کے ملین نعوظ پیدا
کرے اور یہ سب نسخے ساتھ ایک معجون بے نام کے
کہ بیچ امر باہ کے اثر تمام رکھتی ہی بیچ ادویہ سر کے
مرقوم ہوئے ہین۔

مفرح ابریشم و مفرح منشط و مفرحات کثیر
کہ مقوی باہ ہین بیچ ادویہ سر کے گذرے
فلینظر ثمہ۔

**معجون نانخواہ معجون مسیحی مکیف و معجون
جلالی و معجون جوزی و معجون البقراط و
معجون ملوکی**۔ مقوی باہ ہین اور بیچ معدے
کے مرقوم ہوئی ہین۔

معجون عطائی و معجون کندر و معجون رشیدی
واسطے سرعت انزال کے نفع کرتی ہین۔

معجون ماسک البول۔ واسطے سیلان
منی کے مفید ہین یہ سب بیچ بحث گردہ و مثانہ کے
مذکور ہوئین۔

معجون لولوی۔ ترکیب جالینوس کی ہی سات
منفعت رکھتی ہی قضیب کو سخت کرے اور اوعیۂ منی
کو کھولے اور شہوت کو زیادہ کرے اور اعضا کو
قوت دے اور بیچ خون کے تغیر عظیم پیدا کرے اور

نعوظ بہت لاوے اور دوستی مرد کی بیچ دل عورت کے زیادہ کرے مروارید ناسفتہ بسد ہر ایک ایک مثقال انیسون بہمن سفید ہر ایک تین درم کاکنج بیخ لبلاب ہر ایک ایک درم فقاح اذخر سعد کزمازج سلیخہ دارچینی اسارون مصطگی ہر ایک نصف مثقال صمغ عربی کتیرا ہر ایک نصف درم کوٹ کر چھان کر ساتھ ہمچند اُسکے عسل گھولیں اور وقت خواب کے اور نزدیک مجامعت کے ایک مثقال ساتھ آب نیمگرم کے کھاوین اور بیچ تحفۃ المومنین کے نسخہ مذکور اس طرح لکھا ہی مروارید بسد ہر ایک چھ مثقال انیسون بہمن سفید ہر ایک چار مثقال کاکنج بیخ لبلاب ہر ایک تین مثقال فقاح اذخر سعد کزمازج ہر ایک دو مثقال سلیخہ اسارون دارچینی مصطگی ہر ایک ایک مثقال و نصف صمغ کتیرا ہر ایک ایک مثقال عسل ہمچند سب اجزا کا۔

معجون نوری ــ بیچ تقویت باہ کے بے نظیر ہی تخم گزر تخم شلغم تخم پیاز تخم ترب تخم ہلیون تخم اسپست تخم جرجیر مغز حب القلقل مغز حلغوزہ مغز حب الزلم بوزیدان قسط خیربین زنجبیل قرفہ تودری سرخ تودری زرد لسان العصافیر شقاقل بہمن سرخ و سفید دارفلفل حرف حلتیت جملہ برابر لیکر کوٹ کر چھان کر شہد مین بناوین مقدار خوراک تین درم ساتھ ایک اوقیہ تازے دودھ کے یا شراب جدید شیرین کے۔

معجون مسیحا ــ کہ باہ کو قوت دے اور سرعت انزال کو دور کرے اور درد پشت و درد پا کو نافع ہی اور معدے کو پاک کرے اور بالون کو دیر مین سفید کرے اور سودا کو دفع کرے گل سرخ عاقرقرحا سعد قرنفل سنبل مصطگی زرنباد زعفران جوزبوا قاقلتین جملہ برابر قند سفید و عسل بالمنا صفہ دوچند سب اجزا کے پہلے قند کو گلاب مین بھگو کر ساتھ شہد کے قوام کرین بعد اُسکے ادویہ کوٹ کر چھانکر اُسمین ملاوین۔

معجون مسیحی بکیف ــ کہ بیچ جمیع صفات مذکورہ کے قوی زیادہ ہی اور نشاط خوب لاتی ہی قرنفل گاؤزبان گلسرخ ہر ایک پانچ درم خولنجان کبابہ قرنفل سنبل الطیب قاقلہ خیربوا جوزبوا فرنجمشک پوست ترنج مصطگی لسان العصافیر بسفایجہ ہر ایک تین درم اشنہ چار درم مروارید ناسفتہ سافج سعد عنبر اشہب ہر ایک دو درم خصیۃ الثعلب دس درم ورق نقرہ ورق طلا مشک ہر ایک نصف درم لعل کہربا بسد دارفلفل زنجبیل ہر ایک ایک درم روغن قسط تیس مثقال عسل دوچند اور ایک نسخہ معجون المسیحی کیف رکھتا ہی بیچ معدے کے مذکور ہوا۔

معجون غیاثی ــ کہ منی کو زیادہ کرے بحث معدے مین گذری۔

معجون سقراط ــ کہ باہ کو زیادہ کرے بحث سر مین گذری۔

معجون چوب چینی ــ ترکیب عماد الدین شیرازی کی واسطے تقویت باہ اور معدہ و دل و دماغ و جگر و گردہ و مثانہ کے

اور سرخی رنگ منھ کے اور خوشبو کرنے منھ کے مجرب
ہی اور منافع دیگر بہت رکھتی ہی چوب چینی اعلی پچاس
مثقال مروارید ناسفتہ صلایہ کیا ہوا شمط جوز بوا بسباسہ
دارچینی قرنفل زنجبیل ہر ایک دو مثقال ریوند چینی
افتیمون رومی سنبل ہیل ہر ایک تین درم مصطگی مائیہ
شتر اعرابی عود خام زعفران مشک عنبر بوزیدان
سورنجان سعد کوفی ہر ایک دو درم سمکہ صیدا ماہی
روبیان درونج عقربی زرنباد تخم گزر تخم شلغم تخم
ترب تخم بوبچہ بہمنین خصیۃ الثعلب پانچ مثقال شقاقل
دس درم خسک مربا لودرین ہر ایک تین مثقال
ورق نقرۂ سلطنی سد ہی سب اجزا کے مجموع کو کوٹ کر
چھان کر رکھین لیس گاوزبان دوالہ گل سرخ
بادرنجبویہ ہر ایک دس مثقال بیچ دو رطل پانی کے
جوش کرین جب چہارم حصہ رہے صاف کرین
بعد اسکے تخم خربزہ تخم کاسنی تخم خیارین تخم خرفہ ہر ایک
دس مثقال لیکر شیرہ نکالین وآب بہی وآب سیب
شیرین وآب انار شیرین وگلاب ہر ایک سو مثقال لیکر جملہ
پانیون کو یکجا کر قند وعسل بالمناصفہ سے چند ادویہ کے
ملاکر قوام کرین بعد اسکے مغز بادام مغز فندق
مغز چلغوزہ مغز گردگان ہر ایک دس مثقال نرم
کوٹین اور بیچ عسل وقند مقوم کے ملاوین بعد اسکے
ادویہ مسحوقہ ملاوین اور چاہیے کہ زعفران گلاب
مین حل کرین جب دوا سرد ہووے اسکو ملادین
اور مشک وعنبر کے دو حصہ کرین ایک حصہ کو پہلے
داخل کرین دوسرا حصہ پیچھے سب کے ملادین اور

بعضے اطبا نے اسارون وصندلین وگل مختوم ہر ایک
تین مثقال وآملہ مقشر دودھ مین پروردہ کیا ہوا خشخاش
سفید ہر ایک دس مثقال اضافہ کیا ہی اور اگر ورق
نقرہ کا روغن کشید کرکے داخل کرین لطیف زیادہ ہووے
اور بعض لوگ اسکو جوش کرکے جوشاندہ اسکا قوام
مین ڈالتے ہین یہ بھی الطف ہوتا ہی۔
فائدہ۔ شمط کہ بعد مروارید کے مذکور ہوا لفظ فارسی
ہی وہ ایک قسم لاجورد کی ہی اگر میسر ہو سکے لاجورد مغسول
بدلے اسکے ڈالین اور معلوم کرین کہ اس نسخے مین افراط
وتفریط بہت ہوئی ہی لہذا یہ نسخہ مختلف الاوزان پایا
جاتا ہی لیکن جو صحیح وصواب سے قریب اور عسل مین
نافع زیادہ تھا یہان مرقوم ہوا۔
معجون نافع۔ واسطے اُس شخص کے کہ ازالۂ بکارت
سے عاجز ہو نافع ہی زنجبیل خصیۃ الثعلب دارچینی شقاقل
مصری جوز بوا لسان العصافیر مصطگی زعفران دارفلفل
بوزیدان گل سرخ بہمنین تخم بلیون تخم گزر ہر ایک دو
مثقال مشک عنبر ہر ایک ایک مثقال حب القلقل تین
درم زائد الفکر بیچ بیس مثقال شہد نصف من ترکیب
کرین جیسا کہ مشہور ہی۔
معجون سنجری۔ تالیف شیخ بو علی رئیس کی کہ یہ قرص
سنجری مشہور ہی بیچ تقویت باہ وجگر ومعدہ ودل اور
ہضم طعام کے اثر تمام رکھتی ہی اور قوت باصرہ وسامعہ
وحافظہ کو زیادہ کرے اور فوائد بہت رکھتی ہی سنبل دس
مثقال بسباسہ جوز بوا قاقلہ صغار زنجبیل دارچینی قرنفل
زعفران بہمن سرخ بہمن سفید مصطگی عود صلیب نارجیل

سافج ہندی مغز بادام شیرین مغز پستہ سرگنجشک ہر ایک
چھ مثقال شقاقل تخم معصفر تخم بابونہ تخم شبت تخم
نانخواہ زیرہ کرمانی انیسون تخم خربزہ ہر ایک تین مثقال
مویز سرخ منقے قند سفید ہر ایک تیس مثقال عسل مصفا
سہ چند ادویہ کے مقدار شربت دو مثقال -

معجون - کہ باہ کو قوت دے اور نفس کو خوش
کرے اور بدن کو گرم اور ریاح معدے کو فائدہ کرے
اور حفظ کو بڑھاوے اور گردے کو تقویت کرے
دارچینی قسط شیرین ہر ایک چھ مثقال زعفران عود
ہندی ہر ایک تین مثقال رازیانہ زنجبیل برگ صعتر
فودنہ سلیخہ ہر ایک چار مثقال سافج ہندی فلفل سیاہ
دارفلفل فلفل سفید اسارون تخم انجرہ کرویا قرنفل
خولنجان شقاقل ہر ایک چار مثقال و نصف عاقرقرحا
تخم شلغم تخم ترب ہر ایک دو مثقال کنجد مقشر مغز جوز
مغز پستہ مغز بادام مغز چلغوزہ ہر ایک دس مثقال
قند سفید ہمچند ادویہ عسل مصفا دوچند ادویہ -

معجون - کہ بیچ تقویت باہ کے نظیر نہین رکھتی ہی
اور بعضی طبیعت مین کبھی لغوظ مفرط لاتی ہی یہانتک
کہ حاجت تسکین کی ساتھ اس دوا کے ہوتی ہی کہ گل نیلوفر
تین درم کافور ایک نخود خوب کوٹ کر ساتھ آب
کاہو کے کھاوین عاقرقرحا زنجبیل ہر ایک ایک اوقیہ
زردی انڈے کی پختہ بیس عدد عسل مقوم ایک سو
بیس درم معجون بناوین مقدار خوراک تین مثقال
قبل غذا کے -

معجون مبہی - کہ اصحاب امزجہ باردہ کو نافع ہی

زنجبیل شقاقل دارچینی تخم جرجیر جوف ہر ایک ایک
جزو تخم انجرہ عاقرقرحا فلفل ہر ایک نصف جزو حلتیت
ربع جزو ساتھ عسل زنجبیل مربا کے معجون بناوین -

معجون لبوب - کہ منی کو زیادہ کرے مغز بادام شیرین
مغز فندق نارجیل مقشر مغز صنوبر مغز پستہ حب القلقل
حب الزلم حبۃ الخضراء ہر ایک ایک جزو زنجبیل دارفلفل
نارمشک ہر ایک تہائی ایک جزو کے قند سفید دوچند
معجون بناوین اور ہر صبح و شام کو بقدر انڈے کے
کھاوین -

معجون لبوب معتدل - کہ گردہ کو گرم اور باہ کو
زیادہ کرے مغز فندق مغز پستہ مغز چلغوزہ مغز بادام شیرین
کنجد مقشر مغز تخم خربزہ خشخاش سفید ہر ایک چھ درم
مغز تخم خیارین ہر ایک تین مثقال بوزیدان بہمنین
لسان العصافیر خولنجان دارچینی ہر ایک دو درم قند
سفید دس استار عسل نصف من مقدار شربت
پانچ درم -

لبوب کبیر - بیچ حرف اللام کے مذکور ہی -

معجون - کہ باہ کو قوت دے اور دل کو تقویت بخشے
گل سرخ تخم خرفہ تخم گزر تخم شلغم ہر ایک تین درم گاوزبان
تخم خربزہ مقشر ہر ایک پانچ درم تخم شاہسفرم بہمنین ہر ایک
چار درم کوٹ کر چھانکر ساتھ ترنجبین یا قند سفید مقوم
کے معجون بناوین -

معجون لبوب - کہ اسرار اطبا سے ہی اور نہایت مقوی
باہ و دل و دماغ ہی اور اچھی کرنے والی رنگ رخسار کی
کی اور مداومت اسکی قبل از جماع اور بعد اسکے امن

مین کرتی ہو نقرس و عرق النسا و نقصان منی و امراض
عصبانی سے شقاقل خولنجان خصیۃ الثعلب بہمنین تودرین
لسان العصافیر سقنقور ہر ایک تین درم حب البلسان
حب البان فلفل سفید مغز تخم خربزہ مغز تخم خیار تخم گزر
تخم پیاز تخم شلغم تخم بوئنجہ خشخاش سفید خسک دانہ دوقو
تخم ترہ تیزک تخم شبت تخم گندنا تخم ہلیون خسک مربا
ہر ایک دو درم نارجیل مغز بادام مغز پستہ مغز چلغوزہ
مغز حبۃ الخضرا مغز پنبہ دانہ کنجد سفید مقشر ہر ایک
سات درم دارچینی سنبل الطیب اسارون بسباسہ
کبابہ سعد قرفہ دارفلفل عود جوزبوا نارمشک عنبر اشہب
زعفران ہر ایک ایک مثقال مشک ڈیڑھ دانگ
زنجبیل بوزیدان قسط شیرین مغز حب الزلم درونج
ہر ایک دو درم ساتھ عسل کے معجون بناوین
مجرب و آزمودہ ہی مقدار خوراک دو مثقال
سے تین مثقال تک اور صاحب تحفۃ المومنین نے
لکھا ہی حقیر نے واسطے افیون کھانے والون کے
زعفران تین مثقال افیون و بزرالبنج ہر ایک دو
مثقال پنیر مایۂ شتر اعرابی پانچ مثقال اور بدلے سقنقور
کے ماہی روبیان کو نہایت موافق پایا اور مقدار
خوراک اس معجون افیون دار کی آدھے مثقال
سے ایک مثقال تک ہی واسطے افیونی کے۔

معجون مبہی۔ کہ بیچ امر باہ کے اوبا ٹھانے نعوظ
کے اور تقویت حرارت غریزی کے اور فربہ کرنے
بدن کے اور تولید خون صالح و منی کے اور رفع
کرنے رطوبت اور ضعف جماع کے عجیب الفعل ہی

نخود سفید پوست دار کہ آب ترہ تیزک تازہ مین
تین مرتبہ بھگو کر خشک کیا ہو و خسک خشک سائیدہ
کہ بیچ تین مثل اُسکے آب خسک تازہ مین پروردہ
کیا ہو ہر ایک تین اوقیہ تخم شب تخم گزر بری تخم انجرہ
مغز گردگان مغز چلغوزہ مغز نارجیل تخم شلغم مغز بن
بہمنین تخم رطبہ تخم کتان ہر ایک ایک اوقیہ عاقرقرحا
زنجبیل ہر ایک نصف اوقیہ دارچینی خولنجان ہر ایک
چھ مثقال قسط شیرین قرنفل انیسون فلفل سقنقور ہر ایک
تین مثقال ترنجبین دس مثقال زردی انڈے کی
مغز سر گنجشک ہر ایک بیس عدد پادزہر آٹھ قیراط
مشک چھ قیراط زعفران نصف درم شہد صاف
ڈیڑھ رطل آب پیاز نصف رطل پہلے شہد کو آب
پیاز مین قوام کرین بعدہ اور اجزا کو ڈال کر معجون
بناوین مقدار خوراک دو درم تک ہی اور اگر سقنقور
نہ ہووے عوض اُسکے مایۂ شتر اعرابی ڈالین
یا ماہی روبیان اُسی وزن سے اور مشک بیچ
جمیع معاجین کے احسن یہ ہی کہ گلاب مین حل
کر کے ملاوین۔

معجون مبہی۔ مختصر الاجزا مطول المنافع کہ بیچ تقویت
باہ و تولید منی کے نہایت آزمودہ ہی تخم ترہ تیزک
تخم بوئنچہ مغز چلغوزہ ہر ایک دس مثقال زنجبیل مثقال
بوزیدان خصیۃ الثعلب ہر ایک چار مثقال حلتیت طیب
چھ مثقال ادویہ کوٹ کر چھان کر ساتھ دس مثقال
روغن نارجیل کے چرب کر کے ساتھ عسل و قند
کے کہ ہر ایک تیس مثقال ہو معجون بناوین مقدار

شربت دو مثقال غذا قلیہ زردک کا اور بیضہ نیم برشت اور مانند انکے تناول کرین۔

معجون قرص افعی — واسطے توالد و تناسل کے مجرب ہی اور نہایت مبہی و مقوی اور بارد المزاج کو موافق اور انکی صحت کلی کو حافظ اور واسطے امراض عصبانی و رقت منی کے اور اچھا کرنے رنگ رخساروں کے اور تقویت ہاضمہ کے اور تفریح کے اور رفع کرنے وحشت سوداوی کے نافع ہی خصیۃ الثعلب زنجبیل دارچینی ہر ایک چھ مثقال مغز پستہ مغز بادام شیرین نارجیل مغز فندق مقشر عنبر اشہب مشک ورق نقرہ ہر ایک دو مثقال کبابہ قرنفل دارفلفل ابریشم مقرض اشنہ اخبدان بیخ مایئہ شتر اعرابی تخم کرفس تخم بوزیدان تخم ہلیون تخم گندنا تخم شلغم تخم خیار تخم قنبیط تخم جرجیر لوزیدان جدوار مغز چلغوزہ کبابہ کبار و صغار تخم ترب خولنجان قرفہ تودری سرخ تودری زرد بہمن سفید بہمن سرخ تخم زردک مغز حب القلقل مغز بن فلفل لسان العصافیر ورق طلا پیاز عنصل بریان خسک مربا خردل عاقرقرحا ہر ایک ایک مثقال زعفران دس مثقال قرص افعی عشر مجموع ادویہ کے عسل کف گرفتہ دو مثل ادویہ کے معجون بناوین اور جو نسخہ قرص افعی کا بیچ سب قرابادینون کے موجود ہین مین اُسکے لکھنے مین مشغول نہوا۔

معجون — کہ شیخ رئیس نے اپنی طرف نسبت کیا ہی اور کہا کہ نہایت قوی ہی یعنے بیچ امر باہ کے حلتیت تخم گزر قاقلہ تخم جرجیر کرم دانہ لسان العصافیر ہر ایک ایک جز و بوزیدان فلفل ہر ایک تین جز و مشک سدس جز و کوٹ کر چھان کر ساتھ روغن صنوبر کے لت کرکے ساتھ شہد مصفی کے معجون بناوین۔

معجون — کہ مقوی باہ ہی اور حرارت بہت نہین رکھتی ہی اور سہل الوجود ہی اور قوی العمل حلبہ و خرما کو پکاوین پس خرما کو جدا کرکے لیوین اور گٹھلی اُس سے دور کرکے سایہ مین خشک کرکے کوٹین اور شہد مین معجون بناوین مقدار شربت بمقدار چلغوزہ کے اور نبیذ اُسپر پیین۔

فائدہ — بیچ ادویۂ ہندیہ اسی بحث کے ذیل مین اُس دوا کے ہمراہ خرما اُسمین ہی مرقوم ہوا کہ خرما کو مع اُسکے تخم کے کوٹین تو خوب موثر ہوا اور ریان واسطے نکالنے تخم کے امر ہوا جو یہ ترکیب یونانیون کی ہی اور وہ ہندیون کی تناقص نہ سمجھین۔

معجون مبہی مکیف مشتہی — کہ اکثر طبائع کو پسند ہی جوز بوا بسباسہ دارچینی گل سرخ بیخ تفاح قاقلتین تخم کاہو برگ شیرازی بہمن سرخ بہمن سفید ثعلب شقاقل زعفران ہر ایک تین درم طباشیر سفید چھ درم مغز بادام شیرین مغز چلغوزہ مغز نارجیل مغز تخم خیارین ہر ایک پندرہ درم عسل صاف نبات ہر ایک ایک من روغن قنب ربع من بطریق متعارف معجون بنادین مقدار شربت ایک درم سے ڈیڑھ درم تک اور بیچ گھٹانے و بڑھانے روغن قنب کے

موافق امزجہ کے مختار ہین۔

معجون ممسک۔ کہ جبتک ترشی نہ کھاوین انزال نہوا افیون مصری جوزبوا قرنفل مشک زعفران فلفل زنجبیل قرفہ جملہ مساوی الوزن عسل ہمچند سب کے مقدار خوراک آدھے درم سے ایک درم تک جس رات کو کہ ارادہ جماع کا ہو وقت عصر کے اس معجون کو کھاوین اور بعد عشا کے مشغول ہون اور اس درمیان مین چاہیے کہ طعام نہ کھاوین وہی طعام کہ قبل عصر کے کھایا ہو کافی ہو اور بعد فراغت کے اگر وقت کھانے کا ہو البتہ کھانا چاہیے ورنہ قدرے دودھ کفایت کرتا ہو اور اس درویش نے بعضے عزیزون کو کہ سرعت انزال مین مبتلا تھے بمقدار دو نخود کے اس معجون سے ہر دن کھلایا بعد ادمت کئی دن کے بیماری زائل ہوئی اور اکثر ممسکات حبوب مین مذکور ہوئے ہین۔

فائدہ۔ بیچ استعمال ادویۂ باہیہ کے شرط ہو کہ غذا بھی مناسب ہو اور اگر بدن مین کوئی خلط زائد ہو پہلے اُسکو پاک کرے اور ایسا نہین ہو کہ ہر مزاج مین ہر معجون نہی اثر کرے بہت ہوتا ہو کہ باوجود اتحاد مزاج کے ایک دوا ایک شخص کو موافق آتی ہو اور دوسرے شخص کو نہین بلکہ وہی دوا بیچ حق ایک شخص کے باوجود عدم تغیر مزاج اُس شخص کے ایک وقت نافع ہوتی ہو اور ایک وقت نہین عقل بیچ دریافت کرنے کنہ ان خصوصیات کے اقرار بعاجزی کرتی ہو اسی وجہ سے ایک مطلب مین نسخ متعدد مرقوم ہوتے ہین طالب کو کہ اگر احیاناً کسی دوا سے کہ حکیم دانا نے تجویز کیا ہو منتفع نہووے اور دوا کی خواہش کرے اور بدظن نہووے خصوصاً بیچ امر باہ کے کہ ادویہ اس امر کی بعد مراعات بہت شرائط کے مؤثر ہوتی ہین۔

مربا شقاقل۔ کہ باہ کو قوت دے اور نعوظ خوب لاوے اور مثانہ کو فائدہ کرے شقاقل تازہ آب مین ایک رات دن بھگو کر وہ پانی پھینک دین اور پانی ڈال کر ایک رات دن اور بھگوئین تین مرتبہ تک ایسا کرین اور بعدہ مقشر کرکے جوش کرین تو نیم پختہ ہو جاوے اُسوقت عسل صاف اُسمین ڈال کر نرم آگ پر جوش کرین یہانتک کہ قوام ہو جاوے بعد اُسکے ایک ظرف مین رکھکر بعد چالیس دن کے استعمال کرین

مربا زردک۔ باہ کو زیادہ کرے اور پشت کو قوت دے بیچ بحث سینہ کے گذرا۔

مربا زنجبیل و مربا گردگان۔ کہ مقوی باہ ہین ادویۂ معدے مین گذرے۔

مربا خصیۃ الثعلب۔ منی زیادہ کرے اور باہ کو اُٹھاوے اور قوت و شہوت زیادہ کرے اور گردہ و پشت کو قوت دے اور دماغ کو پر کرے اور نشاط لاوے ثعلب مصری تر پانی مین بھگوئین تین رات دن اور اگر خشک ہو بارہ رات دن بعد اُسکے ہر ایک مین دس جگہ سوئی سے کونچین کہ لعاب اُس سے باہر آئے پھر پاک کرین اور دوسری بار بھگوئین اور اسی طرح کرین تاکہ لعاب اُسمین نرہے پس ایک من ثعلب

مین دو من عسل صاف ڈال کر تین رات دن رہنے دین بعد اُسکے آگ معتدل پر رکھین کہ جوش نہ آوے اور دو ساعت گذر جاوین پس آگ سے اُتار کر بعد تین دن کے پھر آگ پر رکھین اور اسی طور عمل کرین تو شہد مین قوام آوے اور بعد چالیس دن کے استعمال کرین۔

مربائے بہمن۔ منی کو زیادہ کرے و پشت و گردہ کو قوت دے اور باہ کو زیادہ کرے اور معدہ و دماغ کو قوت دے بہمن سفید مقشر تین رات دن پانی مین بھگوئین اور ہر دن پانی کو بدل دین چوتھے دن انمین سوراخ کرین اور ایک رات دن پانی مین رکھین بعد اسکے پانی سے نکال کر نچوڑین تو بالکل پانی نکل آوے پس اوپر ہر ایک بہمن کے ایک من عسل صاف اور دو من صاف پانی ڈال کر اوپر نرم آگ کے جوش کرین تو قوام ہووے بعد اسکے اُتار لیوین پھر بعد تین دن کے آگ پر تھوڑی دیر جوش کرین اور چینی کے باسن مین رکھین اور بعد چالیس دن کے کام مین لاوین۔

میفختج۔ معرب می پختہ کا ہے بیچ تقویت باہ کے مفید ہے اور وہ نزدیک سمرقندی کے عبارت ہے آب انگور سے کہ پکاوین جب وہ تہائی جلجاوے تھوڑی شکر ساتھ شہد کے ڈالین اور نزدیک نفیس کے میفختج مثلث ہے اور اُسی نے کہا کہ جب شیرۂ انگور کو جوش کرین یہانتک کہ ربع رہجاوے میفختج نام رکھتے ہین۔

مثلث۔ نزدیک جمہور اطباء کے عبارت ہے فقط آب انگور سے کہ جوش کرین یہانتک کہ ثلث رہجاوے و مصطلح فقیہون کا بھی یہی ہے لیکن آملی نے بیچ شرح کلیات ایلاقی کے لکھا ہے کہ مثلث وہ ہے کہ شیرۂ انگور تین جز و پانی ایک جز ملاکر جوش کرین یہانتک کہ ثلث رہے اسی کو شراب معسول بھی کہتے ہین بالجملہ مثلث بیچ تقویت باہ کے قائم مقام خمر کے ہے اور اس درویش نے بیچ شرح کلیات قانونچہ کے کہ تالیف حقیر کی اور مسمی بہ مفرح القلوب ہے ماہیت مثلث کی اور اختلافات کہ اُسمین وارد ہین اور بیان اس امر کا کہ نزدیک امام اعظم حضرت ابو حنیفہ کوفی علیہ الرحمہ کے پینا اُسکا مباح ہے اگر واسطے عبادت کے ہو اور نشہ نہ کرے مشروحاً لکھا ہے اور بجائے خمر کے اسی کو ساتھ فوائد کثیر کے لکھا ہے فلینظر ثمہ۔

ماء اللحم۔ بیچ امر باہ کے نہایت قوی الاثر ہے اور بیچ قلب کے گذرا۔

مرہم توتیا د۔ زخم قضیب کو فائدہ کرے بیس درم صلایہ کیا ہوا بیچ بیس درم موم اور پچاس درم روغن گل کے پگھلا کر مرہم بنا دین۔

مرہم۔ کہ واسطے زخم قضیب کے نہایت مفید ہے مردار سنگ چار درم سنگ جراحت کات ہندی گلنار شنگرف ہر ایک دو دو درم سنگ بصری یعنی توتیا ایک درم روغن گل یا کنجد اُسقدر رکھ ادویہ اُسمین گھولی جاوین ڈال کر مرہم بنا دین۔

مرہم آتشک۔ توتیا ہندی ایک جز و سیماب مقتول دو جز و برگ حنا باریک کی ہوئی چار جز و

او... روغن گل بقدر کفایت۔

مرہم شنگرف۔ واسطے زخم آتشک کے اور جراحات و قروح مزمنہ کے اور جرب رطب کے نافع ہی شنجرف و اسفیداج مردارسنگ سپیدہ رانگے کا توتیا ہندی سوختہ پوست بیضۂ مرغ سوختہ برابر کوٹ کر چھان کر ساتھ روغن گل کے بناوین۔

مرہم اکبر۔ کہ تالیف اس احقر کا ہی واسطے تلئین و تحلیل اورام صلبہ خصیہ کے اور مانند انکے مجرب ہی حلبہ تخم کتان آرد جو گل خطمی ہر ایک تین درم کوٹ کر چھان کر بیچ آب شلغم یا آب کلم کے پکاوین جب قریب پکنے کے آئے فلوس خیار شنبر یا پنجدرم پانی گرم مین حل و صاف کر کے اضافہ کرین اور پکاوین یہانتک کہ غلیظ ہووے پس روغن گل یا پنجدرم زیت یا بہیدانجیر بقدر حاجت ملاوین اور بیچ اضمدہ اس بحث کے تدبیر اورام خصیون کے مشروح گذری اور مرہم بھی بیچ اضمدہ کے مرقوم ہوئے۔

حرف الیاء

یاقوتیہا۔ تمامہ مقوی باہ ہین بشرط موافقت مزاج کے اور بیچ بحث ادویۂ سرور دل کے بتفصیل تمام مذکور ہوئی ہین۔

باب اٹھارھوان

بیچ ادویۂ مفاصل و درد ظہر و حدبہ و ریاح الافرسہ و وجع الورک و وجع الرکبہ و نقرس و عرق النسا و دوالی و داء الفیل و وجع الساقین و وجع العقب و وجع کف الرجل کے۔

پوشیدہ نہ رہے کہ درد مطلق جوڑون کو وجع المفاصل کہتے ہین جس جگہ کہ ہو لیکن اصطلاح خاص مین وجع المفاصل اوپر درد جوڑ ہاتھون و زانوون کے اطلاق کرتے ہین کذا قال الایلاقی و دوالی و داء الفیل اگرچہ قبیل درد مفاصل سے نہین ہین لیکن بنابر اشتراک بعض تدبیرون کے اس باب مین ذکر کیے گئے علیحدہ علیحدہ آخر باب مین۔

حرف الالف

ایارج فیقرا۔ اوجاع مفاصل کو نافع ہی اور وہ بیچ سر کے مذکور ہی۔

ایارج لوغاذیا و ایارج ارکاغانیس نقرس و مفاصل و عرق کو مفید ہی بیچ باب اورام و بثور کے آویگی۔

حرف الباء

برشعثا۔ اگر بمقدار حبہ کے یا زیادہ ہر دن بلع کرین نقرس و درد مفاصل کو تسکین دے اور بیچ ادویۂ سر کے مذکور ہی۔

بسختہ جوش۔ درد پشت کو نافع ہی بیچ ادویۂ سر کے گذرا۔

حرف الجیم

جوارش ہندی ۔ اوجاع مفاصل و نقرس و درد پشت و قولنج کو نافع ہی سقمونیا دس درم خیر بوا قاقلہ دارچینی زنجبیل قرفہ نارمشک قرنفل فاغل ہر ایک پانچ درم تربد سفید قند سپید ہر ایک سو درم کوٹ کر چھانکر ساتھ شہد کے معجون بناوین ۔

جوارش فنداد یقون ۔ درد پشت کو نافع ہی بیچ بحث معدے کے مذکور ہوئی ۔

حرف الحاء

حلویات ۔ کہ درد پشت کو نفع کرتے ہین بیچ بحث باہ کے مذکور ہوئے ہین ۔

حب صبر ۔ اوجاع مفاصل و نقرس و فالج و لقوہ کو نافع ہی صبر سقوطری ایک مثقال تربد سفید ڈیڑھ درم حب النیل غاریقون ہر ایک نصف درم شحم حنظل ڈیڑھ دانگ نمک ہندی تھوڑا سا مقل کتیرا انیسون ہر ایک ایک دانگ کوٹ کر چھان کر ساتھ آب کرفس کے حب بناوین ۔

حب سورنجان ۔ کہ اوجاع مفاصل و نقرس و عرق النسا کو نہایت نفع کرتی ہی اور شروع بیماری مین دیسکتے ہین صبر چالیس درم سورنجان سفید ہلیلہ زرد ہر ایک بیس درم عصارۂ عنب الثعلب مین گولی بناوین مقدار خوراک اڑھائی درم ۔

حب دیگر ۔ کہ مسمی ہی بہ حب سورنجان کبیر اور امراض باردۂ مذکورہ کو خصوصاً نقرس کو مفید ہی ایارج فیقرا تربد ہر ایک دس درم شحم حنظل قنطوریون سورنجان مازریون بوزیدان ہر ایک پنج درم فرفیون دو درم زنجبیل شیطرج فلفل خردل جندبیدستر ہر ایک ایک درم مقدار خوراک ایک درم سے دو درم تک اور اس حب کو مقیم الفرمین بھی کہتے ہین اور کبھی اس نسخہ مین سقمونیا و حلتیت و قنہ و جاؤشیر ہر ایک ایک درم زیادہ کرتے ہین تو قوی زیادہ ہو ۔

دیگر ۔ کہ واسطے نقرس بارد و وجع الورک و علت لنگی کے نافع ہی سورنجان بوزیدان ماہیزہرج قنطوریون رقیق ہر ایک نصف درم مقل شحم حنظل ہر ایک ثلث درم فرفیون جندبیدستر جاؤشیر حلتیت قنہ ہر ایک ربع درم سقمونیا زنجبیل خردل شیطرج فلفل ہر ایک ایک دانگ ایارج فیقرا تربد ہر ایک ایک درم جملہ ایک مقدار خوراک قوی ہی اور نصف یا ثلث خوراک متوسط ہی ۔

دیگر ۔ کہ مسمی بہ حب سورنجان صغیر ہی نقرس بارد کو نافع ہی سورنجان صبر ہر ایک ایک درم سقمونیا ربع درم تخم کرفس ایک دانگ اور یہ ایک مقدار خوراک ہی ۔

دیگر ۔ کہ واسطے اُس شخص کے کہ جو جوشاندہ سے کراہت کرتا ہی مناسب ہی سورنجان نصف درم سقمونیا ربع درم صبر ایک درم گل سرخ ایک دانگ ۔

دیگر ۔ کہ واسطے درد مفاصل و عرق النسا و نقرس کے نافع ہی قنطوریون دقیق سکبینج ہر ایک دو مثقال تربد چار درم سورنجان پانچ درم عاقرقرحا ایک مثقال صبر تین مثقال شحم حنظل فوہ غاریقون ہر ایک ڈیڑھ درم کوٹکر چھانکر گولیان چھوٹی بناوین بقدر مرچ سیاہ کے

مقدار خوراک دو درم سے تین درم تک۔

فائدہ - امراض سر مین کہا گیا کہ گولیان کلان بناتے ہین اسلیے کہ معدہ مین دیر تک رہین بخلاف وجع المفاصل کے کہ یہان گولیان چھوٹی بناوین کہ جلد کھلین۔

دیگر - کہ پہلی گولی سے خفیف ہی سورنجان ہلیلہ زرد صبر سقوطری ہر ایک برابر چنانچہ اوپر بیان ہوا گولیان بناوین مقدار خوراک بدستور۔

حب العافیہ حب الذہب حب منتن کبیر حب شیطرج - یہ چارون گولیان ہر ایک واسطے مفاصل کے اور نقرس وغیرہ کے فائدہ کرتی ہین اور بیچ بحث سر کے مذکور ہوئین۔

حب سعد - کہ بیچ قطع کرنے بلغم کے مفاصل ورگ سے قوی العمل ہی سعد سورنجان بوزیدان ہر ایک نصف درم ماہی زہرہ دو دانگ تربد دو ثلث درم کا شحم حنظل ربع درم کا فرفیون ایک دانگ وہی شربۂ واحدہ۔

حب - کہ واسطے عرق النسا کے مجرب ہی اور رازی کہتا ہی کہ اُسی وقت رفع کرتی ہی اور چند نفر بوڑھے کہ سال بھر سے اس مرض مین مبتلا تھے اور طاقت جنبش کی نہ تھی اس گولی سے معالجہ اُنکا کیا مین نے فائدہ ہوا پانچ چھ دست لاتی ہی اور یہ ایک مقدار خوراک ہی صبر سقوطری ہلیلہ زرد سورنجان ہر ایک ایک درم گولیان بناوین۔

دیگر - کہ درد نقرس کو نافع ہی اُسی وقت انیسون زیرۂ کرمانی فلفل سفید دارفلفل مغز حب القرطم ہر ایک دو درم سانجہ ایک درم زنجبیل فرفیون ہر ایک چار درم مصطگی چھ درم سورنجان بیس درم ساتھ آب رازیانہ کے گولیان بناوین مقدار شربت دو درم ساتھ آب زیرہ کے۔

حب مفاصل - تربد ایک مثقال سورنجان نصف درم شحم حنظل حب النیل نمک ہندی زنجبیل محمودہ ہر ایک ڈیڑھ دانگ ایارۂ فیقرا ایک درم گل سرخ مصطگی ہر ایک ایک دانگ مقل دو دانگ کثیرا ایک طسوج ساتھ آب خالص کے گولیان بناوین۔

حب - کہ واسطے درد مفاصل کے عجیب الاثر ہی استخوان آدمی کو جلا کر اور پیسکر ساتھ گلاب کے گولیان بناوین اور کھلاوین۔

حب بر یوما - کہ وجع مفاصل کو ایک دن مین بلکہ ایک ساعت مین اصلاح کرتی ہی بشرط موافقت سبب کے صبر سقوطری تربد موصوف ہر ایک آٹھ درم پوست ہلیلہ بوزیدان سورنجان ہر ایک دو درم انیسون سقمونیا ہر ایک ایک درم مقل ڈیڑھ درم ساتھ آب گندنا کے گولیان بناوین مقدار خوراک تین درم ساتھ آب گرم کے۔

بر یوما دیگر - کہ واسطے نقرس کے مخصوص ہی ابہل جبلی غیر اد دو درم سورنجان سفید بوزیدان ہر ایک ایک درم بوزیدان ہلیلہ بلیلہ زرد ہر ایک سدس مثقال محمودہ ثمن مثقال آب جوشاندہ گندنا مین گولیان بناوین وہی شربۂ واحدہ۔

حب - کہ درد مفاصل کہ جو مادہ بارد بلغمی سے ہو نافع ہی

پوست ہلیلہ کابلی پوست بلیلہ زرد ہر ایک چار درم
سنا رمکی تربد موصوف ہر ایک دس۱۰ درم قصب الزریرہ
کتیرا غاریقون نمک ہندی ہر ایک ایک درم تخم کرفس
انیسون ہر ایک دو ثلث درم سورنجان سفید دو درم
افتیمون ایک مثقال سقمونیا نیم درم کوٹ کر چھان کر
پانی مین گولیان بنادین اور سایہ مین خشک کرین
مقدار خوراک اڑھائی درم ساتھ آب گرم و شربت
بنفشہ کے۔

حب خفیف۔ کہ واسطے درد مفاصل کے نافع ہی
تربد ڈیڑھ درم صبر نیم درم مصطگی دو دانگ نمک
نفطی دو دانگ سورنجان نیم درم کوٹ کر چھان کر
گولیان بنادین وہی شربۃ واحدۃ۔

حب۔ کہ درد مفاصل کو جو بلغم و صفرا سے ہو نافع ہی
ہلیلہ زرد ایک جزو بنفشہ گل سرخ تربد ہر ایک نصف جزو
سقمونیا شحم حنظل ہر ایک ثلث جزو کتیرا عشر جزو مقدار
خوراک تین درم۔

حب۔ کہ اوجاع مفاصل و نقرس کو جو رطوبت و
برودت سے ہو فائدہ کرے سورنجان بوزیدان
شحم حنظل ہر ایک ایک دانگ غاریقون صبر ہر ایک
نیم درم تربد مقل ہر ایک ایک درم مقل کو آب گرم مین حل
کرکے ہاون مین پیسین اور باقی ادویہ کو کوٹکر چھانکر سکو ملاکر
گولیان بنادین یہ ایک خوراک ہی ساتھ آب گرم کے دین

حب۔ کہ بلغم کو ہمیائین سے نکالے اور مادہ کو قوت
سے خارج کرے تربد موصوف ڈیڑھ درم شحم حنظل دو دانگ
مقل ربع درم گولیان بنادین یہ ایک خوراک ہی۔

حب۔ کہ وجع مفاصل کو جو خلط غلیظ سوداوی سے
ہو فائدہ کرے ایارج فیقرا نیم درم غاریقون بسفائج
ہر ایک نیم مثقال تربد موصوف ثلث مثقال سورنجان
بوزیدان نمک ہندی سکبینج ہر ایک ربع درم کوٹ کر
چھانکر گولیان بنادین یہ ایک خوراک ہی۔

حقنہ۔ کہ واسطے عرق النسا کے قوی الاثر ہی پوست
بیخ کبر پوست حنظل شحم حنظل قنطوریون دقیق ماہیزہرج سورنجان
حرف بوزیدان ہزارجشان سپندان شیطرج تخم ترب
تخم جسپیر ہر ایک ایک حصہ پکا کر صاف کرین نبطی
اور روغن بیدانجیر تھوڑا تھوڑا ملاکر بکرر حقنہ کرین
تا کہ امعا کو چھیلے اور سحج پیدا کرے پس قیر جند بیدستر
مقل میعہ جاوشیر فرفیون بہروزہ بیچ روغن قسط کے
حل کرکے حقنہ کرین اور جسقدر حقنہ ٹھہرے بہتر ہی۔

حقنہ۔ کہ واسطے عرق النسا کے جو درد ورک مین
مستقر ہو نفع کرے مری نبطی لیکر بورہ ارمنی اُسمین
حل کرکے حقنہ کرین۔

حقنہ۔ واسطے درد مفاصل و عرق النسا وغیرہ کے
حلبہ مغز بادام تلخ مغز دانہ بیدانجیر تخم کتان ہر ایک
سات مثقال بابونہ حب الغار شبت ہر ایک پانچ مثقال
خسک سورنجان خربق سفید قنطوریون ہر ایک
دو مثقال اشق جاوشیر شحم حنظل مقل ہر ایک سات درم
کرفس پندرہ درم تخم شبت سداب ہر ایک سترہ مثقال
انجیر زرد دس۱۰ عدد عناب بیس۲۰ دانہ پستان چالیس
دانہ جوش کرین اور نصف رطل اس جوشاندہ سے
ساتھ روغن گاو روغن خیری کے حقنہ کرین۔

حرف الدال

دواء - کہ استیصال نقرس بلغمی کا کرے کماذریوس کمافیطوس زراوند جنطیانا موقودو قوفطر اسالیون برگ سداب برگ فوتنج فوہ الصبغ اسارون ناخواہ ابہل برابر کوٹ کر چھان کر ہر دن ایک درم کھاوین سفوفاً او حباً او معجوناً ساتھ عسل کے -

دواء - کہ درد سرین کو قلع کرے البتہ اور اسہال کرے بغیر تکلیف کے انزروت سورنجان سفید ہر ایک دو مثقال بیج روغن جوز وجوشاندہ تخم شبت کے کہ ہر ایک ایک اوقیہ ہو ملا کر پیین -

دواء - کہ منسوب ہی ساتھ یحیی بن خالد کے اور خوب اثر رکھتی ہی اور مجرب ہی سورنجان دس درم سنا مکی پانچ درم زنجبیل زیرہ کرمانی دار فلفل ہر ایک دو درم شہد مین گھولین مقدار خوراک دو مثقال ساتھ آب نیمگرم کے اور اگر بطور سفوف یا حب کے کھاوین ایک مثقال کافی ہی -

دواء - کہ وقت شدت درد کے استعمال کرین تخم کاہو تخم بیخ سفید ہر ایک دس درم شیطرج افیون ہر ایک دو درم آپسمین ملا کر مانند چلغوزہ کے گولیان بنا وین اور ایک گولی کھلاوین اور اگر بطور سفوف کے دین یہی درست ہی -

دیگر - کہ وقت شدت درد کے کھاوین تخفیف دے اور تسکین بخشے سورنجان سفید نبات دونون برابر کوٹ کر چھان کر ساتھ آب سرد کے کھلاوین

دیگر - سورنجان ایک درم شیطرج دو دانگ شکر برابر یہ ایک خوراک ہی -

دیگر - کشنیز خشک تین درم برابر اُسکے شکر کھلاوین -

دیگر - خشخاش کو شکر کے ساتھ کھاوین -

دیگر - کہ تسکین درد مفاصل کی کرے استخوان سفید سوختہ خصوصاً آدمی کی باریک کر کے دو درم کھلاوین -

دیگر - عدس مقشر کشنیز خشک بلوط سرکے مین تر کی ہوئی سورنجان سفید برابر کوٹ کر چھان کر کھلاوین مقدار خوراک تین درم -

دیگر - مسکنات درد نقرس سے ہی ضبعہ عرجا یا ثعلب جو ہاتھ آوے اُسیطرح ثابت بدون اس امر کے کہ پوست اُسکا دور کرین یا شکم کو صاف کرین کلان دیگ مین ڈال کر ساتھ آب و نمک و شبت کے پکاوین یہانتک کہ مہرا ہو جائے پس صاف کر کے اُسمین بیٹھین اُس حالت مین کہ پانی نیمگرم ہو تین دن متواتر صبح و شام عمل مین لاوین اور ہر مرتبہ دو ساعت تک اُسمین ٹھہرین بعد اُسکے آب گرم سے غسل کرین اور احتیاط ہوا سے سرد کی کرین کپڑے سے بدن کو چھپاوین اور یہ عمل تین دن اول ماہ مین یا تین دن درمیان مین یا تین دن آخر ماہ مین کرنا چاہیے -

فائدہ - خرگوش و حمار وحش قائم مقام ضبع کے ہی اور استعمال مخدرات موضعیہ کا بہتر ہی کہ بعد تنقیہ بدن کے ہو تو خوف ردع مادہ کا نہ رہے خصوصاً نقرس مین اور اگر بطور خطا کے اتفاق پڑے اور نشانیان ردع مادہ کی مفصل سے طرف دل کے مانند خفقان و غشی کے ظاہر

آوین جلد تدارک کرین اور تدارک یہ ہی کہ دوائے مستعملہ کو عضو سے دور کرکے گرم پانی کا نطول عضو مذکور پر کرین اور اگر پانی مین قوت بابونہ وغیرہ کی ہو زیادہ نافع ہی اور ساتھہ استعمال یاقوتیہا و مفرحات مناسبہ کے دل کی قوت کرین اور اسی طرح نزدیک استعمال ہر دوا کے کہ سورنجان اسمین ہو چکنا کرنا مفاصل کا قیروطی سے واجب جانین تو مفاصل متحجر نہو جاوین۔

ادویۂ ہندیہ۔ کہ ارجاع مفاصل کو نافع ہین۔

دواء۔ کہ درد پشت و بازو و کمر و آئنہ زانو اور پانون اور جوڑون اور استخوان اور درد استخوان اور علت لنگی کو اور زحمت دل و سینہ و فرج کو اور اکثر امراض ریحی و بلغمی کو نافع ہی اور شکستگی ہڈی کو سودمند ہی اسگند پوست درخت مغیلان ہو بیر گلوے سبز اول خارخسک راسن بدھارا اجوائن سندھی جملہ برابر گوگل قسم اول ہمچند سب کا روغن گاؤ نصف وزن گوگل کا ادویہ کو باریک کرین اور گوگل کو خوب کوٹکر اسمین ملاکر غلولہ بناوین اور ہر دن دو درم کھاوین اور اسکے شراب یا آب گرم یا شیر یا آب گوشت یا جوش مونگ یا ماش کا پیوین اور جاننا چاہیے کہ گوگل یعنی مقل اکیلا بیچ امراض مذکور کے فائدہ کرتا ہی اور طریق اسکے کھانے کا یون ہی کہ گوگل قسم اول قدر ایک درم کے یا کم و زیادہ لیکر بیچ دودھ گاے کے یا آب گرم کے یا بیچ جوش ترپھلی دوارہلد و بلپول دگاہ و دیہ کے کہ برابر ہون نیمکوب کرکے پیین یا گولیان بناکر کھاوین اور یہ سب یہ مائعات ہین۔

دواء۔ کہ بیچ ازالہ امراض مذکورہ و جمیع علل مفاصل کے اور سواے اُنکے جو بلغم و ریح سے پیدا ہون فائدہ کرتی ہی ہلیلہ ایک سیر بلیلہ دو سیر آملہ تین سیر کوٹ کر پانی مین جوش کرین یہانتک کہ مہرا ہو جاوے پس صاف کرین اور گوگل ایک سیر اُسمین ڈال کر پکاوین تو مانند جلاب کے ہووے پس برنگ خالص و ترپھلہ و گاؤ و سندھی و فلفلین و نسوت ہر ایک تین درم جلاب مذکور مین ڈالین اور آگ پر رکھین یہانتک کہ گاڑھی ہو جاوے پس اُتار کر چکنے باسن مین رکھین اور بقدر حاجت ہر دن کھاوین۔

دواء۔ کہ انواع باد مفاصل کو دفع کرے اور تجربہ ہوا ہی فلفل دراز چوک فلفلمویہ چیترک سندھی بابونہ بابرنگ اندرجو ہینگ زیرہ بھارنگی بیج سرشف جوکھار اجیل اجمود کرد موریا زیرہ سیاہ ہر ایک چار درم ترپھلا چھتیس ۳۶ درم گوگل ایک سیر سب کو کوٹکر بقیاس تین درم کے غلولے بناوین ایک صبح ایک شام کھاوین اور سب ترشیون اور نفخ کرنے والی چیزون سے پرہیز کرین۔

دیگر۔ اقسام درد مفاصل کو نافع ہی برگ راسن خشک آٹھ درم بید انجیر سفید پاننہ دھماماجو ردیو دار بدھارہ خشک مشالک سندھی تیس بیج بسکھپرا بیخ اسکیلہ اسگند گلوے فلفل دراز ستاوری کٹائی خرد کٹائی بزرگ ہر ایک دس درم سب کو نیمکوب کرین اور ہر دن بارہ درم

اس دوا سے آٹھ سیر پانی مین جوش کرین جب ایک سیر رہجاوے شیر گرم پیوین تین ہفتہ تک اور یہ ادویہ ہند مین مشہور ہین ـ

دیگر ـ کہ یہی عمل کرتی ہی چوک اجوائن نمک سنگ برگ راسن خشک کوٹ جاب سنگ کشتیز ناگ کیسر جلبہ برابر گوگل سب کے برابر سب کو کوٹ کر مقدار چار درم کے غلولہ بناوین اور ہر صبح ایک غلولہ کھاوین ـ

دوا ـ کہ انواع درد مفاصل کو فائدہ کرے اور سب ریاح کو توڑے اور باہ زیادہ اور چہرہ روشن کرے شنبلیت والان خرد و بزرگ اجوائن سپندان سیاہ دانہ تخم ترب تخم خربزہ مقشر ہر ایک تین درم شکر سرخ ایک سیر کوٹ کر چھان کر آپسمین ملا کر ہر دن پانچ درم پانی کے ساتھ کھاوین ـ

دوا ـ کہ سب انواع مفاصل وغیرہ کو کہ نزدیک اہل ہند کے امراض بادی کہتے ہین مانند تمام اوجاع مفاصل ولقوہ وفالج وغیرہ کے نفع کرے درخت آک مع برگ وشاخ وبیخ بقدر دو آثار شاہجہانی کے کہ قریب ایک من طبی کے ہوتا ہی لیکر پارچہ پارچہ کرین اور نصف اسکا دیگ مسی مین رکھکر اوپر اُسکے گیہون آفت نارسیدہ ایک پاؤ یعنی ربع آثار شاہجہانی ڈالین اور نصف باقی برگ آک وغیرہ سے اوپر گیہون کے رکھین اور سرپوش دیگ پر رکھکر ماش کے آٹے سے بند کرین اور نرم آگ پر رکھکر پکاوین اور تین گھڑی تک بعد اُسکے اُتار لیوین جب دیگ بالکل سرد ہووے گیہون نکال کر سایہ مین خشک بریان کرین بعد اُسکے آٹا پیسکر رکھین اور ہر صبح تین ماشہ سے چھ ماشہ تک اُسکو ساتھ پانی کے کھاوین اور غذا مین گھی بڑھاوین اور ترشی و بادی سے پرہیز کرین کہ ایک ہفتہ مین اثر تمام ہوگا اور باہ بھی ہوگی اور بعض لوگ جڑ آک کی اکیلی کام مین لاتے ہین اور بدستور اور پانی بھی ڈالتے اور چار پہر آگ پر جوش کرتے ہین اور ساتھ دودھ کے کھاتے ہین اور بعضے عوض آگ کے چوب درخت سینڈھ کہ ہندی مین تھوہڑ تدھارا کہتے ہین کام مین لاتے ہین بطریق مذکور ـ

دوا ـ کہ درد زانو کو جو کہنہ ہو فائدہ کرے سونٹھ بابونہ سیاہ دیودار ہر ایک تین درم کوٹ کر چار سیر پانی مین جوش کرین جب آدھا سیر رہے ملکر چھانین اور ہر دن نہار کھاوین اگر اس دوا کی مداومت کرین صحت پاوین ـ

دیگر ـ برگ راسن یا برگ آک تین دن متواتر باندھین کہ درد زانو کا دفع ہووے ـ

دیگر ـ روغن تخم سہجنہ کا طلا کرین اگر درد زانو پرانا بھی ہو دفع ہووے ـ

دیگر ـ اوپر موضع درد کے پچھنے لگاوین اور شیرہ برگ آک کا طلا کرکے کامناسینڈھ راُسپر چھڑکین اور اگر پچھنے لگانے دشوار ہوں دودھ آگ کا فقط تین دن متواتر ملین بعد اُسکے مسکہ ملکر آب گرم سے دھووین ـ

دیگر ـ زقوم خاردار چیر کر اوپر محل درد کے باندھین اور چند دن مداومت کرین اور ایک رات نہ کھولین ـ

دواء- کہ ہندی مین اُسکو جوگ راج گوگل کہتے ہین
واسطے درد مفاصل وکمر ووزالورو نقرس وعرق النساء
وقولنج وفالج ولقوہ وسب امراض بلغمی وسوداوی کے
نفع عظیم دیتی ہی فلفل دراز فلفلمویہ فلفل چیتک سونٹھ اندرجو
حلبہ ہینگ بھارنگی بنس شرشف زیرہ سفید واالان بزرگ
کبابہ گجپیل اجمود کرو ناگ کیسر بابرنگ دھنیا رینک
ہر ایک ایک درم ترپھلا چالیس درم گوگل ساٹھ درم
پاک کیا ہوا جملہ ادویہ کو کوٹ کر چھانکر اُسمین ملاکر
ہر دن دو درم سے پانچ درم تک ساتھ جوشاندۂ
راسنا کے کھاوین اور غذا گوشت گوسپند وحلوان
وچوزہ مرغ ودراج وقلیہ وکباب یا شوربا کرین-

دواء- کہ درد پشت کو جو ریح سے یا بلغم سے ہو
فائدہ کرے شاخ آہو ایک باسن مین رکھکر گل حکمت
کرین بعد اُسکے آگ مین ڈال کر جلاوین بعد اُسکے
نکال کر خوب پیسین اور ہر دن تھوڑا اُس سے ساتھ
روغن گاؤ کے کھاوین مجرب ہی-

دیگر- پہلے پشت کو روغن سے چرب کرین بعدہ پیندان
کہ ہندی مین اُسکو اہلیم کہتے ہین ساتھ پانی کے پیسکر
طلا کرین اور دھوپ مین بیٹھین درد پشت وہی گاہ
دفع ہووے اور اگر درد پشت کا خون سے ہو درمیان
دونون شالون کے حجامت کرین کہ نہایت
عاجل النفع ہی-

دیگر- کہ سب اوجاع سر کو نافع ہی اور فالج کو بھی
مفید ہی پوست بیخ کنیر سفید گھونگچی سفید مقشر برگ دھتورہ
سیاہ ہر ایک دو دام سب کو کوٹ کر قرص بنا دین
اور بیچ ایک پاؤ روغن کنجد کے پکاوین یہانتک کہ قرص
جلجاوین اور دھوان نکلنا موقوف ہو جاوے پس
نگاہ رکھین اور دھوپ مین ملین-

دیگر- کہ گزفنگی ہاتھ و پانون کو دور کرے تخم بیدانجیر
کو مقشر کرین اور اسی طرح مسلم نگلین روز اول ایک دانہ
اور ہر دن ایک دانہ زیادہ کرین سات دن تک کہ
سات دانہ کھانے جاوین بعد اُسکے ہر دن ایک دانہ
کم کرین اسی طرح سے بڑھاتے جاوین پھر گھٹا دین
تو نفع ظاہر ہووے-

دیگر- اجوائن باریک پیسکر ساتھ روغن کنجد کے ملاکر
ملین مفید ہی-

دیگر- برگ کرنج یا برگ سنبھالو یا برگ سہجنا پانی مین
جوش کرین اور بخار اُسکا عضو مین پہونچاوین اور
پتون کو باندھین اور ہوا سے بچاوین اور برگ سرس
اور برگ راسن پیسکر ملین اور ریح اوجاع گرم سے
برگ انبلی کام مین بطریق مسطور لاتے ہین کہ بہت
نفع کرتی ہی-

دیگر- اسپند سوختنی روغن کنجد مین جلاکر پیسین تو یکسان
ہو جاوے اور اگر عوض روغن کنجد کے روغن سرسون
ڈالین روا ہی اور اگر درد شدید ہو تھوڑی افیون بھی
لاوین-

دیگر- کہ وجع الورک ووجع الرکبہ کو مجرب ہی میٹھی اجوائن
بالون کلونجی چارون برابر لیکر ہر صبح کو تین اُنگلی مین
یہ دوا جسقدر آوے کھاوین پانی کے ساتھ اور
گھٹانے اور بڑھانے وزن مین موافق مزاج کے مختار ہین

دیگر۔ کہ جو عضو بیکار ہوا کا مارا ہو سود مند ہو روغن السی روغن سرشف روغن بیدانجیر روغن کنجد ہر ایک برابر جسقدر کہ ہون برابر سب کے شیرہ دھتورہ کا کہ جڑ اور پھل اور پتے سے لیا ہو ملاکر جوش کرین نرم آگ پر یہانتک کہ روغن رہجاوے اوپر عضو کے ہر دن مین سو مرتبہ ملین اوپر اُسکے برگ دھتورہ یا برگ ارنڈ یا برگ آک باندھین۔

دیگر۔ کہ رنگھن یعنی عرق النسا کو مجرب ہی زنجبیل ستوا پندرہ درم سیماب ایک درم زنجبیل باریک کرکے اُسمین کھرل کرین یہانتک کہ ایک ذات ہوجاوین پس ہر دن تھوڑا اُس سے دو تین دفعہ ملین۔

دیگر۔ کہ عرق النسا وغیرہ کو فائدہ کرے حنا صابون پانی مین حل کرکے ضماد کرین۔

دیگر۔ کہ عرق النسا وغیرہ جمیع اوجاع شدیدۂ مزمنہ کو کہ شدت درد سے قریب ہلاکت کے مریض پہونچا ہو نفع کرے اور درد کو ساکن کرے کوکنار بقدر احتمال مزاج کے پانی مین بھگوئین اور پانی اسکا زرات کو پین اُسقدر کہ نشہ لاوے اور مخدرات بھی یہی عمل کرتے ہین لیکن قبل از تنقیہ استعمال کرنا نہ چاہیے۔

دیگر۔ کہ جمیع اوجاع مذکورہ کو نفع کرے شیر گاؤ تین سیر شاہجہانی نبات نصف سیر مغز کنوار کہ درخت صبر کا ہی ڈیڑھ سیر دارچینی دو دام مغز کنوار کو دودھ مین ڈال کر دو تین جوش دین پس دارچینی و نبات ملاوین اور جوش کرین یہانتک کہ قوام حلوے کا حاصل ہو بعد اُسکے روغن گاؤ خوشبو داغ کرکے اضافہ کرین اور ملاوین اور نگاہ رکھین اور ہر صبح دو درم یا کم یا زائد موافق مزاج کے کھاوین اور یہ دوا سب اشربہ وادویہ سے کہ کنوار سے بناتے ہین مناسب تر اور اعتدال کی طرف مائل تر ہی۔

دیگر۔ کہ درد بندگاہ و گرفتگی اعضا کو اور استرخا کو نافع ہی دار فلفل مال کنگنی ہر ایک چھ درم ہیزبیل موصلی سیاہ ہر ایک پندرہ درم رتن جوت سولہ درم جمال گوٹہ نو درم باریک پیسکر پانی مین گھول کر بقدر فلفل کے گولیان بناوین اور دھوپ مین خشک کرین پہلے دن ایک دوسرے دن دو تیسرے دن تین گولی کھاوین بعد اسکے ہر دن ایک ہفتہ تک یہی تین گولی کھاتے رہین اور غذا نان گندم و روغن و برنج ساٹھی و دال موٹھ کرین اور گوشت اور سبزیون بادی سے پرہیز کرین۔

دیگر۔ کہ بیچ امراض مذکور کے یہی عمل کرتی ہی کچلہ کہ عربی مین اُسکو اذاراقی کہتے ہین اور جڑ اندرائن کی اور فلفل گرد ہر ایک دو دام کوٹ کر چھان کر ساتھ قوام غلیظ شکر یا شہد کے ملاکر بقدر نخود گولیان بناوین اور ہر دن ایک گولی یا دو موافق حال کے نگلین اور طریق پینے کچلہ کا یہ ہی کہ پہلے کچلہ کو پانی یا دودھ مین بھگوئین یہانتک کہ نرم ہوجاوے بعد اُسکے مقشر کرین اور ریزہ ریزہ کرکے خشک کرین بعد اُسکے کوٹین تو کوفتہ ہوجاوے اور تناول اس دوا کا سرما مین اور مبرود المزاج کو بہت نفع کرتا ہی اور بھوک لگاتا ہی اور واسطے اوجاع باردۂ مزمنہ کے

مجرب ہی۔

حرف الراء

روغن دفلی۔ کہ درد کہنہ کو دور کرے زیت ایک رطل برگ خرزہرہ ایک اوقیا ہر دو آپسمین ملاوین بدون ڈالنے پانی کے یا پانی ڈال کر اور صاف کر کے رکھین اور رات کو پشت پر ملین اور صبح حمام کرین اور اسفیداج غذا کرین۔

دیگر کہ عرق النسا بارد کو فائدہ کرے روغن زنبق لیکر تھوڑا افرفیون و جندبیدستر و میعہ اُسمین حل کرین و ملین اور قی کرنا لازم جانین مولی کھاکر۔

روغن سیر۔ واسطے درد کمر و حدبہ و تعقد عصب کے مفید ہی بیچ بحث باہ کے گذرا۔

روغن مبارک۔ واسطے نقرس و عرق النسا و دوالی کے مفید ہی۔

روغن ریحان۔ واسطے درد زانو کے مخصوص ہی و روغن قسط و روغن بابونہ و روغن شونیز و روغن فرفیون و روغن بیدانجیر سادہ و مرکب و روغن سداب و روغن بلادر و روغن ناردین و روغن آجر واسطے اوجاع مفاصل کے بہت سودمند ہین اور بیچ بحث سر کے یہ سب روغن کہے گئے۔

روغن حنا۔ عرق النسا و اوجاع مفاصل کو نافع ہی اور بالون کو سیاہ کرتا ہی برگ حنا مع شگوفہ ربع من بیچ دو من پانی کے جوش کرین اور ملکر نچوڑین بعد اُسکے نصف من روغن کنجد ملا کر پکاوین جب روغن رہجاوے اُتھار کھین اور اگر برگ ساتھ نور حنا کے کہ تر و تازہ ہون کوٹین اور تھوڑا پانی بھی چھڑکین اور صاف کر کے نصف اُسکے پانی کے روغن کنجد ملا کر جوش دین یہانتک کہ روغن رہجاوے یہ قوی تر ہی۔

روغن سورنجان۔ واسطے مفاصل کے مخصوص ہی سورنجان مصری دس مثقال قصب الذریرہ پانچ مثقال دونون کو نیمکوب کر کے پانی مین بھگوئین ایک رات دن بعد اُسکے جوش کرین یہانتک کہ تہرا ہو جاوے پس ملکر نچوڑین اور آب کرفس تازہ دس مثقال روغن زیت تیس مثقال اضافہ کر کے جوش کرین یہانتک کہ روغن رہے۔

روغن علقم و روغن کاکلانج۔ واسطے درد مفاصل و نقرس و عرق النسا کے بعدیل ہین بیچ بحث معدے کے گذرے۔

حرف السین

سفوف سورنجان۔ درد مفاصل و نقرس و عرق النسا کو نافع ہی سورنجان مصری دس درم سنا مکی سات درم پوست ہلیلہ زرد مغز بادام شیرین ہر ایک تین درم زعفران نصف درم سقمونیا ایک درم قند سفید تیس درم اور اگر مادہ بلغمی ہی تربد سفید پانچ مثقال اضافہ کرین اور سقمونیا نصف درم زیادہ کرین اور بیچ تحفۃ المومنین کے کہا ہی کہ بلغمی مین عوض سقمونیا تربد

پانچ درم ڈالتے ہین مقدار شربت دو مثقال باآب سرد۔

دیگر۔ کہ یہی عمل کرتا ہی سورنجان قند سفید ہر ایک دس دس درم سناء مکی سات درم زعفران ایک دانگ کوٹ کر چھان کر دو درم سے تین درم تک کھاوین اور تھوڑا آب سرد پیچھے اُسکے میل کرین۔

دیگر۔ کہ واسطے عرق النسا کے کہ مجربات قدما سے ہی اور صاحب تحفہ نے اسکو سفوف سنا نام رکھا ہی سورنجان پانچدرم سناء مکی چھ درم شیطرج دو درم زعفران نصف درم مقدار خوراک تین درم مع تین درم شکر کے

دیگر۔ کہ نہایت مجرب ہی واسطے اوجاع مفاصل و امثال اسکے کے نافع ہی سورنجان سات درم زنجبیل کرمانی بریان خولنجان ہر ایک دو درم فلفل ایک درم قند سفید بارہ درم کوٹکر چھانکر مقدار خوراک تین درم

دیگر۔ مختصر کہ درد مفاصل کو تخفیف دے و تسکین بخشے سورنجان شکر ہر ایک برابر کوٹکر چھانکر شربت تین درم ساتھ آب سرد کے اور بیچ تحفہ کے سورنجان دس درم شکر پانچدرم زعفران ایک دانگ لکھا ہی مقدار خوراک ایک مثقال سے دو درم تک کہا ہی اور اس نسخہ کو سورنجان صغیر نام رکھا ہی اور پہلے نسخہ کو سفوف سورنجان کبیر۔

سفوف نقرس۔ منقول محمد بن زکریا سے واسطے رفع کرنے نقرس بارد و مفاصل بارد کے مجرب ہی اور یہی اُسنے کہا ہی کہ بالکل قطع کرتا ہی نانخواہ اہل برگ سداب تخم کرفس رازیانہ ودقو ہر ایک دو جزو فوہ بادام تلخ سنبل قسط شیرین زراوند مدحرج ہر ایک نصف جزو

کوٹ کر چھان کر ہر دن ایک درم استعمال کرین اور شروع فصل سرما سے کرکے وسط بہار تک تناول کرین اور بعد تناول اس سفوف کے چار ساعت تک کچھ نہ کھاوین ماکول و مشروب سے اور چاہیے کہ بعد تنقیہ بدن کے استعمال کرین۔

سفوف سورنجان۔ کہ اوجاع مفاصل حار کو نافع ہی سورنجان سفید دس درم سقمونیا مشوی ایک درم و دو ثلث درم کبابہ تین درم شکر سفید تین درم مقدار خوراک تین درم اور اکثر سفوف مسکن الوجع بیچ حرف دال اس بحث کے گذرے ہین۔

سفوف نمک و سفوف ملح سلیمانی سو واسطے وجع مفاصل کے نافع ہی بیچ بحث معدے کے مذکور ہوا

سکنجبین۔ کہ سرکہ عنصل اور سرکہ فوتنج و شہد یا قند سے موافق مزاج مریض کے بناوین اوجاع مفاصل کو نفع کرتی ہی۔

سکنجبین افسوالی۔ واسطے اوجاع مفاصل کے نافع اور بیچ بحث سموم کے آویگی۔

حرف الشین

شربت ہلیلہ۔ اوجاع مفاصل و حمیات گرم کو نافع اور طبع کو نرم کرے ہلیلہ زرد سو عدد آب گرم سے دھوکر مکوب کرکے بیچ باسن وسیع کے رکھین اور پانی اُسپر اتنا ڈالین کہ اُنگل بھر اوپر رہے اور تین دن دھوپ مین رکھین بعد اُسکے پانی اُسکا نکال نگاہ رکھین اور آب جدید اُسی قدر ہلیلہ مین ڈال کر

تین دن دھوپ مین رکھین بعدہ اس پانی کو لیوین
پس دونون پانی کو ملا کر ترنجبین ڈیڑھ سو مثقال
اسمین حل کرکے صاف کرین اور آگ پر رکھین تو قوام
ہو جاوے بعد اُسکے اُتار کر سقمونیا مشوی سائیدہ
ایک مثقال اضافہ کرکے موافق حاجت کے پیین۔

شربت بزوری۔ مفاصل کو فائدہ کرے اور
ریاح کو دفع کرے اور معدہ و جگر کو نفع کرے پوست
بیخ کاسنی بیس درم پوست بیخ رازیانہ تخم کاسنی ہر ایک
درم رازیانہ تخم کرفس پوست بیخ کرفس ہر ایک دس دس درم
تخم کشوث کتان مین باندھکر پانچ درم جوش کرین و
نچوڑین و صاف کرین اور ساتھ ڈیڑھ من قند کے
قوام کرین۔

شربت مفاصل۔ پوست بیخ کبر پوست بیخ رازیانہ
ہر ایک بیس بیس مثقال تخم کرفس تخم رازیانہ تخم انیسون
تخم نانخواہ ماہیزہرج سورنجان ہر ایک دس دس درم
پوست بیخ کرفس بیس بیس درم قند سفید ایک من بطور ق
معلوم پکاوین۔

شربت تربد۔ اوجاع مفاصل کو نافع ہی اور
بلغم کو بغیر اذیت اسہال مین نکالتا ہی بیچ بحث امعا
کے گذرا۔

شربت۔ نافع وجع الورک کا حرف دال مین
بحث دوا مین ذکر ہوا۔

شیاف۔ کہ وجع الورک کو نافع ہی اور اثر قوی
رکھتا ہی فوتنج خشک شیطرج خردل پوست بیخ کبر کوٹکر
چھان کر شافے لانبے بناوین اور بعد تحمل کرنے کے
اُسکی اذیت پر صبر کرین یہانتک کہ امعا مین خراش کر
اور مادہ ورک کا واسطے انجذاب کے اسطرف اُکھڑ جاوے

شافہ۔ کہ درد پشت و جمیع انواع مفاصل کو جو بسبب
سردی و بلغم کے ہو نافع ہی سکبینج جاؤشیر مقل بورہ ارمنی
اشق زنجبیل سورنجان شقاقل تخم حنظل تخم کرفس
رازیانہ انیسون قسط نمک ہندی جندبیدستر انزروت
زرنباد ماہیزہرج سداب خشک سعد مساوی الوزن
کوٹ کر چھان کر ساتھ آب سداب تازہ کے گھولین
اور شیاف بناوین۔

شافہ۔ کہ یہی کام کرتا ہی اور ناسور کو نفع دیتا ہی
سکبینج جاؤشیر مقل بازرد تخم حنظل بیدانجیر ماہیزہرج
بورزیدان ہر ایک ایک درم بزرالبنج ایک درم و
نصف سورنجان تربد سفید ہر ایک تین درم
جندبیدستر نصف درم ساتھ آب گندنا کے شافہ
بناوین۔

حرف الضاد

ضماد۔ کہ مفاصل گرم و نقرس کے واسطے نہایت
آزمودہ ہی صندلین اکلیل الملک ہر ایک دس دس درم
شیاف مامیثا پانچ مثقال اقاقیا دو درم زعفران
ایک درم افیون تفاح ہر ایک بقدر ڈیڑھ مثقال

ضماد نقرس۔ کہ نہایت مجرب ہی گل خطمی مرزنجوش
اسبغول آرد جو سورنجان برابر ساتھ زردی انڈے
و روغن گل کے ضماد کرین اور اگر قدرے زعفران
و افیون اضافہ کرین اثر جلد ہووے۔

ضماد ۔ کہ نقرس گرم کو فائدہ کرے آرد جو بیس درم افیون تین درم ساتھ پانی مکو کے ضماد کریں ۔

دیگر ۔ کہ نقرس گرم مرکب کو نافع ہے مغاث خطمی تخم مرو آرد جو سورنجان بالسویہ ساتھ روغن گل و زردی انڈے کے ضماد کریں ۔

دیگر ۔ کہ سب انواع مفاصل کو نافع ہے بابونہ خطمی اکلیل الملک ہر ایک بیس درم اشق جاوشیر مقل ہر ایک دس درم موم سفید سرکہ ہر ایک پانچ درم روغن شبت بیس درم ضماد کریں ۔

ضماد سلیمانی ۔ واسطے درد مفاصل مزمن کے مجرب ہے وار انشگن کہ اُسے سلیمانی کہتے ہیں زیبق ہر ایک تین مثقال آب یمن پیسکر منھ کے لعاب میں تر کریں یہانتک کہ پارہ مر جائے اور صابون حلبی دس مثقال پانی میں حل کر کے اضافہ کریں ۔

ضماد محلل ۔ کہ بقیۂ درد مفاصل حار کو نفع دے لعاب تخم کتان لعاب حلبہ اور دونوں کا آٹا ساتھ روغن بابونہ و موم زرد کے ملا کر ضماد کریں ۔

ضماد دبق ۔ واسطے مفاصل بارد و فالج و امراض عصبانی کے جمیعاً نافع و مفتح و محلل قوی و جاذب کانٹے و گانسی کا عمق بدن سے اور صاحب تحفہ نے کہا کہ حقیر نے تجربہ کیا ہے کہ مداومت اس ضماد کی اوپر فقرات پشت کے اور مفاصل کے باعث نجات جماعت کثیر کا استرخا و تشنج چند سالہ سے ہوا دبق بارہ مثقال تخم انجیر و بیخ بوزیدان بورہ نوسادر زراوند دحرج

شحم حنظل علک البطم ہر ایک پانچ فلفل دار فلفل عاقرقرحا اشق ہر ایک چار مقل فرفیون کندر رعو و بلسان مرمکی راتیانج زاج استخوان سوختہ ابہل صبر زرد افسنتین سعد اذخر فرفیون سورنجان ہر ایک تین حب السلاطین چھ موم پینتالیس روغن سوسن اور امثال اُسکے پندرہ مثقال صموغ کو سرکہ میں حل کریں اور عسل کو بقدر سرکہ کے اضافہ کریں اور موم کو روغن میں پگھلا کر اُس دستور سے کہ واسطے بنانے مرہم کے مشہور ہے ترتیب دیں ۔

ضماد روث ۔ واسطے مفاصل کے کہ قریب بہ تجربہ مجرب ہے مغز تخم بیدانجیر تین جزو روغن تازہ گاوی عسل ہر ایک ایک جزو لائے سرکہ بوزن عسل کے بعد پیسنے مجموع کے گوبر خشک بیل کا اسقدر کہ غلیظ کرے پیسکر اضافہ کریں اور نیمگرم استعمال کریں ۔

ضماد باخہ ۔ کہ واسطے تسکین ضربان مفاصل و درد سر ضربانی کے مجرب ہے مغز استخوان باخہ دس جزو روغن گل گل سرخ بیخ فرفیون ایک جزو زعفران تین جزو ۔

ضماد ۔ کہ نقرس اور اورام گرم کو نافع ہے صندل سرخ عدس مقشر فوفل شیاف مامیثا گل ارمنی کوٹ کر اور چھانکر ساتھ گلاب و آب کاسنی کے ضماد کریں ۔

دیگر ۔ کہ عرق النسا اور وجع الورک کو نافع ہے پوست بیخ کبر فودنہ کوہی عاقرقرحا ہر ایک دو درم عصارۂ قثاء الحمار حب الغار ہر ایک ایک درم کوٹ کر چھان کر ساتھ شراب عسلی کے ضماد کریں ۔

ضماد ۔ کہ یہی خاصیت رکھتا ہے نطرون عاقرقرحا ہر ایک

درم قسط تخم ترہ تیزک ہر ایک ایک درم کوٹکر چھانکر اضافہ کرکے ضماد کرین۔

ضماد مفاصل گرم۔ کہ وقت ہیجان الم کے تسکین کرے افیون زعفران برابر ساتھ دودھ کے پیسکر روغن گل ملاکر ضماد کرین۔

ضماد مسکن الاوجاع۔ بیچ تسکین درد مفاصل حار و بارد کے مجرب ہی حلبہ کو آب و سرکہ مین کہ دونون برابر ہون جوش کرکے مہرا کرین اور شہد برابر حلبہ کے اضافہ کرکے ضماد کرین۔

ضماد۔ واسطے مفاصل باردہ کے بیعدیل ہی اطریفیا سوختہ ساتھ عسل و سرکہ کے کہ بقدر کفایت بالسویہ ہون ملاکر ضماد کرین۔

ضماد محلل۔ واسطے مفاصل بارد و اورام مزمن کے نہایت مفید ہی بورۂ ارمنی دبق اشق آہک آب نادیدہ بالسویہ ساتھ سرکہ و عسل کے کہ بالمناصفہ ہو ضماد کرین۔

ضماد۔ کہ مفاصل گرم و نقرس کو آخرین مجرب النفع ہی اور بقایاے مواد کو رفع کرے صبر زرد زعفران مرصاف بالسویہ ساتھ آب کلم کے ضماد کرین اور اگر حرارت زیادہ ہو ساتھ آب کاسنی کے کام مین لاوین۔

ضماد اسپغول۔ واسطے اورام حارہ مفاصل کے اور ورم فرج و کنج ران و قضیب و باقی اعضا کے مجربات سے ہی اسبغول کو کنار بالسویہ کوٹ کر چھانکر پانی مین پکاوین یہانتک کہ مہرا ہووین روغن گل اسقدر کہ گنجائش کرے ملاکر ضماد کرین اور احسن یہ ہی کہ اگر تسکین حرارت زیادہ مطلوب ہو اسپغول کو بدون کوٹنے کے مسلم داخل کرکے ضماد کرین اسلیے کہ مغز باطنی اُسکا گرم ہی کوٹنے سے اثر اُسکا ظاہر ہوتا ہی اور نا کوفتہ تبرید کرتا ہی اور اگر انضاج اہم ہو کوفتہ عمل مین لاوین کما ذکرناہ۔

ضماد۔ کہ درد اعضا کو جو بسبب ریح بواسیری کے حاصل ہو اور واسطے کزاز کے مجرب ہی فلفل دو جزو قاقلہ نوشادر ہر ایک تین زنجبیل ایک سورنجان گیارہ روغن اخروٹ بیس موم زرد پانچ۔

ضماد۔ واسطے وجع الرکبہ باردہ کے برگ دفلی کو جوش کرکے کوٹین اور ساتھ کسی گرم روغن کے ملاکے ضماد کرین

ضماد۔ کہ واسطے مفاصل و دیگر اورام کے مجرب ہی آرد لوبیا اسبغول مرزنجوش گل خطمی سورنجان اکلیل الملک ہر ایک دس متقال خولنجان شیاف مامیثا آرد جو ہر ایک پانچ تفاح زعفران افیون ہر ایک دو متقال کوٹکر چھانکر قرص بناوین اور وقت حاجت کے واسطے اوجاع باردہ کے ساتھ اشیاے گرم کے اور واسطے اوجاع حارہ کے ساتھ اشیاء باردہ کے استعمال کرین۔

ضماد۔ کہ بقایا اورام باردہ و نقرس کو تحلیل کرے مقل لبنی حلبہ تخم کتان اشق برابر لیوین مقل و اشق کو شراب مین حل کرین پھر سب کو ملاکر ضماد کرین اور ایک نسخہ مین عوض لبنی کے کندر ہی۔

حرف الطاء

طلاء۔ کہ بعد تنقیہ کے کام مین لاوین اور قائم مقام شراب کے ہی استخوان سوختہ ابہل جوز السرو

ہر ایک ایک جزو زاج شب ہر ایک سدس جزو کوٹکر
چھانکر ساتھ سریشم مچھلی کے ملاکر طلا کرین اور باندھین۔
طلاء۔ کہ بیچ تسکین درد کے اور تقویت عضو کے
عجیب الفعل ہی استخوان سوختہ سفید شدہ کہ بعد پیسنے
کے دھوکر خشک کیا ہو سفیدہ نشاستہ ہر ایک ایک
جزو سورنجان دو جزو کافور تھوڑا گلاب مین حل
کرین باقی ادویہ کوٹ کر چھان کر اسمین ملاکر طلا کرین
دیگر۔ کہ اعضا کو قوت دے اور مادہ کو ردع کرے
اور تبرید بخشے صندل سرخ ماميثا گل ارمنی گلنار امنی
صداء الحدید مغاث ساتھ آب آس کے یا گلاب
کے ضماد کرین۔
دیگر۔ کہ تبرید شدید کرے نشاستہ کافور برابر گلاب مین کرین
دیگر۔ کہ ردع و تبرید کرے سفیدہ رانگے کا گلاب مین
پیسین یہانتک کہ لیس حاصل ہو پس طلا کرین اور اگر
سفید گاے کے دودھ مین پیسکر طلا کرین بھی اثر کرے
دیگر۔ کہ بیچ تسکین درد کے بلیغ ہی لب خر ہمند افیون گاے
کے دودھ مین طلا کرین جب نیمگرم ہو تبدیل کرین۔
طلاء۔ کہ بیچ تحلیل ورم دموی کے شروع اسکے کرین
صندل سرخ زعفران بالسویہ آب کشنیز سبز مین طلا کرین۔
دیگر۔ کہ اُسکے مانند ہی ماميثا حضض صبر ساتھ پانی
کاسنی کے طلا کرین۔
دیگر۔ کہ یہ بھی مانند اُسکے ہی بابونہ گل سرخ ساتھ آب
کاسنی کے یا آب کرفس کے طلا کرین۔
دیگر۔ تخم کتان کو تکر چھانکر ساتھ آب سوسن کے طلا کرین
دیگر۔ تخم حلبہ تخم شبت تخم کتان کوٹ کر چھانکر ساتھ

پانی کرنب کے طلا کرین۔
طلاء۔ کہ ابتداے وجع مفاصل مین کام آوے صبر اقاقیا
حضض ساتھ جوشاندہ مازو و آس کے طلا کرین۔
دیگر۔ جوز السرو و ابہل مر حضض ساتھ جوشاندہ
آس کے بھی عمل کرتا ہی۔
طلاء۔ کہ مزاج کو تبدیل اور درد کو موقوف کرے
مبعہ و زیت کو طلا کرین۔
دیگر۔ قسط و جندبیدستر و زیت کو طلا کرین۔
طلاء مخدر۔ افیون جندبیدستر ہر ایک ایک جزو
زعفران نصف جزو۔
طلاء۔ کہ تلیین مفاصل کرے موم کو بیچ روغن کے
پگھلاوین اور پہلے پانی گرم اوپر عضو کے ڈالین تو عضو
پھول جاوے بعد اُسکے قیروطی مذکور طلا کرین اور اگر
امخاخ و مشحوم بھی قیروطی کا ضمیمہ کرین خوب عمل کرے
اور اگر تنطیل ساتھ روغن گرم کے کر اُسمین شبت
و بیخ خطمی جوش کیا ہو کرین یا ساتھ سرکہ و شراب کے بعد
اُسکے قیروطی ملین بہتر ہو اور تلیین مین نافع تر ہو۔
فائدہ۔ اگر مادہ خون بہت ہی یا سبب مرض کا صفرا
ہی رواد عات قویہ کو قبل از تنقیہ استعمال نہ کرین دو وجہ
سے ایک وہ کہ جو مادہ قوی الحرارت ہی اور رادع لگاوین
مادہ حرکت سے باز رہیگا اور مفاصل ورگونکو دبا دیگا
اور درد بڑھا دیگا دوسرا وہ کہ ہوسکتا ہی کہ مادہ قوی
مقام مرض سے طرف اعضاے رئیسہ کے پھر جاوے
اور سبب موت کا ہووے اور یہ خوف مادہ صفراوی مین
زیادہ ہی بہ نسبت خون کے اور جب ایسی خطا ہو جاے اور

درد اس سبب سے بڑھ جاوے یہ آثار میل کرنے مادہ کیطرف اعضاے رئیس کے ظاہر ہون اُسوقت مین تدارک یہ ہی کہ آب نیمگرم اوپر عضو علیل کے نطول کرین خصوصاً اگر بابونہ و بنفشہ اُسمین جوش کیا ہو اور بھی مفرحات یا قوتیہ کھلا دین تا دل و دماغ قوت پاوین اور مادہ مسترخیہ کو قبول نہ کرین ۔

حرف الفاء

فتیلہ ۔ کہ نائب حقنہ کا ہی اور مسکن وجع عرق النسا شحم حنظل عرطنیثا بورق اشق بتی بناکر حمول کرین یہانتک کہ سحج پیدا کرے اور ہیچ بحث شیاف سے کے مکرر گذرا ۔

حرف القاف

قرص ۔ کہ درد مفاصل کو کہ سبب اُسکا صفرا و بلغم ہو ساتھ اسہال کے دفع کرے تربد دس درم گل سرخ تین درم سقمونیا ایک درم سنبل نصف درم کوٹکر چھانکر ساتھ عصارۂ سیب بابہی کے دس قرص بنا دین مقدار خوراک ایک قرص سے دو تک ۔

حرف المیم

مطبوخ ہلیلہ ۔ کہ نقرس گرم کو نافع ہی اور درد مفاصل کو بھی اور تنقیہ بدن کا کرتا ہی ہلیلہ زرد پندرہ درم تربد موصوف بسفائج ہر ایک تین درم سنا مکی شاہترہ ہر ایک چار درم سورنجان سفید تخم کاسنی رازیانہ تخم کرفس گل سرخ ہر ایک دو درم بطریق معلوم بیچ تین رطل پانی کے جوش دین یہانتک کہ ایک رطل رہجاوے پس ملکر صاف کرین اور ساتھ دس درم شکر کے پیین ۔

مطبوخ ۔ کہ واسطے درد مفاصل بلغمی کے قوی الاثر ہی سورنجان سفید بوزیدان ہر ایک تین درم ماہیزہرج ایک درم تربد چار درم فود تخم کرفس انیسون پوست حنظل ہر ایک دو درم سب کو ڈیڑھ رطل پانی مین جوش کرین جب نصف رطل رہے صاف کرکے پیین و سلہ وہو دواء قوی منفض لقوت قویہ ۔

مطبوخ ۔ کہ واسطے عرق النسا کے اور درد مفاصل کے اثر قوی کرتا ہی پوست حنظل خشک پانچ درم مویز دانہ برآوردہ ایک کف دونون کو ساتھ تین رطل پانی کے پکاوین جب دو ثلث رطل رہجاوے صاف کرکے پیین کہ دس دست بلغم خام کے آوینگے وہو جید قوی ۔

مطبوخ ۔ کہ درد زانو کو فائدہ کرے انجیر سیاہ بیس عدد اصل السوس سورنجان ہر ایک پانچ درم نانخواہ شونیز فطراسالیون ہر ایک تین درم پکاوین یہانتک کہ نصف رہے پس صاف کرکے روغن گاؤ چھ درم ملاکر پیین ۔

مطبوخ ۔ کہ بلغم و صفرا کو اسہال کرے باعتدال ہلیلہ زرد دس درم سے پندرہ درم تک تربد تین درم سے پانچ درم تک بیچ تین رطل پانی کے پکاوین یہانتک کہ دو تہائی رطل کی رہے پس

ساتھ دس درم شکر کے پیین۔

مطبوخ سورنجان ۔ کہ اوجاع مفاصل کو نافع ہی سناءمکی سات درم گل سرخ ہلیلہ زرد ہر ایک چار درم سورنجان رازیانہ پوست بیخ رازیانہ تخم کرفس انیسون قنطوریون دقیق ہر ایک دو درم پرسیاوشان گاؤزبان بادرنجبویہ ہر ایک تین درم جوش کرکے صاف کرین اور گلقند دس مثقال ترنجبین بیس مثقال اسمین حل کرکے صبح کو پیین۔

دیگر ۔ کہ یہی عمل کرتا ہی سورنجان سفید ایک درم پوست ہلیلہ زرد دس درم تربد تین درم تخم کاسنی تخم کرفس ہر ایک دو دو درم رازیانہ پانچ درم بیچ دو رطل پانی کے جوش کرین جب تہائی رہے یا چوتہائی صاف کرکے پیین اور اگر تیس درم ترنجبین زیادہ کرین تو بہت بہتر ہی۔

مطبوخ ۔ کہ واسطے وجع مفاصل کے جو صفرا و بلغم سے ہو نافع ہی بیخ کرفس بیخ کاسنی گاؤزبان ہر ایک تین درم تخم کرفس دو درم تخم کشوث انیسون بوزیدان ریوند ہر ایک ایک درم سورنجان ایک مثقال گل سرخ ایک کف شاہترہ دس درم مویز منقے تیس عدد آلو تیس عدد پکادین جیساکہ معمول ہی اور صاف کرکے دو تہائی ایک رطل کی اس سے لیکر فلوس خیارشنبر تمر ہندی خستہ نکالی گئی اور ریشہ سے پاک کی ہوئی ہر ایک دس درم اور شیرخشت چالیس درم اسمین حل کرین اور صاف کرین پس محمودہ ایک دانگ اور تربد دو ثلث مثقال و انیسون نصف دانگ کوٹکر

چھان کر سردارو کرین اور آب کاکنج پچاس درم زیادہ کرکے پیین اور طبیب دانا موافق حال کے بیچ تقدیر اوزان ادویہ کے مختار ہی۔

ماءالاصول ۔ واسطے اوجاع مفاصل کے جو رد و بلغم سے ہو نافع ہی پوست بیخ کبر بیخ کرفس پوست رازیانہ ہر ایک دس درم انیسون نانخواہ سورنجان بوزیدان ماہیزہرج تخم کرفس تخم رازیانہ پوست حنظل شیطرج قنطوریون دقیق ہر ایک پانچ درم بیچ تین رطل پانی کے پکادین جب نصف رہے صاف کرین مقدار خوراک دس درم ساتھ ایک مثقال روغن بیدانجیر کے۔

ماءالاصول ۔ کہ یہی عمل کرتا ہی اصول مذکورہ زردآلو خشت اصل السوس مقشر ہر ایک دس درم فوہ سورنجان بوزیدان ہر ایک ایک کف بطریق معلوم پکاوین مقدار تیس درم۔

ماءالاصول ۔ کہ واسطے قطع کرنے نقرس و وجع ورک کے عجیب الفعل ہی پوست بیخ کرفس پوست بیخ رازیانہ ہر ایک دس درم پوست بیخ کبر پوست حنظل قنطوریون دقیق شیطرج ہندی نانخواہ انیسون سورنجان بوزیدان ماہیزہرج ہر ایک بقدر پانچ درم بیچ تین رطل پانی کے جوش کرین یہانتک کہ تہائی رہے صاف کرین اور ہر دن ہر ایک اوقیہ اس سے لیکر روغن بیدانجیر ایک مثقال ملاکر پیین اور اگر علت قوی و ردی ہو یہانتک کہ صاحب اسکا قریب لنج ہونے کے پہونچا ہو عوض بیدانجیر

کے روغن کلکلانج ڈالیں فانہ عجیب وللتمی مقیم الرحمن

ماء الاصول حار - کہ نقرس و اوجاع مفاصل بلغمی و سوداوی کو نافع ہی پوست بیخ رازیانہ پوست بیخ کرفس پوست بیخ کاسنی اصل السوس خطمی ہر ایک دس ادرم تخم کاسنی رازیانہ تخم کرفس سورنجان نانخواہ زیرہ کرمانی ہر ایک پانچدرم انجیر زرد مویز منقے ہر ایک بیس درم بیچ تین رطل پانی کے جوش کریں جب آدھا رہے صاف کریں اور ہر دن تیس درم ساتھ دس ادرم گلقند کے پیین -

ماء الاصول بارد - کہ اوجاع مفاصل حار کو بھی نافع ہی عناب سپستان ہر ایک تیس عدد پوست بیخ کاسنی پوست بیخ رازیانہ ہر ایک دس ادرم تخم کاسنی رازیانہ ہر ایک پانچدرم سورنجان تین درم بیچ تین رطل پانی کے جوش کریں جب آدھا رہے صاف کرکے ہر دن تیس درم ساتھ دس ادرم گلقند کے پیین اور ایک نسخہ ماء الاصول کا کہ وجع المفاصل کو بھی فائدہ کرتا ہی بیچ بحث سر کے گذرا -

ماء العسل - کہ مفاصل کو نافع ہی بیچ بحث سر کے گذرا

ماء البزور - کہ مفاصل کو نافع ہی بیچ مطبوخات معدے کے گذرا -

مخلص اکبر - وجع مفاصل بلغمی و ریحی کو نافع ہی

معجون فلاسفہ - بدستور -

معجون سیر - اسی طرح -

معجون سقراط - بھی اور یہ سب بیچ بحث سر کے گذریں -

معجون یحیی بن خالد - واسطے اوجاع مفاصل کے نہایت مجرب ہی اور احسن الاثر ہی سورنجان دس درم سنا مکی پانچدرم اسارون زنجبیل زیرہ کرمانی دار فلفل ہر ایک دو درم کوٹکر چھانکر ساتھ شہد کے بناویں مقدار خوراک دو مثقال ساتھ گرم پانی کے -

معجون سورنجان - اوجاع مفاصل و نقرس و عرق النسا بلغمی و صفراوی کو نافع ہی سورنجان سفید چھ درم بوزیدان ماہیزہرج بیخ کبر زیرہ شیطرج ہر ایک دو درم ہلیلہ زرد سات درم تخم کرفس رازیانہ فلفل سفید صعتر نمک ہندی برگ حنا زبدالبحر ہر ایک ڈیڑھ درم گل سرخ جلجلان زنجبیل سقمونیا ہر ایک تین درم تربد سفید پندرہ درم عسل ڈیڑھ سو درم روغن بادام دو استار مقدار خوراک ایک استار ساتھ گرم پانی کے جس دن کہ تنقیہ منظور ہو اور واسطے دوام کے تین درم اور فرا د جلجلان سے سمسم ہی یعنی کنجد -

معجون افلاراقی مسمی بہ مبدل المزاج واسطے درد مفاصل و عرق النسا و سلس البول و فالج و قطع کرنے عادات افیون کے نہایت مجرب ہی افلاراقی کہ ہندی میں کجلہ کہتے ہیں چھ مثقال گل گاؤزبان زرنباد اسطوخودوس کتیرا انار حبل مغز چلغوزہ مثقال ہر ایک تین مثقال ہیل دو مثقال صندل سفید قرنفل ہر ایک ایک مثقال آملہ منقے ہلیلہ سیاہ ہر ایک پانچ مثقال عسل تین وزن سب کا ایک مثقال سے دو مثقال تک مداومت کریں اور چاہیے کہ افلاراقی کو دودھ میں بھگو کر پوست

جدا کرین اور سوہان سے ریزہ ریزہ کرکے کوٹین اور پارچہ بیز کرین پس وزن کرکے کام مین لائین۔

معجون قباد الملک — واسطے وجع المفاصل ونقرس وتسکین اُنکے اوجاع کے اور واسطے منع کرنے اُنکے حدوث کے نافع ہی اور بیچ بحث سینہ کے مذکور ہی۔

فائدہ — قانون مین لکھا ہی کہ اگر قبل چھ مہینے کے اس معجون کو کھاوے ہلاک کرے پس احتیاطاً اس امر مین واجب جانین اور معنی چھ مہینے کی قید ضروری معلوم کرین اسکے استعمال مین مقدار شربت واسطے نقرس ودرد مفاصل کے بقدر نخود کے کافی ہی ہر دن قبل طعام کے ساتھ گرم پانی کے کھاوین اور اگر کبھی کبھی کھاوین ایک درم تک جائز ہی لیکن بتدریج بڑھانا چاہیئے۔

معجون ایارج — بیچ تنقیۂ مفاصل کے قوی الاثر ہی بیچ بحث امعاء کے گذر چکی۔

معجون بلادر دہر مس ومعجون کاسر الریاح — واسطے اوجاع مفاصل کے سودمند ہی بیچ بحث معدہ کے مذکور ہی۔

مربائے ہیمن — مقوی پشت ہی اور۔

مربائے گزر — بدستور بیچ بحث باہ کے گذرے ہین ÷

حرف النون

نقوع — کہ عرق النسا کو جو خون غلیظ سے ہو فائدہ اور مخرج خلط سودا کا ہی ہلیلہ سیاہ بیس درم افتیمون پانچدرم ہلیلہ ہمکوب کرکے دونون کو بیچ ایک رطل گرم پانی کے بھگوئین فصل گرما مین دو دن اور فصل سرما مین تین دن بعد اُسکے ملکر صاف کرین اور شکر سفید دس درم ملاکر پیین۔

نقوع — کہ اوجاع مفاصل دموی وصفراوی والے گرم مزاجون کو جو محتاج مسہل معتدل کے ہین فائدہ کرے آب انار ترش کو مع شحم نچوڑا ہوا اور جلاب شکری ہر ایک آدھا رطل اکٹھا کرین اور پوست ہلیلہ زرد کلان پانچدرم پیسکر ملاوین اور ایک رات دن رکھین پس صاف کرکے پیین۔

نقوع — کہ یہی عمل کرتا ہی اور مطفی ومبرد ہی پوست ہلیلہ زرد باریک کیا ہوا دس درم یا پندرہ درم موافق حاجت کے لیکر بیچ ایک رطل جلاب شکری کے بھگوئین اور ایک رات دن رکھین بعد اسکے صاف کرین اور لعاب اسبغول ایک اوقیہ زیادہ کرکے پیین۔

علاج حدبۂ باردہ — حب سورنجان سے تنقیہ کرین کئی مرتبہ اور روغن بیدانجیر ماء الزبد مین ملاکر پیین کئی دفعہ اور روغن کہ واسطے عرق النسا بارد کے کام مین آتے ہین ملین بعد اسکے کہ پہلے نطول اس جوشاندہ سے کیا ہو مرزنجوش شیح قیصوم جوشاندہ کرکے نطول کرین اور اگر سبب حدبہ کا ریح ہو تمریخ وتنطیل اور حمیہ کافی ہی حاجت تنقیہ کی اسقدر نہین ہی۔

علاج حدبۂ باردہ — فصد باسلیق کرین اور بقول مناسبہ ساتھ لب خیارشنبر کے لازم کرین اور اضمدہ موافقہ ضماد کرین۔

علاج دوالی — فصد باسلیق کرین اور مسہل کئی مرتبہ دین بعدہٗ فصد عروق پانؤن کی کہ پُر ہوتی ہین — کھولین بدفعات اور وقت نکلنے خون کے رگون مذکورہ کو ملتے جاوین تو مادہ غلیظ نکل آوے اور مرطبات کو استعمال کرین غذاً و دواءً اور پانؤن کو اسطرح رکھین کہ مادہ نہ گرے اور تعب سے محفوظ رہین —

علاج داء الفیل — فصد باسلیق کرین اور موافق قوت کے قی لازم جانین اور اسہال بھی ساتھ حب سورنجان کبیر کے اور اسیطرح کبھی قی کرتے رہین تو قوت قائم رہے اور بھی مادہ بتدریج دفع ہو جاوے اور بعد تنقیہ بلیغ کے اس دوا کو لگاوین صبر مرا اقاقیا عصارۂ لحیۃ التیس شب یمانی ساتھ سرکہ تیز کے طلا کرین جب خشک ہو پانؤن کو پٹی سے باندھین اور حرکت خصوصاً مشی کم کرین اور اگر کرین چاہیے کہ پانؤن بندھا رہے پٹی سے اور طلا ایک دن درمیان دیگر تازہ کرین اور اسی تدبیر پر ملازم رہین اور قی اکثر عمل مین لاوین اور واسطے تحلیل مادہ کے ہر مہینے مین دو تین دن یہ ضماد لگاوین ضماد محلل تنہا کتیرا تخم کرنب وشورہ آبسین ساتھ پانی کے ضماد کرین دیگر — کہ یہی عمل کرتا ہی راکھ کرنب کی ترمس نطرون سرگین تر آرد حلبہ کوٹ کر پیسکر ساتھ پانی راکھ کے ضماد کرین اور تنطیل ساتھ پانی گرم کے بھی اس مرض کو نافع ہی —

باب اُنیسوان بیچ ادویۂ حمیات کے

پوشیدہ نہ رہے کہ حمی یعنی تپ ایسا مرض ہی کہ کثیر الوقوع اور متوافر الاصناف اور تدبیر اُسکی اکثر انواع کی آئین مساعدت رکھتی ہی پس اُسکے معالجہ مین سعی وعدم استعجال سب بیماریون سے زیادہ واجب جانین اور جبتک طبیب اوپر جنس و نوع و فصل تپ کے اور پہچان کے اور شرائط استفراغات کے اور جمیع جزئیات کے کہ اُس سے تعلق رکھتے ہین اور پرہیز کرنا شرب مسہل سے دن بحران مین خصوصاً چھٹے دن اور مانند اُسکے خوب واقف نہو اُسکو علاج کرنا تپ کا اکثر کبائر سے ہو اور قبل شروع کرنے کے ہر ترکیب مین کئی قاعدے ضروری بیچ کئی فائدہ علٰحدہ کے ذکر کیے جاتے ہین تو اوپر سبیل تذکرہ اور یاد دلانے کے منتہیون کو بھی مفید ہون —

فائدہ — بیچ بیان منحصر ہونے تپ کے تین جنس مین کہ حمی یومی و حمی خلطی و حمی دقی ہی جاننا چاہیے کہ تعلق حرارت تپ کا اگر اولاً ساتھ روح کے ہی اسکو حمی یوم کہتے ہین اور وہ اکثر ایک دن مین آخر ہو جاتی ہی اور یہ تپ جس سبب سے کہ عارض ہو اُسی سبب سے نسبت کرتے ہین مانند ہمی وغضبی وجوعی وعطشی وفرحی وغیرہ کے اور نادر ہی کہ تپ مذکورہ تین دن رہے اور نہایت نادر ہی کہ تین دن سے تجاوز کرے اور سات دن تک پہونچے اور اگر تعلق حرارت کا اولاً ساتھ خلط کے ہی اُسکو حمی خلطی کہتے ہین عفونت خلط سے ہو یا فقط غلیان وجوش خلط سے اور غلیانی سوائے مادۂ خون کے اور کوئی مادے سے نہین ہوتی ہی اور اُسکو سونا خس کہتے ہین اور

اگر تعلق حرارت کا اولاً ساتھ اعضاے اصلی کے ہو خصوصاً ساتھ دل وجگر کے اُسکو حمی دقی کہتے ہین اور اُسکے تین مرتبہ ہین اور دوسرے مرتبہ مین تین درجہ ہین جبتک کہ یہ تپ پہلے مرتبہ مین ہو پہچاننا مشکل ہو اور علاج آسان بعد اُسکے قضیہ منعکس ہو خصوصاً کہ مرتبہ ثانی مین دوسرے درجہ تک پہونچے یعنے پہچاننا آسان علاج مشکل ہو بعد اُسکے امید منقطع ہو تدبیر سے اور تعلق حرارت مین لفظ اولاً کہ مذکور ہو اس سے مراد ٹھہرنا گرمی کا محل مین ہو نہ عدم حصول گرمی کا بعد تسخن دوسرے محل کے اسلیے اکثر حمیات خصوصاً حمی دق بعد اور حمیات کے حاصل ہوتے ہین کما لایخفی اور اسی طرح حرارت جبن محل مین کہ ٹھہرے گرمی اُسکی اجسام متصلہ ومجاورہ مین یقیناً سرایت وتعدی کرتی ہو اور ساتھ اُسکے نام تپ کا بہ نظر پہلے تقرر حرارت کے جیساکہ مذکور ہوا لکھا جاویگا۔ فافہم۔

فائدہ۔ بیچ بیان امور ضروری کے کہ مرض حمی مین ضرور ہین جاننا چاہیے کہ بیچ مزاج شدید الحرارت صفراوی کے اشربہ شیرین نہ دین کہ خوف استحالہ صفرا ہو بخلاف شربت نیلوفر کہ یہ خوف اُسمین خاصیۃ نیہ اور جاننا چاہیے کہ پانی کثیر المقدار شربت شیرین مین ملانا استحالہ کو منع کرتا ہو اور عصارات وترنجبین بھی مستعد استحالہ صفرا کے ہین اور سکنجبین اور تمام ترشیان مصلح ہین اور ترنجبین بیچ تپ حصبہ کے بہت آفتون کو پیدا کرتی ہو ہرگز نہ دین

اگرچہ ترشیون سے اُسکی اصلاح کرلی ہو اور گرمی زیادہ کرنے والا عفونت کا ہو اور روغن بادام نعم البدل ہو اسمین بھی تقلیل بہتر ہو اور تناول کرنا عدس کا بعد زوال مرض تپ کے مانع نکس مرض کا بہت ہو۔

حرف الالف

آبزن۔ کہ بیچ تپ دق کے بہت نفع کرتا ہو کدو خیارین تربز خرفہ کاہو گل نیلوفر گل بنفشہ جو مقشر جملہ یا جو میسر ہو بہت پانی مین جوش کرین اور مریض کو اُسمین بٹھائین اس طرح کہ سر اُسکا پانی سے باہر رہے اور احتیاط کرین کہ مریض کو تکلیف نہ پہونچے اور پانی جسقدر شیر گرم ہو بہتر ہو اور بعد نکلنے کے پانی سے تدہین ساتھ اوہان مرطبہ کے واجب ہو اور اسی طرح تسعیط اوہان مذکورہ سے اور تقطیر کان مین اور جس شخص کا بدن درست اور فربہ ہو اُسکو غسل کرنا آب سرد سے بہت نافع ہو اور بیچ حق لاغرون کے بہتر یہ ہو کہ پہلے نیمگرم پانی مین بٹھائین بعد اُسکے نکال کر شیر گرم پانی مین بٹھائین اسی طرح کرتے رہین یہانتک کہ آب سرد تک پہونچ جاوے لیکن سردی پانی کی زیادہ اُس سے نہو کہ گرمیون کی فصل مین پانی ہوتا ہو اور بٹھانا آب سرد مین یون چاہیے کہ بیمار کو دفعۃً سرد پانی مین ڈالین اُسی وقت نکال لیوین بے توقف اور تفصیل اُسکی طب الاکبر سے کہ تالیف اس درویش

کی ہی دریافت کرین۔

حرف الباء

پاشویہ ۔ واسطے تعریق و رفع کرنے درد سر کے خوب تدبیر ہی بیچ بحث سر کے مفصل کہا گیا ساتھ فوائد کثیر کے۔

بخور ۔ کہ دل و دماغ کو قوت دے اور گرمی کو موقوف کرے بیچ بحث سر کے گذرا۔

بخور ۔ کہ مجفف جدری کا ہی اگر فصل گرما ہو صندل گل سرخ برگ مورد جلاوین اور اگر فصل سرما ہو برگ جھاؤ جلاوین اور تبخیر ساتھ مجففات کے ہوا عفن کو اصلاح دیتی ہی۔

حرف التاء

تریاق فاروق ۔ حمیات بلغمی و سوداوی کو نافع ہی بقدر ترمس کے ساتھ آب گرم کے یا ساتھ شراب کے دین

حرف الجیم

جوارش کافور ۔ تپ و عطش و اسہال کو نافع ہی۔

جوارش طباشیر ۔ بدستور بیچ بحث امعا کے مذکور ہی۔

جلنجبین عسلی ۔ واسطے حمیات بلغمی کے فائدہ کرتا ہی اور شکری حمی دق کو اگر شکم بسبب تناول شیر کے جاری ہوا ہو نافع ہی اور بیچ مرض سل کے کثرت اُسکی بہر حال مفید ہی بیچ بحث معدے کے مفصل کہا گیا۔

جلاب سکری ۔ عوض سکنجبین کے ہی خشک مزاج مین اور طریق اُسکے تناول کا اور حیلہ مستحیل نہونے اُسکے کا طرف صفرا کے حرف المیم مین بیچ لفظ ماء السکر کے ساتھ فوائد کثیر کے آویگا اور بنانا اُسکا بیچ بحث سر کے مذکور ہی۔

حرف الحاء

حب شفاء ۔ کہ حمیات نائبۂ مزمنہ کو نافع ہی پیش از نوبت دینا چاہیے بیچ بحث سر کے گذرا۔

حب الحلتیت ۔ حمیات ربع کو فائدہ کرے ہلیلۂ زرد منزوع النوی عصارۂ غافث ہر ایک دو درم حرف ایک درم حلتیت ڈیڑھ درم کوٹکر چھانکر ساتھ پانی کے گولیان بناوین اور خشک کرین مقدار خوراک ایک درم ساتھ گرم پانی کے۔

حب لبوب ۔ کہ بیچ حمیات گرم کے اور کھانسی گرم کے منھ مین رکھتے ہین کہ پیاس کو بجھاتی ہی خصوصاً اگر ساتھ رب لیمو یا رب غورہ یا آب انار وغیرہ کے ملایا ہو مغز تخم کدوے شیرین تخم خرفہ ہر ایک ایک جزو تخم کاہو نصف جزو رب السوس ربع جزو کوٹین اور ساتھ لعاب اسبغول کے گھولین اور پانی برگ خرفہ مین گولیان بناکر سایہ مین خشک کرین اور ریچھ کو کبھی ساتھ رب میوؤن کے گولیان بناوین۔

حبوب سعال ۔ کہ بیچ حمیات کے بھی نفع کرتی ہین بیچ بحث سینہ کے گذری ہین۔

حقنہا ۔ کہ بیچ حمی کے فائدہ کرتے ہین۔

بیچ بحث سر کے اور بحث امعاءین مشروحاً کہہ گئے -

حرف الدال

دواء الکبریت - واسطے حمیات کہنہ ولرزہ کے نافع ہی بیچ بحث سینہ کے گذری -

دواء الحلتیت - کہ تپ ربع وکاٹنے بچھو وریلا وغیرہ کو نافع ہی واسطے تپ ربع کے سکنجبین مین دریں بعد گذرنے چالیس دن کے تپ پر اور نضج ہونے کے اور واسطے کاٹنے جانورون زہردار کے شراب مین دین حلتیت سداب مرفلفل مساوی الوزن کوٹ کر چھانکر ساتھ شہد کے تیار کرین مقدار خوراک ایک جوز

دواء الثوم - واسطے تپ ربع بلغمی کے مجرب ہی ثوم یعنی لہسن نصف مثقال قسط مغز جوز ہر ایک دو مثقال پیش از نوبت کھا دین -

دواء التربد - حمیات بلغمی کو نافع ہی زنجبیل مصطگی رومی ہر ایک دس درم تربد موصوف بیس درم شکر طبرزد چالیس درم مقدار خوراک ہر رات ایک مثقال -

دوا ہا - کہ بیچ تپ کے اُنسے قے کرتے ہین باقی کو روک سکتے ہین بیچ بحث قے کے ادویہ معدہ مین کہی گئین -

ادویہ ہندیہ مجربہ معمولہ - پوشیدہ نرہے کہ اگرچہ بیچ کتب اہل ہند کے معالجات حمیات گرم کے خصوصاً بیچ حمی دق کے خوب نہین لکھتے ہین اور ماہیت تپ کی بھی جسطرح کہ اہل یونان نے مشروحاً لکھی ہی نہین کی قوم ہنود لیکن بعض ترکیبین اُنکی خصوصاً بیچ حمیات مزمنہ بلغمی و سوداوی کے کثیر النفع دیکھی گئی ہین اور اکثر مداران لوگونکا بیچ باب ادویہ کے اوپر خاصیت کے ہی بالجملہ اگر طبیب دانا ادویہ مسطورہ اُنکے موافق وقت کے ساتھ مراعات ضدیت کیفیت دوا کے اور مرض کے استعمال کرے باک نہین ہی اور ساتھ اُسکے جو دوائین سم والی ہین اگرچہ سمیت اُنکی اصلاح کی گئی ہو اور تجاربین بے مضرت مشہور ہوئی ہون لیکن ترک کرنا اُنکے استعمال کا احوط جانین کہ دانایان اور تجربہ کارون صاحب ہوش نے ایسا ہی مقرر کیا ہی اور اس درویش نے بھی ایک عمر بیچ تجربون کے صرف کی اور واسطے امتحان و آزمائش کے غور وتفحص بہت اس امر مین کیا لیکن استعمال ادویہ سمیہ مصلحہ کا بعض اشخاص مین باوجود اسکے کہ مزاج انکا ساتھ ان اشخاص کے لائق تھا خالی مضرت سے نہ پایا کسی مزاج مین جلد کسی مزاج مین بمہلت اور وہ امر کہ جسمین آمیزش خوف کی ہو اُسکا ترک کرنا اولی ہی کما لایخفی علی احد -

دواء - کہ حمیات دموی وصفراوی وبلغمی لبسیطہ و مرکبہ کو نافع ہی ست گلو طباشیر سفید دانہ الائچی خورد ہر ایک نصف تولہ نبات ڈیڑھ تولہ مقدار شربت چار ماشہ سے آدھے تولہ تک اور جاننا چاہیے کہ گلو خصوصاً جو تر و تازہ ہو اور اوپر درخت نیم کے پیچیدہ ہو واسطے حمیات کے جو قسم ہو یہانتک کہ حمی دق کو بھی سودمند ہی اور مجرب ومعمول اور ساتھ اسہال کے و بعد دن اسہال کے دے سکتے ہین اور کھانسی کو بھی مفید ہی اور ست اُسکا لطیف زیادہ اور سریع الاثر اور جو ست منقش ہو مطبوخ نہو سرد و تر ہے اور گلو

ہر چند تلخ ہی لیکن نزدیک فقیر کے مائل بہ برودت ہی مانند افیون و حضض کے اور نفع اُسکا امراض مختلف مین محسوس ہوا ہی اور واسطے تپ دق کے بھی کثیر النفع دیکھی گئی اکیلی ہو یا ساتھ اور چیزون کے مرکب ہو اور بیچ حمیات گرم کے نقوع کرکے دین اور بیچ حمیات مرکبہ کے صفرا و بلغم سے طبخ کرکے اور ترکیب اُسکی موافق احتیاج کے کبھی ساتھ ملیٹھی کے اور کبھی ساتھ مویز کے اور کبھی ساتھ چرائتہ کے اور مانند اُنکے کرتے ہین جسطرح طبیب جاننے والا کیفیات ادویہ کا بہتر جانے عمل مین لاوے لیکن اصل مین سبب مین گلو کو جانے اور طریق نکالنے ست کا یہ ہی کہ گلوے تازہ تر لیکر دھوئین اور کوٹین اور پانی خصوصاً آب باران کا تھوڑا اُسپر چھڑک کر نچوڑین یہانتک کہ پانی گاڑھا اُس سے حاصل ہو پس اُس پانی کو مٹی یا چینی کے باسن مین پھیلا کر اوپر منہ ظرف کے کپڑا باندھین تو غبار و گرد سے محفوظ رہے اور آفتاب مین رکھین کہ خشک ہو جاوے اور اگر شیرے نچوڑے ہوئے کو جوش کرین تو گاڑھا ہووے یہی درست ہی اور یہ ست مطبوخ بیچ حمیات باردہ کے اولے ہی اور آفتابی حمیات حارہ مین مناسب اور اگر چاہین کہ ست نہایت لطیف حاصل ہو گلو کو بعد دھونے کے چیر کر بقدر دو تین اُنگل کے ٹکڑے کرین پس ایک رات بیچ بارش کے بھگوئین اور صبح کو ہاتھ سے ملین جب اجزاے دقیقہ یعنی باریک پانی مین جدا ہو کر پائے جاوین ٹکڑے گلوے کے پھینک دین اور اجزاے باریک کو کہ ست وہی ہین تہ نشین ہون پس پانی صاف پھینک کر تہ نشین کو خشک کرکے نگاہ رکھین -

دارو - کہ حمیات گرم کو نافع ہی صندل سرخ پوست درخت نیم کنول گٹہ گلو کشنیز ہر ایک دو دام لیکر نیمکوفتہ کرکے سب کو ملا کر پانچ حصہ کرین ایک حصہ کو ایک سیر پانی مین جوش کرین جب پانچوان حصہ رہے صاف کرکے پیین اور ثفل اُسکا سہ پہر کو پھر آدھ سیر پانی مین جوش کرین جب چوتھائی حصہ رہے صاف کرکے پیین اور مراد دام سے سیر شاہی اور مراد سیر سے شیر شاہجہانی ہی اور چالیس سیر شاہی اکیس ماشہ کا ہوتا ہی اور ماش اُسکا سرخ ہی کہ سرخ کو ہندی مین گھونگچی عموماً کہتے ہین -

دارو - کہ حمیات گرم عفنی کو یہانتک کہ حمی وبائی کو فائدہ کرے گل معصفر گاؤزبان ملیٹھہ صندل سرخ زرد چوب دار ہلد دھماہا ناگ کیسر مجیٹھہ بھٹ کٹائی اجملہ وزن مین برابر لیکر نیمکوب کرین آپس مین ملا کر ایک تولہ لیکر آدھ سیر پانی مین جوش کرین اور درمیان جوش کے دس عدد پتی نیم کی بھی ملاوین جب پانی چوتھائی حصہ رہے صاف کرکے پیین اور ثفل اُسکا بدستور مسطور وقت شام کے پھر جوش کرین اور صاف کرکے پیین اسی طرح تین دن سے پانچ دن تک عمل مین لاوین اور مریض اگر طفل ہو وزن دوا کا موافق اُسکے لینا چاہیے -

دارو - کہ تپ لرزہ کو کہ سبب اُسکا صفرا ہو نافع ہی اسپغول تخم ہندی شکر سرخ ہر ایک دو دام

لیکر تمر ہندی کو گرم پانی مین ملکر شکر کو حل کرکے پھر صاف کرکے رکھین اور ریشے اسبغول کو تھوڑے پانی مین ڈال کر اکیلا پہین جب ایک گھڑی گذرے شربت مذکور پہین اور غذا جغرات وخشکہ کرین اور تین دن اسی طرح عمل مین لاوین مجرب ہی اور رلمین طبع اور جانین کہ جغرات نزدیک اہل ہند کے واسطے حمیات لرزہ کے مفید ہی لیکن جو اہل یونان نے استعمال کرنا لبنیات کا بیچ حمیات کے منع کیا ہی اس فقیر نے عوض جغرات کے شربت تمر ہندی ساتھ خشکہ کے اور کبھی ساتھ روٹی کے حکم کیا اور نافع زیادہ پایا اور کھچڑی مونگ کی ساتھ خشکہ کے اور مانند اُسکے بھی تجویز ہی۔

دارو۔ حمیات مزمنہ کو دور کرے پر گھوڑے کا کہ عبارت ہی خشتہ سے کہ گھوڑے کے اگلے پانوُن مین جمتا ہی اور مشہور ہی بقدر ایک نخود کے لیوین اور افیون ایک سرخ و برگ نیم اڑھائی عدد جملہ کو آپس مین ملاکر بیچ قند سیاہ کے گھول کر گولیان بناوین اور تپ کے آنے سے تین گھڑی پیشتر ایک گولی نگلین جب تپ شروع ہو دوسری گولی نگلین اغلب یہ ہی کہ تیسری گولی کی حاجت نہو اگر مریض قوی ہی سب اجزا کی دو گولیان بناوین اور افیونی کو افیون دو سرخ یا زیادہ ڈالین اور آدھی پتی نیم کی لیوین چاہیے کہ لنبائی مین لیوین نہ چوڑائی مین۔

دارو۔ کہ واسطے حمی ربع کے مجرب ہی برگ بھنگرہ سیاہ برگ پان کیکری فلفل گرد ہر ایک اڑھائی عدد باریک کرکے مقدار مرچ کے گولیان بناوین ایک گولی صبح ایک گولی شام کو گرم پانی کے ساتھ کھلاوین۔

دیگر۔ حمی ربع کے لیے مجرب ہی آہک یعنی نورہ تعداد تین چار ماشہ کے یا کم زائد پانی مین حل کرین اور ایک لیمو کا ٹکڑا اُسمین نچوڑین جب اجزاے غلیظ چونے کے تہ نشین ہووین پانی صاف کہ اوپر ہو لیکر پیین اور یہ دوا اُسی وقت دینا چاہیے کہ آثار شروع ہونے تپ کے ظاہر نہ معلوم ہونے لگین اغلب ہی کہ یہ دوا ایک دن مین کافی ہو اور اگر کفایت نہ کرے دوسرے دن بھی دین۔

دیگر۔ کہ حمی ربع کو فائدہ کرے اور مجرب ہی کو گنار موافق مزاج کے لیوین اور مرچ سیاہ دس دانہ کوب کرکے دونون کو پانی مین جوش کرین اور صاف کرکے تنہا یا ساتھ شکر کے ملا کر پیین۔

دیگر۔ کہ حمی ربع کو نفع ہی پلاس پاپڑہ لیکر پوست سرخ اُسکا علیحدہ کرکے مغز اُسکا اور مغز تخم کرنجوہ برابر لیکر خوب کوٹین اور تھوڑا پانی ملاکر بقدر فلفل کے گولیان بناوین اور ہر دن ایک گولی کھاوین۔

دیگر۔ کہ تپ ولرزہ کو جو مادہ سردسے ہو دفع کرے کنگی سہاگہ ماشہ لونگ چھ عدد اجوائن دو ماشہ تینون کو باریک پیسین اور تین حصہ کرین پس دو ٹکڑے سفال کے کہ آب نادیدہ ہون لیکر آگ مین گرم کرکے تھوڑے پانی مین سرد کرین بعد اُسکے ایک حصہ دواے مذکور کا اس پانی مین ملاکر پیین اسی طرح

تین دن عمل مین لاوین اور غذا کھچڑی بے نمک
و بے روغن کھاوین -
دیگر - کہ تپ صفراوی کو جو ایک دن درمیان
دیکر آتی ہو دفع کرے دار فلفل مغز کرنجوہ ہر ایک یک
تولہ زیرۂ سفید برگ مغیلان ہر ایک آدھا تولہ نرم کوٹکر
پانی مین گولیان بناوین بمقدار پانسہ کے ایک
گولی صبح کو ایک گولی وقت ظہر کے ایک گولی شام کو
کھاوین اسی طرح تین دن کرین یہ گولیان بیچ دور
کرنے تپ غب کے مجرب ہین -
دیگر - کہ تپ لرزہ کو نافع ہے برگ خیال یعنی بھنگ
و کوکنار دونون برابر لیکر کوٹ کر چھان کر جسقدر
کہ دو انگلی مین آوے لیکر کھاوین -
دیگر - کہ واسطے تپ و لرزہ کے مجرب ہے افیون
مصری چار درم صندل زعفران ہر ایک دو درم
دارچینی ایک درم فلفل اڑھائی درم کوٹکر چھان کر
رکھین کلان آدمی کو کہ نشہ نہ کھاتا ہو ایک سرخ دین
اور کیفی کو اڑھائی سرخ اور لڑکے کو آدھا سرخ
کافی ہے ساتھ آب گرم کے -
دیگر - کہ حمی ربع کو ایک مرتبہ کے دینے سے دفع کرے
نوشادر تین سرخ فلفل دو دانہ کوٹ کر چھان کر دو ان
نوبت کے دین -
دوا - کہ مسمی ہے بہ جب آنند بھیرون اور معنی اسکے
ملو الراحۃ ہین واسطے حمیات عفنی کے جو مادہ بارد
سے ہون مجرب ہے اور بیچ تپ دق کے اور حمیات
صفراوی کے ایسی دواؤن سے احتراز لازم ہے

لیکن اُس تپ مین کہ ترکیب صفرا و بلغم سے ہو اور
بلغم غالب ہو اور وہ حکم مین بلغمی کے ہے دینا مضائقہ
نہین ہے بچھناگ مدبر فلفل گرد فلفل دراز سہاگہ شنجرف
جملہ برابر کوٹ کر چھان کر ایک پہر ساتھ آب
لیمون کے خوب کھرل کرین اور مقدار دانۂ جوار
کے گولیان بناوین ایک گولی ساتھ شکر کے نہار
کھاوین اور ایک گولی رات کو اور اگر مریض کو
عادت تناول ادویہ گرم کی ہو زیادہ بھی دے سکتے
ہین اور جسوقت طبع قبض ہو پہلے مسہل دین بعد
اُسکے یہ گولی استعمال کرین اور اہل ہند بیچ حمیات
کے واسطے تنقیہ کے حب گھوڑچڑھی دیتے ہین اور
رعایت مزاج وغیرہ کی شرط ہے اور ادویہ کہ مذکور
ہوئی ہین جبتک کہ تپ کو تین دن نہ گذرے ہون
نہ دینا چاہیے اور تین دن مدت اقل ہے اور طریق
مدبر کرنے بچھناک کا یون ہے کہ دیگ مین پانی بھر کر
بچھناک کو تھیلی مین رکھکر لٹکا دین اس طرح سے
کہ تھیلی پانی مین رہے اور دیگ کی تہ تک نہ پہونچے
پس ایک گھڑی جوش دیکر باہر نکالین -
فائدہ - بچھناگ اٹھارہ قسم ہے دس قسم زہر قاتل ہین
اگرچہ مدبر ہون لیکن جو مستعمل ہین اور بعد مدبر کرنے کے
ضرر اُنمین نہین رہتا آٹھ قسم ہین بہترین اُنمین وہ ہے
کہ باہر سیاہ اندر سفید ہو اُسکو تیلیا بچھناگ کہتے ہین اور
ایک قسم دوسری ہے کہ اندر و باہر سفید ہون اُسکا نام
برہمن بچھناگ ہے اور مضرت سے خالی ہے اور جو بہترین
برہمن بچھناگ مین ہے وہ ہے کہ جڑ اُسکی موٹی اور سر اُسکا باریک ہو

بطریق شاخ بارہ سینگے کے کہ بالجملہ بیچ استعمال بچھناگ کے احتیاط واجب جانین اورجس دوامین بچھناگ ہو جبتک وہ اپنے سامنے نہ بنائی جاوے یا عالم نے اس فن کے نہ بنایا ہو اُسکے تناول مین جرأت نہ کرین اکثر مضرتین کہ پہونچتی ہین کہ بسبب عدم احتیاط ایسے امور کے ہوتی ہین اگر برہمن بچھناگ ملے بہتر ہی ورنہ تلیا بچھناگ ڈالین بعد مدبر کرلینے کے اگر وہ بھی نہ ملے دوا موقوف رکھین۔

دارو - کہ مسمیٰ ہی بہ حب جور جور آنکس منافع مین مانند حب آنند بھیروں کے ہی جو بضم جیم عربی وسکون واو نعت ہندی مین تپ کو کہتے ہین اور آنکس گج پیل کو پارہ مصفا گندھک مقتول بچھناگ مدبر تخم دھتورہ ہلیلۂ زرد ہلیلۂ آملہ زنجبیل خشک فلفل دراز زنجبیل ورقی سبکو برابر لیکر پہلے سیماب وگندھک کو کجلی کرین یعنی دونون کو اکٹھا کرکے دیر تک کھرل کرین کہ مانند سرمہ کے ہوجاوین پس باقی ادویہ کوٹ کر چھان کر ملاوین اور ساتھ پانی بھنگرہ کے دو دن تک کھرل کرین اور مقدار مرچ کے گولیان بناوین ایک گولی یا زیادہ موافق مزاج کے دین اور واسطے تپ کے ساتھ شکر سفید کے نرم کرکے اور واسطے پیچش بلغم واسہال کے ساتھ شہد کے دینا چاہیے طریق غسل گندھک کا بیچ ادویۂ معدے کے گذرا۔

دارو - کہ مسمیٰ بہ حب رام بان ہی واسطے تپ لرزہ کے کہ سرد مادہ سے ہو مانند تیر خدا کے ہی ولہذا مسمیٰ بہ سم الفار سفید خواہ زرد ایک جزو کھاپریہ کہ توتیا مرمری کو کہتے ہین دوجزو دونون کو مغسول کرین اور کوٹکر چھانکر دو دن ساتھ آب کریلے کے خوب پیسین اور مقدار ماش کے گولیان بناوین اور طریق دھونے سم الفار کا وہ ہی کہ برگ راسن کو مٹی کے باسن مین رکھکر پانی بھرین اور ایک لکڑی اوپر سر دیگ کے رکھین اور سم الفار کو تھیلی مین رکھکر اُس لکڑی مین اسطرح لٹکا دین کہ تھیلی پانی مین رہے دیگ کی تہ مین نہ پہونچے پس ایک گھڑی جوش کرکے نکال لیوین اور طریق دھونے کھاپریہ کا یہ ہی کہ کدو تلخ کے پانی مین بطریق مذکور جوش کرین اور اُسمین حاجت برگ راسن کی نہین ہی اور طریق استعمال اس گولی کا یون ہی کہ بوڑھے اور مرطوبون کو ایک گولی یا دو گولی صبح کو دین ساتھ شکر و پانی کے پس اگر پہلے دن مرض دور ہوجاوے بہتر والا دو دن اور دیوین کہ تیسرے دن اغلب ہی کہ مرض کو دور کرے بہ حکم خداوند تعالی اور محرور المزاج کو بمقدار اپنے نہ دیوین اور اگر دین زیادہ ایک گولی سے نہ دین اور ساتھ اسکے اگر گرمی کرے تھوڑا شیرہ خرفہ کا ساتھ گلاب و نبات کے دین اور دودھ گاے کا اور ماست نر کا اسکی گرمی کے دور کرنے والے ہین اور غذا ایک ہفتہ تک سوائے بھتی مونگ وخشکہ بے روغن کے اور کوئی چیز نہ دین اور چربی روغن و ترشی وگوشت سے مطلقاً پرہیز کرین ورنہ خوف مرگ کا ہی اور اگر مریض شیرخوارہ ہی یہ گولی دایہ کو دینا چاہیے اور اگر کفایت نہ کرے لڑکے کو بھی دین اور اوپر کہا گیا کہ اگر طبع قبض ہو پہلے مسہل

دینا چاہیے بعد اُسکے ایسی گولیان اور بھی اتفاق
ہوتا ہی کہ اسی گولی سے تلیین حاصل ہوتی ہی یا قے
آتی ہی اور مادہ جڑ سے اُکھڑ جاتا ہی بدون تقدیم منقبہ کے
ساتھ مسہل کے۔

وارو۔ کہ مسمی بہ حب گھوڑ چڑھی ہی یہ گولی جوگیون
کی مستعمل ہی یہ لوگ اکثر اُسکو ساتھ اپنے رکھتے ہین سفر و
حضر مین اور اکثر بیماریون کا علاج اسی گولی سے کرتے
ہین اور فی الحقیقت یہ گولی دواے مبارک ہی بعضے
طبیب اسکو حب مسکین نواز نام رکھتے ہین اور معنے
گھوڑ چڑھی کے اسپ سوار ہین یعنی عمل اُسکا مانند
محصل کے اور عمل سوار اسپ کے ہی ہلیلہ بلیلہ آملہ
چترک سہاگہ فلفل گرد فلفل دراز بہادر موتھ تر بدر لونگ چینی
اور عاقر قرحا زنجبیل بچھناگ مدبر مبدہ جہامبد زرنیخ ہر ایک
ایک تولہ سیماب مصفا گندھک مغسول ہر ایک تین تولہ
مغز تخم جیپال مدبر کہ جمال گوٹہ ہی آٹھ تولہ سیماب و گندھک
کو کجلی کر کے ساتھ باقی اجزا کے کوٹ کر چھان لیا
ہو یکجا کرین اور تین دن ساتھ پانی بھنگرہ کے
کھرل کرین اور مقدار ماش کے و مرچ کے گولیان
بناوین اور واسطے ہر مرض کے ساتھ انوپان کے
کہ مصلح کو کہتے ہین دین مثلاً واسطے حمی کے ساتھ
سفوف قرنفل کے اور تخم کشنیز وغیرہ کے دین اور
واسطے حبس بول کے و سنگ گردہ و مثانہ و سیلان
منی کے ساتھ شیرۂ تخم خیارین و تخم خربزہ و پرسیاوشان
کے کہ ہندی مین راج ہنس کہتے ہین اور طباشیر و
خار خسک کے استعمال کرین یا ساتھ سفوف ہلیلہ

بلیلہ آملہ کے پھنکاوین بہ ید سلاجیت کاسنی کے میل کرین
اور واسطے اٹھارہ قسم مینیس یعنی برص کے ساتھ
جوشاندۂ راسنہ کے استعمال کرین اور جب چاہین
کہ شکم روان ہو اور معدہ فضول سے پاک ہو ساتھ
شکر و آب گرم کے کھاوین اور ہر بار پاخانہ سے
نکل کر تھوڑا گرم پانی پیین اور جسوقت چاہین کہ
شکم بند ہووے آب سرد پیین اور برنج پختہ ساتھ
ماست چکیدہ کے کھاوین اور بعضے واسطے اکثر امراض
کے ساتھ شکر و آب گرم کے دیتے ہین استعمال اسکا ساتھ
انوپان کے منحصر نہین رکھتے ہین۔

حکایت۔ ایک شخص مرض سنگرہنی رکھتا تھا یعنے
اسہال کہنہ اور کسی دوا سے دفع نہین ہوتا تھا ایک
طبیب نے اُسکو تین دن یہ گولی مسکین نواز ساتھ تھوڑے سے
روغن گاؤ کے دی ہر دن زیادہ عادت سے پیٹ چلا
بعد اُسکے تخفیف پائی مرض دفع ہوا موافق قد یعالج الاسہال
بالاسہال اور طریق مدبر کرنے جمال گوٹہ کا یون ہی کہ جمال گوٹہ
کو بیل کے گوبر مین کہ تھوڑا پانی ملایا ہو پکاوین بعد
اُسکے نکال کر پوست اُسکا اور پردۂ باریک کہ
اُسکے اندر ہوتا ہی اور اُسکو جملہ سموم سے شمار کیا ہی
جدا دور کر کے مغز اُسکا داخل کرین طریق دوسرا
یہ ہی کہ مغز جمال گوٹہ کہ اُسی وقت پوست و پردہ
باریک اندرونی سے پاک کیا ہو وزن کر کے ربع
اُسکے گل سرخ و کتیرا کہ یہ دونون برابر ہون ملاوین
اور لتہ مین باندھکر خمیر لگا کر آگ معتدل مین رکھین
جب خمیر بریان ہو جاوے نکال کر مغز جمال گوٹہ کا

لطیفہ کہنہ اسہال کا علاج کیا جاتا ہے ۱۲
فائدہ طریق مدبر کرنے جمال گوٹہ ۱۲

کام مین لاوین اور اس مدبر کرنے کو عربی مین تشویہ کہتے ہین -

فائدہ - مغز جمال گوٹہ کا اگر مدت ایک مہینے سے مقشر کیا ہو سمیت پیدا کرتا ہی اسی واسطے کہا گیا کہ وقت استعمال کے مقشر و مدبر کرین -

حرف الراء

روغن بادام و روغن کدو - بہترین دہنون سے ہین بیچ امراض حارہ و یابسہ کے خصوصاً حمیات مین کہ بجاے گھی کے غذا مین ڈالین اور یہی زبان پر ملین واسطے رفع کرنے یبوست کے -

حرف السین

سفوف - کہ بیچ تپ دق یا اسہال کے فائدہ کرے گل سرخ طباشیر ہر ایک پانچ درم گل ارمنی صمغ عربی کشنیز سرکہ مین بھگو کر بریان کیا ہوا ہر ایک دو درم عصارۂ زرشک تخم حماض ہر ایک تین درم گلنار مقل ہر ایک ڈیڑھ درم کوٹ کر چھان کر دو درم صبح دو درم شام کو دین ساتھ رب بہی یا رب انار یا رُب ریباس سادہ کے -

سفوف - کہ حصبہ و جمیع حمیات و علل صفراویہ یا اسہال کو نافع ہی گل سُرخ طباشیر تخم حماض سماق زرشک ہر ایک ایک جزو صمغ عربی گل مختوم کوکنار گلنار ہر ایک نصف جزو مقدار خوراک تین درم ساتھ ایک اوقیہ شربت بہی ترش کے اکثر سفوفات نافع الحمیات بیچ ادویۂ سینہ و دل و معدہ و جگر و امعا کے مذکور ہونگے باعتبار شراکت ہر مرض کے اس مرض سے معلوم کر سکتے ہین -

سکنجبین - شربت مشہور ہی کہ سرکہ و شہد سے خواہ پانی مین ممزوج ہو یا نہ و یا سرکہ و شکر و پانی سے بناتے ہین اور مختار ہین کہ تھوڑا گلاب بھی ملاوین یا عوض پانی کے بالکل گلاب یا اور مائع ڈالین اور سادہ رکھین یا ساتھ ادویہ کے قوت دین چنانچہ مشروحاً آتا ہی بالجملہ وہ ترکیب نہایت نیک ہی اسلیے کہ سرکہ بالطبع سرد و خشک ہی باوجود سردی کے تیز و نفاذ بھی ہی اور مضرت ایسی چیز کی بیچ اعصاب و اعضاے عصبانی کے مانند معدہ و رحم کے بہت ہوتی ہی واسطے سرد ہونے ان اعضا کے اور کوئی جزو انھین سے باقی و محفوظ نہین رہتا ہی کہ ضرر سرکہ کا اسکو نہ پہونچے اور نفع سرکہ کا یہ ہی کہ صفرا پر قہر کرے اور قوت اُسکی توڑ دے اور مضرت عسل و شکر کی وہ ہی کہ مزاج کو گرم کرے اور صفرا کو ہیجان مین لاوے اور نفع انکا یہ ہی کہ رطوبت غلیظ و لزج کو تلطیف کرین پس جس وقت کہ سرکہ ساتھ شیرینی کے مرکب ہووے ضرر ہر ایک کا دوسرے سے ٹوٹ جاتا ہی خصوصاً کہ پانی بھی مددگار ہوا ہو اور جملہ سے ایک مزاج خاص جامع النفع حاصل ہوتا ہی اسی وجہ سے سکنجبین واسطے حفظ صحت کے بسبب منع کرنے اجتماع مواد کے بیچ اکثر علل کے خصوصاً حمیات حارہ و باردہ مین مفید ترین

اشیا سے ہو واسطے ازالۂ عفونت و تفتیح سدہ و تلطیف خلط غلیظ و تغلیظ رقیق و تنقیۂ معدہ و اطفاے حرارت و تسکین غلیان خون و ادرار بول و تبرید جگر و رفع سدہ جگر و ترطیب تالو و منہ کے اور صاف کرنے رطوبات لزجہ کے جو مجاری نفس مین ہین اور واسطے بجھانے پیاس کے اور منع کرنے استحالۂ عصارات کے طرف صفرا کے اور اصلاح کیفیات غریبہ کے یہانتک کہ بیچ حمی دق کے بھی مجوز ہوئی ہو قال السدیدی فی شرحہ للموجز السکنجبین یستعمل فی الدق ایضاً لمنافع احدہا ان یمنع الحلبات من استحالتہا الی الصفراء وثانیہا ان یجلو المعدۃ وثالثہا ان یقوی الشہوۃ لیکن چاہیے کہ سکنجبین قلیل الحموضت ہو تو خشکی کمتر پیدا کرے اور سینہ کو ضرر نہ دے ۔

فائدہ ۔ سکنجبین عسلی قوی تر ہو شکری سے بیچ جلا کرنے اور رفع کرنے عفونت کے اور دور کرنے حمیات مرکبہ و باردہ کے اور استسقا کے اور اعانت اوپر نفث براق کے سینہ و شش سے لیکن بیچ حمیات حارہ کے شکری اختیار کی گئی ہو اور شکر جسقدر سفید زیادہ ہو حرارت کمتر ہوتی ہو اور قند و نبات قسم شکر سے ہین چنانچہ بیچ تحفۃ المومنین کے تصریح اسکی ہو اور تقدیر مقدار سرکہ و شیرینی کی یعنی مزہ سکنجبین کا مائل بہ ترشی یا شیرینی یا تلخی کے ہو موافق اختلاف امزجہ و علل و فصول سال کے مختلف ہو بیچ مزاج سرد و مرض سرد و فصل سرما کے چہارم حصہ شیرینی کے ڈالین بلکہ پنجم حصہ اور اس سے بھی کمتر ڈالین تو غلبہ شیرینی کو رہے اور ایسے وقت مین سکنجبین عسلی محمود ہی اگر شکری بناوین تو شکر سرخ سے بنانا چاہیے کہ زیادہ گرم ہو اور مضرتین کہ سکنجبین کی مذکور ہین بنظر غلبہ حموضت کے ہین اس سکنجبین مین اُنسے امن ہو اور بیچ مزاج گرم و مرض گرم و فصل سرما کے نصف شیرینی بلکہ برابر کرین تو ترشی غالب نہو اور ایسے وقت مین چاہیے کہ شکری بناوین اور شکر بھی لطیف تر و سفید تر ہو اور قوام اس سکنجبین کا رقیق رکھین تو بسبب توقف نہ کرنے کے قلیل المضرت ہو اور احسن یہ ہو کہ بہت ترشی نہ کرین اسلیے کہ نفع اسکا بیچ مقام نفع کے قوی تر ہو اور ضرر اسکا بیچ مقام ضرر کے بھی جلد تر و قوی تر ہو اور جو شخص کہ سکنجبین ترش سے جلد فائدہ مند نہو باوجود مستحق ہونے نفع کے دلیل اس امر پر ہو کہ بیماری ساتھ خطرے کے ہو مادہ سے جو لطیف ہو تحلیل ہوتا ہو باقی غلیظ ہوتا ہو اور بیچ مزاج معتدل و علت مرکب و فصل ربیع و خریف کے سرکہ تیسرا حصہ شیرینی کا چاہیے تو شیرینی و ترشی مین معتدل ہووے یعنی مزہ ٹھیک ہو جاوے اور افضل اقسام ثلثہ مین یہی ہو بسبب بعید ہونے کے مضرتون سے اور معتدل ہونے مزہ کے اور مناسب ہونے کے ساتھ اصحا و مرضٰے کے ۔

فائدہ ۔ بیچ بیان اُن حالات کے کہ سکنجبین اُنمین ضرر کرتی ہو اور بیچ بیان خصوصیت ضرر کے اور اگر ضرر ہو اصلاح کرین پس حالات مذکورہ سے ایک یہ ہو کہ

معدہ سرد وضعیف ہو لیکن سکنجبین سفرجلی خصوصاً مقوی بہ زنجبیل ہو منع کرنے سے خارج ہی اسلیے کہ جالینوس ضامن ہوا ہی کہ وہ جمیع علل معدہ کو جو بہت گرم نہون نفع کرتی ہی حالت دوسری یہ ہی کہ اسہال ہوا ور سکنجبین کو بیچ قطع و رفع سبب اسہال کے دخل نہو یہ قید اسلیے کی ہی جنے کہ اگر مثلاً سبب اسہال کا انصباب صفرا ہی جگر سے یا مرارہ سے لیکن ابھی تک امعا کو خود یعنی خراش نہین کیا ہی یا سبب اُسکا اجتماع رطوبات کا بیچ محل معدے کے اور امعا کے ہو نافع تر و بہترین اشیا جسمین بوجہ قطع کرنے سبب کے سکنجبین ہو اسی طرح خشونت ادویہ قابضہ ساتھ اُسکے ملاوین درمیان طبخ کے بحث منع سے خارج ہو وے اگرچہ سبب نفس امعا کے ہو اسی وجہ سے سکنجبین قابض مرکب بیچ بحث امعا کے گذری حالت تیسری وہ کہ زکام و نزلہ ہو یا سینہ مین خشونت ہو ایسی حالت مین اگر حاجت ضروری داعی ہو سکنجبین قلیل الحموضت ساتھ لعابون کے ملا کر دیوین اور بہترین مصلحات سکنجبین کا ماء الشعیر ہی اور وہ اعتراض کہ بیچ مصلح ہونے ماء الشعیر کے سکنجبین کو باوجود منع کرنے اجتماع سکنجبین و ماء الشعیر کے وارد ہوتا ہی دفع اُسکا عنقریب مذکور ہوتا ہی بیچ تنبیہ علیحدہ کے حالت چوتھی وہ ہی کہ سوکھی کھانسی ہو اور محتاج اسکی نہو کہ کوئی سینے سے چھیلی جاوے اور وجہ منع کرنے کی اس جگہ ظاہر ہی لیکن جگہ کھانسی تر و مادۂ غلیظ و لزج ہو اور نزلہ نہو پینا سکنجبین کا خصوصاً جو ترش کمتر ہو اور عسلی ہو بیچ اعانت کے اوپر نفث کے اور ترقیق رطوبات لزجہ کے خوب مددگار ہی اور سکنجبین عنصلی اس کام مین قوی تر ہی۔

فائدہ ۔ جاننا چاہیے کہ اعانت سکنجبین کی اوپر نفث کے قوت مریض پر موقوف ہی اسلیے کہ اگر قوت قوی نہوگی خوف اسکا ہی کہ جب مادہ لطافت قبول کریگا بسبب ضعف کے ساتھ نفث کے دفع نہوگا اور خناق پیدا کریگا بسبب گرنے اُس مادہ کے مجاری نفس پر پس اوپر طبیب کے لازم ہی کہ بیچ حال قوت و حال مادے کے اور کمی و بیشی و غلظ و رقت مادہ کے نگاہ کرے کہ مادہ نضج پذیر ہی یا نہین اور بیماری مین امید خلاصی کی ہی یا نہین اگر امید دیکھے اور ایام سرما کے ہون سکنجبین معتدل نیمگرم کر کے دے تو خلط کو پکا کر و لطیف کر کے ساتھ نفث کے باہر نکالے اور اگر ساتھ کھانسی خشک کے احتیاج دینے سکنجبین کی پڑے اصلاح کر کے دین جیسا کہ بیچ حالت زکام کے عنقریب بیان ہوا ہی حالت پانچوین وہ کہ سحج یعنے زخم انتڑی مین ہو یا زحیر ہو یا قریب الوقوع ہون یہ امراض یا اسہال اسی وجہ سے بعد پینے مسہل کے استعمال سکنجبین و سرکہ کا ممنوع ہی یہانتک کہ مزاج امعا کا بحال ہو وے لیکن اگر امعا کسی شخص کے قوی ہون باک نہین ہی اسیطرح اگر مسہل ضعیف ہو یا مسہل قوی قلیل المقدار کھایا

جاوے باک نہین ہی اسی وجہ سے صاحب ذخیرہ نے بیچ حمیات بلغمی کے لکھا ہی کہ رات کو وقت خواب کے دواء التربد ایک مثقال دین اور وقت صبح کے سکنجبین کھلاوین اسلیے کہ دواء التربد اگرچہ مسہل قوی ہی لیکن ایک مثقال اسکا اکثر طبائع مین زیادہ تر رفع کرنے قبض مین عمل نہین کرتا ہی لیکن وہ سکنجبین کہ ساتھ اجزاے مسہلہ کے بناکر واسطے اسہال کے دیتے ہین اور اُسکا نسخہ آگے آئیگا اس بحث سے خارج ہی اسلیے کہ وجہ خصوصت منع کرنے کی اُس صورت مین ہی کہ مسہل سے ضعف و نکاہت امعا مین حاصل ہوا ہوا اور پیچھے اُسکے سکنجبین وارد ہو بخلاف اُسکے کہ شروع مین سکنجبین ساتھ ادویہ مسہلہ کے کھائی جاوے اور ساتھ اُسکے اگر کوئی شخص ضعیف الامعا ہو اُسکے حق مین استعمال کرنا سکنجبین مسہل کا بھی روا نہین ہی اور یہ امور علماء پر مخفی نہین ہین حالت چھٹی وہ کہ شقاق مقعد یا بواسیر ہو اور مراد بواسیر سے یہان زیادتیان ہین نہ بواسیر ریحی اسلیے کہ سکنجبین بیچ بواسیر ریحی کے بسبب تحلیل ریاح و تقطیع مادے ریاح کے فائدہ کرتی ہی اور جس وقت بیچ شقاق کے یا بواسیر فزونی کے کہ عبارت ظاہر ہونے زوائد سے ہی اور پر مقعد کے تپ بھی پیدا ہو واسطے تپ کے استعمال کرنا سکنجبین کا روا ہی لیکن قلیل الحموضت و قلیل المقدار دینا چاہیے تو شرح کو ضرر نہ کرے حالت ساتوین وہ کہ قرحہ سینہ یا ریہ مین ہو اُس حالت مین حتی المقدور پینا سکنجبین کا نہ چاہیے

واسطے حرارت کے اگر ضرورت ہو بدلے سکنجبین کے شربت نیلوفر دین اور اسی پر قناعت کرین حالت آٹھوین وہ کہ عصب مین ضعف ہو یا رعشہ یا فالج وغیرہ ایسے مقام مین اگر ضرورت ہووے سکتے ہین لہذا فالج مین کہ ساتھ تپ کے مرکب ہو پینا سکنجبین کا اجازت ہی لیکن معتدل الطعم ہو تو ضرر نہ کرے حالت نوین وہ کہ درد رحم یا تقطیر بول یا مثانہ مین ضعف یا بیماری ہو بیان بھی وہ قاعدہ کہ گذرا مرعی ہی تو وقت جمع ہونے دوسرے کے آسان تر کو اختیار کرنا چاہیے حالت دسوین وہ کہ غثیان و تقلب نفس ہو اسلیے کہ سکنجبین بالطبع مغثی ہی اسی وجہ سے واسطے آسانی قے کے سکنجبین دیتے ہین لیکن اگر سکنجبین مقوی بنعناع ہو یا ساتھ آب سفرجل کے اُسکو ترتیب دیا ہو دے سکتے ہین اسوجہ سے کہ ایسی سکنجبین غثیان کو فائدہ کرتی ہی۔

فائدہ۔ منع کرنا سکنجبین کا بیچ حالت غثیان کے اُس تقدیر پر ہی کہ سبب غثیان کا وہ ہو کہ دفع کرنا اُسکا قے سے متوقع نہو یا کوئی مانع ہو ورنہ واسطے دفع کرنے غثیان کے خصوصاً جب سبب غثیان کا انصباب مادے کا اوپر فم معدے کے یا جمع ہونا اور چپکنا رطوبت کا فم معدے مین ہو محمود ترین تدبیر و نہین پینا سکنجبین کا اور قے کرانا ہی حالت گیارھوین وہ کہ حدری وحصبہ ہون علی ما قال صاحب التحفۃ فی المفردات حیث ذکر السکنجبین اور سبب منع کرنے سکنجبین کا اس حالت مین نزدیک میرے سوائے اسکے

اور کوئی وجہ معلوم نہیں ہوتی ہے کہ جو سکنجبین نحشن
سینہ وامعا وجمیع اعصاب کی ہے اور مادہ جدری
وحصبہ کا اکثر طرف سینہ وامعا کے توجہ کرتا ہے وارد
ہونا مادے کا بیچ عضو ضعیف کے زیادہ کرنے والا
ضرر کا ہوگا پس اگر خوف اس امر کا ہو یا ساتھ
مقویات کے ترکیب دین بحث منع سے باہر ہوگا
اور سکنجبین کو دینگے اسی وجہ سے سکنجبین فواکہی مانند
اسکے واسطے جدری وحصبہ کے مضر ہوئی ہے اور
جانین کہ سکنجبین ضعف باہ ہے خصوصاً مبرودین
مین اور ہرچند ترش زیادہ ہوگی اور سرکہ اکیلا
بیچ ضعیف کرنے باہ کے نسبت سکنجبین سے
زیادہ ہے۔

فائدہ۔ بیچ طبخ سکنجبین کے اور اسوجہ سے کہ سکنجبین
عسلی ہو یا شکری اس فائدہ کو دو فوز مین بیان کرتے
ہین فوز اول بیچ طبخ سکنجبین عسلی کے کہ طرف جالینوس
کے منسوب ہے عسل جید اوپر آگ کے انگارون کے
اچھے ظرف مین رکھکر کف نکالین پس سرکہ بقدر حاجت
کے اسمین ڈال کر آگ پر جوش کرین یہانتک کہ اسمین
دونون خوب ملجاوین اور سرکہ خام نہ رہے
پس اُتارین اور نزدیک حاجت کے پانی مین
ملاکر پیوین اور اندازہ اوزان سرکہ وعسل کا باعتبار
حالات کے راے طبیب پر مفوض ہے جیسا کہ اوپر گزرا
اور جانین کہ اقبال طبیعت کا اور لذیذ ہونا اُسکا بیچ
امر انتفاع کے بہت دخل رکھتا ہے لہذا شیخ رئیس نے
بیچ قرابادین قانون کے بیان سکنجبین مین کہا ہے کہ

واجب ہے ان یعلم ان الاوفق لمن یتاذی لہ موالماء عندہ
من اجل ذلک یکون نفعہ اکثر والذی یتاذی سے بہ
ہوالذی یعافہ نفسہ اور سکنجبین کہ سرکہ وعسل سے
بنائی جاتی ہے بدون ملانے پانی کے وہ گرم ترین
اقسام مین ہے اور اوفق یہ ہے کہ پانی بھی ملایا جاوے
تو تین فائدہ حاصل ہون ایک شدت اختلاط سرکہ
کی ساتھ عسل کے بسبب دراز ہونے زمانے طبخ
کے دوسرا ٹوٹنا قوت ہر ایک کا سرکہ وعسل سے
اور مجموع سے ظاہر ہونا اعتدال کا تیسرا جدا ہونا کف
عسل کا خاطر خواہ اسی وجہ سے معمول و مروج
بھی ہے یعنی ملانا پانی کا اور مقدار پانی کے مناسب
حال عسل کے اور تقاضاء وقت کے تفویض ہے بنانے
والے سکنجبین پر لیکن جو اکثر اوقات مفید ہوتی ہے
اور شیخ رئیس نے بھی اُسکی خبر کی ہے چاہیے کہ پانی
شہد سے دونا ہو یعنی سرکہ یا ایک جزو ہو یا کم زائد
عسل اگر دو جزو ہو پانی چار جزو ڈالکر پکاوین
یہانتک کہ ربع رہجاوے اور کف دور کرین
اور شہد جید مین کف کمتر ہوتا ہے لہذا شہد جید محتاج
بہت طبخ کا نہین ہے بخلاف شہد رومی کے فوز
دوسرا بیچ طبخ سکنجبین شکری کے کہ شیخ رئیس نے
جسکی تعریف کی اور اپنی طرف منسوب کیا یہ ہے
کہ پہلے شکر کو دیگ مین برابر بچھاوین بعد اُسکے سرکہ
تند خصوصاً سرکہ خمر کا اسقدر ڈالین کہ شکر کو چھپا
لیوے پس اوپر آگ کی نرم چنگاریون کے بلکہ اوپر
گرم راکھ کے رکھین یہانتک کہ شکر گھل جاوے

بغیر جوش کے اور کف کہ نکلے بطریق معلوم نکالتے جاوین بعد اسکے پانی اسپر اتنا ڈالین کہ دو انگل اوپر رہے و بتدریج جوش کرکے قوام مین لاوین انتہی کلامہ اور بعض لوگ شکر کو پانی مین حل کرکے جوش کرتے ہین جب قریب قوام کے پہونچتی ہی سرکہ تھوڑا تھوڑا ڈالتے ہین یہانتک کہ قوام کامل ہو جاوے اور بعض لوگ سرکہ و شکر و پانی تینون ایک جا ملاکر قوام کرتے ہین بالجملہ جس سکنجبین مین وقت پہونچنے قوام کے تھوڑا سا گلاب بھی اضافہ کرین مرغوب تر ہوتی ہی اور عوض پانی کے گلاب ڈالین بیچ تقویت معدہ اور دل کے نافع تر ہوگی اور اسی طرح اگر عرق بید مشک بدلے پانی کے ڈالین اور اگر عرق یا عصارہ اسکے پتے جوش کیے ہوئے کا بدلے پانی کے ڈالین بیچ تقویت دماغ کے اور منع کرنے سہر کے اور زیادتی تبرید کے موثر ہوگی اور اسکو سکنجبین نیلوفری کہتے ہین اور اگر آب مروق کاسنی سبز یا عرق اسکا عوض پانی کے ڈالین بیچ تفتیح سدہ جگر کے اور رفع کرنے یرقان کے نافع زیادہ ہوگی اور اسکو سکنجبین ہندبائی کہتے ہین اور اسی طرح جو چیز اسمین ملائی جاوے اسی نام سے مسمی ہوگی اور آخر اس بحث مین مفصل آویگی اور سکنجبین کہ سرکہ مقطر سے بناتے ہین نہایت لطیف اور نظیف اور سفید رنگ و سریع الاثر ہوتی ہی اور مخترعات محدثین سے ہی کہ واسطے دولتمندون کے بنائی ہی اور جانین کہ درمیان طبخ سکنجبین کے اگر کئی پتے نعناع کے ڈالین بیچ تقویت معدہ و رفع کرنے غثیان کے کہ سکنجبین کو لازم ہی سودمند ہوگی اور بھی معلوم کرین کہ نعناع ضامن منافع سکنجبین کا اور مصلح جمیع ترشیون کا ہی لیکن اس سکنجبین مین جو واسطے محرور المزاج کے بناتے ہین نہ ملانا چاہیے اور اسی طرح جو سکنجبین واسطے قی لانے کے دیتے ہین اور بہترین ظروف واسطے طبخ سکنجبین کے اور اس چیز کے کہ ترشی رکھتی ہی ظرف سنگین ہی بعد اسکے زرین اور اگر یہ نہون بیچ ظرف مسی و قلعی دار کے پکاوین۔

فائدہ ۔ بیچ بیان مقدار تناول کرنے سکنجبین کے اور طریق استعمال کرنے سکنجبین کے اور ذکر بدل کے جاننا چاہیے کہ اندازہ کرنا وزن پینے سکنجبین کا باعتبار امزجہ و اعراض کے اور باعتبار ہونے شارب سکنجبین کے صحیح یا مریض قوی یا ضعیف معین نہین ہی لیکن بہر تقدیر مقدار شربت سکنجبین سادہ کا مقدار شربت خمر سے بدرجات کمتر ہی خصوصاً حالت صحت مین بیچ امراض کے باعتبار تقاضاے حال و وقت کے جو مشاہدہ واجب کرے دے سکتے ہین اور شیخ رئیس نے بیچ حمی محرقہ کے اشعار کیا ہی کہ تجویز درم سے پینتیس درم تک دین اور احسن یہ ہی کہ سکنجبین کو ساتھ پانی یا اور مائع کے کہ مناسب حاجت کے ہو ملاکر پلاوین مگر وہان رطوبت اور تخم معدے کے چپکی ہو اور صاف کرنا اسکا منظور ہو کہ اس حالت مین تنہا چاٹنا اسکا بہتر ہی تو بسبب دیر رہنے کے بیچ قلع مادہ کے اور اسکے اتارنے کے

طرف اسفل کے خوب اثر کرے اور ایسے شخص کو بعد سکنجبین کے چاہیے کہ دو پہر دن تک بھوک پر صبر کرے بعد اسکے جوزہ وزیرباج تناول کرے تو یہ بھی اوپر جلا کرنے و تحلیل رطوبات کے معین ہووے اور احوط یہ ہی کہ سکنجبین خصوصاً کہ عسلی ترش ہو اور مقدار مین بہت کھلانا منظور ہو ایک دن دین ایک دن نہ دین لہذا شیخ رئیس نے کہا ہی کہ الاشربہ الاسلیٰ وانما بل یوماً ویدما لالئلا یضر بقم المعدۃ فانہ تقوض فی المفاصل ویحدر الکیموس من الامعاء السفلی ویحلل الرطوبۃ من البدن اور اُس جگہ کو بیچ دینے سکنجبین کے کوئی مانع ہو شربت نیلوفر بدل اُسکا ہی بعد اُسکے جلاب بیچ بعضے احکام کے ورنہ وہ منافع کہ ساتھ سکنجبین کے مخصوص ہین اُسکے غیر مین نہین پائے جاتے کما لا یخفیٰ -

تنبیہ - بیچ منع کرنے اجتماع سکنجبین وکشکاب کے معدے مین پوشیدہ نہ رہے کہ جمع ہونا سکنجبین کا معدے مین ساتھ ماء الشعیر کے یعنی کشکاب کے نہایت بد ہی لہذا لوگون نے کہا ہی کہ بعد پینے سکنجبین کے جبتک دو ساعت نہ گذرین ماء الشعیر نہ پین لیکن اگر تناول ماء الشعیر کے یعنے سکنجبین کے کھانے کا اتفاق ہو ادنی فاصلہ درمیان دونون کے چار ساعت چاہیے کہ توقف ماء الشعیر کا بیچ معدے کے توقف سکنجبین سے دیر تک ہوتا ہی یقیناً

سوال - جو کچھ منع کرنا اجتماع دونون سے گذرا متفق علیہ ہی اور حال یہ ہی کہ مصلح سکنجبین کا ماء الشعیر کو لکھا ہی اور صاحب تحفۃ المومنین نے بیچ اختیارات اپنے کے بیچ بیان ادویۂ مفردہ کے فصل السین بحث ذکر سکنجبین مین تصریح کی ہی اس امر پر اور شیخ رئیس نے بیچ حمی بلغمی کے بھی اشارہ کیا ہی طرف ملانے سکنجبین ساتھ ماء الشعیر کے پس توفیق اسمین کس طرح ہوتی ہی -

جواب - منع کرنا اجتماع کا مفید ساتھ اُس حالت کے ہی کہ کشکاب بطور تغذیہ کے کثیر المقدار کھایا ہو اور یہ دلالت دلیل منع سے روشن و ظاہر ہی اسلیے کہ بیچ دلیل منع اجتماع ان دونون کے کہا ہی کہ سکنجبین ماء الشعیر کو قبل اسکے کہ ہضم ہو معدے سے نکالتی ہی اور تباہ کرتی ہی بیچ پس اگر بیچ سکنجبین کثیر کے ماء الشعیر تھوڑا بطور امتزاج مصلح در مصلح کے ملا دین تو ماء الشعیر بسبب ملاست اپنی کے خشونت و حدت سکنجبین کو توڑ دے اور سینہ و امعا کو مناسب ہووے ممنوع نہین ہی اور بحث نہی سے خارج ہی ساتھ اسکے در صورت اصلاح کے خارج معدہ سے درمیان دونون کے ترکیب ہوتی ہی خصوصاً کہ بعد ترکیب کے ایک زمانہ لائق گذرا ہو اور مجموع سے ایک کیفیت واحد حاصل ہوئی ہو کہ شرب اُسکا نزدیک وارد ہونے کے معدے مین حادث کرنے والا خلل کا نہین ہی اور ذیل منع سے باہر ہی اسلیے کہ اجتماع دونون کا بیچ معدے کے منہی ہی اور یہ نہین ہو سکتا ہی مگر در صورت وارد کرنے ایک کے بعد دوسرے کے معدے مین بخلاف صورت مفروضہ کے کہ وہان اجتماع دونون مین خارج کے متفق ہوا نہ معدے مین اور ورود مجتمعین کا کہ حکم واحد پیدا کیا ہی ما نحن فیہ سے خارج ہی اشارہ

کرنا شیخ رئیس کا اسی پہ محمول ہی فافہم۔
فائدہ۔ بیچ ذکر اقسام سکنجبین کے سکنجبین افتیمونی
متعدد والنسخ بیچ بحث سرکے گذری ہی اور سکنجبین عنصلی
بیچ سینے کے اور افسنتینی و سکنجبین سفرجلی و سکنجبین تفاحی
و سکنجبین صبری و سکنجبین وردی یعنی گلقندی و سکنجبین
زبیبی یعنی مویزی و سکنجبین بہی لیمونی و سکنجبین رمانی
و نانخواہی بیچ بحث معدے کے و سکنجبین ریوندی
و سکنجبین دیگر و سکنجبین فودہی ماذریونی و سکنجبین بزوری
بہ نسخہ دیگر و سکنجبین بزوری واصولی و سکنجبین کبری
بیچ جگر کے و سکنجبین مسہل بہ نسخ متعدد و سکنجبین قابض
گلناری بیچ امعا کے و سکنجبین محلی بیچ گردے و مثانہ
کے و سکنجبین نیلوفری و سکنجبین ہندبائی
بیچ اسی بحث کے بیچ ذیل ذکر طبخ سکنجبین کے
لکھی گئین۔

سکنجبین بزوری بارد۔ کہ سدہ جگر کو
کھولے اور حمیات کو نفع کرے اور بول کو جاری
اور تشنگی کو موقوف کرے اور استسقا گرم کو نفع
دے پوست بیچ کاسنی سات درم سہ تخم کہ عبارت
تخم خیارین و تخم خربزہ سے ہی ہر ایک ان تینون
سے پانچ درم سب کو نیمکوفتہ کرکے بیچ آب و سرکہ
کے ایک رات دن بھگوئین دوسرے دن
جوش کرین و ملکر صاف کرین اور قند سفید ایک
من ملاکر قوام کرین اور وزن سرکہ کا بحسب
حاجت کے ہی جیسا کہ گذرا اور مروج چہارم
حصہ قند کا ہی۔

سکنجبین بزوری معتدل۔ واسطے حمیات
مرکبہ و تفتیح سدۂ جگر و سپرز کے نافع ہی اور ادرار بول
کرتی ہی تخم کاسنی رازیانہ تخم کرفس ہر ایک تین درم تخم خیارین
تخم خربزہ ہر ایک پانچ درم پوست بیچ کاسنی و پوست
بیچ رازیانہ ہر ایک سات درم سب کو نیمکوفتہ کرکے
بیچ تین رطل پانی و بیس درم سرکے ایک رات
دن بھگو کر جوش کرین اور مل کر چھانین اور ساتھ
ایک من قند سفید کے قوام مین لاوین۔

سکنجبین بزوری حار۔ کہ واسطے حمیات
بلغمی کے اور تشنگی بلغم شور کے اور واسطے سدۂ جگر
و سپرز کے اور چھیلنے بلغم کے معدے سے نفع کرتی ہی
اور قاطع صفرا اور مدر بول ہی سرکہ خمر کہنہ دس
رطل آب شیرین صاف بیس رطل یا کم زائد حسب
حموضت اور جودت سرکہ کے اسقدر کہ سرکہ
کی حدت کو توڑدے پوست بیچ رازیانہ پوست
بیچ کرفس ہر ایک تین اوقیہ رازیانہ انیسون
تخم کرفس ہر ایک ایک اوقیہ ادویہ کو نیمکوفتہ کرکے
سرکہ و پانی مین ایک رات دن تر کرین پس ازان
پکاوین یہانتک کہ سدس حصہ جاتا رہے پس اتار کر
رہنے دین یہانتک کہ سرد ہو جاوے پس صاف
کرکے وزن کرین اگر قند ملانا چاہین ایک جزو
قند دو جزو اس پانی مصفا سے ملاوین اور اگر
شہد ملانا چاہین ایک جزو عسل اڑھائی جزو پانی
مصفا مذکور ملاکر نرم آگ پر پکاوین اور قوام کرین
اور اگر چاہین کہ زعفران ملاوین روا ہی اور مختار مین

کہ زعفران کو کپڑے میں باندھکر بعد اُٹھالینے کف کے اضافہ درمیان صبح کے یا پیسکر بعد طبخ کے ملاوین اور برتقدیر ڈالنے زعفران کے طبخ مین چاہیے کہ زعفران تین درم ہو اور اُسکی تھیلی کو ہر ساعت ملتے رہین تو قوت اسکی کماینبغی نکل آوے اور برتقدیر ملانے کے بعد طبخ کے دو درم کافی ہی۔

فائدہ۔ اطبا کی اصطلاح یون جاری ہی کہ جب سکنجبین بزوری مطلق بولتے ہین چنانچہ مذکور ہوا بزوری حار مراد ہی اور اُسکے غیر کو بدون تقلید کے باردیا معتدل نہ کہین گے کذا فی بحر الجواہر وغیرہ۔

سکنجبین - کہ صاحب حیدری کو اول طور مین دیے سکتے ہین خل خمر ایک جزو و نصف گل سرخ نصف جزو دونون ملاکر اور بقدر حاجت گلاب ڈالکر ایک رات دن کو رکھکر جوش کرین جب آدھا رہے صاف کرین اور قند سفید تین حصہ سرکے ملاکر قوام کرین۔

سکنجبین - کہ آخر غب غیر خالصہ مین واسطے تطفیۂ لقیہ حرارت کے نافع ہی آب خیارین شیرین تازہ آب ترتیز ہر ایک بیس درم خل الخمر تیس درم قند سفید ایک رطل و نصف تخم کاسنی کوفتہ دس درم پہلے تخم کاسنی کو سرکہ و تھوڑے پانی مین جوش کرین اور صاف کرین پس جملہ کو ملاکر قوام کرین اور اگر بیخ کاسنی بھی مع تخم ملاوین بیچ تفتیح سدہ کے قوی تر ہوگی اور اگر عوض تخم کاسنی کے آب مروق کاسنی سبز کرین روا ہی اور لبعضے ماء القرع بھی ملاتے ہین۔

سکنجبین کرمانی - کہ واسطے حمیات محرقہ و تسکین عطش کے نافع ہی آب انار میخوش گلاب ہر ایک ایک رطل سرکہ خمر پانچ استار آب زرشک نصف رطل قند سفید ڈیڑھ من مقدار خوراک بیس درم۔

سکنجبین فواکہی - کہ صاحبان حیدری کو بجاے شربت کدر یعنی کاوی کے ہی اور بیچ حمیات وبائی محرقہ کے اور جمیع علل حارہ اور طاعون کے فائدہ کرے خل الخمر ڈیڑھ من آب انار ترش آب غورہ آب ترشی ترنج آب ریواج عصارۂ توت ترش نیم خام نقیع سماق عصارۂ زرشک نقیع عدس طبیخ عناب ہر ایک نیم من شیرۂ کاہو شیرۂ ترخون ہر ایک دس استار قند سفید چار من پکاوین یہانتک کہ قوام ہووے پس کافور و طباشیر ہر ایک دو درم باریک کرکے ملاوین اور بیین مقدار شربت ایک اوقیہ۔

سکنجبین دبس و شابی - کہ سرکہ ساتھ دبس شاب کے مساوی ہو مقدار آگ

سکنجبین لیموتی - کہ غثیان کو دفع کرے اور قی کو ساکن کرے اور معدے کو قوت دے آب لیمون بجاے سرکہ کے کرین یا سرکہ و آب لیمون دونون برابر ملاوین اور ساتھ قند کے قوام کرین اور جسوقت آب لیمون عوض سرکے کے ہو اور آب لیمون و قند سے شربت بنایا جاوے اطلاق سکنجبین کا اوپر اُسکے از قبیل مجاز کے ہی۔

سکنجبین افسو ماتی - کہ ترکیب قدما کی ہی وہ مرکب عسل و سرکہ و نمک سے ہی بیچ ادویہ رفع کرنے سموم کے آویگی۔

حرف الشین

شربت بنفشہ و شربت نیلوفر و شربت نارنج

وشربت آلو سادہ - واسطے حمیات گرم کے نافع ہی اور بیچ بحث سر کے گذرا -

شربت عناب وشربت بنفشہ - یہ نسخہ دیگر بیچ سینے کے ذکر کیے گئے -

شربت صندل مفرد و مرکب وشربتہاے ترش و دیگر اشربہ غیر مسمیٰ - کہ واسطے تپ کے فائدہ کرتے ہین بیچ بحث دل کے مذکور ہوئے -

شربت فواکہ - بہ نسخہ ہاے متعددہ -

وشربت سیب وشربت بہی وشربت انار بیچ اقسامہا وشربت ریباس وشربت بہی لیمونی وشربت غورہ وشربت تمر ہندی وشربت لعابین بیچ معدے کے مذکور ہوئے اور یہ سب حمیات کو فائدہ کرتے ہین

شربت سنبل - حمیات مزمنہ کو نافع ہی یہ بھی بیچ معدے کے گذرا -

شربت کشوث - واسطے حمیات مرکبہ کے نافع ہی -

شربت دینار - نسخہ ہاے متنوع رکھتا ہی اور اکثر نسخہ اُسکے حمیات مرکبہ وغیرہ کو مفید ہین اور یہ دونون شربت بیچ جگر کے تحریر ہوئے -

شربت دروسادہ و مکرر ملین بہترین مسہلات واسطے صاحبان حمیات کے ہی کہ مادہ اُنکا صفرا فقط یا مرکب ساتھ بلغم کے ہو لیکن صفرا کو غلبہ ہو اور بھی واسطے حمی مطبقہ و تسکین عطش کے فائدہ کرتا ہی -

شربت شیر خشت وشربت ترنجبین وشربت آلو وشربت تمر ہندی وشربت انار مسہل و شربت فواکہ ملین وشربت سنا، وشربت ہلیلہ وشربت پستان وشربت مسمیٰ بشربت ملین مناسب حال محمومین کے خصوصاً جب طبع قبض ہو یا تلیین کی حاجت ہو -

شربت ورد قابض وشربت انجبار وشربت حب الآس وشربت مسمیٰ بشربت قابض واسطے حمیات یا اسہال کے موافقت رکھتا ہی اور یہ پندرہ شربت کہ شربت ورد سے الی آخرہ مذکور ہین بیچ بحث امعا کے مرقوم ہوئے ہین -

شربت کادی - واسطے جدری وحصبہ وشری و ماشرا و جمیع علل دمویہ کے اور واسطے دفع کرنے حرارت جگر و معدے کے اور قطع کرنے پیاس کے نافع ہی اور ترویح الارواح سے منقول ہی خشت کادی کہ اُسکو کدر کہتے ہین بدال مہملہ اور ہندی مین کیوڑہ ربع رطل صندل سفید صندل سرخ ہر ایک ایک اوقیہ ہر سہ ادویہ کو نیمکوب کرکے بیچ ایک رطل خل خمر کہنہ کے ایک ہفتہ تک بھگوئین بعد اُسکے ملکر نچوڑین اور سرکہ صاف شدہ کو رکھین اور ادویہ ثلثہ منقوعہ کو بیچ چھ رطل پانی کے جوش کرین جب چہارم حصہ رہے ملکر صاف کرین بعد اُسکے آب انار ترش وآب ریباس وآب غورہ وآب لیمون وآب نقیع سماق وآب نقیع زرشک وعصارۂ توت شامی وآب طبیخ عناب و آب طبیخ عدس ہر ایک نصف رطل گلاب دو اوقیہ آب حماض الاترج چار اوقیہ قند سفید سو درم جملہ کو بیچ سرکہ مذکور و طبیخ اشیاے ثلثہ مسطورہ کے ملاوین اور بیچ دیگ سنگین کے قوام کرین پس طباشیر ایک اوقیہ رازیانہ سنبل الطیب ہر ایک دو درم کافور ریاحی ایک

مثقال کوٹ کر چھان کر اُسمین ڈالکر شربت تیار کرین۔

نوع دیگر۔ منقول کامل الصناعۃ سے کہ باوجود اتصاف بصفات سابقہ واسطے یرقان و حرارت جگر و معدہ و جگر عفونت مزمنہ کے نہایت موثر ہی چوب کاذی شگوفتہ شاخ بادیان تخم بادیان پوست بیخ بادیان تمر ہندی عناب دانہ بیرون کردہ ہر ایک ایک رطل گل سرخ نصف رطل سنبل الطیب ایک لکڑی سے پاک کی ہوئی ہر ایک چار مثقال صندلین ہر ایک دس مثقال جملہ کو بیچ چار حصہ پانی کے بھگو کر جوش کرین جب ربع رہجاوے صاف کر کے سرکہ دو رطل آب انارین ہر ایک ایک رطل اضافہ کرین اور جوش کرین و قند سفید ایک من یعنی دو رطل ملاکر قوام کرین بعد اُسکے اتارکر کافور زعفران ہر ایک تین مثقال پیسکر ملاوین مقدار خوراک دو مثقال سے ساڑھے سات مثقال تک اور واسطے اطفال کے بقدر ایک مثقال۔

نوع دیگر۔ منقول قرابادین نجیب الدین سمرقندی سے کہ بیچ امراض شدید الالتہاب کے اور وقت غلیان مفرط خون کے دے سکتے ہین سرکہ تیز انگوری تین رطل آب انار ترش آب حماض اترج آب لیمو آب غورہ آب ریباس آب توت شامی آب خیار آب کدو آب سماق آب زرشک آب کاسنی آب عنب الثعلب آب تربز آب کگڑی چینی آب تمر ہندی آب تفاح حامض آب سفرجل آب زعرور آب آلو آب طبیخ عدس آب طبیخ عناب لعاب اسبغول ہر ایک رطل و نصف جملہ کو آپس مین ملاکر رکھین بعد اسکے خشب الکدر یعنی چوب درخت کدر ڈیڑھ رطل صندل سفید صندل سرخ ہر ایک نصف رطل کوٹ کر پیسکر اشیاے مذکورہ مین جوش کرین بعد نقوع کرنے کے یا بدون اسکے جب نصف رہے مل کر صاف کرین اور قند سفید اتنا ملاوین کہ مزہ کھٹ مٹھا حاصل ہو قوام کرین بعد اُسکے کافور ریاحی تین مثقال طباشیر پانچ استار کوٹ کر چھان کر اضافہ کرین۔

نوع دیگر۔ منقول شفاء الاسقام سے کہ بیچ دفع کرنے ضرر باد رحم کے نافع تر ہی چوب کاذی خرما ہندی دانہ پوست سے پاک کیا ہوا ہر ایک ایک رطل بیخ رازیانہ عناب جرجانی معتدل سرخ و سفید ہر ایک مثقال سنبل الطیب گل سرخ خشک منزوع الاقماع ہر ایک اڑھائی مثقال کوٹ کر بیچ چار حصہ آب شیرین کے بھگو کر جوش کرین جب چہارم حصہ رہے صاف کر کے آب انار ترش آب انار شیرین سرکہ کہنہ صاف ہر ایک رطل بیچ جوشاندۂ مذکور کے ملاوین و قند سفید ایک من ملاکر قوام کرین بعد اُسکے کافور و زعفران ہر ایک تین درم باریک کر کے اضافہ کرین اور شیشے کے ظرف مین یا مانند اسکے رکھین مقدار خوراک دو مثقال سے ایک اوقیہ تک اور ایک نسخہ مین عناب نہین ہی اور تخم و چوب و بیخ رازیانہ ہر ایک نصف رطل مرقوم ہی اور نسخہ شربت کدر کا کہ شیخ رئیس نے لکھا ہی اور صاحب ذخیرہ نے اُسکی اصلاح کی ہی جو متعسر الصنعت تھا اور یہ نسخہ مذکورہ کا فی

تھے مین نے نہین لکھا۔
شربت ماء الفواکہ۔ کہ مقام شربت کہ رکے ہی اور واسطے جمیع امراض دمویہ وصفراویہ کے وخناق حارہ وطاعون کے نفع کرتا ہی سرکہ خمر ڈیڑھ رطل آب غورہ آب انار ترش آب حماض اُترج آب ریباس عصارۂ توت نقیع سماق عصارۂ زرشک ہر ایک ربع من عصارۂ لحیۃ التیس عصارۂ طرخون نقیع عدس طبیخ عناب ہر ایک ثمن من قند سفید چار من جملہ کو ملاکر قوام کرین بعد اُسکے کافور پانچ درم باریک کرکے ملادین مقدار شربت ایک اوقیہ ساتھ گلاب کے کذا فی القرابادین
شربت آلو۔ کہ واسطے حمیات دموی غلیانی وعفنی وحمیات صفراوی کے نافع ہی آلو خبرین بزرگ تیس عدد تمر ہندی نصف رطل دونون کو بیچ تین رطل پانی کے جوش کرین جب ایک رطل رہنے صاف کرین پس انار میخوش آب حماض اُترج ہر ایک نصف رطل اضافہ کرکے اوپر نرم آگ کے پکاوین جب نصف رہے قند سفید ایک رطل اور گلاب ربع رطل ملاکر پکاوین اور قوام کرین اور ہر رات پندرہ درم سے بیس درم تک ساتھ دو درم تخم خرفہ کے کہ بہت باریک کیا ہو نوش کرین اور اگر حرارت قوی و پیاس شدید ہو ہر مقدار خوراک مین طباشیر نصف درم لعاب اسبغول بقدر حاجت کے ملاکے پیین ونسخہائے دیگر شربت آلو کے بیچ بحث امعا کے گذرے
شربت ہندبا۔ واسطے حمیات کے اور تفتیح سدہ وتقویت جگر ودل ومعدے کے نافع ہی شکر سفید تین رطل پانی مین حل کرکے جوش کرین اور کف نکالتے رہین پس آب کاسنی مروق ایک رطل زیادہ کرکے قوام کرین اور جب قریب قوام کے پہونچے تھوڑا آب لیمو بھی اضافہ کرین۔
فائدہ۔ ترویق آب کاسنی تین طرح ہوتی ہی چنانچہ ماء الہندبا مین بیچ حرف میم اسی بحث کے آویگا اور جب چاہین کہ رنگ شربت کا مائل بسبزی ہو اسی طریق سوم ترویق سے بناوین۔
شربت قنطر اصل ہندبا۔ کہ بیچ حمیات کے بعد دو ہفتے کے دے سکتے ہین واسطے قطع عفونت کے عروق سے خصوصاً اگر ساتھ قرص زرشک راوندی کے کھلایا جاوے اور بھی واسطے تفتیح سدہ وتقویت معدے کے اور تحسین رنگ کے نافع ہی پوست بیخ کاسنی نصف رطل تخم کاسنی تین اوقیہ دونون کو نیمکوب کرکے بیچ اُسقدر پانی کے کہ مطلوب ہو بھگوکر جوش کرین اور صاف کرین پس گلاب وعرق گاؤزبان ہر ایک رطل آب کاسنی مروق سو درم قند سفید پانچ رطل ملاکر قوام کرین۔
نوع دیگر۔ کہ بیچ تفتیح سدہ کے اور تقطیع اخلاط غلیظہ کے اور تحلیل ریاح کے سودمند ہی پوست بیخ کاسنی نصف رطل نیمکوب کرکے جوش اور صاف کرین پس خمیرہ ورد ایک رطل اضافہ کرکے ساتھ ڈیڑھ رطل قند سفید کے قوام معتدل کرین اور نزدیک قریب قوام کے آب لیمو کے اضافہ کرین۔
شربت کافور۔ کہ بیچ حمیات حادہ کے اُس سے استفراغ کر سکتے ہین اور ساتھ اُسکے تسکین حرارت

بھی کرتا ہی اور استعمال اُسکا جائز نہین ہی مگر مرد
جوان کو حرارت اُسپر غالب ہو شیر خشت دس۱۰ درم
اور اگر یہ نہو ترنجبین بدلے اُسکے ڈالین و آب سیب
و آب بہی ہر ایک دس۱۰ درم آب کشنیز دو درم شیر خشت
کو آبہاے مذکورہ مین حل کرکے اوپر آگ نرم کے
قوام کرین بعد اُسکے سقمونیا مشوی ایک درم
کافور ریاحی ایک دانگ یا جسقدر کہ حال واجب
کرے بعد اُتارنے کے آگ سے اور میل کرنے
کے طرف فاتر ہونے کے اور یہ جملہ چھ مقدار خوراک
ہین اور واسطے قوی آدمی کے تین خوراک۔

شربت صعتر۔ واسطے تپ بلغمی کے جو ساتھ
دو لرزہ شدید کے ہو نافع ہی صعتر ناخواہ زنجبیل
گل سرخ فودنہ کشنیز خشک ہر ایک تین درم مویز سرخ
منقے بیس عدد بیچ دو سو درم آب کے پکاوین جب
تہائی رہے صاف کرین اور قند سفید ساٹھ درم
ملاکر قوام کرین اور سب کو چار شربت نہایت
پانچ شربت کرین اور بعض لوگ بعض طبخ کے
بدون ملانے قند کے تیس۳۰ درم نیمگرم دیتے ہین
بطور جوشاندے کے اور ساتھ اُسکے بیچ اشربہ
کے لوگون نے لکھا ہی اور بیچ بحث اشربہ سرکے
کہا گیا کہ لفظ شربت کی اوپر جوشاندے کے بھی
بولتے ہین باعتبار معنی لغوی کے۔

شربت بزور۔ واسطے حمیات کہنہ اور ادرار
بول و حیض کے اور گرانے پتھری گردہ و مثانہ کے اور
دفع کرنے یرقان کے اور تفتیح سدہ جگر و سپرز کے

نافع ہی تخم کاسنی رازیانہ تخم خربزہ تخم کدو حب القرطم
ہر ایک پانچ مثقال پوست بیخ کاسنی گل غافت تخم خطمی
اصل السوس سنبل الطیب گل بنفشہ گاؤ زبان ہر ایک
تین مثقال بعد کوٹنے کے جملہ کو ایک رات دن بیچ
پانچ رطل پانی کے بھگوئین اور مویز منقے بیس۲۰ درم
ملاکر جوش کرین یہانتک کہ دو رطل رہے پس صاف
کرکے ایک من قند سفید اضافہ کرکے قوام کرین مقدار
خوراک ایک اوقیہ۔

فائدہ۔ اشربہ غیر حامضہ مزاج گرم مین اکثر صفرا بیجانی
ہین مگر شربت نیلوفر کہ مستثنی ہی اور بہت پانی شربتون
مین ملانا شربتون کو صفرا بننے نہین دیتا وجہ اسکی یہ ہی
کہ ماہیت صفرا پر غالب ہو جاتی ہی۔

شموم۔ کہ بیچ حمیات کے واسطے تبرید دماغ و تفریح
دل کے استعمال کرین بیچ ادویہ سر کے گذرا اور سونگھنا
سبز کھیرے کا کاٹ کر جلد نفع کرتا ہی اور ترنج کا سونگھنا
عفونت ہوا کی اصلاح کرتا ہی۔

شافہ۔ خیار شنبر کا و مانند اُسکے کہ حمیات مین
واسطے تلیین طبع کے استعمال کرتے ہین بیچ بحث امعا
کے مذکور ہوا۔

حرف الضاد والطاء

ضماد و طلاء۔ کہ بیچ حمیات کے واسطے صداع
کے یا واسطے تبرید سینہ و دل کے یا واسطے تصفیہ
حرارت جگر کے استعمال کر سکتے ہین بیچ بحث سر و سینہ
و دل و جگر کے گذرے اور جانین کہ بیچ حمیات محرقہ

کے عمدہ ترین تدبیرون مین طلا کرنا محلل دل و جگر کا ہی اور احسن یہ ہی کہ پارچۂ کتان ساتھ ادویہ عطرۂ باردہ کے بھگو کر اوپر دل و جگر کے رکھین اور حرارت جب بدن سے گرم ہو جاوے اُٹھا کر اور رکھین اور گھر کو پھولون سے آراستہ کرین اور پانی چھڑکین اور ہوا سرد کر دین اور اگر پانی پر مسکن کرین بہت بہتر ہی ورنہ بڑے تغارون مین پانی بھر کر سامنے مریض کے رکھین اور جسقدر حرارت زیادہ ہو مقابلہ اُسکا ساتھ استعمال مبردات کے زیادہ کرنا چاہیئے لیکن جسوقت بیچ حمیات حادہ کے خصوصاً حمی وبائی مین سرسیلیون کا کہ شراسیف کہتے ہین اور پوست شکم کا تن جاوے اور ہاتھ پانون سرد ہو دین اور دم لینے مین سینہ اونچا ہو جاوے اور نیند نہ آوے اور مریض کو اپنے بدن کا ہوش نہو چاہیے کہ بدن مریض کا گرم کپڑے سے چھپا دین یعنے اُڑھا دین تو حرارت ظاہر کی طرف کھینچ آوے لیکن ہواے باردہ و روائح باردہ استنشاق کرتا رہے تو باطن کی حرارت کو تسکین ہوتی رہے بسبب تقویت اعضاے رئیسہ کے اور اگر مریض اوڑھنے سے نفرت کرے کبھی کبھی سینہ اُسکا مقام دل سے کھول دین اور بدن کو چھپائے رکھین تو دونون غرضین حاصل ہون ✚-

ضماد - کہ بیچ حمیات حادہ کے جسوقت مادہ بیچ معدے کے اور اگر گرد اُسکے ہو اوپر شراسیف کے رکھین خلط کو پکا دے اور معدے کو قوت دے لاوین تین درم بیچ روغن سوسن و روغن گل کے کہ ہر ایک سات درم ہو حل کر کے گل سرخ پانچ درم سک رامک مصطگی ہر ایک دو درم کوٹ کر چھان کر لاوین محلول مین ملا کر وقت خالی ہونے معدے کے غذا سے لگا دین و اگر دارچینی و اشنہ ہر ایک دو درم اضافہ کرین تو نہایت بہتر ہی۔

حرف الفاء

فودنجی - واسطے حمیات بلغمی و تپ ربع کے نافع ہی اور بیچ معدے کے گذری۔

حرف القاف

قرص افیونی - کہ تپ و سرسام کو نافع ہی اور واسطے نیند لانے کے اور رفع کرنے ہذیان اور تسکین پیاس کے نافع ہی بیچ بحث سر کے گذرا ساتھ قرص خشخاش و قرص صندل مطلا کے کہ تپ کو فائدہ کرتے ہین -

قرص سرطان - کہ تپ دق و سل کو نافع ہی اور قرص سل اور قرص خشخاص - بہ نسخہ دیگر اور قرص ذات الجنب اور قرص بنفشہ - واسطے تپ کے فائدہ کرتے ہین یہ پانچون قرص بیچ بحث سینہ کے گذرے ہین -

قرص پنجگشت - تپ کو نافع ہی اور درد تلی کو مفید بیچ بحث جگر کے گذرا -

قرص طباشیر ملین - واسطے حمیات و کھانسی

کھانسی وخشونت سینہ وتشنگی کے نافع ہی اور طبع کو نرم
کرے طباشیر سفید چار درم ترنجبین تین درم مغز تخم
خیارین کدو نشاستہ صمغ عربی خشخاص کتیرا ہر ایک ایک
درم خوب کوٹکر ساتھ لعاب اسپغول کے قرص بناوین
اور ایک نسخہ مین مغز تخم خیارین وکدو دو درم ہین
مقدار خوراک ایک مثقال ہی۔

نوع دیگر۔ واسطے حمیات صفراوی ودموی وغلیان
خون وپیاس کے نافع ہی طباشیر سفید گل سرخ ہر ایک
پانچ درم صندل سفید پسا ہوا مغز تخم خیار مغز تخم
بہدانہ رب السوس زرشک منقے صمغ عربی کتیرا ہر ایک
دو درم ترنجبین سفید اکادن درم ساتھ لعاب اسپغول
کے قرص بناوین مقدار شربت ایک مثقال سے
دو درم تک۔

نوع دیگر۔ کہ بہترین نسخہ طباشیر ملین کا ہی واسطے حمیات
حادہ وحصبہ وجدری وتپ دق وسوزش بول
وپیاس وسوزش اخلاط وکھانسی وذات الجنب کے
نافع ہی طباشیر تخم خرفہ نشاستہ ہر ایک پانچدرم گل سرخ
مغز تخم کدو مغز تخم تربز مغز تخم خیار کشنیز خشک ہر ایک
تین درم گل بنفشہ ترنجبین ہر ایک دس درم اور صندل
سفید ایک درم کتیرا رب السوس گل نیلوفر ہر ایک
دو درم زعفران نصف درم ساتھ شیرہ جو کے
قرص بناوین مقدار خوراک ایک مثقال سے دو
مثقال تک۔

نوع دیگر۔ کہ ساتھ نسخہ پہلے کے منافع مین برابر ہی
طباشیر چار درم ترنجبین پندرہ درم مغز تخم کدو نشاستہ
صمغ عربی ہر ایک تین درم کتیرا خشخاص ہر ایک دو
درم ساتھ لعاب اسبغول کے قرص بناوین۔

نوع دیگر۔ کہ یہی عمل کرتا ہی طباشیر صمغ عربی کتیرا زعفران
ہر ایک تین درم گل سرخ ترنجبین ہر ایک چھ درم
رب السوس ایک درم ترنجبین کو پانی مین حل کر کے صاف
کر لیوین اور ادویہ کو کوٹ کر چھان کر اسمین ملاوین اور
قرص بناوین اور جسوقت گرمی قوی ہو زعفران کو نکال
ڈالین بخلاف قرص کافور کے کہ جب گرمی بہت ہو
تھوڑی زعفران ملانا چاہیے تو تبرید کافور کو اپنے
ساتھ طرف دل کے جلد لیجاوے اور اطباے رائج
نے بالکل استقرا سے معلوم کیا ہی کہ تاثیر تبرید قرص کافور
زعفرانی کی بدرجات زیادہ ہو اُس قرص کافور سے
جو بدون زعفران کے ہی۔

قرص طباشیر مسہل۔ کہ حرارت کو موقوف کرے
اور معدے کو قوت دے۔

قرص طباشیر قابض متعدد النسخہ۔ کہ حمی مع
الاسہال کو فائدہ کرتے ہین۔

**قرص طباشیر کافوری وقرص طباشیر افیونی
وقرص طباشیر حماضی وقرص طباشیر جلناری**
یہ سب ساتھ قرص طباشیر معتدل کے بیچ بحث اسہال کے
مذکور ہوئے۔

قرص کافور۔ کہ واسطے حمیات محرقہ ودق کے
فائدہ کرتا ہی اور واسطے تبرید دل وجگر کے نافع
ہی کافور ریاحی نصف درم گل سرخ ترنجبین پاکیزہ
ہر ایک دو درم تخم خیار طباشیر اصیل ہر ایک پانچدرم

تخم کاہو سات درم تخم خرفہ چھ درم تخم کاسنی دو درم مغز تخم کدو چار درم رب السوس تین درم کوٹ کر چھان کر ساتھ لعاب اسپغول کے قرص بناوین مقدار خوراک دو درم تک۔

نوع دیگر۔ کہ یہی عمل کرتا ہی کافور نصف درم تخم خرفہ مغز تخم کدوے شیرین مغز تخم خیار مغز تخم بادرنگ تخم دانہ بہی شیرین ہر ایک پانچ درم گل سرخ رب السوس طباشیر ہر ایک تین درم صمغ عربی صندل سفید نشاستہ کتیرا ہر ایک دو درم تخم کاہو ایک درم لعاب اسپغول مین قرص بناوین مقدار خوراک بقدر دو درم تک

نوع دیگر۔ کہ حمی حادہ مع یرقان کو نافع ہی زرشک طباشیر گل سرخ ہر ایک تین درم تخم کاسنی تخم خرفہ مغز تخم کدو تخم کاہو مغز تخم خیار صندل سفید ہر ایک دو درم قرص بناوین اور وقت تناول کے دو درم اس قرص سے اور ایک قیراط کافور سے ساتھ پانی انار میخوش کے کھاوین۔

نوع دیگر۔ کہ واسطے حمیات حادہ وعلل جگر کے نافع ہی اور رازی سے منقول ہی کافور صندل سفید تخم خرفہ تخم کاسنی تخم کاہو مغز تخم کدو ہر ایک ایک درم گل سرخ پانچ درم طباشیر دس درم لعاب اسپغول مین قرص بناوین اور رازی نے کہا کہ اگر بزر البنج سفید دو مثقال اضافہ کرین واسطے تبرید جگر وتصفیہ حرارت کے عجیب الاثر ہی۔

نوع دیگر۔ کہ واسطے حمیات حادہ وخفقان حار کے نافع ہی کافور قیصوری نصف مثقال طباشیر اصیل گل سرخ صندل سفید مغز تخم خیار مغز تخم بادرنگ تخم کاسنی تخم خرفہ تخم کاہو ہر ایک تین درم خوب کوٹ کر ساتھ آب سیب کے قرص بناوین مقدار خوراک ایک مثقال اور اگر واسطے تقویت اعضاے رئیسہ کے مروارید ناسفتہ ایک مثقال اسمین زیادہ کرین نافع زیادہ ہو اور اس صورت مین قرص کافور کو لولوئی کہتے ہین اور اسی طرح قرص کافوری مین موتی ڈالین اُسی قرص کافوری کو لولوئی کہتے ہین۔

نوع دیگر۔ کہ حمیات کو اور اُنکی سوزش کو رفع کرے اور دق وسل وکرب وقی الدم وعطش کو نافع ہی کافور ایک مثقال طباشیر چار درم گل سرخ شکر طبرزد ترنجبین ہر ایک سات درم مغز تخم خیارین مغز تخم کدو خرفہ کتیرا صمغ عربی رب السوس عود خام قاقلہ ہر ایک تین درم زعفران دو درم لعاب اسپغول مین قرص بناوین مقدار خوراک ایک مثقال۔

نوع دیگر۔ واسطے حمیات محرقہ وملتہبہ ومطبقہ ودق کے نافع ہی اور پیاس کو دور کرے اور حرارت جگر ومعدے کو موقوف کرے اور نزف دم کو قطع کرے کافور نصف درم طباشیر سفید دس درم تخم کاہو تین درم تخم خرفہ پندرہ درم کشنیز خشک پانچ درم اقاقیا صمغ عربی رب السوس گلنار گل ارمنی ہر ایک دو درم لعاب مین قرص بناوین مقدار خوراک ایک مثقال۔

نوع دیگر۔ کہ واسطے تپ دق وحمی محرقہ وجمیع حمیات حادہ ویرقان کے نفع کرتا ہی اور پیاس کو بجھاتا ہی

اور قرص مبارک نام ہی کافور ڈیڑھ دانگ گل سرخ ترنجبین ہر ایک پانچ درم طباشیر مغز تخم خیارین ہر ایک اڑھائی درم تخم کاہو ساڑھے تین درم مغز تخم کدو دو درم رب السوس ایک مثقال کوٹ کر چھان کر قرص بناوین اور دو نسخے کافور کے کہ خفقان کو بھی فائدہ کرتے ہین بیچ بحث دل کے گذرے اور دو نسخے اور کہ ایک کا نام قرص طباشیر کافوری اور دوسرے کا نام قرص طباشیر افیونی ہی بیچ بحث امعاء کے مذکور ہوئے چنانچہ عنقریب اسکی طرف اشارہ کیا گیا طبیب حاذق موافق حال کے اور مطابق حدوث اعراض کے مختار ہی واسطے تالیف نسخون کے لہذا بیچ تحریر اسکے نسخون کے طوالت نہین کی گئی۔

فائدہ ۔ بیچ ابتداء بحث حمیات کے کہا گیا کہ زعفران بدرقہ کرنے والی تاثیر تبرید کافور کی جانب دل کے ہی اور بقدرت حق جلشانہ کے طبیعت مدبرہ اسکی گرمی کو دل مین پہونچنے نہین دیتی ہی قوت اسکی ساتھ قوت کافور کے جب نزدیک دل کے پہونچتی ہی قوت کافور کی دل مین آتی ہی اور قوت زعفران کی اسی جگہ ٹھہر کر تحلیل ہو جاتی ہی کذا قالوا اور جانین کہ مدت بقاء قوت اکثر اقراص کی زیادہ چھ مہینے سے نہین ہی لیکن بقا قوت قرص کافور کی اسی وقت تک ہی کہ رائحہ کافور کا ناقص نہوا ہو اسی وجہ سے اقراص کافور کو اس مکان مین کہ ہوا سے محفوظ ہو رکھتے ہین تو کافور جلد ہوا نہو جاوے اور جب اسکی بو باقی نرہے اور ابھی مدت چھ مہینے کی نہین گذری ہی چاہیے کہ وقت استعمال کے تھوڑا کافور ملا کر استعمال کرین تو اثر کرے اور اگرچہ سب اقراص مین یہ شرط ہی کہ سایہ مین خشک کرین اور اُلٹتے جاوین تو متکرج نہون لیکن قرص کافورین عایت اس شرط کی سب اقراص سے ضرور لازم ہی اور استعمال قرص کافور کا عورتون ولڑکون اور خواجہ سراؤن مین مجوز نہین ہی مگر جسوقت حرارت بہت ہو اور ضروریات داعی ہو کہ یہ صورت منع سے خارج ہی لہذا شیخ رئیس نے بیچ امراض حارہ مفرد اطفال کے رخصت دی ہی اور یہ فقیر بھی تجویز کرتا ہی خصوصاً بیچ حق بعضی عورتون کے کہ حرارت انکے مزاج کی حرارت مزاج مرد سے زیادہ ہوتی ہی اور اسی طرح بیچ اطفال خواجہ سراؤن کے اور معلوم کرین کہ بیچ نسخون مذکورہ کے کہ وزن واسطے کافور کے مرقوم ہی باعتبار اکثر مزاجون کے ہی ورنہ بعضے مزاجون مین جسقدر کافور تمام نسخے مین پڑجاتا ہی ایک خوراک مین دیا جاتا ہی اور یہ امور اوپر حذاق صاحب تجربہ کے موقوف ہین ہر ایک کو دلیری انمین نہ چاہیے۔

قرص مبرد ۔ کہ قرص مروارید بھی کہتے ہین قائم مقام قرص کافور کے ہی اور واسطے ان آدمیون کے کہ کافور کی بو سے نفرت رکھتے ہین یہ قرص مرکب ہوا ہی اور واسطے حمیات حادہ و عطش شدید کے

نفع بہت رکھتا ہی مروارید ناسفتہ طباشیر نشاستہ کتیرا بزرالبنج سفید ہر ایک دو مثقال صندلین گشنیز خشک گل سرخ تخم حماض تخم کاسنی تخم خرفہ تخم کدو مغز تخم تربز ہر ایک تین مثقال خشخاش سفید چار مثقال ادویہ کو خوب کوٹ کر چھان کر اُس پانی مین کہ جسمین اسبغول ملایا ہو ڈال کر ساتھ دانہ ہاے اسبغول کے قرص بنا دین اور وقت حاجت کے پانی مین یا دودھ مین حل کرین اور دین اور سائیدہ کرنا چاہیے کہ ساتھ قرص کے اسبغول بھی پس جاویگا اور اسبغول کے لعاب مین بھی روا ہی۔

قرص مروارید۔ کہ واسطے تپ دائمی و بواسیر و اسہال کے نہایت نافع ہی مروارید ناسفتہ عصارۂ لحیۃ التیس تخم بارتنگ ہر ایک چھ درم گل ارمنی چار درم مغز تخم کدو مغز تخم خیار تخم خرفہ کہربا ہر ایک تین درم صندل سفید ایک درم ساتھ آب مورد کے قرص بنا وین مقدار شربت ڈیڑھ مثقال ساتھ شربت خشخاش کے اور بیچ بعض مزاجون کے ساتھ دودھ گدھی کے ہین اور بیچ بعض مواد کے سرطان محرق تین درم زیادہ کرتے ہین اور بیچ تپ دق کے کافور ایک درم زعفران نصف درم اضافہ کرتے ہین۔

قرص۔ کہ واسطے مدقوق و مسلول کے وقت نرم ہونے طبع کے نافع ہی طباشیر گل ارمنی ہر ایک چار درم گل سرخ چھ درم مغز تخم کدو مغز تخم خیار تخم خرفہ ہر ایک تین درم قرص بنا دین مقدار شربت ڈیڑھ درم ساتھ دس درم دوغ مصفا کے اور چاہیے کہ وزن دوغ کا ہر دن زیادہ کرین یہانتک کہ بقدر تیس درم تک پہونچے اور اگر کھانسی ہو تھوڑا صمغ عربی اجزاے قرص مین زیادہ کرین و دیگر اقراص کہ سل و دق کو مفید ہین بیچ بحث سینہ و شُش کے اور بھی بیچ امعا کے مفصلاً مذکور ہوئے نظر رجوع الیہ

قرص گل۔ واسطے حمیات بلغمی و درد معدے کے نافع ہی گل سرخ چھ درم رب السوس عصارۂ غافث ہر ایک چار درم سنبل الطیب ایک درم طباشیر دو درم کوٹ کر چھان کر ساتھ میفختج کے قرص بنا دین۔

نوع دیگر۔ کہ واسطے حمیات بلغمی و اوجاع معدہ و تقلب نفس و سوءِ ہضم کے مفید ہی گل سرخ دس درم سنبل الطیب ایک درم مصطگی ڈیڑھ درم مقدار خوراک تین درم۔

نوع دیگر۔ کہ شطر الغب و حمیات مرکبہ کو نافع ہی اور معدے کو قوت دے گل سرخ اصل السوس ہر ایک چار درم طباشیر افسنتین سنبل الطیب ہر ایک دو درم ترنجبین تین درم گلاب مین لستر حس بنا دین۔

نوع دیگر۔ کہ تپ مرکب کو جسمین صفرا بلغم پر غالب ہو فائدہ کرے گل سرخ دس درم اصل السوس پانچ درم تخم کاسنی مغز تخم خیار بادرنگ ہر ایک چار درم

سنبل تین درم قرص بناوین مقدار خوراک ایک مثقال۔

نوع دیگر۔ واسطے ایسی تپ کے کہ صفرا و بلغم اُسمین برابر ہوون گل سرخ دس درم سنبل دو درم تخم کاسنی پانچ درم مصطگی ایک درم قرص بناوین مقدار خوراک ایک مثقال۔

نوع دیگر۔ کہ اطفاے حرارت و ازالہ حمیات کے اور تشنگی کو بجھاوے اور اصلاح معدے گرم کی کرے اور سب بیماریون حاد کو فائدہ دے اور واسطے صاحب تپ گرم کے کہ ایام گرم مین محتاج مسہل کا ہو بہت اچھا مسہل ہی گل سرخ دس درم مغز تخم کدو ہر ایک پانچ درم رب السوس دو درم سقمونیا مشوی ایک مثقال کافور ربع درم خوب کوٹ کر ساتھ شیرۂ فرفیر کے یعنی گل بنفشہ کے قرص بناوین ہر ایک قرص بوزن ایک مثقال کے مقدار خوراک ایک قرص ساتھ شکر کے کہ وزن مین برابر ہو اور ایک نسخہ مین عوض فرفیر فرفخ یعنی خرفہ مرقوم ہی۔

نوع دیگر۔ واسطے تپ بلغمی کے مفید ہی اور دل کو قوت دیتا ہی اور سدون کو کھولتا ہی گل سرخ گاؤزبان تخم کاسنی ہر ایک تین درم غافث ایک مثقال رب السوس ایک درم خوب کوٹ کر ساتھ اُس پانی کے کہ رب السوس کو اُسمین حل کیا ہو قرص بناوین مقدار شربت ایک مثقال۔

نوع دیگر۔ کہ واسطے حمیات مختلطہ کے نافع ہی گل سرخ دس درم سنبل الطیب رب السوس ایک ایک درم تخم کاسنی مغز تخم خیار ہر ایک دو دو درم کوٹ کر جلاب مین قرص بناوین ہر قرص دو درم کا مقدار شربت ایک قرص

نوع دیگر۔ کہ حمیات بلغمی کو فائدہ کرے جب تپ ایک ہفتے سے تجاوز کرے دینا چاہیے گل سرخ دس درم عصارۂ غافث چھ درم عصارۂ افسنتین تین درم مصطگی ڈیڑھ درم سنبل الطیب اسارون انیسون فقاح اذخر ہر ایک ایک درم قرص بناوین ہر قرص تین درم کا مقدار خوراک ایک قرص ساتھ ایک اوقیہ جوشاندہ اصل کبر کے اور ایک اوقیہ سکنجبین کے اور جوشاندہ بیچ حرف المیم اس بحث کے آویگا اور ایک نسخہ قرص گل کا کہ حمیات بلغمیہ کو اور اُس تپ کو جو صفرا و بلغم سے مرکب ہو نافع ہی بیچ بحث جگر کے گذرا اور اکثر اُسکے نسخے بیچ موے کے اور ایک نسخہ اُسکا کہ واسطے نزف الدم و اسہال دموی یا تپ کے سود مند ہی بیچ بحث امعا کے مذکور ہوا۔

قرص صندل مشروب۔ کہ واسطے حمیات حادہ و عطش شدید الحرارت کبد و معدہ اور ریش زبان کے جو قوت انجرہ صفراوی سے ہو نافع ہی اور صاحب شفاء الاسقام نے کہا ہو مبرد ملطف مجرب فوجد تعجیل البرء صندل سفید صندل زرد صندل سرخ رب السوس تخم خرفہ ہر ایک دو درم گل سرخ طباشیر قند سفید چار درم مغز تخم خیار بادرنگ کافور کتیرا سفید ہر ایک نصف درم کوٹ کر چھان کر ساتھ لعاب اسبغول کے کہ بیچ گلاب یا آب انارین کے پکایا گیا ہو گھول کر کے قرص بناوین ہر ایک قرص ایک درم کا اور سایہ مین خشک کرین مقدار خوراک

ایک قرص ساتھ پانی انارین کے اور اگر تلیین مطلوب ہو ساتھ نقوع تمر ہندی کے کہ ترنجبین یا شیر خشت اُسمین محلول ہو کھاوین اور اگر تلیین زائد مقصود ہو حب خیار شنبر اُسمین ملاوین اور شاید کہ واسطے اسہال صفرا کے بیچ نسخے قرص مسطور کے سقمونیا مشوی ایک درم زیادہ کرین اور نزدیک حاجت کے بقدر حالت کے ساتھ ترنجبین یا شربت آلو کے استعمال کرین اور اولی یہ ہی کہ نصف نسخہ اسیطرح سادہ رکھین اور نصف مین سقمونیا ڈالین تو جو کہ درکار ہو عمل مین آئے -

قرص غافث - واسطے حمیات عتیقہ وضعف جگر کے نافع ہی عصارہ غافث آٹھ درم گل سرخ پانچدرم سنبل الطیب طباشیر ہر ایک دو درم مصطگی ایک درم قرص بناوین مقدار خوراک ایک مثقال ساتھ سکنجبین کے -

نوع دیگر - کہ واسطے حمیات کہنہ و درد جگر و یرقان کے نافع ہی عصارہ غافث تگ زرورد ہر ایک ایک درم تخم خرفہ دو درم طباشیر نصف درم رب السوس ربع درم کوٹ کر چھان کر ساتھ پانی کاسنی کے قرص بناوین

نوع دیگر - کہ واسطے شطر الغب اور حمیات کہنہ کے مجرب ہی عصارہ غافث چھ درم طباشیر دس درم سنبل الطیب دو درم گل سرخ پانچدرم ساتھ پانی کے قرص بناوین بقدر ایک درم کے مقدار خوراک صرف ایک قرص -

قرص بنفشہ - کہ تپ و کھانسی کو نافع ہو گل بنفشہ مغز بادام شیرین مغز تخم کدو مغز تخم خیار کتیرا گل سرخ ہر ایک پانچدرم رب السوس گل ارمنی نشاستہ ہر ایک تین درم مصطگی ایک مثقال سنبل ایک درم کوٹ کر چھان کر قرص بناوین مقدار شربت ایک مثقال -

نوع دیگر - کہ تپ کو جو کھانسی و قبض طبع کے ہو فائدہ کرے گل بنفشہ دس درم مغز بادام مغز تخم خیار ہر ایک پانچدرم کتیرا رب السوس ہر ایک چار درم مقدار شربت دو درم ساتھ جلاب کے یا شربت بنفشہ کے -

نوع دیگر - کہ غب غیر خالصہ کو نافع ہی بوجہ نکالنے صفرا و بلغم کے گل بنفشہ سنبر ریحانی دو درم تربد مجوف ایک درم رب السوس نصف درم سقمونیا نصف دانگ سب کو کوٹین اور ریشمی کپڑے مین چھانین اور شکر سرخ پانچ درم ملا کر ساتھ آب گرم کے کھاوین جملہ ایک خوراک ہی -

نوع دیگر - کہ واسطے تپ کے ہو ساتھ کھانسی و حبس طبع کے ہو نافع ہی گل بنفشہ دس درم خشخاش سفید تخم کاسنی مغز تخم خیار ہر ایک پانچدرم کتیرا رب السوس ہر ایک چار درم مقدار خوراک ایک مثقال اور اگر چاہین کہ مسہل ہو سقمونیا مشوی چار درم تربد موصوف سات درم زیادہ کرین مقدار خوراک دو درم -

نوع دیگر - کہ غب غیر خالصہ کو دور کرے اور صفرا و بلغم کو نکالے گل بنفشہ تین درم پوست ہلیلہ کابلی تربد رب السوس ہر ایک ایک درم انیسون کتیرا ہر ایک ربع درم سقمونیا ایک دانگ اور ایک نسخے مین ربع درم ہی اور یہ سب ایک شربت کامل ہی اور ایک نسخے مین شکر بھی برابر سب کے

مرقوم ہو اور ایک نسخہ قرص بنفشہ کہ ذات الجنب کو نافع
ہو اور نسخہ دوسرا کہ ذات الریہ کو مفید ہو بیچ بحث سینے
کے گذرا اور دو نسخے اسکے کہ واسطے حمیات محرقہ کے مفید
ہین بیچ بحث امعا کے مذکور ہین -

قرص زرشک - نسخہاے متعدد رکھتا ہو اور اکثر
نسخے اسکے حمیات حارہ و باردہ کو جو ساتھ ضعف جگر
کے ہون مفید ہین اور نسخہ کبیر اسکا بیچ معدے کے
اور باقی بالکل بیچ جگر کے مذکور ہوئے -

قرص ریوند - نسخہاے مختلف رکھتا ہو اکثر نسخے
اسکے واسطے حمیات کہنہ اور واسطے اصلاح فساد
مسخنہ کے کہ بعد حمیات طویلہ کے ہوجاتا ہو نافع
ہین بیچ بحث جگر کے مذکور ہوئے -

قرص افسنتین - واسطے حمیات بلغمیہ و برد کبد و معدہ
و سدہ کبد و سدہ طحال و عسر بول کے نافع ہو افسنتین
رومی تخم کرفس انیسون اسارون مغز بادام تلخ ہر ایک
ایک جزو سب کو کوٹ کر ریشمی کپڑے مین چھانکر پانی
مین گھولکر قرص بنا وین ہر ایک قرص ایک درم
کے وزن کا مقدار شربت ایک عدد اور دو نسخے اسکے
بیچ بحث جگر کے گذرے اور یہ سب حمیات کو مفید ہین -

قرص انیسون - کہ تپ بلغمی کو نافع ہو بیچ بحث
جگر کے گذرا -

قرص عشرۃ الادویہ - تپ ربع و درد جگر و تہبج
کو نافع ہو انیسون عصارۂ غافث ہر ایک چار
درم اسارون ساذج ہندی افسنتین تخم کرفس
سنبل الطیب مغز بادام تلخ مصطگی ہر ایک ایک
درم صبر دو درم کوٹ کر چھان کر ساتھ جوشاندے
افسنتین کے قرص بنا وین مقدار شربت ایک
درم ساتھ آب گرم کے -

فائدہ - پوشیدہ نہ رہے کہ بیچ بعض کتابون کے
تقریب اقراص سے بیچ حمیات عفنہ کے قبل گذرنے
تین ہفتے کے مطلقاً منع و نہی واقع ہو چنانچہ بیچ شفاء الاسقام
کے بحث حمیات بلغمیہ مین لکھا ہو ولا تقرب الاقراص فی
شئ من الحمیات العفنۃ حتی یبلغ المرض عشرین یوماً لیکن
جانین کہ یہ اطلاق مقید ہو ساتھ ان حمیات کے کہ آخر ہونا
انکا قبل تین ہفتے کے ممکن نہو چنانچہ لفظ حتی سے ظاہر
ہوتا ہو پس حمی محرقہ و غب خالصہ و مطبقہ اس حکم سے
مستثنے ہونگی و قرص طباشیر و قرص کافور و مانند
انکے کہ ایسے حمیات مین دیتے ہین بنا انکا ابتدا مین
مجوز ہوگا لیکن اگر یہان بھی انتظار نضج کا کرین اور
بعد استفراغ کے دین احوط ہو کما یظہر من الذخیرۃ اور
منع دینے اقراص مذکورہ کا جو حمیات مین آیا ہو
نہ اس اعتبار سے کہ صورت مخصوصہ قرصیہ کو اثر ہو بلکہ
باعتبار انکے اجزا کے ہو کہ کام انکا ادرار و تحلیل قوی
ہو یا تبرید شدید اور استعمال ایسی چیزون کا جبتک
نضج مادے مین نہوا ہو اور تنقیہ نہ کیا ہو نفع نہین
دیتا بلکہ نقصان کرتا ہو پس سفوف وغیرہ جو مرکب
ایسے اجزا سے ہون وہ بھی ممنوع ہونگے گذرنے
مدت مسطور تک اگرچہ یہ امر ہرچند اوپر عالمون کے
مخفی نہین ہو لیکن واسطے متعلمون کے تفصیل انکی
ضرور معلوم ہوئی ہو -

حرف الکاف

کلکلانج فیروزی - حمیات کہنہ کو فائدہ کرتا ہی بیچ بحث جگر کے گذرا۔

کمونی - کہ حمیات بلغمی وسوداوی کو نفع کرتی ہی بیچ بحث معدے کی گذری۔

حرف اللام

لعوقہا - کہ حمیات مین واسطے کھانسی کے کام آتے ہین بیچ بحث سینے کے مذکور ہوئے۔

لخلخہ - کہ عفونت کو منع کرے اور صداع کو نافع ہو صندل سفید پسا ہوا کشنیز خشک گلاب سرکہ ہر ایک بقدر حاجت کے شیشے مین رکھکر سونگھین اور بیچ بحث دماغ کے مشروحاً مذکور ہوا۔

حرف المیم

ماء السکر - اسکو جلاب بھی کہتے ہین اور مشہور ہی کہ ایک جزو شکر تین جزو پانی سے بناتے ہین چنانچہ بیچ بحث سر کے گذرا پس اگر جوش نہ دین جلاب خام ورنہ جلاب کہتے ہین ساتھ لفظ مطلق کے اگر مطبوخ ہوا اور وجہ اس امر کی کہ اُسکے مزاج کو بعضے بارد بعضے حار بعضے معتدل کہتے ہین یہ ہی کہ اصناف شکر کے مختلف ہوتے ہین بیچ سفیدی و سرخی و شدت حلاوت و قلب شیرینی کے یا یہ کہ اصناف گلاب کے بھی مختلف ہوتے ہین بعض گلاب تلخ بعض پھیکا بعض کسیلا بعض کھٹا بالجملہ جو شکر نہایت سفید و لطیف سے بنایا جاوے اور گلاب تقہ یا حامض وغیرہ سواے تلخ کے ہوا اور مقدار کفیر اُسمین ملایا جاوے اسطرح سے کہ شکر کی شدت شیرینی کو توڑدے بعید نہین ہی کہ حمیات گرم کو فائدہ کرے اور تقویت معدہ اور جگر کی کرے خصوصاً کہ خام ہوا اور برف مین سرد کرکے پئین کہ اس صورت مین بسبب شیرینی خفیف کے بمنزل خربزہ کے ہوگا بیچ ترطیب بدن کے اور کسر حدت حمی کے اور دفع کرنے سوزش مثانہ کے اور تبرید و تقویت معدہ جگر کے لہذا صاحب ذخیرہ نے بیچ بحث تپ کے کہا ہی کہ جس جگہ خشکی غالب ہو رطوبت جلاب کی زیادہ ماء الشعیر سے ہوا اور اس حالت مین چاہیے کہ عوض سکنجبین کے اسی پر قصر کرین اور بیچ حمیات حادہ کے اگر قوت قوی ہوا اور نشانی اُس امر کی کہ زمانہ انتہا اس تپ کا پانچوان دن ہوگا ظاہر ہو پس سواے جلاب کے اور کوئی چیز نہ دینا چاہیے اور جسوقت صفرا غالب ہوا اور خوف استحالہ جلاب کا طرف صفرا کے معدے مین ہو اتنا پانی اُسمین ملاوین کہ پانی غالب ہو جاوے تو صفرا کو زیادہ نہ کرے اور پیاس کو بجھاوے اور ایسا جلاب اکیلے پانی سے بہتر ہوتا ہی اسلیے کہ جلد اُتر جاتا ہی اور بوجھ نہین دیتا ہی انتہی کلامہ اور بیچ تحفۃ المومنین کے لکھا ہی کہ جلاب واسطے حمیات حارہ باسرفہ کے

اور واسطے حصبۂ جدری اور تپ دق کے اور ورم احشا کے نافع ہی اور واسطے تقویت آلات نفس کے اور تلیین طبع کے اور انضاج اور ادرار بول وعرق کے اور قوت اعضا کے مفید ہی اور ہرچند صاحب کتاب مذکور نے بیان اوصاف کا مطلق کیا ہی لیکن واجب ہی کہ بیچ حمیات وا ورام کے نفع اُسکا مشروط کرین اس امر سے کہ بہت پانی کے ساتھ ملایا گیا ہو کذا ذکر آنفاً اور جلاب کو لعاب اسبغول وبیدمشک وگلاب سے بناتے ہین تبرید وترطیب وازالۂ حمیات حادہ مین نافع زیادہ ہی وقد مر فی بحث الراس ماء العسل بیچ حمیات باردہ کے فائدہ کرتا ہی بیچ بحث سر کے گزرا۔

ماء الاصول ۔ کہ حمی بلغمی کو بعد ظہور نضج کے فائدہ کرتا ہی اور مدر بول ہی بیخ کرفس بیخ رازیانہ بیخ اذخر پرسیاوشان انیسون ہر ایک ایک کف تخم کرفس تخم رازیانہ مصطگی ہر ایک دو درم بیچ ایک من پانی کے پکاوین جب آدھا رہے دس درم گلقند اُسمین حل کر کے صاف کرین اور نیمگرم پیین۔

ماء الاصول ۔ کہ انضاج اخلاط حادہ کا کرے بیخ کاسنی نیمکوفتہ بیس درم تخم کاسنی نیمکوفتہ پانچ درم تخم کشوث چھ درم عناب بیس دانہ سپستان سولہ دانہ سب کو چار من پانی مین پکاوین جب ایک من رہے صاف کرین اور تین حصہ مین پیین سکنجبین ملاکر اور برف مین سرد کر کے اور مقدار سکنجبین کے ہر دن دس درم سے بیس درم تک ہو۔

ماء الشعیر ۔ فارسی مین کشکاب کہتے ہین اور اطبا کا اتفاق ہی اس امر پر کہ ماء الشعیر بیچ حمیات گرم کے کوئی غذا کہ دوائیت بھی رکھتی ہو اور ساتھ منافع کثیر کے موصوف ہو مانند ماء الشعیر کے نہین اسلیے کہ ماء الشعیر سرد و تر ہی اور منضج اخلاط حارہ ومستفرغ اخلاط سوختہ اور منقی معدہ وسہل النفوذ بیچ بدن کے اور لذیذ اور معتدل الغذا اور مسکن پیاس وحدت خون کا اور مولد خون صالح کا اور واسطے جگر حار وسل و دق وقرحۂ ریہ وامعا وسعال حار یابس کے نافع ہی اور باوجود ان منافع کے اخلاط فاسدہ کو ہیجان مین نہین لاتا ہی اور معدے مین نفخ زیادہ نہین کرتا ہی خصوصاً اگر جو جید ہون اور مجموع فضائل اُسکے سے یہ ہی کہ قوت اسکی یکسان ہی قوی متضادہ نہین رکھتا ہی برخلاف اور غذاؤن کے مثلاً عدس کو جرم اسکا قابض ہی اور پانی اُسکا مسہل اور ظاہر ہی کہ جس چیز کی قوت یکسان ہوگی مزاج پر سبک ہوگی اور تغیر اُس سے حاصل نہوگا اور بھی باوجود لزوجت کے نفوذ کنندہ ہی اور اسی وجہ سے رگون سے جلد گزرتا ہی اور اخلاط کو رگون سے چھیلتا ہی اور صاف کرتا ہی اور دلیل اوپر جالی ہونے ماء الشعیر کے یہ ہی کہ اوساخ کو جلد سے پاک وصاف کرتا ہی اور اخلاط لزجہ کو براہ قے نکالتا ہی بخلاف آب گندم کے اگرچہ قوام اُسکا موافق کشکاب کے بناوین اور لزوجت ونرمی وہمواری قوام کی پیدا کرتا ہی لیکن چھیلتا اسکے

ظاہر ہوتا ہی اور رگون مین آلودگی بہت سہ جاتی ہی اور بیضہ مرغ نیمبرشت اگرچہ بھی لزوجت و نرمی رکھتا ہی لیکن فم معدے مین دیر تک ٹھرتا ہی اور جھیلت نہین حاصل ہوتا ہی اُس سے اور انھین وجوہ سے ماء الشعیر اغذیہ مستعملہ سے ممتاز ہوا ہی لیکن سردی معدہ و مضر احشاے باردہ نفاخ ہی مصلح اُسکا گلقند ہی اور طریق اُسکے طبخ کا یہ ہی کہ شعیر جید مقشر پانی شیرین صاف مین اوپر آگ کے ظرف پاکیزہ مین پکاوین اور بہترین ظروف مین دیگ سنگ کی ہی اور کف نکالتے رہین یہانتک کہ خوب پک جاوے پس پانی صاف بہین اگر تلطیف غذا مطلوب ہو ورنہ مع کشک تناول کرین اگر تکثیر غذا مقصود ہو اور کوئی مانع نہو چنانچہ مفصل کہا جاتا ہی اور بیچ مقدار پانی کے حکما کو اختلاف ہی بعضے کہتے ہین کہ پانی دس حصہ جو کے ہو اور نزدیک بعضے کے بیس حصہ اور شیخ رئیس کا مختار یہی ہی لیکن جمہور اطبا اس امر پر ہین کہ پانی جو سے پندرہ حصہ اور نشانی جید ہونے شعیر کی یہ ہی کہ وقت طبخ کے منتفخ و متعفن نہو اور پانی سرخ رنگ نکلے اور رغوہ جو کی نشانی جید ہونے کی ہی بطور اکثر کے اور ذخیرہ مین لکھا ہی کہ اگر کشکاب خوب نہ پکا ہو لائق غذا کے نہین ہی اور نہ قابل دوا کے اور شیخ رئیس نے قانون مین کہا ہی کہ انما یکون لہ مدخل فی علاج و مطمع فی النفع اذا کان قد استوفی فی الطبخ واجودہ ان یکون الماء وقدر عشرین لکرۃ والشعیر المسکرجۃ واحدۃ وقد رجع الی

قریب الخمسین اور جب تپ حاد ہو اور حالت تلطیف تدبیر کی ہو اور تلیین شکم اور ادرار بول زیادہ مطلوب ہو جانین کہ جو کو مقشر نہ کرین اور پہلے پانی مین ڈالکر آگ پر رکھین جب پانی گرم ہو پانی کو باہر پھینک دین اور پانی گرم دوسرا ڈالین اور پکاوین بعد اُسکے سرد کرکے شکر ملا کر دین کذا قال السمرقندی فی خمسۃ فی بیان خواص الحبوب۔

تنبیہ۔ جاننا چاہیے کہ جو چیز ساتھ ماء الشعیر کے معدہ مین جمع ہوتی ہی ماء الشعیر کی منفعت کو باطل کرتی ہی اور سبب اضطراب کا ہوتی ہی اسلیے کہ اُس چیز مین قوتہاے مختلف ہوتی ہین طبیعت اُسکے ہضم و تصرف کرنے مین متحیر ہوتی ہی خصوصاً طبیعت بیمار کی اور دو قوت مختلف سے اضطراب پیدا ہوتا ہی اور بدترین اشیا کا ساتھ کشکاب کے معدے مین سکنجبین ہی اسلیے کہ سکنجبین ماء الشعیر کو تباہ اور ہواری کو اُسکے قوام کی باطل کرتی ہی اور اُسکو بدون ہضم ہونے کے معدے سے نکال دیتی ہی پس بہتر یہ ہی کہ جب کشکاب دیا چاہین دو ساعت پہلے سکنجبین کھلاوین تو سکنجبین خلط کو لطیف کرکے مستعد دفع کرے اور معدے کو درست کرے پس ماء الشعیر کھلاوین تو معدہ بسبب نقاہت کے اسکو قبول خوب کرکے جلد ہضم کرے اور وہ خلط کہ لطیف ہو کر مستعد دفع کے ہوتا ہی بسبب وارد ہونے ماء الشعیر کے دفع ہو جاوے اور مجاری پاک ہو جاوین اور ماء الشعیر کبھی مواد کو بادرار دفع کرتا ہی اور کبھی بعرق اور اگر بعد کھا-

ماء الشعیر کے جب چار ساعت گذر جاوین تھوڑی
اور سکنجبین دین تو جس چیز کو ماء الشعیر نے معتدل کیا
اور نضج دیا ہی جلد مندفع ہو جاوے اور سردی
وتری کہ ماء الشعیر سے حاصل ہوتی ہی بسبب بدرقۂ
سکنجبین کے تمام بدن مین پہونچے اور طریق کھلانے
ماء الشعیر کا ایسا ہی کہ ابتدا مین ماء الشعیر رقیق دین
اگر مادہ حاد اور حاجت نگاہ رکھنے قوت کی ہنو
اور نزدیک زمانہ انتہا کے ماء الشعیر کو موقوف
کرین تو طبیعت اسکے ہضم مین مشغول ہنو بالکل ہضم
مادے مین مشغول ہو اور اگر حاجت کسی چیز کی
ہو جلاب یا سکنجبین پر قناعت کرین اور جس جگہ
حاجت نگاہ رکھنے قوت کی ہو کشکاب غلیظ دین
اور زمانے انحطاط مین کشکاب کو مع کشک دینا
چاہیے اور جب درد یا ورم یا کوئی اعراض صعبہ
عارض ہون عوض کشکاب کے اوپر جلاب
یا سکنجبین کے قناعت کرین اور جو وقت ایک
مدت سے طبع مجیب نہوئی ہو اور ثقل امعا مین جمع
ہو کشکاب کو نہ دینا چاہیے اور اسی طرح دوسری
غذا اسلیے کہ بسبب نہ ملنے راہ نکلنے کے امتلا زیادہ
ہوگا اور ریاح اور ابخرہ بھی زیادہ ہونگے اور
اس وجہ سے درد عظیم پیدا ہوگا اور دم لینا متواتر
اور بسبب تواتر آلات تنفس کے گرمی اور خشکی اور
پیاس پیدا ہوگی پس ایسی حالت مین تو آب یہ ہی
کہ پہلے حقنہ یا شافہ یا لین سے طبع کو کھولین بعد اسکے
غذا دین اور جسکے معدے مین ماء الشعیر گھٹا ہوتا ہو

اسکو ماء الشعیر کا صرف پانی دینا چاہیے اور اگر گرمی شدید
ہنو تھوڑی بیخ کرفس اسمین پکا دین یا تھوڑا پیپل
مرچ ملا کر دین یا شہد صاف ملا دین اور گلقند بھی
مصلح ہی اور جو وقت بیچ معدے محرور کے ماء الشعیر
نفخ پیدا کرے تھوڑی خمر ملا دین کہ خمر مصلح
اسکی ہی-

فائدہ - جاننا چاہیے کہ کلام بعض اطبا سے معلوم
ہوا کہ ماء الشعیر مصلح سکنجبین کا ہی اور شیخ رئیس نے
بیچ حمی بلغمی کے فرمایا کہ دونون کو ملا کر دین اور
ساتھ اسکے شیخ رئیس وجمیع اطبا اتفاق رکھتے ہین
اوپر نہی اجتماع دونون کے پس تناقض لازم
آیا لیکن رفع تناقض ان دونون کلام کا بیچ آخر
بحث سکنجبین کے کہا گیا فلیرجع ثمہ اور خلاصہ اسکا
یہ ہی کہ منہی عنہ وممنوع اجتماع انکا معدے مین ہی
اگر خارج مین ملایا ہو ممتنع نہین ہی اس وجہ سے
ساتھ شعیر کے موافق حاجت کے چیزین ملا کر پکاتے
ہین اور اسکو ماء الشعیر مدبر کہتے ہین چنانچہ واسطے
کھانسی ودرد سینہ کے عناب سپستان وانجیر و
پرسیاوشان ساتھ اسکے مطبوخ کرتے ہین یا خالی
حلوا اور واسطے اخراج بلغم لزج کے اوپر تفتیح
سدد کے قرطم اضافہ کرتے ہین اور واسطے صداع
حار کے اور کھانسی کے خشخاش اور واسطے ذات الجنب
وذات الریہ کے عناب ونیلوفر وسپستان ومانند
انکے مطبوخ کرتے ہین اور واسطے تلی کے آب
تمر ہندی وبرشیان دیگر ملاتے ہین-

ماء الشعیر محمص ۔ کہ قابض شکم ہی اُسکو اس طرح بناتے ہین کہ جو کو بقشر دبریان کر کے پکاتے ہین اور اگر خشخاش بھی ملادین قبض پر اعانت کرے کہ تقطیع شعیر کا بہ نسبت مطبوخ جلد معدے سے گذر جاتا ہی اور محرورین کے واسطے نافع ہی اور پیاس کی تسکین کے واسطے موثر لیکن مطبوخ تغذیہ مین افزدن تر ہی اور نفخ مین کمتر اور معلوم کرین کہ جو بیچ تحفۃ المومنین کے بحث شعیر مین مرقوم ہوا کہ کشک شعیر نغیرہ جو کا ہی صحت اس قول کی ازروے کتب کے معلوم نہین ہوتی اسیلیے کہ جو قانون و ذخیرہ وغیرہ سے معلوم ہوتا ہی کشک خود جو ہی کہ مطبوخ ہوا اور پانی لطیف اُسکا ماء الکشک و ماء الشعیر نام ہوا ہی ۔

ماء السویق ۔ واسطے تپ و پیاس و اسہال صفراوی کے نافع ہی پست جو بہت پانی مین پکاوین یہانتک گاڑھا ہووے چالیس درم اُس سے ساتھ طباشیر و صمغ عربی کے کہ ہر ایک ایک درم یا زیادہ ہو پیین ۔

ماء القرع ۔ واسطے حمیات دموی و صفرا و اخلاط محترقہ و سرقہ حارہ و تپ دق و ترطیب مزاج و رفع عطش کے ادویۂ جلیل القدر سے ہی کدوے دراز کہ نرم و تازہ ہو اور تلخ نہو لیکر آرد جو خمیر کرکے اُسپر لگاوین اوپر اُسکے گل یا کپڑا لپیٹین بعد اُسکے تنور معتدل مین رکھین توے یا اینٹ پر رکھکر تہ خوب پک جاوے پس خمیر و گل سے پاک کر کے بیچے اُسکے سوراخ کرین اور ہاتھ سے نچوڑین تو آب زلال ٹپکے پچاس مثقال سے نوے مثقال تک دے سکتے ہین تنہا یا ساتھ قند و آب انار و ترنجبین و شیر خشت و فلوس خیار شنبر و گلقند آفتابی و سکنجبین و تمر ہندی و ہلیلجات و مانند اُسکے جو اُنکے مناسب وقت کے اور محتاج الیہ ہو اور بیچ شفاء الاسقام کے کہا کہ پہلے کدو کو کسی جگہ چھری کی نوک سے کونچین بعد اُسکے آٹے جو میں سرخ سے کہ دونون کو ساتھ پانی شیرین کے خمیر کیا ہو لپیٹین اور اگر آٹے تنہا یا مٹی سرخ تنہا بر قصر کرین روا ہی اور جس طرح سے کہ ہو ضخامت غلاف کی اُتنی ہو کہ آگ معتدل مین جب رکھین خوب پختہ ہو جاوے نہ بالکل جل جاوے نہ بالکل خام رہے بلحاظ اُس امر کے موٹائی غلاف کی بقدر عرض ایک اُنگل کے کافی ہی اور بیچ اُس مزاج کے کہ صفرا غالب ہو لازم ہی کہ ساتھ ترشیون کے دین تو مستحیل بصفرا نہو اور اگر دینا ترشیون کا مناسب نہو بسبب عارضۂ کھانسی وغیرہ کے ساتھ اور چیزون کے کہ لطافت اُسکی قوام کو کثیف کرے ملاکر دین اور سویق جو واسطے اس کام کے بہت لائق ہی ۔

ماء الخیار ۔ منافع اُسکے موافق منافع ماء القرع کے ہین اور ساتھ اُسکے مستحیل بصفرا نہین ہوتا ہی خصوصاً اگر خیار ترش ہو اگر آب خیار رسیدہ زرد ترش ستر مثقال کو پیین تنہا یا ساتھ اور

اشربہ کے واسطے اطفاے حرارت دم وصفرا کے نفع بہت کرتا ہی اور واسطے اسہال کے ساتھ ادویۂ ملینہ کے خوب دوا ہی۔

ماء الہندباء - واسطے حمیات دموی وصفراوی و تفتیح سدہ جگر وعرق کے اور تنقیۂ مسالک کے مادہ عفنہ سے نافع ترین اشیا کا ہی برگ کاسنی سبز کو کپڑے سے پونچھین تو گرد وغبار سے پاک ہو جاوے بدون دھونے کے بعدہ کوٹکر نچوڑین اور اسی طرح یا مروق کرکے بیستا الیٹس مثقال سے نصف رطل تک ساتھ اشیاے مناسبہ حال کے پیٔین چنانچہ اگر تفتیح سدہ مطلوب ہو ساتھ سکنجبین سادہ یا بزوری کے دیوین اور واسطے تلیین کے ساتھ ترنجبین وشیرخشت کے اور واسطے اسہال صفرا کے ساتھ ہلیلجات کے اور واسطے تطفیہ کے ساتھ شربت نیلوفر اور عصارات کے اور واسطے ورم جگر ویرقان سدی کے ساتھ فلوس خیارشنبر کے دین اور معلوم کرین کہ ترویق یعنی تصفیۂ آب کاسنی کا چار طرح ہی ایک وہ کہ پانی نچوڑا ہوا کاسنی کا رات بھر رہنے دین تو اجزاے رقیقہ اجزاے غلیظ سے علیحدہ معلوم ہون پس رقیق اُسکا صاف کرکے کام مین لاوین دوسرا وہ کہ پانی اُسکا ایک باسن مین رکھکر خفیف آگ پر رکھکر کف دور کرتے جاوین جب پانی مذکور مانند دودھ کے پھٹ جاوے اُتار لیوین اور سنگین کپڑے مین چھان کر کام مین لاوین تیسرا وہ کہ اُسی وقت کوٹین و نچوڑین سفت کپڑے مین چھانین چوتھا وہ کہ کپڑے نازک یا چھلنی باریک سوراخ سے صاف کرین اور جب قوی ہو غیر مطبوخ بہتر ہی ورنہ مطبوخ اور آب کاسنی مطبوخ ساتھ گلقند کے واسطے تپ ربع صفراوی کے مجرب ہی اور ساتھ سکنجبین کے واسطے حمیات کہنہ و تقویت معدہ و ازالۂ نفس رطوبات کے نافع ہی اور جسوقت ساتھ تھوڑے رازیانہ و تخم کشوث کے جوش کرکے پیٔین بیچ تفتیح و اسہال کے قوی تر ہوگا

تنبیہ - کاسنی بھی دو جوہر سے مرکب ہی ایک ارضی بارد ذاتی مستقر دوسرا جوہر لطیف قلیل الحرارت کہ منبسط ومنفرش ہی اوپر سطح ظاہری اُسکی کے اور بسبب اُس جوہر کے تفتیح سدد کرتی ہی اسی وجہ سے شرعاً وطباً دھونا کاسنی کا ممنوع ہوا اسلیے کہ غسل اُسکا مزیل اجزاے مذکورہ کا ہی لہذا کاسنی معسول ریاح کثیر کو پیدا کرتی ہی اور معلوم کرین کہ کاسنی کھانسی کو جو ورم محدب جگر سے نہو ضرر کرتی ہی اور شکر مصلح کاسنی کی ہی اور شربت بنفشہ و مانند اسکے بہتر ہین شکر سے کاسنی بستانی بہتر ہی کاسنی صحرائی سے اور جسوقت برگ کاسنی تازہ نملین پوست بیخ تازہ کاسنی کو ریزہ ریزہ کرکے قدر تین مثقال یا کم سے بیچ عرق کاسنی اور مانند اُسکے بھگو کر ساتھ اشیاے مذکورہ کے دین کہ قائم مقام آب کاسنی کے ہی۔

ماء الخلاف - کہ معمول قدما کا ہی واسطے مواد بلغمی وصفراوی وسوداوی ودموی کے اور تفتیح سدہ و تقویت معدہ و آلات تنفس کے نافع جانا ہی اور آب کاسنی اور آب شاہترہ سے بیچ مواد مرکبہ و حمیات مختلفہ کے بہتر ہی اور کھانسی کو بھی فائدہ کرتا ہی برگ بید

کہ نرم و تازہ ہون کوٹ کر پانی اُسکا نکالین اور
رات بھر رہنے دین دوسرے دن بیس مثقال
سے تیس مثقال تک ساتھ شکر سفید کے خمس اُسکا پیین

ماء الشاہترج ۔ واسطے حمیات دموی کے
ساتھ شربت عناب و مانند اُسکے اور واسطے
حمیات سوداوی و جرب کے ساتھ سکنجبین افتیمونی
کے اور واسطے تنقیح سدد و تصفیۂ خون کے ساتھ
سکنجبین بزوری و سادہ کے اور واسطے تلیین
مواد محترقہ کے ساتھ ترنجبین و شیرخشت و فلوس
خیارشنبر و گلقند و مربا بنفشہ کے موافق تقاضاے
حاجت کے دینا چاہیے شاہترہ تازہ کوٹ کر پانی
اُسکا صاف کرکے لیوین اور ساتھ تھوڑے
پوست ہلیلہ زرد کے واسطے دفع کرنے ضرر طحال
کے ایک رات دن تر کرکے روز دوسرے
پانی صاف اُسکا بقدر تیس مثقال سے پینسٹھ مثقال
تک ساتھ ادویۂ مذکورہ کے پیین اور واسطے
امراض سوداوی کے اگر ساتھ حبوب مسہلہ کے
دین دو ساعت قبل حبوب کھا دین بعد اُسکے آب
شاہترہ پیین اور اگر چاہین اجزاے مسہلہ مانند ہلیلجات
و افتیمون و تربد و غاریقون وغیرہ کے رات کو بیچ
آب مذکورہ کے بھگوئین اور صبح کو صاف کرکے پیین ۔

ماء عنب الثعلب ۔ واسطے حمیات حارہ کے
کہ ورم جگر و معدے سے ساتھ یرقان کے ہو سب
چیزون سے نافع زیادہ ہی اور طریق بنانے کا اور
ترکیب ملانے کی ساتھ اشیاے دیگر کے وہی ہی کہ بیچ
ماء الهندبا کے مذکور ہوئی اور واجب ہی کہ عنب الثعلب
سیاہ نہو کہ وہ مجنن و مہلک ہی ۔

ماء البقول ۔ تپ و گرمی جگر اور یرقان زرد کو نافع
ہی بیچ بحث جگر کے گذرا ۔

ماء الجبن ۔ واسطے حمیات سوداوی کے نہایت
نفع کرتا ہی تنہا دین یا ساتھ اور چیزون کے ملا کر اور
ترطیب اُسکی بیچ بحث سر کے گذری ہی ۔

ماء الرمانین ۔ واسطے اطفاے حرارت و تقویت
جگر کے اثر تمام کرتا ہی اور اگر ساتھ تخم کے نچوڑین
خصوصاً انار شیرین اسہال صفرا کرے اور پینا آب انار کا
پیچھے طعام کے بموجب انحدار غذا کا ہی اور بیچ اُس مزاج
کے کہ صفرا غالب ہو پانی انار شیرین کا تنہا نہ دین کہ مستحیل
بصفرا ہوگا ۔

ماء البطیخ الهندی ۔ واسطے حمیات گرم کے نافع ہی
اور بلغم جاری کرتا ہی اور حرارت جگر کو دفع کرتا ہی
لیکن مانند کدو کے بیچ مزاج صفراوی کے مستحیل بصفرا
ہوتا ہی لیکن لازم ہی کہ ساتھ ترشیون کے دین اور ایک
ہفتہ تک شروع زمانہ تپ سے جبتک نہ گذرے استعمال
اُسکا اور استعمال فواکہ رطبہ کثیر المائیت کا جائز نہین ہی
اسلیے کہ مادے کو خام کرتا ہی اور ساتھ سکنجبین کے واسطے
تنقیح سدہ و ادرار بول و یرقان کے و مواد محترقہ اور
اعانت ہضم کے اور ساتھ تمر ہندی کے واسطے مواد صفراوی
و جرب و حکہ کے اور ساتھ شیرخشت وغیرہ کے واسطے
حمیات حادہ کے و دفع کرنے خلط ردی الکیفیت کے
کہ کم مقدار ہو مفید ہی اور مولد خون رقیق و بلغم شیرین

و مرطب بدن و مضر طحال و معدۂ بارد ہی اور مصلح اُسکا گلقند و عسل و قند و مانند انکے ہین اور تربوز ہر چند شیرین زیادہ ہو بہتر ہی اور طریق لینے پانی تربز کا یہ ہی کہ چھری کی نوک سے تربز کے مغز کو کوچین تو پانی اُس سے جدا ہو وے پس اُس پانی کو صاف کرکے پیین

مطبوخ کبر ۔ کہ بیچ تپ بلغمی کے ساتھ قرص گل سرخ کے دیتے ہین بیچ بحث قرص کے بھی اشارہ اُسکی طرف ہوا پوست بیخ کبر بیخ کرفس بیخ رازیانہ ہر ایک دس درم تخم کرفس تخم رازیانہ انیسون نانخواہ تخم کشوث شکاعی بادآورد ہر ایک پانچدرم سب کو بیچ دو رطل پانی کے جوش کرین جب آدھا رہے ایک اوقیہ وہ اور ایک اوقیہ سکنجبین لیکر اسمین ملاکر قرص گل کھلاوین پیچھے اُسکے اسکو پلاوین ۔

مطبوخ آلو ۔ کہ لطیف العمل ہی اور بیچ تپ غب کے واسطے رفع کرنے حرارت کے اور تلیین شکم کے دے سکتے ہین جب قوت ضعیف اور زمانہ گرمی کا ہو اور دینا چیزون قوی کا مانند ہلیلہ و سقمونیا کے مقدور نہو آلو بخارا تیس عدد تمر ہندی دس درم دونون کو بیچ دو رطل پانی کے جوش کرین یہانتک کہ گل جاوین پس صاف کرکے قند سفید دس درم ملاکر پیین وقت خواب کے اور کئی دن اسپر مداومت کرین ۔

مطبوخ دیگر ۔ کہ تپ غب و جمیع اوجاع گرم مفاصل کو نافع ہی آلو بخارا سپستان ہر ایک چالیس عدد عناب دس دانہ مویز منقے بیس دانہ بیخ کاسنی

گل سرخ ریوند چینی تخم خشخاش سفید ہر ایک ایک مثقال شاہترہ پانچدرم عنب الثعلب دس درم تخم کاسنی تخم کشوث ہر ایک تین درم گاؤزبان نیلوفر ہر ایک چار درم سب کو جوش کرین بموجب رسم کے اور صاف کرین اور تمر ہندی صاف کی ہوئی پندرہ درم فلوس خیارشنبر سات درم شیرخشت دس درم معجون ورد دس درم اسمین حل کرکے صاف کرین مقدار شربت بقدر قوت کے ۔

مطبوخ ۔ کہ واسطے تپ ربع کے مجرب ہی گو کنار بقدر مزاج و عادت ہر ایک شخص کے ساتھ دس دانہ مرچ کے کوٹ کر جوش کرکے پیین ۔

مطبوخ ہلیلہ خفیف ۔ کہ واسطے تپ ربع کے نافع ہی پوست ہلیلۂ کابلی دس درم تخم کشوث تخم کاسنی ہر ایک تین درم آلو عناب ہر ایک بیس عدد پوست بیخ رازیانہ دو درم شاہترہ سات درم بموجب رسم کے پکاوین اور صاف کرکے فلوس خیارشنبر و معجون ورد ہر ایک پندرہ درم ملاکر صاف کرکے پیین ۔

مطبوخ افسنتین ۔ واسطے حمیات کہنہ کے اور کھولنے سدہ کے اور روان کرنے پیشاب کے سودمند ہی افسنتین رومی رازیانہ انیسون اسارون تخم کرفس بیخ اذخر جملہ برابر موافق حاجت کے لیکر جوش کرین اور صاف کرکے پیین ۔

معجون قباد الملک ۔ کہ واسطے حمیات کہنہ کے نافع ہی بیچ بحث سینہ کے گذری ساتھ بیان اس امر کے کہ جبتک چھ مہینے اسپر نہ گذرین استعمال نہ کرین

معجون پودنہ - کہ مسمّی بہ فودنجی ہی واسطے حمیات وتپ بلغمی کے فائدہ کرتی ہی بیچ حرف الفاء بحث معدے کے گذری -

معجون سقراط - کہ واسطے تپ ربع اور حمیات بلغمی کے نفع کرتی ہی بیچ بحث سر کے مذکور ہوئی -

معجون - کہ تپ بایرقان کو نافع ہی بیچ بحث جگر کے گذری -

معجون نوری - مزیل غب غیر خالصہ کی شطر الغب کی ہی اور مسہل صفرا و بلغم و مغز بادام شیرین پندرہ درم مغز تخم قرطم محمودہ ہر ایک دس دس درم قند سفید پچیس درم زعفران ایک درم بطریق معلوم تیار کرین مقدار خوراک ایک مثقال اور جانین کہ یہ دوا الملوکانہ ہی تناول اسکا کچھ کراہت نہین رکھتا ہی اور جب واسطے اسہال کے دین اور حاجت تعداد وتکرار کی ہو جتنی مرتبہ طبع اجابت کرے اُسیقدر دنون کو مہلت دیکر پھر دین اور یہی قاعدہ بیچ جمیع معاجین مسہلہ کے اور سب مسہلات مین مرعی رکھین مگر یہ کہ کوئی امر داعی تعجیل کا ہو یا تاخیر کا -

معجون مسہل - منقول تذکرہ سے واسطے حمیات کے مجرب ہی اور معجون خیارشنبر و معجون بنفشہ بھی نافع ہین اور بیچ بحث امعا کے مذکور ہوئین -

معجون ربع - مجربات عماد الدین محمود سے جب دن نوبت کا ہو دو ساعت قبل از تپ مقدار دو نخود کے نصف مثقال تک تناول کرین البتہ بیچ تین نوبت کے قطع کرے اور مسمّی بہ حب لولوہی جندبیدستر حلتیت دارچینی قرنفل شونیز مرصافی سعد سائلہ ہر ایک تین درم افیون سداب فلفل ہر ایک ایک درم عسل برابر سب کے -

معجون ربع - منقول زکریا رازی سے اور اُسی نے کہا ہی کہ زیادہ تین چار نوبت سے احتیاج نہین پڑتی ہی مقدار شربت اسکا بدستور معجون پہلے کے ہی تریاق کہنہ سات مثقال زعفران قنہ مرصافی ہر ایک چار درم سلیخہ حلتیت ہر ایک دو درم میعہ جندبیدستر سنبل الطیب ہر ایک سات درم قسط تین درم عسل بوزن جمیع اجزا کے -

دیگر - کہ یہی عمل کرتی ہی وقت اسکے استعمال کا اور قدر شربت بدستور معجون سابق کے ہی اسارون کندر مرکی جندبیدستر میعہ سائلہ بزر البنج افیون بالسویہ شہد کف گرفتہ برابر سب کے ملا کر معجون بناوین -

مفرحات - کہ جمیع حمیات کے واسطے تقویت اعضائے رئیسہ کے نفع کرتی ہین باعتبار مزاج کے اور سبب بیچ بحث سر و بحث دل کے مذکور ہوئین خصوصاً وہ مفرح کہ تالیف شیخ رئیس سے ہی واسطے تپ دق کے اور ناقہین کے نفع تمام رکھتی ہی اور بیچ بحث دل کے گذری -

مربائے ہلیلہ و مربائے آملہ - واسطے تلیین طبع کے بیچ حمیات کے مناسب ہین اور جو ممانعت بیچ استعمال کرنے ہلیلہ کے ابتدائے حمیات مین اطبا نے کی ہی مخصوص ساتھ ہلیلۂ غیر مربا کے ہی اسلیے کہ وجہ ممانعت کی اُسکی یبوست ہی اور بیچ مربے کے یبوست اُسکی باقی نہین رہتی ہی بسبب تربیت کے اور قند بھی بسبب ملنے کے

اصلاح پوست ہلیلہ کی کرتا ہی پس مربا ممنوع نہین ہی
مربا زنجبیل - حمیات بلغمی کو فائدہ کرتا ہی -
مربا ہندوانہ - حرارت کو دفع کرے اور تشنگی کو موقوف کرے -
مربا تمر ہندی - صفرا کو دفع کرے اور تپ کو زائل کرے اور محرور المزاج کو نفع دے -
مربا آلو - یہی عمل کرتا ہی اکثر مربیات بیچ اجابت سابق کے گذرے ہین اور ترتیب ما بقی کی مشہور ہی

حرف النون

نقوع آلو - واسطے تپ مطبقہ و غب کے اور واسطے اسہال کے نفع تمام رکھتا ہی آلو سیاہ عناب ہر ایک بیس عدد سپستان تیس عدد مویز منقے خرمائے ہندی ہر ایک بیس درم گل سرخ برگ سنا مکی ہر ایک سات درم گل بنفشہ سات درم تخم کشوث ہر ایک چار درم تخم بادیان شاہترہ انیسون ہر ایک دس درم پوست ہلیلہ زرد پندرہ درم جملہ کو بیچ تین من پانی کے ہلکا جوش دے کر شیشے فراخ سر مین رکھکر دن کو دھوپ مین رات کو گرم جگہ مین رکھین اور بعد تین دن کے ہر صبح چالیس درم ساتھ پندرہ درم سکنجبین دس درم شربت بنفشہ کے پیین -

نقوع ہلیلہ - تپ غب کو نافع ہی اور تلیین طبع و اسہال صفرا کرتا ہی پوست ہلیلہ زرد بیس درم بیچ پانی جوشان کے بھگوئین ایک رات دن بعد اسکے ملکر صاف کرین اور ترنجبین بیس درم اسمین حل کرین اور صاف کرکے دن رات مین پیین اگر قوت مساعد ہو اور تپ خالصہ ہو اور بہتر یہ ہی کہ جبتک ایک ہفتہ نہ گذرے استعمال ہلیلہ کا نہ چاہیے اور اگر شیر خشت عوض ترنجبین کے ڈالین بہتر ہی اسلیے کہ صاحب ذخیرہ نے بیچ غب خالص کے کہا ہی کہ بہتر یہ ہی کہ بیچ حمیات گرم کے ترنجبین کے استعمال سے ہاتھ کو کوتاہ رکھین اور اگر بجائے نقوع ترنجبین بدون ترشی کے نہ دین

نقوع فواکہ و نقوع حلو و نقوع حامض و نقوع مسہل و نقوع کشنیز - واسطے حمیات گرم کے فائدہ کرتے ہین بیچ بحث سر کے گذرے

نطولات منومہ و مقویہ - دماغ کے اور نافع سرسام کے بیچ بحث سر کے گذرے -

حرف الیاء

یاقوتیہا - کہ بیچ حمیات کے نفع کرتی ہین خصوصاً بیچ حمیات مزمنہ و متطاولہ کے بیچ بحث سرد دل کے مذکور ہوئین -

علاج حمیات کا - کہ بدورہ خمس و سدس وغیرہ کے نوبت کرتی ہین یہ خطوط ہون یعنی محفوظ النوائب نہون جاننا چاہیے کہ بعضے قدما تپ خمس کے وما فوق اسکے منکر ہین اور حق یہ ہی کہ انکار نہ چاہیے کرنا اسلیے کہ ممانعت عقلی گنجائش نہین رکھتی ہی اور اکثر اطبا نے مشاہدہ انکا کیا ہی اور اس درویش نے حمی خمسہ عشر کو بھی دیکھا کئی مہینے تک متفحص رہا بعد اسکے بے تردد معلوم ہوا کہ پندرہ دن بلا تفاوت باری

کرتی ہی بدون احتمال اتفاق کے کہ دست آویز منکرون کی ہی بالجملہ بیمار اگر موٹا تازہ جسم سلیم الاشتہاء اکول ہو تدبیر اُسکی مانند تدبیر بلغمی کے ہی اور اگر لاغر ونحیف ہی تدبیر اُسکی مانند تدبیر حمی ربع کے ہی اور حمیات مختلفہ اگر سبب اُنکا ورم کلیہ ہی تدبیر اُنکی تدبیر ورم کلیہ کی ہی اور اگر سبب اُنکا اختلاط مواد ہی باعتبار مادۂ غالبہ کے کبھی تنقیہ اور کبھی تلطیفہ کرنا چاہیے تو مادہ محترق اور سودی بربع نہو۔

علاج ۔ حمیات ممتزجہ حر و برد سے اور یہ حمیات تین طرح کی ہین ایک تپ وہ ہی کہ باطن بدن مین حرارت محبوس ہو اور ظاہر مین برودت اُسکو لیفوریا کہتے ہین یہ اکثر بلغم سے ہوتی ہی اسی طرح کہ بلغم قعر بدن مین متعفن ہوتا ہی اور بخار اُسکا بسبب تسدید مسام کے یا رجوع کرنے حرارت غریزی کے طرف باطن کے یا اور کسی سبب سے طرف ظاہر کے نہین خواہش کرتا ہی پس بالضرور باطن گرم وظاہر سرد معلوم ہوگا اور کبھی صفرا سے بھی یہ تپ پیدا ہوتی ہی بسبب اجتماع صفرا کے باطن عروق مین اور نہ پھیلنے بخار صفرا کے طرف ظاہر کے دوسرے یہ کہ باطن سرد ہو اور ظاہر گرم اُسکو انقیالوس کہتے ہین یہ اسطور پر ہوتی ہی کہ بلغم رخامی کثیر المقدار باطن مین جمع ہوتا ہی جو وہ ابرد اقسام ہی سردی اسکی باطن مین مدرک ہوتی ہی اور بخار اُسکا کہ اُس سے صعود کرتا ہی ظاہر کو گرم کرتا ہی تیسرے یہ کہ حرارت و برودت معاً ظاہر و باطن مین محسوس ہون تدبیر ہر ایک کی موافق مادے کے مخفی نہین ہی اور یہ سب حمیات ساتھ باقی اصناف حمیات کے طب الاکبر مین ہمنے کہے ہین فلیرجع ثمہ۔

علاج نافض و لرزۂ بحت ۔ کہ گرمی پیدا نکرے اور تپ نہ لاوے بلکہ لرزہ صرف بطور دورے کے آتا ہو تدبیر اُسکی معالجہ تپ بلغمی کا ہی اور استعمال کرنا ملطفات ومجففات کا پس اگر دیر تک رہین قبل نوبت کے دواء الحلتیت بقدر بندقہ کے دین اور کپڑے اُڑھائے رہین تو پسینہ نکلے اور حیلہ ہاے دیگر سے پسینہ لادین اور شراب صرف ساتھ تھوڑی مرچ کے لرزے کو باطل کرتی ہی۔

باب بیسوان

بیچ ادویۂ اورام و بثور و جروح و قروح و جرب و قوبا و برص و بہق و جذام و احتراق جلد کے اور مانند اُنکے کہ ظاہر بدن سے تعلق رکھتے ہین امر زینت سے ہون یا نہ اور بالون سے متعلق ہون یا نہ اور تدبیر تسمین و تہزیل کی اور معالجہ امراض اضافیہ کا اور تدبیر عرق کی بھی اسی باب مین مذکور ہوتی ہی اور بیان ادویہ ان بیماریون کا بیچ حرف الدال کے مستوفی مذکور ہوگا ساتھ لفظ دوا کے۔

حرف الالف

اطریفل ماہان ۔ منقول قرابادین نجیب الدین سمرقندی سے کہ واسطے برص و بہق کے نافع ہی

اور سیاہی بالون کی نگاہ رکھتا ہی اور امراض بلغمی کو زائل کرتا ہی خصوصاً اگر بعد تنقیہ کے مستعمل ہو پوست ہلیلہ کابلی بیس درم پوست ہلیلہ آملہ منقے افتیمون ہر ایک پندرہ درم ترد سفید پندرہ درم اسطوخودوس بسفائج ہر ایک سات درم غاریقون پانچ درم کندر وسعد قسط زنجبیل زوفا ہر ایک تین درم شیطرج سافج مصطگی انیسون قرنفل خاشا ہر ایک دو درم فلفل دراز فلفل نارمشک ہر ایک چار درم کوٹ کر چھان کر شہد مین تیار کرین مقدار شربت تین درم اگر بطور دوام کے کھاوین اور واسطے اسہال کے موافق مزاج کے زیادہ دے سکتے ہین اور صاحب تحفۃ المومنین نے ایسا لکھا ہی کہ ہلیلۂ کابلی ہلیلہ آملہ ہر ایک دس دس مثقال برنگ مقشر سافج ہر ایک پانچ مثقال غاریقون کندر مصطگی انیسون قرنفل جوز بوا ہر ایک چھ مثقال شیطرج سعد کوفی زنجبیل قسط ہر ایک تین مثقال بسفائج اسطوخودوس کبود ہر ایک ایک مثقال فلفل دارفلفل نارمشک ہر ایک چار مثقال مقدار شربت تین درم سے چار درم تک اور بیچ بعض کتب کے نسخۂ مذکور ایسا مسطور ہی پوست ہلیلۂ کابلی بیس درم پوست ہلیلہ آملہ مقشر ہر ایک دس دس درم برنگ کابلی مقشر پندرہ درم شیطرج سعد زنجبیل ہر ایک تین مثقال سافج ہندی پانچ درم اسطوخودوس بسفائج ہر ایک ایک درم غاریقون چھ درم قسط تین درم مصطگی کندر انیسون قرنفل خیر بوا جوز بوا ہر ایک انجین سے دو درم فلفل دارفلفل نارمشک ہر ایک چار درم کوٹ کر چھان کر ساتھ شہد کے تیار کرین مقدار شربت تین درم سے چار درم تک مقرر ہی۔

اطریفل - کہ صاحب عرق مدنی کو نفع کرے اور مسہل وقالع مادہ اس علت کا ہی اور جو شخص دس دن تک متواتر اُسکو کھاوے عرق مدنی سے محفوظ رہے اور مادہ اس مرض کا پاک ہووے پوست ہلیلۂ کابلی پوست ہلیلہ آملہ منقے تربد موصوف زنجبیل قنبیل جملہ برابر کوٹ کر چھان کر ساتھ روغن بادام کے چرب کر کے شہد مین بناوین مقدار خوراک تین درم اور بیچ قلانسی کے کہا کہ ساتھ فانیذ کے جو وزن مین برابر سب کے ہو بناوین اور چکنا کرنے کو نہین لکھا۔

اطریفل - کہ بادشنام کو نافع ہی چاہیے کہ بعد فصد قیفال وحجامت ساقین ونقرہ کے اور فصد عرق جبہہ وارنبہ کے کام مین لاوین ہلیلہ زرد بارہ درم ہلیلہ سیاہ سات درم بلیلہ آملہ ہر ایک پانچ درم سناء مکی شاہترہ ہر ایک چھ درم گل سرخ گل بنفشہ تخم کاسنی ہر ایک دو درم کوٹ کر چھان کر روغن گل سے چرب کر کے ساتھ مویز منقے مدقوق کے گھولین مقدار شربت موافق حاجت کے۔

اطریفل شاہترہ - واسطے حکہ وجرب وسعفہ کے نافع ہی اور آبلۂ فرنگی کو زائل کرے پوست ہلیلہ زرد چالیس درم پوست بلیلۂ کابلی تیس درم پوست

ہلیلہ آملہ منقے ہر ایک بیس درم سنا مکی دس درم گل سرخ چھ درم شاہترہ پچاس درم کوٹکر چھانکر ساتھ مویز مدقوق کے ملائین اور بعضے اس نسخے کو اس طرح لکھتے ہین کہ ہلیلہ زرد چالیس درم ہلیلہ کابلی شاہترہ ہر ایک بیس درم ہلیلہ سیاہ آملہ سنا مکی ہر ایک دس درم ریوند چینی چوب کد ریعنی کاوی ہر ایک دو دو درم کوٹ کر چھان کر روغن بادام مین چرب کرکے ساتھ کشمش مدقوق کے بناوین مقدار شربت دو درم سے چار درم تک ساتھ جوشاندہ عناب کے۔

اطریفل شاہترہ مسہل۔ ہلیلہ زرد ہلیلہ کابلی بلیلہ آملہ تربد موصوف ہر ایک دس درم مصطگی انیسون رازیانہ ہر ایک ایک درم شاہترہ بیس درم تخم کاسنی تین درم کشنیز خشک گل سرخ گل بنفشہ ہر ایک اڑھائی درم بسباسہ ایک درم عسل قدر حاجت کے روغن بادام یا روغن کنجد دو استار کوٹ کر چھان کر بطور معمول تیار کرین مقدار شربت دو مثقال۔

اطریفل غددی۔ واسطے خنازیر کے نافع ہی ہلیلہ سیاہ پندرہ درم بلیلہ آملہ تربد ہر ایک سات درم افتیمون دس درم بسفایج اسطوخودوس غدد خشک کہ بیچ گردن گوسفند کے ہوتے ہین ہر ایک پانچدرم سنا مکی چار درم غاریقون زرنباد شیطرج نوشادر ہر ایک تین درم انیسون فرفیون سنبل الطیب قرنفل بحری جوز بوا خیر بوا مصطگی ہر ایک دو درم کوٹ کر چھان کر شہد مصفی مین تیار کرین مقدار شربت پانچ درم اور ایک نسخے مین ہلیلہ و آملہ و تربد ہر ایک پانچ پانچ درم بسفایج و اسطوخودوس و سنا ہر ایک سات درم ہین اور فرق نہین ہی اور دیگر اجزا مثل نسخے سابق کے ہین۔

اطریفل۔ کہ بہق ابیض کو نافع ہی ہلیلہ کابلی بلیلہ آملہ برگ سنا ہر ایک دس درم دونون بیس درم مج دو درم افسنتین پانچ درم مصطگی تین درم مویز منقے تیس درم شہد بقدر کفایت کے۔

اطریفل افتیمونی۔ کہ جذام و جمیع علل سوداوی کو نفع کرے اور بالون کی سیاہی کو نگاہ رکھے اور جلد سفید ہونے نہ دے پوست ہلیلہ کابلی پوست ہلیلہ آملہ مقشر ہر ایک دس درم سنا مکی تربد موصوف افتیمون ہر ایک پانچ درم شیطرج ہندی تین درم بسفایج فستقی ایک درم انیسون نمک ہندی ہر ایک دو درم کوٹ کر چھان کر ساتھ شہد کے تیار کرین مقدار شربت ایک مثقال سے چار مثقال تک۔

اطریفل کبیر۔ کہ واسطے بہق و برص کے نافع ہی۔

اطریفل صغیر۔ واسطے تصفیہ لون کے مفید ہی اور یہ دونون اطریفل بیچ بحث برص کے گذرے۔

اطریفل کبیر۔ کہ تسمین بدن اور تحسین لون کرے اور سرعت پیری کو مانع ہو بیچ بحث معدے

کے مذکور ہوا۔

انوشدارو۔ کہ لون کو اچھا کرے اور عرق کو خوشبو اُسکے سب نسخے بیچ بحث سر کے گذرے۔

انقردیا۔ کہ سیاہی بالون کی محافظت کرے اور مشائخ کو نفع کرے ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ آملہ مقشر ہر ایک چھتیس درم شونیز چوبیس درم طباشیر سعد عسل بلادر ہر ایک چھ درم بال سات درم فلفل دارفلفل زنجبیل فلفلمویہ انیسون ہر ایک بارہ درم قند سفید تین سو درم قند کو گرم پانی مین پگھلا کر ادویہ کو ٹکر چھان کر اور عسل بلادر کو اُسمین مخلوط کرین اور بعد چھ مہینے کے استعمال کرین اور نسخہاے دیگر انقردیا کے بیچ بحث سر کے مذکور ہوئے۔

ایارج لوغاذیا۔ کہ برص وبہق وجذام وقوبا وسعفہ وداء الثعلب وداء الحیہ جراحتہاے کہنہ وبد کو نافع ہو اور صرع ومالیخولیا وفالج وسکتہ ورعشہ ولقوہ وتشنج وصداع وشقیقہ ودوار وہم وشہوت کلبی وعسر النفس ودرد گردہ ومثانہ ونقرس ومفاصل وعرق النسا ودرد گوش کو فائدہ کرتی ہو اور حیض کو روان کرتی ہو اور مسہل مبارک ہو اور اسہال بے زحمت کرتی ہو شحم حنظل پانچدرم بیاز عنصل بربان غاریقون سقمونیا خربق سیاہ اسقوردیون ہر ایک ساڑھے چار درم افتیمون کماذریوس مقل صبر سقوطری ہر ایک تین درم حاشا وغاریقون سیافرج ہندی فراسیون جعدہ سلیخہ فلفل سفید وسیاہ جاوشیر دارفلفل زعفران دارچینی بسفایج جندبیدستر مرصافی فطراسالیون زراوند طویل عصارہ افسنتین فرفیون سنبل حماما زنجبیل ہر ایک دو درم خبطیانا اسطوخودوس ہر ایک ایک درم ونصف کو ٹکر چھان کر ساتھ عسل کے گھولین مقدار شربت چار مثقال ساتھ آب گرم وعسل کے بعد چھ مہینے کے استعمال کرین۔

ایارج ارکاغانیس۔ مشہور ہو واسطے جرب وقوبا کے ساتھ جوشاندہ شاہترہ کے دینا اور واسطے درد معدہ وشکم ورحم کے بیچ جوشاندے سداب کے ساتھ تین قیراط جندبیدستر کے اور واسطے درد پشت کے بیچ جوشاندہ کرفس کے اور واسطے عرق النسا کے بیچ جوشاندے قنطوریون کے خصوصاً اگر چار قیراط عصارہ قثاء الحمار اُسکے ساتھ ترکیب کرین اور واسطے کاٹنے کتے باولے کے ساتھ ایک درم سرطان نہری کے فائدہ کرتی ہو اور جمیع بیماریون بلغمی وسوداوی کو اور ابتداے نزول الماء کو وتنگی نفس وگرفتگی آواز کو مفید ہو تخم حنظل دو درم فراسیون اسطوخودوس خربق سیاہ کماذریوس فلفل سیاہ ہر ایک بیس درم اصل الغار فرفیون صبر زعفران جنطیانا فطراسالیون اشق جاوشیر ہر ایک پندرہ درم جعدہ دارچینی سکبینج مرصافی سنبل ایک جزو پودینہ جبلی زراوند مدحرج ہر ایک دو درم سقمونیا دس درم کوٹ کر چھان کر بیچ شہد عسل کف گرفتہ کے بناوین مقدار شربت چار مثقال۔

ایارج جالینوس - کہ داء الحیہ و داء الثعلب اور زخمہاے کہنہ و بد کو نافع ہی اور سب منافع مین ایارج لوغاذیا سے بہتر ہی بیچ بحث سر کے گذری -

حرف الباء

برشعثا - کہ مانع کثرت عرق و مزیل نتن عرق ہی اور سب اقسام اعیا کو مفید ہی اور منافع کثیر رکھتا ہی بیچ بحث سر کے گذرا ساتھ بہت فوائد کے -

بیشی[1] - مشہور ہی اور واسطے امراض سوداویہ کے خصوصاً جذام کے بہت مفید و قائم مقام لحوم افاعی کے ہی ہر ایک اس جگہ مین ہلیلہ سیاہ شیطرج ہندی ہر ایک دس درم دارفلفل پانچ درم بیش سفید اڑھائی درم کوٹ کر چھان کر روغن گاؤ مین چرب کر کے شہد مین بناوین مقدار خوراک ایک مثقال سے دو درم تک بعد تنقیۂ بدن کے اور احوط یہ ہی کہ بیشی کو اور سواے اُسکے جس دوا کو کہ بیش اسمین ہو جب دین برابر اُسکے دواء المسک بھی ملا کر دین تو خوف مضرت کا نہو اسلیئے کہ دواء المسک فادزہر بیش کی ہی اور ایسا ہی کہا ہی سمرقندی نے اپنی قرابادین مین بیچ ادویۂ جراحات کے اور مانند اُسکے -

بذرجلی[1] - کہ منافع بیشی کے نزدیک ہی بل بیشی[2] رکھتی ہی ہلیلہ بلیلہ آملہ شیطرج ہر ایک چار درم جوزبوا خیربوا قشور کندر دوقو فلفل دارفلفل ناردشک کندش عصارۂ اسقیل ساذج ہر ایک آٹھ مثقال بیش سفید ایک مثقال کوٹ کر چھان کر قند ملا کر معجون بناوین مقدار شربت ایک مثقال -

پختہ جوش مصفے رنگ ہی بیچ باب سر کے گذرا -

حرف التاء

تریاق فاروق - جذام و برص و جرب و حکہ کو نافع ہی مجذوم کو تریاق ماء الجبن مین دیتے ہین اور مبروص کو ساتھ ماء العسل کے یا شراب کے اوصاف اُسکے ساتھ امتحان کے بحث سر مین گذرے -

حرف الثاء

ثاذریطوس - جذام و برص و جمیع انواع سوء المزاج بارد و رطب و امراض کہنہ مزمنہ کو نافع ہی بیچ باب سر کے گذرا -

حرف الجیم

جوارش جالینوس - فتق باد و بہق کو نافع ہی اور سیاہی بالون کی محافظت کرتی ہی اور منافع بہت رکھتی ہی اور بیچ باب سر کے مذکور ہوئی -

حرف الحاء

حب کبریت ۔ واسطے جرب وحکۃ کے نافع ہی بیچ بحث سر کے گذری ۔

حب ۔ کہ داء الثعلب کو جو بلغم سے ہو نافع ہی تربد مجوف ایارج فیقرا ہر ایک دس درم شحم حنظل تین درم وثلث مقدار شربت دو درم سے تین درم تک ۔

حب ۔ کہ داء الثعلب کو جو صفرا سے ہو نافع ہی ہلیلہ زرد گل سرخ ہر ایک نصف درم صبر ایک درم سقمونیا ربع درم گولیان بناوین یہ ایک خوراک ہی ۔

حب ۔ کہ داء الثعلب کو جو صفرا و بلغم سے ہو نفع کرے افتیمون غاریقون شحم حنظل سقمونیا نمک ہندی افسنتین ہر ایک دو مثقال صبر سقوطری دس مثقال انزروت بسفایج فستقی ہر ایک تین مثقال تربد موصوف بارہ مثقال کوٹ کر چھان کر ساتھ پانی خالص کے گولیان بناوین مقدار شربت دو درم ۔

حب خیزران ۔ کہ خنازیر وغدد وسلعہ کو نافع ہی ایارج فیقرا تین درم غاریقون اڑھائی درم شحم حنظل ڈیڑھ درم انزروت چار درم سقمونیا ایک مثقال تربد موصوف سات درم جاؤشیر ایک مثقال نوشادر دو درم کوٹ کر چھان کر ساتھ پانی گندنا کے گولیان بناوین مقدار شربت ہر دن ایک درم ۔

حب واصلی ۔ یہی خاصیت رکھتی ہی سنبل سلیخہ حب بلسان اسارون عود بلسان مصطگی دارچینی زعفران ہر ایک ایک درم صبر سقوطری سولہ درم اسطوخودوس شحم حنظل ہر ایک پانچ درم تربد موصوف سات درم نمک ہندی دو درم سقمونیا چار درم مقدار خوراک چار درم ۔

حب ۔ کہ بہق وبرص وصرع ودیگر امراض بلغمی وسوداوی کو نافع ہی ایارج فیقرا پانچ درم افتیمون دس درم لاجورد مغسول سات درم سقمونیا شحم حنظل خربق سیاہ ہر ایک دو درم سنبل الطیب انیسون ہر ایک ایک درم کوٹ کر چھان کر پانی کرفس مین گولیان بناوین مقدار خوراک اڑھائی درم ۔

دیگر ۔ کہ بہق وبرص کو نافع ہی ایارج فیقرا ایک مثقال لاجورد مغسول سنبل انیسون شحم حنظل سقمونیا کتیرا ہر ایک ایک دانگ کوٹ کر چھان کر ساتھ پانی کرفس کے گولیان بناوین ۔

دیگر ۔ کہ واسطے بہق کے نفع رکھتی ہی تربد ایک درم اور ڈیڑھ دانگ ایارج فیقرا غاریقون افتیمون ہر ایک چار دانگ ہلیلہ سیاہ شیطرج عصارۂ افسنتین ہر ایک دو دانگ سقمونیا تین نخود مقل انیسون ہر ایک ایک دانگ پانی مین گولیان بناوین ۔

حب فرفیون ۔ کہ برص کو نافع ہی ۔

حب شفاء ۔ واسطے تشنج بدن کے مفید ہی یہ دونون حب بیچ بحث سر کے گذرین ۔

حب شاہترہ ۔ کہ جرب وحکۃ وبادسفہ کو نافع ہی ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ زرد ہر ایک پانچ درم صبر سقوطری سات درم سقمونیا اڑھائی درم کوٹ کر چھان کر ساتھ پانی شاہترہ کے

گولیان بناوین اور اگر شاہترہ کے پانی مین گھول کر سایہ مین خشک کرین اور چار مرتبہ تک اسی طرح کرین بعد اُسکے گولیان بناوین نہایت قوی ہونگی مقدار شربت دو درم ۔

حب ہلیلہ ۔ کہ جرب وحکہ کو نافع ہی پوست ہلیلۂ زرد صبر سقوطری ہر ایک ایک درم سقمونیا گل سرخ ہر ایک ایک دانگ کوٹکر چھانکر پانی مین گولیان بناوین یہ ایک خوراک ہی

حب کوتوالی ۔ داء الثعلب کو فائدہ کرتی ہی بیچ بحث سر کے گذری ۔

حقنہ ۔ کہ بدن کو فربہ کرے کلہ میش فربہ کا لیکر صاف کرین بعد اُسکے کوٹین الیہ یعنی دنبہ نصف رطل دودھ دو رطل گندم نخود برنج ہر ایک ربع رطل سب کو بیچ پانی کثیر المقدار کے پکاوین جب مہرا ہو جاوین پس صاف کرکے پانچ اوقیہ اس جوشاندے سے اسطرح لیوین کہ پانی وچکناہٹ ملی ہوئی آوے لیکن غلبہ پانی کو ہو اور روغن جوز یا روغن بادام ایک اوقیہ ملاوین اور رات کو بعد فراغت کے براز سے حقنہ کرین اور دیر تک امعا مین رکھین اور سو رہین پانچ رات یا زیادہ اس سے عمل مین لاوین ۔

حرف الخاء

خضاب ۔ کہ بالون کو سیاہ کرے مازو ایک رطل لیکر روغن زیت مین چرب کرین اور آہنی ظروف مین بریان کرین تو مازو پھٹ جاوے پس روسختج شب کیترا ہر ایک پانچ درم نمک اندرانی دو درم لیکر خوب باریک پیسین کہ مانند سرمہ کے ہو جاوین اور گرم پانی مین گھولکر چار ساعت رہنے دین بعد اُسکے سر و داڑھی کو گرم پانی سے دھوکر خشک کرین بعد اسکے خضاب کو لگاکر پتے اُسپر باندھین چھ ساعت صبر کرین بعد اُسکے نیمگرم پانی سے دھو دین اور ایک نسخے مین روسختج و شب و کیترا ہر ایک پندرہ درم و نمک اندرانی سات درم ہین ۔

دیگر ۔ کہ بالون کو سیاہ کرے مردار سنگ آہک گل ملتانی ہر سہ مساوی لیکر پانی مین خوب پیسکر بالون پر لگا دین اور پتے ارنڈ کے اُسپر باندھکر پانچ چھ گھڑی نہایت ایک پہر ٹھہرین اور زیادہ ایک پہر سے لگا نہ رہنے دین کہ خوف گرنے بالون کا ہی بعد اسکے گرم پانی سے دھووین اور روغن آملہ جانین کہ جو ایک آب نادیدہ ہو قوی الاثر ہی لیکن آب رسیدہ مین خوف گرنے بالونکا کمتر ہی یہ خضاب معمول ومجرب ہی

دیگر ۔ کہ بالون کو سیاہ کرے اور سب نسخون سے بہتر ہی اس اعتبار سے کہ بغیر دھلنے کے بدون باندھنے کے عمل کرتا ہی اور احتیاج باندھنے کی دیر تک نہین ہی دو گھڑی مین اثر کرتا ہی اور رنگ اسکا طاؤسی نہین ہوتا ہی اور جلد کو سیاہ نہین کرتا ہی ومجرب ہی مازو چار حصہ سنگ راسخ دو حصہ نوشادر ایک حصہ شب یمانی نصف حصہ مازو کو راکھ گرم مین کہ اُسمین نخود کو بریان کرتے ہین دبالین تو جل کر سیاہ ہو جاوین اور ہر ایک کو جدا جدا پیسکر وزن کرین بعد اسکے یکجا کرکے آہنی ظرف مین رکھین اور

جوشاندہ آملہ کا ملاکر آہنی دستہ سے خوب کھرل کرین یہانتک کہ خوب پس جاوے پس بالون کو آملہ کے پانی سے دھووین اور خضاب لگا وین بالون کی جڑون مین اور احتیاج باندھنے کی نہین ہے اور بعد دو گھڑی کے آملہ کے پانی سے دھووین بعد اسکے گرم پانی سے دھووین اور چاہیے کہ پہلے آملہ کو پانی مین جوش کرین پس پانی اُسکا خضاب مین ڈالین اور بالون کو پانی مین پانی سے دھووین کہ عمل خضاب کا قوی تر ہوگا۔

دیگر۔ بالون کو سیاہ کرے وسمہ چالیس درم حنا پانچدرم کوٹ کر چھان کر روغن گل مین چرب کرکے گرم پانی مین گھولین اور رات کو لگا دین صبح کو گرم پانی سے دھووین۔

دیگر۔ کہ بالون کو سیاہ کرے مرداسنگ آہک آب نادیدہ وزن مین دونون برابر چھ حصہ انکے پانی ملاکر دس دن مین رکھین اور ہر دن ہلایا کرین بعد اُسکے صاف کرین پھر صوف سفید اُسمین ڈالین اگر سیاہ ہو جاوے فہو المراد ورنہ مرداسنگ و آہک چھٹا حصہ پانی مصفا کا اور ڈال کر دھوپ مین رکھین یہانتک کہ صوف کو رنگ کرے اور بعد اس امر کے پانی مذکور مستعد سیاہ کرنے کے ہووے تھوڑی منہدی لیکر بعد پیسنے کے پانی مین گھول کر لگا وین تو بالون کو سیاہ کرے بعد اُسکے واسطے سیاہ کرنے جڑون کے وہی پانی بنایا ہوا اکیلا کافی ہے بعد تین چار دن کے صوف اسمین تر کرکے جڑون پر ملین۔

خضاب۔ کہ بالون کو سرخ واشقر کرے مرصافی پانچدرم ترمس دس درم ملح دباغت یعنی شورہ اور دُردی خمر خشک شدہ بریان کی ہوئی ہر ایک تین درم ہر ایک جدا کوٹ کر چھان کر وزن کرین بعد اُسکے یکجا اور راکھ چوب درخت انگور کی لیکر پانی اُسپر ڈالین اور ایک رات رکھین پہلے بالون کو راکھ کے پانی سے دھووین پیچھے اُسکے خضاب کو پانی مسطور مین گھولکر خضاب کرین اور مکرر لگا وین یہانتک کہ رنگ کرے۔

خضاب۔ کہ بالون کو سفید کرے رزق الخطاطیف راسن خشک ماش تخم ترب تخم نسرین خشک فقاح کبر خشک کوٹ کر چھانکر ساتھ زہرہ گاؤ حل خمر کے گھولکر ضماد کرین بعد اُسکے کہ بالون کو گندھک سے مکرر تبخیر کیا ہو و بعد تین چار ساعت کے ضماد چھڑا کر پھینک دین لیکن بالون کو نہ دھووین دو تین ساعت کا فاصلہ دیکر پھر گندھک سے تبخیر کرکے خضاب پھر لگا دین اسی طرح مکرر عمل کرین یہانتک کہ سفیدی بالون مین ظاہر ہووے پس ہمیشہ ساتھ روغن یاسمین کے تدہین کیا کرین۔

خضاب۔ کہ جب استعمال کرین بالونکو سفید ہونے نہ دے اور سفید بالون کو سیاہ کرے مازو حلبہ سنبل کشنیز خشک لادن پوست جوز رطب خشک کیا ہوا روسختج شقائق النعمان خبث الحدید شب یمانی سب باریک پیسکر شراب عفص مین گھولین اور قرص بناکر خشک کرین پس ایک قرص لیکر بیچ جوشاندہ آس و آنولہ کے حل کرکے طلا کرین ہر مہینے مین دو یا تین مرتبہ فانہ یحفظ الشعر ویسود الابیض اور بعضے

نسخے خضاب کے روغنون مین مذکور ہونگے اور دواء مسودالوجہ بیچ حرف الطاء کے مذکور ہوگی ۔

حرف الدال

دواء ۔ کہ ورم کو نافع ہو روغن گل خلل الخمر گلاب پانی مین کا ہر ایک سے تھوڑا تھوڑا جسقدر چاہین لیکر آپس مین ملاوین اور کپڑا اُسمین آلودہ کرکے ورم پر رکھین اور رباط سے ہلکا باندھین اور چاہیے کہ درمیان ورم سے باندھنا شروع کرین لیکن درمیان مین چست وسخت باندھین اور دونون طرف مین سُست باندھین ۔

دیگر ۔ کہ ورم بلغمی کو متفرق کرے چوب انگور کی جلاکر راکھ اُسکی پانی مین ڈالین اور ایک رات رہنے دین پس پانی اُسکا صاف لیکر سرکہ اُسمین ملاوین اور کپڑا اُسمین آلودہ کرکے ورم پر رکھین اور باندھین ۔

دیگر ۔ کہ ہر سہل شدید کو فائدہ کرے نمک کو زیت مین ملاکر عضو مترہل پر بدفعات ملین اور ضماد کرنا برگ جھاؤ یا برگ آس یا برگ دُلب یعنی چنار کا اور طلا کرنا گل ارمنی و سرکہ کا یہی عمل کرتا ہی ۔

دیگر ۔ واسطے ترہل کے فائدہ کرے جس جگہ کے ہو صبر مر اقاقیا شیاف مامیثا زعفران سعد گل ارمنی کو ٹکر چھان کر بنادق بنا دین اور وقت حاجت کے ساتھ تھوڑے سرکہ اور آب کرنب کے ضماد کرین ۔

دیگر ۔ کہ ورم نرم کو جو بعد بیماریون دراز کے اوپر پُشت پا اور آنکھ کے ظاہر ہوتا ہی فائدہ کرے صبر اقاقیا مر کی سعد شیاف مامیثا زعفران حضض گل ارمنی طلا کرین

دیگر ۔ کہ ترہل و تہبج وجہ و پلکون کو نافع ہی گلاب آب کاسنی تر تھوڑا سرکہ ملاکر منھ پر ملین ۔

دیگر ۔ کہ ورم بلغمی کو فائدہ کرے سعد گل ارمنی شبت آرد جو عدس مقشر بریان کوٹ کر چھان کر ساتھ پانی راکھ و سرکہ کے گھولکر لگاوین جس جگہ کے ہو ۔

دواء ۔ کہ دمامیل کو نافع ہی تخم کتان حلبہ ہر ایک دس۱۰ درم میعہ سائلہ چار درم موم سفید بیس۲۰ درم ساتھ روغن یاسمین کے ضماد کرین ۔

دیگر ۔ کہ دُمل و سائر اورام کو نضج کرے حلبہ تخم کتان خستہ تمر ہندی سرگین کبوتر آرد گندم بالسویہ ساتھ روغن کنجد و موم کے ضماد کرین اور اگر اجزا کو ساتھ پانی دودھ کے پکاوین قوی الاثر ہو اور پکا کر لگاوین تو خوب عمل کرے اور اگر اسبغول کو منھ کے لعاب سے تر کرکے دُمل پر رکھین زیادتی کو مانع اور درد کو مسکن اور منضج قوی ہی ۔

دیگر ۔ واسطے انضاج دمامیل کے نافع ہی خمیر ترش دو اوقیہ تخم مرو کوفتہ اسبغول المسلم روغن گاؤ ہر ایک ایک اوقیہ و نصف شیر انجیر تین اوقیہ حلبہ تخم کتان ہر ایک پانچ درم سب کو دودھ مین پکا کر بھگووین ۔

دیگر ۔ مویز منقے تخم کتان انجیر خردل کوٹ کر ماءالعسل مین لگاوین کہ منضج قوی ہی ۔

دیگر ۔ واسطے نضج دمامیل کے مویز منقے کوٹ کر ایک پان کو اُسمین ملاکر لگاوین ہر صبح و شام ۔

دیگر ۔ کہ بیچ انضاج کے سریع الاثر ہی انجیر علک کثیر العسل تنہا کوٹ کر لگاوین اور اگر تھوڑی رائی

اور تھوڑا روغن سوسن اضافہ کرین نہایت قوی ہوگا۔

دیگر۔ منفج و ناسیل آرد گندم یا نان گندم کہ خشک کرکے کوٹا ہو ساتھ پانی و زیت کے پکاوین اور لگاوین اور اگر صبر و راتیانج و زفت و موم اور بعض روغنہاے گرم اضافہ کرین نہایت قوی ہوگا۔

دیگر۔ کہ یہی عمل کرتا ہی تخم کتان تخم مرباریک کیا ہوا ساتھ خمیر ترش اور تھوڑے سرگین کبوتر کے ملاکر لگاوین

دیگر۔ منفج و محلل اورام و مسکن اوجاع سبوس گندم گل خطمی بابونہ تخم کتان تخم شبت بالسویہ کوٹکر چھان کر ساتھ عصارۂ کرنب کے ملاکر لگاوین اور یہ واسطے اورام اعضاے باطنی کے بھی نفع کرتی ہی۔

دواء۔ کہ جب دمل بختہ پر لگاوین منفجر کرے دانۂ تمر ہندی پانچ مثقال کوٹکر چربی مرغ کی نصف مثقال گرم پانی مین پگھلاکر آپسمین ملاوین اور نیمگرم لگاوین۔

دیگر۔ کہ دمل و ورم کو کھولے خمیر نان تین جزو بورۂ ارمنی نمک حاشا سرگین کبوتر سرگین خرس ہر ایک ایک جزو کوٹکر روغن زیتون مین گھول کر موافق مقدار کے لگاوین۔

دیگر۔ کہ یہی کام کرتا ہی اور چیرنے سے ساتھ لوہے کے مستغنی کرتا ہی آہک آب نادیدہ ساتھ چربی کے ملاکر لگاوین

دیگر۔ واسطے انضاج اخراج کے اور تنقیہ کے پنبہ دانہ تخم کتان کسب یعنی گنجارہ کنجد ہر سہ برابر خوب کوٹکر ساتھ دودھ تازہ کے ملاکر ضماد کرین۔

دواء۔ کہ سب اورام حارہ کو ابتدا مین نفع کرتی ہی اور مادے کو جمع کرنے سے منع کرتی ہی شیاف مامیثا اقاقیا فوفل صندل سرخ بالسویہ ساتھ آب عنب الثعلب کے ضماد کرین

دیگر۔ کہ واسطے اورام حارہ و ورم فرج و قضیب و کنج ران و سائر اعضا کے مجربات سے ہی کوکنار باریک کوٹکر پانی مین پکاوین جب گاڑھا ہو جاوے برابر اُسکے اسبغول لیکر خوب پیسین اور روغن گل بمقدار وزن دونون کے یا کمتر اضافہ کرکے استعمال کرین۔

دیگر۔ کہ بیچ ورم کے درد کو تسکین دے تخم خشخاش کوٹکر دودھ مین پکاوین اور پھر کوٹین تو مانند مرہم کے ہو جاوے پس گل سرخ اور تھوڑی زعفران پیسکر سبکو ساتھ روغن گل کے کہ موم صاف اسمین پگھلایا ہو ضماد کرین۔

دیگر۔ کہ بیچ تبرید کے تاثیر بلیغ رکھتی ہی اور ابتداے اورام کے مانع انصباب مادہ کی ہوتی ہی سفیدہ سرکہ آب کاسنی مین حل کرکے طلا کرین۔

فائدہ۔ مغابن مین یعنی بغل و بن ران و پس گوش مین اگر ورم ظاہر ہو استعمال رواد ع کا نہ چاہیے کرنا کہ خوف اس امر کا ہی کہ مادہ اعضاے رئیسہ کیطرف پھر نہ جاوے۔

دیگر۔ کہ ورم گرم کو تحلیل کرے اور اعضا کو سبز یا سیاہ ہونے سے محفوظ رکھے آرد جو یا پست اُسکا ساتھ سرکہ و آب کشنیز سبز کے پکاکر رکھین اور اگر درد شدید ہو اور ساکن نہوتا ہو روغن گل و موم سے موم روغن بناکر گرما مین اُسی طرح سرد اور سرما مین نیمگرم لگاوین۔

دیگر۔ واسطے ورم و صلابات حارہ کے نہایت نافع ہی۔

یوست انار پیسکر جوش کیا ہوا سرکہ مین سماق حی العالم برابر گل ارمنی آب کشنیز ہر ایک نصف درم کافور تھوڑا ساتھ روغن گل کے ضماد کرین۔

دیگر - واسطے ورم گرم نداکے آرد جو صندل سفید برابر کوٹکر چھانکر ساتھ پاتی کلونجی و روغن گل و سرکہ و زردی انڈے کے ملاوین یہانتک کہ ہموار ہو وین تب لگا وین۔

دیگر - واسطے سختی نداکر و ورم مثانہ و استرخاے اعضا کے نافع ہی مصطگی ربع رطل مغز ساق گاؤ موم سفید روغن گل ہر ایک اٹھارہ درم پیہ خوک بارہ درم چربی کو روغن گل مین پگھلا کر مصطگی کو باریک کر کے جملہ اسمین ملا کر لگا وین۔

دیگر - واسطے صلب کے جو پیچھے ورم گرم کے ہوتا ہی مقل ازرق مقل یہود اشق ہر ایک پانچ درم مرزنجوش تین درم پیہ بط دس درم مقل و اشق کو اب گرم مین حل کرین اور ساتھ ادویہ کے ملاوین تو مانند مرہم کے ہووے۔

دیگر - واسطے اورام صلب کے گرنے سے ہو خواہ تولد مادۂ ورم سے ہو بیچ عضو متورم کے اشق مقل بارزد برابر بالسویہ ہاون مین خوب پیسکر ساتھ تھوڑی چربی بط کے یا مرغی کے اور روغن بان یا روغن سوسن کے ملادین کہ مانند مرہم کے ہو جاوے۔

دیگر - واسطے توڑنے عادیت ورم سرطانی کے کہ متفرح ہو یا قریب تفرح کے مفید ہی رانگے کا اسرب تو تیا رشتہ برابر ساتھ روغن گل و خرفہ و آب عنب الثعلب کے یا لعاب تخم خطمی و آب کدو کے یا آب خیار کے جو انمین سے حاضر ہو ملا کر لگائین۔

دیگر - واسطے سرطان متفرح و جرب حار حکہ و اورام حارہ کے مجرب ہی اور زیادہ ہونے کو منع کرے سرب کو ساتھ پانی کاسنی کے پیسین کہ یہانتک کہ غلیظ ہو جاوے پس ساتھ روغن گل یا روغن بادام کے برابر ہو ملا کر ضماد کرین اور اگر ساتھ آب کشنیز و آب بارتنگ کے پیسین بہت نفع کرے۔

دیگر - کہ بیچ تلیین اورام صلبہ کے اور تحلیل صلابات کے نافع تر ہو اور قوی الاثر پیہ بط پیہ ماکیان مغز ساق گاؤ موم زرد شب کو روغن گل مین پگھلا کر عضو پر رکھین ایک رات دن اور قبل رکھنے دوا کے چاہیے کہ عضو پر نطول کرین ساتھ جوشاندے خطمی کے یا ساتھ پانی خانص کے نیمگرم اور ضماد مکرر لگا وین اور ہر مرتبہ پہلے نطول کرتے رہین اور جب رخاوت و سستی ورم مین ظاہر ہو محللات لگا وین۔

دیگر - واسطے تعقد کے نافع ہی کنجد تخم کتان ہر ایک ایک جزو حلبہ نصف جزو نرم کوٹ کر ساتھ وسکہ کے ملا کر لگا وین فانہ ملینہ۔

دیگر - کہ ورم صلب کو نرم کرے حلبہ تخم کتان بیخ خطمی تینون کا لعاب نکالکر ساتھ پیہ بط کے ملاوین اور لگا وین۔

دیگر - کہ تعقد عصب کو نرم کرے مقل ازرق نیمکوفتہ گرم پانی مین بھگوئین اور بیخ خطمی برابر مقل کے کوٹکر چھانکر ساتھ عقید انگور کے گھولکر ضماد کرین۔

دیگر - کہ ورم صلب بارد کو جو سرطانی ہو فائدہ کرے مقل لبنی بارزد اشق برابر لیکر ہاون مین ساتھ

روغن سوسن یا روغن بان کے کوٹین یہانتک کہ
نرم ہو وین اور حل ہو جاوین بعد اسکے لعاب حلبہ
ولعاب تخم کتان شل اُسکے اضافہ کرین اور پھر کوٹین
تو مستوی ہو جاوین بس الجبر ملک کو خوب کوٹ کر ساتھ
ادویہ سابقہ کے کہاوین اور اوپر صلابت کے
جس جگہ کہ ہو رکھین۔
فائدہ۔ بیچ مراہم کے مرہم مفجر کے تمام مقام لوہے
کے ہی چیرنے مین ساتھ اور مراہم کہ بعد چیرنے کے
لگاتے ہین مذکور ہونگے۔
ضماد فلوس۔ کہ سب اورام کو نافع ہی حرف القاف
مین آویگا اور اکثر اضمدہ اورام کے بیچ وجع مفاصل کے گذرنگے
فائدہ۔ قال الشیخ والتبلی بکثرۃ خروج الدما مبلی
تحلیلہ منہا الاسہال وتسخیف الجلد بالحمام المستعمل دائما والریاضۃ
دیگر۔ واسطے خنازیر وسب اورام بطی التحلیل کے فائدہ
کرتی ہی بیچ سوسن آسمانجونی باریک کرکے ساتھ مرہم
داخلیون کے ضماد کرین۔
دیگر۔ واسطے خنازیر کے پشک بز کہنہ عسل و سرکہ مین
پیسین یہانتک کہ مخلوط ہو جاوین پس ضماد کرین فانہ بلیغ
دیگر۔ واسطے خنازیر کے تخم ترب مغز بادام تلخ کوٹ کر
ضماد کرین۔
دیگر۔ واسطے خنازیر وغیرہ کے سرگین گاو خشک خطمی
باریک کرکے آپس مین ملاکر ضماد کرین۔
دیگر۔ واسطے خنازیر وغیرہ کے تخم کتان تخم کرنب ہر ایک
کو ٹکڑا ایک جاکرکے ضماد کرین۔
دیگر۔ کہ خنازیر کو تحلیل کرے کتیرا یا نجدرم نانخواہ دو درم

ہر ایک درم باریک کرکے ساتھ آب کشنیز تازہ کے ضماد کرین
دیگر۔ واسطے خنازیر حارہ کے مرصاف ایک جزو حضض
دو جزو ساتھ آب کشنیز تازہ کے ضماد کرین۔
دیگر۔ واسطے خنازیر کے کہ بدون حرارت کے ہو
اور واسطے سلعے کے نہایت موثر ہی قند دس درم حلتیت
اشق ہر ایک پانچ درم جاوشیر فرفیون ایک درم
مقل ازرق چار درم سکنجبین درم جملہ کو سرکہ مین
حل کرین اور ساتھ پانی کشنیز تازہ سے ضماد کرین
اور بعد تین دن کے تازہ کرین اور مرہم سورنجان
و مرہم زنجفر نہایت موثر ہی۔
مرہم داخلیون۔ واسطے تحلیل خنازیر و جمیع اورام
صلبہ بطی النضج وتلیین صلابات کے مجرب ہی مراہم
مین آئیگا۔
فائدہ۔ کشنیز تر بیچ تحلیل خنازیر کے اثر تمام رکھتا ہی
لیکن اُسکے پانی مین جبتک کوئی چیز کثیف مانند سویق
شعیر کے مخلط ہو تاثیر نہین کرتا ہی کذا قال الشیخ۔
دیگر۔ کہ اورام صلب کو مانند خنازیر و سلعہ کے پکاوے
سرطان تازہ و زندہ کوٹ کر ضماد کرین تین دن تک
صبح و شام اور بعد تین دن کے برگ دھتورہ سیاہ
نمک تلخ بالنا صفہ کوٹ کر ضماد کرین صبح سے شام تک
اور شام سے صبح تک کہ تین دن مین پکاتا ہی بعد اُسکے
ادویہ مفجرہ لگا کر منفجر کرین۔
دیگر۔ کہ خنازیر کو فائدہ کرے اور بلغم غلیظ کو نکالے
اور شیخ رئیس نے کہا کہ یہ دوا آزمودہ ہی اور بیچ نہین ہی ترید
زنجبیل شکر بالسویہ سفوف کرین اور مقدار خوراک دو درم

دواء۔ کہ واسطے حکہ و جرب و سعفہ کے نافع ہی اور اس دوا کو شمتش کہتے ہین تسمیہ الشی باسم جزء الغالب پوست ہلیلہ زرد چھ درم سنا مکی شاہترہ ہر ایک دو درم افسنتین ڈیڑھ درم کوٹ کر چھان کر ساتھ شمتش کوفتہ کے گھولین مقدار خوراک بقدر ایک جوز کے۔

دواء۔ کہ جرب مزمن ردی کو مستاصل کرے صبر ایک مثقال ہر دن کھاوین تین دن تک پھر تین دن ترک کرین پھر تین دن تک کھاوین اسی طرح تکرار کرین مجرب ہی۔

دواء۔ کہ جرب و سعفہ کو خوب نفع کرتی ہی سفال تنور دو جزو نمک ایک جزو ساتھ سرکہ کے طلا کرین۔

دیگر۔ کہ واسطے جرب و حکہ کے مجرب ہی جوشاندہ برگ عناب نصف رطل ساتھ تھوڑی شکر کے پانچ دن تک پیین۔

دیگر۔ واسطے جرب و حکہ کے مجرب ہی انار ترش مع پوست ریزہ ریزہ کرکے اسقدر پانی مین جوش کرین کہ مضمحل ہو جاوے پس کوٹین لو دانہ و پوست برابر ہو جاوین اور بیچ حمام کے لگاوین اور جسوقت مادہ سودا و صفرا سے ہو اور ساتھ تیزی کے ہو مغز تخم کدو مغز تخم تربوز ساتھ دودھ عورت کے پیسکر طلا کرین۔

دیگر۔ کہ جرب رطب کو نافع ہی مجرب سیماب کشتہ اقلیمیائے فضہ گندھک سفید برگ دفلی کندش قلی مردار سنگ برابر کوٹ کر چھان کر ساتھ تھوڑے سرکہ و روغن گل کے طلا کرین اور رات کو لگائے رہین صبح کو حمام مین ساتھ سرکہ کے باشنان سبز کے بدن کو ملین بعدہ گرم پانی سے غسل کرین پیچھے اُسکے آب سرد اوپر بدن کے گرائین بعد اُسکے روغن گل ملین اور پھر ساتھ آب سرد کے غسل کرین اور لگاوین

دیگر۔ واسطے جرب رطب کے کندش دفلی مردار سنگ ہر ایک دس۱۰ درم نمک پانچ درم سرکہ و روغن گل مین ملاکر بیچ حمام کے طلا کرین۔

دیگر۔ واسطے جرب رطب کے مغز بادام تلخ سنا مکی مردار سنگ ہر ایک تین درم کنجد دس۱۰ درم ساتھ سرکہ و روغن گل کے ملین۔

دیگر۔ واسطے جرب رطب کے زردچوبہ بورہ ارمنی مرقسط کندش ہر ایک ایک درم میعہ سائلہ پانچ درم ساتھ روغن گل کے تر کرکے بطور طلا کے بدن مین ملین اور تین ساعت رہنے دین پس بھوسی ملکر گرم پانی سے نہاوین۔

دیگر۔ واسطے جرب رطب کے گندھک زرد ایک مثقال بیہ بز دو مثقال روغن گل دس مثقال بیہ کو بیچ روغن گل کے پگھلاکر گندھک کو خوب کھرل کرکے ملا دین اور رات کو ملین صبح کو حمام مین دھووین۔

دیگر۔ واسطے جرب رطب کے پارہ کشتہ کیا ہوا پانچ درم کندش دو درم زراوند طویل سات درم ساتھ روغن گل کے تین دن تک طلا کرین۔

دیگر۔ واسطے جرب کے عاقرقرحا سیماب کشتہ مویزج خردل حنا گندھک موم سفید برابر ساتھ روغن کنجد کے ملاکر طلا کرین

دیگر۔ واسطے حکہ و جرب یابس کے مغز استخوان گردالو تلخ تخم ریباس ہر ایک بیس۲۰ درم نمک طعام سیماب کشتہ ہر ایک

دو درم سب کو بیچ بین درم ماست کے ممزوج کرکے حمام مین طلا کرین اور ایک ساعت ٹھہر کر دھو دین اور ایک نسخے مین تخم ریباس مغز زردآلو تلخ سیماب برابر ساتھ سرکہ کے پیسین اور ساتھ روغن کنجد کے حمام مین طلا کرین مرقوم ہی۔

دیگر۔ واسطے جرب وحکہ کے اور یہ ضماد ساتھ ضماد السنا کے مسمی ہی سنا مکی ہلیلہ زرد مردار سنگ سفیدہ قلعی بالسویہ ساتھ روغن گل و روغن بنفشہ کے لگا دین۔

دیگر۔ کہ واسطے جرب کے اور رفع کرنے جمیع آثار کے مکرر تجربے مین آئی ہو سیماب مغز بادام تلخ ہر ایک تین درم تخم خربزہ غیر مقشر پندرہ درم ہر شب طلا کرین ایک ہفتہ تک۔

دیگر۔ واسطے جرب رطب و یابس کے اور مواد آتشک کے مجربات سے ہی سرب سیماب گوگرد زرنیخ ہر ایک دس درم سرب کو بیچ ظرف مٹی کے پگھلا کر اتار لیوین اوپر آگ کے ہوا مین رکھین پس ادویہ مسحوقہ آپسمین ملا کر اسمین ضم کرین اور حرکت دین یہانتک کہ منعقد ہو جاوین بعد اسکے جب ہاتھ سے ملین مانند غبار کے ہووے طلا کرین اور جب متحجر ہو جاوے پیسکر طلا کرین اور غیر متحجر بھی مجرب ہی۔

دیگر۔ واسطے جرب یابس کے سیماب کشتہ حنا شحم حنظل اقلیمیاے نقرہ عدس مقشر بالسویہ کوٹ کر چھانکر سرکہ و روغن گل مین طلا کرین۔

دیگر۔ واسطے جرب کے رطب ہو یا یابس نافع ہی اور چھالا اور خراش نہین لاتی ہی مردار سنگ زاج اصفر برابر ساتھ سرکہ کے پیسین اور ایک ہفتہ دھوپ مین رکھین پس وقت حاجت کے طلا کرین۔

دیگر۔ واسطے جرب کے کہ نظیر نہین رکھتی ہی جرب جسطرح کی کہ ہو گندھک حنا ہر ایک ایک مثقال سیماب کشتہ شیطرج ہر ایک نصف مثقال فلفل ایک دانگ روغن دنبہ بیس مثقال بطریق معہود کے آپسمین ملا کر رات کو ملین اور صبح کو بیچ حمام کے بھوسی و سرکہ و آب گرم سے غسل کرین۔

دیگر۔ واسطے جرب کے حلبہ شحم حنظل جوش کرین اور آب مطبوخ بدن پر ملین۔

دیگر۔ واسطے جرب کے عدس مقشر سماق گل سرخ شحم اندرون انار کی سب کو کوٹکر ساتھ پانی کے ملا کر طلا کرین۔

دیگر۔ واسطے حکہ کے تخم اسفاناخ تخم خشخاش کوٹ کر سرکہ مین بھگو کر حمام مین ملین اور ساتھ سرکہ و بھوسی و آب گرم کے غسل کرین۔

دیگر۔ واسطے حکۂ یابسہ کے سرکہ روغن گل آب کرفس معصور تینونکو جمع کرکے خوب ملاوین تو ایک ذات ہو جاوین اور حمام مین ایک ساعت توقف کرکے غسل کرین اور چند روز عمل مین لاوین مجرب ہی اور دوا حکہ کان اور حشفہ و مقعد و رحم و فرج کی ہر ایک مقام مین مذکور ہوئی ہین۔

دوا۔ کہ واسطے سعفہ کے جو بیچ بدن لڑکون و عورتون کے ہوتا ہی نافع ہی زردچوب حنا پوست انار زراوند مردار سنگ بالسویہ ساتھ روغن گل و سرکہ کے طلا کرین۔

دیگر۔ کہ واسطے سعفہ مزمنہ کے جو بیچ ابدان یابسۃ المزاج کے ہوتا ہی نفع کرے نمک زاج دونون سوختہ گندھک

آب زنجق زرد چوبہ مامیران زرد اوندمردارسنگ بالسویہ ساتھ سرکہ و روغن گل کے طلا کرین۔

دیگر۔ کہ سعفہ رطبہ کو استیصال کرے نمک اشنان سبز سرکہ مین ترکرکے چند مرتبہ ملین۔

دیگر۔ کہ سعفہ کو استیصال کرے صابون رقی گلاب مین ملاوین یہانتک کہ کف نکالے بعد اسکے بیخ بنفشہ موم سفید روغن بنفشہ بادام ہرایک تھوڑا سا اضافہ کرکے طلا کرین اور ایک ساعت رہنے دین بعد اسکے آب گرم سے دھووین اور سعفہ سرخ کہ چہرہ مین ظاہر ہوتا ہی اسکو فصد جبہہ کی فائدہ کرتی ہی خصوصاً جو بعد فصد قیفال کے کرین۔

دیگر۔ واسطے سعفہ کے اوپر چہرہ لڑکون کے ہوتا ہی سفیدہ رانگے کا تین درم گل سرخ دو درم گلنار زرد چوبہ ہرایک ایک درم کافور ایک طسوج موم سفید اڑھائی درم روغن گل دس درم موم کو بیچ روغن کے پگھلاوین اور باقی ادویہ کوٹکر چھانکر اسمین ملاکر طلا کرین۔

دیگر۔ کہ یہی عمل کرتی ہی اشنان سبز مردارسنگ ہرایک پانچدرم گل ارمنی حضض مکی پوست انار ہرایک تین درم حنا قنبیل ہرایک چار درم اقاقیا شیاف مامیثا صندل ہرایک دو درم گلاب مین ترکرکے طلا کرین۔

دیگر۔ واسطے سعفہ کے نہایت مجرب ہی برگ عدس چار درم حنا مازو ہرایک دو درم ساتھ روغن دنبہ کے طلا کرین۔

دیگر۔ کہ یہی عمل کرتی ہی بلکہ قوی تر ہی آب برگ چقندر روغن دنبہ ہرایک سو درم جوش کرین یہانتک کہ پانی جاتا رہے اور روغن رہے بعدہ برگ عدس و حنا ہرایک پانچدرم کوٹکر چھانکر ممزوج کرکے طلا کرین اور قرص سعفہ بیچ حرف القاف کے آویگا اور مرہم سعفہ بیچ مراہم کے اور ضماد اسکا بیچ اضمدہ کے آویگا۔

دوا۔ کہ جذام کو نافع ہی قسمی ہی یہ معجون سلاح یعنی پیشاب بز کوہی ایک جزو مغز بادام عسل شکر سفید ہرایک چار جزو روغن گاو نصف جزو سب کو آپسمین ملاکر فقینے مین رکھین مقدار خوراک ایک مثقال دودھ گاو کے کہ نیمگرم ہو اور چاہیے کہ استعمال اس دوا کا بعد تنقیہ کے ہو اور نسخہ دوسرا اس معجون کا کہ اکثر امراض جلدی کو فائدہ کرتا ہی حرف المیم مین آویگا۔

دوا۔ سنہ۔ واسطے جذام کے نفع تمام رکھتی ہی اور بیچ بحث برص کے گذری۔

دوا۔ کہ مبرء الجذام ہی اور یہ مرق الافاعی مشہور ہی افاعی اس جگہ سے کہ شورہ زار نہو یعنی ظاہر زمین شوریت و نمکینیت نہو لیکر سر اور دم انکی کاٹکر پھینک دین اور شکمون کو پاک کرین بعد اسکے پانی سے دھوکر دیگ مین ڈالین نمک و شبت و تھوڑا خولنجان اسمین ملاوین اور پانی بقدر حاجت کے اور تھوڑا زیت ڈالکر پکا دین تو تھرا ہووے پس اس شوربا سے تھوڑا مجذوم کو پلاوین اور تھوڑا گوشت اسکو کھلاوین پس اگر مجذوم کو سدر ہو یعنی انکی آنکھ کے نیچے اندھیرا معلوم ہوکر گر پڑا فہو المراد ورنہ پھر پلاوین و کھلاوین تو سدر عارض ہو

عارض ہو وا انتفاخ بدن مین لاحق ہوا اور جانین کہ مریض مذکور کئی دن تک بیہوشی اور گم ہوگیا اعقل کا رہتا ہو نہ ڈرین پس بدن اُسکا جس جگہ سے کہ گوشت گرم ہوگا پھٹ جاویگا خوف نہ کرین کہ گوشت فاسد دور ہو کر گوشت صحیح جم آویگا بحکم خداے تعالی وبیشی ونبدرجلی وتریاق فاروق وثمادر لیطوس جذام کو فائدہ مندہین بیچ اوائل اس باب کے گذر جائین۔

دیگر۔ واسطے جذام کے لنفر دن فربیون کبریت زرد برگ انجیر برابر کوٹکر سرکہ مین ملاکر بدن پر طلا کرین۔

دوا۔ کہ واسطے قطع برص کے مجرب ہی ایک سانپ کا شکم چیر کر پاک کرین پس شاہترہ تازہ یا خشک اُسمین بھر کر کے سی دین بعدہ سانپ کے ٹکڑون پر کباب کرین کہ پکجاوے بعدہ شاہترہ کو نکالکر پیسین اور برص پر لگاوین دو دن رات مین باذن خداوند تعالے برص دور ہوجاویگا۔

دیگر۔ کہ واسطے برص اطفال کے نافع ہی زرنیخ سرخ نشب یمانی گندھک ہر ایک ایک درم زفت رومی دس درم زفت کو عسل وسرکہ مین پگھلاوین اور ادویہ کو ٹکر چھانکر اُسمین گھول کر ضماد کرین۔

دیگر۔ کہ برص کو دور کرے زرنیخ سرخ سفیدان سفید بالسویہ ساتھ تازہ دودھ کے پیسکر طلا کرین۔

دیگر۔ واسطے بہق وبرص کے نافع ہی فوہ کندش شیطرج خردل شحم حنظل تخم ترب مازریون خربق سیاہ خربق سفید مویزج سقمونیا ہر ایک ایک جزو شقائق النعمان دو جزو کوٹکر سرکہ مین ایک رات دن بھگوئین دوسرے دن طلا کرین۔

دیگر۔ کہ بہق اسود وابیض کو نافع ہی گل شقائق سقمونیا شیطرج تخم ترب خردل صمغ آلو بالسویہ کوٹ کر چھان کر سرکہ مین بھگوئین ایک رات دن بعد اُسکے بیچ حمام کے کیسہ بدن پر ملین اسکو طلا کرین ومروارید گھول کیے ہوے ساتھ سرکہ کے طلا کرنا بھی عمل کرتے ہین۔

دیگر۔ واسطے بہق ابیض کے شیطرج فوہ تخم ترب کندش خردل پیسکر ساتھ تیز سرکہ کے ملاکر طلا کرین دھوپ مین بیٹھکر

دیگر۔ واسطے بہق ابیض کے اطریفل صغیر دو درم تربد ایارج فیقرا ہر ایک ایک درم شحم حنظل ربع درم یہ دوا کہ ایک خوراک ہی ہر ہفتے مین ایکبار کھاوین اور ایام دیگر مین اوپر کھانے اطریفل کبیر کے مداومت کرین اور تدابیر مجفف کرتے رہین۔

دیگر۔ واسطے بہق اسود کے نافع ہی تخم ترب دس درم کندش قسط ہر ایک دس دس درم سرکہ تند مین ملاکر طلا کرین اور اس بیماری مین واسطے تنقیہ سودا کے فصد واسہال ساتھ افتیمون کے بطور تکرار ومہلت کے واجب جانین اور ہمیشہ ترطیب کرتے رہین۔

دیگر۔ واسطے برص کے نافع ہو شیطرج کیبکج مویزج لبلون الذراریح مساوی الوزن ساتھ جوشاندہ فوہ کے طلا کرین لیکن پہلے موضع برص کو ساتھ عنصل کے یا پیاز کے خصوصاً اُس پیاز کے کہ اسکو ملبوس کہتے ہین مل لیا ہو۔

دیگر۔ کہ واسطے برص کے بالخاصیت نفع کرے خون سانپ سیاہ کا ملین۔

دیگر۔ کہ بسبب قرحہ کرنے کے فائدہ کرتی ہی عسل بلادر
طلاکرین تو قرحہ کرکے گوشت متغیر کو کھالیوے پس
ازآن علاج قرحہ کا کرین تو پوست اچھا نکل آوے اور
اگر معجون بلادر بتدریج کھایاکرین برص و بہق کو دور کرے
دیگر۔ واسطے بہق کے عجیب الاثر ہی کبریت ایک جزو
مغز اخروٹ روغن تازہ و بے نمک ہرایک دو جزو
بعد ترکیب کے ایک رات رکھکر حمام مین بعد ملنے کے
گیسے سے موضع برص کو بعد افراط ضماد کرین بحکم
اللہ تعالی تین مرتبہ مین بہق اور جمیع آثار کو دور کرے
دیگر۔ واسطے بہق و جمیع آثار کے مجرب ہی صدف
کوٹ کر لیموں کے پانی مین ڈالین یہانتک کہ جلجاوے
پس زرنیخ سرخ خردل سفید کہ اسکو حرف بابلی کہتے
ہین ہرایک تین درم تخم ترب پانچدرم مغز پستہ مغز بادام
تلخ مقشر خمیر مایہ ہرایک ایک درم جملہ کو آپس مین
ملاکر لگاوین۔
دیگر۔ کہ واسطے بہق و برص کے سب مسہلات سے
زیادہ موافق ہی پوست ہلیلہ کابلی مقشر ہرایک
ایک اوقیہ تربد تین اوقیہ قند سفید نصف رطل قند کو
پانی مین ڈالکر قوام کرین ادویہ کو اسمین ملادین
مقدار شربت تین درم سے پانچ درم تک یا پانچ مثقال
تک اور شیخ رئیس نے فرمایا کہ میرے نزدیک یہ بہتر ہی
کہ زنجبیل بھی ایک اوقیہ زیادہ کرین اور اس درویش
نے دونون نسخون کو بنایا زنجبیل والیکو انفع پایا۔
دواء ہندی۔ کہ بیچ دفع کرنے برص و بہق سفید
تازہ کے مجربات سے ہی قسط تلخ شیطرج ہندی زرنیخ
سرخ فلفل زنگار برابر تانبے کے باسن مین پیس کر
رکھین اور بعد ایک ہفتہ کے ملین اور دھوپ مین
بیٹھین اور بدستور طلاکرنا نوشادر کا ساتھ روغن گل
کے یا روغن تخم مرغ کے سات دن تک ملین برص
وغیرہ کو دور کرتا ہی۔
ادویہ صابغۂ جلد۔ کہ بیچ برص و بہق کے کام
مین لاتے ہین واسطے چھپانے خال کے حرف الصاد
مین بصیغۂ صبغ کے مذکور ہونگی۔
دواء۔ کہ سفیدی کو جو موضع حجامت مین ظاہر ہوئی
ہی دور کرے اور بعد فراغت کے حجامت سے
استعمال کرین سفید ہونے کو منع کرے مرداسنگ بیض
کو طلاکرین۔
دیگر۔ فوہ الصبغ ساتھ سرکہ کے طلاکرین۔
دیگر۔ فوہ شیطرج ساتھ پانی بقم کے پیسکر طلاکرین۔
دواء۔ کہ رنگ کو سرخ کرے زوفا یابس دس
درم زعفران تین درم قند برابر دونون کے یعنی
تیرہ درم مقدار شربت دو درم ہر دن کھاوین
اور جانین کہ تناول نخود کا اور پانی اسکا اور تناول
انجیر و انار شیرین و شراب احمر غلیظ و گوشت کا اور
استحمام ساتھ آب شیرین کے ہمیشہ محمرات رنگ
سے ہین اور تناول کرنا انڈے کا ساتھ نمک و
حلتیت کے بالخاصیت سرخ کرنے والا رنگ کا ہی
اور تناول کا بدستور اور ادویہ موضحہ و منورہ
و مبیضہ و محمرہ و مصفرہ حرف العین المعجمہ مین بلفظ محمرہ و غسول
مذکور ہونگی اور ادویہ مسودۂ رنگ کی بیچ اطلبہ کے۔

دواء۔ کہ کلف و نمش و برش و خیلان و آثار جروح و قروح و دم میت و زخم کو نافع ہی کرسنہ سرگین کبوتر ہر ایک پانچدرم پوست تخم مرغ ملح القلی کہ ہندی سجی کہتے ہین بورۂ ارمنی زراوند طویل نشاستہ عاج آرد نخود ہر ایک دو درم ایرسا قسط تلخ شاخ گوزن سوختہ مر ایک تین درم مغز بادام تلخ سات درم کوٹ کر اور باریک کر کے اور ساتھ سر کے طلا کرین۔

دیگر۔ واسطے کلف کے تخم ترب تخم جرجیر طلا کرین۔

دیگر۔ زردک عصفر یعنی پانی زرد معصفر کا لیکر جوش کرین یہانتک کہ غلیظ ہو جاوے پس قسط دارچینی باریک کر کے اُسمین ملاکر طلا کرین۔

دیگر۔ خردل ساتھ انجیر کے کوٹین اور پہلے کف کو ساتھ پانی گرم کے نطول کرین یا تکمید کرین بعد اُسکے یہ دوا لگاوین اور جب سوزش معلوم ہووے اُٹھا لیوین اور ساتھ پانی گرم کے تکمید کرین اور پھر اعادہ کرین اور اسی طرح کرتے رہین اور احتیاط کرین کہ قرحہ پیدا نہ کرے۔

دیگر۔ حب المحلب مغز بادام مغز تخم خربزہ تراب زنبق بالسویہ آب اسمین ملاکر طلا کرین۔

دیگر۔ حب المحلب مغز بادام مقل سرکہ مین پیسکر طلا کرین۔

دیگر۔ ترمس تخم ترب تخم جرجیر قسط مغز بادام تلخ بورہ فلفل مقل بالسویہ لیوین اور مقل کو ساتھ پانی عصفر کے حل کر کے باقی ادویہ کو اُسمین ملاکر طلا کرین۔

دیگر۔ انزروت باریک کر کے ساتھ زہرہ گاو کے ملاکر طلا کرین۔

دیگر۔ پوست انڈے کا اشنان خربزہ کے پانی مین پروردہ کیا ہوا آرد جو بیخ نے پوست عدس آرد باقلا خوفل کف دریا ماہیران چینی بالسویہ ساتھ پانی مولی کے اوپر کلف کے طلا کرین۔

دیگر۔ سیماب دس درم کف دست پر رکھکر لعاب منھ کا اُسمین ملاکر دوسرے ہاتھ کی اُنگلیون سے ملین یہانتک کہ مضمحل ہوکر گشتہ ہو جاوے پس مغز بادام شیرین مقشر تین درم کوٹین لوماند مرہم کے ہو جاوے بعد اُسکے سیماب مذکورہ اُسمین ملکر تھوڑا اُس سے پانی مین حل کر کے رات کے وقت اوپر چہرے کلف دار کے طلا کرین کئی دن تک اور یہ دوا خاص واسطے عورتون کے ہی۔

دیگر۔ کہ دور کرنے والی کلف کی اور اچھا کرنے والی رنگ کی ہی زنبق دو درم مغز بادام تلخ مقشر تین درم سیماب کو ساتھ مغز بادام کے مقتول کرین بعد اسکے تخم خربزہ خوب کوٹ کر جملہ کو آپس مین ملاکر طلا کرین۔ ایک ہفتہ تک نہ دھووین اور ہر ساعت طلا تازہ لگا رہین جب بعد ہفتہ کے دھووینگے کلف باقی نہ رہیگی۔

دیگر۔ واسطے برش و نمش کے مغز بادام تلخ بورۂ ارمنی تخم ترب کوٹ کر میتھی کے لعاب مین ملاکر لگائین منھ پر بعد تکمید کرنے کے ساتھ پانی گرم کے یا حمام سے نکل کر۔

دیگر۔ واسطے برش و نمش کے باقلا مغز بادام تلخ تخم گرنب ساتھ شیرہ انجیر کے طلا کرین۔

دیگر۔ صابون کا لیپ کرین اور جو لذع پیدا کرے دھو ڈالین اور روغن بادام ملکر پھر لگا دین۔

دیگر۔ اشق سرکہ مین پیسکر ملین۔

دیگر۔ گوگل کو کوٹ کر حلبہ کے لعاب مین اندر ہاون کے حل کرکے طلا کرین۔

دیگر۔ واسطے دفع آثار جدری و قروح کے اثر تمام رکھتا ہی مرداسنگ مرباہیج نے آرد نخود استخوان کہنہ آرد جو قسط مغز تخم خربزہ حب البان کو ٹکر چھانکر ساتھ لعاب حلبہ و السی کے ملاکر انکو طلا کرین صبح کو حمام مین جاکر دھوئین

دیگر۔ جہت کلف و نمش آرد باقلا دس درم تخم ترب تخم جرجیر قسط مغز بادام تلخ بورق فلفل ہر ایک دو درم اشق ڈیڑھ درم اشق کو سرکہ مین حل کرین اور یہ دوائین کوٹ کر چھان کر اسمین ملاوین اور بنادق بنا کر وقت حاجت کے آب عصفر مین پیسکر لیپ کرین اور صبح کو جوشاندہ تخم خربزہ و سبوس و بنفشہ سے دھوئین اور قبل لگانے دوا کے آب گرم سے اُس مقام کی تکمید کرین صوف سے یا انکباب آب گرم سے کرین تاکہ وہ مقام سرخ ہو جاوے۔

دیگر۔ واسطے آثار جدری کے باقلا پانچ درم جرجیر مردارسنگ ہر ایک اڑھائی درم سفال نو قسط خیرین ہر ایک دو درم آب جو مین پیسکر طلا کرین طلاء بعد طلاء اور چاہیے کہ پہلے حمام کرین یا ساتھ آب گرم کے انکباب کرین بعد اُسکے یہ دوا لگائین پس ازان پھر حمام مین جاکر اُس پانی سے کہ جس مین پوست خربزہ و بنفشہ و سبوس و نخود نیمکوفتہ جوش کیا ہو دھوئین اور طلا کرین اسی طرح کرتے رہین یہانتک کہ دور ہو جاوے اور اُستخوان کہنہ اکیلے پانی مین پیسکر ایک دن مین دو تین بار طلا کرنا کافی ہی ایک ہفتہ مین اثر بین حاصل ہوتا ہی۔

دیگر۔ کہ آثار قروح کو دور کرے مردارسنگ بیض ساتھ روغن گل کے طلا کرین۔

دیگر۔ شحم بط بطور دوام کے ملتے رہین اور برگ کاہو اسپر لگا دین اور اگر برگ کاہو نملے تخم کاہو کوٹ کر پانی مین لگا دین اور اگر دوائی مائدہ کی ساتھ خرما کے کوٹ کر لگا دین یہی عمل کرے۔

دواء۔ کہ اگر کسی عضو مین خون کو جو بسبب ضربہ یا سقطہ کے مر گیا ہو تحلیل کرے زرنیخ زرد حجر فلفل ہر ایک ایک جزو کندر نصف جزو کوٹ کر چھان کر شیاف بنا دین اور وقت حاجت کے دھنیا تازے کے پانی مین حل کرکے بکرر طلا کرین فانہ بلیغ۔

دیگر۔ واسطے خون مردہ کے پانی کرنب کا طلا کرین یا کرنب کو کوٹکر ضماد کرین و آب ترب و آب پودینہ علیحدہ علیحدہ اور مرکب کہ قوی تر ہی طلا کرین۔

دیگر۔ اگر ترمس زرد تنہا یا ساتھ اشق کے طلا کرین خون مردہ کو نیچے جلد سے پگھلا دین۔

دواء۔ کہ وشم کو قلع کرے بدون زخم کرنے کے نطرون گرم پانی مین حل کرکے اوپر وشم کے ملین ایک زمانۂ دراز تک بعد اُسکے علک البطم شہد مین نرم ضماد کرین اور تین دن تک نہ کھولین بعدہ کھولین اور نمک خوب ملین بعد اُسکے

بعد اسکے جو دوائین واسطے دور کرنے آثار کے مذکور ہوئین طلا کرین ایک دن مین دس بار تین دن تک اسی طرح عمل مین لادین اور پھر ساتھ پانی نطرون کے دھووین اور اسی طرح مکرر کرین۔

دیگر۔ آب قلعی یعنی اشخار کہ ہندی مین سجی کہتے ہین سرگین سگ و صابون ملاکر اوپر وشم کے جہان لکھا گیا ہو لگا دین نافع لقلع اور جسوقت اس تدبیر سے دور ہووے ادویۂ مقرحہ کہ قائم مقام لوہے کے ہین اور مذکور ہوئین اور بھی مراہم جو مذکور ہونگی لگا دین یہانتک کہ زخم کرین اور پوست و گوشت رنگین کو چھیلین بعد اسکے معالجۂ قرحہ کا کرین۔

دواء۔ کہ خزاز یعنی سبوسۂ سر کو نافع ہو آب برگ چقندر چالیس درم بورۂ ارمنی دو درم زہرۂ گاؤ ایک درم ساتھ شہد کے ملاکر اوپر سر کے طلا کرین۔

دیگر۔ واسطے خزاز کے زردچوبہ برگ حنا ہلیلہ زرد مازو مرداسنگ آملہ مقشر سرکہ ہر ایک ایک جزو کو روغن گل سرخ چار جزو آپس مین ملاکر طلا کرین۔

دواء۔ قوبا یعنی داد کو نافع ہو گندھک دو درم سفیدہ رانگے کا آٹھ درم مویزج ایک درم ساتھ سرکے کے طلا کرین۔

دیگر۔ واسطے قوبا کے غزلق سفید چار درم ترمس صدف سوختہ نطرون ہر ایک تین درم کوٹکر چھانکر ساتھ سرکے کے طلا کرین۔

دیگر۔ واسطے قوبا کے اشق ترمس ہر ایک ایک درم بورۂ ارمنی دو درم ساتھ پرانے سرکہ کے طلا کرین اور بعد ایک ساعت کے نیمگرم پانی سے دھووین۔

دیگر۔ کہ داد و سعفہ یابسہ و جرب کو مجرب ہو گندھک دس درم صمغ عربی پانچ مثقال دھنیہ تازہ پندرہ مثقال آپسمین ملاکر بعد دو ساعت کے حمام مین لگا دین۔

دیگر۔ واسطے قوبا کے حماض اُترج اُسپر ملین یا اشق و سرکہ یا مغاث و سرکہ یا کف دریا یا موم و روغن و کتیرا یا گھی یا چربی مرغی کی یا بیہ بط کی یا روغن گندم ملین

دیگر۔ واسطے قوبا و آثار کے مجرب ہو قردمانا مویزج آرد نخود سرگین بز ہر ایک سولہ مثقال اصل السوس گندھک ہر ایک پانچدرم ساتھ سرکہ وغیرہ کے موافق ہر عضو کے میاہ جالیہ سے ضماد کرین۔

دیگر۔ کہ واسطے قوبا کے نہایت نافع ہو شیاف مامیثا کندر زبد البحر کثیرا طومال نحاس بورۂ ارمنی غزلق سفید ترمس اشق بالسویہ ساتھ سرکہ کے ملاکر طلا کرین اور راکھ الہسن سوختہ کی ساتھ شہد کے واسطے اطفال کے طلا کرنا مجرب ہو۔

فائدہ۔ یہ دوائین اور طلاء کہ لکھے گئے ہین واسطے ایسے داد کے ہین کہ تازہ ہو اور مزمن و متمکن اور گوشت مین داخل ہوا ہو اور اگر داد ایسا ہوا ہو لازم ہو کہ پہلے تنقیہ کرین اور ساتھ جوشاندۂ افتیمون کے اسہال مواد کرین اور افتیمون ساتھ ماء الجبن کے ایک مدت تک دین بعد اُسکے داد پر جونک لگا دین بدفعات اور درمیان دفعات کے تنطیل ساتھ آب گرم کے کرتے رہین اور جب تنقیہ عام اور بعد اُسکے تنقیہ خاص ساتھ

جو نمک سے یا محاجم کے حاصل ہووے اطلیہ کہ واسطے سعفہ کے مذکور ہوئے استعمال کرین اور اگر مادہ نہایت قوی ہووے اور تدابیر مسطورہ فائدہ نہ کرین دواے حاد اکال لگا دین تو زخم ہو جاوے اور گوشت فاسد بالکل فنا ہو جاوے اور گوشت صحیح ظاہر ہو بس ازان مراہم مدخلہ لگا دین۔

دیگر۔ کہ قوبا رومی مزمن کو فائدہ کرے شیطرج راملک کتیرا تخم خربزہ برابر سرکہ مین ملا کر طلا کرین۔

دیگر۔ کہ ثالیل کو نافع ہی برگ آس ملین کئی مرتبہ اور ملنا نمک و سرکا ہر دن کئی مرتبہ یا خرنوب نبطی رطب یا شب یمانی کا طلا اکثر مانرج کا یہی عمل رکھتا ہی۔

دیگر۔ کہ واسطے رفع کرنے ثالیل و خیلان کے مجرب ہی گندھک ہرتال شونیز خاکستر عقرب بالسویہ ساتھ زفت یا سرکہ کے طلا کرین اور بدستور رجوز برگ سفیدار کا عجائب سے ہی اور بدستور ضماد شونیز کا ساتھ پیشاب کے مجرب ہی اور بدستور ساتھ زہرۂ بز کے بھی اور اگر ثالیل نہایت کثیر ہون تنقیہ سودا کا ساتھ فصد و اسہال کے بدفعات کرنا چاہیے اور ترطیب بھی اور اگر بڑے ہون اور جڑین بہت رکھتے ہون دواے حاد سے استیصال کرین اور روغن ملین واسطے التسکین کے اور یہ تدبیر مکرر کرین تو خوب استیصال ہو بعد اُسکے اندمال کرین۔

دیگر۔ واسطے ثالیل کے مقل اشق ہر ایک بارہ درم بگوب کرکے ایک رات دن سرکہ کثیر مین بھگو کر حل کرین اور گل خطمی تین مثقال تخم مرو تخم کتان بابونہ بنفشہ ہر ایک ایک مثقال اضافہ کرکے ضماد کرین۔

دیگر۔ کہ قلع ثالیل کرے مازو شب یمانی تخم جرجیر کو نگر چھانکر ساتھ زہرۂ گاؤ کے ملا کر کئی مرتبہ طلا کرین۔

دواء۔ کہ حصف کو نفع کرے حنا نمک ساتھ سرکہ کے تر کرکے حمام مین ملین اور ایک ساعت تک رہنے دین بعد اُسکے ساتھ آب سرد و سبوس کے دھووین۔

دیگر۔ واسطے حصف کے مازو زردچوبہ سرکہ تند روغن گل ملا کر حمام مین طلا کرین اور ایک ساعت صبر کرکے دھووین اور بھوسی اور آب سرد سے بدن کو ملین اور اگر کسی مقام مین پیدا کرنا حصف کا معلوم ہو گلاب و سرکہ ملین کہ اُسکے حدوث کو منع کریگا

دواء۔ واسطے شری یعنی پتی کے نافع ہی بزرالجنہ یعنی خوب کلان و اسبغول ہر ایک تین درم ساتھ جلاب کے پیین۔

دیگر۔ کبابہ دو درم کوٹ کر چھان کر قند سپید اُسکے ملا کر ساتھ آب سرد کے پیین۔

دیگر۔ کہ اگر شری ساتھ سوزش و گرمی شدید کے ہو نفع کرے قرص کافور ساتھ آب انار کے پیین۔

دیگر۔ رائب گاے کا اکیلا کافی ہی اگر پیین یا طلاء کرین جو شری ساتھ گرمی کے ہو اور جس وقت شری خون صفراوی سے ہو وہ اکثر چاہیے کہ فصد کرین بغیر توقف کے اگر کوئی مانع نہو اسلیے کہ فصد نہ کرنا اس مرض مین بسبب حدوث تپ صفراوی کا آخر کو ہوتا ہی اور بعد فصد و مسہل کے مریض کو پیچ جوشاندہ گل بنفشہ

وگل نیلوفر کے جھائین اور ساتھ بھوسی وتخم خربزہ کے بدن کو ملین اور آب گرم گرا وین بعد اُسکے سرکہ وگلاب وروغن گل لمین اور عنب الثعلب وکشنیز و کاکنج اور تھوڑا آٹا جو کا آپس مین ملا کر طلا کرین اور لباس سرخ پہناوین اور بیچ شدی یابس کے ہر دن مین تین مرتبہ آب گرم مین یا بیچ جوشاندہ ادویہ کے گرم ہو مریض کو بٹھائین اور تقوع عناب و آلو وکشنیز وشاہترہ ساتھ سکنجبین کے اثر تمام رکھتا ہی اگرچہ یہ بطور دوام کے ہین اور جس شخص کو یہ بیماری تھوڑی مدت مین ہوتی ہو فصد و اسہال مکرر کرنا چاہیے اور محرکات مادہ سے پرہیز کرنا چاہیے اور خاصہ شری گرم کا یہ ہی کہ سرخ وگرم اور جلد نکلتی ہو اور اکثر دن کو نکلتی ہی بخلاف شری بلغمی کے کہ مائل بسفیدی ہوتی ہی اور رات کو نکلتی ہی اکثر اور ساتھ تنقیۂ بلغم کے دفع ہوتی ہی اور اگر کباب نصف مثقال بیچ دس اوقیہ سکنجبین کے ملا کر کھاوین شری بلغمی دور ہو جاے اور جو حدوث شری کا نسبت اور بثور کے زیادہ ہی تفصیل اُسکی معالجہ بین کی گئی۔

دوا ۔ کہ نملہ ونار فارسی وغیرہ کو نافع ہی گل ارمنی ساتھ سرکہ وپانی کے حل کرکے گرداگرد اُسکے طلا کرین اور مرہم سفیدہ کا ضماد کرین اور بیچ نملہ کے اسہال صفرا کرین اور بیچ نار فارسی کے فصد کرین اور تبرید دونون مین ضرور ہی اور جمرہ بحیم عربی قریب نار فارسی کے ہو۔

دوا ۔ کہ نفاطات ونفاحات کو فائدہ کرتی ہی اور بثور کو لی کو کہتے ہین کہ مشابہ ہون اُن بثور سے کہ آگ کے جلنے سے پیدا ہوتے ہین عدس کو باریک کوٹ کر ساتھ سرکے کے لگا دین شروع ظہور مین خصوصاً کہ پہلے تنقیہ کیا ہو اور تعدیل مزاج کی ہر حال مین واجب ہی اور جس وقت نفاطہ ظاہر ہو اور بڑا ہو چیرین اور بعد اُسکے مجففات چھڑکین اور سفیدہ ومرداسنج مربا بگلاب ومرہم سفیدے کا لگا وین۔

دوا ۔ کہ عرق مدنی کو نفع کرے اور اسکو پارسی مین رشتہ کہتے ہین اور مشہور ہی کہ پہلے بثرہ ہوتا ہی بعد اُسکے نفاطہ دار ہو کر سوراخ دار ہو جاتا ہی اور ایک دھاگے کے مانند اُس سے نکلتا ہی اور جس وقت نفاط شروع ہو اور جانین کہ عرق مدنی ہی صبر نہ دم دین اور دوسرے دن ایک درم تیسرے دن ڈیڑھ درم کھلا دین اور بھی صبر کو طلا کرین فائدہ بخشے البتہ لیکن اگر رشتہ باہر نکل آوے اُسکو اوپر ایک ٹکڑے شیشے کے کہ بوزن ایک درم کے ہو لپیٹین اور آب گرم اُسپر ڈالین اور روغن ملین اور نمک بھی تو رشتہ آسانی سے نکل آوے اور جسقدر نکلے لپیٹتے جاوین اور احتیاط کرین اس سے کہ ٹوٹ نہ جاوے اور تنقیہ بدن کا واجب جانین۔

فائدہ ۔ بثور دیگر بہت ہین کہ ذکر انکا یہان علحدہ نہین ہوا ہی اور تدبیر اُنکی اسی بحث سے کر سکتے ہین۔

دوا ۔ کہ عقد غددی کو موقوف کرے پہلے عقد کو دباوین تو پست ہو کر برابر ہو جاوے بعد اُسکے ٹکڑا گول

شیشے کا کہ بھاری ہو اُسپر مضبوط کر کے باندھین اور تین دن بند ہوا رکھین بعد اُسکے طلا صبر لگا دین۔

دوا ۔ کہ آگ سے جلنے کو فائدہ کرے پارچۂ کتان کو گلاب مین جو برف سے سرد کیا ہو تر رکھین اور رکھین اور جب نیم گرم ہو بدل دیوین اور اسیطرح مکرر کرین اگر احتراق خفیف ہو اسی تدبیر سے تسکین قبول کریگا ورنہ جانب مخالف کی فصد کرین۔

دیگر ۔ واسطے احتراق شمسی کے کہ ساتھ درد شدید کے ہو سفیدی زردی انڈے کی ساتھ روغن گل کے ملاکر روئی اُسمین آلودہ کر کے رکھین۔

دیگر ۔ واسطے جلنے کے آگ سے کہ بدون درد شدید کے ہو نفع کرے عدس مقشر سفیدہ رانگے کا دو نون کو باریک پیسکر ساتھ سرکے کے طلا کرین اوپر اُسکے کپڑا کتان کا گلاب مین جو سرد برف سے کیا گیا ہو بھگو کر رکھین جب گرم ہو جاوے بدل دین۔

دیگر ۔ واسطے تنفط نورہ و احتراق کے مرہم سفیدے کا یا مرداسنگ مع روغن گل و سفیدی انڈے کی ملاکر طلا کرین۔

دیگر ۔ واسطے بشرہ بدن کے کہ دلک نورہ سے ہو سرکہ روغن گل مین ملاکر لگائین۔

دیگر ۔ واسطے احتراق زبان کے نورہ سے کہ ساتھ پان کے کھایا جاتا ہو لعاب اسبغول و بہدانہ کی کلیان کرین اور روغن بادام و روغن جوز ہندی ملین اور مغز انکا چباوین اور ہمراہ روغن گاؤ کا اور مسکہ بھی فائدہ کرتا ہی

دیگر ۔ واسطے جلنے کے روغن گرم سے نفع کرے سفیدی انڈے کی ساتھ تھوڑے زیت یا روغن کنجد کے ملین اور سفیدہ رانگے کا باریک کر کے ملا دین اور طلا کرین اور جو تدبیر بیچ احتراق آگ کے گذری ہی نفع کرتی ہی۔

دیگر ۔ واسطے جلنے کے گرم پانی سے فائدہ کرتی ہی جو کی راکھ کے ساتھ زردی انڈے کی ملاکر رکھین اور جبتک چھالا نہین پڑا کپڑا سرد کر کے رکھین اور جو بیچ حرق النار کے گذرا ہو عمل مین لاوین اور راکھ کا تنقیل کرین اور بہتر یہ ہی کہ راکھ کو پانی مین ملا دین جب راکھ نیچے بیٹھ جاوے صاف کرین اور راکھ دوسری ڈالکر صاف کرین اور پانچ مرتبہ اسیطرح کرین بعد اُسکے کام مین لاوین اور واسطے احتراق کے صواعق سے جو کچھ بیچ حرق النہار کے گذرا فائدہ کرتا ہی اور واسطے احتراق کے آفتاب سے مرہم کافوری و مرہم سرکا استعمال کرین اور واسطے احتراق کے عسل بلادر سے پچھنے لگا دین اور حجامت کرین بعد اُسکے مرہم سرکہ کا لگا دین

تدبیر بالون کی اور داء الثعلب وداء الحیہ کی

دواء ۔ کہ بالون کو جماوے اور داء الثعلب کو نافع ہو قیصوم پرسیاوشان بابونہ ہر ایک ایک اوقیہ پانی مین پکاوین یہانتک کہ گاڑھا ہو جاوے بعد اُسکے ملکر صاف کرین اور برابر اس پانی کے کہ روغن پان ملاکر آہستہ پکاوین یہانتک کہ پانی جلکر روغن رہجاوے پس اُسکو ملین ۔

دیگر ۔ کہ داء الثعلب کو نافع ہو خربق اسود بحر تین درم بورق خردل کبریت زرد تیغافر بون

ہر ایک ایک درم مویزج وزراوند ہر ایک نصف درم کوٹکر چھانکر روغن زیت کہنہ مین ملاکر ضماد کرین بعد ملنے کے ساتھ بصل کے اور جب چھالا پڑے ایک دن درمیان دیکر لگاوین اور چربی بط و مرہم سفیدہ سے معالجہ کرین تو چھالا ساکن ہو جاوے پھر اعادہ کرین اور اگر حاجت ہو۔

دیگر۔ کہ بال ڈاڑھی اور بھوؤن کے جماوے زبد البحر راکھ قیصوم کی باریک کرکے ساتھ روغن زیتون کے ملین اور شراب صرف پیین اور تدبیرون سے جو روغن باعتدال ہین عمل مین لاوین۔

دیگر۔ کہ خزاز کو فائدہ کرے آرد نخود دس درم آرد گندم بورق سبوس زجاج مسحوق خردل ہر ایک پندرہ درم خطمی حلبہ ہر ایک دس درم سکو باریک کرکے ساتھ سرکۂ خمر اور تھوڑے پانی کے ملاکر سر کو اُس سے دھووین اور خوب ملین اور ہر ہفتہ مین غسل کرتے رہین ایک مرتبہ اور اوپر حلق کے اور کانون کے روغن گل ساتھ تھوڑے سرکے خوب ملایا ہو حمام مین ملین۔

دیگر۔ کہ بالون کو جماوے اور گرنے و جھڑنے سے منع کرے لادن کو شراب مین حل کرکے برابر اُسکے روغن آس ملاوین اور بالون کی جڑون مین رات کو ملین اور صبح کو حمام کرین اور گرم پانی سے دھووین

دیگر۔ کہ صلع کو منع کرے اور صلع تازہ کو دور کرے برگ سیاوشان برگ آس ریشۂ درخت صنوبر کندر سب برابر لیکر بریان کرین اسطرح کہ قابل پیسنے کے ہو جاوے پس لادن و مرصافی ہر ایک ایک جزو زیادہ کرے کے ساتھ شراب کہنہ و روغن تخم ترب کے پیسین اور وقت رات کے سر پر طلا کرین اور صبح کو دھووین اور مداومت کرین۔

دیگر۔ کہ تساقط بالون کو منع کرے اور ابتداے اور صلع کو نافع ہو مازو بلیلہ کابلی برگ آس شراب مین اسقدر پکاوین کہ گہرا ہو جاوے پس زیت الانفاق ایک رطل لیکر لادن ایک اوقیہ مصطگی نصف اوقیہ کو اُسمین پگھلاکر رکھین اور اُس شراب مین مطبوخ کو صاف کرکے پکاوین یہانتک کہ میل غلظت کرے پس روغن کو اُسمین ملاکر پکاوین یہانتک کہ گاڑھا ہو جاوے پس رات کو لگاکر سو رہین صبح کو ساتھ جوشاندہ آس کے دھووین۔

دیگر۔ کہ بالون کو تناثر سے مانع ہو آنولا برگ آس کو پانی مین پکاوین جب پانی سرخ ہو جاوے لیکر زیت الانفاق ایک رطل اور برابر اُسکے آب جوشاندہ مذکور ملاکر پکاوین یہانتک کہ پانی جلجاوے پس لادن ایک اوقیہ شراب مین حل کرکے اُسمین زیادہ کرین اور سر اور ڈاڑھی مین ملین۔

دیگر۔ کہ بالون کو قوت دے اگر مداومت کرین اور سیاہ کرے برگ لالہ برگ آس برسیاوشان سنبل الطیب سعد تخم خیقندر تخم کرفس آملہ ہر ایک ایک حفنہ بیچ تین رطل پانی کے پکاوین بعد اسکے صاف کرین اور روغن خیری ایک رطل ملاکر پکاوین یہانتک کہ پانی جلکر روغن رہجاوے پس اقاقیا و ریشۂ درخت صنوبر ہر ایک ایک اوقیہ باریک کرکے ملاوین اور نگاہ رکھین

اور ہر دن اُس سے تدہین کرتے رہین -

دیگر - واسطے اُس شخص کے کہ شیب نے جلدی کی ہو ہلیلہ سیاہ دس درم ہلیلہ کندر خوکر طباشیر ہر ایک پانچ درم فلفل اڑھائی درم زنجبیل درد وج ہر ایک ڈیڑھ درم صندل سفید تخم کاسنی ہر ایک تین درم کوٹ کر چھان کر ساتھ عسل ہلیلۂ کابلی مربا کے گھولین مقدار خوراک تین درم -

انتباہ - ادویہ مسودہ بیچ خضاب کے اور ادویہ داء الثعلب و داء الحیہ کی بحث ب مین اور بیچ حروف دیگر کے بھی متفرق مذکور ہوئی ہین -

دیگر دواء - کہ بالون کو تجعید کرے آرد ہلیلہ بزر البنج سفید مازو برگ سدر و نورہ مرداسنگ سبکو آپ مین پیسکر ساتھ پانی کے ملاوین اور باندھین -

دیگر - کہ تجعید کرے برگ سدر سفید یا مازو کو پیسکر غلاف کرین -

دیگر - کہ بالونکو دراز کرے اور تناثری سے باز رکھے چقندر کو پانی مین جوش کرکے تھوڑا دہی ملاوین اور بالونکو اس سے دھوئین بعد اسکے تدہین کرین -

دیگر - کہ بالون کو بڑھاوے پرسیاوشان تازہ آملج مرد برگ آزاد درخت ہر ایک تھوڑا تھوڑا لیکر بیچ خیساندۂ آملہ کے بھگوئین اور سر مین بطور غلاف کے لگاوین بعد اُسکے دھووین -

دیگر - کہ تشقق اطراف شعر کو فائدہ کرے آب و روغن کو آپسمین ملین جب ایک ذات ہو جاوین بالون پر ملین اور بھی ساتھ البعہ کے مانند لعاب تخم کتان و اسبغول

و برگ کنجد کے بالون کو دھووین پس اگر کفایت کرے بہتر ورنہ راحت و طعام و شراب و حمام مین زیادتی کرین اور اگر بدن فربہ و حال اچھا ہو اور پھٹنا کنارہ بالونکا قلیل ہو علاج نہ کرین اور جب مرض مذکور مفرط اسہال متواتر و فصد متعدد کرین اور بہتر تدبیر ول یہ واسطے تشقق شعر کے اسہال صفرا کا و ترطیب بدن کا ہے -

دیگر - کہ تساقط موے کو نافع ہے و عجیب الاثر ہے فانہ یقبض ویجذب لاذن تین درم مازو مصطگی کندر ہر ایک ایک درم قردمانا ہر ایک دو درم باریک کرکے روغن گل مین حل کرین اور بالون کی جڑون مین ملین اور روغن ہاے نافع بال کے بیچ حرف الزا کے آوینگے -

ترکیب نورہ سفید رنگ - کہ بیچ حلق کرنے بالون کے قوی و حاد ہے اصداف مکلس آٹھ جزو زرنیخ زرد نیخ زرد مسحوق ایک جزو دونون کو ہاون مین ساتھ پانی کے ملین اور دو ساعت رکھکر طلا کرین اور اگر زبدالبحر یا جبسین کو مکلس کرین نورہ اُسکا بھی سفید ہوتا ہے -

دیگر - کہ بالون کو باریک کرین رماد الکرم یا بورۂ ارمنی نورہ مین ملاوین اور بدن پر لگاوین اور بعد دھونے نورہ کے ساتھ آٹے جو و باقلا کے اور تخم خربزہ کے دلک کرین فانہ جید -

دیگر - کہ بالون کو باطل کرے اور جلد حلق کرے آہک قوی تازہ مین چھ حصہ پانی ڈالین اور تین دن رکھین بعد اسکے صاف کرکے چھٹا حصہ اُسکا اور چونا ڈالین اور بعد تین دن کے صاف کرکے اُسی قدر اور چونا ڈالین اور بعد تین دن کے صاف کرین بعد

اسکے ہرتال زرد تہائی حصہ اُسکا ڈال کر باریک پیسکر
دھوپ مین رکھین اور بالون کے اوپر امتحان کرین
بعد اُسکے صوف مین لگاکر بدن کو ملین کہ جلد حلق کرتا
ہی اور بعد اُسکے روغن گل ملین۔
دواء۔ کہ بالون کو باطل کرے بالون کو اُکھاڑ کر
اسبغول و سرکہ آپسمین ملاکر طلا کرین یا بیخ افیون
و سرکہ یا خون ضفادع آجاوے یا خون سلحفاۃ یا وہ
روغن کہ جسمین خطاطیف پکایا ہو یہانتک کہ پھٹ جاوے
یا وہ روغن کہ قنفذ اُسمین پکایا ہو یا جند بید ستر یا شہد
ملکر طلا کرین۔
دواء۔ کہ جو بیچ بغل و عانہ و ذقن کے ملین جمنے بالون
کو منع کرے قیمولیا اسفیداج رصاص ہر ایک ایک جزو
شب نصف جزو ساتھ پانی بیخ رطب کے طلا کرین۔
دیگر۔ کہ جلد جمنے بالون کو منع کرے تخم بیخ سرکہ مین
پکاکر طلا کرین اور اسپر ادامت کرین بالون کے
نکلنے کو منع کرے۔
دواء۔ کہ بوے نورہ کو قطع کرے برگ شفتالو
و عصفر و حنا و درد و سک و بنگ مفرداً و مجموعاً باریک
کرکے طلا کرین۔
تدبیر۔ کہ منع سوزش نورہ کی کرے لیکن دیر تک
لگا نہ رہنے دین جلد دھووین اور پیش از طلا روغن گل
ملین۔
تدبیر۔ کہ نورہ کو چھالا ڈالنے نہ دے بعد نورہ لگانے
کے آب گرم سے دھووین یہانتک کہ پاک ہوجاوے
پس مدت طویل تک سرد پانی مین بیٹھین اور پانی خوب

سرد بدن پر گراوین خصوصاً ان جگہون پر کہ عادت
نکلنے چھالون کی یا جلنے کی نورہ سے ہو اور ملک
ساتھ سرکہ و روغن گل کے بعد لگانے نورہ کے مانع
چھالے نکلنے کی ہی اور چاہیے کہ عدس مقشر ساتھ سرکہ
و گلاب کے پیسکر لتہ اُسمین تر کرکے اوپر مقام سوختہ
کے بقدر مناسب لگادین۔
دواء۔ کہ جب بدن پر نورہ سے چھالے پڑین
رفع و اصلاح کرے مرہم اسفیداج یا مردار سنگ
ساتھ روغن گل و سفیدی انڈے کے ملین اور
جانین کہ ادویہ مخفیۂ اکثر بیچ حرف الخاء کے گذری ہین
اور ادویۂ دیگر نافع بالون کی بیچ ہر حرف مناسبہ کے
بھی متفرق مذکور ہوئی ہین اور روغن نارجیل مخضب
بیچ حرف الراء کے آویگا۔
تدبیر تسمین و تہزیل کی دواء۔ کہ بدن کو فربہ
کرے اور ممتلی ہی یہ سفوف ہمنہ قرفہ خولنجان زیرہ زنجبیل
نانخواہ حب الخروع ہر ایک پانچ درم جرب سفید حب السمنہ
تودری بوزیدان بہمنین سورنجان شیرین خبث الحدید
پروردہ سرکہ مین اور خشک و بریان کیا ہوا ہر ایک
دس درم انزروت زرنباد ہر ایک تین درم دروغ
جو زجندم ہر ایک سات درم کوٹکر چھان کر
یکجا کرین اور بقدر کف دست صبح کو اور
اسی قدر شام کو کھاوین اور بعد اُسکے آرد بار دو
باقلا و نخود و گندم مغز بادام و شکر کا حریرہ بنا کر
پیبین۔
فائدہ۔ جو شخص کہ طالب فربہی کا ہو اُسکو چاہیے کہ

چیز ترش و شور سے پرہیز کرے اور لقب شدید مغز طاور دیر تک بیٹھنے سے حمام مین اجتناب لازم جانے اور مقرر کرے کہ بعد تناول غذا کے نبیذ پیا کرے۔

دیگر - کہ بیچ تسمین کے نفع کرتی ہی خروع مقشر کر کے خوب کوٹین اور دودھ گاے کا اُسمین ملاوین اور ہلکے ہلکے قرص بنا کر پکاوین اور ہر صبح ایک اوقیہ ان اقراص سے باریک کر کے ساتھہ آب تازہ و شکر کے ملا کر پین بعد اسکے آرد باقلا و نخود و برنج و شیر و کنک سے حریرہ بنا کر پین اور اگر تھوڑا مغز بادام بھی اضافہ کرین اور بعد تناول غذا کے حمام کرین بہت نافع ہی۔

دیگر - سہل المأخذ قوی التسخین مغز بادام خشخاش مغز فندق مغز چلغوزہ حب السمنہ مغز حب الخضرا روغن گاؤ و شکر ہر ایک بقدر حاجت کے لیوین لبوب کو گھی مین ملا کر شکر کے قوام مین ملاوین اور بقدر حاجت کے صبح و شام کھائین۔

دیگر - کہ فربہ کرے نخود سفید پچاس درم سرکا اور تھوڑے پانی مین ایک رات دن بھگو کر خشک کرین و برنج شستہ و خشک کردہ و نان ماندہ و خشک کردہ اور کشک جو و کشک گندم و خشخاش سفید ہر ایک بیس درم مغز بادام شیرین ساٹھ درم شکر طبرزد نصف من جملہ کو کوٹ کر اُسمین ملا کر ہر صبح تیس درم ساتھ تازہ دودھ کے پیین۔

دیگر - کہ بیچ تسمین کے عجیب ہی کہربا بہمن سفید مغاث زرنباد جوز جندم تخم خشخاش سفید ہر ایک سات درم کوٹ کر چھان کر روغن مین بریان کرین اور

پست گندم چھ سو درم ملاوین اور ساتھہ روغن بادام و شکر کے کھاوین۔

دیگر - کہ اہل بغداد استعمال کرتے ہین عناب مویز کو پانی مین خوب پکاوین بعد اُسکے نچوڑ کے پانی لیوین یہان تک کہ غلیظ ہو جاوے بعد اُسکے مغز تخم خیارو مغز تخم بادام و خشخاش سفید و مغز تخم کدو و صمغ عربی جملہ بریان کر کے و باریک کر کے تھوڑا جوش کرین بعد اُسکے روغن بنفشہ اور چربی مرغی موٹی کی اُسمین ڈال کر پکاوین کہ مانند حلوا کے ہو جاوے بعد اسکے تھوڑا گلاب بھر کین اور ہلاوین تو گھی علیحدہ ہو جاوے پس بقدر ہاضمے کے کھاوین اور گھی اُسکا بدن پر ملین۔

دیگر - کہ بیچ تسمین بدن کے بہتر اس سے نہین دیکھی گئی کذا قال المنتہر قندھی تودری سفید و سرخ تخم خشخاش سفید ہر ایک پانچ درم حب المحلب زنجبیل قرفہ دارچینی شقاقل ہر ایک تین درم حب السمنہ بوزیدان جوز جندم حب القلقل ہر ایک ایک درم زعفران دس درم عسل کف گرفتہ دو من مغز بادام آرد برنج شکر سفید فانیذ سفید ہر ایک ایک من مغز فندق کتیرا روغن شیطرج ہر ایک نصف من جوز ہندی آرد باقلا آرد نخود ہر ایک دس استار فانیذ کو کوٹ کر ساتھ عسل کے ملاوین اور آگ پر رکھین تو مختلط ہو جاوین بعدہ اُتار لیوین اور ادویہ کوٹ کر چھان کر سواے زعفران کے اُسمین ملاوین اور زعفران کو گلاب مین حل کر کے ساتھ

شکر کے ملاوین اور آگ پر پکاوین اور روغن تھوڑا
تھوڑا ملاوین وہلاوین تو مانند حلوا کے ہو جاوے
بعد اسکے اسکو ساتھ سابق کے ملاوین اور ہر دن پانچ
درم کھاوین بعد تھوڑی دیر کے حمام کرین۔
دیگر۔ کہ بیچ تسمین کے اسرار مجرب سے لوگون نے
شمار کیا ہی کتیرا مغز بادام شیرین نشاستہ شکر جملہ برابر
لیکر بقدر لائق تناول کرین اور مداومت فرماوین
مجرب ہی خصوصاً بعد اسکے شیر کہ اسمین نارجیل جوش
کیا ہو پیین۔
فائدہ۔ فربہی بافراط خطرہ بہت رکھتی ہی لہذا قالوا لاخیر
فی السمن المفرط پس اگر کوئی شخص افراط سمن مین مبتلا ہو
تدبیر تہزیل یعنی لاغری کی لازم جانے۔
دوا۔ کہ بدن کو لاغر کرے نانخواہ تخم بادیان سداب
زیرہ کرمانی ہر ایک چار درم مرزنجوش خشک بورہ ارمنی
ہر ایک ایک درم چوب لک بالک مغسول دو درم
کوٹکر چھانکر ہر دن ایک مثقال کھاوین۔
دیگر۔ کہ دبلا کرنے والی ہی لک مغسول سندروس ہر ایک
چار دانگ مرزنجوش نصف درم زاج زرد انزروت خطمیانا
ہر ایک ڈیڑھ دانگ کوٹکر چھانکر دو دانگ دین۔
دیگر۔ لک مغسول ایک درم ساتھ سرکہ کے چند دن
نہار کھاوین کہ بدن کو دبلا کرے اور دریافت کرین
کہ واسطے تخفیف بدن کے مسہلات و مدرات دین
اور تقلیل غذا کی کرین اور اوپر عطش کے صبر کرین
اور کثرت تعب اور حمام یابس و تقلیل نوم مفید ہی
اور پسینا نکالنا بھی اور روغن گرم محلل مانند روغن

شبت وقسط کے لین اور اطریفلات بطور دوام کے اور
معجون کمونی والقرنیا و سنجرنیا اور سب دوائین گرم و خشک
کھاوین اور خواب کرنا اوپر سخت زمین کے اور آرام
سے نہ رہنا مدد کرتا ہی اوپر دبلا ہونے کے۔
تدبیر اظفار دوا۔ کہ برص الاظفار کو نافع ہی زفت
رطب ملک الانباط خاکستر سم نہنگ نے آپسمین ملاکر ضماد
کرین۔
دیگر۔ زرنیخ تنہا و زرنیخ دبق سرکہ کے یا ساتھ دُرد
سرکہ کے ملاکر لگاوین۔
دیگر۔ تخم حلبہ تخم کتان کوٹکر ساتھ عسل کے ملاکر طلا کرین
اور اگر حاجت تنقیہ کی ہو استفراغ بدن کا مقدم جانین۔
دوا۔ کہ صفرۃ الاظفار کو نافع ہی تخم جرجیر سرکہ مین پیسکر
اوپر ناخن کے طلا کرین اور تقلیل صفرا کی کرین۔
دوا۔ کہ تشقق الاظفار کو نافع ہی برگ مورد برگ
سرو کوٹ کر طلا کرین اور انار نارسیدہ شراب مین پکاکر
ضماد کرین اور مراہم وچربیان ساتھ سرگین بز و سرگین
گاؤ کے گھول کر رکھین۔
دوا۔ کہ تشقق الاظفار کو نافع ہی اور اسکو اسنان الاظفار
بھی کہتے ہین چربی مرغ چربی بط لعاب تخم کتان و حلبہ
آپسمین ملاکر ضماد کرین۔
دیگر۔ سریش و سرکہ ساتھ عنصل و روغن کنجد کے
یا سریش و نمک و دُرد سرکہ ساتھ مصطگی و نمک کے کوٹکر
طلا کرین اور اسی طرح پھٹکری و نمک خوب کوٹکر ساتھ
سرکہ کے ملنا اور ہمیشہ نمک و سرکہ سے دھونا فائدہ
کرتا ہی اور چاہیے کہ بالکل بیچ ترطیب بدن کے

کوشش کرین اور ساتھ ماءالجبن وغیرہ کے تنقیہ سودا کرین۔

دواء۔ کہ جذام و تعقف الاظفار کو نافع ہو مرہم داخلیون ضماد کرین اور کبھی روغنہاے ملینہ و مغز ساق گاؤ و موم روغن لگاوین اور تنقیہ سودا کا کرین فصد و مسہل سے اور اصلاح کرین ساتھ اغذیۂ لطیفہ جید الکیموس کے اور جذام الاظفار عبارت اس سے ہو کہ ناخن غلیظ و مجتمع ہو جاوے اور جب چھیلین ریزہ ریزہ ہو جاوے

دواء۔ کہ تقلع الاظفار کو فائدہ کرے اور معنی تقلع کے اُکھڑ جاتا ہو سبب اسکا اگر استرخا ہو نشانی اُسکی نہونا درد کا ہو پس اشیاے خشک و گرم کو ضماد کرین اور تنقیہ بلغم کا کرین اور اگر خون ہو نشانی اُسکی الم شدید ہو اشیاے سرد و خشک کو رکھین اور فصد صافن کی کھولین اور ساقون پر حجامت اور ہاتھ کے ناخن مین ہو رگ باسلیق کی اور اگر پانوُن کے ناخن مین ہو حتے المقدور خون کی تیزی کو تسکین کرین۔

دواء۔ کہ انتفاخ و خارش اظفار کو نافع ہو ناخنون کو آب دریا سے یا آب عدس و کرسنہ سے کہ جوش کیا ہو دھو کر زفت یا انجیر کو ضماد کرین۔

دواء۔ کہ رض الاظفار کو نفع کرے برگ آس برگ انار کوٹ کر ابتدا مین ضماد کرین اور بعد ساکن ہونے درد کے آرد گندم و زیت ساتھ چربی بز اور تھوڑی گبریت کے ضماد کرین۔

دواء۔ کہ طلیقہ کو نافع ہو اور طلیقہ وہ ہو کہ ناخن مانند ابرک کے سفید و براق و سہل الانکسار ہو جاوے چاہیے کہ زوفا رطب حب المحلب بادام شیرین چربی تازی ضماد کرین اور غذا مرطب کھاوین اور بعد النضج کے اور ساتھ مطبوخ افتیمون کے تنقیہ کرین۔

دواء۔ کہ واسطے موت الدم تحت الظفر کے نافع ہو آرد گندم زفت ساتھ سرطان نہری کے پکا کر زرنیخ سرخ کوفتہ ملا کر ضماد کرین اور ساتھ مطبوخ کے سر دانا مین کئی دفعہ دھویا کرین اور کبھی کبھی تخم جرجیر و سرکہ طلا کرین اور ناخن مذکور کو کئی دفعہ چوبیس ساعت بعد ساعت۔

دواء۔ کہ داخس کو فائدہ کرے اور وہ ورم گرم ہو کہ ناخن کی جڑ مین پیدا ہوتا ہو اور درد شدید و ضربان و تمدد قوی ہوتا ہو پہلے فصد کرین اور مسہل دیوین اور واسطے تعدیل مزاج کے آب جو مانند اُسکے پلاوین بعد اُسکے اگر مادہ کمتر و شدید الحرارت ہو ابتدا مین مازو و صبر و سرکہ یا چرک آہن و سرکہ یا اسبغول و سرکہ طلا کرین اور برف مین سرد کرکے اور رکھنا اُنگلیون کا برف مین فائدہ کرتا ہو اور اگر درد مفرط ہو زرنیخ و افیون سرکہ مین ملا کر طلا کرین اگر اس تدبیر سے درد ساکن ہو فہو المراد ورنہ روغن زیت کو گرم کرکے اُنگلیان اُسمین رکھین تو مادہ تحلیل قبول کرے اور اگر اس سے بھی دفع نہو تخم کتان تخم مرو ضماد کرین تو ورم پک جاوے پس نشتر سے چیرین جو اسمین نکال کر مراہم مدملہ سے اندمال کرین اور جانین کہ اگر مادہ بہت ہو استعمال برف کا اور ادویۂ مفردالبرودۃ کا درست نہین ہو۔

تدبیر نکالنے پسینے کی - سبب اُسکا اگر امتلاے اخلاط ہی تنقیہ کرین اور اگر کثرت تناول غذا کی ہی تقلیل غذا کرین اور جوع و ریاضت فائدہ مند ہی اور اگر ضعف ماسکہ و انفتاح مسام ہی نشانی اُسکی فتور قوت و ظہور ضعف ہی حابسات استعمال کرین اور اگر زیادتی حرارت و گرم ہوا و افراط ریاضت اور مانند انکے ہی قطع سبب کافی ہی اور اگر دفع طبیعت سے ہی کہ مادۂ مرض دفع ہوتا ہی نشانی اُسکی وجود حمی اور واقع ہونا تپ کا بیچ بدن بحران کے ہی ایسے عرق بحرانی کا حبس درست نہین ہی مگر وقت زیادتی ضعف کے۔

دوا - کہ عرق کو حبس اور مسام کو بند کرے ارز سماق کشنیز عدس عناب پانی مین بھگوئین یا جوش کرین پانی اُنکا بدفعات پیین تنہا یا ساتھ شربت خشخاش کے۔

دیگر - کہ عرق کو بند کرے مازو کو ساتھ تھوڑے سفیدۂ رانگے کے باریک کرکے روغن گل ملا کر بدن پر ملین۔

دیگر - گل ارمنی مردار سنگ ساتھ گلاب کے ترتیب کرکے و باریک کرکے ساتھ گلاب کے بہیکر طلا کرین

دیگر - گل سرخ گلنار اقاقیا حضض کندر روغن گل گلاب مین بہیکر طلا کرین اور تدہین ساتھ روغن مرکے بھی بہت نفع کرتی ہی اور ہریسہ گوشت نمک سود و گوشت گاؤ و مانند اُنکے جو غذا کہ غلیظ ہو عرق کو حبس کرتی ہی۔

ادویۂ عرق اور تدبیر معرق - جاننا چاہیے کہ معرقات خارجی سے حمام ہی اور انکباب و ریاضت و حرکت و تدثر اور بھی آب کرفس و گلاب و تھوڑا سرکہ و روغن گل آپس مین ملا کر بدن پر ملنا اور اسی طرح روغن بابونہ تنہا یا ساتھ بورۂ ارمنی کے ملنا اور معرقات داخلی سے سکنجبین سادہ یا بزوری تنہا یا ساتھ آب کاسنی وغیرہ کے پیین اور اسی طرح شربت گل و شربت بنفشہ و نخود آب و قلیۂ زردک۔

ادویہ و تدابیر - کہ واسطے عرق الدم و عرق دموی کے کام مین آوین پہلے فصد کرین اور مسہل دیوین اور جو چیز کہ مسکن خون و کاسر حدت خون ہی پیین مانند نقوع زرشک و کاسنی و کشنیز و عناب و توت شامی و زردآلو ترش و دانہ انار و شربت آلو و عناب و سماق بدستور و بعد حصول تنقیہ و تلطیفہ کے پوست انار و آس و برگ طرفا و جوز السرو و جفت بلوط جوش کرکے بدن پر ملین اور جو چیزین کہ بیچ حبس عرق کے مفید ہین استعمال کرین۔

حرف الذال

ذرور سیقولان - کہ زخم مزمن کو ایک دفعہ یا دو دفعہ مین اندمال کرے اور جب اوپر سلعہ و غدد کے بعد ٹوٹنے کے اسی طرح خشک باندھین جلد زائل کرے یہ مجربات دامیر اد سے ہی کندر دو درم مر صاف ڈیڑھ درم گلنار تین مثقال جفت بلوط ایک مثقال گل ارمنی گل سرخ ہر ایک دو ثلث مثقال

ریشمی کپڑے مین چھان کر چھڑکین۔

ذرور اعظم ۔ واسطے آکلہ و قروح ساعیہ منھ و گلو کے اور تمام اعضا کے مجرب ہی اور نظیر نہین رکھتا ہی اور بیچ بند کرنے خون زخمون کے اور جمانے گوشت کے اور منع کرنے ورم اور قروح کے اور انصباب مواد کے آزمودہ و اسرار سے ہی بال جلائے ہوئے گلنار شاخ گاؤکوہی سوختہ برگ عناب گل ارمنی ہر ایک دو جزو کندر رسیدہ رانگے کا توتیا کرمانی شستہ ہر ایک ایک جزو ریشمی کپڑے مین چھان کر استعمال کرین اور جسوقت سوائے گلو و منھ کے مستعمل ہو صبر زرد ایک جزو و مردار سنگ آگ مین رکھکر سرخ کیا ہوا اور بیچ آگ کے ڈالا ہوا اور دھویا ہوا دو جزو اضافہ کرین اور اگر چاہین بتی اُسکی بناکر سوزاک مین استعمال کرین اور اگر شاخ گاؤکوہی موجود نہو استخوان سوختہ بدل اُسکا ہی۔

ذرور جبسین ۔ واسطے نزف الدم جراحات کے نظیر نہین رکھتا ہی جبسین تین درم آہک شستہ دو درم زاج سفید سماق دم الاخوین ہر ایک ایک درم کندر صبر زرد ہر ایک نصف درم مانند غبار کے پیسکر استعمال کرین اور ہر ایک اُنمین سے مفرد بھی یہی اثر رکھتی ہی۔

ذرور شعر ۔ بیچ رفع آکلہ کے اور تجفیف قروح کے مجرب ہی موئے سوختہ دو جزو پوست پیاز سوختہ ایک جزو تخم ریحان بو دادہ نصف جزو کافور قیصوری ربع جزو۔

ذرور مصعد ۔ مجربات حکماے قدیم سے ہی اور بیچ اندمال و تجفیف جراحات عسیر البرء کے اور بیچ رفع کرنے آکلہ و قروح ساعیہ کے اور دور کرنے گوشت زائد کے اور بیچ اسقاط بواسیر کے قائم مقام حدید کے ہی زرنیخ سرخ و زرد ہر ایک دو جزو آہک آب نادیدہ زاج سفید ہر ایک ایک جزو زاج زرد و زاج سرخ ہر ایک ربع جزو زنگار سرکہ کے گھول کر چھبیس دن درمیان جو کے رکھکر تصعید کرین اور جو اس سے مصعد ہو واسطے اندمال جراحات و آکلہ کے اور جو رہ رہا سب ہو واسطے اسقاط بواسیر کے اور نکالنے اور گوشت زیادہ کے استعمال کرین کہ بہتر قطع سے ہی اور اہل فرنگ بنانا اسکا بعض امور مین بہت نافع جانتے ہین لیکن خلاف واقع معلوم ہوتا ہی

ذرور انزروت ۔ واسطے رطوبات کے و گوشت زائد کے مجرب ہی انزروت پوست انار مازو شب یمانی کاغذ کبود سوختہ سعد ہر ایک دس درم نحاس سوختہ پانچ درم کندر مرصاف دم الاخوین ہر ایک دو درم۔

ذرور گلنار ۔ کہ اسرار سے ہی اور بیچ اندمال زخم کے نہایت سریع الاثر و عظیم الفعل ہی گلنار صبر زرد فشار کندر ہر سہ برابر۔

ذرور صندل ۔ واسطے قروح حار المزاج ملتہب و متورم کے نہایت موثر ہی اور عجیب الفعل صندل سرخ نیلوفر صبر زرد برابر۔

ذرور انزروت — کہ قروح کو پاک کرے نسخہ تین درم انزروت مرباسفیدہ راسنگے کاہر ایک دو درم کوٹ کر چھان کر ذرور بنائین —

ذرور ار لیھ — کہ گوشت جماوے اور خون زخم سے کہ جو جاری ہو اور رعاف کو نافع ہے انزروت مرکند دم الاخوین مساوی الوزن کہ کوٹ چھانکر استعمال کرین

دیگر — کہ یہی خاصیت رکھتا ہے انزروت دم الاخوین مرکند گلنار گل ارمنی ہر ایک ایک درم عدس مقشر دو درم کوٹکر چھانکر ذرور بنائین —

ذرور — کہ گوشت فاسد کو کھاوے اور سر زخم کے بند و سخت کرے اور وقت اچھے ہونے کے پہلے سر جراحت کو کھولے اور رطوبت کو خشک کرے اور گوشت جماوے انزروت چار درم دم الاخوین دو درم گل مختوم مردار سنگ کندر ہر ایک ڈیڑھ درم گل ارمنی شیاف مامیثا ہر ایک ایک درم صبر سقوطری زراوند مدحرج ہر ایک دو درم کوٹ کر چھانکر استعمال کرین —

ذرور — کہ آگ و روغن وغیرہ سے جلنے کو نافع ہو مرداسنگ آہک حنا ہر ایک تھوڑا تھوڑا کوٹ کر پہلے جلی ہوئی جگہ پر روغن گل لگا کر اس دوا کو چھڑکین تین دن مین خشک ہو —

ذرور — کہ گوشت کو کم کرے اشنان کو باریک پیسکر اوپر گوشت فاسد کے چھڑکین اور سجی پسی ہوئی اس سے اقوی ہے اور زنگار پسا ہوا و شب یمانی بھی عمل کرتی ہے —

حرف الراء

روغن جوز ہندی — کہ منجملہ مخضبات کے ہے جوز ہندی مین سوراخ کرین اور آلہ تیز و ٹیڑھے سے مغز جوز کا چھوٹا کرکے اُسی مین رہنے دین بعد اُسکے شقائق النعمان اُسمین بھرین زوریسے اور دستخج و نوشادر ہر ایک دو درم باریک کرکے ملادین پس جوز پر خمیر لگا کر اوپر اُسکے مٹی لگائین اور بہت گرم تنور مین ایک رات رکھین صبح کو نکالین و روغن اُسکا لیوین فانہ یخرج منہ دہن صاف اسود مسود —

نوع دیگر — کہ بالون کو سیاہ کرے اور چھ مہینے تک سیاہی قائم رہے جوز ہندی کا سر کاٹ کر مغز اُسکا نکال ڈالین اٹھارہ درم مغز اُسکا ساتھ دس درم آملہ و دو درم برادۂ آہن و نصف درم بورۂ ارمنی کے خوب پیسکر اُس جوز مین بھرین اور سر اُسکا بند کرکے تمام جوز کو گل حکمت کرکے آگ مین رکھین یہانتک کہ ایک ساعت بخوبی گذرے بعد اُسکے نکال لیوین روغن کہ اُس سے ٹپکے اُٹھا رکھین اور وقت حاجت کے ملین

روغن مورد — کہ بالون کو گرنے سے بچاوے اور گرے بالون کو جماوے آب مورد تین جزو روغن زیت ایک جزو جوش کرین یہانتک کہ پانی جل کر روغن رہ جاوے پس تھوڑا لادن اُسمین ڈالین یہانتک کہ گھل جاوے پس اُتار لیوین —

دیگر — کہ یہی کام کرے برگ مورد پوست ہلیلہ کابلی مازو ہر ایک ایک جزو لیوین اور شراب ریحانی مین ایک رات دن بھگوئین بعد اسکے پکا کر صاف کرین اور ایک جزو روغن گنجد اُسمین ڈالین اور بحساب

چی سودرم روغن کے دس درم لادن وقت اُتارنے کے ڈالین تو گھل جاوے پس اُتار لیوین اور بالون کو وقت رات کے اُس سے چرب کرکے صبح کو حمام مین دھووین

روغن لادن ۔ کہ بالون کو سیاہ و دراز کرے اور گرنے سے بچاوے لادن سافج ہندی خماماحضض کی آملہ ہر ایک پانچدرم کوٹ کر چھان کر بیچ تین رطل پانی کے پکاوین اور ہر دن سر کو ساتھ پانی برگ کنجد و برگ چقندر کے دھووین اور یہ روغن ملین ۔

روغن حنا ۔ بالون کو سیاہ کرے بیچ وجع المفاصل کے گذرا ۔

روغن آملہ ۔ کہ بالون کو سیاہ و قوی کرے آملہ مقشر برگ مورد پوست بیخ صنوبر بالسویہ کوٹکر پانی مین پکاوین جب مہرا ہو جاوے صاف کرکے برابر اُسکے روغن کنجد اضافہ کرکے جوش کرین یہانتک کر روغن رہے ۔

روغن بیضہ ۔ اگر دو ہفتہ جس جگہ ملین بال جم آوین ایک خربزہ لیکر سوراخ کرین دانہ اُسکے نکال کر زردی انڈے کی تیس۳۰ عدد اُسمین ڈالین اور روغن زیت پانچ سیر و برگ مورد کوفتہ و برادہ آہن کھرل کیا ہوا ہر ایک دس۱۰ درم سے ملا دین پس سوراخ خربزہ کا بند کرکے گل حکمت کرین اور ایک رات تنور مین رکھکر نکالین اور مٹی دور کرکے خربزہ کو ساتھ روغن زیت کے ملین یہانتک کہ مانند مرہم کے ہو جاوے ۔

روغن ۔ مانع گرنے بالون کا ہی جو بسبب آتشک کے گرے ہون مجرب ہے اور واسطے داء الثعلب کے مفید ہی اور جب بال سفید جگہ داء الثعلب سے نکالین استعمال اس روغن کا سیاہ بال جماتا ہی برگ مورد پندرہ مثقال وسمہ تین مثقال بیچ چارسو مثقال پانی کے جوش کرین یہانتک کہ آدھا رہے پس صاف کرکے ساتھ ایک سو بیس۲۰ مثقال روغن کنجد کے جوش کرین یہانتک کہ روغن رہجاوے پس چھ مثقال لادن اُسمین حل کرین ۔

حرف السین

سفوف ارسطو ۔ واسطے زردی چہرہ کے نافع ہی بیچ ادویہ سر کے گذرا ۔

حرف الصاد

ضیغ ۔ کہ برص کو رنگین کرے شورہ مرکی شب یمانی خوفہ کوٹکر بیچ دردخراب کے بھگو کر کئی مرتبہ ملین ۔

دیگر ۔ کہ یہی عمل کرے شیطرج عاقرقرحا حضض خردل شونیز گل شقائق مرزنجوش زردچوبہ فوہ مساوی الوزن کوٹکر چھانکر خون بز مین گھولکر ملین ۔

دیگر ۔ کہ یہی عمل کرتا ہی شیطرج فوہ نیل شب یمانی گلسرخ کوٹ کر ایک رات دن سرکہ مین بھگو کر دوسرے دن ملین ۔

ضیغ ۔ کہ بہق اسود کو دور کرے اور رنگ مین جلا لاوے تخم ترب دس۱۰ درم کندش قسط ہر ایک دو درم ساتھ پرانے سرکہ کے ملین ۔

ضیغ ۔ کہ رنگ کو سرخ کرے زعفران فوہ کندش مصطگی

مساوی کوٹ کر ساتھ پانی فلوس کے تر کرکے رات کو ملین اور صبح کو پانی گرم سے دھووین۔

صبغ۔ کہ نشان چیچک و جرب کو اوپر رنگ بدن کے لائے مردار سنگ شستہ بیچ نے کہنہ آرد نخود آرد برنج استخوان بوسیدہ مغز تخم خربزہ حب البان قسط کوٹکر چھانکر ساتھ نعاب حلبہ و تخم کتان کے رات کو ملین اور صبح کو بھوسی و آب گرم سے دھووین۔

صبغ۔ کہ آثار چیچک و زخم کو نافع ہی برابر سا قسط مردار سنگ شاخ گوزن سوختہ بورہ ارمنی اشق کوٹ کر ساتھ ماءالشعیر کے ملین و استعمال کرین۔

حرف الضاد

ضماد فلوس خیار شنبر۔ کہ واسطے اکثر اوجاع و اورام کے مجرب ہی مغز خیار شنبر ساتھ روغن بادام کے ملاکر ضماد کرین تنہا یا ساتھ ادویہ مناسبہ کے۔

ضماد۔ کہ سعفۂ یابسہ و قوباکو اور مانند انکے کہ ساتھ خارش و سوزش کے ہوں دو تین دفعہ مین زائل کرتا ہی وہ مجرب ہی مغز تخم کدو دس مثقال توتیاے مغسول دو مثقال ساتھ تازے دودھ کے ضماد کرین۔

ضماد۔ کہ واسطے سعفہ و جرب کے نہایت نافع ہی سفال تنور کے دو جزو نمک ایک جزو ساتھ سرکے کے ضماد کرین

ضماد الثعلب و داءالحیہ کا۔ کہ صاحب تحفہ کا مجرب ہی اور اُسکو لاعدیل لکھا ہی کندش شیطرج ہر ایک ایک جزو زرنیخ دو جزو ساتھ روغن زیتون کے لگاوین۔

ضماد۔ کہ واسطے داءالثعلب کے مجرب ہی موے سر سرخ سوختہ صدف گندھک برابر ساتھ روغن زیتون کے ملاکر پہلے موضع کو ساتھ پیاز و اشنان کے یا پیاز عنصل کے بہت ملکر دھووین پس ازان یہ ضماد کرین

ضماد۔ واسطے شعر زائد کے بعد اُکھاڑنے کے جو بال جمنے کو منع کرے زعفران ایک مثقال کافور نصف دانگ پیسکر استعمال کرین۔

ضماد۔ واسطے سرخ بادہ کے کہ حمرہ کہتے ہین اور واسطے سب ورم گرم کے مجرب ہی گچ کو کوٹ کر بافتہ مین چھان کر ساتھ پانی کشنیز کے کہ بہت رقیق ہو اسقدر ملاوین کہ لبستگی اُس سے دور ہو جاوے پس مکرر ضماد کرین۔

حرف الطاء

طلاء۔ کہ جلد کو سیاہ کرے اور دشواری سے سیاہی اُسکی دور ہووے آہک مردار سنگ برابر ساتھ پانی کے کئی بار طلا کرین اور جب چاہین کہ سیاہی دور ہووے اشنان کو سرکہ مین جوش کرکے اُسی طرح سے دھووین اور اسی طرح آرد نخود و سرکہ و ترشی ترنج کی اُسکے رافع ہین۔

حرف الغین

غسول۔ واسطے صاف کرنے چہرے کے اشنان کا آرد باقلا ترمس نخود پوست دار مغز دانہ بہی تخم زیرہ کا خیارزہ بدالبحر گل ارمنی برابر ساتھ شیر تازہ اور تھوڑے

عمل کے رات کو طلا کرین اور دنکو دھوئین -
غسول - کہ یہی عمل کرتا ہی زعفران روناس کندر مصطگی
برابر ساتھ آب پیاز کے ملا کر تھوڑا اُس سے ساتھ گرم
پانی کے ملین اور بعد تین ساعت کے دھوئین -
دیگر - کہ چہرے کو نہایت سرخ کرے اور مجرب ہی مزول
سفید زرنیخ بالسویہ ساتھ تازے دودھ کے سات دن
استعمال کرین چہرہ پر اور زوفاے خشک وسن درم
زعفران تین درم شکر سفید برابر دونون کے کوٹ کر
ہر دن دو مثقال کھاوین اور چہرے کو ساتھ جوشاندہ
بادام تلخ کے دھوئین اور بدستور کھانا ہینگ وسیب
وانار شیرین کا سبب سرخی رخسارے کا ہوتا ہی -
دیگر - کہ اُسی وقت رخسار کو سرخ کرے شیطرج کو
بیچ سرکہ کے دو تین جوش دیکر لتے کو ساتھ پانی کے
تر کر کے کئی مرتبہ پے درپے چہرے پر ملین -
غسول - کہ چہرے کو سفید و براق و سرخ کرے
اور آثار کلف ونمش و آثار جراحت اور لطخاے سیاہ
کو چہرے سے دور کرے اور ایک ہفتہ تک استعمال
کرنا چاہیے حب محلب فرفیون سرایش خولنجان مومنج
نبات مصطگی پیاز ناکول ہر ایک دس جزو پیاز عنصل
صمغ عربی پوست بیخ لبتہ کا مغز بیدانہ خردل سفید
ہر ایک پانچ جزو مغاث گل سرخ ہر ایک چار جزو
گلنار چھ جزو مامیران زردچوبہ نعناع خشک آرد نخود
کثیرا آرد برنج ہر ایک دو جزو سب کو کوٹ کر اور
ریشمی کپڑے مین چھانکر ساتھ بھوسی گیہون کے کہ
آٹھ جزو ہو اور دودھ عورتون کا کہ پندرہ جزو
ہو اور سفیدی انڈے کی کہ چھ عدد ہون اور دودھ
درخت انجیر کا کہ دس جزو ہو گھول کر قرص بنائین
اور روغن گل سے چہرے کو چرب کرین اور وقت
حاجت ساتھ زردہ تخم مرغ کے ملا کر شب کو ملین اور
دن کو ساتھ پانی واشنان سوختہ کے دھوئین
غمرہ - کہ واسطے دور کرنے زردی چہرہ ویرقان
کے مجرب ہی پیاز شنان شیح ارمنی مرزنجوش
جعدہ بابونہ اقحوان شبت ترنجی ترنج بالسویہ جوش
دیکر پانی سے چہرے کو گرم دھوئین -
غمرہ - کہ چہرے کو زرد مانند چہرہ بیمار کے کرے
زیرہ کرمانی چار درم زردچوبہ تین درم آرد گندم
پانچ درم ادویہ کو کوٹ کر بافتہ مین چھان کر ساتھ
آب حمض کے ضماد کرین اور انجیر کے جوشاندے
سے دھوئین -
غمرہ - کہ چہرے کو سفید و صاف و براق کرے آرد جو
باقلا نشاستہ کثیرا تخم ترب کوٹ کر چھان کر دودھ ملا کر
شبکو چہرے پر ملین اور صبح کو گرم پانی و بھوسی سے دھوئین
غمرہ دیگر - کہ یہی عمل کرے آرد باقلا کثیرا انڈے
کی سفیدی مین ملا کر قرص بناوین وقت حاجت کے
چہرے پر ملین -

حرف الفاء

فلدفیون - کہ گوشت فاسد کو جو قروح و نواصیر مین
ہوتا ہو تا گل کرے اور عفونت کو کہ بیچ لثہ و منھ
وجمیع بدن کے ہو درست کرے آہک آب نادیدہ

ایک جزو زرنیخ قلی اقاقیا ہر ایک نصف جزو ساتھ اس پانی کے کہ اُسکو اصطلاح اطبا مین ماء اول کہتے ہین پیسکر دھوپ مین رکھین تو گاڑھا ہو جاوے پس قرص بناوین اور سکھاوین اور مقام محفوظ مین رکھین تو تری نہ پہونچے اور وقت حاجت کے بہت باریک پیسکر چھڑکین اول اُسکو کہتے ہین کہ آہک آب نارسیدہ اور سجی برابر لیکر سجی کو پیسین اور دونون کو چھ حصہ پانی مین بھگو کر تین دن رکھین اور ہر دن مین تین مرتبہ حرکت دیتے رہین پس صاف کرکے ادویہ کو اُسمین ملاوین۔

قلقیون نوعدیگر۔ کہ یہی عمل کرے اقاقیا بارہ درم زرنیخ سرخ و زرد ہر ایک ایک درم ہرتال درم آہک ونده آٹھ درم شب یمانی چھ درم کوٹ کر چھان کر پرانے سرکہ مین قرص بناوین اور سایہ مین سکھلاوین۔

حرف القاف

قسمش۔ دوا مشہور ہی واسطے جرب و حکہ و سعفہ کے نافع ہی بیچ حرف الدال اس بحث کے مذکور ہی۔

قرص برمکی۔ صاحب جرب کو نافع ہی ہلیلہ کابلی بلیلہ آملہ برنگ کابلی ہر ایک ایک جزو تربد دو جزو قند سفید برابر سب کے قند کو قوام کرکے ادویہ کوٹ کر چھان کر اُسمین گھول کر قرص بناوین مقدار خوراک تین درم اور واسطے استفراغ کے دس درم سے بیس درم تک اور ایک نسخے مین ہلیلہ بلیلہ آملہ برنگ ہر ایک ایک جزو تربد برابر سب کے قند جملہ اجزا کے برابر قرص بناوین ہر ایک قرص بقدر سات مثقال کے مقدار خوراک ایک قرص ساتھ اُس پانی کے کہ اُسمین دھنیا خشک ایک رات بھر بھیگا ہو اور یہ قرص دس مرتبہ سے زیادہ بیس مرتبہ سے کم شکم کو جاری کرتا ہی یعنی دست لاتا ہی اور اگر نکالنا بلغم زجاجی کا منظور ہو تخم حنظل ربع جزو بھی اضافہ کرین اور برمک ایک مرد مشہور ہی کہ دبیر عبد الملک بن مروان کا تھا۔

قرص سعفہ۔ واسطے سعفہ و قوبا و اورام باردہ و صداع بلغمی کے نہایت مجرب ہی زردچوبہ مغز بادام تلخ ہر ایک ایک جزو مقل ازرق دو جزو مقل کو پرانے سرکہ مین بھگو کر تین دن متواتر کوٹ کر چھان کر اُسمین ملاکر خوب کھرل کرین اور قرص بناوین وقت حاجت کے ساتھ پانی کاسنی کے پیسکر طلا کرین۔

قرص نزدی۔ کہ واسطے سب اورام گرم کے آزمودہ ہی صندل سرخ فوفل شیاف مامیثا سفیدہ قلعی کاگل ارمنی اجوائن مردار سنگ رسوت بوش بدرنجدی ریوند چینی ہر ایک ایک جزو بیخ تفاح افیون ہر ایک نصف جزو پانی مین گھول کر بصورت نزد کے بناکر ساتھ پانی کشنیز و گلاب و سرکہ کے طلا کرین اور ایک نسخہ اس قرص کا بیچ امراض کان کے اطلیہ مین گذرا ہی

قرص اندرون۔ کہ تالیف قدما ہی منقول کامل الصناعت وغیرہ سے واسطے دور کرنے بقایاے آتشک و نار فارسی و قروح مزمنہ کے عجیب الفعل ہی اہل روم اسکو گولیان

بناتے ہین اور اسکے استعمال کرنے مین تنقیہ بدن کا اور ترک کرنا ترشیون کا اور نمک کا شرط ہی قوت اسکی دو برس تک رہتی ہی اور بعد چالیس دن کے بنانے سے استعمال کرنا چاہیے اور دو مثقال تین دن تک استعمال کرین زراوند مدحرج بارہ مثقال کندر عفص ہر ایک آٹھ مثقال شب یمانی مرصاف ہر ایک چار مثقال قلقدیس ایک مثقال ساتھ گلاب کے قرص بناوین اور اہل فرنگ اس دوا مین آرد گندم آٹھ مثقال بارہ تین مثقال افیون عنبر مشک ہر ایک نصف مثقال اضافہ کرتے ہین -

حرف المیم

معجون - کہ شیب غیر وقت کو نافع ہی بیچ حرف الدال اسی باب کے بیچ تدبیر بالون کے گذری ہی -

معجون فلاسفہ - محسن رنگ ہی -

معجون مبدل المزاج - مصلح برص کی ہی -

معجون سیر - واسطے بہق و برص و سرخ کرنے چہرہ کے اور دور کرنے ضعف پیری کے مفید ہی -

معجون سقراط - واسطے بہق و برص و داء الحیہ وداء الثعلب و خوشبو کرنے عرق کے نافع ہی اور بوڑھون کو نہایت مفید ہی -

معجون فولاد - بوڑھون کو نافع ہی یہ پانچون معجونین بیچ ادویہ سر کے مذکور ہوئی ہین -

معجون خب النیل - واسطے برص و بہق کے نافع ہی بیچ بحث امعا کے مذکور ہوئی -

معجون مسیحا - بالون کو دیر مین سفید ہونے دیکے بیچ باب بادہ کے مذکور ہوئی -

مفرحات - واسطے تحسین رنگ کے فائدہ کرتی ہین بیچ ادویہ سر کے اور دل کے اکثر مفرحات مرقوم ہین -

مربا ہلیلہ - سیاہی کو بالون کی نگاہ رکھیں اگر مداومت کرین -

مربا سیر - واسطے مشائخ کے نافع ہی یہ دونون بیچ بحث سر کے مذکور ہوئے ہین -

مربا زنجبیل - بہترین اشیا سے ہی واسطے مشائخ کے بیچ ادویہ معدہ کے مذکور ہوا -

ماء الجبن - واسطے جرب و کلف و قوبا کے مجرب ہی بیچ ادویہ بسر کے گذرا -

مطبوخ ہلیلہ - کہ جرب و قوبا کو نافع ہی پوست ہلیلہ کابلی پوست ہلیلہ زرد ہر ایک دس درم سنا مکی شاہترہ ہر ایک پانچدرم افتیمون چار درم آلو بخارا سپستان ہر ایک تیس عدد گل سرخ تخم کاسنی نیلوفر بادرنجبویہ ہر ایک تین درم سب کو بیچ ایک کاسہ پانی کے جوش کرین جب آدھا رہے صاف کرکے شیرخشت بیس درم اسمین حل کرکے نیمگرم پیین -

مطبوخ ہلیلہ - واسطے حکہ کے ہلیلہ زرد پندرہ درم سنا شاہترہ ہر ایک پانچدرم مامیران چینی دو درم تخم کاسنی بسفائج گل سرخ خشخاش الافتیمون ہر ایک تین درم سب کو بیچ تین رطل پانی کے جوش کرین جب چہارم حصہ رہے صاف کرین اور افتیمون پانچدرم اسمین

ڈال کر ایک رات رہنے دین بعد اُسکے صاف کرین اور ترنجبین دس درم ملاوین اور صاف کرین اور مین نوعدیگر - کہ بہق وبرص وکلف وبہش کو نافع ہی اور اسہال سودا واخلاط محترقہ کرے ہلیلہ کابلی ہلیلہ زرد مویز منقے افتیمون ہر ایک تین درم بسفائج پانچ درم مصطگی انیسون تخم کرفس ہر ایک دو درم جو اجزا کہ سخت ہین اُنکو کوٹکر بطریق معلوم کے جوش کرین اور مقدار شربت اُس سے لیکر ایارج فیقرا وغاریقون ہر ایک ایک درم ونصف لیوین اور ساتھ شربت کے گھول کر گولیان بناوین اور نگلین جب دو ساعت گذرین مطبوخ مذکور پیوین ونسخہاے دیگر اسی مطبوخ کے ساتھ امراض جلد کے نفع کرتے ہین بیچ ادویۂ مسہلہ کے گذرے -

مرق افعی - کہ واسطے جذام کے مجرب ہی بیچ حرف الدال اسی بحث کے تذکور ہوا -

مرہم داخلیون - واسطے انضاج ورم وخراج وتسکین تمام اوجاع واورام گرم کے اور تحلیل خنازیر وصلابات وسلع وتقدیر عصب وازالۂ ریاح وتخمہ کے مجرب ہی مردار سنگ بیس درم روغن زیت کمنہ تیس یا چالیس درم تخم خطمی اسبغول تخم مرو حلبہ تخم کتان ہر ایک پانچ درم سے سات درم تک تخمون کو رات بھر پانی مین بھگو کر صبح کو لعاب غلیظ اُنسے لیکر مردار سنگ بہت باریک کرکے بیچ زیت کے ڈال کر اوپر نرم آگ کے پگھلا کر کوئی چیز سے ہلاتے جاوین تو روغن ساتھ مردار سنگ کے بستہ ہووے جب روغن سیاہ ہو جاوے ظرف کو آگ سے اُتار کر لعاب اُسمین ڈال کر جوش کرین یہانتک کہ غلیظ ہو جاوے بعد اُسکے اُتار کر ہلاوین یہانتک کہ مرہم ہو جاوے اور اگر چاہین کہ قوی الاثر ہو زفت وخاکستر چوب انگور رومی صاف ہر ایک تین درم اور صدا الحدید ایک درم باریک کرکے اضافہ کرین -

مرہم داخلیون نوعدیگر - کہ ابن ماسویہ تعریف اسکی لکھکر ضامن ہوا ہی کہ وہ منضج اورام صلبہ ومنفجر بے تکلیف ہی اور بیچ دمامیل وخنازیر کے اثر عجیب رکھتا ہی تخم خطمی اسبغول ثرف ہر ایک دو اوقیہ حلبہ تخم کتان ہر ایک اڑھائی اوقیہ تخم مرو تین اوقیہ کتیرا انکوفتہ ڈیڑھ اوقیہ آب اللبلاب غیر مغلی آب بابونہ ہر ایک ایک رطل اور وہ پانی کہ جسمین نرگس کو جوش کیا ہو ڈیڑھ رطل ادویہ کو بیچ تین پانیون مسطور کے ایک رات بھگو کر صاف کرین بعد اُسکے پکاوین جب لعاب ساتھ قوام شہد کے آوین اُسوقت شحم دو اوقیہ اور مردار سنگ پسا ہوا تین اوقیہ زیت ربع رطل شحم عجل ڈیڑھ اوقیہ شحم ایل شحم دجاج ہر ایک ایک اوقیہ اُسمین پگھلا کر وطلا کر بیچ لعاب مقوم کے ملا کر پھر جوش کرین تو قریب بستہ ہونے کے پہونچے پس ازان گوند بادام کا وعلک الانباط خشک کیا ہوا بابونہ گل بنفشہ بیخ خطمی میعۂ یابسہ ہر ایک پانچ درم اکلیل الملک ساڑھے سات درم کندر دم الاخوین قلقدیس بیخ کرنب نبطی سوختہ اُشق ہر ایک چار درم سفیدہ ساڑھے تین درم کوٹکر چھانکر اُسمین ملاوین -

فائدہ ــ داخلیون لغت سریانی مین بمعنی لعاب ہی بقراط نے اُسکو تالیف کیا ہی بعد اُسکے ہر ایک نے التصرف کیا ہی تفاوت بعضے اجزا مین اور اوزان مین اسی وجہ سے ہی اور اصل اُسمین زیت و مرداسنگ و لعاب ہین اور اس درویش نے بیچ تلیین و تحلیل صلابات کے اثر عجیب مرہم مذکور سے کہ بموجب نسخے سابق کے تھا مشاہدہ کیا ۔

مرہم نخلی ــ بالنون و خاے معجمہ و بجاے مہملہ بھی آیا ہی اور وجہ تسمیہ ہر ایک کی جیسا کہ کہا ہی مرقوم ہوتی ہی جانین کہ نسخے اس مرہم کے جسمین نخل یعنی درخت خرما دخل رکھتا ہی وجہ اسکے تسمیہ کی بجاے معجمہ ظاہر ہی لیکن جو نسخہ نخل سے خالی ہی اُسکو بھی باعتبار اُسکے کہ مرہم مذکور مادے کو براہ مسام بمنزلہ منخل یعنی چھلنی کے دفع کرتا ہی اس نام سے پڑھتے ہین اور جو نحل بجاے مہملہ بمعنی عطاے کثیر کے ہی بسبب کثرت منافع کے اس مرہم کو یہ نام رکھا ہی ۔

نسخہ ــ کہ بیچ شفاء الاسقام کے تحریر ہوا مدمل جراحات تازہ و ملحم قروح دور کرنے والا اورام کا اور مسکن اوجاع نقرس و اورام رخوہ و مصلح حرق النار و قروح تدمین و انثیین و نافع عظم منکسر و عضلۂ منفسخ کو اور دور کرنے والا تکلیف قطع و شق وغیرہ کا اور مفید ورم متعد و ورم ضربہ و محلل ہی شحم خنزیر اغشیہ سے پاک کرکے پگھلائی ہوئی ڈیڑھ رطل زیت کہنہ و مرداسنگ سوختہ تین رطل قلقطار چار اوقیہ مرداسنگ قلقطار کو مانند غبار کے پیسکر بیچ زیت کے کہ ساتھ چربی کے پتیلے مین پگھلایا ہو جمع کرین اور ساتھ شاخ تر خرما کے حرکت دیتے رہین جب شاخ اُس جگہ سے کہ گرمی دوا سے ملکر خشک ہو جاوے اُسقدر قطع کرکے اور جگہ سے ملاوین یہانتک کہ دوا خوب منعقد ہو جاوے اور اگر شاخین سبز و تر خرما کی کوٹین اور پانی اُسکا بقدر معتد بہ لیکر اس مرہم مین پکاوین بیچ تقویت عضو و منع کرنے تحلب مواد کے قوی الاثر ہوتا ہی ۔

نوع دیگر ــ مرہم نخلی کہ بیچ تحفہ کے لکھا ہی اور جالینوس کی تالیف ہی واسطے جبر کسر کے اور اصلاح عصب کے اور رکو فتگی اعضا و استخوان کے اور التحام زخم و تحلیل و اورام کے اور رفع جرب متقرح و حکہ رطوبی و نملہ و جمرہ و آکلہ کے مفید ہی مرداسنگ ایک اوقیہ لیکر سرکہ اُسقدر کہ جسمین پیسا جاوے ڈالکر پیسین اور دھوپ مین رکھین جب خشک ہووے اور سرکہ ڈالکر پیسین اور خشک کرین اور اسی طرح کرین کہ چار اوقیہ سرکہ اُسمین جذب ہو جاوے پس دو اوقیہ روغن زیتون سے تسقیہ کرین اور دو اوقیہ چربی گاؤ کی اور ربع اوقیہ قلقطار اضافہ کرکے نرم آگ پر رکھکر مرہم بناوین ۔

مرہم حوارین ــ کہ مسمی بہ مرہم سلیخا و مرہم رسل ہی مرہم عیسے بھی کہتے ہین اور اجزا اس نسخہ کے بارہ عدد ہین کہ حوارین نے واسطے حضرت عیسے کے ترکیب دیا تھا اور واسطے تحلیل اورام سخت و خنازیر و طواعین اور سرطانات کے تنقیہ جراحات کے گوشت فاسد داو ساخ سے اور واسطے جمانے گوشت

تازہ و رفع کرنے شقاق و آثار حکہ و جرب و سعفہ و
لو اصیر و بواسیر کے فائدہ کرے موم سفید راتینج ہر ایک
چودہ درم جاؤشیر زنگار رفتہ مرصافی مرتک ہر ایک دو درم
اشق سات درم زراوند طویل لبان ذکر ہر ایک تین درم
مقل ازرق چار درم مرداسنگ ساڑھے چار درم جو لائق
پیسنے کے ہو اُسے پیسین اور مقل کو سرکہ مین حل کرین اور
باقی کو بیچ زیت کے پگھلا کر ادویہ کو اُسمین ملاوین پس اگر
وقت مرہم ہو زیت ڈیڑھ رطل اور گرما مین ایک
رطل اور جانین کہ بیچ بعضے نسخون کے مرتک سفید
ہی اور مرتک مرداسنگ سفید کیے ہوئے کو کہتے
ہین اور بعضے نسخون مین عوض راتیانج علک البطم مسطور
ہی اور بدلے مرتک کے سکبینج ایک درم اور دیگر اجزا
سب بحال ہین عدد و گو وزناً۔

مرہم باسلیقون۔ کہ اسکو مرہم زفت بھی کہتے ہین
واسطے جمانے لحم کے بیچ قروح غائرہ کے اور التحام
جراحات کے کہ خون سے ہین اور تحلیل ورم بارد و صلب
کے نافع ہی موم سفید دو جزو زفت راتیانج ہر ایک
ایک جزو زیت کہنہ سہ چند سب اجزا کا مرہم بناوین
اور اگر ہمچند موم کے شحم خوک کہنہ ملاوین قوی التحلیل ہو
اور جسوقت راتینج و زفت و موم برابر لیکر ساتھ زفت
کے گھولین باسلیقون اصفر نام ہوتا ہی کذا فی شفاء الاسقام۔

نوعدیگر۔ باسلیقون سے کہ مسمیٰ ہی بمرہم نورہ واسطے
حرق نار کے اور اندمال جراحات اور تخفیف رطوبات
کے فائدہ کرتا ہی آہک شستہ بآب شیرین کہ سات
مرتبہ دھویا ہو تیس درم باسلیقون بیس درم شمع سفید

دو اوقیہ زیت الانفاق نصف رطل موم کو زیت مین
پگھلا کر باقی ادویہ کو اُسمین گھولکر مرہم بناوین۔

نوعدیگر۔ واسطے حرق نار وغیرہ کے کہ قرحہ ہو گیا ہو کہ
عجیب الاثر ہی آہک سفید لیکر پانی اُسپر اسقدر ڈالین کہ
اُسکو چھپا لیوے اور دو ساعت رہنے دین پس پانی اُس
سے دور کرکے آہک کو پیسکر پانی اُسمین ڈالین پھر اُس پانی
کو پھینک کر آہک پیسین پھر اور پانی ڈالین اُسی طرح چار
مرتبہ دھووین اور اگر سات مرتبہ دھوئین بہتر ہی بعد
اُسکے آہک شستہ کو روغن گل مین ملاکر خوب ملین تو
مانند مرہم کے ہو جاوے اور محل آفت رسیدہ پر ملین
یا کپڑے پر لگا کر رکھین۔

مرہم اسفید اج۔ واسطے قروح گرم ولفاطات کے
کہ اُنکو چیرا ہو اور واسطے حرق نار و گرم پانی و روغن گرم
کے اور واسطے جمرہ و بثور دلمتیہ و بثور بلخیہ کے اور واسطے
جمانے گوشت کے نافع ہی اور بیچ فصل گرمی کے اور
امزجۂ حار کے استعمال کرین موم صاف ایک جزو
روغن گل چار جزو آبمین پگھلا کر سفیدہ اُسقدر کہ اُسمین
سما سکے ڈال کر پیسین بعد اُسکے تھوڑی سفیدی انڈے
کی ملا کر پیسین پس اُسکو ساتھ موم روغن کے ملاکر ہاون
مین کوٹین اسقدر کہ غلیظ ہو جاوے اور اگر قوی التبرید
چاہین تھوڑا کافور بھی اضافہ کرین اور اُسوقت مین
اُسکو مرہم کافوری بھی کہتے ہین اور جسوقت روغن اُس
کہ روغن گل سے بنایا ہو عوض اُسکے ڈالین یا نصفا
نصف دونون داخل کرین واسطے حرق نار کے کہ چھالے
پڑ گئے ہین شدید الاثر ہو گا۔

نوع دیگر ۔ مردارسنگ مسحوق پانچدرم کو پھر ساتھ سرکہ کے پیسین یہانتک کہ حل ہوجاوے بعد اُسکے روغن گل جتنا مطلوب ہو ڈالکر پیسین تو غلیظ ہوجانے اور پھول جاوے اور مرہم کے قوام مین آوے بعد اُسکے سفیدہ رانگے کا کہ برابر مردارسنگ کے ہو اور تھوڑا کافور پیسکر اضافہ کرین ۔

نوع دیگر ۔ کہ واسطے حرق نار کے جو چھالا و قرحہ ہوا ہو برگ تازہ و تر خطمی و خبازی کے اُسقدر کہ مطلوب ہون پانی مین جوش کرین یہانتک کہ مہرا ہوجائین اور رگ و ریشون سے پاک ہوجائین پس پتون مہرا کو ہاون دستہ مین ڈالین اور موافق حاجت کے سفیدہ رانگے کا اور آب کشنیز تر و روغن گل ملاکر ملین تو سب برابر ہوکر مرہم ہوجاوے پس اوپر کپڑے کتان کے لگاکر عضو پر رکھین ۔

نوع دیگر ۔ مرہم سفیدہ ہے کہ قلیل الاجزا ہے واسطے اندمال قروح کے اور پاک کرنے قروح کے میل سے اور واسطے تسکین گرمی کے فائدہ کرے موم سفید ایک جزو سفیدہ رانگے کا نصف جزو روغن کنجد تین جزو پہلے سفیدہ کو باریک کرکے روغن مین اُسقدر جوش کرین کہ سیاہ ہووے بعد اُسکے موم ملاکر اُتارلیوین اور بعضے سفیدہ ایک حصہ و روغن کنجد تین حصہ ساتھ لکڑی کے کہ سرا اُسکا گول ہو ملاتے ہین کہ مادہ لزج ہوجاوے ۔

مرہم ابیض ۔ واسطے حرق نار کے اور سوزش زخمون کے اور ورم حار مقعد کے اور جمرہ کے اور شقاق قبل کے کہ حرارت سے ہو نافع ہے موم دس درم روغن کنجد یا زیت تیس درم بعد پگھلانے موم کے آگ سے اُتارکر ساتھ سفیدی انڈے کے ملادین اور اگر تبرید زیادہ چاہین عوض روغن زیت کے روغن گل ڈالین اور رسوت اضافہ کرین اور اگر درد شدید ہو بدلے رسوت کے تھوڑی افیون داخل کرین ۔

نوع دیگر ۔ مردارسنگ سفیدہ رانگے کا ہر ایک ایک جزو موم دو جزو روغن گل اُسقدر کہ مرہم بن سکے سفیدی انڈے کی دیکر مرہم بنادین ۔

مرہم اخضر ۔ کہ گوشت فاسد کو کھاوے زنگار خالص ایک اوقیہ پیسکر برابر اُسکے شہد ملادین ۔

نوع دیگر ۔ کہ نواصیر کو اصلاح مین لاوے اگرچہ کان مین ہو اور قرحہ خزہ وسخہ کو پاک کرے اور گوشت فاسد کو کھالیوے زنگار ایک جزو انزروت اشق ہر ایک نصف جزو سب کو سرکہ مین پیسکر شہد مین حل کرکے بنالین ۔

دیگر ۔ کہ نرم زیادہ پہلے سے ہے موم زیت زنگار ہر ایک بقدر مناسب لیکر مرہم بناوین ۔

دیگر ۔ کہ گوشت فاسد وزائد کو دور کرے اشق کو سرکہ مین بھگووین تو نرم ہوجاوے پس خوب پیسین بعد اسکے زنگار جسقدر مطلوب ہو اضافہ کرکے حل کرین ۔

مرہم اسود ۔ واسطے قرحہ یابسہ کے کہ سبب اُسکا برودت ہو نافع ہے موم زیت علک رومی زفت یابسہ پگھلاکر مرہم بناوین ۔

دیگر ۔ کہ گوشت جماوے اور زخمون کو اصلاح مین

لاوے زیت ثلث رطل مردارسنگ پسا ہوا ایک اوقیہ جوش کرین تو سیاہ ہوجاوے بعد اُسکے کندر دم الاخوین انزروت ہرایک دو درم کوٹ کر چھان کر ملاوین۔

مرہم احمر۔ واسطے قروح گرم کے اور جمانے گوشت کے نافع ہو زیت خل الخمر ہرایک ایک رطل و ربع نحاس محرق ایک اوقیہ زنگار آٹھ درم سرکہ کو زیت مین پکاوین یہانتک کہ سرکہ جذب ہوجاوے پس ادویہ کو باریک کرکے ملاوین و پکاوین یہانتک کہ غلیظ ہوجاوے۔

مرہم اسرنج۔ کہ سرطان و خنازیر کو نافع ہو اور ورم کو پکاوے مردارسنگ پانچدرم کندر بارزد اشق موم ہرایک دس درم علک البطم اسرنج ہرایک آٹھ درم روغن زیت بقدر حاجت مرہم بناوین۔

مرہم زنجفر۔ یعنی شنگرف واسطے تحلیل اورام عسیر البرء کے اور سرطان و خنازیر و ورم مزمن خصیون کے اور اورام صلبہ غیر قابل النضج کے نافع ہو شنگرف آٹھ درم مردارسنگ پانچدرم کندر بارزد اشق موم سفید ہرایک دس درم علک البطم چھ درم روغن زیت یا روغن گل پچاس درم مرہم بناوین۔

نوع دیگر۔ شنگرف دو استار مردارسنگ پانچدرم موم کندر ذکر قنہ اشق ہرایک دس درم علک البطم چھ درم زیت مین یا روغن کنجد مین مرہم بناوین۔

نوع دیگر۔ شنگرف اسرنج ہرایک چار درم کندر اشق علک البطم ہرایک چھ درم مردارسنگ، قنہ ہرایک پانچدرم موم پندرہ درم زیت ساٹھ درم۔

مرہم زنگار۔ کہ مجفف قروح عتیقہ اور آکل گوشت و رافع عفونات و مواد فاسدہ و منبت لحم و مسقط بواسیر ہو موم زفت ہرایک دس درم اشق محلول باب سداب و سرکہ سات درم زیت اڑتالیس درم نرم آگ پر سب کو حل کرین اور زنگار چار درم انزروت تین درم راتینج دو درم اضافہ کرین۔

نوع دیگر۔ زنگار دو درم علک البطم راتینج صمغ عربی ہرایک پانچدرم زیت بقدر حاجت۔

نوع دیگر۔ موم علک صنوبر ہرایک تین اوقیہ اشق ایک اوقیہ زیت کہنہ ایک رطل زنگار عراقی صافی دو اوقیہ اشق کو بیچ سداب کے حل کرین اور موم و علک کو اوپر آگ کے زیت مین پگھلاوین و زنگار باریک کرکے ملاوین اور ہلاوین یہانتک کہ ایک ذات ہووے۔

مرہم مردارسنگ۔ کہ بیچ جمانے گوشت کے فعل عجیب رکھتا ہو مردارسنگ ایک اوقیہ پیسکر بیچ تین اوقیہ زیت کے پکاوین اور حرکت دیتے رہین تو خوب ملجاوے بعد اُسکے کندر بارزد انزروت دم الاخوین زفت یابس ہرایک دو درم اُسپر ڈالین اور پکاوین یہانتک کہ گاڑھا ہوجاوے اور قروح غیر جافیہ مین استعمال کرین۔

نوع دیگر۔ کہ گوشت جماوے اور ایام گرما مین اور بیچ مزاج گرم کے استعمال کرین مردارسنگ پانچدرم سرکے مین پیسین تو نرم ہوجاوے پس روغن گل ڈالکر پیسین یہانتک کہ غلیظ ہوجاوے بعد اسکے ایک مرتبہ سرکہ سے اور ایک مرتبہ روغن گل سے تسقیہ کرین تو مردارسنگ پھول جاوے پس

سفیدہ پانچ درم اور تھوڑا کافور پیسکر ملاوین ۔

مرہم سنا مکی ۔ واسطے جرب وحکہ کے نافع ہی بیچ حرف الدال کے علاج جرب مین گذرا ۔

مرہم خولانی ۔ واسطے اورام حارہ کے مجرب ہی خولان یعنی حضض ہندی ایک درم روغن گل روغن بنفشہ ہر ایک چار درم موم سفید دو درم حضض کو خوب باریک کرکے ساتھ روغنون کے کہ موم اُنمین پگھلایا ہو ملاوین ۔

مرہم رصاص ۔ کہ تحلیل سلع کو کرے خبث الرصاص علک البطم زیت شامی کہنہ خبث الرصاص کو بیچ زیت کے پکاوین یہانتک کہ ایک ذات ہوکر غلیظ ہوجاوے بعد اُسکے سرکہ اُسپر ڈال کر آگ سے اُتار رکھ رکھ لیوین ۔

مرہم کتان ۔ بیچ انبات لحم کے اور التحام جراحات کے نظیر نہین رکھتا ہی کپڑا کتان کا خوب دھوکر کوٹین تو مانند غبار کے ہوجاوے پس زیت فاتق یعنے زیت الانفاق اور اگر یہ نہو روغن آس بدلے اُسکے لیکر اوپر آگ کے چمچے مین رکھکر گداخت کرین اور رقتہ اُسقدر رکہ روغن کو بستہ کرے اُسمین پگھلاوین پس کپڑا کتان کا پسا ہوا اُسمین ڈال کر حل کرین اور اوپر عضو کے رکھکر باندھین فانہ جید ۔

مرہم خل ۔ اسکو مرہم جالینوس اور مرہم ازرق کہتے ہین اور مرہم اسود بھی اور واسطے اندمال جراحت اور قروح کہنہ کے اور واسطے بواسیر کے اور واسطے رفع کرنے شقاق کے اور حکہ رطوبی کے اور قروح رطبہ کے اور داء الثعلب وسعفہ کے نافع ہی ترکیب ایک رطل ونصف باریک پیسین اور زیت کہنہ دو رطل وخل الخمر تین رطل ملاکر بیچ پاتیلہ کے رکھکر اوپر نرم آگ کے پگھلاوین اور ہلاتے رہین تو مرہم ہوجاوے اور ترکیب سوختہ بستہ ہووے اور نشانی کمال طبخ کی یہ ہی کہ سیاہ ہوجاوے اور ایک نسخہ مین زیت دو رطل بالسویہ ومرداسنگ ربع زیت کا لکھا ہی اور اگر چاہین کہ تخفیف مین قوی ہو تھوڑی زردچوبہ بھی ملاوین اور اگر حرارت ہو عوض زیت کے روغن گل ڈالین اور زردچوب کو موقوف رکھین ۔

مرہم سرطان ۔ کہ سرطان وجمیع صلابات کو ایک ہفتہ مین بلکہ کمتر اس سے تحلیل کرے خردل تخم انجرہ کبریت زبد البحر زراوند طویل اشق مقل انزرق ہر ایک چار درم زیت کہنہ اٹھائیس درم موم سرخ سات درم ۔

نوعدیگر ۔ کہ واسطے سرطان متقرح وغیر متقرح کے کہ خوف تقرح کا اُسمین ہو فائدہ کرے اور اسکی تکلیف کا توڑنے والا ہی سفیدہ سیسے کا توتیا مغسول برابر ساتھ آب خرفہ یا عنب الثعلب یا کدو یا خیار کے یا ساتھ لعاب اسبغول کے جو اُنمین موجود ہو پیسکر تھوڑا روغن گل ملاکر لگاوین اور اگر سفیدہ کو پہلے روغن مین ڈالین بعد اُسکے آبہاے مذکورہ سے تسقیہ کرین بھی درست ہی ۔

مرہم شحوم ۔ کہ تلیین اعضا ہی پیہ دجاج پیہ شتر مرغ پیہ گردۂ بز پیہ دنبہ مغز ساق گاو موم روغن کنجد سب برابر لیکر اکٹھا پگھلاکر مرہم بناوین ۔

مرہم ۔ کہ ثالیل و مسامیر کو قلع کرے زنگار کاغذ سوختہ ہر ایک ایک درم آب عروس آب صابون اول دونون نصفا نصف سات درم اور ایک نسخے مین انیس درم کبریت ۱۲ عسل آٹھ درم فرفیون چھ درم پکا دین یہانتک کہ غلیظ ہو اور آب صابون اول اُس پانی کو کہتے ہین کہ اُسمین بھی چونہ حل کرکے صابون بنا دین اور عنقریب اُسکا ذکر ہو گیا ہی ۔

مرہم ۔ کہ شقاق اور اوجاع کو نافع ہی بیہ دجاج زردی انڈے کی ہر ایک ایک اوقیہ موم سفید تین اوقیہ سفیدہ رانگے کا دو اوقیہ مردار سنگ شیرین پانی مین پروردہ کیا ہوا ایک درم سفیدی انڈے کی ایک عدد آپسمین ملا کر مرہم بنا دین ۔

نوع دیگر ۔ کہ واسطے شقاق کے مجرب ہی اور نہایت موثر ملک البطم ایک جزو پیہ بز چار جزو بیچ دیگ دوہری کے اوٹا کر استعمال کرین ۔

فائدہ ۔ یہ مرہم واسطے ٹیڑھے ہونے ناخن کے اور تقشر ناخن کے اور شقاق لب اور اطراف کے اور حکہ و جرب کے اور زخم آتشک کے اور شقاق چارپایون کے مجرب ہی ۔

مرہم جذام ۔ کہ بیچ رفع کرنے جذام کے اور تمام قروح سوداوی کے اور اورام باردہ کے آزمودہ ہی حماما سنبل الطیب فرد ماناو ازفلفل سلیخہ قسط تلخ عاقرقرحا مصطگی مقل صاف مر صاف حب بلسان اشق صبر زرد میعۂ سایلہ سیسالیوس زراوند طویل مدحرج سعد اکلیل الملک قرنفل ایرسا روغن زیتون کہنہ ہر ایک ایک اوقیہ لادن بیس مثقال زعفران نصف اوقیہ علک البطم موم ہر ایک تین مثقال روغن ناردین برابر سب اجزا کے مرہم بنا دین ۔

مرہم برص ۔ کہ واسطے برص کے مجرب ہی اور بہق کو فی الفور زائل کرتا ہی نحاس محرق زرنیخ زرد شیطرج آہک زراوند جملہ برابر باریک کرکے بیچ پیشاب لڑکے کے ملا کر بیس دن دھوپ مین رکھین اور ہر دن حرکت دیتے رہین اور اگر عوض پیشاب کے سرکہ تند ڈالین بھی روا ہی اور وقت استعمال کے موضع ماؤف کو ساتھ پیشاب لڑکے کے یا ساتھ سرکے خمر کے دھو کر اس مرہم کو لگا دین ۔

مرہم آتشک ۔ مجربات و اسرار سے ہی ایک رات دن مین آتشک کے دانون و زخمونکو رفع کرتا ہے توتیاے ہندی شستہ بیس درم شنگرف دس درم گرد چوب چینی نصف درم اور اگر یہ نہو تب بھی موثر ہی ساتھ زردی انڈے کے کہ راکھ مین پکایا ہو بقدر کفایت کے ملا کر استعمال کرین اور اگر بجاے گرد چوب چینی کے پارہ کہ کپڑے مین مکرر چھانین یہانتک کہ پارہ ناپدید ہو جاوے پس کپڑے کو جلا کر راکھ اُسکی نصف مثقال داخل کرین ۔

نوع دیگر ۔ پارہ کشتہ سات مثقال لادن مصطگی سورنجان ہر ایک دو درم قربد سفید بیخ بنفشہ ہر ایک تین درم روغن گل دس مثقال روغن زیت پندرہ مثقال آب لیمو پانچ مثقال بیر تیس مثقال اور اگر زخم دانہ دار ہو توتیا و سفیدہ و مردار سنگ ہر ایک

دو درم زنگار نیم درم اضافہ کرین اور بطریق معلوم مرہم بناوین اوراس مرہم کو دواے آتشک بھی کہتے ہین۔

نوعدیگر۔ سفیدہ رانگے کا توتیا دم الاخوین ہرایک تین درم مردارسنگ دو درم زنگار۔ نیم درم موم پانچدرم روغن بیس درم مرہم بناوین۔

مرہم سعفہ۔ زراوند طویل راتیانج گلنار اقاقیا بالسویہ ساتھ روغن گل وسرکے کے پیسکر مرہم بناوین

مرہم سلعہ۔ خبث الرصاص ساتھ روغن زیت کے اوپر آگ کے ملاوین اور علک البطم اُسمین حل کرین۔

مرہم۔ کہ واسطے قروح سر کے بیچ ابتدا سعفہ کے نافع ہی خستہ ہلیلہ مازو ہرایک پانچ جزو آس دو جزو ملح اندرانی ڈیڑھ جزو موم برابر سب کے روغن چارچند موم کے خستہ ہلیلہ و مازو کو نیکوفتہ کرکے جلاوین اورسب کو باریک کرکے بطریق معلوم مرہم بناوین۔

مرہم بلادر۔ کہ خراج پختہ کو چیرے اور لوہے سے چیرنے کی حاجت نہ رکھے عسل بلادر زفت رطب دونون برابر بیچ چمچے آہنی کے گرم کرین اور حرکت دیتے رہین تو آپسمین ملجاوین اور وقت حاجت کے بیچ مقام لائق بسط کے تھوڑا اس سے لگاکر نصف دن صبر کرین کہ اُس جگہ کو مشاکل کریگا۔

مرہم خمیر۔ کہ یہی عمل کرتا ہی خمیر مایہ تین درم بورہ ارمنی دبق مقشر ہرایک ایک درم جاوشیر سرگین کبوتر سرگین مرغ ہرایک دس دس درم آہک آب نادیدہ پانچدرم صابون دو درم ساتھ روغن زیت کے ملاکر لگاوین کہ قائم مقام آہن کے ہی۔

مرہم دلق۔ کہ اورام کو بغیر لگنے کے چیرے اور گوشت زائد کو کھالیوے دلق کو پانی مین بھگوکر مقشر کرین اور برابر اُسکے آب صابون ملادین اور ہاون مین ملین تو مستوی ہوجاوے پس زردچوبہ بقدر ربع وزن کے کوٹ کر ریشمی کپڑے مین چھان کر ملادین

مرہم عسل۔ کہ دمامیل و تمام اخراجات منفجرہ کو پاک کرے انزروت شہد دونون برابر پیسکر لگاوین اور بعض لوگ پہلے شہد کو اکیلا جوش کرتے ہین یہانتک کہ غلیظ ہوجاوے بعد اُسکے انزروت پسا ہوا ملاتے ہین ادویۂ مرہم واسطے تنقیہ ہر جراحت وسخہ کے اور چوسنے بالکل پیپ کے مجرب ہی۔

مرہم۔ کہ واسطے نضج جراحات کے اور تنقیہ اخراجات کے مجرب ہی آرد گندم ساتھ تھوڑے روغن گل کے اور اگر نہو روغن طعام اُسکے بدلے ڈالین اور زردی انڈے کی دوچند روغن کے ملاکر استعمال کرین۔

ہفت مرہم۔ کہ واسطے نضج دمامیل وجراحات کے نافع ہی کتیرا الخم کتان تخم مرو سریش ہوجوبہ گل بابونہ گل خطمی برابر کوٹ کر چھان کر ساتھ شراب کے نیمگرم استعمال کرین۔

مرہم ہوجوبہ۔ کہ شنکار کو کہتے ہین واسطے زخمہاے بد اورام و تشنج و تمدد کے نافع ہو جوبہ خوب پیسکر ساتھ

روغن کنجد و موم کے ربع روغن کا ہو ملاوین ۔

مرہم عرق مدنی ۔ راکھ نے کی مردارسنگ ہر ایک تین درم آہک ایک ایک درم باریک کرکے ساتھ روغن گل و موم کے بطریق معلوم ملاکر مرہم بناوین اور اگر عضو مین سوزش ہو اسبغول و روغن بنفشہ ملاکر لگاوین اور یہ مرہم رشتہ کو آسانی سے نکالتا ہے اور اگر ٹوٹ گیا ہو موضع کو لمباؤ مین چیرین اور یہ مرہم استعمال کرین ۔

فائدہ ۔ جب رشتہ نکلنے لگے سر اُسکا اوپر ایک لکڑی کے یا مانند اُسکے آہستہ آہستہ ہر دن لپیٹے جاوین تو بالکل نکل آوے اور ٹوٹ نہ جاوے ۔

ترتیب جاذب ۔ کہ واسطے نکالنے گاڑی یا تیر کے یا کانٹے کے یا جو چیز کہ عضو مین گھس گئی ہو مجرب ہے بیخ نے خشک زراوند طویل بالسویہ بیکر ساتھ شہد کے ملاکر استعمال کرین ۔

دیگر ۔ کہ گانسی وغیرہ کو جذب کرے اور جراحات و دمامیل کو پکاوے اور قروح غائرہ کو جمع کرے موم علک البطم ہر ایک ثلث رطل راتینج ربع رطل زیت کہنہ ایک رطل سب کو اوپر نرم آگ کے پگھلاکر بورہ ارمنی دو اوقیا باریک کرکے اضافہ کرکے خوب حل کرین ۔

مرہم عجیب ۔ کہ بیچ التیام جراحات کے کہ اطبا عاجز ہوئے ہوں اثر تمام رکھتا ہے بناست یعنی علک الانباط دس درم راکھ صنوبر کی زراوند کندر ہر ایک سات درم اشق توبال آہن و مس ہر ایک بقدر۔ پانچدرم ابطارخ جاؤشیر ہر ایک دو درم اشق و جاوشیر بیچ خل خمر کے پگھلاکر اور اجزا کو باریک کرکے ملاوین ۔

مرہم ۔ کہ گوشت کو جماوے سک خشیش شیح زردچوب برابر کوٹکر چھانکر مغز ساق گاؤ ملاکر استعمال کرین ۔

مرہم خشکر یشات ۔ مردارسنگ توتیا عناب پختہ آب کشنیز تر موم سفید مرہم بناوین ۔

مرہم گلنار ۔ کہ نملہ متاکلہ کو نافع ہے گلنار برگ مورد عصارۂ لسان الحمل ہر ایک دو جزو مازو مبز مرد اسنگ زردچوبہ ہر ایک ایک جزو ساتھ موم روغن کے مرہم بناوین ۔

مرہم سرطان ۔ کہ درد کو موقوف کرے اور زخم کو اصلاح کرے بوسش دربندی اقاقیا ہر ایک دو درم صندل ایک درم شیاف مامیثا موم سفید ہر ایک چار درم سرطان نہری سوختہ ایک عدد بیچ روغن گل بمقدار حاجت کے بطریق مشہور مرہم بناوین ۔

فائدہ ۔ مرہم سرطان کہ پیشتر مرقوم ہوا ہے تسمیہ اُسکا باعتبار مرض کے ہے اور تسمیہ اُس مرہم کا باعتبار جزو ہونے سرطان کے ہے ۔

مرہم مصری ۔ کہ قروح کہنہ کو نافع ہے عسل چار اوقیہ خل الخمر تند دو اوقیہ زنگار چار درم مردارسنگ ایک اوقیہ مرہم بناوین اور دو نسخے اُسکے کہ کان کو مفید ہین بیچ امراض کان کے مرقوم ہوئے ۔

مرہم ۔ کہ واسطے حکہ اثثین کے اور سیلان زرداب کے اُنسے نافع ہے سفیدہ پانچدرم کبریت زرد افیون ہر ایک نصف درم سب کو ساتھ سرکہ تند کے گھولکر مرہم بناوین بیچ شفاء الاسقام کے لکھا ہے خان العطار

الکوہین لم یذکر معہ وہنا فلا اعلم اغلاط ام لا

مرہم رال - منقول حکمائے ہند کیواسطے جراحات مزمنہ عسیر البرد کے نہایت مجرب ہی اور واسطے قروح آتشک وناصور کے نہایت مفید ہی اور گوشت صحیح کا جمانے والا اور گوشت فاسد کا کھانے والا اور عضو ضعیف کو اصلاح کرنے والا ہی اور ظاہراً عدیل و نظیر نہین رکھتا ہی اور بیچ قروح مایوسین کے مکرر تجربہ کیا ہی موم کافور قیصوری رال ہندی کہ اُسکو لعل معربی و شجرہ و قفنتن کہتے ہین اور قفیقہن ساتھ زیادتی یاے تحتانی کے درمیان قاف و نون کے بھی پڑھتے ہین کات ہندی ہر ایک چار درم روغن گاؤ تازہ بے نمک مساوی سب کے روغن کو ظرف آہنی مین پگھلا دین بعد اُسکے رال کو پیسکر اُسمین ڈالکر دو تین جوش دین پس کات کو ملاکر بدستور دو تین جوش دین اور پیچھے اُسکے کافور کو ڈالین پھر جوش نہ کرین اور بیچ قروح مزمنہ قدیم کے تین دن تک ساتھ تھوڑے غوغل سوختہ کے استعمال کرین بعد اُسکے اکیلا۔

مرہم زمانی - واسطے جراحات مزمنہ کے نہایت مجرب ہی اور بیچ تاثیر کے مرہم رال سے کم نہین ہی اور قریب باعتدال ہی انزروت کاغذ کبود سوختہ پوست درخت کاج روتاس کات ہندی ہر ایک دو درم سفیدہ رانگے کا مغسول پانچ درم مردارسنگ مغسول تین مثقال کافور قیصوری دس درم موم سفید پانچ مثقال روغن گل سرخ بیس درم مرہم بنا دین۔

مرہم اعجاز - کہ واسطے زخم بندوق وغیرہ کے اور واسطے ناصور کے اور واسطے زخمون عسیر البرء کے جسطرح سے کہ ہون اور واسطے قروح خبیثہ وسوداویہ کے کہ کسی دوا سے اچھے نہین ہوسکتے ہین فائدہ کرتا ہی اور معمول اس درویش کا ہی اور حق یہ ہی کہ یہ مرہم عدیل نہین رکھتا ہی اور اس مرہم کے ہوتے اور مرہم کی حاجت نہین ہی کات سرخ پا پڑا یا رال روغن کنجد آب چاہ شیرین تازہ ہر ایک پانچ تولہ پھٹکری توتیا ہندی ہر ایک ایک تولہ و تین ماشہ پہلے پانی و روغن کو یکجا کرکے بیچ ظرف کانسے کے کہ ہندو استعمال کرتے ہین اور مشہور ہی کف مال کرین تو مانند دوغ کے ہوجاوے بعد اسکے اجزاء باقی کہ ہر ایک کو جدا جدا کوٹ کر چھان کر تول لیا ہو اسمین ملاکر ایک پہر بلکہ دو پہر کف مال کرین تو سب ایک ذات ہوجاوین پس قوام کرین اور ظرف چینی یا نقرئی مین رکھین وقت حاجت کے استعمال کرین اور بہتر وہ ہی کہ رات کے وقت لگاکر نمک کپڑے مین لپیٹ کر گرم کرکے گرد قرحہ و زخم کے تکمید کرین کہ مرہم کے عمل کا مددگار ہی۔

مرہم شاشہ - و مرہم کافوری - بیچ ادویہ بواسیر کے گذرے۔

حرف النون

نقوع - کہ جرب و حکہ کو فائدہ کرے بعد فصد و اسہال کے آلو بخارا پندرہ عدد تمر ہندی پاک کی ہوئی پوست ولیمو سے اور شکر طبرزد ہر ایک دس درم رات کو

گرم پانی مین بھگو کر صبح کو تھوڑا مل کر صاف کرین اور پیوین اور اگر قوی زیادہ چاہین سنا و شاہترہ موافق حاجت کے زیادہ کرین اور اکثر نقوعات کہ مواد فاسد کے مخرج اور خون کے مصلح ہین بیچ ادویہ سہر کے گذرے اور مطبوخات کہ اس بحث مین مذکور ہوئے جسوقت کوئی شخص مطبوخ سے متنفر ہو اُسکو نقوع کرکے دے سکتے ہین ۔

نطول ۔ کہ نشان چیچک کے اعضا سے کھو دے گل سرخ سات درم گل بنفشہ گل نیلوفر صندل سرخ صندل سفید نیم کوفتہ تخم کاہو تخم کاسنی ہر ایک چار درم سات من پانی مین جوش کرین جب تین من رہے مل کر صاف کرین جب حمام سے نکلنا چاہین اعضا پر نطول کرین ۔

باب اکیسوان بیچ ادویہ سقطہ وضربہ کے

جاننا چاہیے کہ جسوقت ضربہ یا سقطہ اوپر عضو رئیس یا شریف کے پہونچے اور کوئی مانع نہو فصد کرین اور امالہ مادے کا کرین ملین سے اور حقنہ سے اور ساتھ جذب مخالف کے بعد اُسکے عضو کو تقویت دین اور اگر صدمہ اوپر عضو غیر رئیس و غیر شریف کے ہو اُسپر حجامت کرین ساتھ پچھنے کے اور جو ورم عظیم ہو فصد کو مقدم رکھین اور اگر تپ بھی ہو آئی ہو معالجہ تپ کا کرین اور جس وقت صدمہ سے نزف الدم ہووے بعد تنقیہ و امالہ کے اُسکو بند کرین اور ان سب مراتب کو مفصلاً بیچ طب الاکبر کے ہمنے لکھا ہی اور چند دوائین مجملاً یہان بھی ذکر کرتے ہین ۔

حرف الدال

دوا ۔ کہ واسطے سقطہ وضربہ کے نافع ہی ریوند چینی ایک جزو فوہ لک سنگی گل مختوم ہر ایک آدھا جزو کوٹ کر چھان کر دو درم سے چار درم تک ساتھ نقیع حصرم کے کھاوین اور غذا ماش برنج و نخود کرین ۔

دیگر ۔ کہ سقطہ قویہ و نفث الدم کثیر کو نافع ہی مومیائی گل مختوم تھوڑا اُسنے ساتھ نبیذ قابض کے کھاوین اور اکیلی مومیائی بیچ نبیذ قابض کے یا روغن گل مین بھی اثر کرتی ہی ۔

دیگر ۔ واسطے ضربہ و سقطہ کے جو سر پر لگے برگ آس گلنار پوست انار ریانی و سرکہ مین پکاوین یہانتک کہ مہرا ہو جاوین بعد اُسکے ہاون مین کوٹین توخوب باریک ہو جائین پس تھوڑا انشک و عود خام و قصب الزریرہ باریک کرکے اُسمین ملا کر ساتھ شراب قابض کے سر پر ضماد کرین بعد فصد قیفال کے اور تبرید ساتھ روغن و گلاب و سرکہ کے اور تلیین طبع ساتھ آب فواکہ و حقنہ لینے کے ۔

دیگر ۔ کہ مسمے بہ طلاے جبر ہی واسطے سقطہ وضربہ کے نفع تمام رکھتا ہی ماش مغاث ہر ایک ایک جزو

گل ارمنی آدھا جز اقاقیا صبر ہر ایک ربع جزو ساتھ آب کے گھول کر طلا کرین۔

دیگر۔ واسطے سقطہ کے جو ساتھ گرمی و ورم کے ہو نافع ہے گل سُرخ عدس مقشر گل ارمنی صندل فوفل شیاف مامیثا گلاب مین طلا کرین بعد فصد یا تلئین کے

دیگر۔ واسطے نزف الدم کثیر کے جو سقطہ و ضربہ سے پیدا ہو کہربا گل ارمنی دم الاخوین گلنار لک حماہ برابر کوٹ کر چھان کر تین درم ساتھ ایک اوقیہ نقیع سماق اور ایک دانگ افیون تازی کے کھاوین کہ خون کو بند کرے اور غذا اشیاء قابضہ کھاوین۔

دوا۔ کہ وثی خفیف اور وہی کو نافع ہے موضع آفت رسیدہ کو ساتھ گل روغن کے ملین اور آس کو کوٹ کر چھان کر اُسپر چھڑکین اور پٹی سے باعتدال باندھین

دوا۔ کہ دشنبذ کو نرم کرے اور کشیدگی اور تمدد اور کھینچنے کو نفع کرے موم زرد پیہ بط یا دجاج کی اور مغز ساق گاؤ لعاب تخم کتان ہر ایک ایک اوقیہ روغن سوسن چھ اوقیہ بطریق معلوم آپسمین ملاوین۔

دوا۔ کہ اعضاے متحجر کو نرم کرے اور اُنکو کہ قریب بحدوث اور تازہ ہون حالت اصلی پر مسترد کرے حکر روغن آس بحکر روغن بزر تعل ہر ایک ایک اوقیہ یعنی بازرد جاوشیر اُشق ہر ایک نصف اوقیہ پیہ خرس دو اوقیہ اور اگر پیہ خرس نہو پیہ بط یا دجاج عوض اسکے ڈالین اور اگر پیہ خوک ہاتھ آوے اس امر مین سب سے بہتر ہے صموغ کو ہاون مین حل کرین ساتھ نبیذ کے اور اندک کو مین اور

چیزون کو ملاکر خوب ہلاوین تو برابر ہون اور ضماد کرین

دیگر۔ کہ یہی عمل کرے اور خوشبو ہے اور واسطے لطیف طبعون کے کام مین آوے موم زرد ایک اوقیہ روغن بان چھ اوقیہ مصطگی سیاہ کبنی ہر ایک نصف اوقیہ آپس مین ملاوین۔

فائدہ۔ بیچ تدبیر سبط کے یعنی اس شخص کے کہ جسکو سباط یعنی کوڑے سے مارا ہوا اور بسبب تفرق گوشت کے الم شدید ظاہر ہوا ہو اور مارنا لکڑی سے بھی یہی حکم رکھتا ہے چاہیے کہ بدن علیل کا ہاتھون سے دباوین مختلف و متفرق مواضع مین تو گوشت متفرق ہوا جمع ہووے پس گوسفند کو ذبح کرین پوست اُسکا اسطرح گرما گرم اُسپر لپیٹین اور ایک زمانہ دراز تک رکھین یعنی اُسوقت تک کہ پوست خشک ہونے لگے پس بحکم اللہ تعالے اُس تدبیر سے ایک رات دن مین صحت تمام ظاہر ہوتی ہے اور جسوقت خون نیچے پوست کے جمع ہووے مغز روٹی کا اور مولی آپس مین کوٹ کر نیمگرم ضماد کرین۔

باب بائیسوان بیچ تدبیر مسافرون کے اور بیان ادویہ کے کہ ساتھ حالات اہل سفر کے متعلق ہین

تدبیر اُس شخص کی کہ بسرما قوی مین سفر کرے چاہیے کہ قبل سفر کرنے کے طعام حار بالفعل و بالقوہ کھاوے اور بہتر غذا یہ ہے کہ جوز و ثوم و بصل سے بنائی گئی ہو اور اسفیداج سطیب جسمین مصالحے بہت پڑے ہون

اورچاہیے کہ فلفل غذامین زیادہ کرین اور بدستور اشیاے گرم غذامین اور بدون غذا کے استعمال کرین

تدبیر۔ اُس شخص کی کہ سفرمین بسبب سرما کے مبتلا جمود ہوا ہو لیکن حد یاس تک نہ پہونچا ہو چاہیے کہ بیچ مکان محفوظ کے کہ اُسمین آگ جلائی ہو رکھین اور تمام بدن اسکا سواے سر کے ہاتھون مختلف سے خوب ملین اور سر کو گرم کپڑون سے تکمید کرین اور آدمی کہ بدن اُنکے گرم و نرم ہون اپنے بدن کو اُسکے بدن سے ملاوین خصوصاً شکم و سینہ اُسکا اپنے بدن سے ملین اور حلتیت دو مرد فلفل برابر کوٹکر چھانکر تھوڑا اُس سے ساتھ شراب کے ملاکر اُسکے منہ مین ڈالین اور روغن سوسن یا نرگس یا فرفیون اور جندبیدستر و قسط اُسمین حل کرکے اُسکے بدن مین تمریخ کرین اور بعد افاقہ کے جب غذا مانگے مانند شوربائے مرغ یا کبوتر کے دین اور شہد بھی چٹاوین۔

تدبیر۔ اُس شخص کی کہ اطراف اُسکے سردی سے ورم کر گئے ہون اور حس اُنکی کم ہوگئی ہو لیکن سیاہ نہوے ہون کاہ حنطہ یا شلغم یا کرنب یا شبت یا بابونہ یا شیح یا نمام یا مرزنجوش یا اکلیل الملک یا تخم کتان یا حلبہ تنہا یا مجموع جوش کرکے اطراف کو اُسمین رکھین بعد اُسکے روغنہاے گرم ملین اور آگ سے نزدیک کرین تو اپنے حال پر آوین جان تو کہ منجملہ اُن اشیا کے جو اوپر اطراف کے ملتے ہین اور فاسد ہونے سے امین کرتے ہین روغن زنبق

دروغن رازقی و سوسن و بان و غار و قطران و ہوا قوے کلہا فعلاً فی ذٰلک فانہ یحفظہا من تعفن البتہ۔

تدبیر۔ تورم اطراف کہ سبز یا سیاہ ہوے ہون چاہیے کہ جلد پچھنے عمیق لگاکر عضو کو پانی گرم مین رکھین تو خون زخمون کے مُنھ سے بند اور سیلان سے موقوف نہو جاوے اور خون بقدر معتد بہ نکالین بعد اُسکے گل ارمنی بیچ پانی و تھوڑے سرکے کے حل کرکے طلاکرین اور ایک رات دن لگا رکھین لیکن بہتر شراب نیمگرم سے یا پانی و سرکہ سے دھووین اور پھر گل ارمنی جیسا کہا گیا طلا کرین اور اسی طرح تکرار کرین تہانتک کہ آثار بہتری کے ظاہر ہون۔

تدبیر۔ تعفن و نتن اطراف کی چاہیے کہ واسطے اسقاط لحم عفن کے تو عضو مجاور تک فساد اُسکا نہ پہونچے اطراف تو سلق و کرنب کو جوش کرکے کوٹین اور ساتھ روغن طعام کے گرم کرکے ضماد کرین یا روغن گرم اکیلا ایک دن مین کئی مرتبہ لگاوین اور تبدیل کرتے رہین اور جب گوشت فاسد بالکل گر جاوے اور گوشت صحیح نکلے منبتات لحم استعمال کرین لیکن اگر ہڈی بھی سیاہ ہوگئی ہو اور فساد اُسمین سرایت کرگیا ہو چاہیے کہ اُسوقت مین جب تک کہ ہڈی فاسد کو محکوک نہ کرین یا قطع نہ کرین جسطور سے کہ ممکن ہو منبتات کو استعمال کرنا نچاہیے۔

تدبیر قمور و ہیجان چشم کی۔ کہ شدت برد سے ہوا ہو چاہیے کہ کاہ گندم یا مرزنجوش یا بابونہ یا شبت تنہا یا مجموع جوش کرکے اُسکے بخار پر انکباب کرین

پتھر کو گرم کر کے نبیذ اُسپر گرا دین اور اُسکے بخار پر انکباب کرین اور تعطیش بھی فائدہ مند ہی اور جسوقت آنکھ سرخ ہو جاوے بے مہلت فصد قیفال کھولین اور پینا شراب حسرف کا اور کثرت سے کھانا ثوم کا نفع کرتا ہی۔

تدبیر۔ اُس شخص کی کہ بیچ سفر کے باد سموم اثر کرے جاننا چاہیے کہ ایسے حال مین پیاز کو کاٹ کر دوغ مین رات کو بھگوئین اور قبل چلنے کے اُس پیاز کو کھا کر دوغ کو پیین اور شاخین خرفہ کی پکا کر ساتھ رائب و روغن کے کھاوین اور چاہیے کہ شاخین خام خرفہ کی بیچ سفر کے ہمراہ رکھین اور اُنکو تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد چوسا کرین اور سینہ و شکم پر قبل چلنے کے لعاب اسبغول سے طلا کرین یا ساتھ شیرۂ خرفہ کے روغن گل و سفیدی انڈے مین ملایا ہوا اور چاہیے کہ روغن بنفشہ سونگھین و ملین اور سفر ایسے وقت کرین کہ سموم نہ چلتی ہو اور محفہ مین بیٹھین اور پیاز کثیر المقدار ہمراہ لیوین اور آب سرد اکثر پیین اور موسم گرما مین جب تک ممکن ہو رات کو سفر کرین یا ٹھنڈے وقت اور قرص مطفی الحرارت و مسکن العطش استعمال کرین اور ایک ٹکڑا چاندی کا جلا کیا ہوا منہ مین رکھین کہ بالخاصیت پیاس کی تسکین کرتا ہی۔

صفت قرص مذکور۔ مغز تخم خیارہ مغز تخم کدو ہر ایک چار جزو تخم کاہو تخم خرفہ ہر ایک دو جزو رب السوس ایک جزو کوٹ کر ساتھ آب برگ خرفہ کے یا ساتھ لعاب اسبغول کے گھول کر قرص مغرطح موافق شکل ترمس کے بناوین اور وقت سیر کے ایک کے بعد دوسرے کو منہ مین رکھکر مضغ نہ کرین بلکہ رہنے دین تو تھوڑا تھوڑا گھلتا جاوے پانی اُسکا نگلتے رہین لیکن قبل سیر کے استعمال کرین اور واسطے تپ کے اور تسکین حرارت کے اگر دینا منظور ہو اور سینہ مین خشونت نہو دو مثقال ساتھ جلاب کے یا ساتھ شربت بنفشہ کے دین اور یہ قرص باوجود اطفاے حرارت کے اور نفع کرنے کے حمیات حادہ محرقہ کو بھی نہایت نفع کرتا ہی اور واسطے سوزش بول کے بھی نافع ہی۔

تدبیر۔ کرنے ضرر آبہاے مختلفہ کے چاہیے کہ پانی کو شراب مین یا سرکہ مین ملا دین اور پیاز دینیر خصوصاً کہ مخلل ہون اور سرکہ دینیر کھاوین اور اسی طرح جو چیز ضد و مخالف کیفیت پانی کے ہو استعمال کرین۔

تدبیر۔ قتل قمل کی چاہیے کہ سیماب کشتہ ساتھ روغن کے ملا کر قلادہ صوف مین ملین اور قلادہ کو گلے مین باندھین۔

دیگر۔ برگ آزاد درخت یا برگ دفلی منہ مین رکھین اور بدن پر ملین۔

دیگر۔ ہر دس دن کے پیچھے زرنیخ احمر و میویزج و کندش و بورق سرکہ و روغن گل مین ملا کر اوپر بدن کے ملین اور ایک ساعت رہنے دین پس گرم پانی سے دھو دین۔ (خرزہرہ ۱۲)

دیگر۔ ترب سیماب یا کندش منہ مین رکھین اور بدن پر ملین

دیگر۔ ترمس یا کندش یا برگ آزاد درخت یا قسط جلاوین اور دھوان اُسکا کپڑون مین لیوین اور چاہیے کہ بدن کو آب گرم سے اکثر دھو دین اور اگر حمام مین میسر آوے نہوا لمسہ ادا اور تبدیل کپڑون کی جلد جلد

کرین اور لباس کتان جدید کا بناوین۔

تدبیر خراش جلد کی کہ سوار ہونے سے اور تنگ موزہ سے اور نعل سے ظاہر ہوتی ہی نافع ہی لتہ کتان ساتھ آب سرد کے و گلاب سرد کے تر کر کے رکھین بعد اُسکے مردارسنگ گلاب مین پیسکر طلا کرین اور اگر خراش جلد کا ساتھ سوزش اور درد کے ہو مرہم سفیدہ کا لگا دین اور اگر تنگ ہونے موزہ سے چھالے پڑین حضض و اقاقیا و گل ارمنی طلا کرین بعد چیرنے و پاک کرنے چھالون کے ڈالنے آب سرد کے اور شاید کہ گرانا آب سرد کا اکیلا کفایت کرے اور مازو گلاب مین یا پانی مین پیسکر لگا دین

دیگر۔ گلنار پیسکر چھڑکین کہ یہی نفع کرتا ہی۔

بیان ادویۂ ملسوع و مسموم و ملدوغ کا

اور تدبیر احتراز کرنے کی سم سے پوشیدہ نہ رہے کہ کسی کو جائز نہین ہی کہ کوئی چیز مجہول الکیفیت کو منہ مین ڈالے یا سونگھے یا بدن پر ملے اور اسی طرح بیچ پانی و کھانے کے احتیاط کرے تو جانور سمی سے آفت نہ پہونچے اور بدستور اگر کسی مجلس مین وہم دشمنی کا ہو اور وہان اسکا گذر ہو مباشرت عطریات و تناول اطعمہ و اشربہ سے پرہیز کرے اور ایسی جگہ واجب ہی کہ کھانا کھا کر جاوے اسلیے کہ زہر بعد غذا کے کم اثر کرتا ہی اور چیزین قوی الطعم کہ محل ملانے زہر کی ہین ہرگز نہ کھاوے اور ایسی شخص کو لازم ہی کہ مقرر کرے تناول کرنا ایسی ادویہ کا کہ پہلے تناول کرنا اُنکا ضرر زہر کو نافع ہی اور موہن و مضعف

اُسکی تاثیر کے ہوتے ہین مانند شرودیطوس کے ہو اقوی فعلا فی ذلک اور تریاق طین اور دواء الجوز اور فادزہر اصیل وغیرہ اور جانین کہ تاثیر زہر کی خواہ زہر مطلق ہو یا دوا ہے سمی اس سے خالی نہین ہی کہ احراق و التہاب پیدا کرے مانند فربیون کے یا انجماد و تخدیر کرے مانند افیون کے یا تقطیع کرے مانند زنگار کے یا تعفین کرے مانند بیش یا مرارہ افعی و مرارہ ذرعہ و حربا و مرارہ نمر و مرارہ کلب الماء وغیرہ کے اور ردی زیادہ ان اقسام مین وہ ہی کہ اثر اُسکا ساتھ تعفین کے ہو اور استدلال اوپر پینے زہر کے بو سے منہ کے اور بوے و رنگ اُس چیز سے کہ قی مین نکلتی ہی اور ساتھ اعراض کے کہ ہر ایک کو لازم ہین کر سکتے ہین اور جسوقت کوئی اثر شرب زہر سے معلوم ہو قی کرین آب گرم و روغن کنجد پی کر اور اگر روغن زیت میسر ہووے روغن کنجد سے بہتر ہی اور اگر تخم انجرہ جوش کر کے اُسکے جوشاندہ مین گھی ملا کر پیئین اور قی کرین نافع زیادہ ہو اور چاہیے کہ غذا شکم سیر کھاوین اور پھر قی کرین بعد ایک زمانے کے کہ ان تدبیرون سے اگر زہر نہ نکلیگا دشمنی و برائی اُسکی البتہ کم ہو جاویگی اور جو چیز اخراج زہر کا قی سے کرتی ہی تریاق الطین ہی اس شرط سے کہ اول امر مین کھایا جاوے اور بہتر طعامون مین کہ مسموم کو بعد قی کے کھلا کر پھر قی کراوین دودھ تازہ ہی اور اگر دودھ نہ ملے روغن گاو و مسکہ پگھلایا ہوا قائم مقام اُسکے ہی اور شحم بط پگھلائی ہوئی نہایت نفع کرتی ہی اور اگر دریافت کرین کہ اگر

زہر کا امعا مین پہونچا ہی ساتھ بیمزون نرم کے اور روغنون کے حقنہ کرین اور بیمار کو راحت دین اور لباس اچھا خوشبو کا پہناوین اور چھینک لادین تو دماغ بھی پاک ہوجاوے اور اگر غشی ہو اطراف ملین اور مُنہ مین دم کرین اور بال اُکھاڑین اور یاقوتیان مناسبہ دین اور جب مشخص ہو کہ فلانا زہر کھایا گیا ہی واسطے ہر ایک کے زہرون سے بیچ مفردات و اختیارات کے جو جو دوائین مذکور ہوئی ہین استعمال کرین اور اگر تعین زہر کی نہو سکے باعتبار آثار کے کہ ہر ایک جنس سے مخصوص ہین معالجہ کرین۔

فائدہ۔ پیدا ہونا سوزش و مغص و تقطیع و اکال کا بیچ بعض مواضع شکم کے دلیل سمّ حاد اکال کی ہی علاج اُسکا پلانا دودھ و مسکہ و روغن بادام کا اور تناول کرنا فالودجات رقیقہ کا ساتھ روغن بادام کے ہی اور ظاہر ہونا سوزش و پیاس و سرخی کا منہ مین اور بخر دہن و صفرت عین و کرب و عرق دال ہی اوپر زہر گرم کے علاج اُسکا پینا پانی برف کا اور ستو ساتھ برف کے اور گلاب مبرد و روغن گل کے و اقراص کافور و اسبغول و دوغ و ابہاد میوہائے سرد مانند سیب و انار کے اور شیرہ ہائے باردہ مانند شیرۂ تخم خرفہ کے ساتھ شربت انار کے اور تناول کرنا خرفہ کا یا ملوخیہ یا خبازی کا ہی اور کپڑے صندل و گلاب و کافور مین تر کرکے اوپر نواحی اعضائے رئیس کے مکرر رکھین اور اگر احتیاج فصد و اسہال کی ہو کرنا چاہیے اور واقع ہونا جمود و خدر و سبات و ثقل کا ہاتھون مین اور پاؤن مین اور زبان مین دال ہی اوپر زہر بارد کے علاج اُسکا پینا شراب کہنہ و تناول کرنا ثوم و جوز و دواء الحلتیت کا ہی اور سونے ندینا اور صبر کرنا اوپر پیاس کے اور ملنا بدن کا اور تکمید کرنا اور آب گرم و شہد سے آس پانی سے کہ شبت اسمین جوش کرکے نمک و بورق اُسمین حل کیا ہو قَی کرنا اور حکما نے کہا ہی کہ اگر برسیاوشان کوٹ چھان کر کھاوین بہت نفع کرے۔

فائدہ۔ جسوقت زہر کے پینے سے غشی و انحلال قوت و لکلنا زبان کا اور سقوط نفس ظاہر ہوجانا چاہیے کہ سمّ مذکور جملہ سموم قتالہ مضادہ مزاج انسان سے ساتھ جملہ جوہرون کے ہی اس حالت مین جلدی کرین ساتھ دینے تریاق کبیر و شرودیطوس و دواء المسک کے اور تقویت دین ساتھ ماء اللحم و شراب و طیوب کے اور لازم ہی کہ دیکھین اس امر کو کہ تاثیر زہر کی اور تعلق اُسکا ساتھ کس عضو کے ہی اسلیے کہ ہر ایک زہر ساتھ ایک عضو کے مخصوص ہی پس اُسکے اعتبار سے رعایت اُس عضو کی زیادہ کرین تو ضرر سے محفوظ رہی مثلاً اگر اضطراب اسفل شکم مین پیدا کرے شیاف لینہ و حقنہ لینہ کرین اور اگر اضطراب معدے مین ہو مسہل نرم دین اور اگر اذیت جگر مین پہونچی ہی اور یرقان ظاہر ہوا مدرات دین اور جو چیزین کہ جگر کو مخصوص ہین ادویۂ اشربہ سے استعمال کرین اور اگر خفقان و غشی لاوے تقویت

دل کی کرین اور اگر دماغ کو ضرر پہونچا ئے اور تشنج پیدا ہو تقویت دماغ کی اور ازالہ تشنج کا کرین اسلیے کہ تشنج بدون تضرر دماغ کے ممکن نہین ہی اور اگر کوئی عضو مین یا کوئی جگہ بدن سے سوزش و سُرخی ظاہر ہو طحالب و مانند اُسکے مبردات لگاوین تو خدرہو جاوے لیکن استعمال رادعات کا قبل انقی نہ کرین اور اگر اعضا مین بر و پیدا ہو تسخین کرین اور جسوقت گرمی شدید ہو روغن گل ساتھ برف کے ملا کر پلاوین اور قی کراوین اور کہا ہی کہ اگر خرد الدیک کھلاوین سم کو فی الحال قی سے دفع کرے اور اوپر گذر چکا ہی کہ مفرحات یاقوتیہ و مانند اُنکے و تریاق کبیر و طین مختوم و تریاق طین مختوم و تریاق اربعہ علاج مشترک مین جمیع اقسام زہر کو اور قدیلا بن عرس بری کا کہ پاک کر کے جوش دیکر خشک کیا ہو اقوی ادویہ سے ہی او پر دفع کرنے سموم کے ایک درم سے دو درم تک دین تنہا یا ساتھ شراب کے اور جس شخص نے کہ زہر کھایا ہی یا سانپ نے اُسکو کاٹا ہو واجب ہی کہ اُس دن سونے نہ دین —

تریاق کبیر۔ مشہور ہی فوائد اسکے ساتھ امتحان کے بیچ ادویہ سر کے گذرے —

تریاق طین مختوم۔ واسطے سموم کے نافع ہی اور اُسکا خاصہ ہی کہ جو سموم کھاوے جب تک کہ سم بالکل نہ نکل جاوے قے موقوف نہ ہوگی اور اگر دین اور قی نہ لاوے دلیل اس امر کی ہی کہ زہر نہین کھایا ہی گل مختوم حب الغار ایرسا برابر کوٹ کر چھان کر ساتھ روغن گاؤ کے چرب کر کے عسل مین گھولین مقدار شربت بقدر ایک ورق کے اور ایک نسخے مین ایرسا نہین ہی قبل غذا کے اور بعد اُسکے کھا سکتے ہین —

نوع دیگر۔ واسطے سموم قتالہ و منصبہ کے ہوام اور دواب سے بیچ بدن آدمی کے نافع ہی گل مختوم رومی حب الغار ہر ایک دو درم انفحہ آہو کا آٹھ درم جنطیانا رومی زراوند مدحرج تخم سداب برگ غار ہر ایک ایک درم کوٹ کر چھانکر عسل صافی مین بناوین مقدار خوراک بقدر باقلا کے —

تریاق اربعہ۔ واسطے لذع عقرب کے اور تمام جانوروں زہرناک کے فائدہ کرے اور قریب النفع تریاق کبیر کے ہی اور ریاح غلیظہ کو توڑے اور قولنج کو کھولے اور اصلاح جگر اور سپرز کی کرے اور واسطے اخراج جنین مردہ کے اور آسان کرنے ولادت کے اور ادرار فضلات کے اور ازالہ جمیع امراض باردہ کے نافع ہی اور وہ سب تریاقون سے پہلے ہی کہ اندروماخس حکیم نے پہلے ترکیب دیا ہی اور تیسرے درجہ مین گرم اور دوسرے مین خشک ہی اور قوت اُسکی دو برس تک باقی رہتی ہی اور بدل اُسکا نصف وزن اُس شرودلیطوس ہی اور واسطے خفقان فواد کے اور صرع کے نفع رکھتا ہی اور سوا شہد کے جملہ چار جزو ہین لہذا تریاق اربعہ نام رکھا گیا ہی جنطیانا زراوند طویل حب الغار مرصاف مساوی کوٹکر چھانکر

ساتھ شہد کے گھولین مقدار شربت ایک مثقال ساتھ
آب گرم کے اور جانین کہ تریاق مذکور بیچ بعض مزاجون
کے صداع و دمعہ پیدا کرتا ہی مصلح اُسکا شیرۂ خرفہ ہی
تریاق ثمانیہ — کہ بعد تریاق اربعہ کے مرکب ہوا
منافع مین اُس سے زیادہ ہی زراوند طویل ریوند چینی
پوست بیخ کبر حب الغار مر صاف قسط تخم جنطیانا
رومی زرد چوبہ مساوی کوٹ کر چھان کر شہد مین گھولین
مقدار خوراک ایک مثقال —

تریاق بلیغ النفع — کہ ایک جماعت نے اطبا سے
اُسکو لذع افاعی مین مساوی تریاق کہا ہے
نیسون دس درم فلفل تین درم زراوند حرج جندبیدستر
ہر ایک ڈیڑھ درم کوٹ کر چھان کر ساتھ میفختج کے
گھولین مقدار خوراک ایک مثقال —

تریاق — کہ واسطے لذع عقارب کے فائدہ کرے
بیخ کبر افسنتین مُطلی زراوند جنطیانا کوٹ کر چھان کر تین
درم کھاوین —

تریاق — کہ بیچ لذع عقرب کے اثر بلیغ رکھتا ہی —
جنطیانا زراوند حب الغار قسط مر تونج سداب جندبیدستر
عاقرقرحا شونیز زنجبیل فلفل حلتیت جملہ برابر کوٹ کر
چھان کر عسل مین گھولین بقدر جوز کے ساتھ شراب
کے دین —

تریاق — کہ بیچ لذع عقرب کے جید الاثر ہی بیخ
حنظل خشک دو مثقال ساتھ گرم پانی کے کھلاوین
اور یہ دوا اسہال بھی لاتی ہی حلتیت ایک مثقال ساتھ
ایک دفعہ سداب کے واسطے لذع عقرب کے نافع ہی

اور اسی طرح ہی نمک خمیر کا اگر بقدر بیر کے ساتھ گرم
پانی کے سفوف کر کے پھانکین —

تریاق عسکری — واسطے لذع عقرب جرارہ و غیر جرارہ
کے اثر تمام رکھتا ہی پوست بیخ کبر بیخ حنظل افسنتین
زراوند مدحرج طرخشقوق یابس دینار ویہ کہ عربی
مین خراۃ کہتے ہین جملہ برابر کوٹ کر چھانکر دو درم
کھاوین اور ایک نسخے مین بیخ حنظل و دیناروِیہ نہین ہی
عوض اُسکے جنطیانا مرقوم ہی اور معلوم کرین کہ وزن دو درم
اکردم کو یہ دوا ایک ساعت مین موقوف کرتی ہی مقدار خوراک اُسکا
ایکدرم واسطے بالغ کے اور ثلث درم واسطے لڑکے کے کافی ہی
تریاق — کہ بیچ عقرب کے فائدہ کرتا ہی تخم سداب زراوند
طویل حب الغار جنطیانا پوست بیخ کبر افسنتین
زردچوبہ بیخ حنظل فانز بالسویہ کوٹ کر چھان کر
ساتھ شہد کے گھولین —

تریاق دیگر — واسطے لذع عقرب کے مغز اکھروٹ
لہسن ہر ایک دو درم سداب حلتیت مر ہر ایک ایکدرم
کوٹ کر ساتھ انجیر کوفتہ کے ملا کر تریاق بناوین مقدار
شربت تین درم ساتھ شراب کے —

دیگر — کہ یہی عمل کرتا ہی زراوند مدحرج پوست بیخ کبر برابر
کوٹ کر چھان کر ایک درم ساتھ شراب کے پیین
تریاق سرطان — کہ اسکا نام دواء السرطان ہی
واسطے کاٹنے باولے کتے کے نافع ہی سرطان سوختہ
دس درم کندر جنطیانا ہر ایک پانچ درم کوٹکر چھان کر
شہد مین بناوین مقدار خوراک ایکمثقال اور بیچ قرابادین نجیبی
کے جنطیانا ایک درم ہی اور کہا ہی کہ صبح کو دو درم اور شام کو

دو درم دین ساتھ آب سرد کے بہت دنون تک خال اُلٰہ
بہا لینوس لم ار احدا سقی ہذا الدواء فمن نہشہ الکلب
الکلب ففرغ من الماء۔

تریاق۔ واسطے کاٹنے رتیلا کے شونیز دس درم دوقو
زیرہ کرمانی ہر ایک پانچ درم ابہل جوز السرو ہر ایک
تین درم سنبل الطیب حب الغار زراوند مدحرج حب بلسان
دارچینی جنطیانا تخم جند فوقی تخم کرفس ہر ایک دو درم
کوٹکر چھانکر ساتھ شہد کے گھولین مقدار خوراک بقدر
جوز کے ساتھ شراب کہنہ کے۔

تریاق۔ کہ دفع مضرت افیون وبیروج وشوکران
وکزبرہ واجواین کی کرے حلتیت جند بید ستر ابہل
فلفل مساوی کوٹ کر چھان کر شہد مین بناوین مقدار
شربت مقابل ایک فندق کے ساتھ شراب کہنہ کے
بعد قی کرنے کے ساتھ ماء العسل وشبت وملح کے
اور اس حالت مین حقنہ حادہ کرنا اور تدابیر مسخنہ کرنا
اور کندش وجند سے خطسہ لانا نافع ہی۔

تریاق۔ کہ ضرر سیماب وسم الفار وزنگار ومردار سنگ کو
باز رکھے عرافسنتین تخم کرفس کوٹ کر چھان کر دو مثقال
ساتھ ایک اوقیہ شراب کے کھاوین بعد قی کرنے کے
جوشاندے انجیر وشبت کے تھوڑا نمک ملا کر اور
چاہیے کہ سقمونیا جلاب مین دین تو شکم کو جاری
کرے۔

تریاق۔ واسطے اُس شخص کے کہ کنارہ دُم بارہ سنگہ
کا کھایا ہو بندق فستق فیلزہرج بالسویہ نرم کوٹ کر
پھانکا کرین اور بقدر بیضہ کے اُس سے ایک دن چار

مرتبہ دین بعد اُسکے کہ پہلے قی کروائی ہو بدفعات کثیرہ
گھی وشہد تھوڑا پلا کر۔

تریاق۔ واسطے اُس شخص کے کہ لیسپینا چارپایہ کا
کھایا ہو زراوند نمک اندرانی برابر کوٹ کر چھان کر
ایک درم ساتھ آب نیمگرم کے دین بعد اُسکے کہ پہلے قی
بدفعات کی ہو ساتھ ماء العسل کے اور بعد اسکے کہ مفنجنج
مع روغن گل پلایا ہو اور طین مختوم بھی اس جگہ نفع بہت رکھتی ہی

تریاق عام النفع۔ کہ واسطے سموم مشروبہ وملذوعہ
کے نافع ہی تخم حرمل شونیز زیرہ ہر ایک دو درم جنطیانا
ایک درم فلفل سفید ہر ایک نصف درم زراوند مدحرج
ڈیڑھ درم کوٹ کر چھان کر بطریق معلوم ساتھ شہد کے
بناوین مقدار شربت مثل باقلاء رومی کے ساتھ شراب
کے۔

فائدہ بیچ ذکر ادویہ مفردہ ومرکبہ فادزہریہ وتریاقیہ کے

لبن اللاغیہ۔ تریاق لذع افعی کا ہی۔

شراب۔ کہ اُسمین افعی مرا ہو تریاق زہر سب حیوانون
کا ہی تخم اترج قدر دہ مثقال کے سب زہرون سے
ضدیت ومخالفت رکھتا ہی خصوصاً زہر کتے باولے سے
بیخ انجدان فادزہر سب زہرون کی ہی۔

جوز مع فندق وانجیر۔ فادزہر ہین۔

جنطیانا وجاوشیر۔ مع زراوند وثمرۃ الداب طب
فادزہر ہین۔

دارچینی کمادریوس کاشم اذریون حرف ثوم
غاریقون قردمانا۔ یہ سب مفید ہین۔

طبیخ سرطان نہری وبارزد۔ نفع تمام رکھتے ہین

دواء الحلتیت ـ کاٹنے عقرب و رتیلا کو اور مانند انکے نفع کرتی ہے اور بیچ حمیات کے گذری اور ساتھ شرب کے دینا چاہیے

دواء السرطان ـ کہ اسکو تریاق السرطان بھی کہتے ہین اوپر مذکور ہوئی ـ

دواء الذراریح ـ واسطے کاٹنے باولے کتے کے نافع ہے ذراریح کبار کہ قوایم و رؤس و اجنحہ انکے دور کیے ہون باقی لیکر اس سے اور عدس مقشر سے ایک جزو اور زعفران و سنبل و فلفل و قرنفل و دارچینی سے ہر ایک سدس جزو حسب کو باریک پیسین خصوصاً ذراریح کو اور ساتھ پانی کے گھولین اور قرص بنا دین ہر ایک قرص دو دانگ کا اور ہر دن ایک قرص دین ساتھ آب نیمگرم کے اور ہر دن بعد شرب دوا کے حمام مین جا کر آب زن کرین اور اسمین پیشاب کرین اور درمیان تناول اس دوا کے غذا سے مرطب مانند اسفیداج جوزہ مرغ فربہ کے کھاوین اور شراب پیئین اور برودت سے پرہیز کرین اور اگر اس دوا سے مثانہ مین درد ظاہر ہو جوشاندہ عدس کا ساتھ روغن بادام یا مسکہ یا روغن کے پیئین اور اگر ذراریح کو رائب مین بھگوئین ایک رات دن اور اس درمیان مین تین بار رائب تبدیل کرین پس ایکدانگ اس ذراریح سے اور برابر اسکے عدس مقشر دونون کو باریک کرکے ساتھ آب گرم کے دین بیچ غرض مقصود کے کفایت کرے

دواء النجور ـ اگر قبل زہر کے کھاوین تاثیر زہر کی بدن مین ظاہر نہووے اور بعد کھانے زہر کے تاثیر باطل ہو جاوے جو زانجیر سداب سب کو جمع کرکے بقدر حاجت دین

بیان ادویہ ـ کہ واسطے کاٹنے عقرب وغیرہ کے بالخاصیت نفع کرتی ہین آنک برگ توت روغن دنبہ مین گھولین اور اوپر مقام زخم کے رکھین کہ درد موقوف کرے

دیگر ـ آہک زردی انڈے کی ملا کر زخم پر رکھین ـ

دیگر ـ سجی کوٹ کر دوشاب مین گھول کر رکھین ـ

دیگر ـ کژدم کو روغن مین جو قمن کرین جو روغن کہ ہو جھو گا اگر مولی کا ہو اور اس روغن کو اوپر مقام لذع کے ملین درد موقوف کرے اور اگر اول روغن کو ساتھ شہد کے ملا کر جسوقت لڑکا پیدا ہوا ہو بقدر نصف درم کے اس سے لڑکے کے تالو پر ملین تمام عمر مین اسکو لذع عقرب سے درد نہوگا

دیگر ـ اگر بچھو نے کاٹا ہے نمک پیسکر بیچ روغن چراغ کے گرم کرکے زخم پہ رکھین درد موقوف کرے ـ

دیگر ـ چرک گوش خر اوپر مقام لذع عقرب کے ملین ـ

دیگر ـ برگ ناک کوٹکر رکھین فی الحال درد کو موقوف کرے

دیگر ـ مغز جوز و انجیر و سیر کوٹکر اوپر زخم سانپ کے رکھین ـ

دیگر ـ سرلش کو سرکہ مین حل کرکے رکھین درد لذع عقرب کو موقوف کرے

دیگر ـ نانخواہ جوش کرین اور اسکے جوشاندہ مین عضو کو رکھین

دوا ـ کہ بیچ کاٹنے باولے کتے اور سباع اور تمام انسان کے اور گھس جانے پنجون کے اور سب زخمون کے کہ ساتھ کوفتگی کے ہون بلیغ الاثر ہے پیاز نمک عسل کوٹکر ایک رات دن ضماد کرین بعد اسکے ساتھ سرکہ و نمک کے دھووین یہانتک کہ اس دوا سے زہر منجذب ہو جاوے بعد اسکے موم زفت شحم بار زد آس مین ملا کر ضماد کرین ـ

تنبیہ ـ بیچ علاج زخم گزیدن انسان و سباع و سگ غیر و لوانہ و بوزنیہ وغیرہ کے چاہیے کہ ایک رات دن

پیاز ونمک وشہد اُسمین ملاکر زخم پر باندھین پس مرہم اسود لگاوین اور موضع گزیدۂ پلنگ وشیر دیوزکو پہلے ساتھ ادویۂ جذابہ کے مانند سرکہ وراکھ وپیاز وشہد کے ضماد کرین بعد اُسکے ساتھ سرکہ ونمک کے دھوڈین پس مرہم اسود لگاوین اور باندھنا باقلے تازہ کا کہ دو ٹکڑے کیا ہو نہایت جاذب زخم سگ وغیرہ کا ہی اور آرد باقلا ساتھ سرکہ کے بدستور موثر وجاذب ہی اور واسطے زخم دندان آدمی کے بھی مفید ہی اور شب محرق اور بدستور کندر ساتھ روغن زیتون و شراب کے واسطے کاٹنے آدمی کے نافع ہی اور جسوقت مقام زخم حیوانات کا ورم کرے طلا کرنا مرداسنگ کا رافع ہی علاج زخم آلات زہر دار کا اس دستور سے کہ بیچ سموم ملذوعہ کے گذرا اور دزو مقناطیس کا عجیب الاثر ہی اور اصل اُس مین ضماد جاذب زہر کا ہی اور اچھا نہ کرنا زخم کا جب تک کہ سمیت اُسکی بالکل رفع نہووے اور پینا تریاق کبیر وفادزہر کا اور دھونا اُس جگہ کا مکرر ساتھ پانی راکھ چوب انجیر ونمک کے اور حجامت کرنا اس جگہ کا اور باندھنا مچھلی تازی کہ شکم اُسکا چیرا ہوا ور حلزونات وگوشت سلحفات وغیرہ کا۔

بیان ادویہ - کہ حشرات اُنسے بھاگتے ہین جمیع اقسام حشرات کے مشاخ گوزن کی دھونی سے بھاگتے ہین اور بدستور بخور سم بز کا اور گندھک کا اور بال آدمیون کا اور زفت ومقل وسکبینج وقنہ وچوب انار کابھی اثر رکھتا ہی اور چھڑکنا اُس پانی کا کہ اُسمین نوشادر کو حل کیا ہو جو بیچ سوراخ سانپ کے گرادین سانپ کو ہلاک کرے اور فرش کرنا برنجاسف کا نہایت مجرب ہی اور جوشاندہ خشک کا اُس موضع پر کہ چھڑکین سانپ اُس موضع کو ترک کرے اور جو رسی کو قطران مین آلودہ کرکے گرد اپنے حلقہ کرین ہوام اُس حلقہ مین داخل نہونگے اور جسکے پاس زمرد ہو سانپ اُس سے بھاگتا ہی اور جو آنکھ سانپ کی زمرد پر پڑے اُسی وقت آنکھ اُسکی حدقہ سے باہر نکلتی ہی۔

عقرب - دود کبریت سے بھاگتا ہی اور جس چیز سے سانپ بھاگتا ہی بچھو بھی اُس سے بھاگتا ہی اور جلانا چند عدد بچھو کا کوئی موضع مین سبب بھاگنے سب بچھوؤن کا اُس موضع سے ہوتا ہی اور تجربہ ہوا ہی کہ جو چراغ بہت روشن کسی جگہ مین حشرات اُسی جگہ کی طرف متوجہ ہوتے ہین اور جو مکان دور چراغ سے ہو محفوظ رہتا ہی۔

بخورا مؤلف امان الاخطار فی الاسفار نے ذکر کیا ہی بیچ بھگانے ہوام وپشہ کے بعدیل ہی شونیز زاج سفید سکبینج زیرہ جندبیدستر مقل سم بز برابر کوٹکر گولیان بناوین اور مکرر دھوان اُنکا کرین اور چھڑکنا آب مطبوخ بابونہ وحنظل واسپند وسیر وسنبھالو کا نہایت موثر ہی اور جوشاندہ پیاز وعنصل کا مجربات سے ہی۔

پشہ - طلا کرنا روغن کا ساتھ آب لیموکے پشہ کو دفع کرتا ہی مجرب ہی اور جو بیچ نوشادر کو ساتھ چربی گاؤ کے کسی دن بخور

کرین تولدشپشہ کو منع کرے مجرب ہی۔

کیک۔ چھٹکنا جوشاندۂ خسک کا قاتل کیک ہی اور دود ستبوں جوشاندہ حنظل وافسنتین وشونیز اور کیکا اشن کا جملہ ادویۂ مشہورۂ کیک سے ہی۔

قمل۔ طلا کہ نامولود کا روز ولادت کے ساتھ آب زیرہ کے باعث منع پیدائش سپش کا اسکی تمام عمر مین ہوتا ہی اور جو پارہ کو اوپر کپڑے کے یا بدن کے ملین اسی ساعت رفع کرتا ہی۔

مورچہ جلبت سے بھاگتے ہین اور دود زرنباد وعود سے بھی سکنجبین کہ مسمّی بافسومانی اور ترکیب بقدما سے ہی واسطے نہش سانپ کے اور شراب افیون اور ادویۂ قتال کے نافع ہی اور واسطے عرق النسا ووجع المفاصل وصرع کے مفید ہی اور کیموس غلیظ کو مسہل ہی سرکہ پانچ رطل ملح بحری دو من عسل دس من آب دس نوطول جملہ آپس مین ملاکر نرم آگ پر پکاوین یہانتک کہ دس جوش کھاوے بعد اسکے اوم اتار کر سرد کرین اور بیچ باسن کے رکھین اور وقت حاجت کے بضرورت دین۔

خاتمہ بیچ طریق احراق وتسویہ وتحمیص وتقلیہ وغسل ادویہ کے اور بنانے اور مدبر کرنے اور اصلاح اور حفاظت بعض ادویہ کے اور طریق استعمال چوب چینی وعشبہ کے اور مانند انکے اور ہر ایک انسے بیچ فائدہ کے علیحدہ علیحدہ مذکور ہونگے۔

فائدہ۔ بیچ احراق ان ادویہ کے کہ طب مین جلانا انکا معمول ہوا ہی معلوم کرین کہ حاجت جلانے کی یا بسبب توڑنے تیزی کے ہی جیسا کہ بیچ زاج وزرنیخ وغیرہ کے ہی یا واسطے تلطیف کے جیسا کہ بیچ نمک وسرطان کے ہی یا واسطے دفع کرنے سمیت کے کہ جیسا بیچ افعی وعقرب وذراریح کے ہی یا واسطے حاصل کرنے تیزی کے جیسا کہ بیچ سنگ وصدف کے کہ انکے جلانے سے چونا حاصل ہوتا ہی یا واسطے حاصل ہونے تفتیت وسخاوت کے تو آسانی سے پس جاوے جیسا کہ بیچ بسد ویاقوت وغیرہ کے ہی یا واسطے رفع کرنے اجزاے غریبہ کے یا واسطے شدت نفوذ کے یا واسطے اغراض دیگر کے جیسا کہ حالات جزئیات سے پوشیدہ نہین ہی اور معلوم کرین کہ جسم سخیف متخلخل بسبب جلانے کے میل بہ برودت کرتا ہی اور اگر جلانا حد رمادیت کو پہونچا دے حدت اسکی بالکل دور ہوتی ہی اور جسم کثیف غیر متحلل بسبب جلانے کے میل بحرارت کرتا ہی اور پوشیدہ نرہے کہ مقصود تمام جلانے سے نقل کرنا طبیعت اس چیز کا ہی لیکن وہ جسم کہ جلانا اسکے اعراض محسوس کو ہرگز تغیر نہین دیتا ہی ایسے جسم کو مستمر البلیع کہتے ہین احراق اسمین واسطے نقل کرنے طبیعت کے نہین بلکہ واسطے اغراض دیگر کے کما لایخفی اور جس جگہ کہ احراق سے تبرید جسم محترق مطلوب ہی چاہیے کہ بعد احراق کے اسکو پانی سے دھوین ورنہ اسی طرح کام مین لاوین اور احجار کو مبالغہ احراق مین کرین بخلاف نباتات وحیوانات وحریر وصموغ کے کہ انمین اول احراق

کافی ہی اور جانین کہ کلس نام آہک کا ہی اور وہ جلد پس جاتا ہی اور جو جسم سخت کہ قابل سحق کے نہین ہوتا ہی اور بسبب احراق کے یا اور تدبیر کے لایق پسنے کے ہوتا ہی اُسکو مکلس کہتے ہین پس مکلس مین احراق ضرور نہین ہی اگرچہ بیچ کلس یعنی آہک کے احراق ضرور ہی —

احراق زرنیخ — چاہیے کہ زرنیخ بقدر نخود کے ریزہ ریزہ کرکے کوزہ مین گل حکمت کیا ہو رکھکر سوراخ چھوٹا سر کوزہ مین کرین کہ بخار اُس سوراخ سے باہر جاوے اور آگ پر رکھین یہانتک کہ نکلنا دھوین سیاہ کا موقوف ہوکر سفید نکلنے لگے پس ازان آگ سے اُتار لیوین —

احراق زاجات — پہلے اُنکو خوب کھرل کرین اور بیچ کوزہ جدید کے کہ گل حکمت کیا ہو یا بیچ بوتہ زرگری کے رکھکر سر اُسکا مضبوط بند کرکے تیز آگ مین رکھین یہان تک کہ جل کر رنگ اُسکا سُرخ ہو جاوے

احراق بسد و مرجان — اور مانند اِنکے ہر ایک کو ریزہ ریزہ کرکے کوزہ مین رکھکر ایک رات تنور یا چولھے مین رکھین دوسرے دن نکالین اگر کوزہ تنگ ہو گل حکمت کرین ورالا فلا لیکن کوزے کے منھ پر ٹھیکری رکھکر گرد اُسکے گل حکمت کرنا ہر تقدیر مین لازم ہی

احراق یاقوت و عقیق و یشب و احجار صلبہ ہر ایک کو بقدر نخود کے ریزہ ریزہ کرکے سفال نو مین یا بوتہ مین رکھین اور اُسکے منھ کو ٹھیکری سے یا دوسرے بوتہ سے چھپاکر سوراخ واسطے نکلنے بخار کے چھوڑ کر تند آگ پر اُسقدر کہ سُرخ ہو جائین رکھین پھر باہر نکال کر پانی مین ڈالین اور اسی طرح مکرر کرین اُس حد تک کہ جلد آپس سے جدا ہو جائین —

احراق قلعی و سرب — پہلے اُنکے جوڑے وباریک پتر بناوین پھر اُن پترونکو تلے اوپر رکھکر گندھک ہر پتر پر چھڑکین اور مقدار گندھک کی مقابلہ سو مثقال قلعی و سرب کے پانچ دانگ سے زیادہ نہ ہو پس اُنکو آگ مین جلاوین یہانتک کہ وہ ریزہ ریزہ ہوکر راکھ ہو جاوین اور لوہے کے ٹکڑے سے ہلاتے جاوین تو بالکل راکھ ہو کر نشان صورت قلعی و سرب کا باقی نہ رہے لیکن اُنکے بخار سے آپ کو بچاوے اسلیے کہ اُنکے بخار سے پہلے غشی ہوتی ہی پھر آدمی ہلاک ہو جاتا ہی اور بعض لوگ بجاے گندھک کے سفیدہ ڈالتے ہین —

احراق صدف و شیح — و مانند اُنکے اُنسے جسکو چاہین باسن گل حکمت کیے ہوے مین رکھکر چولھے یا تنور مین رکھین یہان تک کہ سفید ہوکر راکھ ہو جاوے —

احراق نمک — چاہیے کہ نمک کو ایک مرتبہ دھوکر خشک کرین اور دیگ مین رکھین اور اِسقدر آگ جلاوین کہ جنبش و حرکت نمک کی موقوف ہو جاوے اور اگر نمک پر خمیر لگاکر آگ مین رکھین یہانتک کہ خمیر جل جاوے یہی حکم رکھتا ہی —

احراق آہن و فولاد و مس — ہلیلہ و بلیلہ و آملہ بالسوئیہ لیکر جوش کرین اور پانی اُسکا باسن مین رکھین اور فولاد وغیرہ کے پتر باریک دھلکے کرکے آگ مین سُرخ کرکے آب مذکورہ مین سرد کرین اور اکیس مرتبہ مکرر کرین اور جو تفل اُسکا پانی مین باقی

کی تہ مین بیٹھے اٹھا کر استعمال کرین اور بیچ احراق آہن وفولاد کے بجاے آب ہلیلہ وغیرہ کے پیشاب بیل کا ڈالنا چاہیے اور اگر اشیاے مذکورہ وقلعی وسرب کو بدستور کئی دفعہ بیچ پانی ہلیلجات کے اور کئی مرتبہ بیچ بول گاؤ کے بجھاوین بہتر ہو۔

احراق نقرہ۔ چاہیے کہ نقرہ کو سوہان سے ریزہ ریزہ کے ساتھ پانی ونمک کے آہنی ظرف مین یا تند آگ مین جلاوین اگر خوب نہ جلے تھوڑی گندھک اُسپر چھڑک کر جلاوین اور کہتے ہین کہ چاندی کو اُس گھریا مین کہ جسمین قلعی لگی ہو رکھکر جلاوین ایسی ہوجاتی ہی کہ گویا پس گئی اور تکلیس چاندی کی بطور حکماے ہند کے یون ہی کہ کئی مرتبہ پتر باریک اُسکے گندھک وسرکہ مین آلودہ کرکے آگ مین گرم کرکے سرد کرین اور کئی مرتبہ گھریا سفیدہ لگی ہوئی مین پگھلاوین بعد اُسکے سوہان کرکے بیچ ظرف آہنی کے ساتھ نمک پانی کے بہت جوش کرین تو نمک پانی تحلیل ہوجاوے پس تھوڑی گندھک چھڑک کر اُلٹین پلٹین یہانتک کہ تکلیس ہوجاوے۔

احراق طلا۔ بطور حکماے ہند کے واسطے کھانے کے کام آوے چاہیے کہ سیسہ کو پگھلا کر بیچ پانی نوشادر کے مکرر ڈال کر صاف کرین اور سونے خالص کو کئی مرتبہ پگھلا کر نوشادر کے پانی مین ڈال کر پتر باریک وہلکے کرکے زاج سیاہ وسرکہ ملا کر و آگ مین رکھکر ساتھ نمک پانی کے دھوین اور ساتھ ربع اُسکے سیسہ سوہان کیے ہوے کے بیچ گھریا مردارسنگ آلودہ کے پگھلاوین پس ساتھ ثلث اُسکے پارہ کے بیچ ہاون چینی یا شیشے کے بہت پیسین پھر اوپر آگ کے رکھکر اُلٹین پلٹین تو پارہ اُس سے جدا ہووے اُسوقت اوپر پتھر سماق کے یہانتک پیسین کہ جو تھوڑا اُس سے پانی پر ڈالین ایک مدت تک پانی کی تہ مین نہ بیٹھے اور حد پیسنے سب اجار وفلزات کی واسطے تناول کرنے کے اسی حد تک ہی اور کم اس سے جائز نہین ہی اسلیے کہ کچھ نفع نہ ہوگا بلکہ ضرر کا ظن ہی۔

طریق دیگر۔ کہ سب طریقون سے بہتر ہی اور بعد غسل کے کچھ باقی نہین رہتا ہی کہ تناول نہ کرسکین اور یہ طریق کامل الصناعہ سے اقتباس کیا گیا ہی آب آہک آب قلعی آب ملح طعام کو خزفہ مین صاف کرین اور ہر ایک کو علیحدہ جوش کرین یہانتک کہ منعقد ہوجاے پس دو جزو آہک معقود ونصف جزو زرک معقود ونصف جزو بھی معقود اور ایک جزو طلا برادہ کیا ہوا آپس مین خوب پیسین اور چاہیے کہ بیچ ظرف سیسے کے اوپر آگ کے پیسین بعد اسکے خوب گرم کیے ہوے طلاے سائیدہ کو تین دن نمناک جگہ مین رکھین تو تھوڑا نم حاصل ہو پس بدستور تشویہ وسحق کرین اور پھر بجاے نمناک کے رکھین تین چار مرتبہ تک بعد اسکے گھریا مین رکھکر آگ مین گرم کرین کہ گھریا سُرخ ہوجاوے اور بعد سرد ہونے کے پیسین اور ساتھ پانی گرم کے مکرر جوش کرین اور دھوین تو تمام اجزا طلا سے دور ہوجاوین

اُسوقت خشک کرکے پیسین اور استعمال کرین۔

احراق بورہ۔ بورہ کو مٹی کے باسن مین رکھکر آگ مین رکھین یہان تک کہ جل جاوے۔

احراق اقلیمیا۔ اقلیمیا کو بیچ کوزہ گل حکمت کیے ہوے کے ایک رات بیچ تنور یا چولھے کے رکھین۔

احراق خبث الحدید۔ ریم آہن کو آگ مین سرخ کرکے سات مرتبہ سرکہ مین بجھا کر خشک کرین بعد اسکے پیسین۔

احراق سرمہ۔ سنگ سرمہ کو کھرل کرکے ساتھ چربی تازی کے خمیر کرکے آگ پر اسقدر رکھین کہ شعلہ و دھوان اُس سے نکلنا موقوف ہو۔

انگلیس پوست تخم مرغ و زبد البحر و جلبسین۔
پوست تخم مرغ کو نمک پانی سے مکرر دھو کر پردہ ہاے اندرونی اسکے جدا کرین بعد اسکے پوست کو خوب کوٹ کر بیچ کوزہ گل حکمت کیے ہوے کے بیچ بھٹی کے اسقدر رکھین کہ مانند چونے کے سفید ہوجاوے اور کف دریا سنگ گچ اور مانند اسکے اگر احراق کرین اسی طرح مگر یہ محتاج نمک سے دھونے کے نہین ہین اور پوست انڈے کا کہ پورہ بر آوردہ ہو واسطے ادویہ آنکھ کے بہتر ہے۔

احراق ابریشم دموی وکیشم۔ ابریشم کو مثلاً مقراض سے ریزہ کرین اور بیچ باسن سفال یا آہن کے رکھکر آگ پر رکھین اور اسقدر حرکت دین کہ قابل پیسنے کے ہووے نہ یہ کہ جل کر راکھ ہوجاوے اور احراق ابریشم دموی مین یہ شرط ہے کہ دھو کر کنگھی کرکے ریزہ کرین اور جلادین۔

احراق عود۔ عود کو سوہان کرکے بیچ باسن مٹی کے آگ مین اسقدر رکھین کہ کوئلہ ہوجاوے۔

احراق پوست کدو و خشخاش و بزور۔ بدستور ابریشم کے ہے اور جب چاہین کہ راکھ انکی استعمال کرین آگ زیادہ دینا چاہیے کہ راکھ ہوجاوین ورنہ جس جگہ مقصود احراق سے تخفیف رطوبات و حصول غرویت ہو بو دادہ کرنا کافی ہے اور اطلاق احراق کا یہان مجاز ہے۔

احراق سلحفات۔ سنگ پشت کو چیر کر احشا اسکے نکال کے پھینک دین پھر اسکو بیچ کوزہ مطین کے رکھکر اسقدر تنور یا چولھے مین جلادین کہ سفید ہوجاوے

احراق خطاف۔ بچہ ہاے پرستوک کو بعد ذبح کرنے کے بالون و احشا سے پاک کرکے بیچ کوزہ مطین کے رکھکر تنور یا چولھے کی آگ مین رکھین کہ جل جاوین

احراق عقرب۔ بچھو کو شیشے مطین مین یا بیچ باسن تانبے کے رکھکر بیچ آگ معتدل تنور یا چولھے کے ایک رات رکھکر جلادین اور بچھو نر بہتر ہے اور نشانی نر کی یہ ہے کہ وہ لاغر و ضعیف ہوتا ہے۔

احراق ارنب۔ واسطے سنگ مثانہ کے بدستور احراق خطاف کے ہے۔

احراق حیہ۔ کہ واسطے خنازیر کے معمول ہے سانپ خانگی سیاہ زندہ بیچ کوزہ مطین کے رکھکر بیچ تنور یا چولھے کے اسقدر رکھین کہ جل کر کچھ تری اُسمین باقی نرہے اور لائق پیسنے کے ہوجاوے

احراق سرطان۔ خرچنگ مادہ نہری کا سر

واطراف جدا کرے اور احشا انکا اگر شکم اُسکا ساتھ پانی راکھ
چوب انگور و نمک کے دُھوویں بعد اُسکے صاف پانی
سے دھو کر بیچ کوزۂ مطین کے ایک رات بیچ تنور یا
چولھے معتدل کے رکھیں کہ راکھ نہو جاوے اور
نشان خرچنگ مادہ کا یہ ہی کہ جب سوزن اسکے منھ پر
چبھوئیں رطوبت سفید نکلے اور حسب وقت سرطان کو بیچ
باسن تانبے بے قلعی کے جب آفتاب بیچ برج اسد کے
ہو جلاویں واسطے کاٹنے کتے باؤلے کے مجرب ہی اور
احراق سرطان بحری بدستور احراق سرطان نہری
کے ہی ۔

احراق قطران ۔ واسطے تشنونات کے بیچ پیالے
مطین کے اسقدر آگ مین رکھین کہ نصف رہے
بعد اسکے باریک لکڑیون مین لگا کر ہوا مین رکھین
تو خشک ہو جاوے اور اگر خشک نہو پھر آگ مین بدستور
سابق رکھین ۔

احراق زجاج ۔ سجی ایک جزو بیچ چار جزو پانی کے
حل کرین اور شیشہ سفید صاف کو اوپر کفگیر آہنی کے
رکھکر اوپر آگ کے رکھین تو سرخ ہو جاوے پس
سجی کے پانی مین ڈالین اور مکرر یہی عمل کرین یہانتک
کہ شیشہ ریزہ ریزہ ہو کر کفگیر کے سوراخون سے
پانی مین گر پڑے اور اگر بدون کفگیر کے سجی کے پانی
مین ڈالین اسقدر کہ ریزہ ریزہ ہو جاوے خوب ہی

فائدہ ۔ بیچ بیان تشویہ و تحمیص و تقلیہ کے اگرچہ الفاظ
مذکورہ بطور مترادف کے کبھی مستعمل ہوتے ہین لیکن
کبھی معانی انکے علیحدہ علیحدہ ہوتے ہین جیسا کہ
مفرح القلوب مین شرح حامین نے لکھا ہی لیکن جو
اکثری الاستعمال ہی ایسا ہی کہ اگر کوئی چیز کو جز مٹی لگا کر
یا بیچ شکم دوسری چیز کے رکھکر آگ مین رکھین اُسکو
تشویہ کہتے ہین اور جو روغن وغیرہ مین یا تنہا زیادہ بریان
کرین اُسکو تقلیہ کہتے ہین اور جو چیز کہ تھوڑی آگ مین
رکھین یا بیچ باسن گرم کے رکھین اُسکو تحمیص کہتے ہین ۔

تشویہ انیسون و نمک و ثمرۃ الطرفا ۔ و مانند انکے واسطے
تشنون وغیرہ کے چاہیے کہ اُس چیز کو عسل مین گھول کر لتہ مین
باندھ کر گل حکمت کرکے تنور معتدل مین ایک رات رکھین ۔

تشویہ اسقیل ۔ یا عنصل مین خمیر لگا کر بیچ تنور کے
اوپر اینٹ کے رکھین تو خمیر برشتہ ہو جاوے ۔

تشویہ سقمونیا ۔ محمودہ کو بیچ جوف بہی یا سیب کے بیچ یا
پوست انڈے کے کہ پانی بہی وغیرہ کا اُسمین ڈالا ہو
اور اگر متعذر ہو اکیلا محمودہ بیچ پوست انڈے کے
رکھکر خمیر لگا کر اوپر آگ کے اینٹ پر رکھین تو سقمونیا
جوش کرکے مشوی ہو جاوے ۔

تشویہ جبیال ۔ کہ نام ہندی حب الملوک کا ہی طریق
حکماے ہند کا یہ ہی کہ بعد مقشر کرنے کے جبیال سے
پردۂ اندرونی نکال کر تھوڑا گل سرخ و کتیرا با تسویہ بقدر
اُسکے ربع کے اضافہ کرکے ایک لتہ مین باندھ کر خمیر سر لگا کر
آگ مین بریان کرین اور بدون کتیرا کے استعمال نکرنا چاہیے ۔

تشویہ انزروت ۔ انزروت کو گدھی کے دودھ مین یا
شیر دختر مین ترکرکے اوپر شاخون چوبہاے تازہ جھاؤ
کے لگا کر تنور معتدل مین لٹکاوین یہانتک کہ خشک
ہو وے اور اگر دوسری مرتبہ پیکر ساتھ سفیدی انڈے کے

گھولکر جھاؤ کی لکڑیوں پر تشویہ کرین اعتدال سے
قریب تر ہو جاویگا۔

تشویہ جیشمیزج۔ واسطے ادویہ آنکھ کے اور زخموں کے
جیشمیزج کو تھیلی مین رکھکر ساتھ سرگین خر اور تھوڑے
دھنیا خشک و رازیانہ کے پانی مین جوش کرین یہانتک
کہ پختہ ہو جاوے پس باہر نکال کر مقشر کرین اور اگر
بیچ جوف پیاز کے بدستور سقمونیا کے مشوی کرین
دریادہ تر محلل ہوگا۔

تقلیہ ہلیلہ جات۔ واسطے سفوفات وغیرہ کے
ہلیلہ کو نیمکوب کرکے پانی مین جوش کرین یہانتک کہ
پانی جذب ہو جاوے پس ساتھ روغن زیت کے
چرب کرکے بریان کرین احتیاط سے تو جلنے نہ پاوے

تقلیہ عفص و امثال اُسکے۔ چاہیے کہ مازو کو
روغن زیت مین اسقدر بریان کرین کہ مازو شق ہو جاوے
اور بلوط وغیرہ کو اسقدر بریان کرین کہ رنگ اُسکا بدل جاوے

تحمیص بزور و ادویہ۔ واسطے قبض کے
جان لو کہ تحمیص یعنی بودادن کے ہر چاہیے کہ ظرف مٹی یا
پتھر کا آگ مین خوب گرم کرکے آگ سے اُتار لیوین اور
کوئی چیز اُس باسن مین رکھکر ہلاتے جاوین یہانتک
کہ بو اُس چیز کی ظاہر ہووے۔

فائدہ۔ بیچ غسل ادویہ کے کہ اُسکو تصویل کہتے ہین
اور غسل واسطے تدبیر کے ہے یا واسطے تعدیل کے یا واسطے
تلطیف کے یا واسطے رفع کرنے گرمی کے جلانے
سے حاصل ہوئی ہو۔

غسل ادویہ حجریہ۔ کامانند یاقوت و شادنج
اور شبیہ احجار کا مانند راسخت و اقاقیا و اقلیمیا و شنجرف
وغیرہ کے جس چیز کو غسل کرنا چاہین اُسکو بہت نرم پیسکر
بیچ ہاون وغیرہ کے رکھکر پانی اُسپر ڈالکر آہستہ آہستہ
ملاوین تو کچھ مانند غبار کے ہو پانی مین ملجاوے پس آہستگی
سے دوسرے باسن مین ڈالین اور درد کو پھر پیسکر بدستور
پانی مین ملاوین تو مجموع مانند غبار کے ہوکر ساتھ پانی کے
ملکر دوسرے باسن مین چلا جاوے بعد اُسکے باسن کو چھپاوین
تو کہ گرد و غبار اُسمین نہ پڑے اور وہ چیز تہ نشین ہو جاوے
پس تہ نشین کو خشک کرکے استعمال کرین۔

غسل لک رنگ۔ لاکھ کو چوب و خاشاک سے
پاک کرکے پیسین اور ریوند و اذخر جوش کرکے اُسکے
پانی سے تھوڑا لاکھ مین وقت پیسنے کے ڈالکر والا سے
باہر کرین یعنی چھانین اور جو لاکھ رہجاوے بدستور
پانی مذکور کے ساتھ پیسکر اُسی طرح عمل کرین اور جو کچھ والا
سے نکلکر پانی مین تہ نشین ہوا ہو خشک کرکے استعمال کرین

غسل موم و ادہان و زفت و امثال
اُنکے کہ آگ مین گھل جاتے ہین چاہیے کہ موم کو گھلاکر گرم
پانی مین ڈالین تو کدورت تہ نشین ہو جاوے
اور مکرر یہ عمل کرین پس جو پانی پر ٹھہر جاوے اُٹھاکر
رکھین اور استعمال کرین۔

تطریہ ادہان۔ یعنی تازہ کرنا روغنون کا جس وقت
کوئی روغن متکرج و کہنہ و ضائع ہوا ہو اور چاہین
کہ اسکو تازہ کرین چاہیے کہ اس روغن کو بیچ باسن
کے رکھکر ساتھ یخ کے ملاکر اسقدر ہلاوین کہ بالکل
یخ آب ہو جاوے پس اس روغن کو پانی سے اُٹھالیوین

اور اگر ساتھ گلاب کے ملاکر یہی عمل کرین بھی روا ہے اور جسوقت یخ وگلاب دونون ملاوین قوی زیادہ ہے۔

غسل صبر۔ دارچینی وسنبل الطیب وقصب الذریرہ وعود بلسان واسارون ومصطگی وحب بلسان وسلیخہ وبسباسہ وفقاح اذخر وبیخ اذخر وجوز بوا ہر ایک تین درم نیم کوب کرکے بیچ دو رطل پانی کے جوش کرین یہانتک کہ آدھا رہے پس صاف کرکے ایک رطل صبر کو خوب پیسکر ساتھ پانی مذکور کے والا سے گذرانین اور ثفل اسکا جب الگ کرین جو پانی کہ تہ مین بیٹھ جاوے خشک کرکے استعمال کرین اور بعض لوگ افسنتین کو بقدر ربع صبر کے اضافہ کرتے ہین اور جسوقت صبر کو بدستور اقلیمیا کے مکرر دھووین حرارت اسکی بالکل رفع ہوتی ہے

غسل اطیان۔ جس مٹی کو چاہین اسقدر پانی مین کہ مٹی کو چھالیوے بھگوکر خوب ملاکر کپڑے مین چھانین جو دلنشین ہووے اسکو خشک کرکے استعمال کرین۔

غسل آہک۔ چونہ ایک باجھن مین رکھکر پانی اسپر ڈالکر خوب ملاوین بعد اسکے رہنے دین تو تہ نشین ہووے پس صاف پانی پھینکدین اور سات مرتبہ نیا پانی ڈال کر بدستور سابق عمل مین لاوین بعد اسکے خشک کرکے کام مین لاوین۔

غسل مردارسنگ۔ واسطے امراض حارہ کے مردارسنگ کو ساتھ نمک کے کہ وزن مین برابر ہو اسقدر پانی مین کہ چار انگل اوپر ہووے بھگوکر ہر دن مین تین مرتبہ ہلاوین ایک ہفتہ کے بعد اسکے نیا پانی ڈالین بدستور اور ہر ہفتہ مین پانی نیا ڈالتے ہین جب چالیس دن گذرین خشک کرکے استعمال کرین۔

غسل شیرشنج۔ روغن کنجد کو ساتھ بہت نمک پانی کے خوب ملاکر نرم آگ پر جوش کرین بعد اسکے نمک پانی سے علحدہ کرکے بہت صاف پانی مین خوب ملاوین اور جوش کرین بعد اسکے پانی سے نکالکر استعمال کرین۔

غسل سویق۔ آرد جو وغیرہ جسکو چاہین کہ معدہ مین ترش نہو اور نفخ اسکا دور ہووے چاہیے کہ پانی کھولتا ہوا اسپر ڈال کر رہنے دین تو نیچے بیٹھ جاوے پس پانی سرد اسپر ڈالین اور اٹھا رکھین۔

غسل لاجورد۔ واسطے تناول اور ادویہ آنکھ کے اور رکھنے اور نقاشی کے جانین کہ واسطے کھانے اور ادویہ کے بدستور پتھرون کے دھووین یعنی ہاون مین کوٹ کر بہت باریک پیسین بعد اسکے پانی اوپر ڈالین اور حرکت دین اور بلند پانی کو پھینکدین و لاجورد کو خشک کرین اور اسی طرح کئی مرتبہ دھووین یہانتک کہ مانند غبار کے ہوجاوے اور لاجورد غیر مغسول مثنی اور واسطے معدے کے ردی ہے غسل وتصویل اسکا مصلح ہے اور جو کچھ بیچ تحفۃ المؤمنین کے لکھا ہے کہ بیچ طب کے غیر مغسول مستعمل ہے اصل نہین رکھتا ہے ہان بعض جگہہ واسطے قوت عمل کے غیر مغسول کو استعمال کرلیتے ہین لیکن واسطے کتاب وغیرہ کے چاہیے کہ لاجورد کو پیسکر ساتھ پانی تازہ

کے تصفیہ کرکے جوش کرین اور تھوڑا زیت اضافہ کرکے بدستور تھورون کے غسل دیکر طبخ وغسل مکرر کرین یہانتک کہ مانند غبار کے ہوجاوے اور ساتھ ادویۂ دیگر کے بھی دھوتے ہین۔

فائدہ۔ بیچ بنانے ومدبر کرنے بعض ادویہ کے اور بنانے ربوب بعض اشیا کے اور محلوب کرنے ابرک کے

اتخاذ ید اللہ جوئیہ۔ دوا بیچ علاج سنگ مثانہ کے نفع عجیب رکھتی ہی ید اللہ کہتے ہین بجلالہ قدرہ بزتر کہ چار سالہ ہو بیچ ایسی فصل کے کہ انگور اسمین رنگ لینا شروع کرے ذبح کرکے پہلا چھپلا خون اُسکا دور کرکے بیچ کا خون بیچ دیگ یا باسن سنگ کے رکھین یہانتک کہ لبتہ ہوجاوے بعد اُسکے صاف کپڑے پر رکھکر منہ اُسکا ریشمی کپڑے سے چھپاوین تو غبار نہ پڑے اور دھوپ مین خشک کرین اور بقدر ایک مثقال کے اُس سے ساتھ پانی کرفس کوہی کے یا شراب کے استعمال کرین اور اگر باسن پتھر کا نہ ملے باسن مٹی کا درست ہی۔

تدبیر ذراریح۔ ذراریح کئی عدد زندہ کوزہ مین رکھکر سر کوزہ کا کتان کے کپڑے سے بند کرکے اُلٹا اوپر بخار سرکہ کے کہ آگ پر جوش کر رہے ہون رکھین یہانتک کہ ذراریح مرکر پژمردہ ہوجاوین پس اُنکو پیسکر استعمال کرین۔

تدبیر سلاحہ۔ کہ وہ پیشاب بز کوہی کا ہی کہ اُسکے مسکن مین جمع ہوتا ہی چاہیے کہ اُسکو نئے باسن مین لیکر آب خار خسک و پیشاب بیل کا اُسقدر اُسپر ڈالین کہ اُسکو چھپا لیوے اور دھوپ مین یا آگ مین گرم کرکے ہاتھ سے ملکر صاف کرکے باسن دوسرے مین لیکر اکیس دن دھوپ مین رکھین تو مانند شہد کے گاڑھا ہوجاوے پینا ایک درم اُس سے ہر روز ساتھ سکنجبین کے چالیس دن تک باعث شفا کا جذام مستحکم سے مجرب جانا ہو اگرچہ جذام بحد گرانی اطراف کے پہونچا ہو اور طلا کرنا اُسکا واسطے کھولنے اورام اور دمل کے اور رفع کرنے آثار کے موثر ہی۔

اتخاذ ماء الزجاج۔ زجاج شامی وبجی برابر لیکر بیچ گھریا کے اوٹا کر سرد کرین جو مانند کف کے اوپر ہووے اُسکو اُٹھا کر اوپر رکھین۔

اتخاذ دخان کندر۔ کہ واسطے جمانے بالون کے مجرب ہی کندر کے ٹکڑے نیچے بتی چراغ کے رکھکر بتی کو جلاوین اور ایک طرف مانند پیالہ یا طاس کے اوپر بتی کے اوندھا کرکے رکھین جو دھوان کہ اُس ظرف مین جمع ہو اُٹھا لیوین اور چیزہاے دیگر سے بھی اسی طریق پر دھوان لیتے ہین اور اُس دھوئین کو کاجل کہتے ہین اور وہ تیل کہ جلایا جاتا ہی چاہیے کہ روغن کنجد ہو یا زیت اور اشیاء دہنی سے مانند تخم کتان کے اگر کاجل بنانا چاہین اُنکو بطریق مذکور جلاوین یا روغن اُنکا چراغ مین جلا کر کاجل اُنکا لیوین۔

اتخاذ رب ہلیلہ وتمرہند۔ ومانند اُنکے کہ تھوڑا سا اُسنے فعل قوی کرتا ہی چاہیے کہ ہلیلہ وغیرہ کو کوٹکر گرم پانی مین بھگو کر ایک دن مین کئی بار جنبش دین اور بعد دو تین دن کے نچوڑ کر صاف اُسکا سایہ

مین خشک کرین اور جب تک اُسکے جرم مین مزہ دوا کا باقی رہے آب گرم اور ڈالین اسی طرح پانی اُسکا لیتے رہین یہانتک کہ مزہ اُسکے جرم مین باقی نرہے

اتخاذ رب بنفشہ - واسطے اصلاح پوست افیون وغیرہ کے چاہیے کہ آب معصورہ تازہ اُسکا لیکر سایہ مین خشک کرین اور اگر تازہ نہو بنفشہ خشک کو بھگو کر جیسا کہ مذکور ہوا پانی اُسکا خشک کرین اور اسی طرح گل سرخ وغیرہ کا رب بناتے ہین دستور محلوب کرنے ابرک کا چاہیے کہ ابرک کو آگ مین سرخ کرین اور پانی مین بجھا کر کوٹین یہانتک کہ ریزہ ریزہ ہو جاوے بعد اُسکے کپڑے کی تھیلی مین مضبوط باندھین اور کنکریان بقدر فندق کے اُسمین اضافہ کرکے تھیلی کو بقوت تمام ہاتھ سے لین گرم پانی مین یا جوشاندہ باقلا مین اور نچوڑین یہانتک کہ مانند شراب کے تھیلی سے ٹپکے پس تہ نشین اُسکا خشک کرکے استعمال کرین -

دستور حل ابرک - چاہیے کہ معلی مین سوراخ کرکے مانند انبوبہ کے جوف اُسکا خالی کرکے طلق محلوب اُسمین بھر کر منھ اُسکا ٹکڑے معلی سے بند کرین اور نیچے سرگین تازہ بیل کے تین دن رکھین پس محلول اُسکا پانی سفید معلوم ہوگا مجربات سے ہی -

فائدہ - بیچ اصلاح بعض ادویہ کے وحفاظت بعض ادویہ کے -

اصلاح دبق - دبق کو بعد اُسکے کہ دانے اُسکے نکالے ہون ہاون مین ساتھ تھوڑے روغن زیتون وغیرہ کے ملا کر ساتھ ساتھ ادویہ کے اضافہ کرین اور اسی دستور سے ہی اصلاح سب ادویہ شیردار چسپندہ کی اور جسوقت اُسکو ساتھ اُس دوا کے کہ مغزدار ہی ترکیب کیا چاہین اُسکو ساتھ مغز کے کوٹین اور بہترین مغزون تین واسطے دبق کے مغز دانۂ بید انجیری

اصلاح بلادر - بلادر کے ٹکڑے کرکے لوہے کے پتر سے کہ بہت گرم کیا ہو نچوڑین تو عسل اسکا نکل آوے پس ساتھ روغن جوز کے چرب کرین یا ساتھ روغن گاؤ کے جوش کرین اور استعمال کرین اور بیچ دواد بستہ وغیرہ کے کہ پوست بلادر داخل ہوتا ہی چاہیے کہ واسطے اخراج اُسکے عسل کے مبالغہ کرکے ہاتھ کو روغن جوز مین چرب کرین تو ہاتھ مین زخم نہو جائے -

اصلاح ماذریون - ماذریون تازہ بزرگتر ورق لیکر دو رات دن سرکہ مین بھگو کر سرکہ کو تین مرتبہ تک بدلین بعد اُسکے پانی سے دھو کر سایہ مین سکھا دین اور وقت استعمال کے مبالغہ پیسنے مین نہ کرین اور ساتھ کتیرا اور روغن بادام شیرین کے استعمال کرین اور بیچ بحث ادویۂ جگر کے اصلاح اُسکی مذکور ہوئی -

اصلاح شبرم - چاہیے کہ شبرم کو کوٹکر ایک رات دن دودھ مین بھگوئین اور تین مرتبہ دودھ کو بدلین بعد اُسکے خشک کرین اور جسوقت واسطے اورام وسدد احشاء وبا د الصفر واسہال بلغم وسودا کے استعمال کرین بعد پرورده کرنے کے دودھ مین تین دن اور بیچ پانی کاسنی وپانی مکوہ وپانی سونف کے بھگوئین اور خشک کرین اور ساتھ قوابض سرفہ کے استعمال اسکا جائز نہین ہی -

اصلاح

اصلاح ادویہ ۔ واسطے نشاط کے مانند بیخ شبی ؟ بیخ شوکران وغیرہ کے بیچ نہایت خشکی وسمیت کے ہین چاہیے کہ بعد نیمکوب کرنے کے تین رات دن دودھ مین بھگو کر دودھ مکرر بدلین بعد اسکے خشک کرکے بیچ روغن بادام یا روغن تخم کدو یا روغن پستہ کے ایک ہفتہ پرورده کرین اور اگر وہ چیز گرم ہو بیچ روغنہاے سرد کے اور سرد کو روغنہاے گرم مین پرورده کرین اور ساتھ مغزون مناسبہ کے مخلوط کرین

طریق دیگر ۔ کہ متاخرین کا معمول ہی اور بہتا الہی چاہیے کہ ادویہ یکبفہ کو بعد اُسکے کہ دو تین دن پانی مین یا عرقہاے مناسبہ مین بھگو یا ہو جوش کرین اور پانی اُسکا واسطے معاجین کے ساتھ عسل کے جوش کرین تو قوام پر آوے پس ادویہ اُس معجون کی اُسمین گھولین اور جسوقت بیچ چوب کے استعمال کرین چاہیے کہ ساتھ بعضے ادویہ کے کہ جوش کرنے سے قوت اُسکی جاتی نہ رہے جوش کرین یہانتک کہ سب پانی جذب ہو جاوے اُسوقت ساتھ ادویہ کے گھول کر گولیان بنا وین ۔

دستور حفظ زہرۂ حیوانات ۔ کہ تازہ رہے چاہیے کہ مقام کاٹنے کا اور مجری اُسکا دھاگے سے مضبوط باندھکر بیچ شیشے کے کہ شہد اُسکو چھپالیوے ڈالکر نگاہ رکھین

دستور حفظ پیہ ومغز ہاے حیوانات ۔ کہ متعفن نہون چاہیے کہ بیچ شہد کے کئی دن ڈالکر بعد اُسکے دھوکر خشک کرکے لتہ کتان مین لپیٹ کر سایہ مین لٹکاوین اور بدستور جسوقت بیچ باسن قلعی دار کے حفظ کرین متعفن نہو۔

دستور حفظ سائر ادویہ ۔ بعض دوا کو ساتھ بعض دوا کے جمع کرنا چاہیے کہ موجب بقا کا ہووے مانند کافور کے ساتھ مرچ کے اور برادۂ آہن کو ساتھ آہن ربا کے اور تخم مرغ کو ساتھ نمک کے اور سذاج کو ساتھ زنجبیل کے اور مغذی کو ساتھ غیر جنس اُسکے کے جمع کرنا نہ چاہیے اور عصارات وصموغ کو بیچ ظرف قلعی دار ونقرئی کے نگاہ رکھین اور عرقیات اور میاہ حادہ کو شیشے مین ضبط کرین یا بیچ ظرف شیشے کے اور مجموع اوراق اور جڑون اور پھولون کو جگہ نمناک اور دھوپ تیز سے دور رکھنا چاہیے اور ظرف قلعی دار واسطے روغنون اور اکثر ادویہ مفردہ اور مرکبہ کے بہتر ہی۔

فائده ۔ بیچ طریق استعمال چوب چینی کے اور جو چیزین کہ اُس سے متعلق ہین معلوم کرین کہ چوب چینی دواے جلیل القدر کثیر الاثر ہی بیچ کتب قدیم یونانیون کے مضبوط نہین ہوئی لیکن اطباے ہند دعوی کرتے ہین کہ بیچ کتب قدیم ہماری کے مذکور ہی چنانچہ بیچ خاتمہ اس فائدہ کے اشعار کیا جاویگا بہر تقدیر بیچ سنہ ہجری کے استعمال اسکا شروع اور ابتداے ظہور اسکا فرنگ سے ہی اور اسوقت مین کہ سنہ ہجری ایک ہزار ایک سو تیس پہونچے ہین تناول اسکا سب اماکن معتبرہ مین شائع ہوا اور رسالہ ہاے کثیر اسکے امر مین مرقوم ہوئے ہین چنانچہ بیان اختلافات کا مشروحاً مذکور ہوتا ہی اور یہ فائدہ بیچ نو تنبیہ کے ہم بیان کرتے ہین

تنبیہ پہلی ۔ بیچ بیان طبیعت اس جڑ کے جان تو کہ ایک

قوم اُسکو گرم و تر کہتی ہی اور حکیم عماد الدین محمود نے کہ اپنے زمانے مین یکتا تھا اسی امر کو اختیار کیا اس دلیل سے کہ نفع اسکا بیچ سوداوی کے ظاہر ہی اور علاج مرض کا ضد سے متحقق ہی اور اسوجہ سے کہ گرمی غالب نہین رکھتی ہی گرمی اُسکی پہلے درجے مین ثابت ہی اور دلیل دوسری اوپر گرمی کے تحلیل و مواد غلیظ و اورام صلبہ کی ہی اسلیے کہ سردی دوا کی سرد سے اور تعدیل دوا ے معتدل سے یہ کام نہین ہوتا ہی اور دلیل اس امر کی کہ گرمی اسکی پہلے درجے سے تجاوز نہین کرتی ہی مشاہدہ اسکے عمل کا ہی کہ تناول شربت معمولہ اسکا احداث حرارت ظاہر نہین کرتا ہی اور دلیل اُسکی رطوبت پر بھی وہی ہی جو کہ حرارت مین گذری اسلیے کہ تحلیل و تسبیل و تذویب مواد غلیظ و صلبہ کی یبوست سے نہین ہو سکتی ہی اور ایک جماعت نے اسکو خشک گمان کیا ہی اور تاثیر اسکی بیچ امراض رطبہ کے مانند استسقا و برص و ناسور وغیرہ کے منسوب بکیفیت کرتے ہین اور بیچ بیماریون سوداویہ کے بخاصیت منسوب کرتے ہین اور دونون کیفیت فاعلہ مین معتدل جانتے ہین اور ایک گروہ اسکو سرد و خشک جانتے ہین اور مرزا ہاشم نے کہ ناظر قول حکیم عماد الدین محمود و مرزا قاضی کا ہی اسی کو پسند کر کے اپنے رسالے مین لکھا ہی کہ جو کچھ از روے تجربہ و قیاس کے فقیر پر ظاہر ہوا یہ ہی کہ مزاج اس جڑ کا سرد مرتبہ پہلے مین درجہ پہلے سے اور رلنا

پانی کا زیادہ کرنے والا اسکی سردی کا ہی اور خشک ہی اول مرتبہ درجے دوسرے مین اور رلنا پانی کا کم کرنے والا اسکی یبوست کا ہے اور تحلیل و ترقیق و تذویب اور سب آثار قویہ و بدیعہ کہ اس سے ظاہر ہوتے ہین اسکی خاصیت و صورت نوعیہ سے ہین لیکن رطوبت فضلیہ بہت رکھتی ہی اسی وجہ سے تقویت باہ کرتی ہی اور تھوڑے زمانہ مین سوراخدار ہو جاتی ہی اسی وجہ سے بیچ مزاج مرطوبین کے سوراخ دار کی تاثیر قوی ہوتی ہی بسبب زائل ہونے رطوبت فضلیہ کے اور بھی اُسنے کہا ہی کہ اگر یہ سرد نہوتی درمیان اسکے تناول کے اغذیہ گرم اور توابل حارہ مستعمل ہوتے سلیقہ وفیہ مافیہ اور ایک فرقہ اس امر پہ ہی کہ یہ گرم و خشک ہی اور خشکی اسکی اصلی ہی لیکن بواسطہ مصاحبت و مجاورت پانی و رطوبت مکتسبہ کے خشکی اسکی ضعیف ہو جاتی ہی اور رطوبت کی طرف میل کرتی ہی اور اسی سبب سے اسکی گرمی مین قصور ہو جاتا ہی اور ایک جماعت اہل تدقیق سے اس امر پر ہین کہ یہ مرکب القوی ہی اور ساتھ اسکے بیچ غلبہ ایک کے دونون کیفیت حرارت و برودت سے اختلاف کیا ہی بعضے برودت کو غالب جانتے ہین اور مرزا قاضی نے کہ بے مثل اپنے زمانے مین تھا اسی امر کو اختیار کیا و تعریف کی اور تھوڑے لوگ حرارت کو غالب جانتے ہین اور خشکی کو زائد اور جس شخص نے کہ اسکو خشک کہا باوجود خشک ہونے کے قائل

ہوا ہو کہ ساتھ فربہی بدن کے اور صفائی اور تازگی
تن کے کہ آثار رطوبت سے ہو کچھ منافات نہین ہو
بلکہ اسمین زیادتی کرتی ہو مانند شراب کے کہ اگرچہ
خشک ہو رطوبت لاتی ہو بالعرض اور یہ قول یعنے
مرکب القوی ہونا اسکا نزدیک اس درویش کے
موجہ زیادہ معلوم ہوتا ہو اسلیے کہ نزدیک علما کے
مقرر ہوا ہو کہ جبتک نسبت افعال کیطرف کیفیت
کے ہو سکے نسبت طرف خاصیت کے نہین کرتے اور
اسی طرح جبتک نسبت عمل کی طرف بالذات کے
ممکن ہوتی ہو طرف بالعرض کے روا نہین رکھتے
ہین اور مع ذلک بعضے افعال عجیب کہ قوت کیفیت
سے خارج ہوتے ہین اُسکو ساتھ خاصیت کے مفوض
کرتے ہین اسلیے کہ جمع ہونا خاصیت کا مرکب القوی
کے مدعا مین خلل نہین کرتا ہو ۔

تنبیہ — دوسری بیچ بیان منافع چوب چینی کے
معلوم کرین کہ یہ مقوی حرارت غریزی و اعضاء رئیسہ
و باہ و اعضاء تناسل و معدہ کی ہو اور مجفف رطوبات
غریبہ و ملطف و محلل و سریع النفوذ بیچ عمق بدن کے
و مفتح سدد و محلل مواد غلیظہ و مدر بول و عرق و منقی
خون و روح کی کثافات سے و مذوب و ملین صلابات
و تعقدات کی و دافع آتشک و قروح و جروح مزمنہ
متعسر العلاج و آکلہ و بثور و اورام و قروح خبیثہ کی
دافع علل سوداویہ کی مانند جرب و حکہ و قوبا و جذام
و اقسام جنون و تپ ربع ولقوا سیر و وجع المفاصل
و داء الفیل و داء الثعلب و داء الحیہ و سرطان و

بہق سیاہ و برص سیاہ و مالیخولیا کی خصوصاً جو احتراق
بلغم سے ہو اور رافع تمام اوجاع باردہ مادی وسافج
ریحی و اکثر امراض بلغمی کی مانند زکام و نزلہ و استسقا
و امثال اُنکے کے اور بیچ تنویم و تحسین لون و تسمین
بدن و ابراز چھیک کے اور رفع کرنے سمیت خلط کے
مفید اور واسطے قطع کرنے عادات افیون کے
بے نظیر اور واسطے اختلاط ذہن کے و انواع بواسیر
و امراض مقعد و رحم و مثانہ و اسہال مزمن و سحج
و زحیر و مغص کے سودمند ہو اور ساتھ قوت قابضہ
کے بالذات اور بیچ علل قبض کے بھی بالعرض نافع
ہو اور تجربہ مین پہونچا ہو کہ بہت بیماریان مزمنہ کہ کوئی
تدبیر سے نفع قبول نکرتی ہون بامر ایزد قدیر کے
اس دوا سے نجات پاتے ہین اور بیچ امراض گرمی
کے بھی مستعمل ہو خصوصاً بطور نقوع کے چنانچہ آگے
بیان ہوگا اور اہل تجارب نے اتفاق کیا ہو اس
امر پر کہ ادویۂ مفردہ سے کوئی دوا بیچ کوئی امر کے
چوب چینی کے نفع کو نہین پہونچتی ہو اسوجہ سے کہ
مشاہدہ نہین ہوا ہو کہ کوئی قسم اُسکے اقسام سے
موافق ایک حال کے احوال سے نہو اور یہ امر کہ
بیچ بعض مزاجون کے اور بیچ بعض امراض کے
مضر جانا ہو نہ رعایت کرنے طریق مناسب اُس بیماری
سے ہوگا اسلیے کہ لاغر و محرور المزاج کو لتعریق اور نہ
استعمال کرنا شربتون کا اور ادویۂ حارہ کا مضر ہو
اور مبرودون کو تبرید و کثرت پانی کی ساتھ قلت
مقدار چوب چینی کی اور صاحب سدہا احشا کو

جرم اسکا لہذا بیچ اکثر مواد کے جوشاندہ اسکا مستعمل ہی بخلاف اسکے جرم کے کہ وہ مسدد ہی اور عوض تجفیف اگر تازی کہ خشک نہوئی ہو اور مزا اسکا بیچ جمیع افعال کے ضعیف زیادہ اسکے جوشاندے سے ہی مگر بیچ تقویت معدہ و دماغ کے اور مکرر تجربہ مین پہونچا ہی کہ بعضے آدمی کہ اسکے پینے سے متضرر ہوئے عوض پانی کے جوشاندہ یا خیساندہ اسکا مدت تک پیا اور نفع تمام پایا اور باوجود نہ پرہیز کرنے کے حموضات قلیلہ سے۔

تنبیہ۔ تیسری بیچ معرفت خوبی و بدی چوب چینی کے بہترین چوب چینی وہ ہی کہ گلابی ہو یعنے سرخ مائل سفیدی مانند برگ گل سرخ کے و سنگین و کم گرہ ہو لیکن سنگینی بہت نہو اسلیے کہ افراط ثقل دلیل خام ہونے کی ہی پس جو عوام مین اس بات کی شہرت پائی ہی کہ غرقی کو لینا چاہیے معتبر نہین ہی اولے یہ ہی کہ نیم غرقی ہو یعنے جب پانی مین ڈالین درمیان مین ٹھہرے نہ تہ مین بیٹھ جاوے نہ سطح پانی پر آوے لیکن مائل قعر ہو لہذا لوگون نے کہا ہی کہ چار حصہ بھاری دو حصہ ہلکی بہتر ہی اور چاہیے کہ بوسیدہ و کرم خوزدہ و بہت کہنہ نہو اور بھی بہت سخت نہو کہ چھری سے بہت مشکل سے کٹے اور سطح ظاہری اُسکی مستوی ہو اور چاہیے کہ بڑائی اور چھوٹائی مین متوسط ہو اور اگر ایسی نہو افراط بڑائی مین اسقدر بد نہین ہی جبتک کہ ساتھ

اور صفات حمیدہ کے موصوف ہو لیکن چھوٹی باوجود اسکے کہ اکثر احوال مین سنگین ہوتی ہی لیکن بسبب نقصان نمو کے قوت تمام نہین پاتی اور چاہیے کہ ظاہر اُسکا مخالف باطن کے نہو بلکہ تھوڑا سرخ زیادہ ہو اسلیے کہ رنگین ہونا ظاہر کا افراط سے دلیل حاصل کرنے رنگ کی خارج سے ہی اور چاہیے کہ بیچ رنگ کے اور سختی و نرمی کے مستوی الاجزا ہو اسلیے کہ متفاوت ہونا بعض اجزا کا بعض سے بیچ اوصاف مذکورہ کے نشانی نہ برابر ہونے نضج کی ہے اور چاہیے کہ مزہ غالب سے خالی ہو یعنے کوئی مزہ غالب نہو اسلیے کہ مزہ غالب نشانی اس امر کی ہی کہ جسم دوسرے نے اسمین نفوذ کرکے مزہ پیدا کیا ہی اسلیے کہ اصل مین خالی مزہ سے ہی اور طرف غدوبت کے مائل ہی اور جسوقت ایسی نہو بدون داخل ہونے جسم غریب کے ممکن نہین ہی اور چاہیے کہ بدون بو کی ہو اسلیے کہ یہ بھی دلیل نہ مختلط ہونے اُسکے کی ساتھ اشیاے ذی الرائحہ کے ہی اور ہونا اسکا اپنی طبیعت پر اور چاہیے کہ درمیان لانے چوب چینی کے مغیرات و مفسدات سے مانند پانی دریا کے اور نمی باران کے اور گرمی آفتاب کے اور مجاورت اشیا کے کہ مغیر و مفسد اسکے مزاج کی ہین مانند کافور اور فرفیون و جندبیدستر و چونا و مشک وغیرہ کے محفوظ ہو اور یہ شرط عام ہی اکثر مین اور لازم ہی

کہ درست و ناکوفتہ ہو اس سبب سے کہ کوفتہ کی قوت جلد تحلیل ہو جاتی ہی اور فرق درمیان جید وردی کے نہین ہوتا ہی اور یہی طبخ کے کام نہین آتی ہی اور صالح ترین کہ کرم پڑنے سے چوب چینی کو محفوظ رکھے رکھنا اسکو شہد مین ہی لیکن ڈالنا اسکا چھنے مین کہ کیڑا پڑے اچھا نہین ہی۔

تنبیہ۔ چوتھی بیچ بیان اُن تدبیرون کے کہ قبل تناول چوب چینی کے عمل مین لاتے ہین جسوقت قصد شروع کرنے چوب چینی کا ہو چاہیے کہ پہلے تنقیہ باعتبار حاجت کے کرین اور پانی چھوڑ دین شرباً و غسلاً اور اوپر عرق مناسب کے کفایت کرین اور ادنی مدت ترک کرنے پانی کی ایک ہفتہ پہلے استعمال سے ہی۔

تنبیہ۔ پانچوین بیچ اوقات استعمال اس دوا کے اور بیان اس امر کے کہ بدون ضرورت شدید کے استعمال نہ کرنا چاہیے بہترین ایام واسطے استعمال کے وسط ربیع یا اوائل خریف ہین اور بدترین اوقات انکے مقابل ہی مگر یہ کہ تفاوت بیچ فصل وشہر وسن وشخص ومرض کے ہو کہ اس صورت مین اوپر رائے طبیب حاذق کے مفوض ہی بالجملہ حتی المقدور گرما گرم مین اور سرما سرد مین استعمال کرنا نہ چاہیے اور بھی جب تک ضرورت نہ پڑے و تدابیر دیگر سے یاس حاصل نہو اسکو استعمال نہ کرین اسلیے کہ صعوبت پرہیز کی اور مشقت ضعف کی اور ملاحظہ عوارض بدنی و نفسانی کا ایام دراز مین کمتر احتمال کیا جاتا ہی اور احتمال رکھتا ہی کہ بے ملاحظگی و ناپرہیزی سے اور غیر وقت استعمال کرنے سے مضرت بہت ہوتی ہی قطع نظر اس سے کہ نفع ہو۔

تنبیہ۔ چھٹی بیچ اُن تدابیر کے کہ درمیان استعمال کے کرتے ہین اور بیان تدارک اعراض وامراض کے کہ اسوقت مین حاصل ہوتے ہین اور بیان اختیار کرنے مکان کے جسوقت اسکو پینا شروع کرین سرد ہوا اور ترشیون اور بقولات ولبنیات و فواکہ رطبہ سے اور تناول نمک اور اطعمہ غلیظ سے و کثرت اکل اور امتلاے معدے سے اور جماع حمام وحرکات عنیفہ و اعراض نفسانی سے اور اُن چیزون سے کہ منافی صحت کی ہین اور کھانے شیرینیون مفرط سے اور ادویہ بہت گرم سے پرہیز کرین اور پانی صرف قطعاً نہین عوض پانی کے اوپر جوشاندہ چوب چینی کے یا اوپر عرقون لائق کے مانند عرق بادیان و گاؤزبان وغیرہ کے کفایت کرین اور نزدیک اہل فرنگ کے کہ منشاء ظہور اس مرض کا انکے ملک سے ہی ترک کرنا نمک کا اور تمام احتیاطین جملہ واجبات سے ہین خصوصاً بطریق طبخ وتعریق کے کہ واسطے امراض مزمنہ کے کام مین لاتے ہین لیکن متاخرین اطباے دیار اہل اسلام نے کہ تجارب تمام سے اسکی تاثیرون کو دریافت کیا ہی پرہیز شدید جیسا کہ مذکور ہوا مطلقاً لازم نہین جانتے ہین بلکہ بعض امزجہ مین استعمال حموضات قلیلہ و فواکہ رطبہ باعث قوت اُسکے عمل کا جانتے ہین اور ترک نمک کا بالکل نہین

کہتے ہین بلکہ تقلیل نمک اولی کہتے ہین لیکن امراض
مزمنہ مین ترک نمک اولی کہتے ہین بالجملہ جو ان
محرور المزاج کو ربوب حامضہ وا شربہ قلیل الحموضت
سے منع کرنا درست نہین ہی اگر حاجت انکی ہو اور
بھی اگر حرارت مستدعی ہو شیرہ خرفہ مانند اسکے
ساتھ گلاب و عرق بید مشک و دیگر اشربہ مناسب
کے بھی مجوز ہی اور بدستور اگر درمیان استعمال
چوب چینی کے زحیر یا پیچ ظاہر ہو چار تخم و مانند
اسکے دے سکتے ہین اور بیچ اسہال خون کے قرص کہربا
و قرص طباشیر قابض و مانند انکے اور جبتک
پیچش رفع نہو گوشت و شیرینی نہ دین اور اوپر
ماش و برنج و مغز بادام بودادہ کے قناعت کرین
اور ضعیف القلب محرور کو تخم بالنگو و تودری و
تخم ریحان اور محرور کو شربت صندلی و مانند
اسکے تجویز کیا ہی اور حمام بھی وقت ضرورت کے
قباحت نہین ہی بشرطیکہ باعث خروج کے اور بقول
بھی وقت حاجت کے کبھی کبھی روا ہین بشرط
تقلیل کے لیکن غم و حزن و بکا و حرکات متعبدہ و
جماع سے محترز رہنا واجب جانتے ہین ساتھ فرحت
و بہجت کے گذر کرین لیکن غصہ غیر مفرط احیاناً
قباحت نہین رکھتا ہی بلکہ بعضون کے حق مین
مستحسن ہی اور چاہیے کہ مسکن پاکیزہ و روشن
ہو لیکن نہ ایسی روشنی کہ بصارت کو حیران
کرے بلکہ خوش آیندہ ہو اور ساتھ اسکے مدخل
ہوا سے محفوظ ہو اور ساتھ آئینہ اور ابرک کے نگین

کے روزنون کو بند کرین تو ان کو حاجت شمع
کی نہو اور ہوا گھر کی موافق حال اس شخص کے
معتدل یا مائل بگرمی ہو اور اگر وہ شخص باہر
نکلنا چاہے بوقت اعتدال ہوا کے نکلے اور بدن
کو چھپائے رہے اور ہوا نہ چلتی ہو لیکن وہ لوگ
کہ ساتھ علل مزمنہ کے مبتلا ہون اور اُسکے طبیخ
سے تعریق کرتے ہون اُنکے حق مین بہتر ہی کہ نہ
نکلین تو ہوائے خارجی سے محفوظ رہین اور
جو مشہور ہی کہ گھر تنگ و تاریک مین رات دن
بٹھاتے ہین اور محتاج روشنی شمع و چراغ کے
رہتے ہین انگیٹھیان جلا کر گھر کو مانند حمام کے
بہت گرم کرتے ہین پرہیز اس عمل سے واجب
جانتے ہین اور اس تعذیب و تکلیف عبث کو روا نہ
رکھین اور معلوم کرین کہ جس گھر کی ہوا بند
ہوتی ہی اور اسمین آگ جلائی جاتی ہی اسمین
خواب کرنا درست نہین ہی اسلیے کہ خوف مرگ
مفاجات کا ہوتا ہی اور معلوم کرین کہ چھوٹے
گھر مین شمع یا چراغ جلا کر نہ رہنے دین اسلیے
کہ دھوان ہوا کو متغیر کرتا ہی پس اولی یہ ہی کہ
اگر گھر تنگ ہو شمع کو دوسرے گھر مین رکھین کہ
روشنی اُس گھر کی کفایت کرے اور دھوان
اذیت نہ دے اور ترتیب اُسکے تناول اور طبیخ
کی اور طریق استعمال کے اور طریق تعریق کا اوپر
تنبیہ مین جدا بیان کرینگے۔
تنبیہ ساتوین بیچ بیان اُس تدبیر کے فراغ

کے اسکے تناول سے ملحوظ رکھین لازم ہی کہ جب اسکے پینے سے فراغت پاوین وہی پرہیز کہ درمیان ایام تناول سے ہوتا ہی اور اقل مدت اسکی چالیس دن تک بعد چھوڑنے چوب چینی کے اسی طرح کرتے ہین بعد اسکے بتدریج عادت اول پر عود کرین اور اکثر مدت پرہیز کی بعد فراغت کے ایک سال اور متوسط چھ مہینے کہا ہی۔

تنبیہ ۔ آٹھوین بیچ بیان اس امر کے کہ استعمال چوب چینی کا کس مزاج مین لائق زیادہ ہی پوشیدہ نرہے کہ جو علاج مرض کا ضد و مخالف سے معتبر ہوا ہی جو شخص اسکو گرم و تر کہتے ہین اول سن کہولت کو کہ بارد یابس ہی واسطے استعمال کے مستحسن جانتے ہین بشرط نہونے مانع کے اور جو شخص گرم و خشک کہتے ہین آخر کہولت و ابتداے شیخوخت کو اختیار کرتے ہین بنظر رطوبت غریبہ کے کہ اس سن کو لازم ہی اور بیچ آخر سن شباب کے بھی تجویز کرتے ہین اور جو شخص مرکب القوی کہتے ہین ساتھ کسی سن کے محصور نہین کرتے ہین اسکے استعمال کو لیکن بیچ سن صبی اور سن شیخوخت کے کہ وسط گذر گیا ہو کسی نے تجویز نہین کیا بسبب ضعف قوی ان لوگون کے مگر ضرورت مین اور اسی اختلاف سے خصوصیت اسکی ساتھ مزاجون کے دریافت کرنا چاہیے۔

تنبیہ ۔ نوین بیچ بیان طریق استعمال چوب چینی کے اور یہ بہت وجوہ سے ہی ایک وجہ بطریق مطبوخ و تنجیر کے دوسری وجہ بطور قہوہ کے تیسری وجہ بطور سفوف کے چوتھی بطور معجون کے پانچوین بطور حریرہ و فالودہ کے چھٹی بطریق نقوع کے ساتوین بطریق عرق کے آٹھوین بطریق مضغ کے نوین بطور مراہم و ادہان کے اور ہر ایک ان وجوہ سے ساتھ فوائد مخصوصہ کے جدا جدا نوع و وضع مین ہم ذکر کرتے ہین۔

وضع پہلی ۔ بیچ مطبوخ و تنجیر کے اور یہ بھی کئی قسم پر ہی لیکن وہ وضع کہ عماد الدین محمود نے اور اکثر اطباے حاذق نے اُسپر اتفاق کیا اور واسطے امراض مزمنہ و تحلیل مواد صلبہ و ریاح غلیظ کے فائدہ مند ہی یہ ہی کہ مقدار ڈیڑھ سو مثقال اور چھ دانگ کے چوب چینی موصوف کی لیکن پوست اسکا چھیل کر دور کرین بعد اسکے چھری یا تیشہ سے ریزہ ریزہ مانند چھوٹے باقلا کے کرین اور اگر ورق ورق کرین بہتر ہی اور سب کو آپسمین ملا کر اکیس حصہ کرین ہر دن ایک حصہ کو آٹھ رطل پانی مین بیچ دیگ سنگین یا سفالین یا مسین بہت قلعی دار مین رکھکر سرپوش سفال کلاں اُپر رکھین یا دیگ سفال کی دوسری اوپر دیگ کے اوندھا کر دور اُسکا خمیر سے مضبوط بند کرین اور آگ نرم پر جوش کرین اور خبر لیتے رہین کہ بخار دیگ سے نکلے بلکہ جس جگہ سے نکلنا شروع کرے فی الحال خمیر سے بند کرین اور اس وجہ سے کہ بخار اسکا نہایت زورین ہوتا ہی اکثر سرپوش کو پھینک دیتا ہی بھاری بوجھا اُسپر رکھیں اسیوجہ سے بہتر یہ ہی کہ عوض سرپوش دیگ کلان سفالین

یا سنگین اوندھی رکھین تو بخار فضاے دیگ مین پھیل جاوے اور زور نہ کرے اور مقدار طبخ کا یہ ہو کہ پانی آدھا رہجاوے اور جاننا اس امر کا کہ پانی آدھا رہا ہو کئی طرح سے ہو ایک وہ کہ سرپوش مین سوراخ کرکے آٹے سے بند رکھین اور آدھا پانی دیگ مین ڈال کر لکڑی باریک کپڑے مین لپیٹ کر سوراخ مین ڈالین جہانتک تری پہونچے اُس جگہ نشان کرین پس آدھا پانی دوسرا اگر بتدریج جوش کرین اور اُسی لکڑی سے امتحان کرتے رہین جب اُس نشان پر پہونچے اُتار لیوین دوسرا یہ کہ دیگ بند کر کے منھ پر خمیر لگا کر وزن کرین اور ترازو موجود رہے درمیان طبخ کے وزن کرتے رہین یہانتک کہ بقدر مطلوب رہے تیسرا یہ کہ تجربہ و امتحان سے ایسا مقرر کرین کہ ایک پہر مین نصف پانی جل جاوے پس جب ایک پہر رات باقی رہے شروع جوش کرنے مین کرین بعد صبح کو دیگ سربستہ نزدیک بیمار کے لاوین اور بیمار کو اوپر دیگ کے کھڑا کر کے خمیر گرد کا چھڑالیوین تو بخار آہستگی سے نکلے اور پسینا لاوے اور ہرگز ہرگز سرپوش کو ایکدفعہ نہ اُٹھاوین ورنہ بدن جل جاویگا اور اگر کھڑا ہونا بیمار کا مناسب نہ جانین اوپر کرسی بید سے بنی ہوئی کے بیمار کو بٹھا کر لحاف اُڑھاوین اور دیگ کو نیچے کرسی کے رکھکر بتدریج بخار کو پہونچاوین اور صبر کرین یہانتک کہ بالکل بخار نکل آوے اور پسینا بالکل نکلے پس

دیگ کو ہٹا کر پانی لحاف لیکر ایک دو پیالہ اس پانی سے پیین پس بتدریج پسینے کو خشک کرکے لحاف سے نکالین اور لباس پہناوین اس مدت مین نہ بدلین اور مجموع آب چوبچینی کو بیچ رات دن کے خرچ کرین یعنی تھوڑے پانی کو گرم کرکے ساتھ مصری کے اور تھوڑے کو بدون مصری کے اور تھوڑے پانی مین کھانا اُس بیمار کا پکاوین اور تھوڑا سرد کرکے بجاے پانی کے وقت پیاس کے پلاوین اور اگر موافق حاجت کے کبھی گلاب یا عرق بید مشک و مانند اُنکے پانی مین ملا کر پیین روا ہے اور اگر پانی مقدار پینے سے زیادہ ہو وضو و آبدست مین صرف کرین اور اگر پانی کا خرچ بہت ہو پانی زیادہ ڈالین یا چوبچینی اور جوش کرکے واسطے مصارف کے موجود رکھین اور درمیان تبخیر و تعریق کے اگر تعریق سر کی مطلوب ہو اور کوئی مانع نہو اُسپر بھی لحاف ڈالین ورنہ واجب ہے کہ سر پر لحاف نہ اوڑھین تو غشی و خفقان و آفات دیگر پیدا ہووین پس اگر مریض کو قوت تحمل ہو ہر دن تعریق کراوین ورنہ دو دن مین ایک مرتبہ یا تین دن مین ایک مرتبہ یا پانچ دن مین ایک مرتبہ کافی ہے اسلیے کہ بیچ بدن لاغر کے بہت تعریق سبب تحلیل قوی اور ضعف بدن کا ہوتی ہے بہرحال طبیب جو بہتر جانے عمل مین لاوے لیکن اسقدر لازم ہے کہ ہر دن دیگ کو نزدیک مریض کے رکھکر سر دیگ کو کھولین تو بخار خفیف اُسکا منھ و سر کو پہونچے کہ نفع کریگا اور باقی دنون مین اپنے بدن کو بیمار

چھپاوے اُڑھاوے گرم رکھے اسی طریق سے اکیس دن بسر کرے اور جسوقت بیماری ایک عضو پر مخصوص ہوا اور تمام بدن کو شامل نہو ہر دن اُسی عضو کو اُسکے بخار پر رکھے اور واجب ہی کہ ثفل جوشاندہ کو خشک کر کے نگاہ رکھے اور آخر اکیسوین دن ان سب حصون کو بہت پانی مین جوش کر کے صاف کرین اور مریض کو حمام مین درمیان اس پانی کے بٹھائین اور یہی پانی اعضا پر گراوین بعد اسکے حمام کے پانی سے میل و لیسنا دھوین اور حمام مین توقف نکرین جلد نکل آوین باحتیاط تمام کہ ہوا نہ لگے اور بعض لوگ یہ کہتے ہین کہ اگر مرض صعب و مزمن اور قوت متحمل ہی سب ثفل جوشیدہ چوب چینی کے اکیس حصہ کر کے بترتیب مرقوم طبخ کر کے اکیس دن اور شرب کر کے تو مجموع بیالیس دن تمام ہووین اور اکثر لوگون کا یہ مختار ہی کہ شرب طبخ چوب چینی کا بدستور مذکور اکیس دن کافی ہی لیکن بہتر ہی کہ ثفل مجتمع کو جوش کر کے رکھین اُسی طرح یا مقطر کرے اور بجاے پانی کے اور عرقون کے ایک مدت تک پلاوین کہ یہ پانی بیچ امراض مستحکمہ کے نہایت نافع اور بہتر گلاب و تمام عرقون سے اور معتقد اہل تجربہ کا یہ ہی کہ دو مثقال یا زیادہ اس سے علی اختلاف الروایات اس واسطے چوب چینی کے مقرر ہوا ہی کم اس سے بیچ علل صعب مزمنہ کے موثر ہی اور زیادہ وزن مذکور سے سب بیماریون مین مضر ہی جس طریق کہ مستعمل ہووے لازم ہی کہ مقدار معین اسکا کھایا جاوے اگرچہ بہت دنون مین ہوا اور ظاہر ہی کہ درصورت سفوف کرنے کے کہ جرم اُسکا کھایا جاتا ہی مقدار معین اُسکا مذکور ہوا لامحالہ چالیس دن کی مدت سے زیادہ مدت مین خرچ ہوگا اسلیے کہ تناول اسکے جرم کا بیچ ایک شربت کے واسطے ابدان متوسط کے زیادہ ڈیڑھ مثقال سے مستحسن نہین ہی اور بعض لوگون نے لکھا ہی کہ ڈیڑھ سو مثقال کو اکیس حصہ کر کے ہر حصہ کو ہر دن کوٹ کر چھان کر ساتھ شہد کے گھول کر کھاوین بنظر ابدان قویہ و امزجہ کثیفہ کے ہوگا اور نزدیک محققین کے جس طریق سے کہ مستعمل ہو مقدار شربت ہر دن کا باعتبار ضعف و قوت یا باعتبار بدن کے ہی ضعیف مین دو مثقال واسطے طبخ کبھی کبھی کے کافی ہی اور نہایت استعمال دو ہفتہ تک وافی اور قوی مین آٹھ مثقال ہر دن زیادہ دی جاوے اور چالیس دن سے زیادہ مستعمل ہوا اور جانین کہ پرہیز و احتیاط شدید اُسی وضع مین مقرر کیا ہی بخلاف اوضاع باقیہ کے۔

وضع دوسری بیچ طریق شرب چوب چینی کے بطریق قہوہ کے یہ بیچ اکثر امراض و امزجہ کے موافق و بغائلہ ہی اور کوئی مزاج مین مضر نہین کرتی اور پرہیز شدید اسمین شرط نہین ہی اور محتاج پسینا نکالنے کی نہین ہی اور تقویت بدن و قوی و ارواح و حرارت غریزی کی کرتی ہی اور اگر کوئی صحیح المزاج اس عنوان سے میل کرے نہایت منتفع ہوا اور بیچ اُن امراض کے کہ مواد اُنکا سخت و غلیظ اور بیچ مفاصل و

اعماق بدن کے نہین ہو کہ محتاج تحلیل و عرق کے ہون
اور اُن امراض مین کہ کہنہ نہوے ہون نافع اور
اُسی طرح بیچ اُن امراض کے کہ صعب و مادہ اُنکا
قوی نہو یا مرض سوء مزاج سافج ہو یا مادی مفید ہو
اور اس وضع کو تین نہج مین بیان کرتے ہین۔
نہج اول ۔ بیچ دستور معمول و مشہور کے کہ مختار
اکثر اطبا کا ہی اور یہ دو طرح ہو ایک وہ کہ اکیس دن
تک ہر دن چھ مثقال چوب چینی کو ساتھ ڈیڑھ من پانی
کے بدستور مسطور جوش کرین جب پانی آدھا رہے
صاف کرکے صبح و شام نیمگرم اور باقی اوقات مین بھر د
تناول کرین کبھی نبات سے شیرین کرکے پیین اور اگر
درمیان مدت تناول اُسکے کے پانی بالکل نہ پیین
بہتر ہوگا لیکن لازم نہین ہو کہ جوشاندہ اُسکا غذا و شربت
و روٹی مین داخل کرین اور نمک قلیل بھی یہان
جائز ہو اور مدت پرہیز کی بعد فراغت کے بھی کمتر ہو
اکثر مدت بیس دن تک اور بعضے احوال مین نہایت
اسکی چالیس دن ہو اور تمام اغذیہ و اشربہ و ملاحظہ
پرہیز کا بدستور وضع پہلی کے جانین دوسرا یہ کہ اکیس
دن تک و ہر دن آدھا مثقال ساتھ پانی ڈیڑھ من
تبریزی کے جوش کرین جب تہائی رہے صاف کرکے
نصف کو صبح و نصف کو شام وقت خالی ہونے معدہ
کے نیمگرم کبھی ساتھ مصری کے اور کبھی بے مصری
کے میل کرین اور درمیان دن کے پانی پیین اور
تدابیر دیگر اسقدر کہ پہلے کہی گئین یہان بھی مرعی رکھین
نہج دوم ۔ بیچ اُس طریقہ کے کہ مرزا ہاشم نے
اختیار کیا اور مقرون بہ صواب ہو وہ یہ ہو کہ بیچ
استعمال چوب چینی کے قانون کلی لازم نہ جانین اور
مقدار شربت مجموع ہر دن کا اور مدت کھانے
کی اور مقدار پانی کے جوش کرنے مین اور اختیار
کرنا پانی اُسکا اکیلا یا ساتھ عرقون کے ملاکر اور ملاحظہ
پرہیز و اغذیہ و اشربہ کا اور تمام جو چیزین کہ تناول
چوب چینی سے بیان ہوئین بالکل وہ مزاج و قوت
و ضعف و صعوبت و خفت مرض و حال مریض سے
متعلق جانین اور جس وقت غرض تقویت مزاج کی
ہو اور کوئی مرض نہو حاجت پرہیز کی نہین ہو اور
یہ امور طبیب حاذق پر مفوض ہین۔
نہج سوم ۔ کہ حکماے مغرب سے منقول ہو اور
ہرگز و ملاحظہ اُسمین شرط نہین ہو اور حالت صحت
مین تقویت ہضم و بدن اور تمام قوی کا کرتا ہو وہ
یہ ہو کہ ڈیڑھ مثقال چوب چینی خوب بعنوان مذکور
تراش کرکے ساتھ چاے خطائی نیمکوفتہ کے ایک
مثقال ہو اور دارچینی و بادیان خطائی نیمکوفتہ کہ
ہر ایک نصف مثقال ہو بیچ ایک پیالہ گلاب کے
رات بھر تر کرین اور ساتھ ایک من شاہی پانی کے
آگ نرم پر جوش کرین یہانتک کہ ربع رہجاوے
پس صاف کرین اور بعد اُسکے کہ غذا معدے
سے منحدر ہو جاوے بقدر دو پیالہ کے نیمگرم
پیین اور کئی مرتبہ مین سب پی لیوین اور اگر
چاہین تھوڑی مصری سے شیرین کرین۔
وضع تیسری ۔ بیچ استعمال چوب چینی کے بطریق

سفوف کے جان لو کہ استفساف اسکا اگر احشا مین
سدہ ہو جائز نہین ہی اور نہایت ضرر کرتا ہی اور جسوقت
معدہ مین رطوبت غالب ہو سفوف اسکا ساتھ ادویہ
مناسبہ کے سودمند ہی اور کبھی تنہا اور کبھی ساتھ
مصری کے مستعمل ہوتا ہی اور درصورت ترکیب
کے موافق حاجت کے ادویہ کہ مناسب حال مرض
کے ہون ملا سکتے ہین اور ساتھ گلاب یا عرق بید مشک
کے یا عرق گاؤزبان و مانند اُنکے کھا سکتے ہین
اور جو حکایات متجربین کی بیچ قضایاے حادثہ
کے نفع تمام رکھتی ہی اور مرزا ہاشم مرحوم نے جو
نقلین کہ جو باب مین لکھی ہین بعینہ منقول ہوئین
اُنمین سے ایک یہ ہی کہ مستوفی الممالک دردِ کمر کہنہ
رکھتا تھا اور اکثر اوقات نفخ و ریح سے کہ بیچ اُسکے
معدے کے پیدا ہوتی تھی متاذی تھا مگر چوب چینی
کو بطریق قہوہ و عرق کے پیا اور ہرگز فائدہ نہوا
فقیر نے سفوف کہ نسخہ اُسکا عنقریب آتا ہی ترتیب
دیا اکثر آزار اسکے دفع ہوئے اور صحت و قوت
پائی اور بھی اُسی نے کہا کہ ایک شخص ضعف معدہ
رکھتا تھا سفوف چوب چینی کا تنہا دیا مین نے
ساتھ گلاب کے تین دن ایک ایک مثقال اور
تین دن دو دو مثقال و تین دن دیگر تین تین مثقال
بیماریان بالکل دفع ہوئین باوجود اُسکے پرہیز خوب
بھی نہین تھا اور جسوقت مزاج بیمار کا گرم ہو طباشیر
و صندل ساتھ اُسکے ملا کر دے سکتے ہین اور بیچ
مزاج سرد کے دارچینی و رازیانہ و مانند اُنکے ساتھ
چوب چینی کے ملا سکتے ہین اور جانین کہ بیچ بدن ضعیف
کے مقدار خوراک چوب چینی کی سفوف مین پہلے دن
زیادہ دو دانگ و آدہے مثقال سے نہو اور بتدریج
اضافہ کر کے ایک مثقال سے تجاوز نہ کرین اور بیچ
بدن متوسط مائل باعتدال کے چار دانگ سے
شروع کرنا چاہیے اور بتدریج ڈیڑھ مثقال پہونچانا چاہیے
اور بیچ امزجہ قویہ کے ایک مثقال سے شروع کرین
اور بتدریج دو مثقال تک و نہایت تین مثقال تک
پہونچاوین اور بعض نے زیادہ اس سے بھی تجویز کیا
ہی اگر بدن نہایت قوی و کثیف ہو اور مدت کھانے
سفوف کی پندرہ دن ہی اور شاید کہ کمتر اُس سے
کفایت کرے اور اگر بعد پندرہ دن کے پھر حاجت
باقی ہو بہتر یہ ہی کہ بدستور اول اقل سے شروع کرین
اور اسی ترتیب سے زیادہ کرین یہانتک کہ مقدار
اول کو یا کمتر اُس سے پہونچے اور جاننا چاہیے
کہ اگرچہ موافق قیاس کے یا بحسب اعراض
و امراض و امزجہ کے موافق دستور و قانون
کے ترکیب اس دوا کی ساتھ اور اجزا کے کر سکتے
ہین لیکن جو باوجود ان مراتب کے جبتک ساتھ
تجربہ کے نزدیک ہنو اعتماد نہ کرنا چاہیے کہ یہ ترکیبین
کہ مکرر تجربہ کو پہونچی ہین اور بہت نفع اُنسے ظاہر ہوا
مرقوم ہوئی ہین۔

صفت سفوف۔ کہ واسطے مستوفی الممالک کے
ترتیب پایا چوب چینی سوہان کی ہوئی بیس مثقال
دارچینی پانچ مثقال مصطگی تین مثقال رازیانہ دو

مثقال نبات سفید تیس مثقال جملہ ساٹھ مثقال ہوتے ہین پندرہ دن اس ترتیب سے دین کہ تین دن پہلے تین تین مثقال اور تین دن ساڑھے تین مثقال اور تین دن چار چار مثقال اور تین دن ساڑھے چار مثقال اور تین دن پانچ پانچ مثقال تو جملہ ساٹھ مثقال پندرہ دن مین کھائی جاوے اور بیچ امزجہ ضعیفون کے اُس طرح کہ قریب مذکور ہوا ہی شروع کمتر سے کرنا چاہیے تو پندرہ دن مین چالیس مثقال یا پچاس کھائی جاوے پس اگر اُسی قدر کفایت کرے فہو المراد ورنہ ایک ہفتہ اور دینا چاہیے اسی طرح کہ مناسب حال ہو۔

نسخہ دیگر ۔ کہ منافع اُسکے قریب منافع پہلے کے ہین اور بیچ اوجاع مفاصل کے بھی مفید ہی سورنجان سفید پانچ مثقال دارچینی رازیانہ مصطگی قاقلہ کبار وصغار ہر ایک تین مثقال چوب چینی نبات سفید ہر ایک بیس مثقال بدستور معمول سفوف بناوین قدر خوراک بیچ امزجۂ قویہ کے اوائل ہر دن مین ہر دن تین مثقال ہی اور بتدریج پانچ چھ مثقال دے سکتے ہین اور بیچ امزجۂ ضعیف کے کئی دن مین پہلے ہر دن مین مثقال اور بتدریج تین مثقال تک پہونچاوین اور بیچ امزجۂ متوسط کے اوائل مین ہر دن دو مثقال اور بتدریج چار پانچ مثقال تک پہونچا سکتے ہین۔

نسخۂ سفوف ۔ کہ باوجود رطوبت وبرودت معدہ کے لینت طبع و نفخ اور رقاق ساتھ اُسکے ہو پیچش وخون ساتھ اُسکے ہو عود قماری قاقلہ کبار پوست ترنج پوست پستہ آملہ مقشر گل سرخ انیسون بوداده زیرۂ کرمانی بوداده کندر ہر ایک دو مثقال چوب چینی ہمچند جملہ اجزا کے بیس مثقال سفوف بناوین اور موافق مزاج کے جیسا گذرا قدر شربت ومدت کھانے کی مقرر کرین اور ساتھ عرق بادرنگ یا گلاب کے کھاوین۔

نسخۂ سفوف ۔ کہ باوجود غلبۂ رطوبت کے معدہ مین حرارت بھی غالب ہو صندل سفید طباشیر سفید تخم مورد آملہ منقی کشنیز بوداده ہر ایک دو مثقال چوب چینی برابر جملہ اجزا کے دس مثقال قدر شربت ومدت تناول کے باعتبار امزجہ کے ہی جیسا کہ گذرا ساتھ عرق بادرنگ کے کھاوین اور اگر باوجود رطوبت کے حرارت بہت ہو تو چوب چینی اکیلی سفوف کرکے بدستور مسطور عمل کرین۔

وضع چوتھی ۔ بیچ طریق تناول چوب چینی کے بطور معجون کے جو اکثر معاجین وحلاوی چوب چینی کے اجزاے حارہ رکھتے ہین استعمال اُنکا بیچ فصل بارد ومزاج بارد کے مختار ہوا اور اگرچہ مستعمل اُنمین جرم چوب چینی ہی لیکن جب عندہ حشا کا شائبہ ہوا اور اس جگہ کہ مادہ بیچ مجاری تنگ اور اعماق بدن کے ہو اور ساتھ نفوذ قوت دوا کے احتیاج ہو

چاہیئے کہ چوب چینی مضاعف اس سے کہ بیچ نسخون کے مسطور ہوئی ہی لیوین اور فقط جوش کرین تو قوت اُسکی جیسا چاہیئے پانی مین آوے پس صاف کر کے ساتھ شہد یا قند کے کہ اس نسخے مین ہو ملا کر قوام کرین بعد اُسکے اور اجزا کوٹ کر چھان کر گھولین کہ معجون وحلوا اسکا نہایت لطیف تر و نافع تر ہوتا ہی اور مختار ہین کہ سب چوب چینی کو ایک دفعہ بہت پانی مین ڈالکر جوش کرین یہانتک کہ پانی تھوڑا بقدر قوام کے رہے یا تھوڑی چوب چینی پہلے بہت پانی مین پکاوین اور اسی طرح تین مرتبہ بلکہ پانچ مرتبہ مکرر عمل مین لاوین چنانچہ درد کو بیچ شربت ورد کے مکرر ڈالتے ہین اور بیچ قوت کے قوی زیادہ ہی۔

صفت معجون — کہ بیچ اوجاع مفاصل بارد کے اور سب اوجاع کے کہ بعد آتشک کے پیدا ہوتے ہین نہایت نافع ہین لیکن جو مسہل ہی ملاحظہ روٹی واغذیۂ غلیظہ کا لازم رکھین اور اگر بیچ ایام کھانے اس دوا کے قیمہ شوربا یا نخود آب میل کرین بہتر ہی چوب چینی بیس مثقال سورنجان زعفران مصطکی دارچینی ہر ایک تین مثقال ماہیزہرج بوزیدان پوست بیخ کبر شیطرج ہندی رازیانہ فلفل سیاہ صعتر گل سرخ قرنفل قاقلہ کبار ہر ایک دو مثقال پوست ہلیلہ زرد ترید سفید موصوف ہر ایک سات مثقال نمک ہندی زنجبیل ہر ایک ایک مثقال بدستور مشہور ومعمول کوٹ کر چھان کر ساتھ روغن بادام دس مثقال کے چرب کر کے ساتھ ایک سو اسی مثقال عسل کف گرفتہ کے قوام کر کے معجون بناوین مقدار شربت اسکا بیچ امزجۂ ضعیفہ کے ایک مثقال سے بتدریج دو مثقال تک اور بیچ امزجۂ قویہ کے تین مثقال سے پانچ مثقال تک اور امزجۂ متوسطہ مین دو مثقال سے چار مثقال تک ہی اور اگر بعد پانچ چھ دن کے ایک مرتبہ قدر خوراک پہلے دن کے دونی کرین کہ مواد زیادہ رفع ہو نافع ہوگا۔

صفت معجون مخترع — حکیم عماد الدین محمود کی کہ بیچ امزجۂ غیر حارہ کے تقویت قوی وحرارت غریزی کی کرتی ہی اور بیچ امراض بارد کے نہایت مفید ہی اور واسطے درد اعضا ورطوبت وضعف معدہ کے نافع اور ملاحظہ وپرہیز بہت نہیں رکھتی ہی چوب چینی تیس مثقال جدوار خطائی خولنجان سافج زرنباد درونج عقربی زنجبیل عاقرقرحا مشک خطائی ہر ایک دو مثقال بہمن سرخ سفید تودری سرخ تودری سفید تخم ترب دارچینی مصطگی قرنفل سنبل جوزبوا بسباسہ عود قماری ثعلب مصری زعفران ہر ایک تین مثقال مغز بادام مقشر مغز تخم خربزہ مغز فندق لسان العصافیر ہر ایک چھ مثقال مغز پستہ نارجیل ہر ایک دس مثقال بدستور معمول کوٹ کر چھان کر ساتھ شہد یا قوام قند کے گھولین قدر شربت بیچ امزجۂ ضعیفہ کے ایک مثقال اور بیچ امزجۂ متوسطہ کے دو مثقال اور بیچ امزجۂ قویہ کے تین مثقال۔

معجون — کہ بیچ اکثر امراض اور امزجۂ باردہ کے اور اوجاع مفاصل اور درد اعضا کے خصوصاً جو بسبب

آتشک کے ہو نافع ہی چوب چینی تیس مثقال
قرنفل جوز بوا بسباسہ گل سرخ زعفران زرنباد
خولنجان سعد کوفی ہر ایک ایک مثقال دارچینی قاقلہ
فلفل سیاہ مصطگی سورنجان بوزیدان سنا مکی
لسان العصافیر ہر ایک پانچ مثقال زنجبیل دارفلفل
عاقرقرحا جدوار خطائی ہر ایک دو مثقال ساتھ عسل
کے معجون بناویں قدر خوراک مانند معجون پہلی کے
ہی اور ملاحظہ و پرہیز کمتر ہی۔
نوع دیگر۔ کہ بیچ منافع و فوائد کے قریب اسی
معجون مذکور کے ہی چوب چینی بتیس مثقال دار فلفل مصطگی
فلفل دارچینی رازیانہ ہر ایک تین مثقال سنا مکی
مغز بادام مقشر ہر ایک چار مثقال تخم کرفس زعفران
سورنجان قرنفل ہر ایک دو مثقال زنجبیل ایک
مثقال و نصف عسل تین وزن مقدار شربت بیچ
مزاج ضعیف کے دو مثقال سے تین مثقال تک
اور بیچ متوسط کے تین مثقال سے پانچ مثقال تک
اور بیچ قوی کے چار مثقال سے چھ مثقال تک اور
اگر بیچ ایام کھانے اس معجون کے اور تمام معاجین
مسہلہ کے نمک مین تقلیل کرین بہتر ہی اور اسی طرح
لبنیات و حموضات و فواکہ رطب سے۔
معجون۔ کہ بیچ اوجاع مفاصل وغیرہ کے اور
تقویت قوت باہ اور تمام قوتون کے نافع ہی اور
واسطے مبرودین کے نفع تمام رکھتی ہی دارچینی سورنجان
مصری تنقاقل تعلب لسان العصافیر عود قماری مصطگی
زعفران ہر ایک تین مثقال قاقلہ کبار قرنفل خولنجان

بوزیدان زنجبیل سنبل الطیب زرنباد اسارون فرنجمشک
ہندی دارفلفل کبابہ مشک عنبر اشہب جدوار خطائی
ہر ایک دو مثقال مغز حب الصنوبر مغز حب قلقل مغز ابحلک
ہر ایک پانچ مثقال مغز چلغوزہ نارجیل ہر ایک دس
مثقال چوب چینی چھری سے تراشی ہوئی عسل صاف
ترنجبین نیشاپوری خار و خاک سے پاک کی ہو ہر ایک
ڈیڑھ سو مثقال چوب چینی کو بیچ پانی کے کہ چار من
شاہی ہو ایک رات دن ترکرین اور بیچ دیگ بڑی
کے سر اسکا مضبوط کیا ہو نرم آگ مین جوش کرین
جب ربع رہجاوے صاف کرکے عسل و ترنجبین
ملاکر قوام کرین اور اجزاے دیگر بترتیب معلوم
کوٹ کر چھان کر ملاوین مقدار شربت دو مثقال
سے چار تک۔
معجون چوب چینی۔ کہ ترکیب عماد الدین محمود
کی ہی اور منافع کثیرہ خصوصاً بیچ فصل معاجین کے
بحث قوت باہ مین مذکور ہوئی ہی۔
وضع پانچوین۔ بیچ طریق استعمال چوب چینی
کے بطریق حریرہ و حلوا کے۔
حریرہ۔ کہ بیچ امراض سینہ و ریہ کے واسطے
تنگی نفس و سرفہ کہنہ کے نافع ہی چوب چینی ہر دن
آدھے مثقال سے ایک مثقال یا دو مثقال تک
باعتبار قوت و ضعف مزاج کے خوب کوٹکر چھانکر
ساتھ تین مقدار اسکے نبات بیچ پیالہ بید مشک کے
بھگو کہ صبح کو ملائم آگ مین جوش کرین تو بطور
پالودہ کے بستہ ہووے اُسوقت نیم گرم کرین اور

تین دن یا چھ دن اسی دستور سے پیین اور کبھی شکر تیغال اور بیچ حلوہ و نشاستہ و کتیرا و صمغ عربی ہر ایک بقدر سدس چوب چینی کے اضافہ کرکے پیین نافع تر ہووے۔

حلوا۔ کہ بیچ امراض سینہ و ریہ و سرفہ کہنہ کے نافع ہے چوب چینی کوفتہ اور ساختہ مین چھانی ہوئی ساتھ نشاستہ و شیرہ برنج و شکر تیغال و نبات سفید و تخم ریحان و روغن تازہ بے نمک بدستور مقرر حلوا بناوین۔ اور اگر تسخین مطلوب ہو دارچینی زنجبیل خرنجشک زرنباد ہر ایک سے تھوڑی تھوڑی بھی اضافہ کرین اور اگر تقویت باہ کی مقصود ہو ادویہ ماہیہ زیادہ کرین۔

حلوا۔ کہ واسطے مبرودین و اوجاع کے نافع ہے اور تقویت باہ کرتا ہے چوب چینی نرم کوٹ کر ریشمی کپڑے مین چھان کر ستر مثقال زنجبیل ایک مثقال دارچینی چار مثقال مغز چلغوزہ نارجیل ہر ایک دس مثقال آرد گندم روغن گاؤ بے نمک ہر ایک بقدر ضرورت کے قند و عسل ڈیڑھ سو مثقال بدستور معمول حلوا بناوین۔

حلوا۔ کہ درد مفاصل و اوجاع دیگر کو کہ آتشک سے عارض ہوئے ہون نافع ہے چوب چینی چھ مثقال دارچینی چار مثقال سورنجان دو مثقال شکر تیغال تین مثقال نبات سفید پچاس مثقال بساتھ آرد گندم و روغن گاؤ بے نمک و روغن بادام کے ہر ایک بقدر ضرورت کے حلوا بناوین اور پندرہ مثقال سے تیس مثقال تک باعتبار ضعف و قوت کے میل کرین اور چاہیے کہ جرم چوب چینی سے قدر خوراک زیادہ تین مثقال سے نہ ہو اور ذکر کیا گیا کہ جرم اُسکا صاحب سدہ اُحشا کو ضرر کرتا ہے اور صاحب تحفہ نے کہا ہے کہ حقیر نے مشاہدہ کیا کہ ایک جماعت نے واسطے نفع عاجل کے جرم اُسکا استعمال کیا اور اگرچہ تھوڑا نفع پایا لیکن بعد ایک مدت کے اس سبب سے کہ اُسنے سدہ پیدا کیا اذیت تمام کھینچی پس اولی یہ ہے کہ چوب چینی کو نیم کوب کرکے یا چھری سے ورق ورق کرکے پانی مین بھگو کر جوش کرین اور بیچ حلوا کے و قوام شہد و قند و معاجین کے بھی جوشاندہ ڈالین جرم اُسکا تو نفع بدون ضرر کے حاصل ہو اور شک نہین ہے کہ جو قوت نفس دوا مین ہے اسکے جوشاندہ مین نکل آتی ہے۔

وضع چھٹی ۔ بیچ طریق استعمال چوب چینی کے بطور نقوع کے اور واسطے محرور المزاج و خفقان ناتھون کے اور تقویت اعضا و قوی کے اور بیچ فصل گرمی کے اور مزاج گرم کے اور واسطے ضعیفون لڑکون کے موافق زیادہ ہے اور اکثر مزاجون سے مناسب اور ضرر سے محفوظ چوب چینی موصوف سوہان کی ہوئی ایک مثقال سے آٹھ مثقال تک بیچ عرقون مناسب اور ادویہ موافق کے تین رات دن بیچ شیشے کے یا مانند اُسکے بھگو مین اور رکھ رہا وین پس صاف کرکے اسی طرح تنہا ساتھ نبات کے موافق حاجت کے پیین اور

جسوقت واسطے خفقان گرم اور امزجہ اور امراض
گرم کے کام مین لاوین صندل سفید کشنیز خشک
گل سرخ بالسویہ بقدر چوب چینی کے بیچ گلاب یا
عرق نیلوفر یا عرق بید مشک یا عرق گاؤزبان کے
نقوع کرین اور علی ہذالقیاس بیچ ہر مزاج کے ساتھ
ادویۂ ملائمہ حال کے ممزوج کر سکتے ہین اور جسوقت
واسطے مبرود المزاج کے دین ساتھ عود و بادرنجبویہ
و زرنباد وغیرہ کے بیچ عرق رازیانہ و عرق بہار و
عرق اذخر وغیرہ کے نقوع کرین اور جو کچھ بعد
تین دن کے صاف کیا تفل اسکا بیچ پانی کے یا
بیچ عرق مناسب کے بقدر ضرورت کے بھگو کر عوض پانی
کے بیچ ایام شرب نقوع کے پیین اور قدر چوب چینی
کا بیچ نقوع کے واسطے اطفال کے ایک مثقال سے چار
مثقال تک ہے اور شیر اطفال کو آٹھ مثقال تک اور اقل
مدت نقوع پینے کی چھ دن اور اکثر بارہ دن ہین اور اگر
حاجت داعی ہو زیادہ اس سے بھی جائز ہے اور جانین
کہ پرہیز اسطور مین کمتر قہوہ سے ہے اور نزدیک عنوان
سفوف کے ہے لینے پرہیز بہت ضرور نہین ہے۔
وضع ساتوین۔ بیچ بیان استعمال چوب چینی کے
بطور عرق و تصعید کے جانین کہ اسطور مین پرہیز
سب اقسام سے کمتر ہے اور بعضی بیماریون مین کہ مادہ
بہت نہو اور بعد تنقیہ کے قدر قلیل رہا ہو واسطے
تحلیل مواد مذکور کے اور تقویت بدن و قوی کے
نفع کرتی ہے اور ناتوانون کو قوت دیتی ہے اور ساتھ
ادویۂ مناسبہ سودا کے ازالۂ توحش و سوداویت

کا کرتی ہے اور خون کو رقیق اور لطیف اور ارواح کو
صاف و نورانی کرتی ہے اور ساتھ ادویۂ ماہیہ کے
تقویت باہ کرتی ہے اور علی ہذا القیاس ساتھ ہر اجزا
کے کہ ملائم جس مرض کے اور مناسب جس غرض کے
ہون مشتعل کر سکتے ہین اور کبھی پانی مین فقط عرق
چوب چینی کا لیتے ہین اور کبھی ساتھ عرقیات کے کہ
مناسب حاجت کے ہون عرق کھینچتے ہین اور بقدر
مزاج و قوت کے دو تین پیالے یا کم و زیادہ بیچ خلا
معدہ کے یا بعد اترنے طعام کے یا دونون وقت
بدون شیرینی کے یا ساتھ شیرینی کے میل کرتے
ہین اور اگر بیاضون و رسالون مین نسخے مختلف
بہت اس باب مین مرقوم ہوئے ہین لیکن جبتک
موافق قیاس و قانون طبی کے درست نہو لائق
اعتماد کے نہین ہے اب کئی عرق کہ مرزا ہاشم نے انکو
مجرب و معمول کیا ہے لکھے جاتے ہین۔
عرق۔ کہ واسطے تقویت معدہ و بدن و ہاضمہ و
حرارت غریزی کے نافع ہے اور ساتھ ان امزجہ کے
کہ بہت گرم نہین ہین مفید ہے چوب چینی سوہان
یا رندہ کی ہوئی نصف من تبریزی دارچینی سیلابی ربع
من بطریق گلاب کے ساتھ پانی کے عرق کھینچین
اور اگر چاہین کہ گرمی زیادہ کرے دارچینی برابر
اسکے یا دونی اس سے ڈالین اور مختار ہین کہ
ساتھ مٹھائی کے پیین یا بدون اسکے۔
عرق۔ کہ بیچ بیماریون سوداوی کے اور خفقان
وضعف دل کے بعد تنقیہ کے بہت نفع کرتا ہے اور

اعضاء رئیسہ و معدہ و حرارت غریزی کو تقویت دیتا
ہی اور خون کو رقیق و لطیف کرتا ہی اور ہاضمے کو
قوی اور بعض مزاجون مین تقویت باہ کی کرتا ہی اور
گرمی اسکی پہلے عرق سے بہت کم ہی چوب چینی سو مثقال
گل گاؤزبان دارچینی صندل سفید بادرنجبویہ ہر ایک
آٹھ مثقال بہمن سرخ سنبل الطیب ہر ایک پانچ مثقال
بیچ عرق بیدمشک و عرق گاؤزبان و پانی کے دو
رات دن بھگوئین اور بدستور عرق کھینچین اور چاہیے
کہ عرق تہا قدر تہائی کے اور پانی دو تہائی ہوا ور ہر دن
صبح کو دو پیالہ اور عصر کے وقت دو پیالہ کبھی شیرین
اور کبھی بے شیرینی پیین۔

عرق۔ کہ اعضاے رئیسہ و شریفہ و حرارت غریزی
و قوت ہاضمہ کو قوی کرے اور باہ زیادہ کرے چوب چینی
ڈیڑھ سو مثقال گل گاؤزبان و برگ گاؤزبان و
صندل ہر ایک پچاس مثقال دارچینی تیس مثقال بہمنین
ہر ایک پندرہ مثقال پوست ترنج صندل سرخ ہر ایک
بیس مثقال عود قماری سنبل الطیب ہر ایک دس
مثقال ریحان ایک دستہ آب سیب کہ بعد
تقشیر کے اور بعد پاک کرنے کے تخم سے لیا ہو
ہر ایک ایک من شاہی عنبر اشہب دو مثقال صندلین
و عود و چوب چینی کو سوہان سے رندہ کرکے اور
اجزا نیمکوب کرکے دو رات دن بیچ عرق بیدمشک
و پانی و گلاب کے کہ گلاب چھٹا حصہ و عرق بیدمشک
ایک تہائی پانی کا ہو بھگوئین اور بیچ دیگ کے ڈالین
اور عنبر کو نیمکوب کرکے کپڑے مین باندھکر بیچ منھ
نیچہ کے باندھکر عرق کھینچین۔

عرق۔ کہ بیچ فوائد کے پہلے عرق کے نزدیک ہی
لیکن اس سے گرم زیادہ ہی اور تقویت باہ مین اثر
عظیم رکھتا ہی چوب چینی تین سو مثقال گل گاؤزبان
بادرنجبویہ صندل سفید ہر ایک پچاس مثقال گل سرخ
صندل سرخ پوست ترنج شقاقل مصری ہر ایک بیس
مثقال دارچینی سنبل الطیب ہر ایک تیس مثقال سعد کوفی
سورنجان مصری سادج ہندی قلب مصری خولنجان
عود قماری ہر ایک دس مثقال بہمن سرخ و سفید ہر ایک
پچیس مثقال نعناع تازہ ریحان تازہ ہر ایک
ایک دستہ گل بہی سو مثقال مویز طائفی مع دانہ کوفتہ
تین سو مثقال عنبر اشہب تین مثقال چوب چینی و عود و
صندلین کو رندہ کرکے اور باقی اجزا کو نیمکوب
کرکے دو رات دن بیچ بیدمشک و عرق گاؤزبان
و پانی کے بدستور رفع بھگوئین اور دوسرے
دن مویز اضافہ کرکے دیگ مین رکھکر عنبر کو کپڑے
مین باندھکر نیچہ کے منھ مین باندھکر عرق کھینچین
اور صبح و شام بعد غذا کے دو پیالہ یا کم یا زیادہ
موافق حاجت کے ساتھ نبات کے یا بدون
نبات کے پیین۔

ایضاً۔ کئی عرق قرابادین معصومی سے لکھے جاتے
ہین۔

عرق۔ کہ واسطے ضعف و نفخ و خفقان و نحافت بدن
و تقویت حواس و تفریح دل و ضعف باہ و تفتیح سدہ و
تحسین رنگ و ہضم غذا و قوت معدہ و تنشیط خاطر کے

نہایت فائدہ کرتا ہے دارچینی سیلانی گل سرخ اگر تازہ ہو بہتر ہے اور ریحان ہر ایک دو اوقیہ سنبل الطیب ساذج ہندی قرنفل ہیل زرنباد بادرنجبویہ گاؤزبان گیلانی ابریشم خام ہر ایک ایک اوقیہ بہمنین صندل سفید عود ہندی اشنہ ہر ایک نصف اوقیہ زعفران تین درم مصطگی دو درم مشک نیم درم عنبر اشہب ایک درم چوب چینی اعلی ڈیڑھ سو مثقال سیب شیرین پختہ پچاس عدد گلاب دو رطل نبات دو اوقیہ چوب چینی کو ریزہ ریزہ کرکے اور سیب کو تخم و پوست سے پاک کرکے اور ادویہ کو نیمکوب کرکے سب کو گلاب میں بھگو کر بعد اسکے بدستور گلاب کے عرق کھینچیں اور زعفران مصطگی و مشک و عنبر ایک تھیلی میں رکھکر بیچ اُس باسن کے کہ اُسمیں عرق کھینچتے ہیں ڈالیں اور نرم آگ میں عرق کھینچیں اور بدستور معلوم ہیں تین دار پیالے چاے خوری میں

عرق - کہ مقوی اعضا ذہنی مشہی و ہاضم طعام و مفرح دل و منشط و مصفے لون و منعظ بہت ہے چوب چینی دو سو مثقال گل سرخ دارچینی خصیۃ الثعلب شقاقل قرنفل جوزبوا بسباسہ ابریشم خام تخم زردک ہر ایک دس دس مثقال زعفران صندل سفید عود ہندی عاقرقرحا بیخ سنبلیبی بیخ لفاح مایہ شتر اعرابی لسان العصافیر بیخ بنفشہ سنبل الطیب اشنہ زرنباد بہمنین ہر ایک پانچ مثقال مشک نصف مثقال مصطگی دو مثقال جدوار خطائی میعہ یابسہ ہر ایک تین مثقال عنبر اشہب ایک مثقال چوب چینی ورق ورق کرکے دو دن صاف پانی میں بھگوئیں تیسرے دن باقی اجزا کو نیمکوب کیا ہوا اُسمیں ڈالیں اور دوسرے دن بدستور گلاب و زعفران و مصطگی و مشک و عنبر باسن میں ڈالکر عرق کھینچیں اور ہر دن دو پیالے اس عرق سے کھینچیں

عرق مجرب - یہ نسخہ مؤلف کا کہ بہت آدمیوں نے اس عرق سے بہت نفع دیکھا اور امراض مزمنہ سے شفا پائی اور بیچ تقویت اعضا و تفریح و نشاط و قوت باہ کے مجرب ہے واسطے استرخاء اعضا و نفخ معدہ و امعاء کے اور درد مفاصل و قولنج و ضعف گردہ کے فائدہ مند ہے اور سنگ گردہ و مثانہ کو نکالے و ادرار بول کرے اور بہت فوائد رکھتا ہے اور آزمودہ ہے چوب چینی طبیب پسند تین سو مثقال ریزہ ریزہ کرکے بیچ پچاس رطل پانی صاف کے طبخ کریں یہانتک کہ تیس رطل رہے بعد اسکے سنبل الطیب گل سرخ زرنباد اگر ترکی و عود ہندی و گاؤزبان و فرنجمشک و بادرنجبویہ و قاقلہ و لسان العصافیر و اشنہ و ساذج ہندی و کبابہ و خارخسک ہر ایک پانچ مثقال بادیان نانخواہ دارچینی قرنفل جوزبوا بسباسہ تخم زردک بہمنین شقاقل خصیۃ الثعلب ہر ایک دس دس مثقال سعد کوفی پوست ترنج قرفہ خولنجان عاقرقرحا ہر ایک چھ مثقال صندل سفید تخم کرفس فلفلمویہ ہر ایک پانچ مثقال برگ ترنج نعناع تازہ ہر ایک ایک قبضہ ریحان تازہ ایک دستہ عنبر اشہب مصطگی رومی زعفران ہر ایک دو مثقال مشک خالص ایک مثقال نبات سفید مویز منقے ہر ایک ایک رطل سخت دواؤن کو کوٹکر مجموع کو ایک رات بیچ جوشاندہ چوب چینی کے

بھگو کر بدستور گلاب کے مشک و عنبر و مصطگی و زعفران ہر ایک کو علیحدہ علیحدہ تھیلی مین باندھکر باسن مین ڈال کر عرق کھینچین اور ہر دن صبح و شام ایک دو پیالی چاے خوری نیمگرم اس عرق سے پیین اور دو تین قدم چلین کہ حرارت عزیزی افروختہ ہو گی اور مکرر کہا گیا کہ استعمال عرقون مین اتنا پرہیز نہین ہی مگر موافق حاجت کے رعایت کرنا پرہیز کا اولی و انسب ہی

وضع آٹھوین — بیچ استعمال چوب چینی کے بطور مضغ کے جان تو کہ چوب چینی کبھی اکیلی مستعمل ہوتی ہی اور کبھی ساتھ پان کے اور یہ بیچ علل دماغی و امراض سینہ و ریہ و حلق و مری کے نافع زیادہ ہوتی ہی سب طورون سے اور مقدار شربت وہی ہی کہ سفوف مین بیان ہوئی اور اولی یہ ہی کہ خوب چبائین اور پھوک اُسکا پھینک دین اور پانی اسکا بلع کرین —

وضع نوین — بیچ بیان استعمال چوب چینی کے بطریق مرہم و روغن کے کہ بیچ زخمون آتشک کے اور زخمون ناصور کے اور اوجاع مفاصل کے اور تمام اوجاع کے کہ آتشک سے عارض ہوتے ہون نافع ہی —

صفت مرہم — کہ واسطے زخمون کے خصوصاً زخمون آتشک کے نہایت نفع رکھتا ہی آہک کو تھیلی کتان مین باندھکر ایک رات دن پانی مین بھگوئین بعد اُسکے ملکر رہنے دین یہانتک کہ چونا پانی کو چھوڑکر تہ مین بیٹھ جاوے پس پانی کو پھینک کر ڈرد کو لیکر خشک کرکے ایک جزو بیچ دو جزو چوب چینی کے خوب کوٹ کر چھانین اور نصف جزو مردار سنگ و حنا اور ربع جزو موم سفید و اقلیمیاے نقرہ اور برابر سب کے روغن زیتون ملاکر مرہم بناوین —

مرہم — کہ منافع اُسکے پہلے سے زیادہ ہین توتیا و مردار سنگ سفیدہ قلعی کا ہر ایک تین مثقال چوب چینی موم ہر ایک پانچ مثقال روغن بادام بیس ٢٠ مثقال بدستور معمول مرہم بناوین —

مرہم — کہ واسطے زخمون آتشک کے دونون مرہم سے نافع زیادہ ہی مردار سنگ شنگرف ہر ایک دو مثقال کات ہندی چوب چینی ہر ایک چار مثقال موم کافوری پانچ مثقال باگورہ مایہ شتر بیس ٢٠ مثقال بدستور معمول مرہم بنائین اور اگر نصف کات جلاکر داخل کرین بہتر ہوگا —

مرہم — کہ واسطے کھجلی کے مفید ہی مردار سنگ توتیا صابون رقی تراشیدہ ہر ایک پانچ مثقال انزروت حنا مازو زنگار اشق کندر ہر ایک دو مثقال زفت بیس مثقال چوب چینی دس مثقال صمغ کو سرکہ مین حل کرین اور توتیا سرکہ مین پیسین اور باقی کو خوب کھرل کرکے ساتھ موم زرد و روغن زیتون و روغن بادام تلخ و روغن گل سرخ کہ ہر ایک بیس ٢٠ مثقال ہون مرہم بناوین اور ہر دن ایک مرتبہ حمام مین جاکر سر کو دھووین اور یہ مرہم ملین اور اگر چوب چینی کو اکیلی پیسکہ زفت مین ڈال کر اوپر کجلی کے لگادین فائدہ کرے اور بیچ زخمون آتشک کے

اگر تھوڑی چوب چینی مرہم کافور یا باسلیقون یا مرہم
اُس مین داخل کرین بہت نفع کرے۔
روغن۔ کہ بیچ اوجاع مفاصل اور امعا کے کہ
آتشک سے پیدا ہوئے ہون نہایت نافع ہی سورنجان
مخلصہ سداب ہر ایک پانچ متقال قصب الذریرہ
اشنہ سنبل الطیب ساذج ہندی زراوند طویل مرزنجوش
ہر ایک تین متقال عاقرقرحا دو متقال قسط تلخ چھ متقال
چوب چینی بیس متقال مجموع کو نیمکوب کرین سوائے
چوب چینی کے کہ اُسکو رندہ کرین ایک رات دن
بیچ ایک من شاہی پانی کے بھگو کر ساتھ روغن زیتون
و گل سرخ کے کہ ہر ایک چالیس متقال ہو اور روغن
بابونہ روغن زنبق روغن شبت ہر ایک پندرہ
متقال ہو دیگ مین رکھکر ملائم آگ پر طبخ کرین
یہانتک کہ مہرا ہو جائے اور پانی جاتا رہے پس
صاف کرکے روغن اُٹھا لیوین اور ثفل کو ساتھ
ایک من تبریزی پانی کے اور چالیس متقال روغن
کنجد دوسری دفعہ جوش کرین یہانتک کہ پانی جاتا رہے
روغن رہجاوے پس روغن کو صاف کرکے پہلے
روغن مین ڈال کر اُٹھا رکھین اور وقت حاجت
کے ملین اور بعضے وقت فی اٹھارہ متقال روغن کے
ایک متقال مومیائی اگر حل کرین زیادہ نافع ہوگا او
بیچ اوجاع و امراض باردہ و رعشہ ولقوہ و فالج کے
اگر اٹھارہ متقال روغن مین جند بیدستر فرفیون ہر ایک
نصف متقال ملاکر ملین نہایت نافع ہوگا اور کبھی تیرہ
متقال چوب چینی تراش کر بدستور عرق کے ساتھ

تین من تبریزی پانی کے جوش کرین جب ایک ربع
رہجاوے ساتھ روغن گل سرخ یا زیت یا روغن بابونہ
کے یا تینون بقدر بیس متقال کے جوش کرین یہانتک
کہ پانی جلکر روغن رہجاوے اور اوجاع مفاصل و
درد کمر مین اور اوجاع کہ آتشک سے عارض ہوئے
ہون استعمال کرنا بہت نافع ہی اور بیچ اوجاع مفاصل گرم
کے برگ حنا دس متقال علحدہ ایک رات پانی مین
بھگوکر صبح کو جوش کرین یہانتک کہ روغن رہجاوے
اور وقت استعمال کے ہر پانچ متقال روغن مین مر
مصری حضض کی ہر ایک ایک متقال نرم کرکے ضماد
کرین کہ نہایت موثر و مفید پایا ہی اور بعض اوقات
مین آب سداب یا کرفس یا دونون آب چوب چینی مین
اور روغنون مین اضافہ کرکے اسقدر جوش دین کہ
پانی جلکر روغن باقی رہجائے اور بیچ اوجاع مفاصل
و اوجاع باردہ کے جب استعمال کیا نہایت نافع پایا
فائدہ۔ بیچ بیان منافع چوب چینی کے بطور اہل ہند
کے ابتدا مین کہا گیا کہ یہ دوا بیچ کتب قدیم اہل یونان
کے منضبط نہین ہوئی لیکن اہل ہند کی قدیم کتابون
مین منضبط و مرقوم ہی لہذا خواص اُسکے بھلوک سے
کہ کتاب قدیم طبیبون ہند کی ہی اور نکسین سے کہ طب
مشہور انکی ہی اور اُسمین بھلوک سے بھی روایت
پائی گئی مین مرقوم ہوئے اور انکی اصطلاح مین
نام اس دوا کا وپان انتراج ہی معنے اسکے یہ
ہین کہ ایک قسم ہرمچ سے کہ دوسرے ملک سے آتی ہی
اور بیچ انکی زبان مین درج ہی بالجملہ وہ لکھتے ہین

کہ وہ جڑ گلابی رنگ ہی مائل بہ خشکی اور واسطے درد مفاصل
کے کہ جس قسم سے ہو اور واسطے لڑکے کہ درمیان ہڈی
کے اور جھلی کے ہو اور واسطے اسی مرض بادی کے اور سیاہی
و لاغری بدن کے اور آتشک و جذام کے اور واسطے
جمیع قروح و علل چشم و جلد کے اور حتیٰ باو فساد خون و صفرا
و بلغم کے اور ہر مرض کے جو بسبب جماع کے پیدا ہوا
نافع ہی جوشاندہ اسکا بہت پرہیز و احتیاط چاہتا ہی بخلاف
سفوف کے اگر بطور سفوف کے کھاوین اسکی خوراک
بہت ایک تولہ ہی روغن گاؤ مین چرب کر کے کھاوین
فائدہ ـــ بیچ بیان عشبہ کے یہ لفظ مخفف عشبۃ النار ہی
بیچ لغت اندلسیی کے اُسکوطیان و یاسمن بری و یاسمن
سفید کہتے ہین اور یہ سوائے یاسمن بستانی کے ہی کہ اسکو
چنبیلی کہتے ہین اور جو اُسکے منافع پر پہلے اطلاع اہل مغرب
کو ہوئی ہی اور وہانسے اور اماکن مین شہرت پائی اسکو
عشبۂ مغربیہ کہتے ہین بالجملہ ایک نبات ہی مشابہ لبلاب کے
آلیسمین لپٹی ہوئی پھول اُسکا بہت خوشبودار ایک قسم
کی شاخون پر خار مشابہ خار گل سرخ کے اور پھول اُسکا
چنبیلی سے بہت چھوٹا اور جڑ اُسکی سیاہ و باریک و شعبہ دار
اور قوت اس جڑ کی بیس برس تک باقی رہتی ہی
چوتھے درجے مین گرم و خشک ہی اور تمام اجزا اُسکے
تیسرے درجے مین گرم و محلل و ملطف ہین کذا فی
تحفۃ المومنین اور نزدیک بعض لوگون کے یہ گرم و خشک
ہی دوسرے درجے مین سونگھنا اُسکے پھول کا واسطے
صداع و شقیقہ کے اور روغن اسکا واسطے علل باردہ
و ربو و سعال مزمن و فالج و لقوہ کے نافع اور جو عشبہ مغربی

قوی زیادہ ہو لہذا اس زمانے مین بینا اس قسم کا بطرایق
مخصوص مشہور رہا ہی اور یاسمن بری ان شہرون
کی اسی طرح اثر رکھتی ہی لیکن اس مرتبہ مین نہین ہی
اور جانین کہ اکثر امزجہ مین کہ چوب چینی نافع ہی عشبہ
بھی نفع کرتا ہی مگر بیچ علل و امزجۂ حارہ کے کہ چوب چینی
مفید ہی یہ دوا مضر ہی اور بیچ بعضے امزجہ کے فوائد
اسکے زیادہ ہین فوائد چوب چینی سے وہ بیماریان
مانند اوجاع مفاصل و نقرس بلغمی و ضعف معدے
رطوبی و فالج و استسقا و لقوہ و رعشہ کے ہین اور
جو مرض کہ مادۂ بارد سے ہون اور واسطے آتشک
و بواسیر ریحی کے جو غلبۂ رطوبت سے ہو سود مند
ہی بالجملہ جو عشبہ گرم و خشک ہی بیچ امراض بلغمی کے
بسبب ضد ہونے کے دونون کیفیت سے علاج
تام ہی لیکن بیچ سوداکے اگرچہ یبوست مین اُسکی
ضد نہین ہی لیکن اس اعتبار سے کہ یبوست و حرارت
ذاتی سے رطوبات فضلیہ کو تحلیل اور اخلاط غلیظہ
کو رقیق کرتا ہی اور اسی سبب سے بالعرض تقویت
حرارت عزیزی اور قوی طبیعی کو کرتا ہی اور رطوبات
صالحہ کثیرہ کو اس امر کے لیے لازم ہی تحصیل کرتا ہی علل
سوداکو بھی فائدہ دیتا ہی لیکن ساتھ امزجۂ و امراض
دموی و صفراوی کے ضرر کرتا ہی اسلیے کہ موجب
حدت صفرا و غلبۂ حرارت و احتراق خون ہوتا ہی
مگر یہ کہ تعدیل عشبہ کی ساتھ عرقہاے سرد کے
کرین کہ اس صورت مین دموی و صفراوی کو
بھی نافع ہوگا لیکن دستور فصد و تنقیہ کا اور منع

کرنا استعمال عشبہ کا بدون ضرورت کے اور پرہیز سوائے نمک کے اسی طرح سے ہی کہ بیچ چوب چینی کے لکھا گیا اور قانون استعمال اسکا بیچ دو طریق کے ہم بیان کرتے ہین۔

طریق پہلا۔ کہ بعنوان قہوہ کے کہ اطبا مین معمول و مشہور ہی یہ طریق تین نہج پر ہی ایک وہ کہ عشبہ خوب ساٹھ مثقال کہ ایک خوراک متعارف ہی لیکر بقدر جو کے ریزہ ریزہ کرکے ایک رات ساتھ گلاب و عرق بید مشک و پانی کے کہ ہر ایک ایک من تبریزی ہو بھگوئین اور صبح کو بیچ دیگ سنگین کے رکھکر ملائم آگ پر جوش کرین یہانتک کہ نصف رہے پس صاف کرکے شیشون مین رکھین اور بیچ مدت نو دن کے نبات سے شیرین کرکے نیمگرم پیین اور بعض لوگون نے بارہ دن تک کہا ہی اور جسوقت ہوا گرم ہو اور رکھنا اسکے جوشاندے کا اُس مدت تک کہ احتمال فساد کا ہو لہذا یہ امر مختار ہوا کہ ہر دن پانچ مثقال اس سے بقدر جو کے ریزہ ریزہ کرکے ساتھ گلاب و عرق بید مشک و پانی کے کہ ہر ایک نو مثقال ہو ایک رات بھگو کر بطریق چوب چینی کے جوش کرین یہانتک کہ سب پانی تہائی رہے پس صاف کرکے تین حصہ کرین صبح و شام ساتھ تھوڑی نبات کے نیمگرم کرکے پیین بارہ دن تک اسی طرح اور بعض لوگ زیادہ اس مدت سے تجویز کرتے ہین اور بعض لوگ مقدار تین دن کو ایک دفعہ جوش کرکے تین حصہ کرکے تین دن پیتے ہین اور صاحب تحفہ نے کہا کہ حقیر کو یہ مظنون ہی کہ یہ بھی موجب اُسکے فساد کا ہوتا ہی اور ہر دن جوش کرنے کو کہ تین دن تک بھگویا ہو بہتر جانتا ہون اور موافق قاعدہ کلیہ حکماے سلف کے ہی اور بیچ اکثر اغذیہ و اشربہ و پرہیز کے اور اجتناب اعراض نفسانی و حرکات شاقہ متعبہ و حمام واجب و غیر واجب سے مانند چوب چینی کے ہی مگر نمک مین کہ بیچ عشبہ کے تجویز کیا ہی اور بیچ مرض مزمن کے بخار دیگ سے لیکر تمام بدن یا عضو ماؤف کو پہونچانا بدستور چوب چینی کے نافع جانتے ہین اور قبل شروع کرنے تنقیہ اور فراغت کے چالیس دن تک پرہیز اس دوا مین واجب جانتین دوسرا وہ کہ عشبہ ڈیڑھ مثقال چاے خطائی ایک مثقال دار چینی نصف مثقال ساتھ ایک من شاہی پانی کے جوش کرین جب ربع رہے صاف کرکے بعد انحدار غذا کے معدے سے بقدر دو پیالہ کے نیمگرم کبھی ساتھ مصری کے کبھی بدون مصری کے پیین اور اس طریق مین ہرگز احتیاج پرہیز کی نہین جانتے اور حکماے مغرب سے منقول ہی تیسرا وہ کہ میرزا محمد ہاشم مرحوم نے لکھا اور منقول ہی اُسنے کہا کہ جو کچھ از روے قیاس و تجربہ کے فقیر پر ظاہر ہوا اس طرح ہے کہ چوب چینی مین کوئی دستور کلی نہین ہی بلکہ مقدار خوراک و مقدار شربت ہر دن کا اور پانی اور عرق اور مقدار جوش کرنے کا موافق حال امزجہ و امراض

کے ہر بیچ عشبہ کے بھی وہی ترتیب پائین اسیلیے کہ اگر مزاج قوی و مرض صعب ہو زیادہ دس دن سے دے سکتے ہین اور کبھی بیس دن اور چالیس دن سے زیادہ احتیاج ہوتی ہو اور پانچ چھ مثقال سے شروع کر کے بتدریج دس مثقال تک ختم کرتے ہین اور اگر مزاج ضعیف ہو دو مثقال شروع اور چار پانچ مثقال سے تجاوز نہین کرتے ہین اور کبھی سات آٹھ دن سے زیادہ ضرورت نہین ہوتی ہو اور کبھی زیادہ بارہ دن سے احتیاج نہین ہوتی ہر دن مقدار قلیل بتدریج اضافہ کرنا چاہیے اور بیچ مزاج متوسط کے بدستور بین بین اختیار رچاہیے اور جب حرارت غالب ہو اور دینا اس دوا کا ضرور پڑے ساتھ عرقہاے سرد کے پکانا چاہیے اور جسوقت تسخین بہت مطلوب ہو ساتھ عرقہاے گرم کے ملانا چاہیے اور واسطے امزجۂ سوداویہ کے گاؤزبان و عرق بادرنجبویہ و عرق شاہترہ بہت اچھا ہو اور بیچ مدت کھانے عشبہ کے اور بعد فراغت کے دو چلے تک بلکہ زیادہ اُس سے کہ بیچ چوب چینی کے مذکور ہوا پرہیز کرنا لازم ہو مگر نمک مین کہ اسمین دیتے ہین لیکن امزجۂ گرم مین کبھی واسطے حفظ قوت و اصلاح حال کے بعض غذا ئین اور ترشیان اور بقول دیے جاتے ہین چنانچہ چوب چینی مین کہا گیا اور درصورت شرب جوشاندۂ عشبہ کے اگر آب سرد نہ پیین بہتر ہو ورنہ بقلیل کافی ہو اور جسوقت آب عشبہ واسطے پینے کے کفایت نہ کرے بسبب کم ملنے عشبہ کے اُسکے ثفل کو جوش کر کے کام مین لاوین اور ثفل کے جوشاندے کے پینے مین شرط ہو کہ اُسکو بہت سرد نہ پیین اور اگر ساتھ گلاب کے ملا کر پیین بہتر ہو۔

طریق دوسرا۔ بیچ بیان استعمال اس دوا کے بطریق سفوف اور معجون کے اس صورت مین حاجت پرہیز کی بہت نہین ہو اور بیچ بعض امزجہ کے و علل کے یہ طریق نافع ہو جانین کہ جو کچھ بیچ باب سفوف چوب چینی کے بیان ہوا جسوقت بمقدار چوب کے عشبہ کو لیکر ساتھ اُنھین ادویہ کے موافق اوزان مقرر کے ترکیب کرین اور اُسی طرح میل کرین وہی منافع ظاہر ہونگے اور بعضے اوقات ہر دن ڈیڑھ مثقال عشبہ کوٹ کر چھان کر برابر اُسکے نبات اکیس دن تک یا زیادہ یا کم موافق حاجت اور ضرورت کے ساتھ ایک پیالہ گلاب کے دیا اور ترشیون و لبنیات و فواکہ تر اور آب سرد سے درمیان کھانے عشبہ کے اور بعد فراغت کے بارہ دن تک ملاحظہ فرمایا اثر تمام حاصل ہوا اور کبھی مقدار عشبہ کا ساتھ نصف اُسکے نبات کوٹ کر چھان کر تین دن پہلے مین ہر دن آدھا مثقال بیچ امزجۂ ضعیفہ کے اور دو مثقال بیچ امزجۂ متوسطہ کے اور اڈھائی

مثقال بیچ امزجہ قویہ کے پھر تین دن اور ڈھائی مثقال و تین مثقال و ساڑھے تین مثقال پھر تین دن اور ساڑھے تین مثقال سے چار مثقال تک ساتھ گلاب کے نو دن تک دیا ہی ساتھ پرہیز کے نفع خوب حاصل ہوا لیکن معجون عشبہ کی کہ بیچ امراض باردہ بلغمیہ کے اور اوجاع کے اور ضعف معدہ و ہاضمہ و قلت اشتہا کے جو بسبب رطوبت کے ہو مجرب جانتے ہین یہ ہی سلیخہ دارچینی ہر ایک پانچ مثقال زنجبیل قرنفل ہیل قاقلہ کبابہ زعفران ہر ایک تین مثقال عشبہ پچاس مثقال کوٹ کر چھان کر ساتھ عسل مقوم کے کہ دو سو مثقال ہو معجون بناوین صبح و شام ساتھ گلاب کے تناول کرین مقدار شربت موافق حاجت و قوت مزاج کے دو مثقال سے چار مثقال تک اور طبیب دانا موافق حال کے جسطرح کہ مناسب جانے ترکیب دیوے مختار ہی۔

فائدہ - بیچ بیان معرفت فادزہر کے اور اسکے فوائد کے اور طریق آزمائش اور طریق تناول کرنے کے اس فائدہ کو بیچ چار ایماء کے ہم بیان کرینگے۔

ایماء پہلا - بیچ بیان معنی لفظ فادزہر کے اور اسکی معرفت کے جاننا چاہئے کہ اطبا فادزہر کو بولتے ہین اوپر ہر دوا کے ذوالخاصیت کے کہ مدد دیوے طبیعت کو اوپر دفع کرنے مضرت سموم کے اور مقابلہ کرے ساتھ اُن چیزون کے کہ جو مزاج انسان کے مخالف ہین خواہ سم گرم ہو خواہ بارد اور یہ تاثیر بالخاصیت قدرت و حکمت بالغہ حکیم مطلق سے ہی جل جلالہ جان لو کہ اقسام فادزہر کے بہت ہین لیکن مشہور و نافع زیادہ سب اقسام اُسکے سے نزدیک اکثر لوگون کے حجر التیس ہی اور بیچ اصطلاح کے اکثر اطبا اطلاق لفظ فادزہر کا اوپر حجر التیس کے کرتے ہین کذا فی المعصومی اور بیچ بحر الجواہر کے کہا ہی نقلاً عن المنہاج کہ لفظ فادزہر کا اگرچہ عام ہی واسطے ہر دوا دافع ضرر سم کے لیکن اسکو خاص کرتے ہین ساتھ حجر الحیہ کے اور بیچ اختیارات بدیعی کے لکھا ہی کہ فادزہر کہتے ہین ہر دوا کو جو حافظ روح کی ہو اور سم کو دفع کرے خاصیت سے اور جو مخصوص ہی وہ حجر التیس و حجر الحیہ ہین اور صاحب تحفۃ المومنین نے کہا کہ مراد مطلق فادزہر سے فادزہر معدنی ہی اور مؤلف اختیارات نے بیچ حجر التیس و حجر الحیہ کے منحصر کیا ہی اور یہ خلاف جمہور کے ہی انتہی بالجملہ دعوے صاحب تحفہ کا بھی کوئی دلیل نہین رکھتا ہی اور حق یہ ہی کہ لفظ فادزہر کے بیچ کلام اس قوم کے من حیث الخصوصیت مختلف الاستعمال آتی ہی چنانچہ اشعار کیا گیا اور معلوم کرین کہ بعد تریاق فاروق کے کوئی مرکب کوئی مفرد بیچ دفع کرنے ضرر سموم کے اور ادویہ سمیہ کے مانند حجر التیس کے نہین ہی اور بہترین انواع مین وہ ہی کہ حدود فارس و کوہستان ولایت شبانکارہ سے کہ متصل ملک شیراز کے ہی لاتے ہین اور وجہ امتیازی ہی کہ بیچ کوہستان فارس کے حشائش تریاقی بہت ہین اور چرائی تیس کی کہ یہ پتھر اسی سے نکلتا ہی اکثر گیاہ مخلصہ سے

کہ اُس زمین مین بافراط پیدا ہوتی ہی اور حجر التیس
بصورت پتھر کے ہی ہیکلی شکل اور املس کہ بیچ خیروان
اور رودہ بزکوہی کے پایا جاتا ہی علی الاصح اور ایک روایت
مین آیا ہی کہ پیدائش اُسکی دل یا مرارہ یا گردن تیس مین ہی
اور وہ اکثر لانبا مانند بلوط کے ہوتا ہی اور اُسکے جوف
مین لکڑی مخلصہ کی ہوتی ہی اور جو دور ہوا اُسکے جوف مین
تخم مخلصہ پایا جاتا ہی اور خاصہ اس پتھر کا یہ ہی کہ جب ساتھ
سرکہ کے پیسین مائل بسرخی ہو اور اُسکے نوع ہندی مین
سیاہی بہت غالب اور سبزی کے اور اُسکے جوف مین
تخم اور لکڑیان پائی جاتی ہین اور خواص مین بہت ضعیف
قسم نتبار نکارہ شیرازی سے ہوتا ہی اور بہتر حجر التیس وہ
ہی کہ رنگ اُسکا زیتونی اور نہایت شفاف و براق ہو
اور تہ بہ تہ طبقے آپسمین لپٹے ہوئے مانند پیاز کے اور ایک
چھوٹی لکڑی درمیان مین ہو اور اگر دودھ کے ساتھ
پیسین رنگ دودھ کا سبز ہو جاوے اور اگر تھوڑا
چونا کفدست مین ملین زرد یا سبز ہو جاوے اور
بیچ مصر و شام و دیگر ولایات کے عملی بناتے ہین
شفاف و خوش رنگ و ہیکلی اُس طرح کہ دانا لوگ
شک مین پڑتے ہین اور خوب نہین پہچانتے فرق
درمیان عملی و غیر عملی کے یہ ہی کہ سوزن فولاد کی
آگ مین لال کرکے اُسمین گڑو دین اگر مصنوعی
نوک سوزن کی آسانی سے گھس جاویگی اور دھوان
سیاہ اُس سے نکلے گا اور اگر خالص ہوگا دھوان
زرد نکلے گا اور نوک سوزن کی مشکل سے اُسمین
گھسے گی اور سوزن زرد ہو جاویگی اور کہتے ہین

کہ فادزہر خوب وہ ہی کہ اگر دھوپ مین رکھین پسینا
نکلے لیکن ایسا نہین دیکھا گیا صاحب معصومی نے
اُس علامت کو بیچ حجر التیس کے لکھا ہی اور ابن
بیطار بیچ فادزہر معدنی کے اور طریق امتحان
حجر التیس کے ایسا لکھتا ہی کہ ساتھ پانی سونف
کے گھسکر اوپر کاٹنے سانپ و بچھو کے طلا کرین
اگر اسی وقت درد ساکن ہو بیشک اچھا ہی اور
صاحب کناش بقراطی کناش مین لایا ہی کہ زنبور
گزیدہ کو مین نے دیکھا کہ موضع نیش زنبور کا ورم
کر گیا تھا اور درد سے چین نہین رکھتا تھا تھوڑا اُس
سے ساتھ پانی کے گھسکر محل نیش پر طلا کیا درد و
ورم دور ہو کر رنگ بدن کا بحالت اصلی عود کر آیا
اور یہ بھی اسی نے لکھا کہ ایک شخص کو سانپ نے کاٹا
تھا اور تریاق فاروق حاضر نہ تھا ایک قیراط حجر التیس
کو بیچ شراب کے حل کرکے دیا اُسنے خلاصی پائی اور
ایک نوع فادزہر سے ہی کہ بیچ جزائر بحر ہند و چین کے
پایا جاتا ہی اور رودہ سے بندر کے نکالتے ہین رنگ اُسکا
مائل بزردی اور شکل مین ہیکلی اور مائل بدرازی و باریکی
اور بادشاہان چین و ماچین بقیمت تمام مول لیکر اپنے
خزانے مین باحتیاط رکھتے ہین اور اُنکے اعتقاد مین خاصیت
اُس پتھر کی زیادہ ہی خاصیت فادزہر فارسی سے اور ایک
قسم ہی فادزہر ہندی سے کہ جانوران جنگلی کے پیٹ سے نکالتے
ہین اور یہ قسم بیچ منافع کے قریب بحجر التیس ہی اور اُسکو
حجر التیس سے فرق نہین کر سکتے مگر امتحان سے کہ مذکور ہوا
اور ایک قسم ہی فادزہر سے کہ بارہ سنگے سے نکالتے ہین

اسکا نام حجر الابل ہی اور یہی قریب الاثر حجر التیس کے ہی اور ابن جمیع کہتا ہی کہ یہ بہترین فادزہرون مین ہی اور موافق جمیع امزجہ کے ہی بالخاصیت اور جو تین دن ہر دن نصف دانگ اُس سے پیوین کوئی زہر تا مدت حیات اثر نہ کرے اور بیچ تمام افعال کے مانند فادزہر معدنی کے ہی اور ایک نوع ہی فادزہر سے کہ اُسکو حجر الحیہ کہتے ہین اور پارسی مین مہرۂ مار اور وہ دو قسم ہوتا ہی ایک قسم حیوانی ہی اور سانپ سے نکالا جاتا ہی بقدر نصف فندق کے مائل بدرازی برنگ خاکستر اور بعض سیاہ و سخت و مخلط مین خط سفید سے اور بعض سفید و نرم ہوتا ہی اور ایک قسم معدنی ہی اُسکو بادمہر کہتے ہین اور ایک قوم کا یہ اعتقاد ہی کہ زبرجد معدن سے ملتا ہی اور ایک جماعت کہتے ہین کہ وہ زبرجد ہی اور بہترین اُسکا وہ ہی کہ جو اوپر مقام کاٹنے سانپ کے لگاوین اُس جگہ چسپیدہ ہوجاوے اور بعد اُسکے جب دودھ مین ڈالین دودھ کو بستہ کرے زہر کو بالکل جذب کرلیتا ہی چھوٹ کر گر پڑتا ہی پھر نہین چپکتا ہی اور وقت جذب کرنے زہر کے رنگ اُسکا بدلتا ہی بعد اُسکے دودھ مین ڈالین اپنی حالت اصلی پر عود کرتا ہی اور واسطے کاٹنے بچھو و ہوام کے ضعیف الفعل ہی لیکن واسطے رفع کرنے سنگ مثانہ کے نہایت نفع کرتا ہی مقدار شربت اُسکا تین قیراط تک ہی اور تعلیق قسم مخلط کی واسطے صداع و لیترغش کے مفید ہی اور ایک نوع ہی سبز و گول کہ جنگلون ولایت گولکنڈہ و تلنگانہ مین روہ بیل و بھینس جنگلی سے نکالتے ہین اور شکل مین گول اور چوڑا اور وزن مین پانچ مثقال سے پندرہ مثقال تک دیکھا گیا ہی اور کم قیمت و کم اعتبار اور افراط سے ملتا ہی اور اُسکے درمیان سے دانۂ تمر ہندی یا گچلا نکلتا ہی اور اُسکے کھانے سے کوئی خاصیت متصور نہین ہی اور فادزہر معدنی کو کہ اسوقت رائج و متعارف ہی اور بہت اقسام کا ہوتا ہی بیچ آخر اس فائدہ کے ہم علیحدہ ذکر کرینگے

ایماد و سرا- بیچ بیان فوائد و خاصیت حجر التیس کے

کہا گیا کہ بیچ معالجہ ادویۂ سمیہ اور سب زہرون کے اور کاٹنے حشرات زہر دار کے کوئی چیز حجر التیس فارس کو نہین پہونچتی ہی اور وہ مقوی حرارت غریزی و حواس و حافظ قوتی و مفرح و مطرب و مزیل غم ہی اور اسکے خواص سے یہ ہی کہ اگر حجر التیس آزمودہ کو اوپر مقام کاٹنے سانپ کے رکھین اُس جگہ چپک جاوے جب تک بالکل زہر نہ کھینچے جدا نہوگا اور اگر کسی کو زہر کھلایا ہو اُسی وقت وہ شخص اسکو مُنھ مین رکھے نفع تمام حاصل ہو اور اگر کسی عدد فادزہر آزمودہ چینی کے پیالے مین رکھین اور اوپر اُسکے دودھ ڈالین اور ایک ساعت توقف کرین کہ قوت و کیفیت اُسکی دودھ مین آجاوے پس از ان دودھ مسموم کو پلاوین دودھ قے سے نکل آویگا اور ضرر زہر سے ایمن ہوگا اور اگر اُس شخص کو جو بسبب غم کے دل اُسکا ضعیف ہوگیا ہو دین نافع ہو اور اگر بیچ اول تحویل آفتاب کے بیج حمل مین مقدار چار قیراط کے اُس سے گھسکر ساتھ

گلاب کے پیوین ایک سال تک قوت اور قدرت اپنے مین مشاہدہ کرے اور اگر بیچ سن کہولت کے ہر سال اول فصل ربیع مین یا اول فصل خریف مین پینا فادزہر کا عادت کرے اور ممنوعات سے پرہیز کرے تمام عمر ساتھ قوت وفرحت کے گذرے حکیم عمادالدین محمود نے اپنے رسالے مین نقل کیا ہو کہ اکثر آدمیون کو کہ واسطے ضعف پیری کے اور محافظت حرارت کے کھلایا مین نے گویا قوت جوانی نے انہین عود کیا اور سرخ و فربہ ساتھ طراوت کے ہوئے اور اکثر علل مزمنہ عسر البرء زائل ہوئے اور جانین کہ مجر النیس آخر دوسرے درجے مین گرم اور اول تیسرے درجے مین خشک ہی لہذا محرور المزاج کو نہایت مضر و محرق خون اور مورث التہاب و اسہال دموی اور محلل اورام باردہ ہی اور ساتھ کشنیز کے واسطے اورام حارہ کے نافع ہی اور رطلا کرنا اُسکا ساتھ گلاب کے واسطے طاعون و فنتوق و بواسیر کے اور ساتھ شراب واکیلا بھی واسطے کاٹنے ہوام کے مفید ہی اور ساتھ آب ریحان کے واسطے کاٹنے زنبور کے مجرب ہی اور مقدار شربت اُسکا ایک قیراط سے بارہ قیراط تک ہی کذا فی تحفہ۔

ایما تیسرا۔ بیچ کیفیت تناول مجر النیس کے اور شرائط اُسکے کے جانین کہ لازم کرنا سات شرط کا اوپر کہانے والے اس دواے جلیل القدر کثیر النفع عزیز الوجود کے واجب ہی شرط پہلی یہ کہ سن کہولت یا شیخوخت ہو شرط دوسری حرارت مزاج غالب نہو شرط تیسری تناول اُسکا فصل گرماے گرم مین اور سرماے سرد مین نہو شرط چوتھی قبل شروع کرنے کے اُسکے تناول مین تنقیہ بدن کا اخلاط فاسدہ سے لازم جانین شرط پانچوین حموضات ولبنیات و بقول و اطعمۂ غلیظہ و جماع و مفسدات معدہ و حرکات عنیفہ و اعراض متعبہ سے پرہیز واقعی کرین اور اقل ایام پرہیز کا قبل از شروع دس دن اور بعد فراغت کے بیس دن ہین شرط چھٹی تناول کے بعد بدن کو ساتھ لباس نرم و نازک پاکیزہ کے مزین و معطر رکھین اور خوشوقت رہین اور ساتھ مصاحبان خوش تقریر کے اور حریفان نیک خصلت کے باغون مین اور عمارات دل کشا باستماع راگ فرحت افزا کے گذرانین اور اطعمۂ لطیفہ پر میل کرین ورنہ بہرحال بقدر امکان کے آسائش و آرام مین کوشش کرین شرط ساتوین پہلے مرتبہ اور پہلے سال کہ ارادہ اُسکے کھانے کا کرین چار قیراط سے زیادہ نہ کھاوین پس دوسرے سال تھوڑا زیادہ کرین والا فلا لیکن طریق کھانے مجر النیس کا یہ ہی کہ بعد تنقیہ کے اور رعایت کرنے شروط کے مقدار چار قیراط اور سنگ سماق کے خوب پیسین یہانتک کہ اجزاے خشن اُسمین نہ رہین پس پتھر سے اُٹھا کر چینی کے پیالے مین رکھین اور گلاب اُسمین ملا دین بعد اُسکے قلم مین رکھکر حلق مین ڈالین تو دانتون مین نہ لگے اور تھوڑا شربت نبات و گلاب کا پیچھے

اُسکے پیئین اور اوپر فرش نرم کے اس پہلو سے دوسرے پہلو کی طرف لوٹین اور تھوڑی مشی کرین قریب دو ساعت کے بعد اُسکے غذا کھائین اور بعض آدمی مقدار چھ قیراط کے تین دن مین ہر دن دو قیراط اسی دستور سے گلاب مین ملاکر لپیٹ کر حلق مین ڈالتے ہین اسطرح سے کہ دانتون کو نہ پہونچے یا گولی بناکر نگلتے ہین حکیم عماد الدین محمود بیچ رسالہ کے رسائل مؤلفہ اپنے سے کہتا ہے کہ جو حکمائے ہندین نے بیچ کھانے حجر التیس کے اشارہ کامل نہین کیا اور ہر ایک نے اپنی طرف سے اُسکے کھانے مین اجتہاد کیا اور اکثر لوگ اُس سے متضرر ہوے اسی سبب سے یہ ترکیب خاطر خواہ اس فقیر کے ہوئی اور جس شخص کو اس ترکیب سے دیا نفع تمام پایا اور ہرگز کچھ ضرر واقع نہوا اور وہ ترکیب یہ ہے حجر التیس آزمودہ چھ قیراط مروارید ناسفتہ یاقوت رمانی لعل بدخشان حجر یشب ہر ایک تین قیراط ہر ایک کو جدا جدا اوپر پتھر سماق کے خوب پیسین اسقدر کہ اجزائے خشن اُسمین محسوس نہون بعد اُسکے مومیائی کانی اور عنبر اشہب زعفران و ورق طلا ہر ایک دو قیراط مشک خالص ایک قیراط مجموع کو نرم کوٹ کر ساتھ شیرۂ نبات کے بدستور معمول تمام معاجین کے آپس مین ملادین تو خوب ملجاوین بعد اُسکے گولیان بناکر تین حصہ کرین اور تین دن متواتر ہر دن ایک حصہ کو نگلین اور ایک پیالہ گلاب غیر گرم پیچھے اُسکے پیئین اور تھوڑی راہ چلین بعد اُسکے شربت و گلاب کا میل کرین اور آرام سے رہین یہانتک کہ اشتہائے صادق حاصل ہو پس طعامہائے لطیف کھاوین۔

طریق دیگر۔ فادزہر اعلی آزمودہ ایک درم یاقوت رمانی لعل بدخشانی مروارید فیروزہ نیشاپوری ہر ایک نصف درم مشک خالص ورق طلا ورق نقرہ زعفران جدوار آزمودہ مومیائی کانی ہر ایک دو دانگ اجزا کو علیحدہ علیحدہ جیسی رسم ہے پیسین اور بعد پیسنے کے ہر ایک کو وزن کرکے اور خوب ملاکر پیسین اور ساتھ شیرۂ نبات مقوم کے گھولین اور گولیان بناوین ہر ایک گولی مقدار ایک نخود کے اور سب کے نو حصے کرین مدت نو دن مین ہر دن ایک حصہ ساتھ گلاب و نبات کے نگلین اور شروط مذکورہ پرہیز کی عمل مین لاوین یہانتک کہ مقصود حاصل ہو اور سعی و رنج ضائع نہو جان تو یہ سب کہ لکھا گیا قرابادین معصومی سے ہے اور تحفۃ المومنین مین بیچ بیان دستورات کے ایسا لکھا گیا کہ حجر التیس ایک دانگ مروارید طباشیر ہر ایک نصف مثقال نخود قماری دو دانگ صندل سرخ و سفید ہر ایک چار دانگ مصطگی ایک دانگ عنبر اشہب مشک ہر ایک نیم دانگ ورق طلا ورق نقرہ بیس عدد ساتھ شیرۂ نبات کے ملاکر گولیان بناوین اور تین حصہ کرکے تین دن پیئین اور تھوڑا شربت نبات و بیدمشک کا پیئین اور چاہیے کہ پہلے سال مقدار فادزہر کا زیادہ دانگ سے نہو اور ہر سال تھوڑا اضافہ کرین یہانتک کہ مقدار اُسکا ایک مثقال

وڈیڑھ مثقال تک پہونچے اور دو مثقال تک بھی جائز رکھا ہی اور ہر سال بقدر نیم دانگ کے اور مرطوب المزاج مین ایک دانگ زیادہ کرین اور قبل چالیس برس کے ہرگز استعمال نہ کرین بلکہ قبل پچپن و ساٹھ برس کے بھی اور دو دن پہلے اور ایک ہفتہ پیچھے پرہیز اُن چیزون سے کہ مذکور ہوا ہی واجب جانین اور سب شرطین وہی ہین کہ اوپر بیان ہوئین اور بھی اُسنے کہا کہ میرے نزدیک ادنی یہ ہی کہ فادزہر کو ساتھ معاجین مناسبہ کے ترکیب دیکر کبھی کبھی بقدر حاجت تناول کرین اور بہت مقدار دفعہ واحد کھانا باعث احتراق ہوجانیکا جانین۔

ایما چوتھا — بیچ فادزہر معدنی کے اُسکو عربی مین حجر السم کہتے ہین اور صاحب تحفۃ المومنین نے اپنے اختیارات مین کہا ہی کہ فادزہر مطلق سے اطبا یہی مراد رکھتے ہین اور اُسکے غیر کو فادزہر حیوانی کہتے ہین اور ایماے اول مین یہ فائدہ مع بیان اختلافات استعمال فادزہر کا مشروحاً گذرا اور ابن تلمیذ مغنی مین کہتا ہی کہ معدن اسکا بموجب راے ارسطو وغیرہ کے اقاصی ہند اور اداائل چین ہی اور پانچ قسم ہوتا ہی سفید زرد سبز غیر منقط اور رازی نے بیچ طب ملوکی کے بیان کیا ہی کہ درمیان زردی و سفیدی کے اور رنگ و سمہ کے مشاہدہ کیا اور واسطے رفع کرنے حزبیش کے تجربہ کیا اور ابن مندویہ کہتا ہی کہ زرد مائل بسبزی و سفیدی ہی اور بیچ بحث کے مسطور ہی کہ کان اُسکی کرمان و کوہ زرند ہین اور تین قسم ہوتا ہی سبز نیم رنگ زرد مائل بسفیدی اور مائل بسرخی اور کچھ اُسکے ساتھ ہوتا ہی کہ آگ مین نہین جلتا اُسکو محاط الشیطان کہتے ہین اور بعض نے سبز تیرہ و زرد مائل بسیاہی اور زرد کاہی بھی مشاہدہ کیا ہی اور کہتے ہین کہ امتحان اُسکا یہ ہی کہ ہلدی کو پیسین بعد اسکے فادزہر کو اگر رنگ ہلدی کا سرخ ہوجاوے خوب ہی والا فلا اور کہتے ہین کہ علامت اسکی خوبی کی یہ ہی کہ دھوپ مین پسینا نکلے اور جب پیسکر اوپر جگہ کاٹنے افعی وغیرہ کے چھڑکین زہر کو بطریق رشح کے دفع کرے اور جو مقدار دو جو پانی مین پیسکر بیچ حلق سانپ وافعی کے ڈالین مار ڈالے یا [illegible] بیش وغیرہ کھلاکر فادزہر دین اگر خلاصی پاوے خوب ہی اور حقیر اس امتحان کو بہتر جانتا ہی اور بیچ حرارت کے معتدل اور آخر درجے دوسرے مین خشک اور بارد جو تک مقابلہ کرنیوالا سب سموم حیوانی و نباتی و معدنی کا ہی اور مداومت اسکی ہر دن بقدر ایک قیراط کے حافظ صحت و مانع ضرر ہواے وبائی کی اور ضرر اختلافات میاہ و اہویہ کی ہی اور نگاہ رکھنا اُسکا اپنے پاس مانع کاٹنے ہوام کا ہی اور جمیع امزجہ سے موافق اور مقوی جمیع امزجہ و اعضاے رئیسہ ہی اور حافظ حرارت و رطوبت غریزی اور مانع تعفن اخلاط اور [illegible] کرنے والا سمیت اخلاط کا اور بھی اُنہ مقوی اعصاب و قوی و مفاصل کا اور محلل ورادع اورام باردہ و حارہ کا ہی اور واسطے خفقان کے نہایت مجرب ہی اور قدر شربت اُسکا بیچ رفع کرنے سموم کے تین نخود سے دو دانگ تک اور بیچ تمام خواص کے ایک قیراط سے ایک دانگ تک ہی اور کہتے ہین کہ پینا نیم دانگ عرق اُسکا گرمی دھوپ سے نکلتا ہی واسطے

خفقان کے فی الفور مجرب ہی لیکن ایسا فادزہر کہ عرق آفتاب سے ظاہر ہووے کمتر ملتا ہی اور نادر ہی اور ایک صدیق صادق القول نے اس درویش سے نقل کیا کہ مین مرض مالیخولیا مراقی مدت سے رکھتا تھا اور بہت برس گذر گئے تھے اور اچھا نہین ہوتا تھا اور بہت فصدین اور بار ہا مسہل عمل مین لایا اور ماءالجبن بدفعات پیا آخر کو ایک عزیز نے ظاہر کیا کہ مین بھی یہی حال رکھتا تھا فادزہر معدنی [illegible] سے ایک ہفتہ مین اثر و نفع ظاہر ہوا اور ایک چلّے مین بالکل دور ہوا پس مین بھی عمل مین لایا اور ایک رات دن قریب ایک درم کے بدفعات کھاتا تھا آخر بالکل ظاہر ہوا اور مرض زائل ہوگیا بحکم خدا تعالے اور اس درویش نے بھی بیچ اکثر بیماریون کے واسطے [illegible] فادزہر کے امر کیا اور نافع پایا اور بیچ علل مزمنہ کے بعد تنقیہ کامل کے اثر کلی رکھتا ہی اور بھی امراض سرد مین نفع کرتا ہی اور بھی امراض حارہ مین سبحان ربک رب العزۃ عما یصفون وسلام علے المرسلین والحمد للہ رب العالمین فقط

قطعۂ تاریخ طبع اس نسخہ کامل منشی بھگوان دیال صاحب عاقل ایجنٹ مطبع کانپور

	چھپ کر اب مقبول ہوا	طب مین کیا اچھا نسخہ	
	موزون نسخہ حکمت کا	ہجری سن عاقل لکھو	

تمت

خاتمۃ الطبع از جانب کارپردازان مطبع

حکیم مطلق و شافی برحق کے فضل سے ان دنون نسخہ کیمیاے عناصری ترجمہ قرابادین قادری کہ جسکو جناب مولوی حکیم محمد نور کریم مرحوم و مغفور نے قرابادین قادری مؤلفہ حکیم محمد ارزانی مرحوم سے حسب الحکم مالک مطبع اودھ اخبار ترجمہ کیا تھا فی الحال بسبب کمیابی کتاب مذکور و شوق خریداران و شائقان علم طب کے ضرورت طبع ہوئی چنانچہ بہ تصحیح کامل بارنہم مطبع نامی منشی نولکشور واقع لکھنؤ مین بعالی ہمتی جناب منشی پراگ نرائن صاحب دام اقبالہ مالک مطبع موصوف بماہ جولائی ۱۸۹۹ء مطابق ماہ ربیع الاول ۱۳۱۷ھ چھپ کر تیار ہوا

اطلاع

حق ترجمہ اس کتاب کا بحق نولکشور پریس محفوظ ہی کوئی صاحب اسکے طبع فرمانے کے مجاز نہین ہین فقط

جوارش زرشک۔ اسہال وضعف معدہ وامعا کو نافع ہی
زرشک سماق منقی یعنے دانہ سے پاک کیا ہوا حب الآس
پست نبق نانخواہ زنجبیل تخم خیار ہرایک چھ درم
طباشیر کہربا مصطگی ہرایک تین درم خرفہ پانچ درم
لبسہ مروارید ناسفتہ ہرایک دو درم بارتنگ سات
درم کوٹکر چھانکر رب سفرجل یا آب حماض مین بنادین
مقدار خوراک تین درم تک۔

دیگر۔ کہ اسہال کو روکے حمی وغیر حمی مین دے سکتے
ہین زرشک عنب پست سیب ہرایک دس درم
گل سرخ حب الآس ہرایک چھ درم طباشیر کہربا دقیق
الخبز فوفل ہرایک چار درم تخم حماض بریان سات
درم سماق آٹھ درم شاہ بلوط زعفران نیلوفر ہرایک
پانچ درم حب الرمان پندرہ درم کافور تین درم کوٹ کر
چھانکر رب اترج یا رب سیب مین بنادین اور اسکو
جوارش بارد بھی کہتے ہین۔

فایدہ۔ جو مقوی معدہ ہی مقوی امعا ہی اور بیچ ادویۂ
معدے کے جوارشات مقوی شرعاً مذکور ہوئے ہین بیان
جو مسہل یا قابض ہین لکھی گئین۔

حرف الحاء

حب شہیار۔ امعا کو مواد شربہ سے جو اُسکے جرم
مین ہی پاک کرے اور درد کو دور کرے اور یہ بیچ
ادویۂ سیر کے مذکور ہی۔

حب قرص الورد۔ واسطے تنقیۂ بلغم کے اور تحلیل
ریح کے اور تسکین درد امعا کے نافع ہی۔

حب مصطگی۔ بدستور۔

حب الحالیق وحب قیصر۔ واسطے
تنقیہ امعا کے۔

حب مقل۔ واسطے درد امعا کے مفید ہین اور یہ بیچ
حب بیچ ادویہ معدے کے مذکور ہین اور حب مقل
ادویہ بواسیر مین ہی آئیگی۔

حب سکبینج۔ قولنج کھولے اور ریاح غلیظ کو دفع
کرے سکبینج شحم حنظل ہرایک دس درم سقمونیا تین درم
ساتھ آب سداب کے حب بناوین مقدار خوراک
ایک درم۔

حب الملوک۔ نافع ہی اُس شخص کو کہ مسہلات
بدمزہ سے کراہیت رکھتا ہو اور مسہل کو قی کرتا ہو
تربد ایک درم وچہار دانگ غاریقون چار دانگ
پوست ہلیلہ زرد مصطگی ہلیلہ سیاہ ہرایک ڈیڑھ
دانگ افتیمون نصف درم گاؤزبان طباشیر تخم کشک
باورنجبویہ سقمونیا زعفران گل سرخ ہرایک ایک
دانگ کوٹ کر چھانکر گلاب مین گولیان بناوین
یہ ایک خوراک ہی۔

نوع دیگر۔ قولنج کھولے اور ریاح غلیظہ کو دفع کرے
صبر سقوطری پانچ درم تربد دس درم پوست ہلیلہ
زرد پوست ہلیلہ کابلی ہرایک تین درم نمک ہندی
دو درم مصطگی زعفران ساذج ہندی قسط سلیخہ ریوند
سنبل زنجبیل انیسون تخم کرفس قرنفل دارچینی فلفل
خبر بوا کتیرا قاقلہ ہرایک نصف درم سقمونیا دو مثقال
مشک ایک دانگ کوٹکر چھانکر گلاب مین گولیان
بناوین مقدار خوراک تین درم۔

حب تالیف اسرائیل طبیب سلیمان بن عبد اللہ کی واسطے قولنج کے عجیب الاثر ہی شبرم سکبینج ہر ایک ایک جزو انزروت شحم حنظل ہر ایک نصف جزو سقمونیا ثلث جزو کوٹ کر چھانکر ساتھ ریشمی کپڑے کے شہد مصفا مین بقدر نخود کلان کے گولیان بناوین مقدار خوراک پانچ حب کہ پانچ دست لاتی ہی۔

حب قرطم۔ کہ شکم کو نرم کرے لب قرطم مغز بادام دونون وزن مین برابر کوٹ کر چھان کر شہد مین گولیان بناوین مقدار خوراک چار مثقال۔

حب فیقرا۔ کہ شروع قولنج کو نافع ہی ایارج فیقرا ایک جزو سکبینج نصف جزو گولیان بناوین مقدار خوراک ایک مثقال سے دو درم تک یہ دوا درد قولنج کو ایک ساعت مین دور کرتی ہی اور بعد ایک ساعت کے دست لاتی ہی۔

حب بنفشہ۔ صفرا اور رطوبت غلیظ کو نکالے اور سرفہ کو فایدہ کرے بنفشہ ایک مثقال غاریقون دو ثلث مثقال سقمونیا ثمن مثقال کتیرا مصطگی رب السوس ہر ایک ایک دانگ یہ خوراک کامل ہی۔

حب تربد۔ بلغم کو اسہال سے نکالے بدون تکلیف کے تربد فیقرا ہر ایک ڈیڑھ درم شحم حنظل کتیرا ہر ایک ایک دانگ کوٹکر چھان کر پانی مین حب بناوین۔

حب حنظل۔ کہ قوی الاثر ہی بیچ کھولنے قولنج کے اور جسوقت ساتھ قولنج کے غشی شدید ہووے سکتے ہین شحم حنظل تین درم و ثلث ملح اندرانی دو درم سکبینج شبرم ہر ایک چار درم گولیان بناوین اور یہ سب

دس خوراک ہین۔

حب زنجبیل۔ قبل از غذا و بعد از غذا کھاوین طعام تو معدے مین بٹھاتا ہی اور تخمہ کو زایل اور شکم کو روان کرتا ہی زنجبیل قرنفل فلفل دار فلفل سک نانخواہ شبرم قند سفید جملہ برابر کوٹ کر چھانکر حب بناوین بعدہ خوراک نصف درم اس مقدار سے دو دست سے پانچ دست تک آتے ہین موافق مزاج کے۔

حب افادیہ۔ کہ اسکو حب نارمشک بھی کہتے ہین مغص کو جو خلط غلیظ و لزج سے حادث ہو نفع کرے اور طبع کو آسانی سے روان کرے اور نفخ کو تحلیل کرے اور اشتہا لگاوے اور طعام کو ہضم کرے اور ڈکار لاوے اور معدے کو قوت دیوے اور قولنج کھولے اور واسطے درد معدے کے جو قبض سے ہو نہایت مجرب ہی مصطگی قرنفل زنجبیل دارچینی فلفل دار فلفل نارمشک ہر ایک سدس مثقال سقمونیا و قند ہر ایک ایک مثقال اور سدس بقدر نخود کے گولیان بناوین ایک حب ایک دست لاتی ہی اور مختار ہین کہ پیش از غذا کھاوین یا بعد اسکے اور اگر نصف مثقال دین قولنج کھولے اور بیچ نسخہ نجیب الدین کے جملہ برابر ہین اور شکر بچند سب اجزا کے۔

حب ریوند۔ بیچ تسکین درد قولنج بلغمی کے عجیب ہی ریوند مغز بادام شیرین پوست ہلیلہ زرد ہر ایک ایک درم انزروت نصف درم زعفران ربع درم کوٹ کر چھانکر گولیان بناوین اور بقدر قوت کے دین۔

حب سکبینج۔ وجع معدہ و امعا کو نافع ہی اور نفخ